00043936

398.21
Hafl Khi
43936

Digitized with financial assistance from

Hemendra Kothari

on 06 November, 2019

BOMBAY BRANCH

OF THE

Royal Asiatic Society.

KHIRAD-AFROZ

(THE ILLUMINATOR OF THE UNDERSTANDING),

BY MAULAVÍ HAFÍZU'D-DÍN.

A NEW EDITION OF THE HINDÚSTÁNÍ TEXT,

CAREFULLY REVISED,

WITH NOTES, CRITICAL AND EXPLANATORY:

43936

BY

EDWARD B. EASTWICK, F.R.S. F.S.A. M.R.A.S.

PROFESSOR OF HINDÚSTÁNÍ AT THE LATE EAST INDIA COMPANY'S COLLEGE AT HAILEYBURY.

00043936

LONDON:

TRÜBNER & CO., 60, PATERNOSTER ROW.

1867.

TO

PROFESSOR H. H. WILSON,

AN ORIENTALIST AS REMARKABLE FOR HIS KINDNESS IN AIDING THOSE LESS GIFTED

AS FOR HIS OWN UNRIVALLED ATTAINMENTS,

THIS NEW EDITION OF A WORK,

WHICH HE ASSISTED IN INTRODUCING TO THE KNOWLEDGE OF HINDÚSTÁNÍ STUDENTS,

IS,

AS A HUMBLE TOKEN OF REGARD, ESTEEM, AND RESPECT,

INSCRIBED,

BY HIS FAITHFUL FRIEND AND SERVANT,

THE EDITOR.

STEPHEN AUSTIN,

PRINTER, HERTFORD.

we find him employed as Munshí by the Resident, Mr. Metcalfe. He was still at Delhi in 1815. It does not appear that he was the author of any other work but the Khirad Afroz.

With regard to the vowel signs and other diacritical marks, the system of Dr. Gilchrist has been, for the most part, adopted in the present edition. The sign *fath* or *ă* is not written, except when particular circumstances render its insertion necessary. On the other hand, *kasr* and *zamm*, *ĭ* and *ŭ*, are always written. These remarks do not apply to the *hurúf-i 'illat*, ا, و, ي, with which the *cognate* vowels are not written, unless in cases where و and ي are used as consonants, when the following vowel is marked. In order also to distinguish هِي *hí*, 'indeed,' from هي *hai*, 'is,' I have inserted the *kasr*, as I had no alternative but to do this, or invent a new mark, or leave out the dots of the ي, as Dr. Gilchrist has done, which appeared objectionable.

The final consonant of a word is always quiescent, unless followed by the *kasr* of *izáfat*, or of conjunction, except in a few Arabic words, as إِقْبَالُهُ *ikbálahu*, when, indeed, the vowel is superscribed. When a medial consonant is quiescent, the mark *jazm* is used, unless the word be of such common occurrence as to be well known even to beginners.

The long vowels, و and ي, if *m'arúf*, *i.e.*, when sounded as *ú* and *í*, have, as has been already said, no distinctive mark; when *majhúl*, or sounded as *o* and *e*, they are marked, if medial, thus—وٗ, يٖ. *Majhúl* ي, if final, is written thus—ے; this form being called *m'akúsí*, 'reverted.' *Majhúl* و, when final, has the mark (°) superscribed, except when it belongs to the plural inflexion, which being always *majhúl*, is left undistinguished.

Except in the case of هي 'is,' and هِي 'indeed,' noticed above, final ي, which is *maftúh*, or sounded as *ai*, is distinguished by having *fath* superscribed over the preceding consonant. If sounded as *au* and *ai*, the vowel و (both medial and final) and ي (medial) are distinguished by the mark (ˆ) superscribed, as وٰ and يٰ.

In words where ۂ represents the soft *hamzah*, it is written with *hamzah* and *zer* and without the dots, as فائدہ *fáidah*.

The interrogative کیا *kyá*, 'what?' is so written to distinguish it from کیا *kiyá*, 'did make,' or 'made.'

When ں is *maghnúnah* or 'nasal,' it is written, if final, without the dot, thus, ـں; if medial, with *jazm*.

To distinguish the cerebral *ṭ*, *ḍ*, and *ṛ*, it has been thought better to use four dots, as ټ, rather than the mark of two dots and a line superscribed, as in the old system.

The form ۀ of the letter *h* is universally adopted when it is the aspirate of a preceding consonant, and, wherever used, no vowel intervenes between it and the letter which precedes it.

It only remains to say, that the clearness and excellence of the type will probably give the present edition some claims to be considered superior to the preceding one, and these laurels belong entirely to that excellent Oriental printer, Mr. Austin, while the editor must be considered entirely responsible for all shortcomings, and, to be beforehand with censure, he offers his apology for these at once.

Haileybury, *July* 15, 1857.

CONTENTS.

PAGE

ADDRESS TO THE DEITY 1

PRAISE OF MUḤAMMAD. 2

ACCOUNT OF ḤAFÍẒU'D-DÍN, THE TRANSLATOR OF THE 'KHIRAD-AFROZ' . ,,

TRANSLATION OF THE 'ÂYÁR-I DÁNISH' INTO URDÚ BY ORDER OF DR. GILCHRIST 3

NAME AND HISTORY OF THIS BOOK . . . . . ,,

REASONS FOR ITS TRANSLATION 4

CONTENTS OF THE SIXTEEN CHAPTERS OF THE 'KHIRAD-AFROZ' . . 9

CHAPTER I.—HISTORY OF THE WORK, AS GIVEN BY THE PHILOSOPHER, BUZURJMIHR 11

STORY I.—THE FOOLISH MAN AND THE LABOURERS . . . ,,

CHAPTER II.—ACCOUNT OF THE PHYSICIAN, PAZROYAH 15

STORY I.—THE FOOLISH THIEF 18

,, II.—THE KING OF CHINA WHOSE NAME WAS FARRUKH-FAL . 24

(COMMENCEMENT OF THE HISTORY OF KING DÁBISHLÍM AND THE PHILOSOPHER BEDPÁÍ) 29

STORY III.—THE TWO PIGEONS 31

,, IV.—THE HAWK 36

,, V.—THE OLD WOMAN AND HER GREEDY CAT . . . 38

,, VI.—THE SWORDSMAN 39

,, VII.—THE CHÍTÁ 41

(SUMMARY OF THE INTRODUCTION (BY ḤUSAIN VÁ'IẒ) TO THE 'ANVÁR-I SUHAILÍ') 43

PAGE

CHAPTER III.—ON AVOIDING THE TALK OF SLANDERERS: (THE PURPORT OF THE FIRST PRECEPT) 46

STORY I.—THE DYING MERCHANT AND HIS THREE SONS . . ,,

,, II.—THE TWO PRINCES 47

,, III.—THE DARWESH WHO NEGLECTED CAUSATION . . 49

,, IV.—THE WASTEFUL RAT 50

(TREATMENT OF THE ABOVE STORIES IN THE 'KALÍLAH WA DAMNAH,' AND IN THE 'ANVÁR-I SUHAILÍ') 51

THE LION AND THE OX, NAMED SHATRABAH 52

THE TWO JACKALS—KALÍLAH AND DAMNAH 53

STORY V.—THE APE AND THE WEDGE . . . . . ,,

,, VI.—THE TWO COMPANIONS, SÁLIM AND GHÁNIM . . 55

,, VII.—THE FOX AND THE DRUM 61

,, VIII.—THE DARWESH AND THE THIEF 64

,, IX.—THE BIRDS, THE HAWK, AND THE SALAMANDER . . 68

,, X.—THE OPPRESSOR REFORMED 70

,, XI.—THE CROW AND THE SERPENT 71

,, XII.—THE HERON AND THE CRAB 72

,, XIII.—THE WOLF, THE HARE, AND THE FOX . . . 74

,, XIV.—THE HARE AND THE LION 76

,, XV.—THE THREE FISHES 79

,, XVI.—THE TORTOISE AND THE SCORPION . . . 81

,, XVII.—THE GOOSE AND THE FISH 85

,, XVIII.—THE HUNTING-FALCON AND THE DOMESTIC FOWL . . 86

,, XIX.—THE GARDENER AND THE NIGHTINGALE . . . 88

,, XX.—THE HUNTER, THE FOX, AND THE LEOPARD . . 89

,, XXI.—THE CROW, THE WOLF, THE JACKAL, THE LION, AND THE CAMEL 90

,, XXII.—THE SANDPIPER AND THE GENIUS OF THE SEA . . 93

,, XXIII.—THE GEESE AND THE TORTOISE . . . . . ,,

,, XXIV.—THE MONKEYS AND THEIR ADVISERS . . . 99

,, XXV.—THE TWO PARTNERS, SHARP-WIT AND LIGHT-HEART . ,,

,, XXVI.—THE SERPENT, THE FROG, AND THE ICHNEUMON . . 101

,, XXVII.—THE GARDENER AND THE BEAR 103

,, XXVIII.—THE TWO FRIENDS AND THE DEPOSIT . . . 104

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER 105

PAGE

CHAPTER IV.—ON THE PUNISHMENT OF EVIL-DOERS AND THEIR DISASTROUS END 114

STORY I.—The Hungry Fox . . . . . ,,

,, II.—The Ass who lost his tail and ears . . . 115

,, III.—The Equerry who revealed the King's Secret . . 118

,, IV.—The King and the Ascetic 120

,, V.—The Blind Man who mistook the Snake for a Whip . 121

,, VI.—The Saint of radiant mind 123

,, VII.—The Merchant's Wife and the Slave 126

,, VIII.—The Three Envious Persons 128

,, IX.—The Ignorant Physician 131

,, X.—The Falconer who falsely accused his Lord's Wife . 135

Abstract of the Contents of the Chapter 138

CHAPTER V.—ON THE ADVANTAGES OF AGREEMENT AMONG FRIENDS . 144

STORY I.—The Crow, the Mouse, the Pigeon, the Tortoise, and the Stag . . . . . ,,

,, II.—The Hawk and the Partridge 147

,, III.—The Camel-rider and the Snake 150

,, IV.—The Woman and the Sesamum 155

,, V.—The Wolf and the Bowstring . . . . . ,,

,, VI.—The Greedy Cat 160

Abstract of the Contents of the Chapter 164

CHAPTER VI.—IN EXPLANATION OF ATTENTIVELY REGARDING THE CIRCUMSTANCES OF OUR ENEMIES, AND NOT BEING SECURE AS TO THEIR MACHINATIONS 168

STORY I.—The Crow-King, Fíroz, and the Owl-King, Shab-Áhang ,,

,, II.—The King of Kashmír 172

,, III.—The Birds who assembled to Choose a Chief . . 174

,, IV.—The Hare and the Elephant-King 175

,, V.—The Cat, the Partridge, and the Quail . . . 178

,, VI.—The Devotee and his Goat, and the Thieves . . 180

,, VII.—The Merchant's Wife and the Thief 183

PAGE

STORY VIII.—The Demon and the Thief 184

„ IX.—The Carpenter and his Profligate Wife . . 185

„ X.—The Ape and the Bears 187

„ XI.—The Mouse that was Changed into a Beautiful Damsel 192

„ XII.—The Snake and the Frog 195

„ XIII.—The Sparrow and the Snake 197

Abstract of the Contents of the Chapter 200

CHAPTER VII.—OF LOSING THE OBJECTS OF ONE'S DESIRE THROUGH NEGLIGENCE 204

STORY I.—The Monkey-King, Kárdan, and the Tortoise . „

„ II.—The King of Kashmír and his Monkey-Sentinel . . 206

„ III.—The Ass, the Fox, and the Lion . . . 213

Abstract of the Contents of the Chapter 216

CHAPTER VIII.—ON THE INJURIOUSNESS OF HASTE 219

STORY I.—The Saint and the Ichneumon 220

„ II.—The Devotee who spilt the Jar of Honey . . 221

„ III.—The King who killed the Hawk that had just saved his life 223

Abstract of the Contents of the Chapter . . . . . „

CHAPTER IX.—OF CIRCUMSPECTION, AND OF ESCAPING BY STRATAGEM FROM THE HANDS OF ENEMIES 225

STORY I.—The Rat and the Cat . . . . . „

„ II.—The Farmer's Wife 228

„ III.—The Mouse and the Frog 232

Abstract of the Contents of the Chapter 233

CHAPTER X.—ON AVOIDING THE MALEVOLENT, AND NOT RELYING ON THEIR PROFESSIONS OF ATTACHMENT 235

STORY I.—Ibn-i Madín and the Chakáwak . . . . „

„ II.—The Fakír, Dánádil, and the Thieves 237

„ III.—The Old Woman and her Daughter, Muhastí . . 238

„ IV.—The King and the Musician 239

PAGE

STORY V.—THE PHYSICIAN AND HIS PATIENT 240

„ VI.—THE KING OF TABARISTÁN AND HIS REBELLIOUS SUBJECT . 241

„ VII.—THE SAINT WHO LECTURED THE WOLF 243

„ VIII.—THE ARAB AND THE BAKER 244

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER 245

CHAPTER XI.—ON CLEMENCY, WHICH IS AN EXCELLENT QUALITY FOR KINGS 247

STORY I.—THE JACKAL, FARÍSAH, AND THE LION, KÁMJO . . 248

„ II.—THE DARWESH WHO TOOK WARNING FROM THE FLIES . 250

„ III.—THE PRINCE OF BAGHDÁD 254

„ IV.—THE ENVIOUS MAN WHO HAD HIMSELF PUT TO DEATH TO CAST SUSPICION ON HIS NEIGHBOUR . . . 257

„ V.—THE KING OF YAMAN AND HIS DOORKEEPER . . . 261

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER 264

CHAPTER XII.—ON RECEIVING THE RECOMPENSE OF ONE'S DEEDS . . 267

STORY I.—THE RANK-BREAKING LION AND THE ARCHER . . „

„ II.—THE TYRANT WHO FORCED THE POOR TO SELL HIM WOOD AT LESS THAN ITS VALUE 270

„ III.—THE HOG WHO STOLE THE MONKEY'S FIGS . . 272

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER 273

CHAPTER XIII.—ON LOSING ONE'S OBJECT THROUGH OVER GREEDINESS . 275

STORY I.—THE RECLUSE AND HIS COVETOUS GUEST . . . „

„ II.—THE CRANE WHO TRIED TO BE A HAWK . . . 276

„ III.—THE MIDDLE-AGED MAN WHOSE BEARD WAS PLUCKED OUT BY HIS WIVES 277

„ IV.—THE HUNTER WHO GAINED MUCH BY LEARNING A SINGLE WORD 279

„ V.—THE CROW WHO WOULD LEARN THE GAIT OF THE PARTRIDGE . 280

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER 281

PAGE

CHAPTER XIV.—ON THE EXCELLENCE OF PATIENCE, AND AS TO NOT BEING PRECIPITATE IN ONE'S ACTIONS 283

STORY I.—RÁJÁ MALLÁR, WHO COMMANDED THE BRÁHMANS TO EXPLAIN HIS DREAM 284

„ II.—SULAIMÁN AND THE HERON 287

„ III.—PRINCE ZÚ'R-RIKKÁ, WHO CONQUERED HIS ANGER . . 293

„ IV.—THE PIGEON THAT KILLED ITS FEMALE AND AFTERWARDS REPENTED 296

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER 298

CHAPTER XV.—AS TO KINGS GUARDING THEMSELVES FROM THE FAITHLESS AND MALEVOLENT 300

STORY I.—THE PRINCE OF ALEPPO, WHO PATRONIZED TOO HIGHLY A BASE-MINDED GOLDSMITH 301

„ II.—THE PRINCE OF PERSIA AND THE SHOEMAKER . . 302

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER 308

CHAPTER XVI.—ON HEEDING NOT THE VICISSITUDES OF FORTUNE, BECAUSE WHATEVER HAPPENS IS BY THE DIVINE DECREE 310

STORY I.—THE PRINCE OF RÚM, WHO ATTAINED HIGH FORTUNE BY RELIANCE ON GOD 311

„ II.—THE ANDALUSIAN PEASANT, WHO OBTAINED HIS WISH BY RELIANCE ON GOD 312

„ III.—THE OLD MAN, WHO BOUGHT TWO HOOPOOES AND SET THEM FREE, AND WAS SHEWN A TREASURE BY THEM . 318

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER 319

غلط نامہ خِرد افروز کا

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲	۱۳	صِدیقي	صِدّیقي
۲۰۹	۱	کچھوے دوستي	کچھوے سے دوستي
۲۳۶	۱	دستواں	دسواں
۲۳۹	۱	قِصہ	قِصّہ
۲۴۰	۱	پرہیز	پرہیؤ
۲۵۴	۱	بجشنے	بخشنے
۲۵۶	۱	بجشنے	بخشنے
۲۶۵	۱	گبارھوئیں	گبارھویں
۲۶۶	۱	بجشنے	بخشنے

خِرد افروز

یعنے عیارِ دانشِ فارسي سے کہ مصنّف اُسکا

شیخ ابو الفضل

وزیرِ اعظم جلالُ الدین مُحمّد اکبر بادشاہِ غازي کا ھي

ترجُمہ زبانِ اُردو میں

مولوي حفیظ الدین احمد سے کیا ھوا

مِن سعي

اقلّ العِباد ایدورڈ ایسٹوِک

نئے سر سے چھاپا گیا

ھارتفُرڈ کے قصبے اِستیفین آسٹن کے چھاپے خانے میں

سنہ ۱۸۵۷ عیسوي کے آگسٹ مہینے کي دسویں تاریخ پر

فہرستِ خِرَد افروز کي .

کیفیت	صفحہ
حمد - - - - - -	۱
نعت اور احوال مولوي حفیظ الدّین مترجم کا - - -	۲
بیان ترجمہ ہونے کا عیار دانش کے ریختے میں حکم سے مُدرّسِ ہندي جان گلکرسٹ صاحب دام اِقبالہٗ کے - - - -	۳
نام اور تاریخ اِس کِتاب کي - - - - - -	,,
سبب تصنیفِ اصلِ کِتاب کا - - - - - -	۴
فہرست بابوں کي - - - - - -	۹
پہلا باب ــ بُزرجمہر کي گُفتگو میں جو اِس کِتاب سے مُناسبت رکھتي ہي	۱۱
مرد بیوقوف اور مزدوروں کي حکایت - - - - -	,,
دوسرا باب ــ پزرویہ طبیب کے احوال میں - - - - -	۱۵
چور کي حکایت - - - - - -	۱۸
حکایت چین کے بادشاہ کي جسکا نام فرّخ فال تھا - - -	۲۴
شروع قصّہ راے دابشلیم اور بیدپاے حکیم کا - - - -	۲۹
بازندہ و نوازندہ دو کبوتروں کي حکایت - - - - -	۳۴
حکایت بازبچّے کي جسنے چیل کے ساتھ پرورش پائي - - -	۳۶
بڑھیا اور اُسکي بلّي کي حکایت - - - - -	۳۸
زاہد اور اُسکے شمشیرون لڑکے کي حکایت - - - -	۳۹
چیتے اور اُسکے بچّے کي حکایت - - - - -	۴۱
تیسرا باب ــ چُغل خوروں کي بات نہ سُنے میں - - -	۴۶
سوداگر اور اُسکے تینوں بیٹوں کا قصّہ - - - - -	,,
حلب کے بادشاہ اور اُسکے لڑکوں کي حکایت - - - -	۴۷
درویش کي حکایت جسنے باز اور کوّے کو دیکھکر گوشہ اِختیار کیا تھا -	۴۹
چوہے کي حکایت جو بادۂ فراغت سے سرشار ہوا - - -	۵۰
اِن قصّوں کي طرح انوارِ سہیلي میں - - - - -	۵۱
شتربہ کي حکایت - - - - - -	۵۲
بندر کي حکایت جسنے بڑھئي کا کام اِختیار کیا اور مُصیبت میں گرفتار ہوا -	۵۳
سالِم اور غانِم کي حکایت - - - - - -	۵۵
لومڑي کي حکایت جو نقارے کي بڑي آواز پر اِعتماد کرکے اپنے مطلب سے باز رہي	۶۱
زاہد کي حکایت جسنے گوشہ نشیني ترک کرکے بادشاہ کا خِلعت لیا اور مُرید کرنے کي طمع سے اُسکو بھي گنوایا - - - - - -	۶۴

فہرست خرد افروز کي

کیفیت	صفحہ
چڑیا کي حکایت جسنے سمندر کو وسیلہ کر باشے سے بدلا لیا - - -	۶۸
بادشاہ کي حکایت جسنے ظلم چھوڑ عدل اختیار کیا اور اسي واسطے لقب اُسکا شاہ داد ہوا - - - - - - -	۷۰
کوے کي حکایت جسنے سانپ سے اپنا بدلا لیا - - - -	۷۱
ماہي خوار کي حکایت جسنے مچھلي کھانے کے لئے حیلہ کیا آخر کیکڑے کے ہاتھ مارا گیا - - - - - - -	۷۲
خرگوش کي حکایت جو لومڑي کو فریب دیکر بھیڑیے سے تڑوایا چاہتا تھا آخر آپہي مارا گیا - - - - - - -	۷۴
خرگوش کي حکایت جسنے فریب سے شیر کو مارا - - - -	۷۶
تین مچھلیوں کي حکایت جو ایک تلاب میں رہتي تھیں - -	۷۹
کچھوے اور بچھو کي حکایت - - - - - -	۸۱
بط کي حکایت جو چاند کو پاني میں دیکھکر مچھلي سمجھي اور مارے بھوکھ کے مرگئي	۸۵
باز کي حکایت جو مرغ خانگي پر بے وفائي کے طعنے مارتا تھا - -	۸۶
کسان اور بلبل کي حکایت جو ایک پھول کو توڑکر دام میں پڑي - -	۸۸
شکاري کي حکایت جسنے لومڑي کے پکڑنے کا خیال کیا آخر چیتے کے پنجے سے خود ہلاک ہوا - - - - - - -	۸۹
بھیڑیے کوے گیدڑ کي حکایت جنھوں نے آپسمیں ملکے اونٹ کو شیر کا طعمہ کروا دیا	۹۰
طیطوي کي حکایت جسنے وکیل دریا سے اپنا انتقام لیا - - -	۹۳
بط کے جوڑے اور کچھوے کي حکایت جسنے بطوں کے کہنے پر عمل نہ کیا آخر ہلاک ہوا	,,
حکایت بندر اور ایک جانور کي جسکو کسي مرد نے نصیحت کي اور اُسنے اُس شخص کي نصیحت نہ مانی اور بندروں کے ہاتھ ہلاک ہوا - - -	۹۹
دو شریک کي حکایت جنکا نام تیزہوش اور خرّم دل تھا - -	,,
سانپ مینڈک اور نیولے کي حکایت - - - - -	۱۰۱
باغبان کي حکایت جسنے ریچھ سے دوستي کي تھي - - -	۱۰۳
حکایت سوداگر کي جسنے کہا تھا کہ جس شہر کا چوہا سو من لوہا کھا سکے کہا تعجب ہي جو وہاں کا چوہے مار ایک لڑکے کو اُٹھا لیجاوے - - -	۱۰۴
باب کا خلاصہ - - - - - - -	۱۰۵
چوتھا باب — بدکاروں کے سزا پانے اور اُن کي عاقبت خراب ہونے میں -	۱۱۳
لومڑي کي حکایت جسنے مرغ کے پکڑنے کي آرزو کي آخر وہ پوست جسسے اُسے قوت تہي گنوایا - - - - - - -	,,
گدھے کي حکایت جسکو دم کي تلاش تھي آخر کان بھي کھوئے - -	۱۱۵
رکاب دار کي حکایت جسنے بادشاہ کا بھید اُسکے بھائي سے کہا - اور انجام کار اُسکا رسوائي و ہلاکت ہوا - - - - - -	۱۱۸

فِہرِست خِرَد اَفروز کي

کیفیّت	صفحہ
زاہِد کي حِکایت جِسنے گوشۂ قناعت چھوڑ کر بادشاہ کي خِدمت اِختِیار کي اوَر اپني جان گنوائي - - - - - - - - - -	۱۲۰
اندھے کي حِکایت جِسنے کوّے اوَر سانپ مےں فرق نہ کیا آخِر ہلاک ہوا -	۱۲۱
پیر روشن ضمیر کي حِکایت جو بادشاہ کي صُحبت کي بدوَلت بڑے رُتبے کو پہُنچا	۱۲۳
سوداگر کي جوَرو کي حِکایت جِسنے اپنے کام مےں جلدي کي اوَر یار و غُلام مےں فرق نہ کیا	۱۲۶
تین حسد پیشوں کي حِکایت جِنھوں نے اشرفیوں کي ہمیاني پائي تھي پر حسد کي شامت سے محروم رہے اوَر اپني سزا کو پہُنچے - - - -	۱۲۸
طبیبِ ناداں کي حِکایت جِسنے زہرِ ہلاہل کو مُاء الحیات سمجھ کر دوا مےں مِلایا -	۱۳۱
غُلامِ بازدار کي حِکایت جِسنے توتوں کو نا معقول دو باتیں سِکھا کر اپني بي بي کو تہُمت لگائي تھي - - - - - - - - -	۱۳۵
باب کا خُلاصہ - - - - - - - - -	۱۳۸
پانچواں باب — دوستوں کي یکدلي کے فائِدوں مےں - - - -	۱۴۴
کوّا چوہا کچھوا ہرن اِن چاروں کي دوستي کا بَیان - - - -	,,
کبک اوَر باز کي حِکایت - - - - - - - -	۱۴۷
شُتر سوار کي حِکایت جِسنے سانپ کو جلنے سے بچایا اوَر وہ ڈسنے کو تیّار ہوا -	۱۵۰
حِکایت اُس عوَرت کي کہ جِسکا شوہر مہماني کیا چاہتا تھا اوَر وہ راضي نہ تھي -	۱۵۵
شِکاري اوَر ہِرن اوَر جنگلي سوَر اوَر بھیڑیے کي حِکایت - - - -	,,
حریص بِلّي کي حِکایت جِسنے اپنے راتب پر قناعت نہ کرکے ایک کبوتر خانے کو گئي اوَر اپنے تئیں برباد کیا - - - - - - -	۱۶۰
باب کا خُلاصہ - - - - - - - - -	۱۶۴
چھٹا باب — دُشمنوں کے کار و بار دُنیا کے سوچنے اوَر اُن کے فریب سے نِڈر رہنے مےں - - - - - - - - -	۱۶۸
شاہ بوم کي حِکایت جِسنے اپنا لشکر لیکر کوّوں کي فوج پر شبخون مارا اوَر دوسرے دِن کوّوں کے بادشاہ نے اپنے مُلک کے داناؤں کو جمع کر مصلحت کي اوَر کارشناس کي تدبیر سے اُلوؤں پر فتح پائي - - - - - -	,,
کشمیر کے حاکِم کي حِکایت جِسنے اپني حرم کي خیانت دریافت کي اوَر اُس راز کو اپنے وزیر سے کہا - اوَر اُسنے اپني بیٹي سے ظاہِر کیا آخِر اُس حاکِم کي ہلاکت کا باعِث ہوا - - - - - - - - -	۱۷۲
حِکایت پرِندوں کے جمع ہوَنے کي ایک بادشاہ مُقرر کرنے کے لئے اوَر متّفِق ہوَنا سبکا اُلو کي بادشاہت پر اوَر باز رکھنا کوّے کا سب جانوروں کو اُس بات سے	۱۷۴
خرگوش کي حِکایت جِسنے اپنے تئیں ماہ کا اُیلچي کرکے ہاتھیوں کے ظُلم کو اپني قوم سے ٹالا - - - - - - - - -	۱۷۵
کبک اوَر بٹیر کي حِکایت جو آپس مےں قصّہ کرکے ایک بِلّي کے پاس اِنصاف کو	

فہرست خرد افروز کي

صفحہ

کیفیت

گئے اور اُس نے مکر کي باتوں سے اُن دونوں کو نزدیک بُلا کر ایک ہي حملے
میں پکڑ لیا - - - - - - - - - ۱۷۸

زاہد کي حکایت جسکي بکري چوٹوں نے مکر و فریب سے کُتا کہکر لیلي - ۱۸۰

سوداگر کي حکایت جسکي جورو چور کي ذریعے اپنے شوہر پر مہربان ہوئي - ۱۸۳

زاہد کي حکایت جسکا چور اور دیو نے قصد کیا تھا اور ایک دوسرے پر سبقت کرنے
کے لئے آپس میں لڑے اور زاہد نے اپنے جان اور مال سے نجات پائي - ۱۸۴

ایک بیوقوف بڑھئي کي حکایت جسنے رنڈي کے مکر سے فریب کھایا اور باوجود
بدکاري کے اُسکو وفادار سمجھا - - - - - - ۱۸۵

بندر کي حکایت جسنے اپنے تئیں ہلاک کرکے ریچھ سے انتقام لیا - - ۱۸۷

چُہیا کي حکایت جو زاہد کي دُعا سے ایک خوبصورت لڑکي ہوئي اور اپني اصل کي
خواہش کرکے چاند بادل ہوا اور پہاڑ سے اُلفت نہ کي ندان زاہد کي دُعا سے پھر
چُہیا کي چُہیا ہو گئي - - - - - - ۱۹۲

سانپ کي حکایت جو مارے بُڑھاپے کے شکار نہ کر سکتا تھا اِس لئے فریب سے اپنے
تئیں مینڈک کا مرکب بناکر گذران کرتا - - - - - ۱۹۵

حکایت چڑیا کي جسنے باوجود اُس ضعف کے ایک بڑے سانپ سے بدلا لیا - ۱۹۷

باب کا خُلاصہ - - - - - - - - ۲۰۰

ساتواں باب — غفلت سے مقصد کھونے میں - - - - ۲۰۴

بندر کي حکایت جسنے کچھوے سے دوستي ہوئي اور اُس بیوقوف کچھوے نے اپني
نادانی سے ویسے دوست کو کھویا - - - - - ”

کشمیر کے حاکم کي حکایت جسنے بندر کو اپنا پاسبان کیا تھا اور اگر وہ چور (جو
دشمن دانا تھا) اُسکي فریاد کو نہ پہنچتا تو اُس کا کام تمام ہوتا - ۲۰۶

شیر کي حکایت جسکو لومڑي نے کہا تھا کہ - جہانپناہ ! اِس گدھے کے کان اور
دِل نہ تھا - - - - - - - ۲۱۳

باب کا خُلاصہ - - - - - - - - ۲۱۶

آٹھواں باب — شتابي کرنے کے زیان کے بیان میں - - - ۲۱۹

زاہد کي حکایت جسنے بے تامّل اپنا ہاتھ خونِ ناحق سے آلودہ کرکے بیچارے نیولے
کو ہلاک کیا - - - - - - - - ۲۲۰

مردِ پارسا کي حکایت جسنے فکرِ بیہودہ سے شہد اور گھي کے گھڑوں کو توڑ ڈالا اور
اپنے سر اور منہ کو اُنسے بھرا - - - - - - ۲۲۱

بادشاہ کي حکایت جو اپنے باز کو بےقصور مارکر بہت غمگین ہوا - - ۲۲۳

باب کا خُلاصہ - - - - - - - - ”

نواں باب — دوراندیشي کے اور فریب کرکے دُشمن کے ہاتھ سے بچنے کے
بیان میں - - - - - - - - - ۲۲۵

فہرست خرد افروز کي

کیفیت صفحہ

چوہے اور بلّي کي حکایت ۲۲۵

کسان کي حکایت جسکي جورو بیوفائي کرکے بادشاہ کے ساتھ چلي آخر اپنے مطلب کو نہ پہنچ کر شیر کے پنجے میں ہلاک ہوئي ۲۲۸

مینڈک کي حکایت جسنے چوہے سے دوستي کي اور اُسکي شامت سے آفت میں پڑا ۲۳۲

باب کا خلاصہ ۲۳۳

دسواں باب — اہلِ کینہ سے پرہیز کرنے اور اُنکي چاپلوس پر اعتماد نہ کرنے میں ۲۳۵

بادشاہ اور چکاوک کي حکایت ۲۳۵

زاہد دانادل کي حکایت جسکو ٹھگوں نے جنگل میں مار ڈالا آخر وے بھي کُلنگوں کي گواہي سے مارے گئے ۲۳۷

بڑھیا اور اُس کي بیٹي مُہستي کي حکایت ۲۳۸

بادشاہ اور قوّال کا قصّہ ۲۳۹

طبیب کي حکایت جسنے ایک بیمار کو (جو پیٹ کے درد سے نالاں تھا) کہا کہ تُجھے آنکھ کي دوا پیٹ کے علاج سے بہتر ہي ۲۴۰

بادشاہِ طبرستان کي حکایت جسنے اپنے ایک نوکر بغي کو کہلا بھیجا کہ مُجھ میں تُجھ میں شیشے اور پتّھر کي نسبت ہي خواہ شیشہ پتّھر پر مارو یا پتّھر شیشے پر دونو صورت میں شیشے کا نُقصان ہوگا ۲۴۱

زاہد کي حکایت جسنے بھیڑیے کو بہُتیري نصیحتیں کیں پر کُچھ مُفید نہ ہوئیں ۲۴۳

ایک عربِ بدوي کا قصّہ جسے نان بائي نے کہا تو کب تلک روٹیاں کھایا کریگا اور اُس نے جواب دیا کہ جب تک دجلے میں پاني رہیگا ۲۴۴

باب کا خلاصہ ۲۴۵

گیارھواں باب — گُناہوں کے بخشنے میں جو بادشاہوں کے واسطے ایک اچھا وصف ہي ۲۴۷

فریسہ نامے ایک گیدڑ اور شیر کا مجو کي حکایت ۲۴۸

درویش کي حکایت جسنے مکھیوں سے عبرت پکڑي جو طشت کے گرد بیٹھي تھیں اور چھیپي کي آفت سے شہد میں گریں ۲۵۰

بغداد کے حاکم کي حکایت جسنے اپني محبوبہ کو جہان کي آشایش کے لئے ہلاک کیا ۲۵۴

حاسد کي حکایت جسنے مارے حسد کے غُلام کو اپنے قتل کرنے کا حُکم کیا اور اُس نے بموجب حُکم کے اُسے مار کر ایک نیک مرد ہمسایہ کے کوٹھے پر ڈال دیا ۲۵۷

یمن کے بادشاہ کي حکایت جسنے اپنے دربان کو سونے کا طباق چُراتے دیکھکر پردہ پوشي کي ۲۶۱

باب کا خلاصہ ۲۶۴

بارھواں باب — اعمال کے بدلا پانے میں ۲۶۷

شیرِ صف شکن اور مردِ تیرافگن کي حکایت ”

فِہرِستِ خرد افروز کي

صفحہ

کیفیت
لکڑہارے کي حکایت جسنے کہا تہا کہ آگ میري لکڑیوں میں کہاں سے لگي؟ - ۲۷۰
سوأر کي حکایت جسنے بندوکے انجیر چھین کر کہائے اور اپني جان کہوئي - ۲۷۲
باب کا خلاصہ - - - - - - - - ۲۷۳
تیرہواں باب — بسبب زیادہ طلبي کے اپنے کام سے باز رہنے کے بیان میں ۲۷۵
فقیرِ گوشہ نشین اور مہمانِ ہوس پیشہ کي حکایت - - - - ,,
کلنگ کي حکایت جسنے اپنا پیشہ چھوڑ باشے کا کام اختیار کیا - - ۲۷۶
مرد ادھیڑ کي حکایت جسنے تمام داڑھي اپني رنڈیوں کے ہاتھ نچوائي - ۲۷۷
مردِ شکاري کي حکایت جسنے ایک لفظ کي بدولت بہت سي نعمت پائي - ۲۷۹
کوے کي حکایت جو کبک کي چال سیکہتا تہا آخر اُس کے پیچھے اپني چال بھي بھولا ۲۸۰
باب کا خلاصہ - - - - - - - - ۲۸۱
چودھواں باب — حلم و بردباري کي بزرگي اور کاموں میں جلدي نہ کرنے کے بیان میں - - - - - - ۲۸۳
راجا ملار کي حکایت جسنے سات خواب دیکھے اور برہمنوں سے تعبیر اُس کي پوچھي
اُنھوں نے بدذاتي سے چاہا کہ راجا کو فریب دیں پر ایران دُخت کي بدولت
وہ اُنکے فریب سے بچا اور برہمنوں کو سزا دي - - - - - ۲۸۴
سُلیمان علیہ السّلام اور بگلے کا قصّہ - - - - - - ۲۸۷
راے ذوُ الرِقاع کي حکایت جسنے عقل کي رہبري سے غضب کو مغلوب کیا اور چین سے
عُمر بسر کي - - - - - - - - ۲۹۳
کبوتر کي حکایت جسنے بے سمجھے جلدي کرکے کبوتري کو مارا اور بعد اُسکے غمگین ہوا ۲۹۶
باب کا خلاصہ - - - - - - - - ۲۹۸
پندرھواں باب — بادشاہوں کے احتراز کرنے میں بیوفاؤں اور بداندیشوں سے ۳۰۰
حلب کے حاکم کي حکایت جسنے ایک کم ظرف بدباطن سُنار کو نوازا تہا - ۳۰۱
بادشاہِ فارس کے بیٹے کا قصّہ جو بدذات موچي کي صحبت کے سبب آزادي سے نکل غُلام ہوا ۳۰۲
باب کا خلاصہ - - - - - - - - ۳۰۸
سولہواں باب — زمانے کي گردش کي التفات نہ کرنے میں اِس لئے کہ جو کچھہ ہوتا ہي تقدیرِ الٰہي سے ہي - - - - - ۳۱۰
روم کے بادشاہزادے کي حکایت جو توکّل کي بدولت سلطنت کو پہنچا - ۳۱۱
ایک زمیندارِ اندلس کي حکایت جسنے اپنے کار و بار کو عنایت الٰہي پر چھوڑ دیا
اور تھوڑے سے عرصے میں مطلب کو پہنچا - - - ۳۱۲
بُڈھے کا قصّہ جسنے دو ہُدہُد مول لیکر چھوڑ دیئے اور اُنھوں نے اُسے ایک جواہر کا
صندوقچہ بتایا - - - - - - - ۳۱۸
باب کا خلاصہ - - - - - - - - ۳۱۹
خاتمۃُ الکتاب - - - - - - - - ۳۲۰

خِرَد افروز

يعنے عيارِ دانش فارسي سے كه مصنّف اُسكا

شيخ ابو الفضل

وزيرِ اعظم جلالُ الدين مُحمّد اكبر پادشاه غازي كا هي

ترجُمه زبانِ اُردو ميں

مولوي حفيظُ الدين احمد سے كيا هوا

بِسْمِ اللّٰهِ الرحمٰنِ الرّحِيم

ADDRESS TO THE DEITY.

حمد و سپاس اُس حكيمِ مُطلق كا جِس نے اپني حِكمتِ بالغه سے مُشتِ خاك كے قالب بنا جوهر روح كا عطا كيا اور پيكرِ انساني كو لباس دانش كا پهنا كر اشرفُ المخلوقات كا خطاب ديا * جب اُس كي عِنايت نے اِنسان كو اِس رُتبے سے سرفراز فرمايا اُس نے اِس وسيلے سے دولتِ دارَين كے گنجِ عظيم كو پايا * بعضے جو عِلمِ باطِن سے بهرهمند هوئے درجے ميں فِرِشتوں سے به مرتبه گُذر گئے اور بعضے عِلم و هُنرِ ظاهِر سے موصوف هوكر فرشِ خاك پر بيٹهے آسمان و زمين كي حالات سے واقف هوئے * اِحسان اُس قادرِ برحق كا كه جِس نے اپني قُدرتِ كامِله سے مگسِ ضعيف كو آئينِ حِكمت اِسطرح سِكهائے كه حكيمِ عاقِل اور مُهندسِ كامِل باوجود فضل و كمال كے اُس حقيرجانور كي ادنيٰ حِكمت ديكهه مُعترِف به قُصور هوئے * جهان كے پادشاهوں نے با وصف شُكوهِ شَهنشاهي كے آئينِ سلطنت اور قوانين مُلكداري كے اُسے سيكهے ديكهئيے كه شهد كي مكهياں بغير هتهياروں كے كيسے چوگوشه تخت اور شش پهلو خانه موم كے بناتي هيں اگر كوئي حكيمِ دانا پرگارِ و مِسطر كي مدد سے ايك عُمر اِس ميں صرف كرے كيا دخل هي كه ويسے بناوے اور عقلِ نُكته‌دان اگر هزاروں برس سر مارے كيا مقدور هي كه اُس كے ايك نكتے كو دريافت كرے!

وُہ هي دانش آموز ايسا بڑا — که حکمت سے خامے کو اُس نے اُٹھا
کيا تختۂ خاک پر وُہ رقم — که جس سے نہو کُچھ کبھي بيش و کم
خِرَد کو کيا اُس نے روشن بصر — چراغِ هدايت کيا جلوه گر

PRAISE OF MUHAMMAD.

هزاروں دُرود نثار جنابِ انبيا و رُسُل کے هوں که جنهوں نے اهلِ جهان کو گُمراهي کے کوچے سے هدايت کي شاه راه کو پهُنچايا اور ظُلم و فساد کي بُنياد کو يک قلم ڈهايا * خُصوص اُس جنابِ پاک سردفترِ انبيا صدرنشينِ محفلِ اصفيا مُحمّد مُصطفي صلّي اللّه عليهِ و آلهِ و اصحابهِ و سلّم کے که انا مدينة العلم شان اُسکي هي

ستون اُسکے معجز سے گويا هوا — قمر کو فلک پر دو حصّے کيا
هوئے اُسکے محکوم سب اهلِ تاج — ديا اُسکو کسري و کي نے خراج

يے صفاتيں اُسکي صفتوں ميں ادني هيں

ACCOUNT OF HAFIẒU-D-DÍN, TRANSLATOR OF THE KHIRAD-AFROZ.

بعد حمد و نعت کے شيخ حفيظ الدّين احمد بن شيخ هلال الدين مُحمّد بن شيخ مُحمّد ذاکر صديقي کهتا هي که اِس فقير کے جدّ پهلے عرب سے دکّهن کو آئے بعد دو تين پُشتوں کے شيخ حسن مرحوم و مغفور جنّة البلاد بنگالے کو تشريف لائے * اُنکے عهد سے پانچ پُشت تلک توکّل و عبادت ميں گُذري چُنانچه اُنکي اولاد سے شيخ سعدي عُرف شاه پران قدّس سرّهٗ نے حضرت شاه عنايت اللّه عليهِ الرّحمة کي خدمت ميں جو حضرت شاه عبدُ اللّه کرماني رحمة اللّه عليهِ کي اولاد سے تهے نعمتيں حاصل کيں اور اُن سے تلقين هوکر زُهد و رياضت ميں حد سے زياده کمال کو پهُنچے به حسبِ اتّفاق حضرت قبله‌گاهي مدّ ظلّهُ السامي نے پيشه نوکري[1] کا اختيار کيا * اِس حقير نے بيس برس کے سن تلک هيسٹنگس صاحب کے مدرسے ميں[2] رهکر عُلومِ عربي و فارسي سے فراغت کي ـ تب تحصيل علم کے بعد فکرِ معيشت ميں جو انسان کو لازم هي در آيا اور کمپني بهادُر کے اِس مدرسهٔ[3] عاليه ميں نوکر هوا که جسکي بنا اميرِ پُر تدبير فتح نصيب سکندر شُکوه افلاطون منش عالي جاه فلک بارگاه زُبدهٔ نوينانِ عظيمُ الشّان مُشيرِ خاصِ شاهِ کيوان بارگاهِ انگلستان اشرفُ الاشراف مارکوئيس ولزلي گورنر جنرل بهادُر دام اقبالهٗ کے عهد ميں هوئي که جسکے وقت ميں داناؤں کي عزّت عالِموں کي توقير سرکشوں کي تاديب ظالموں کي تنبيه بمرتبه هي * هرچند که اُسکے عدل و انصاف کا بيان کرنا گويا آبِ دريا کو پيمانے سے ناپنا اور پهاڑ کتيں ترازو ميں تولنا هي ليکن از بسکه اُس کي آبِ شمشير نے گرد و غبارِ فتنه و فساد کا بِٹهايا هي اور اُس کے آئينهٔ

[1] نوکري 'Service in general' is here specifically used for 'public service,' 'service of the government.'
[2] The Native College in Calcutta, founded by Warren Hastings.
[3] The College of Fort William, generally, but improperly, called by the natives, Kalij.

راے و تدبير نے آرام چين کي صورت کو دکھايا اِس ليے کلمةُالحق کے اظہار پر زبان بے اختيار هي ورنہ ميں کہاں اور رُتبہ اُس کي مدح و ثنا کا کہاں ! اي اربابِ خِرد ! نظرِ انصاف سے ديکھئيے کہا خوب وقتِ فرحت اثر اور زمانہ بہتر سے بہتر هي ! شُکر احسان اُس اميرِ کبير کا بجا لائے کہ راے دابشليم کے عہد سے اب تلک راہِ خِردمندي کے قافلہ سالاروں کي با وجود آمد و رفت کے کوئي بھي ايسا عادِل رعيّت نواز ظالِم گُداز سايہ انداز رعاياے هند کا هوا هي کہ جِس کے عصر ميں ظُلم کا نام و نِشان صفحۂ عالم سے ايک قلم مانند حرفِ غلط کے اُٹھ گيا هو ؟ راے دابشليم آئينِ حِکمت کے سيکھنے کے واسطے سرانديپ کو گيا تھا * اب سرانديپ کے دانا هزار آرزو سے اُس کے خِرمنِ فہم و اِدراک کے خوشہ چين هئيں * آگے شيرِ زمين شتربہ کا آرزومند تھا * اب هر ايک گلے بئيل شيرِ فلک سے بے پروا هي * آگے دمنۂ مکّار کا بازار گرم تھا * اب کليلۂ راست باز کامياب هي * غرض ايسا اهلِ شُکوہ صاحبِ عدل يکتاے عصر زمانِ سلف سے اب تلک نہيں هوا هي -

يکتاے جہان هي وُہ خِرد ميں — هي اُسکي شُکوہ چار حد ميں
هي وُهي هزبر بيشۂ رزم — رنگيں هي اُسي سے عيش کي بزم *

ايک دن قوانين ريختہ کے مُعلّمِ اوّل ارسطو منش والا فہم عالي طبيعت صاحبِ جود و سخا وُہ مصدرِ اشفاق هي — هوسکے بذل و کرم کا اُس کے مُجھسے کہا بيان ؟
آرزوئے دِل بر آتي هي زِبس شام و سحر — کہتي هي خِلقت در اُس کا فيض کا هي آستان

TRANSLATION OF THE AYÁR-I DÁNISH INTO URDÚ BY ORDER OF DR. GILCHRIST.

مُدرّس هندي جان گِلکرسٹ صاحب بہادر دام دولتہٗ نے فرمايا کہ ترجمہ عيار دانش کا جو في الحقيقت دانش کي کسوٹي اور آئينِ سلطنت کا دستورُ العمل هي کر * حقير نے اُن کا حُکم بجا لاکر ترجمہ کرنے پر کمر باندهي خُدا کے فضل سے حُسنِ انصرام کو پہنچا اور نام اُس کا خِرد افروز رکھا -

NAME AND HISTORY OF THIS BOOK.

بعد اِتمام کے تاريخ اِس کي — چاها ميں لِکھوں لگا اپنا جي
آئي هاتف سے ندا يوں في الفور — خِرد افروزِ جہاں يہہ هيگي *

اُمّيد هي کہ اميرِ کبير کے پسند پڑے اور اُن کي نظرِ کيميا اثر سے گُذرے اور تمام اربابِ دانش سے توقّع يہہ هي کہ اُسے اِنصاف کي نظر سے ديکھيں اگر کُچھ خطا هوئي هو اِصلاح فرماويں * عقلمندوں پر يہہ بات چھپي نہ رهے کہ اگلے زمانے ميں حکيم بيدپلے برهمن نے راے دابشليم هندي کے حُکم سے جو هندوستان کي کِسي سرحد کا حاکِم تھا کِتابِ کليلہ دمنہ (جِسے هندي زبان ميں کرٹک دمنک کہتے هئيں) تصنيف کي تھي * جب راے دابشليم سمجھا کہ دِل هر وقت حِکمت کي باتوں کے سُننے پر مائِل نہيں هوتا اور طبيعت افسانوں پر کمال رغبت رکھتي هي حکيمِ مذکور سے درخواست کي کہ اگلے داناؤں کي

خِرَد افروز — سبب تصنیفِ اصلِ کتاب کا

نصیحتیں (جو دانش کي ترازو میں تولي گئي ہیں) بہ طور افسانوں کے بے زبانوں کي زبان سے ادا کر تاکہ غرض سے پاک ہوکر ہمیشہ کہا خوشي اور کہا تشویش میں اُس کتاب کے پڑھنے سے جي نہ اُکتاوے اور ملال نہ آوے * سچ ہي کہ یہہ کتاب بادشاہوں کے واسطے جہاں‌داري کے قواعد کے حق میں ایک یادگار ہي اور عالي جاہ پادشاہوں کے لیئے مردُم شناسي اور رعیّت پروَري کے ضابطوں کي ایک فہرست ہي

بہارِ حُسن اُسکي یوں دِل و جان تازہ رکھتي ہي بہ رنگِ اصحابِ صورت اور بو سے اہلِ معني کو

REASONS FOR ITS TRANSLATION.

ہندوستان کے پادشاہ اِس پندنامے کو نالائقوں کي نظر سے چھپا کر ہمیشہ مُہمّاتِ مُلکي و مالي میں اپنا دستورُ العمَل جانتے تھے اور اطرافِ عالم کے حاکم اِس کتاب کا شُہرہ سُن کر تلاش میں تھے * کہتے ہیں کہ نوشیروان[1] نے ہندوستان کے ایک برہمن سے پوچھا کہ مُلکِ یونان میں مشہور ہي کہ ہندوستان کي سر زمین میں پہاڑ ہیں وہاں وے دَوائیں پیدا ہوتي ہیں کہ جن سے مُردہ زِندہ ہووے یہہ بات سچ ہي کہ نہیں اور اُنکے ہاتھ لگنے کا طریق کیا ہي ؟ برہمن نے کہا سچ ہي - پر یہہ اگلے داناؤں کي رمز ہي کہ اُنہوں نے پہاڑوں سے دانا مُراد لیئے ہیں اور دواؤں سے حِکمت کي باتیں مُردوں سے نادان - کہ دانش کے وسیلے سے عمرِ ابدي کو پہُنچتے ہیں - اور اُن باتوں کو ہند کے داناؤں نے جمع کرکے ایک کتاب بنائي ہي جِسکا نام کلیلہ دمنہ ہي * پادشاہوں کے خزانے میں رہتي ہي - وہاں سے ہاتھ لگتي ہي پر بہُت سي کوشش سے *[2] نوشیروان کو اِس کتابِ مُبارک کے دیکھنے کا کمال شوق ہوا - تب پزرویہ طبیب کو (جو دانش و تدبیر میں یکتاے عصر تھا) اِس دستورُ العملِ خِرَد کي تلاش کے واسطے ہندوستان کو بھیجا * طبیبِ مذکور نے ہندوستان میں آکر بہُت مُدّت تلک اِس کتاب کے بہم پہُنچانے کے واسطے اقسام کے حیلے اور وسیلے برپا کیئے - پھر اُس کو ہندي سے پہلوي زبان میں ترجمہ کرکے نوشیروان کي محفلِ عالي میں تُحفہ گُذرانا اور اِس کام کے وسیلے سے لائق آفرین و تحسین کے ہوکر کامیاب ہوا * نوشیروان نے اِس کتاب کے دیکھنے سے مخوش ہو اُمورِ مُلکي و مالي کا مدار اِسي کے قاعدوں پر رکھا * ابو المعالي نصرُ اللہ مُستوفي مُترجمِ کلیلہ دمنہ کا ابنِ مُقفّع سے روایت کرتا ہي کہ بادشاہِ عادِل نوشیروان (جو عقل و عدالت سے کمال بہرہ رکھتا تھا اور ہرایک عِلم کے آغاز سے انجام تلک حاصِل کرنے میں کمرِ ہمّت کي باندھتا تھا) سُنا اُس نے کہ ہندوستان کے راجوں کے خزانے میں ایک کتاب ہي جِس کو بے زبانوں کي زبان سے بنایا ہي اور حِکمت کو ظرافت کے پردے میں چھپایا ہي * بادشاہوں کے حق میں آدابِ سلطنت کے واسطے ایک دستورُ العمل ہي نوشیروان کے دِل میں شوق پیدا ہوا - تب وِلایت کے کار پردازوں

---

[1] Nausherwán, the son of Kubád, surnamed *al-'ádil*, 'the Just,' and called by the Arabs Kisra, and by the Persians Khusrau (our Chosroes), was the twentieth King of the fourth dynasty of Persia, viz., that of the Sassanides or Khusravians. He was co-temporary with Justin and Justinian. After a glorious reign of 48 years, he died, and was succeeded by his son Hurmuzd. Muḥammad was born in his reign, A.D. 578. [See D'Herbelot, *s.v.*]

[2] The original edition has here the words یہاں تلک کہ *yahán talak kih*, which are much better expunged, as they only impair the sense.

سے فرمایا کہ ایسے ایک دانا کي تلاش کیجیئے جو زبانِ فارسي و ہندي جانے - چالاک طبع اور زبان آور ہوے * لوگوں نے مُدّت تک تلاش کرکے بزرویہ نام ایک جوان کو پایا جو نہایت ذو فُنون و اہلِ فہم تھا اور تمام فضیلتوں سے عِلمِ طِبّ میں زیادہ مشہور - اُس کو نوشیروان کے حُضور لے گئے * اُس نے فرمایا کہ تُجھے بہُت ڈھونڈھکر پایا ہي اور ایک بڑے کام پر بھیجتا ہوں اِس لیئے کہ تیري دانائي کا احوال مُجھے معلوم ہوا کہ تو طلَبِ عِلم اور تحصیلِ ہُنر کا کمال شوق رکھتا ہي * کہتے ہیں کہ ہندوستان میں ایک نادِر کِتاب ہي :- چاہتا ہوں کہ اِس مُلک میں نقل اُس کي آوے * چاہئیے کہ تو اُس مُلک کے سیر و سَفر پر مُستعد ہوے اور جِتني کوشش سے ہو سکے اُس کِتاب کو اور حِکمت کي کِتابوں کے ساتھ بہَم پہُنچاوے *

بزرویہ نے اپني سعادت جانکر اِس خِدمت کو قبول کیا اور ایک اچھي ساعت میں روانہ ہوا * نوشیروان نے پچاس توڑے (کہ ہر ایک میں دس ہزار دینار تھے) اُس کے ساتھ کردیئے * لشکر کے سردار اور ارکانِ دولت اُس کے پہُنچانے کو چلے * بزرویہ بہُت سا خوش ہوکر روانہ ہوا اور کِتنے ماجروں کے بعد ہندوستان میں پہُنچا * کِسو طوَر سے پادشاہ ہند کي بارگاہ میں آیا اور دانائوں کي مجلِس میں پھرنے لگا اور راے کے مُقرّبوں اور مُلک کے داناؤں کا احوال پوچھنے * ہر ایک سے ظاہِر کرتا تھا کہ میں نے طالبِ عِلمي کے واسطے سفَر اِختیار کیا ہي - شاگِردي کے لیئے میں آیا ہوں * اگرچہ علم سے بہرہ رکھتا تھا پر اپنے تئیں نادان ظاہِر کرتا اور دوست و آشنا بہَم پہُنچاتا اور ہر ایک کو آزماتا یہاں تلَک کہ ایسے شخص سے دوستي بہَم پہُنچائي جو دانِش میں مُمتاز تھا اور سمجھا کہ اگر کُنجي اِس بھید کي اُس کے ہاتھ دوں تو البتہ قُفل مطلب کا کھُلے * اُسے گاڑھي دوستي بہم پہُنچا کے ایک دِن کہا اي برادرِ عزیز ! میں نے اپنے مطلب کو تُجھ سے نہایت چھپایا لیکِن عقلمند کو ایک اِشارہ بس ہي * دانا برھمن نے کہا کہ تو نے اگرچہ اپنے مقصد کو مُجھ سے چھپایا لیکِن میں نے دریافت کیا ہي - جب تو نے آپ ظاہِر کیا اب میں بیان کرتا ہوں - یقیناً تو اِس لیئے آیا ہي کہ اَسرارِ حِکمت کے خزانے ہمارے مُلک سے لے جاوے اور اپنے پادشاہ کو اُسے دولتمند کرے - بِنا اِس کام کي تونے فریب پر رکھي تھي * میں تیرے کام میں حیران و مُنتظِر تھا کہ باتوں باتوں کوئي لفظ جِسّے غرَض دریافت ہووے تیرے مُنہہ سے نِکلے ایسا اِتّفاق نہ ہوتا تھا * اِس ہوشیاري و دانِش کے سبب میں زیادہ مُعتقِد ہوا * کِسي کو اِتني اِحتیاط نہیں ہوتي ہي کہ ایسے سفَر میں اُن لوگوں کے ساتھ گُذران کرے کہ نہ وے اُس کو پہچانتے ہوں نہ وُہ اُن کي خو اور خصلتوں سے واقِف ہو ساتھ اِس کے اِس صِفَت سے موصوف ہو جیسا تو ہي اور اِتني اِحتیاط و حفاظت کرے * دانا کو آٹھ خصلتوں سے پہچانئے * پہلي بُردباري * دوسري اپنے تئیں دریافت کرنا اور اندازے کو نِگاہ میں رکھنا * تیسري فرمان برداري پادشاہوں کي اور اُن کي رضا حاصِل کرني * چوتھي بھید کے ظاہِر کرنے کي جگہہ سمجھني اور جانا اِس بات کو کہ محرمِ راز کوں ہو سکے * پانچویں اپنے بھید کو اوروں سے

چھپانا اور اُس میں زیادہ احتیاط کرنی * چھٹی پادشاہ کی بارگاہ میں ارکانِ دولت کے دلوں کو اچھی باتوں سے ہاتھ میں لانا * ساتویں اپنی زبان کے تھانبھنے پر قادر ہونا اور بہ قدرِ احتیاج بولنا * آٹھویں مجلسوں میں چُپکا رہنا اور جس بات کو نہ پوچھیں اُسکے کہنے سے کنارہ کرنا تا کہ پشیماني نہ ہو * جس میں یے صفتیں ہوں اپنے مطلب کو پہنچے اور یے باتیں تجھ میں ہیں ـ پر معلوم ہوا کہ تیري دوستي میرے ساتھ غرض کي تھي پر جو شخص اِتني صفتوں سے موصوف ہو عقل سے بعید ہي کہ اُسکي رضا جوئي نہ کیجئے ـ ہرچند اِس آرزوے کمال سے دہشت مجھ پر غالب ہوئي کہ خطرناک کام دکھلائي دیا ـ مبادا لوگ راجا کو یہہ خبر پہنچاویں اور میرا سر جائے * پزروِیہ نے جب دیکھا کہ میرے چہرے سے پوشیدہ بھید اُس نے دریافت کئے ہیں سر نہوڑا کر کہا کہ میں نے تیري بزرگي و دانشمندي اور مسافر نوازي پر اِعتماد کرکے اُس بھید کو کھولا تھا * تو خود ایک ہي اِشارت سے تمام دل کے بھیدوں سے واقف ہوا اور اُس کے بیان سے مجھے بے نیاز کیا * مجھے تیري دوستي سے یہي توقع تھي اور عقلمند اگر کسي قلعے کي پناہ لے یا کسي محکم جگہہ میں رجوع لاوے بلاؤں سے محفوظ رہے * برہمن نے کہا ہاں سچ کہتا ہي تو کہ عقلمندوں کے نزدیک دوستي سے بڑي کوئي چیز نہیں اگر دوستي میں جان و مال جاوے تب بھي کم ہي ـ لیکن بھید کا چھپانا اس میں اصل کام ہي * پزروِیہ نے کہا سچ ہي پر تم جانتے ہو کہ میں مسافر ہوں اور کوئي محرم راز میرا نہیں * صرف تمھارے ہي کرم و نوازش پر میں نے اِعتماد کیا ہي اور اُمیدوار ہوں کہ اپني نیک ذاتي سے میري اِس آرزو کو بر لاؤ اور یہہ بھي تم جانتے ہو کہ مجھ سے اِس راز کا ظاہر ہونا ممکن نہیں پر تم اپنے آشناؤں اور مقربوں سے ڈرتے ہو کہ اگر وے خبر پاویں پادشاہ کے غضب میں ڈالیں * •

برہمن نے پزروِیہ کي بات کي طرز پسند کي ـ چھپاکر وہ کتاب اور کتابوں کے ساتھ اُس کے حوالے کي اور پزروِیہ کمال خوف کے ساتھ اُس کے لکھنے میں مشغول ہوا * اُس کي اور اور کتابوں کي بھي نقلیں لیں ـ ایک اِعتباري شخص کو نوشیروان کي خدمت میں بھیج کر حصولِ مطلب کي خوش خبري سے آگاہ کیا * وہ پادشاہ اِس مژدے سے خوش ہوا اور چاہتا تھا کہ جلد پہنچے * اُسي روز فرمان اِس مضمون سے لکھا کہ اپنے آنے میں اور مقصود کے پہنچانے میں اِہتمام بجا لاؤ اور دل قوي کرکے بہ اُمیدِ تمام میري بارگاہ میں حاضر ہوجاؤ اور اُس کتاب کو عزیز رکھیو کہ میري طبیعت اُس میں لگ رہي ہي اور اُسکے لے آنے کي تدبیر عقل کي صلاح کے بہ موجب کیجیو کہ خدا تعالیٰ اپنے دانا بندوں کو دوست رکھتا ہي اور اُن کي نگہباني کرتا ہي * فرمان کو مہر کرکے قاصد کو سونپ تقیّد فرمائي کہ شاہراہ کو چھوڑکر چلے تاکہ دشمنوں کے ہاتھ سے سلامت پہنچے * جب اُسنے فرمان پزروِیہ کو لا دیا وہ آداب بجا لاکر روانہ ہوا اور جب نوشیرواں کے ملک کي سرحد میں پہنچا پادشاہ کو خبر ہوئي * مقربانِ خاص اُس کے اِستقبال کو آئے اور کمالِ عزت سے اُسے لائے

پزرویہ کورنش بجا لایا اور پادشاهي نوازشوں سے سرفراز هوا * پادشاہ نے فرمایا که تو نے اچھي خدمت کي * آفرین تیري همّت پر هي * ازبسکه راہ کا تھکا هوا تھا اور رنج سفر کا اُٹھایا تھا حُکم هوا که ایک هفتے تلک آرام کرے - بعد اسکے حُضور میں حاضر هووے * ساتویں روز ایک بڑي مجلس کي * مُلک کے داناؤں کو بُلوایا اور پزرویہ کو طلب کرکے اِشارہ کیا که اِس کتاب کا مضمون حاضرانِ مجلس کو سُنا * جب اُس نے پڑھکر سُنایا سب حیران هوئے * پھر هرایک نے شُکر اُس خُدا کا (که جس نے یہہ دولت بخشي) بجا لاکر پزرویہ کو شاباشي دي * پادشاہ نے فرمایا که خزانے کا مُنہہ کھول دیں * پزرویہ سے کہا اور قسمیں دیں که بے مُلاحظہ آ اور جس قدر منظور هووے زر و جواهر اُٹھا لے * اُس نے آداب بجا لاکر عرض کي که جہانپناہ کي نوازش نے مُجھے مال سے بے نیاز کیا هي لیکن جو اِتني قسمیں دیں هیں ایک خلعت عنایت فرمائے * پھر کہا که اگر میں نے اِس کام میں محنت اُٹھائي اور خوف و رجا میں گذران کي تو صرف بادشاہ کے حُصولِ رضا کي توقّع سے تھي * اِخلاص‌مند غُلاموں سے صرف کوشش هو سکتي هي - نہیں تو حُصولِ مطلب جہانپناہ کے بخت و اِقبال کي یاوري سے هي - لیکن میري ایک عرض هي که بادشاہ کي مہرباني کے آگے جس کي کُچھ قدر نہیں اگر حاصل هو تو مُجھے ظاهر و باطن کي بُزرگي هوگي * بادشاہ نے فرمایا وُہ حاجت که جسّے اور کوئي بڑي نہ هو عرض کر - میري درگاہ میں مقبول هي * اِس نے عرض کي بُزرجمہر[1] کو جو اُس ترجمے کي ترتیب دینے کے واسطے حُکم هوا هي امر هو که اِس میں ایک باب جُدا میرے احوال کا لکھے اور اُس میں میرے پیشے کو اور نسب و مذهب کو درج کردے اور اُس باب کو جس مقام میں جہانپناہ کي مرضي هووے داخل کرے - تا بندے کي شرافت زمانے میں باقي رهے اور شُہرہ آپ کي نیک‌نامي کا جگ میں پہُنچے *

نوشیرواں اور حاضرانِ مجلس نے تعجّب کیا اور اُس کي همّتِ عالي اور عقلِ کامل پر آفرین کي اور سب نے مِل‌کر عرض کي که اُس کا یہہ رُتبہ هي * تب نوشیروان نے بُزرجمہر کو بُلواکر فرمایا که پزرویہ کي اِخلاص‌مندي و خدمت گُذاري کے مرتبے کو تُم نے دریافت کیا اور جانتے هو - کہا کہا خطرے همارے کام میں اُس نے اٹھائے هیں * چاهتا تھا که نقد و جواهر اُسے اِس قدر بخشوں که اُس کے دِل میں کوئي آرزو نہ رهے * همّت سے اُس نے قبول نہ کیا اور درخواست کي که اِس کتاب میں اُس کے نام سے جُدا ایک باب لکھا جاوے جس میں تمام احوال اُس کي پیدایش سے آج تلک کا که دولتِ مُلازمت هماري اُس نے پائي هي تحریر هو * هم نے اُس کي درخواست کو قبول کیا هي * چاهئے که اِس باب کو اچھي طرح سے لکھکر اوّلِ کتاب میں داخل کرو * پزرویہ سجدہ شُکر کا بجا لایا اور دُعائیں دیں * بُزرجمہر نے اِس باب کو ایک اچھي ترتیب سے لکھکر بارِ عام کے دِن پزرویہ اور تمام ارکانِ دولت کے

[1] Buzurjmihr or Buzurg Mihr was the Vazír of Nausherwán, and preceptor of his son Hurmuzd. Some ascribe to him the invention of chess and backgammon. He renounced the errors of Sabianism, and became a Christian, for which Khusraŭ Parvíz, the successor of Hurmuzd, put him to death.

آگے پڑھا * تمام داناؤں نے بُزُرجمہر کے سُخن پر آفرین کي اور نوشیروان نے بڑا صِلہ عِنایت فرمایا * پزرویہ نے زمین بوس ہوکر پادشاہ کي نوازشوں کا شُکر کیا اور دُعائیں دیں کہ آپ کي تَوجُّہِ عالي سے مُجھہ سا غریب یہہ خِدمت بجا لایا اور آپ کي رِضا حاصِل کرکے مَیں نے ایسي عِزّت پائي * لوگ جب اِس کِتاب کو پڑھینگے تو جانینگے کہ پادشاھوں کي اِطاعت سب عِبادتوں سے بِہتر ھي اور شرافت اُسي کو حاصِل ھوگي کہ جِس پر پادشاہ نظرِ عِنایت کي فرماوے اور اُسکے ھمچشموں اور بھائیوں سے مُمتاز کرے *

غرَض فارِس کے حکیموں نے اِس عجیب و غریب کِتاب کي نقلیں لیں اور غیروں کي نظر سے چھپانے مَیں کمال اِحتیاط کرنے لگے * نوشیروان کے ایّام کے بعد تمام عجَم کے پادشاہ بھي اِس نادِر کِتاب کے چھپانے مَیں کوشش کرتے تھے یہاں تلک کہ سلطنت ابو جعفر منصور[1] دَوانقي[2] کو جو عبّاسیوں کا خلیفۂ دُوم تھا پہُنچي - اُس نے بہُت کوشش سے کِتابِ کلیلہ دمنہ کہ پہلوي[3] زبان مَیں ترتیب دي گئي تھي بہم پہُنچاکر اِمام ابو الحسَن عبدالمُقتَفع[4] کو جو اُس عصو کے شاعروں مَیں ملکُ الشعرا تھا فرمایا کہ اِسے پہلوي سے عَربي زبان مَیں ترجمہ کر * پھر ھمیشہ اپني نظر مَیں رکھکے کار و بارِ سلطنت کي بِنا اِسي پر ٹھہرائي تھي * بعد اِسکے ابو الحسَن نصر بِن احمدِ ساماني[5] کے حُکم سے زبانِ عَربي سے فارسي مَیں ترجمہ ھوئي اور رودکي[6] نے سُلطان محمود غزنوي[7] کے حُکم سے اِس کو نظم کیا - پھر ابو المعالي نصرُاللہ[8] مُستوفي نے حُکم سے بہرام شاہ[9] بِن سُلطان مسعود کے جو سُلطان محمود غزنوي کي اولاد سے تھا عربي کلیلہ دمنہ کو کہ جِسے اِبنِ مُقتَفع نے لِکھا تھا زبانِ فارسي مَیں ترجمہ کیا - کلیلہ دمنہ جو اب مشہور ھي وھي ھي * جو اُس کِتاب مَیں عَربي شعر اور مُشکِل لُغتیں بہُت سي تھیں اِس لِئے مولانا حُسَیں واعِظ نے ایما سے امیر شمس سُہَیلي[10] کے جو مُہردار سُلطانِ کامگار سُلطان حُسَیں[11] میرزا کا تھا اُس کو بہ طَورِ واضِح ترتیب دے کر

---

[1] The second Khalífah of the 'Abbásí dynasty, succeeded his brother Abú 'l 'Abbás Ṣifá, A.H. 136.

[2] So in the original, but probably a mistake for زنادِقہ *zanádiḳah*, plural of زندیق *zindíḳ*, 'atheists': a title of Abú Manṣúr, because in his reign a sect arose who worshipped the Khalífah, saying that the spirit of Alí resided in him. Manṣúr put them down with the sword.

[3] The ancient language of Persia.

[4] D'Herbelot gives no additional particulars respecting this personage, but see page xv. of Translator's Preface to the 'Anvár-i Suhailí.' Hertford, 1854.

[5] This was the third prince of the family of Sámán, and to him M'utamad, fourteenth Khalífah of the house of 'Abbás, gave the government of Transoxiana, A.H. 261. [See page xv. of the Preface to Translation of the 'Anvár-i Suhailí.' Hertford, 1854.]

[6] Rúdakí was the earliest of the Persian poets. He received 80,000 dirhams for his version of Bídpáí's fables. See Elphinstone's India, vol. 1, p. 563, note †. [See also page xv. of the Preface to Translation of the 'Anvár-i Suhailí.' Hertford, 1854.]

[7] Maḥmúd of Ghazní, the founder of the Ghaznivite dynasty, succeeded his father, Naṣru-d-dín, A.D. 997. He was the munificent patron of Firdausí, and of a host of other celebrated and learned men.

[8] See page xv. of the Preface to Eastwick's 'Anvár-i Suhailí.'

[9] Bahrám Sháh, son of Masa'úd, was the thirteenth Sultán of the Ghaznivites. His son, Khusrau Sháh, was the last of the dynasty, and after him the house of Ghúr mounted the throne. Bahrám Sháh was a great patron of literary men. He died A.H. 567, A.D. 1151.

[10] See pages xv., xvi. of the Preface to 'Anvár-i Suhailí.'

[11] Husain Mírzá, king of Khurásán, son of Manṣúr, the son of Baikarah, the son of 'Umar Shekh, second son of Timúr or Tamerlane, was surnamed Abú 'l Ghází, on account of his victories. He was a great patron of learned men; and Khondemir finished his history at his Court. He died A.H. 911 = A.D. 1505.

انوارِ سُہَيلي[1] نام رکھا ـ جب حضرت جہان‌دار نِہايۂ کِردِگار ابو الفتح جلالُ الدّين مُحمّد اکبر[2] بادشاہِ غازي کي نظرِ کيميا اَثر انوارِ سُہَيلي پر پڑي اُس کي ترتيب کو اُس نے پسَند کيا اور مُقرّبِ خاص ابو الفضل[3] بِن مُبارک هاشمي سے فرمايا که اگرچه انوارِ سُہَيلي کليله دمنهٔ مشهور کي نِسبت جلد لوگوں کي سمجھ مِيں آتي هي ليکِن تب بهي عَربي لفظوں اور عجم کے اِستِعاروں سے خالي نہيں هي * مُناسِب يِہ هي که تو اُس کے بعضے لفظوں کو نِکالے اور عِبارت کو نه بڑھا کر سليس محاورے سے لِکھے تا خاص و عام کو فائِده پہُنچے اور مطلب تمام هووے *

حُکم سے بادشاه کے جو ترجمه زُبانِ اِلٰهي کا هي اُس نے کِتاب کو انوارِ سُہَيلي کے دستور پر ترتيب ديا ـ ليکِن وے دو باب که جِنهِيں مولانا حُسَين واعِظ نے کليله دمنهٔ مشهور سے نِکالا تها اِس کِتاب مِيں لِکھے کيونکه اُن دونوں باب کو اگرچه اصل قِصّے سے علاقه نہيں ليکن اُن سے اکثر اچّهي اچّهي باتيں داناؤں کے ذِهن نشين هوتي هيں * قطعِ[4] نظر اِسسے که باتيں خُدا شناسي کي اُن مِيں مذکور هيں جب بزرويه نے نهايت کوشش سے اُس پند نامے کو بہم پہُنچا کر پہلوي زبان مِيں ترجمه کيا تها اُس کا بڑا حق ثابت هي ـ خُصوص جب که اِس نے اُجرت اُس خِدمت کي يهي مُقرّر کي که اُس کے احوال کو کِتاب مِيں ذِکر کريں اور بُزُرجمهر کا بهي اُس کِتاب کي ترتيب دينے کے سبب حق هي[5] اِس لِئے اُن دونوں بابوں کے نِکالنے کو حق گُذاري کے آئين سے بعيد جانا *

CONTENTS OF THE SIXTEEN CHAPTERS OF THIS BOOK.

پهلا باب	بُزُرجمهر کي گُفتگو مِيں جو اِس کِتاب سے مُناسَبَت رکهتي هي
دوسرا باب	بزرويه طبيب کے احوال مِيں
تيسرا باب	چُغَل خوروں کي بات سُننے مِيں
چوتها باب	بدکاروں کے سزا پانے اور اُن کي عاقِبت خراب هونے مِيں
پانچواں باب	يکدِل دوستوں کے فائِدوں مِيں
چهٹا باب	دُشمنوں کے کار و بار کے سوچنے اور اُن کے فريب سے نِڈر نه رهنے مِيں
ساتواں باب	نادانِي سے مقصد کهونے کے زيان مِيں اور حُصولِ مقصد کے دير کرنے مِيں
آٹهواں باب	کاموں مِيں شِتابي نه کرنے کے بيان مِيں
نَواں باب	دور انديشي کے بيان مِيں اور فريب کرکے دُشمن کے هاتهه سے بچنے مِيں
دسواں باب	پرهيز کرنے مِيں اهلِ کينه سے اور اِعتِماد نکرنے مِيں جاپلوسي پر اُن کي

[1] See 'Anvár-i Suhailí,' Translation, page 10.
[2] Born October 14th, 1542. One of the greatest and wisest of the Mughul Emperors. He died A.D. 1605.
[3] Abú 'l Fazl was the Vazír of Akbar.
[4] قطعِ نظر *kaṭ'a-i naẓar* (lit., 'cutting off the sight,') 'even leaving out the consideration,' 'independent of the fact.'
[5] حق هي *ḥakk hai*, 'has a claim to be mentioned.'

گيارهواں باب بخشنے مےں گُناهوں کے کہ پادشاهوں کے وصفوں مےں ايک اچّها وصف هي
بارهواں باب کاموں کے بدلا پانے مےں
تيرهواں باب به سبب زيادہ طلبي کے اپنے کام سے باز رهنے کے بيان مےں
چودهواں باب دانِش و وقار کي بُزُرگي اور کاموں مےں جلدي نہ کرنے کے بيان مےں
پندرهوں باب اِحتِراز کرنے مےں پادشاهوں کے بے وفاؤں اور بد انديشوں کي باتوں سے
سولهواں باب زمانے کي گردِش کي طرف اِلتِفات نہ کرنے مےں اِس لئے کہ جو کُچھ هوتا هي تقديرِ الٰهي سے هي *

ابو المعالي نصرُ اللّٰه مُستوفي نے کليلہ دمنۂ مشهور مےں لِکها هي که اُس کليلہ دمنہ مےں جِس کو بُزُرجمهر حکيم نے پهلوي زبان مےں ترتيب ديا هي سوله باب هےں * دس باب اصل کرتک دمنک کے اور چهہ باب حکيم مذکور نے زيادہ کئے هےں - اُن مےں سے چارہ باب رائے دابشليم اور بيدپاے بَرَهمن کے سُوال و جواب کے طور پر آخِرِ کِتاب مےں لِکهے اور دو باب اوّلِ کِتاب مےں - پس دريافت کيجئے کہ يہہ کِتاب بهي اِسي ترتيب پر لِکهي گئي * اُمّيد هي که حاکِمِ عصر کي پسند پڑے اور فائدہ اِس کا خاص و عام کو پهُنچے

اُمّيد که يہہ نامہ گِرامي هووے — آرايشِ بزمِ شادکامي هووے
گر هووے توجُّهِ اميرِ دوراں — پاوے وُہ نام جِسّے نامي هووے *

پہلا باب

بزرجمہر کي گفتگو ميں جو اِس کتاب سے مناسبت رکھتي هي

CHAP. I—HISTORY OF THE WORK AS GIVEN BY THE PHILOSOPHER BUZURJMIHR.

جانا چاهئے که کتاب کليله دمنه تاليف کي هوئي هند کے داناؤں کي هي - اقسامِ حکمت اور آدابِ پند و نصيحت اور مثلوں ميں جو مناسب مقام کے هيں * هميشه مُلکِ يونان اور فارس و هند وغيرہ هر مُلک کے داناؤں نے کوشش کي تهي که آدابِ شاهي اور مُلک داري کے آئينوں ميں کوئي کتاب لکهئے * آخر هندوستان کے حُکما کو يه صورت سوجهي که اُنهوں نے اچهي اچهي باتيں بے زبانوں کي زبان سے جمع کيں اور کئي فائدے اُس ميں رکهے که سُخن کو ايک قوّت هوئي که جس بات کو شُروع کيا خاطر خواه انصرام کو پهنچايا اور پند و حکمت کو بازي و هزل کے ساتھ ملايا - اِس ليے که دانا اُس کي حکمت آميز باتوں سے فائدہ اُٹهاويں اور نادان قصّه و افسانے کے طور سے ياد کريں - تا اِس وسيلے سے دولت اُن کے بهي هاتھ لگے - اور لڑکے (جو تحصيلِ علم کي سعي ميں هيں) علم تصوّر کرکے سيکهيں اور آساني سے ياد کريں - جب بڑے اور عاقل اور تجربے کے قابل هوں اگر وے ياد کي هوئي باتيں فکر کريں تو اپنے دل کو مخزن علم کا جانيں اور دانش کے گنجِ عظيم کو پهنچيں * مثال اُس کي يه هي جيسے لڑکا چهٹپنے اور نادانی سے نکل کر تميز کے درجے کو پهنچے اور دولت (جو باپ نے اُس کے واسطے رکهي تهي) اُسے پاکر تونگر هوے اور تمام عُمر گذران کي فکر سے نچنت هو جاوے * اِس کتاب کے پڑهنےوالے کو چاهئے که اِس کي تصنيف کي غرض سمجهے - نهيں تو اِسے فائدہ اُٹهانا نهايت دُشوار هوگا - اور شرطيں جو اِس کتاب کے پڑهنےوالوں کو چاهئں اُن ميں سے ايک يه هي که اِس کي عبارت کو دُرست پڑهے - پهر معاني کو غور کرے - کيوں که خط قالب معنوں کا هي جب تلک اُس کو خوب نه جانيگا معنے سمجهے نه جائينگے - اور يه قصد نه کرے که جلد تمام هو بلکه اُس کے مطلب کو آهسته آهسته غور کرے - نهيں تو ويسا هوگا *

حکايت

STORY OF THE FOOLISH MAN AND THE LABOURERS.

ايک آدمي نے کسي جنگل ميں دولت پائي * سوچا که اگر تمام دولت کو فقط آپ هي اُٹهاؤں تو ايک مُدّت گذر جائيگي تب بهي سب نه اُٹه سکيگي * بهتر هي که کئي مزدور لاؤں اور چارپاؤں کو کرائے کروں که ايک بارگي سب کي سب لے جاؤں * اِس

خيالِ خام پر نا آشنا اور نا آزمائے ہوئے مزدوروں کو بے تامّل اور بغير دور انديشي کے روپئوں کے توڑوں
سميت اپنے آگے رَوانہ کر ديا تا کہ کوئي اُس پر تُہمت نہ کرے * مزدور اُن روپئوں کو صلاح کرکے اپنے اپنے
گھر ليگئے * جب وُہ بے فکر مرد گھر پہُنچا ہاتھ اُس کے سِوائے حسرت و پشيماني کے کُچھ نہ لگا — اور حق يوں
ہي کہ فائدہ کِتاب کے سمجھنے مےں ہي نہ ياد کرنے مےں * اور جو شخص نا دانستہ کِسي کام کو شُروع
کرے ويسا ہي کہ کوئي شخص فارسي بوْلا چاہتا تھا * ايک سوْنے کي تختي اُس کي يہاں تھي * اپنے
ايک فاضل دوْست کے حوالے کي کہ اِس سوْنے کي تختي پر مےرے لئے زبانِ فارسي سے کُچھ لِکھوْ * جب
وُہ لِکھ چُکا تو اپنے گھر لےجاکر کبھي کبھي اُس کو ديکھا کرتا * آخِر اُس نے خيال کيا کہ مُجھے بڑي
فصاحت حاصِل ہوْ چُکي ہے * ايک بار کِسي محفل مےں غلَط فارسي بوْل رہا تھا — کِسي نے اُس کي
غلطي کو جو ٹوْکا تو ہنسکر کہنے لگا کہ مےري زبان سے کيوں کر چُوک ہوْگي؟ سوْنے کي تختي مےرے يہاں
رکھي ہے * بہر صورت آدمي پر واجِب ہي کہ حُصول دانِش کي کوْشش کرے اور سمجھنے کا قصد رکھے
کہ آدمي کو طلبِ دانِش اور مآلِ کار سمجھنا لازِم اور زِندگي کو دانائي نيکوْ کاري ضرور ہي * ادب کا نور
دِل کو روشن کرتا ہي * دولے تجربہ آدمي کو نا داني کي ہلاکت سے بچاتي ہي * ادب
آدمي کو عُمرِ ابدي بخشتا ہي اور درَختِ دانِش کا مےوہ نيکوْ کاري و کم آزاري ہي *
جو شخص مآلِ کار سمجھے اور مُوافِق اُس کے کام نہ کرے سو ويسا ہي جو راہ کي دہشت
سے مُطّلِع ہوْوے اور اُسي راہ چلے — آخِر لوٹا اور مارا جاوے — يا اُس بيمار کے مانند جو کھانے کي مضرّت
سے واقِف ہوْ تب بھي اِس طرح کھاوے کہ مر جاوے * جو آدمي چيزوں کي بدي سے مُطّلِع ہوْوے ساتھ
اِس کے آپ کو اُس مےں مُبتلا کرے سلامت کے تير کا نِشانہ ہوْگا * جيسے دو آدمي کِسي کوئے مےں
گرےں ايک اندھا دوسرا بينا — اگرچہ مرنے مےں دوْنوں شريک ہےں پر اندھے کا عُذر عقلمندوں کے نزديک
مقبول اور بہانہ بينا کا نا مسموع ہي — اور حُصولِ دانِش کا فائدہ يہہ ہي کہ شرافتِ ذاتي بہم پہُنچاوے
تا کہ دانِش کے وسيلے سے رضاے اِلٰہي بھي حاصِل ہوْوے * آپ عقلمند ہوْ لے[1] تو اوروں کي تعليم کي
کوْشِش کرے — جو اپني دُرستي کے آگے اوروں کي اِصلاح پر کمَر باندھے اور اپني طرف سے غافِل رہے
سو چشمے کے برابر ہي کہ اُس کے پاني سے سبھوں کو نفع پہُنچتا ہي اور وُہ خود اُسے بے خبَر — يا اُس
طبيبِ بيمار کے مانند جو اوروں کي دوا کرنے مےں مشغول ہوْ — يا اُس اندھے کے مانند جو اوروں کو راہ
بتاوے * آدم زاد کو چاہئے کہ دانِش و دولت سے پہلے اپنے تئيں بہرہ مند کرلے تب غےر کو بخشے —
پہلے اپنے اخلاق کو دُرست کرے تب اوروں کو باعِث ہو — آگے اپني اِحتياج دور کيا چاہئے تب
دوسرے کي رفعِ اِحتياج کي سعي کيجيے * جو نادان اِس بات کو ٹھيک سمجھے اُس اندھے کے مانند ہي

[1] آپ عقلمند ہوْ لے *āp 'aḳlmand ho le*, 'When one's own intellect is matured;' ہوْ لينا *ho lenā*, 'to be completed,' 'to be perfected.'

جو آنکھ کي دوا سے بےزار ہو * اور دانا کو ضرور ہے کام شُروع کرتے وقت انجام کار کو ٹھہرا لے اور کسي کام پر اِقدام کرنے کے آگے کوئي غرض مُقرّر کرلے - نہيں تو آخر حسرت و ندامت حاصِل ہوگي * داناؤں کے حال کے لائق يہہ ہے کہ عاقبت انديشي کو طلبِ دولت پر مُقدّم جانے - کيوں کہ جِس کي توجّہ دُنيا کي طرف کمتر ہے اُسے حسرت بھي اُس کي دُنيا سے کوچ کرتے وقت کم * اور جو شخص اپني ہمّت خُدا کي رضا جوئي مےں صرف کرے دُنيوي مقصد اُس کا بر آوے اور حيات ابدي بھي حاصل ہووے - اور جِس کي ہمّت طلبِ دُنيا کي طرف مصروف ہو زندگي اُس پر وبال ہو جاوے * سعي آدمي کي تين کام مےں بہتر ہے - جمع کرنا اسبابِ زندگي کا - لوگوں سے نيکي کرني - عاقبت کي راہ کا زادِ راہ تيار کرنا - اور سب کاموں مےں اچھا ہے پرہيز کرنا اُس چيز سے کہ عقل جِس کي اِجازت نہ دے اور وجہِ حلال کا ٹُکڑا کمانا[1] * ہرچند کہ کِسي وقت مےں خُدا کي رحمت سے اور زمانے کي مُوافقت سے نا اُمّيد نہ ہوا چاہيے پر کوشش چھوڑ فقط توکّل پر اِعتماد کرنا عقل سے بعيد ہے * کيوں کہ خُدا نے ہاتھ پاؤں اور تمام اسباب دِيئے ہيں کہ آدمي محنت کريں * اقسام سعادت اُسي کو حاصِل ہونگے کہ جِن کاموں کو عقل تجويز کرے اُن مےں وُہ مُستقِل رہے اور حُصولِ دولت مےں محنت و کوشش کو لازِم جانے - اتفاقاً اگر کِسي سُست کو ايک درجہ حاصِل ہو يا کِسي غافِل و بے وقوف نے رُتبہ پايا پےروي اُس کي نہ کرے * کيوں کہ صاحبِ بخت و دولت وہي ہووے جو دانا اِقبالمندوں کي پےروي واجِب جانے تا کِسي وقت توکّل کے مُقام کو نہ بھولے اور فضيلت کوشش سے بے بہرہ نہ ہووے * بہتر ہے کہ اگلوں کي خصلتوں کو پےشوا کرے اور قُدَما کے تجربے سے اپنے کاموں مےں نمود - اگر ہر بات مےں اپنے ہي تجربے کو مُعتبر جانيگا زندگي وفا نہ کريگي - ساتھ اُس کے عُمر محنت کے ساتھ کٹےگي * اگرچہ کہتے ہيں زيادہ کاري ازدِياد دانش کا سبب ہے پر قِياس کے رو سے بہتر ہے کہ اوروں کا زيان ديکھکر آپ ہوشيار ہو اور تجربے سے اُن کے خود فائدہ اُٹھاوے * کيوں کہ اگر اِس طريق کو چھوڑ اپنے ہي تجربے پر اِعتماد کريگا تو ہر روز ايک بلا مےں مُبتلا ہوگا اور جب تجربے کا ثُبوت و يقين ہوئيگا وقت مرگ کے خوش رہيگا * جو کوئي يے نصيحتيں نہ مانے وُہ پايداري حيات سے محروم اور کِتنے بےہودہ وصفوں سے موصوف ہووے اور وے يے ہيں * فُرصت کو ضايع کرنا * کام کے وقت سُستي لانا * جِس بات مےں احتمال جھوٹ کا ہے اُس کو سچ جاننا اور اُسے معقول باتوں پر قِياس کرنا اور قبول کرنا اُس کا اپني ہي رائے سے بے مشورت کِسي کي * چُغلخوروں کي بات پر التفات کرنا * اہلِ غرض مُفسِدوں کے کہنے سے غريب نوکر چاکروں کو اور تابعداروں کو ستانا * رَد کرنا طريقۂ نيک کا * نہ ماننا نيک ناموں کي باتوں کا * ہوا و ہوس مےں مُبتلا ہونا * يقين سے پھِرکر شک مےں پڑنا - جب دانا کو دُنيا کي بلائيں

---

[1] اور وجہہ حلال کا ٹکڑا کمانا *aur wajah-i ḥaldl-kd ṭukṛá kamáná*, 'to earn an honest pittance.'

گھےرےں چاہئے کہ راستي کي پناہ لے۔ نہ کہ چوک هي پر ثابت رہے اور اُس کو اِستقلال سمجھے * جو شخص بغےر رہبر کے نا دانستہ راہ مےں جاوے سيدهي راہ سے بهٹکے جتنا آگے بڑهےگا زيادہ راہ بهولےگا * جےسے اگر کانٹا کسي مِلےر کي آنکھ مےں پڑے اور اُسکے نِکالنے مےں کاہلي کرے تا چيز جان کر آنکھ کو اپني ملے بے شک اندها هو جاےگا * عقلمند کو چاہئے کہ راضي بہ رضاے اِلٰهي هو اور اِعتقاد اُس کا لوے پر دور انديشي بهي نہ چهوڑے ۔ جو بات اپنے پر نہ پسند کرے دوسرے کے حق مےں روادار اُس کا نہ هووے ۔ کہ هر ايک کام کي ايک جزا هي ۔ وُہ بر وقت ديکهني هوگي * اِس کِتاب کے پڑهنےوالوں کو چاہئے کہ معنے کے سمجهنے کا قصد رکهےں اور اُس کے معنوں سے اِستفادے کي طرز دريافت کرےں تو اور کِتابوں اور تجربوں سے بے پروا هو جاوےں اور اُس آدمي کے مانند نہ هووےں جو اندهےرے مےں گهونسا ماريں اور ديوار کے پيچهے پتهر پهےنکےں * جب مطلب کو اُس کے خوب سمجھ چُکےں تب اپنے کاموں کي بِنا لوگوں کے ساتھ گُذران کي تدبير اور کار و بار کے انجام کا مدار اُسي پر رکهےں تو مقصد کي صورت آئينۂ اُمّيد سے دکهائي ديوے اور همےشہ کامياب رهےں *

دوسرا باب

پزرویہ طبیب کے احوال میں

CHAP. II.—ACCOUNT OF THE PHYSICIAN PAZROYAH.

پزرویہ طبیب جو فارس کے طبیبوں کا سردار تھا کہتا ہے کہ باپ میرا لشکریوں سے اور ما میري دینِ زردشت کے عُلَما کے گھرانے کي بیٹي تھي * پہلي نعمت جو خُدا نے مُجھے دي سو ما باپ کي دوستي اور شفقت اُنکي میرے حال پر تھي - یہاں تلَک کہ میں اور بھائیوں سے مُمتاز اور زیادتي تربیت سے مخصوص ہوا * جب عُمر میري آٹھ برَس کي ہوئي اُنھوں نے مُجھے عِلمِ طِبّ کے پڑھنے کي رغبت دِلائي * جب کُچھہ شُعور ہوا بُزُرگیاں اِس عِلم کي زیادہ جانیں - تب کمال خواہش سے سیکھنے لگا اور نہایت کوشش کرنے * تاکہ طبابت میں مشہور ہو بیماروں کي دوا داروٗ کرنے لگا اور طبابت کے پیشے میں جسے ہر ایک مذہب کے دانا اعلا سمجھے ہیں اِن چار کام پر کہ تمام عالم اِنکي تلاش میں ہي اپنے نفس کو مُختار کیا * یعنے مال جمع کرنا - اور لذّتِ دنیَوي میں اوقات کاٹنا - یا خلق میں اپني نِشاني چھوڑنا - یا اپنے تئیں عالم میں بہ خوبي نمود کرنا - یا چشمِ خلایق سے چھپ کر رضا اپنے خالِق کي ڈھونڈنا [1] * غرَض اپنے دِل سے کہا کہ اِن چار میں سے طبابت کو جِس کا چاہے وسیلہ کر - پر جو اُس نے طِبّ کي قدیم کِتابوں میں دیکھا تھا کہ طبیبوں میں اچھا وہي ہے جو مُعالجہ اُس کا خُدا کي راہ پر ہو کہ اِس خصلت کي مداومت سے دُنیا کا حظ بہ کمال خوبي اُٹھاوے اور خُدا کي رضا بھي اُسے حاصِل ہووے جیسے کِسان کي غرَض کھیتي سے اناج ہے کہ خوراک ہے اُس کي پر گھاس بھي جو خورِش چارپائوں کي ہے ضمناً اُس کي بہ دولت ہاتھ لگتي ہے - اِس لِئے چوتھي قِسم پر مُتوجّہ ہوا میں [2] * یعنے اِس پیشے کو فقط رضاے الٰہي کا سبب جانکر شُروع کیا * جہاں کِسي بیمار کي خبَر پاتا اور دیکھتا کہ اُس کي صِحت کي اُمّید ہو دَوا اُس کي خُدا کي راہ پر کرتا * جب ایک مُدّت گذري اپنے ہمچشموں سے ایک گروہ کو

---

[1] It is quite clear that here is a quintuple division. Pazroyah chose the fifth ground for the practice of medicine, viz.: the Divine favor. This, therefore, should not have been mixed up in the catalogue of the grounds he eschewed: but such writers as Ḥafiẓu-d dín make nothing of these faults of style.

[2] An execrable sentence, in which the oblique and direct styles are so mixed, as to render it difficult to elicit the meaning: "Pazroyah reflected, in short, 'Let who will make medicine the path to these four things,' but, as he had read in ancient books that he is the best physician, whose practice is for the sake of God (for by the continuance of this quality, he reaps perfect bliss in this world and attains the favor of God also; just as the husbandman's object in the culture of the fields is corn, which is his food, but grass too, on which animals live, is got thereby into the bargain), I have therefore betaken myself to the fourth path.'"

دولت و جاہ میں اپنے سے زیادہ دیکھا * نفس اُس پر مائل ہوا اور مراتبِ دُنیا کي آرزو دل میں آنے لگي * نزدیک تھا کہ پانو ڈگمگ جاوے * میں نے کہا اي نفس ! تو نفع و نُقصان میں کُچھ فرق نہ کر سکا - قریب ہي کہ نادان مشہور ہو * عقلمند کہونکر مِل میں جگہہ دے اُس بات کو جسکا رنج و محنت بہُت اور منفعت کم ہو - اور وے بھائي کہ جنھوں نے اپنا اپنا حِصّہ لیا ہي اُن کا حاسِد ہوکر کِسواسطے اپنے تئیں بے فائدہ محنت میں ڈالے ؟ اي عزیز! اگر تو آخرت کو لحاظ کرے اور خاک میں گِرنے کو خوب سوچے تو حِرص دُنیاے فانی کي تُجھ کو نہ رہیگي اور دُنیا کے ترک کا سبب قوي ظاہر ہوگا - وہ کم ہِمّت اور عاجز اور بے وقوف ہي جو دُنیا میں مغرور ہووے اور رضاے الٰہي کي تلاش سے باز رہے * ماں کہنا - ناکارے اندیشے سے باز آ اور رضاے خُدا کي تحصیل پر ہِمّت باندھ - کیوں کہ راہ آخرت کي خطرناک ہي ساتھي نا مُوافق کوچ کا وقت نزدیک موت کي گھڑي نا معلوم * خبردار راہِ آخرت کے توشے کي تیاري میں غفلت نہ کر کہ آدمي کا جِسم ایک ظرفِ سُست ترکیب ہي اور اخلاطِ فاسدہ اُس میں بھرے ہیں اور چار عُنصر سے (کہ آپس میں ایک دوسرے کا دُشمن ہي) خلق ہوا * سہارا اُس کا فقط زندگي پر ہي * جیسے سونے کي مورت کہ پیوستگي اُس کے اعضا کي بہ سبب ایک میخ کے ہو - جب اُس کو نکال لیں وونہیں عضو عضو جُدا ہو چلے - ویسے ہي جِسم کو بھي جب لیاقتِ حیات کي نہ رہیگي پوست و اُستخوان اُس کے بھي گر پڑینگے * اور دوستوں کي صُحبت و زمانے کي رِفاقت پر بھي نازاں مت ہو اور اُن کي صُحبت کي آرزو مت رکھہ کہ شادي اُن کي غم سے تھوڑي ہي اور ماتم اُس کا خوشي سے زیادہ اور درد جُدائي و سوزِ ہجراں دونوں مُنتظر ہیں * ہو سکتا ہي کہ کِسي کو لڑکے بالوں کي فراغت اور اُن کي گُذران کے لیے دولت جمع کرنے کي احتیاج ہو اور تن بدن کو اپنے اُس میں فِدا کرے * وہ ٹھیک لُبان کے مانند ہي جو خود آگ پر جلتا ہي بو اوروں کو پہُنچاتا ہي - یا شمع کے برابر جو اپنے تئیں جلاتي ہي اور مجلس کو روشن رکھتي ہي * بہتر یہہ ہي کہ تو بیماروں کي تداوي کیا کرے اور یہہ خیال نہ رکھے کہ لوگ طبیبوں کي قدر نہیں جانتے ہیں بلکہ یہہ دھیان کر جو توفیق ہو اور ایک شخص رنج و مشقت کے چنگُل سے چُھٹے تو نجاتِ آخرت کي پونجي ہوگي - اور جو اشخاص ایک مُدّت آب و نان سے اور اپنے زن و فرزند کے قُرب سے محروم ہوں اور مُہلک بیماریوں میں مُبتلا - جو بے غرض اُن کا علاج کیا جاے تو اندازہ اُس نیکي کا کون دریافت کر سکے ؟ جو کمینہ ایسي کوشش دُنیا کے فائدے کے لیے ضایع کرے ویسا ہوگا کہ کِسي کے یہاں عود بہُت سا تھا سوچا کہ اگر تھوڑا تھوڑا یہاں سے بازار کو لے جاکر بیچوں اور قیمت کے تعیّن میں احتیاط کروں دیر ہو جائیگي ایک بارگي سب کا سب آدھي قیمت میں بیچ ڈالا *

جب اِس طرح میں نے نفس کي مُخالفت اور نصیحت میں زیادتي کي سیدھے رستے کي طرف پھرا اور کمال ذوق سے بے غرضانہ بیماروں کي دَوا کرنے میں مشغول رہا * جب ایک مُدّت میں نے

اُس مٹیں صرف کی اُس کي برکت سے روزي کے دروازے بھي مُجھ پر کُھلے اور شاھوں کي نوازشیں ھوئیں * ھِندوستان کے سفر کے آگے اقسام نِعمت مُیسّر ھوئے[1] اور ثروت بھم پہُنچي — اپنے ھم چشموں اور بھائیوں سے بہ مرتبہ گُذرگیا * تب مٹیں نے عِلم طِبّ کے نتیجے اور تاثیر مٹیں تامّل کیا اور اُس کے فائدے کو دِل کے صفحے پر لِکھا * لیکِن کوئي دَوا ایسي خَیال مٹیں مٹیرے نہ آئي جو صِحّتِ اصلي کا سبب ھو اور بہ سبب اُس کے ایک بیماري سے حفظِ کامِل حاصِل ھو کہ وُہ عوَد نہ کر سکے * جب ایسا ھو تو پھر دانا کیوں کر عِلاجِ ظاھِري پر جي لگاوے اور اُس کو سبب صِحّت کا جانے دَوا بیماري دِل کي جو اصلي بیماري ھي نہ ڈھونڈھے ؟ پس بہتر یہہ ھي کہ طبابت کا پیشہ چھوڑ بیماري دِل کا عِلاج شُروع کرے کہ اخلاقِ حمیدہ اور نیک صِفتیں بہم پہُنچیں اور بیماري گُناہ سے اِس طرح شفا پاوے کہ پھر اُس کي صورت نہ دیکھے * اِنہیں باتوں کے سبب طِبّ کا شُغل چھوڑکر عِلمِ اخلاق مٹیں مصروف ھوا اور راہِ حق کو مٹیں نے دیکھا دور دراز — سر بسر تنگ خطرناک — نہ کوئي رھبر مُقرّر نہ انجامِ کار معلوم اور اِختلاف مذھبوں مٹیں بے شمار * کسي نے بہ طور میراث باپ دادے کا طریقۂ ضعیف اخذ کیا — اور ایک گُروہ نے بُزُرگوں کي خاطِر اور جان کي دھشت سے ایک دینِ متزلزل اِختیار کر لیا — اور کِسي نے دُنیا کي دولت اور بلَندي مرتبہ کے واسطے پُراني گھِسي ھوئي ھڈّیوں کا آسرا لے مُردوں کو پیشوا بنایا اور نامِ دین داري کا اپنے لیئے ٹھہرایا *

غرض شناختِ خالِق اور اِبتدائے خِلقت اور عاقِبت کے ماتے مٹیں نِہایت اِختِلاف ھي اور ھر کِسي کو یہي گھمنڈ کہ مٹیرا ھي طریقہ حق ھي اوروں کا باطِل — اور ھمیشہ اپنے مذھب کي ترقي مٹیں اور دوسرے کي خرابي مٹیں اوقات کھوتا ھي * کِتنے خود پرَست نظر آئے نہ اُن مٹیں دین‌داري کا کُچھ اثَر نہ خُدا پرَستي سے اُنھیں کُچھ خبَر ھي *

اِن خَیالوں سے ھم ایک مُدّت حیرت کے مٹیدان مٹیں اِدھَر اُدھر بھٹکتے پھرے اور تردّد کے نشیب و فراز مٹیں دوڑے — نہ راہِ راست مٹیں پہُنچ سکے نہ کوئي دلیل ایسي پائي کہ راہ بتاوے * ناچار قصد کیا کہ ھر ایک دین کے عُلما اور بُزرگانِ مذھب سے مِلوں اور اُن کے عقاید کي اُصول و فُروع کو پوچھوں — دیکھوں تو سہي یقین کے روسے پائے طلب کے ٹھہرنے کو دِلچسپ جاگہہ مِلتي ھي کہ نہیں ؟ اِس مٹیں بھي کوششیں بہُتیري کیں — شرطیں بہم پہُنچائیں * ھر گُروہ کو دیکھا کہ اپنے دین کي آرایش مٹیں رھتي ھي اور جِتنے مذھب ھیں اُن پر ترجیح دیتي ھي اور جِن کے طریقے سِوائے اُس کے ھیں اُن کي رُسوائي پر کمر باندھتي ھي اور اپني آبادي اوروں کي ویراني مٹیں کوشش کرتي ھي * غرض کِسي طرح مٹیں نے دردِ دِل کي دَوا نہ پائي زخمِ باطِن کا مرھم نہ دیکھا * سمجھا کہ بُنیاد اُنھوں کي خود بیني پر ھي

[1] Unless we suppose a typographical error in the original here, the use of ھوئے *hú'e* in the masculine with اقسام *aḳsám* is remarkable.

کوئي بات نہ کھلي جو دانا اُسے قبول کرے * میں نے سوچا کہ جو اِتني جُستجو اور اِختلاف جاننے کے پیچھے اور زمانے کي کھٹائي معلوم ہونے کے بعد اُن میں سے ایک کي پیروي کروں اور کِسي خود غرض بیگانے کي باتیں سچ جانوں تو اُس نادان چوڑ سا ہونگا جِس کا بیان یہہ ہي *

حکایت ۱

STORY OF THE FOOLISH THIEF.

ایک شب کوئي چور اپنے یاروں کو ساتھ لیکر چوري کے اِرادے سے ایک دولتمند کے کوٹھے پر چڑھا * صاحبِ خانہ اُن کي آہٹ سے جاگا اور سمجھا کہ کوٹھے پر چور ہیں - تب اپني جورو کو جگاکر اُس نے جتایا اور کہا کہ میں مکر و حیلے سے سوجاتا ہوں * تو مُجھے جگاکر میرے ساتھ باتیں شروع کر اِس طرح کہ وے چوٹّے آواز تیري سُنیں اور بہُت اِلحاح و زاري کرکے مُجھ سے پوچھ کہ اِتني دولت تو نے کہاں سے پائي؟ آخرش عورت اُسي طرح پوچھنے لگي - مرد نے جواب دیا کہ اس پوچھنے سے درگذر - اگر حقیقت اِس کي تُجھسے کہوں شاید کوئي سنے لوگوں کو بُري لگے اور مُجھے کُچھ اذیّت پہُنچے - تب تو وہ اور بھي ہٹ کرنے لگي * پھر مرد نے کہا جو تُجھسے یہہ راز کہوں تو حُکما کي مخالفت ہوگي کہ وے کہہ گئے ہیں - عورتوں سے راز نہ کہا چاہئے * وہ بولي کہ ایسي ہوں ایسي ہوں اور تیري جورو ہوں * مرد نے کہا خیر! جو تو میري ہمراز ہي تُجھسے راز اپنا ظاہر کرتا ہوں پر خبَردار کِسي سے نہ کہیو * بہُت سي شرطوں کے بعد کہا - صورت اِس کي یہہ ہي کہ یہہ دولت چوري سے جمع ہوئي ہي کہ میں فلانے میدان میں کھڑا رہتا اور یہہ ایک افسون جانتا تھا کہ چاندني رات کو دولتمندوں کے گھر کے کوٹھے کھڑے ہو سات بار شوّلم شوّلم کہتا اور مہتاب پر ہاتھ مارکے ایک ہي جست میں کوٹھے پر آن کر کھڑکي کے پاس کھڑا ہوتا * پھر سات دفع شوّلم شوّلم کہتا اور بہ آساني کھڑکي سے اُتر گھرکے اندر جا سات مرتبے شوّلم شوّلم کہنے سے گھرکے تمام روپے پیسے نظر آ جاتے - اُس میں سے جتنے چاہتا اُٹھا لیتا - پھر سات بار شوّلم شوّلم کہتا اور کھڑکي سے باہر نِکل جاتا * اِس افسون کي بَرکت سے نہ مُجھے کوئي دیکھنے پاتا تھا نہ مجھسے کوئي بدگُمان ہوتا - یہاں تلک کہ اِتني مُدّت میں یہہ دولت جو تو دیکھتي ہي اِسي طور سے ہاتھ لگي * خبَردار! یہہ رازِ مخفي کِسي پر نہ کُھلے اور یہہ افسون کِسي کو معلوم نہ ہو کہ فِتنے برپا ہونگے * چوروں نے ماجرا سُنا اور خوش ہوکر افسون یاد کر لیا * کئي گھڑي کے بعد اِس گُمان پر کہ گھروالے کو نیند آئي ہي سردار اُنھوں کا کھڑکي پر آن کھڑا ہوا اور سات بار شوّلم شوّلم کہہ کر گھر کے اندر جانے کے خَیال سے پاؤں آگے بڑھایا - وُونہیں سر کے بھل گھر کے اندر گِر پڑا * صاحبِ خانہ تو جاگتا ہي تھا - لپکا اور مارے سونٹوں کے اُسکے شانوں کو چور کیا اور کہا کہ میں نے تمام عُمر آدمیوں کو اذیّت دي اور دولت جمع کي اِس لئے کہ تو گٹھڑي باندھکر لے جاوے؟ کہہ تو سہي تو کون ہي؟ جواب دیا کہ

مٹيں وهي بيْوقوف هوں جوْ تيْرے دم سے خاک مٹيں مِلا اور تيْرے ورغلانے سے بر باد هوا ۔ مٹيْري مثل وٗه هوئي جوْ فارسي والے کهتے هٹيں سجّادہ بر روي آب افکندن * زياں کاري کي آگ سے جلا اور زمانے کے هاتهه خوب گردنياں کهائيں ۔ مُجهے جيتا هي[1] زمين کا پيوند کردو که جاں‌کندني کي اذيّت سے بچوں *

القِصّه مٹيں نے اپنے دِل سے کہا که جوْ بغيْر کِسي دليلِ دِل پسند کے فقَط جاهل فريْب باتيْں سُنکے اگلے دينوں مٹيں سے کِسي کوْ اِختيار کروں توْ حالت مٹيْري اُس جادوگر چوْر کي سي هوْگي * جب زندگي اِس دوْر دهوْپ مٹيں گئي حالتيْں دُنيا داروں کي معلوم هوئيں مٹيں سوْچا که اگر بارِ دگر اُنهوں کے حال کي تفتيش کروں عمر وفا نه کريْگي ۔ کيونْکه موْت نزديک هي اور جوْ حيْرت مٹيں دِن کاٹوں توْ وقت عبث جاتا هي اور سفر آخرت کا بے سامان کرنا هوْگا * جوْ نيّت ميري دُرُست تهي اور مٹيں نے کوْشيْں بهُت سي کيں ايْک بارگي اِلهام هوا ۔ بِهتر هي که ايسے اعمال اِختيار کروں جوْ تمام دينوں مٹيں مقبول هوْں اور اُن کاموں پر اِقدام کروں جوْ داناؤں کے نزديْک پسنديدہ هٹيں * بارے فضلِ الٰهي شامِلِ حال تها که ذرا پريْشاني سے رِهائي پاکر اپنے کام مٹيں مُستعِدّ هوا * يعنے جاں‌داروں کے ستاني اور لوْگوں کے قتل کرنے سے پرهيْز کيا ۔ کِبر غُصّے خِيانت چوْري خود نُمائي کے طريقے سے باز آيا ۔ خود پرستي کوْ دور کيا ۔ حِرص ترک کي ۔ عوْرتوں کي خواهِش چهوْڑ دي ۔ زبان کوْ جهوٹهه بوْلنا اور چُغلي اور نا معقول باتوں سے باز رکها * چُنانچه گالي غِيبت تُهمت اور لوْگوں کي ايذا دينے سے اِحتراز کرنا نا مُناسب کاموں سے باز آنا واجِب جانا * خَيال دل مٹيں کِسي کي آزُردگي کا نه لايا اور حشر و قِيامت ثواب و عذاب کے باب مٹيں جوْ اگلے بُزُرگوں نے عوام لوْگوں کے ڈرانے کوْ باتيْں کهي هٹيں مُجهے اِس کي حقيقت کُچهه معلوم نه هوْئي اِس لئے مٹيں نے اُس ماتے مٹيں کُچهه به طوْرِ اِفترا نه کها اور چُپکا رها * بدوں کي صُحبت چهوْڑ نيْکوں مٹيں جا مِلا ۔ صلاحيت کوْ اپنا رفيق کيا که صلاح اور پاک‌دامني کے برابر يارِ هم‌دم کوْئي نهيں * اگر توْفيقِ الٰهي اور هِمّت بندے کي باهم مُوافِق هوْں توْ حاصِل هونا اُن کاموں کا اِنسان پر آسان هوْگا اور روْز به روْز اُس کي بِهتري هوْگي ۔ حق کے نور سے دِل اُس کا روْشن هوْنے لگيْگا ۔ فِکر دِل سے اُس کے جاتي رهيگي ۔ سب کام اُس کے خُدا کي مرضي کے مُطابِق هوْنگے * جوْ کم‌بخت اُس کي قدر نه جانے اور ظاهِر کي لذّتوں مٹيں بهولے اِن نيْکيوں کوْ تلخ سمجهه کے هَوا و هَوس کے ميٹهے زهر سے آلودہ هوْکر مُردہ سا هو رهے اور عمر و دوْلت اپني ظاهِري لذّتوں مٹيں کهوْوے ۔ اُس سوْداگر سا هي ۔ که جِس کے يهاں بهُت سا جواهر تها * اُس نے کِسي شخص کوْ اُس کے چهيْدنے کے لئے سوْ دينار مزدوري دينے کهے * جب وٗه بيْدهِيا سوْداگر کے گهر آيا ايْک چنگ وهاں دهري تهي اُس کي نظر جوْ اُس پر پڑي توْ اُس کي طرف ديْکهه رها * سوْداگر نے کها تُجهے چنگ بجا آتي هي ؟ اُس نے کها هاں * کها بجاو * چنگ اُٹها لي اور بجانے لگا * سوْداگر خوش هوا اور راگ کے مزے مٹيں جوْ مصروف هوا توْ ڈبّا کُهلے کا کُهلا اور

[1] جيتے هي *jite hi* would be more grammatical, seeing that the post-position *hi* ought to inflect the participle.

جواہر پڑے کا پڑا رہ گیا * جب دِن آخر ہوا اُس نے اُجرت مانگی * سوداگر ہرچند کہتا رہا کہ جواہر جیسے کا تیسا ہي ـ تو نے کُچھ کام نہ کیا ـ اُجرت کیا دوں ؟ اُس نے غُل مچایا کہ میں دِن بھر کا مزدور تھا ـ شام تک جو تو نے فرمایا میں بجا لایا * ناچار سوداگر نے مزدوري اُسکي دي اور حیران رہا کہ وقت ضایع ہوا ـ مال برباد گیا ـ جواہر پڑا رہا ـ دل کو کوفت ہوئي *

غرض جب نیکیوں نے دِل میں جگہہ کي اور نفسِ باطِن کي ناہمواریوں سے باز آیا میں نے چاہا کہ اپنے ظاہر کو بھي زیورِ دانش سے سنواروں کہ ظاہِر و باطِن دونوں دُرُست رہیں ـ کہیں کہ ظاہِر کي دُرُستي اور باطِن کي صفائي شرّ کے دفع کرنے کے واسطے ایک مضبوط قلعہ اور نیکي حاصِل کرنے کے لئے ایک کمندِ دراز ہي ـ کہ اگر کوئي زحمت یا آفت پیش آوے تو بچاؤ ہو سکے ـ اور میوں میں سے درخت پرہیزگاري کے ایک یہہ ہي کہ فنا کي حسرت اور دُنیا کے زَوال سے خاطِر جمع زیست کر سکئے * جب کوئي پرہیزگار اِس دُنیائے فاني کے کاموں کو اور نا پایدار نعمتوں سوچے تو ظاہِر کي لذتوں پر ہرگز نہ بھولے اور خَیال آرزوے نفساني کا اٹھا دے ـ تو ذات کي پاکیزگي حاصِل ہو ـ حسَد چھوڑ دے تو لوگ اُسے دوست رکھیں ـ راضي بہ رضاے الٰہي رہے تا غم گِرد اُس کے نہ پھرے ـ سخاوت کو اپنا رفیق کرے تو دُنیا کي بے وفائي کا غم نہ ہو اور زمانے کے حوادِث سے رہائي پاوے ـ عقل کے مُطابِق کام کرے تو ملامت سے بچے * اگر دمِ آخر کو یاد رکھے تو قناعت اِختیار کرے اور اِنکساري و خاک ساري کے ساتھہ زیست کرے ـ اور ہر کام پر اِقدام کرتے وقت مآلِ کار کو لِحاظ کرے تو ٹھوکر نہ کھاوے ـ لوگوں کو نہ ڈراوے تو خود بھي چین سے رہے * غرض پاک دامني کے فوَاید میں جِتنا خوض کرتا رہا رغبت میري اُس کے حُصول میں زیادہ ہونے لگي * پر ڈرتا تھا کہ عیش و عشرت سے باز آنا اور لذّتوں کو (جو ابھي حاصِل ہیں) چھوڑ دینا سخت کام ہي اور عِفّت کے اِختیار کرنے میں بھي کمال خطرہ ہي کہ اگر کوئي پردہ سدِ راہ ہو تو نہ ظاہِر کي دُرُستي رہیگي نہ راہِ معني طي ہو سکیگي ـ ظاہِر و باطِن دونوں برباد ہونگے * جیسے کِسي کُتّے نے دریا کنارے ایک ہڈّي پائي اور منہہ میں لے جوں پرچھائیں اُس کي پاني میں دیکھي سمجھا کہ دوسري ہڈّي ہي ـ مارے لالچ کے مُنہہ پسارا کہ اُسے بھي پاني سے نِکال لے * آخر ہڈّي جو مُنہہ میں تھي کھو دي *

القصّہ قریب تھا کہ یہہ فِکر مُجھہ پر غالِب ہووے اور ایک ٹھوکر سے مُجھے گُمراہي کے گِرداب میں ڈالے کہ دیں و دُنیا دونوں ہاتھہ سے جاتے رہیں * بارے فضلِ الٰہي سے جو میں نے دُنیا کے مآلِ کار کو سوچا معلوم ہوا کہ دُنیا کي نِعمتیں بِجلي کي چمک اور سایۂ ابر کے مانند نا پایدار ہیں ـ ساتھہ اِسکے آبِ شور سي ہیں کہ جِتنا پیو اور پیاس لگے ـ اور جیسے زہر آمیز شہد کہ مزہ اِس کا تالو سے آگے نہیں جاتا اور آخِر کو ہلاک کرتا ہي ـ یا کوئي اچھا خواب جو دیکھئے فی الفور جي خوش ہو جاوے پر جاگنے کے بعد سِواے پچھتانے کے کُچھہ ہاتھہ نہ لگے * آدمي دُنیوي نِعمتوں کے حاصِل کرنے میں ریشم کے

کیڑے کے مانند ہیں کہ جِتنا تنتا جاوے زیادہ قید ہووے اِس طرح کہ رِہائي مُشکِل ہوے * اپنے تئیں کہا میں نے کہ یِہہ مکّاري کب تلک[1] اور آپ کو حیلہ گر قاضي سا بنانا کبوں جو ایک هي مُعاملے میں مُدّعي و مُدّعا علیہ کي خواہش کے مُطابِق حُکم کرے ؟ یِہہ دو رنگي چھوڑ اور دُبدھے سے باز آ ۔ کب تلک یہاں سے وہاں اور وہاں سے یہاں آیا جایا کریگا ؟ اگر داناؤں کي خو رکھتا هي تو ایک دوست بس هي کہ دِل بھي ایک هي * نِدان میري راے عِبادت پر ٹھہري * کبوں کہ نجاتِ آخِرت کے واسطے طاعت گي مِحنت گراں نہیں * ہرگاہ دُنیا کي لذّتیں کتني مِحنتوں کے ساتھ موجِب آرام کا نہ ہوں تو نجاتِ آخِرت کو اُن روحاني لذّتوں کے ساتھ (کہ ہرگز اُنھیں زَوال نہیں هي) طلب کرنا اور اُس کے پیچھے جاں فِشاني کرني هراینہ بہتر هي ۔ اور یقیناً تھوڑي سي تلخي کہ (آیندہ بہُت شیریني اُسے حاصِل ہوگي) اُس تھوڑي شیریني سے اچھي هي کہ آخر اُس کا نہایت تلخ هي * جیسے اگر کِسي کو سو برس تلک عذاب میں رکھئے اِس طرح کہ هر روز دس مرتبے اُس کے بند کو توڑئے اِس بھروسے سے کہ بعد اُس کے نجاتِ ابدي ہوگي ۔ یقین هي کہ اِتني تصدیع برداشت کرے اور اِتنے دِنوں کو نِعمتِ ابدي کے بھروسے ایک گھڑي سے کم سمجھے * پس اگر چند روز کي عبادت کي مِحنت اور پرہیزگاري کي مشقّت سے نجاتِ ابدي حاصِل ہو دانا کبوں کر اِسے درگُذرے اور اِس کو دُشوار جانے ؟ اور سمجھا چاہیے کہ دُنیا سر بسر بلا و مِحنت سے بھري هي *

آدم زاد جس روز سے ما کے پیٹ میں پڑے اُس دِن سے آخِرِ عُمر تک ایک دم آفت سے بچاؤ نہیں * طِبّ کي کِتابوں میں لِکھا هي کہ آدمي کي اصل ایک قطرہ آبِ مني هي * جب عورت کے رِحم میں پڑے اور اُس کے آبِ مني کے ساتھ مِلکر گاڑھا ہووے ایک هَوا آن کر اُس قطرے کو حرکت دیوے تو پہلے پنیر کے پاني کے مانند تِس پیچھے چھاچھ سا ہو جاوے ۔ تب اعضا بننے لگیں اور لڑکے کا مُنہہ ما کي پیٹھ کي طرف اور لڑکي کا مُنہہ ما کے پیٹ کي طرف اور ٹُہڈّي زانوں پر دونوں هاتھ پیشاني پر هوں ۔ اور سب اعضا آپس میں ایسے جکڑ جاویں کہ گویا تھیلي کے اندر کسي نے بھرا هي * ما کے پیٹ کي گرمي اور بوجھ کہ مارے اور اُس مکان کي چند در چند تیرگي و تنگي کے سبب جو اوپر مذکور ہوئي تکلیف کے ساتھ دم لے ۔ اور جب حمَل کي مُدّت پوري ہووے وقت وِلادت کا پہُنچے ایک بارگي ایک هَوا رِحم سے پیدا ہو اور بچّے کو جُنبِش کي قُوّت حاصل ہووے تب سر ایک تنگ راہ سے نکالے اور نکلتے وقت کشاکش میں اِتني اذیّت اُٹھاوے جو شکنجے میں بھي متصوّر نہ ہو * جب پیدا ہو تو بدن اُس کا ایسا نازُک هو کہ اگر کوئي آہستہ اُس پر هاتھ رکھے یا هَوا لگے تو ایسي تصدیع اُسے پہُنچے کہ[2] بڑوں کے پوست کھینچتے وقت ہوتي هي * پھر رفتہ رفتہ اقسام بلاؤں میں

[1] An ellipse here. Understand فریب کرے *fareb kare* 'shall deceive,' or some such words.

[2] 'As grown up people experience when flayed alive.'

گرفتار ہووے اور بے زباني کے سبب بھوکھ اور پیاس کے وقت نہ کھانہ مانگ سکے نہ پاني۔ اور اگر کسي بیماري میں مُبتلا ہو تو ظاہر نہ کر سکے۔ اور اُٹھانے بِٹھانے کے اذیّت کي تو نہایت نہیں * جب شیر خوارگي کے ایّام گُذریں تو بات کے سیکھنے اور ہُنرمندي حاصِل کرنے کي تکلیف میں پڑے۔ دَوا اور پرہیز کي کشاکش میں پھنسے۔ بیماري کي ایذا میں گرفتار ہووے۔ اور بالِغ ہونے کے بعد قبیلہ داري کا اندیشہ اور روزي کا خَیال[1] مال و فرزند کي فِکر میں رہے * ساتھ اِس کے چار طبیعتیں (جو آپس میں ایک دوسرے کي دُشمن ہیں) ہر دم اُس کے ہمراہ رہیں * حادِثے اور آفاتِ ظاہري جیسے سانپ بِچھو شیر اور درندوں کي دہشت۔ جاڑے اور گرمي اور بارِش کا خطرہ۔ ہر دم ساتھ ہو * گر پڑنیکا ڈر۔ مارے جانیکا خوف ہر لحظہ دِل میں۔ اور بُڑھاپے کے عذاب کي فِکر جو اُس دِن تک بچے۔ مُخالِفوں کي اذیّت۔ دُشمنوں کي دشمني کا خطرہ ہر گھڑي جي میں * دِل سے اپنے کہا میں نے۔ فرض کر تو کہ اِن آفتوں سے کوئي تیرے ساتھ نہیں اور چین سے عُمر کاٹیگا۔ پر اُس گھڑي کو یاد کر کہ اجل آویگي اور دولت و فرزند خویش کُنبي سبھوں کو چھوڑ جاویگا۔ اور کبا کبا تلخیاں گوارا[2] کریگا * ابھي سے دُنیا کي محبّت چھوڑ دے * کوئي دانا دُنیا کے پیچھے عُمر ضایع کرنے کا روادار نہیں ہوتا ہي * کبا ہي بڑا ہرج ہَي جو دین کو دُنیاے فاني کے عِوَض بیچیں اور جانِ پاک کو نا پاک تن بدَن کے اوپر فِدا کریں! خُصوص اِن دِنوں میں کہ نیکي مفقود اور ہمّت لوگوں کي نِکوکاري سے قاصِر ہي * باوصف اِس کے کہ نوشیرواں عادِل کي ذات میں سعادت۔ شرافت۔ عدالت۔ سخاوت۔ بُردباري۔ داناؤں کي خاطِرداري۔ حُکما کي عِزّت۔ دنگیتوں کي تنبیہ۔ مُلازموں کي پرورِش۔ ظالِموں کي تادیب۔ مظلوموں کي دادرسي۔ یے باتیں سب پائي جاتي ہیں تب بھي دیکھتا ہوں کہ روز بہ روز زمانے کي ابتري ہي * گویا نِکوکاري آدمیوں سے جاتي رہي اعمالِ نیک اور اخلاقِ پسندیدہ سے کچھ باقي نہ رہا۔ راہِ راست بند۔ گُمراہي کا طَریقہ جاري۔ عدالت گُم۔ ظُلم ظاہر۔ دانِش بیکار۔ ناداني بحال۔ بے وقُوفي اور کم ہمّتي غالِب۔ بلند ہمّتي پست۔ دوست کم زور۔ دُشمن کو زور۔ نیک آدمي حیران۔ بدکار مُعزّز۔ مکر و فریب ہر جا۔ راستي و وفا ناپیدا۔ جھوٹھ کو تاثیر۔ سچ بے اثر۔ حق پر تُہمت۔ باطِل غالِب۔ ہوا و ہوس کي پیرو پیروي لوگوں کي مرغوبِ طبع۔ اَحکامِ عقل کے ضایع کرنے کا طریقہ جاري۔ بیچارے مظلوم ذلیل۔ اور ظالِم ہر دِل عزیز۔ لالچ غالب۔ قناعت مغلوب۔ زمانہ اِن کاموں سے شادان۔ اور دُنیا اِن طوروں سے خندان *

جب میں نے دُنیا کے کار و بار کو خَیال کیا سمجھا کہ آدمي اشرفُ المخلوقات ہیں پر کماحقّہٗ اپني زندگي کي قدر نہیں جانتے اور اپني نجات کي کوشش نہیں کرتے۔ اِس فِکر سے متعجّب ہو رہا * جب غور کي میں نے تو جانا کہ اِن سعادتوں کا مانِع یہي ذرّہ سا آرام اور یہي ادنیٰ نِعمت دُنیا کي ہي *

[1] So in the original, but correctly it should be قبیلہ داري کے اندیشے اور روزي کے خَیال *kabílah dárí-ke andeshe aur rozí-ke khaiyál*, sc. میں رہے *meṅ rahé*, unless we suppose an ellipse, and supply the verb ہو *ho*.

[2] گوارا *gawárá*, lit., 'palatable;' but گوارا کرنا *gawárá karná* means 'to submit to,' 'to swallow.'

جو لوگ اُس میں مُبتلا ہوتے ہیں یعنے وے لذّتیں جو حواسِ خمسۂ ظاہري سے علاقہ رکھتي ہیں جیسے کھانا ۔ سونگھنا ۔ دیکھنا ۔ مس کرنا ۔ پر یے لذّتیں بھي بہ قدرِ احتیاج اور آرزو کے مُوافِق مُیسّر نہیں ہوتیں ۔ اور نیستي کي طرف سے بھي چین نہیں آتا ۔ اور حاصِل اِن لذّتوں کا اگر ہاتھ لگے تو ظاہر و باطِن دونوں خراب ہوویں * جسنے ہمّت اپني اِنھیں ظاہري لذتوں میں صرف کي اور آخرت کا خَیال نہ کیا وہ اُس آدمي کے مانند ہي جو ایک شیرِ مست کے سامھنے سے بھاگا اور ناچاري سے ایک درّخت کي ڈالي کو (جو کِسي کوئے کے کنارے اُگا تھا) تھام کر کوئے کے اندر لٹکا اور پانو اُسکے کِسي جاگہہ پر ٹھہرے ۔ اِس میں جو اُس طرف کو دیکھا اُس نے تو دونوں پانو اپنے چار سانپ کے سِروں پر دیکھے جو بانبھي کے اندر سے سر نِکالے تھے ۔ کوئے کے اندر جب نظر کي تو دیکھا کہ ایک مُہیب صورت اژدھا مُنہہ پسارے ہوئے اُس کے گِرنے کا مُنتظِر ہي ۔ کنارے پر جو دیکھا تو سیاہ سُفید دو چوہے نظر آئے کہ اُس شاخ کو نیچے سے کاٹ رہے ہیں * وہ اِس کشمکش کے درمیان تدبیر سوچتا اور اژدھے سے مُخلصي کي صورت ڈھونڈھتا تھا کہ مُنہہ کے آگے شہد کا ایک چھتا نظر آیا * جو اُس میں سے ذرہ زبان پر رکھا تو ایسا مزہ پایا کہ کام سے اپنے غافِل ہو گیا ۔ نہ یہہ سوچا کہ پانو سانپوں کے سِر پر ہیں نہ یہہ سمجھا کہ کِس وقت وے حرکت میں آویں ؟ نہ اِس بات کو خَیال کیا کہ چوہے شاخ کو تراشتے ہیں اگر ڈالي ٹوٹ جاوے تو اژدھے کے مُنہہ کے اندر جاتا رہونگا * غرض اِس ادنیٰ لذّت نے اُس کو غفلت ڈالا اور ایک پردہ اُس کي آنکھ پر چھا گیا یہاں تک کہ چوہوں نے دالي کے کاٹنے سے فراغت کي اور وہ غافِل بیچارہ اژدھے کے مُنہہ میں گر پڑا *

پس ظاہري لذّت اُس آفت بھرے کوے کے مانند ہي ۔ اور سیاہ سُفید چوہے اور کاٹنا اُن کا ڈالي کو عِبارت ہي رات دِن سے جو شاخ عُمر کو تراش کر آدمي کو قریبِ اجَل پہُنچاتے ہیں ۔ اور وے چار سانپ چار عُنصر ہیں کہ چار ستون آفرینشِ آدَم کے کہلاتے ۔ جب اُن میں سے کوئي حرکت میں آوے تو زہرِ قاتل ہي * مِثھاس[1] شہد کي لذّتِ دُنیا کے مانند ہي کہ راحت اُس کي کم اور رنج اُس میں بہُت ہي اور آدمي کو نیک عمَلوں سے باز رکھکر راہ نجات کي بندکر دیتي ہي ۔ اور وہ اژدھا جو مُنہہ پسارے ہي سو گور کہ سبھوں کو وہاں جانا ضرور ہي * اِس راہ کے خوف و خطرے کو ابھي سوچا چاہئے ۔ اُس وقت پشیماني فائدہ نہ کریگي اور توبہ مُفید نہ ہوگي *

نہ پھر آنے کي راہ پاویگا نہ کوئي عُذر کام آویگا *

القصّہ میري ثوبت یہہ پہُنچي کہ راضي بہ رضاے اِلٰہي ہوا میں اور مقدور بھر کام کو اپنے میں نے آراستہ کیا یہاں تک کہ بادشاہ کے حُکم سے مُجھے ہندوستان کا سَفر در پیش ہوا * وہاں گیا اور اُس

[1] مثھاس *miṭhás* is given in the dictionaries as masculine only, but here is an instance of its being feminine also; unless we take it as in apposition with لذّت *lazzat*, which is not so well.

مُلک میں کسب کمال کے واسطے دُور دھوپ کي * وہاں سے پھرتے وقت ہند کے داناؤں کي کتابیں (جو حِکمت کي تھیں) لایا کہ ایک اُن میں سے کلیلہ دمنہ جو لکھي جاتي ہي اور اِس وسیلے سے بادشاہ کا مُقرّب ہوا ۔ دین دُنیا دونوں مِلے * پیش ازو لکھے تیسرے باب کے جہاں سے مطلب کِتاب کا شُروع ہي ایک حِکایت جو سُخن کي تمہید میں ہي لِکھي جاتي ہي *

حکایت ۲

STORY OF THE KING OF CHINA, WHOSE NAME WAS FAR-RUKH-FÁL (HAPPY OMEN).

بازارِ معاني کے جوہریوں نے اور مُلکِ سُخن‌داني کے تجرِبہ کاروں نے کہا ہي کہ چین کے مُلک میں ایک بادشاہ تھا جِس کي دولت و اِقبال کا آوازہ اور بُزُرگي و تسلُّط کا شُہرہ چھوٹے بڑے کي زبان پر جاري * زمانے کے حاکِم اُس کے فرمان بردار اور نامور بادشاہ اُس کے خدمتگار تھي ۔ فریدون سي حشمت ۔ جمشید سي جاہ ۔ سِکندر کي سي شوکت ۔ دارا سا عالم پناہ * اُس کي عدالت سے آب و آتش اِکٹھے ہوئے تھے ۔ جیسے معشوقوں کے چہرے میں آب و تاب * گِرد اُس کي بساطِ دولتِ روز افزوں کے سردارِ مُتکبّر اور وزیرِ مُدبّر کمر باندھے ہوئے حاضر ۔ اور نیچے تختِ آسمان قدر کے اُس کے ہمیشہ بڑے بڑے دانشمند اور حکیمِ راست گو دُرُست خو دولتخواہي کي کُرسیوں پر ندیم و جلیس * خزانے اقسام کے جواہِر سے بھرے ہوئے اور فوج بے شمار تھي * شجاعت و سخاوت سے دمساز اور سلطنت و سیاست سے ہم آواز * سپاہي اور رعیّت اُس کي داد و دِہش سے کامیاب اور اُس کي بدولت رعیّت خوش و خُرّم تھي * اُس کي شفقت و مہرباني سے روز بہ روز آسایش عالم کي زیادہ ہوتي تھي ۔ اِس لئے لوگ اُسے فرّخ فال کہتے تھے * اُس کا ایک وزیر تھا رعیّت پرور ۔ راے مُبارک سے اُسکي مُلک کے کاموں کو تمام تر خوبي تھي ۔ اِس واسطے اُس کو خُجستہ راے کہتے * بادشاہ اُس کي مشورت بغیر کوئي کام نہ کرتا اور کِسي امر میں بِدون اُس کي تدبیرِ دِلپذیر کے مشغول نہ ہوتا *

اِتّفاقاً ایک دِن فرّخ فال کو شِکار کا خَیال ہوا ۔ خُجستہ راے بھي دولت کے مانند ہم رِکاب تھا * جب بادشاہ نے شِکار سے فراغت کي اور مَیدان کو چرند و پرند سے خالي کیا فوج کو بازگشت کا حُکم کرکے خود مع وزیر دولتخانے کي طرف چلا * اثناے راہ میں گرمي کے مارے وزیر سے فرمایا کہ ایسي گرمي میں رستہ چلنا حِکمت سے باہر اور خیمے کي پناہ لیني بھي گرمي کو دفع نہیں کر سکتي ہي ۔ کیا تدبیر کیجئے ۔ بہتر ہي کہ گرمي کي شِدّت تلک دم لیں ؟ وزیر نے عرض کي کہ یہاں سے نزدیک میں نے ایک پہاڑ دیکھا ہي جوانمردوں کي ہِمّت سا بلند ۔ اہلِ باطِن کے رُتبے سا عالي ۔ نہریں جاري ٹھنڈھي ٹھنڈھي چھائیں درختوں کي اور ہوا وہاں کي دلچسپ * بہتر ہي کہ اُس طرف کو باگ پھیریئے * وزیر کي صلاح سُن کے بادشاہ اُدھر کو چلا * تھوڑے سے عرصے میں دامنِ کوہ پر قدم دھرا * حسبُ

الحُکم وزیر کے لوگوں نے ایک نہر کے کنارے کِسي چمن کے حاشیے پر مسندِ شاهي بچھائي * بادشاہ اِستراحت کي مسند پر بیٹھا اور مُلازمِ دولت جتنے تھے نہر کے درخت کي چھانو میں ٹھہرے * بعد اِس کے بادشاہ وزیر دونوں تماشا قُدرتِ اِلٰهي کا هر ایک چمن میں دیکھنے لگے اور عجائب صنعتوں سے حیران هوکر کبھي گُلستان کے اوراق سے اِس بیت کو پڑھتے تھے -

نہ بُلبُل هي فقط تسبیح خوان هَي هر ایک غُنچے کي بھي ذاکر زبان هي[1]-

اور کبھي نِگارِستان[2] کے اِس شعر کو تکرار کرتے تھے -

گہہ کرے هي برگِ گُل مرکبْ صبا کے واسطے پا به زنجیر اُس کو موجِ آب سے گاهے کرے[3] *

القصّه اِس میں بادشاہ کي نظر ایک درخت پر جا پڑي که پت جھڑ هوکر موسمِ خزان کي شاخ کے مانند بے نوا اور نہایت کہنگي سے زمین گیر - بوڑھوں کي طرح بے نشو و نُما تھا اور اندر سے ٹُکڑ گداؤں کے دِل سا خالي هو رها تھا * پناہ کا قِلعه سمجھ کر شہد کي مکھیوں کے ایک جُھنڈ نے اُس میں اپني گُذران کے لیئے چھتّا لگایا تھا * بادشاہ نے اُن کي بِهنبِهناهٹ سُن کر وزیر سے پوچھا که اِس درخت میں اِن سُبُک پرواز جانوروں کے جمع هونے کا سبب کیا هي ؟ اور اِس سبزہ زار کے نشیب و فراز میں جو یہہ مُستعِدّ هوکر آمد و شُد کر رهیاں هیں سو کِس کے حُکم سے ؟ وزیر نے عرض کي که اي شاہِ کامگار ! یِهہ وُہ گروہ هي که منفعت اُس کي بہُت اور مضرّت کم * اِن کا ایک بادشاہ هي یعسوب نام - ڈیل میں اور شُعور میں سبھوں سے بڑا - موم کے بنے هوئے ایک چوگوشے تخت پر بیٹھا رهتا هي اور وزیر امیر دربان نِگہبان نائب اُس نے مُتعیّن کیئے هیں * اُس کے مُلازموں کي دانائي یہاں تلک هي که اپنے اپنے لیئے شش پہل گھر موم کا بناتے هیں * پہل اُس کے ایسے برابر که کامل مُهَندِسوں کو بِدون پرگار و مِسطر کے ویسا بنانا مُشکِل * جب گھر تیّار کر چُکتے هیں بادشاہ اُنھوں سے عہد لیتا هي که اپني لطافت کو کثافت سے بدَل نہ کریں * اِس قول کو بجا لانے کے واسطے وے مکھیاں سِوا خوش بو پھولوں کي ڈالي اور نفیس کلیوں کے کِسي چیز پر نہیں بیٹھتیاں هیں - تا که جو کُچھ اُس خوشبو پتّیوں سے کھاویں وونہیں وُہ میٹھا اور خوش مزہ هو جاوے - اُسي کو شہد کہتے هیں * جب وے باهر سے گھر کو اپنے پھر آتیاں هیں - دربان نِگہبان اُن کے مُنہہ کو سونگھ لیتے هیں * جِن کو قول قرار پر اپنے قائم پاتے هیں اُنھیں کو گھر میں آنے دیتے هیں - جِن کو عہد شِکن دیکھتے هیں اُنھیں سزا دیتے هیں - بلکه مار ڈالتے هیں * اگر دربان غفلت سے اِن وعدہ خِلافوں کو گھر میں آنے دیں -

---

[1] These lines occur in the 'Gulistán,' Book ii., Story 2, and are quoted in the 'Anvár-i Suhailí:' See Translation, p. 20, note 3.

[2] There are three works of this name (which signifies 'A Gallery of Pictures.') The first was written by Aḥmad-bin-Muḥammad 'Abdu'l Ghafáru'l-Ḳazwíní; the second by Míru'd-dínu'l Isfaraini; and the third by Maula-bin-Sulaimán. The first contains anecdotes of each prince of the several Persian dynasties.

[3] The ripple on the water is compared to a chain which is said to be put upon the wind, in order to make an antithesis to the former sentence, where the air in its free course is compared to a car.

تو بادشاہ آپ اُسکے تدارک کے لیئے اُنھیں سیاست گاہ میں بُلواکر پہلے دربانوں کے مار ڈالنے کا حُکم کرتا ہي - تِس پیچھے اِن بے ادب مکھیوں کو قتل کرتا ہي * اگر کوئي چاہے کہ دوسرے کے گھر گُھسے دربان اُسے جانے نہ دیں * جو دربانوں کي بات نہ سُنے تو سزا کو پہنچے * تواریخ کي کِتابوں میں مُندرج ہي کہ جمشید بادشاہ نے مُعتین کرنا دربانوں نِگہبانوں نائبوں کا اور ترتیب تخت کي اور آئین جہاں‌داري کا اُنھیں سے اِختیار کیا تھا *

فرّخ فال نے جب یہہ بات سُني کِسي درخت کے تلے آکر ایک ساعت تماشا اُن کي درگاہ و بارگاہ کا اور آمد و رفت کے دستور اور خِدمت و مُلازمت کے آئین کا دیکھا — کہ اُنھوں نے حُکمِ خُدا پر کمر باندھي — اور سُلیمان کے مانند[1] ہوا کے تخت پر بیٹھکر نفیس غِذا اور سُتھري جگہہ اِختیار کي ہي — نہ کِسي کو کِسي کے نفع و نُقصان سے کُچھ کام — نہ کوئي اپنے ہمجِنس کي ایذا کے در پي ہي * کہا خوب ہیں وے کہ باوجود قُدرت کے ظُلم میں کوتاہ دست اور ساتھ بُزُرگي کے فروتن ہوویں ! فرّخ فال نے کہا - اي وزیر! عجب ہي کہ یے مکھیاں با وصف اِس کے کہ گزندگي اُن کي طینت میں ہي — ایک دوسرے کي ایذا میں نہیں — اور ساتھ اِس کے کہ نیش‌دار ہیں — سِوائے شہد کے کُچھہ نہیں اُگلتیاں * میں آدمیوں میں بر خِلاف اِس کے دیکھتا ہوں — کہ ایک دوسرے کو ضرر پہنچاتا ہي — اور اپنے ہمجِنس کي بُنیاد اُکھیڑتا ہي * عجب زمانہ ہي کہ بے مُروّتي کے سبب ہر ایک کو دوسرے کي طرف سے کمال خطرہ ہي *

وزیر نے کہا - یے جانور (جو آپ دیکھتے ہیں) ایک ہي طبیعت پر مخلوق ہیں اور آدمي کي طبیعت رنگ بہ رنگ - اِسي لیئے ہر ایک کا مذہب علیحدہ[2] - آئین ہر ایک کا جُدا - کوئي تو عقل کے وسیلے سے مُراد کو پہنچا اور اچھے طریقے بھلے کام اُسے یادگار رہے - کوئي پیروي ہَوا و ہوَس کي کرکے بد ذاتي کے گِرداب میں ڈوبا - بد خوئیاں بُري باتیں اُن سے ظاہِر ہوئیں * بادشاہ نے فرمایا اِس صورت میں (جو تو نے بیان کیا) بِہتري اِنسان کي اِسي میں ہي کہ ہر کوئي ایک گوشہ اِختیار کرکے دوسرے کي صُحبت سے باز آوے - اور ہمیشہ خُدا کي یاد اور تہذیبِ اخلاق میں رہے - کہ لوگوں سے کنارہ کرنا ہي اچھا ہَي * یہہ سُنا تھا میں نے کہ بھلائي صُحبت میں فراغت جمعیت میں ہي - پر آج کے دِن یقین جانا کہ آرام چین تنہائي میں ہي *

چاہتا ہوں خلوَت ایسي جو نہ پاوے کُچھ نِشان گر بگولا ہوکے ڈھونڈھے چرخ دولابي[3] مُجھے *

اور اگلے حکیم کہ جنھوں نے غار کے ایک کونے میں گُذران کي ہي - نظر اُنھوں کي اِسي بات پر تھي -

---

[1] Muhammadans believe that Sulaimán or Solomon, as also Jamshíd, possessed a throne on which they could transport themselves through the air.

[2] Properly علیٰ حدّہٖ *'alá ḥaddihi*, 'on its own limit,' *i.e.*, 'separate.'

[3] The sky is called دولابي *dolábi*, as resembling a دولاب *dolábi*, 'water-wheel,' *i.e.*, in its ceaseless revolutions. But *dolábi* also signifies 'a trick;' and 'deceitful' is a term often applied to the heavens by Persian writers.

جوْ کوْئي عاقِل هي قعرِ چار اُسے هي پسند ـ لي اهلِ دانِش ! اِس لئِے
جوْ صفائي دِل کي هي خلوَت مےْں هي ـ کب تجلّي بخش وُہ جلوَت مےْں هي ؟
هي کوئے کي اِسّے تاريکي بهلي نے دِلِ اهلِ جهاں کي تيرگي *
هي گُريْزاں خلق کے غوْغا سے وُہ دانِش و ذِهن و ذُکا رکهتا هي جوْ *

وزير نے عرض کي که جوْ کُچهه زبانِ اِلهام بيان سے آپ نے فرمايا سوْ ٹهيک اور محْض راست هي ـ کيونکه صُحبت سبب بے چيْني کا ـ اور گوْشه نشيني موجِب آرامِ ظاهِر و باطِن کا هي ـ لےْکِن بُزُرگوں نے کها هي که صُحبت نےْک آدمي کي اور مُصاحبت دانا کي تنهائي سے بهتر ـ نادانانوں کي صُحبت سے تنهائي اچّهي هي * دانائي بهم پهُنچاني اور لياقت حاصِل کرني بِن صُحبت کے نهيں هوْ سکتي هي ـ اور آدميُوں کا احوال بهي کهانے پينے پهننے کے سبب جوْ نظر آيا معلوم هوْتا هي که آدم زاد آپس مےْں ايْک دوسرے کا مُحتاج هي ـ کيونکه صِرف ايْک خورِش بهم پهُنچانے کے واسطے کئي شخصوں کے کاموں کي طرف اِحتياج هي ـ جيْسے لهُار بڑهئي مُزارِع باورچي ـ اور ظاهِر هي که اِتنے کاموں کا هوْنا ايْک کے هاتهه سے دُشوار ـ توْ ضرور هوا که آپس مےْں اِتّفاق رکهه کے ايْک دوسرے کا مدد گار هوْوے *

بادشاه نے فرمايا که جوْ کُچهه تُمنے کها سوْ خُلاصه دانِش کا هي ـ لےْکِن هماري خاطِر مےْں يوں آتا هي که اگر طريقه صحبت کا جاري رهے ـ توْ به سبب اِختِلاف مذهبوں اور طبيعتوں کے ظُلم و فساد ظاهِر هوا کريْگا ـ کيونکه ايْک دوسرے سے زوْر و زر مےْں زياده هوْتا هي ـ اور اِس لئِے که لالچ اور زياده طلبي اُن کي طبيعت مےْں هي ـ جوْ کوْئي دوسرے پر بالا دست هوْ هَوا و هَوَس سے اُس پر ظُلم کرتا هي * آخِر يِهه بات فساد اور دِل آزاري کي وجهه هوْتي هي ـ نِزاع ايسي آگ لگاتي هي که گرمي اِس کي سب کوْ جلاتي *

وزير نے عرض کيا ـ اي شاهِ حِکمت پناه ! قضيه و فساد کے دفع کے واسطے ايْک تدبير ٹهہري هي ـ که اُس کے سبب هر ايْک اپنے اپنے حق پر قناعت کر ظُلم سے هاتهه دوسرے کے حق مےْں نه ڈالے * اور مدار اُس تدبير کا عدالت کے آئين پر هي ـ که هر ايْک زمانے مےْں خُدا تعالےٰ لوْگوں مےْں سے ايْک کوْ (جوْ عقل و تدبير مےْں سبهوں سے زياده هوْ) اپني عِنايتِ خاص سے سرفراز کرتا هي ـ اور اخلاقِ نےْک مےْں موْصوف کرکے اُس کوْ مُلک کا حاکِم بناتا هي ـ اور وُہ اپني عقلِ دور انديْش کي صلاح کے موجِب بے غرضوں کي طرح رعيّت پروري ـ اور مظلوم کي دادرسي ـ اور ظالِم کے توڑ نے کے واسطے کئي بند و بست مُقرّر کرتا هي که کِسي کوْ کِسي کي طبيعت کے اِختيار مےْں نهيں رکهتا ـ اور راستي کے طريقے پر هر ايْک کوْ ثابِت قدم کرتا هي ـ اگلے حکيموں نے اُس کا نام ناموسِ اکبر رکها هي * جوْ

کوئي کم بخت هَوا و هوَس میں قیدہ هوکر اُس بندوبست کے بر خِلاف ظُلم پھیلاوے کماحقّہٗ سزا کو پہنچکر اوروں کي عِبرت کا موجب هووے *

فرّخ فال نے کہا کہ ذرا احوال اُس مقبولِ خُدا کا جو خلایق کے آرام کا سبب هو سکے بیاں کرو * وزیر نے کہا کہ وُہ ایک دانا هي جو زمانے کا مِزاج پہچانتا اور احوال دُنیاداروں کا خوب جانتا هي - اور هر کِسي کو اپنے اپنے درجے پر رکھ کے بند و بست مُلک کا کرتا هي - اور بد ذاتوں کو جو بد باطِني اور ناتوان بیني اور نا مردُمي سے موصوف هیں یا جو چوري اور لالچ اور هرزہ گوئي میں مشہور هوں مُلکي کاموں میں دخل نہ دےکر ذلیل رکھتا هي - اور بلند هِمّت مردانے کارگُذار جو زیادتي دانِش اور تدبیرِ نیک میں ذرہ اِمتیاز کریں عدالت و رعیّت پروَري اُنھیں کے حوالے کرتا هي - اور جیسے آئین عدالت کے هیں عمل میں لاکے دوست دُشمن خویش بیگانے کو اپني نظر میں برابر رکھتا هي - اور وُہ اِقبالمند مُفصّل جانتا هي کہ کِس آدمي کو نوازئے مجلِس میں آنے دیجئے اور کِن کو ذلیل و خوار رکھیئے اور اُن کي جڑ کھودنے کي کوشش کیجئے - کیونکہ پادشاہ کے مُلازموں میں ایسے لوگ کم هوتے هیں کہ اُس کي خیرخواهي و اِخلاص میں کمر باندهیں اور نیک نامي کي سعي کریں - اور ایسے بہُت هیں کہ صِرف اپني منفعت و دفعِ ضرر کے واسطے بندگي و اِخلاص کي باتیں کرتے هیں * پس چاهئے کہ وُہ مقبولِ خُدا لوگوں کے احوال سے مُطّلِع هووے * ایسا نہ هو کہ ویسے آدمي جو فریب و خوشامد سے اپنے تئیں سرکار کے دولت‌خواهوں میں داخِل کرکے جهوٹھ باتوں کو لِباسِ راستي پہناکر عرض کریں اور سرکار کے خیرخواهوں کو گِرا دیں * پر جو عقل‌مند بادشاہ اُمورِ مُلک کو غور فرماوے اور آپ هي سعي اپنے کاموں کي کرے - تو البتّہ جهوٹھ سچ میں فرق ظاهِر هوجاوے اور همیشہ وُہ نیک نام رهے * جو پادشاہِ آگاہ دِل مدار کاموں کا حِکمت پر رکھ کے داناؤں کي نصیحتوں کو دستورُ العمل سمجھے تو مُلک اُس کا آباد هو اور رعیّت خوش و محظوظ * جیسے راے دابِشلیم هِندي نے اپنے کار و بار کامدار بیدپاے حکیم کي باتوں پر رکھ کے مُدّت تک ساتھ کامراني کے گُذران کي اور جب سے اِس سراے فاني کو چھوڑا تب سے آج تک نیک نامي اُس کي زمانے کے صفحے پر باقي هي *

فرّخ فال نے جب دابشلیم اور بیدپاے برهمن کے نام سُنے خوش و خُرّم هوکر کہا - اي خُجستہ راے ! مُدّت سے راے اور برهمن مذکور کے قِصّے کا مُشتاق هوں - اور کیفیتِ حال اُن کي جسّے پوچھي کِسي سے کچھ دریافت نہ هوئي اور همیشہ کان لگائے تها کہ نام و نِشان اُنھوں کا کِسي سے سُنوں اور اِنتِظار تها کہ احوال کیونکر ظاهر هو * جب معلوم هوا کہ تُم اُنھوں کے احوال سے مُطّلِع هو شُکر خُدا کا بجا لاکر یہي کہتا هوں - کہ آخِر دِل میرا اپنے مطلب کو پہُنچا - خُدا سے جو میں چاهتا تها سو مُجھے مِلا * لازم هي کہ جلد مُجھے راے اور برهمن کي باتوں سے آگاہ کرو - کہ ادا ے حقِّ صُحبت تُمھارا اُسي میں

هي اوْر هم اُس کے سُنّے سے اقسام کے فائدے رعیّت کوْ پہُنچاوینگے - اوْر اصل اُس بات کي که جِس کے کہنے سے حق نِعمت کا ادا هوْوے - اوْر اُس کي بدوْلت کمال فائدہ خاص و عام کوْ پہُنچے بہُت هي مُبارک هوْگا *

زبان مُنہ میں دانا کے کیجوْ یقین — کِلید در گنجِ حِکمت هي وْو -
تو کھوْل اُسّے دروازہ اُس گنج کا — سمجھ لے زرِ نقد اِس میں هي جوْ -
نصیحت کسوْٹي هي اُس کي مُدام - — نہیں اِس سِوا اوْر کُچھ گُفتگوْ *
نصیحت تو شاهوں کوْ اِس طرح کر — که جِس میں بھلائي رعیّت کي هوْ *

شُروع قِصّہ راے دابِشلیم اوْر بیدپاے حکیم کا *

COMMENCEMENT OF THE HISTORY OF KING DABISHLIM AND THE PHILOSOPHER BEDPAI.

وزیرِ نیک تدبیر بیان کرنے لگا که سُخنوَري کے شکرستان کي طوطیوں سے اوْر هُنرمندي کے گُلزار کي بُلبُلوں سے سُنا هي میں نے که سوادِ اعظمِ هِندوستان کي ایک سرحد میں که وہ رُخسارۂ عالم کا خال هي کوْئي پادشاہ تھا بیدار بخت - فتح نصیب - روْشن عقل - رعیّت نواز - ظالِم گُداز - که تختِ شاهي نے جواهِرِ عدل سے اُس کے زیبایِش پائي تھي - اوْر چترِ دوْلت نے گوْهرِ جود سے اُس کے آرایِش * لوْگ اُسے راے دابشلیم کہتے تھے یعنے بڑا پادشاہ - اُس کي فوْج جري سِپاهیوں اوْر جنگي مردوں سے آراستہ تھي - اوْر دس هزار مست هاتھي اُس کے لشکر میں تھے * ساتھ اِس شُکوہ کے وہ خود رعیّت کي غوْر کرتا - اوْر آپ هي مُتوجّہ هوْکر مُعاملہ هر ایک دادخواہ کا فیْصل کرتا به قوْل کِسي بُزُرگ کے -

جوْ هیں زیْردست اُن کي غمخواري کر - — زبردستئ دهر سے دِل میں ڈر *
حُکومت کي مسند تو اُس جا لگا — جهاں داد خواهوں کي پہُنچے صدا *
نہ دے عملے فِعلے کوْ کُچھ اُس میں راہ — که شاید اُنهیں پروے هوْں دادخواہ *

جوْ اُس نے تمام مُلک کا بند و بست خوب کیا تھا اوْر مُدّعیوں سے ولایت کوْ خالي - همیْشہ خاطِرجمعي سے محفِلِ عشرت آراستہ رکھتا - اوْر مطلب دِل کا زمانے سے حاصِل کرتا - دانا مُصاحِب اوْر حُکماۓ مُحقّق اُس کي خِدمت میں حاضِر رها کرتے - مجلِس کوْ رنگین باتوں اوْر دِلفریْب حِکایتوں سے تازہ رکھتے *

ایک دِن عیْش کي مسند پر بیْٹھا تھا اوْر ایک پادشاهي جشن کي تیّاري کي تھي - اوْر ساتھ ایک طوْر کے مجلِس دُرُست کرکے خوشي کے دروازے هر طرف کھوْل دیئے تھے - مُطرِبوں کے راگ سُنّے کے بعد داستانِ حِکمت کي خواهِش کي * محفِلِ عالم کے دانا اخلاقِ حمیدہ اوْر نیک صِفتیں جوْ آدمي کوْ درجۂ

عالي میں پہنچاتے ہیں بیان کرتے تھے - کہ سر رشتہ سخن کا بخشش تلک پہنچا * سب حکیم ملکر کہنے لگے کہ بخشش سب خلقوں سے اچھي هي - اور سب صفتوں سے بہتر * ارسطو نے کہا هي کہ بہتر صفت صفاتِ الٰہي سے جود هي - کیوں کہ بخشش اُس کي جمیع موجودات کو پہنچي هي اور اُس کے کرم نے تمام جہان کو گھیر لیا هي * سخاوت کے اوصاف سُنتے هي راے کي دیگ همّت جوش میں آئي * حسبُ الحکم اُس کے مُلازموں نے گنج کے دروازے کھول دیئے - بخشش کا آوازہ خاص و عام کو پہنچایا - مُسافر اور شہري سب کے سب انعام سے اُس کے محظوظ هوئے - اور چھوٹے بڑے اُس کي بخشش سے بہرہ مند *

غرض دن تو بخشش و کامراني میں گُذرا - جب رات هوئي سر آسایش کے تکیے پر رکھا اور نیند کي فوج نے اُس کے مُلکِ دماغ کو گھیر لیا * خواب میں دیکھتا کیا هي ؟ کہ ایک پیر نوراني نے آکر کہا کہ - آج ایک گنج تو نے خُدا کي راہ پر لُٹا دیا هي * فجر رکابِ دولت میں پانو دھر اور مشرق کي طرف مُتوجّہ هو - کہ وهاں بڑا ایک گنج اور مُفت کي دولت تیرے نصیب میں هي - اُس کے پانے سے تیرا درجہ بڑھ جائیگا * جب راے نے یہہ خوش خبري سُني چونک پڑا اور صُبح دولت کي اِنتظاري میں بیٹھا - تڑکے هي خوشي خوشي سوار هو پورب کي طرف چلا *

جب بستي سے میدان میں پہنچا - چاروں اور دیکھتا بھالتا مطلب کا پتا ڈھونڈھتا پھرتا تھا * اچانک نظر اُس کي ایک پہاڑ پر جا پڑي - اور اُس کے دامن میں ایک غار اندھیرا نظر آیا - اور ایک درویش روشن دِل آپ کو دُنیا کي زحمت سے بچاکر دروازے پر اُس کے بیٹھا هي * پادشاہ کي نظر جو اُس پر پڑي تو دِل صُحبت کا مائل هوا * پیر مرد نے شاہ کي غرض دریافت کر کہا کہ - اگرچہ فقیروں کے جھونپڑے کو پادشاهوں کے قصرِ پُر نقش و نِگار سے کُچھ نِسبت نہیں - پر هیشہ سے اُن کا ایک آئین هي کہ مہرباني کي نظر گوشہ نشینوں کے حال پر رکھتے هیں - اور قدم رنجہ کرکے خاکسار نیازمندوں کو سرفراز فرماتے هیں * راے دابشلیم نے درویش کا کہنا قبول کیا - گھوڑے سے اُترا اور خدمت میں حاضر هوکر مدد چاهي *

جب پادشاہ نے رُخصت هونے کا قصد کیا فقیر نے عُذر خواهي کي کہ مُجھ فقیر سے مہماني تُجھ سے پادشاہ کي نہیں هو سکتي هي - پر جو کُچھ تحفہ حاضر هي اور وہ باپ سے مُجھے میراث میں ملا - آپ پر نثار کرتا هوں - یعنے ایک گنج نامہ هي جس کا مضمون یہہ هي - کہ اِس غار کے کونے میں ایک ایسا بڑا گنج هي کہ جس میں نقد و جواهر بے شمار هیں - میں نے گنجِ قِناعت[1] پایا تھا - اِس لیے اُس کي تلاش نہ کي * اگر پادشاہ اِلتفات کریں اور مُلازموں سے اپنے فرما دیویں تا وے

[1] This word is properly قَناعت *ḳanā'at*, but as it is written قِناعت *kinā'at* in the original, I have left it so, though incorrect and even vulgar.

اُسے ڈھونڈھ خزانۂ عامِرہ میں داخِل کر مُناسِب کاموں میں خرچ کریں تو بہتر ہي * راے نے یہہ بات سُن رات کے خواب کا احوال فقیر سے بیان کیا * اُس نے جواب دیا کہ یہہ تھوڑي سي چیز اگرچہ پادشاہوں کي ہِمّتِ عالي کے نزدیک کُچھ وَقَر نہیں رکھتي ہي - پر جب غیبْ سے تُمھیں مِلي قبول فرمائیے * راے نے حُکم کیا - لوگ غار کوْ کھودنے لگے * تھوڑے عرصے میں گنج کوْ اُٹھاکر پادشاہ کے حُضور لائیے - اوْر حسبُ الحُکم اُس کے صندوقوں اوْر ڈِبّوں کے قُفل کھوْل کر نفیس نفیس جواہِر سامھنے دھرے * اِس میں ایْک جڑاؤ صندوق نِکلا - مضبوط بندوں سے جکڑا ہوا - اوْر فوْلاد کا تالا لگا ہوا - کُنجي اُس کي ہرچند تلاش کي نہ پائي *

راے کوْ کمال رغبت اُس کے کھوْلنے کي اوْر اُس چیز کے دیْکھنے کي (جوْ اُس کے اندر ہي) ہوئي - اُس نے اپنے دِل میں خَیال کیا کہ کوْئي بیْش قیمت تُحفہ اِس میں رکھا ہي *

آخِر جب قُفل کوْ توڑا اُس کے اندر سے ایْک ڈِبّا نِکلا اوْر دوْسري ڈِبیا اُس کے بیچ میں تھي * راے نے ڈِبیا کا ڈھکنا کھوْل کر دیْکھا کہ ایْک ٹُکڑا ریْشمي کپڑے کا ہي - کُئي سطریں سُرياني حرفوں سے اُس پر لِکھي ہیں * راے دابشلیم مُتعجّب ہوا کہ یہہ کوْن سي چیز ہي جوْ اِس اِحتیاط سے رکھّي ہي ؟ بعضوں نے کہا صاحبِ گنج کا نام ہي - بہُتوں نے کہا کُچھ طِلسم ہي کہ گُنج کي حِفاظت کے لیْے لِکّھا ہوْگا * راے نے فرمایا جب تلک یہہ عِبارت پڑھي نہ جاے بھیْد نہ کُھلیْگا * مُلازِموں میں سے کِسي کوْ وُہ خط پڑھ نہ آتا تھا - اِس لیْے ایْسے آدمي کي تلاش میں دوْڑے جِسّے یہہ مقصد حاصِل ہوْوے * آخِر ایْک دانا کوْ (جوْ عجائِب خطوں کے پڑھنے میں مہارت رکھتا تھا) پایا - اوْر حُضور میں لا حاضِر کیا * اُس داناے نُکتہ فہم نے بہُت تامّل کے بعد لِکھّے کوْ پڑھ سُنایا اوْر کہا کہ - یہہ نوِشتہ بڑے فائدے کا ہي في الحقیقت گُنج یہي ہي - مضمون اُس کا یہہ ہي کہ میں جوْ ہوْشنگ پادشاہ ہوں اِس گُنج کوْ امانت رکھتا ہوں واسطے ایْک پادشاہِ بُزُرگ کے جِس کا نام راے دابشلیم ہي * میں نے از روے اِلہام کے جانا کہ یہہ دوْلت اُسي کے نصیب ہوْگي - اوْر ایْک وصیّت نامہ زر و جواہِر کے بیچ رکھا ہي میں نے - کہ جب گُنج کوْ اُٹھاوے اِس وصیّت نامے کوْ دیْکھے سوْچے کہ زر و جواہِر پر بھولنا داناؤں کا کام نہیں - کیوں کہ دوْلت مُستعار چیز ہي ہر روْز ایْک کے ہاتھ لگتي ہي پر کِسي سے وفا نہیں کرتي *

مالِ جہان کي ہي تمنّا کِسے ؟ کِسّے وفا کي ہي جوْ ہم سے کرے ؟
سخت ہي بے مغز ہَي یہہ اُستخواں - بوے وفا اِس میں نہیں مہربان !

پر یہہ وصیّت نامہ ایْک دستورُ العمل ہي کہ پادشاہوں کوْ ضرور ہي * پس اُس اِقبال مند پادشاہ کوْ چاہیْے کہ مُطابق اِس کے کام کرے - اوْر یقین جانے کہ جوْ پادشاہ اِن چوْدہ قاعِدوں کوْ (جوْ لِکھتا ہوں) عمل میں لاوے اُس کي دوْلت کي بنا اوْر سلطنت کي بُنیاد ہمیْشہ بر پا رہے *

پہلا قانون یہہ کہ — جس مُقرّب کو اپنے نوکروں میں سے سرفراز کرے — کِسي کي بات سے اُس کے توڑنے کے در پي نہ ہو — کیونکہ جو شخص پادشاہ کا مُقرّب ہووے — یقین ہي کہ لوگ حسد سے اُس کے زوالِ قُرب کي کوشِش کریں — دولت خواہي و نصیحت کے رو سے فریب کي باتیں یہاں تلک کہیں کہ پادشاہ کے مزاج کو اُس کي طرف سے پھیریں — اُس وقت مقصد اپنا حاصِل کر لیں *

دوسرا یہہ کہ — چُغل خوروں اور بت‌بنوں کو اپني مجلِس میں راہ نہ دے — کیونکہ یے باعِث فِتنے اور جنگ کے ہیں اور آخِر اُس کا بُرا ہي * بلکہ جب یہہ خو کِسي میں دیکھے — شِتاب آتشِ فِتنہ کو آبِ شمشیر سے بُجھا دے — تا دھوئیں سے اُس کے عالم میں اندھیر نہ ہو *

تیسرا یہہ کہ — اُمرا و ارکانِ دولت پر مہرباني کرکے اِتّفاق و یکجہتي کے سبب ہر مُشکِل آسان ہووے *

چوتھا یہہ کہ — دُشمن کي چاپلوسي و نرمي سے مغرور نہ ہو — اور ہرچند خوشامد کرے دور اندیشي سے اُس پر اِعتِماد نہ کرے *

پانچواں — جب مطلب حاصِل ہووے اُس کي حِفاظت میں غفلت نہ کرے *

چھٹا — کاموں میں جلدي نہ فرماوے بلکہ ہر کام میں آہِستگي و تامّل کرے — کہ جلدي کي مضرّت بہُت اور آہِستگي کي منفعت بے حِساب ہي *

ساتواں — تدبیر کے سر رشتے کو کِسي طرح ہاتھ سے نہ دے * جب ایک گروہ دُشمنوں کا اُس کي ہلاکت کا قصد کرے — صلاح یہہ جانے کہ اُن میں سے ایک کو لگا لے کہ اُس سبب بلوے سے مخلِصي پاوے اور ایک حیلے سے اُن کے فریب کي بِنا کو توڑے *

آٹھواں — کینہ‌ور آدمي سے اِحتِراز کرے اور اُس کي خوشامد پر نہ بھولے *

نواں — عفو بخشِش کو عادت اپني کرکے تھوڑے گناہ میں نوکر چاکروں پر عِتاب نہ کرے — اور اگر بعضے مُقرّبانِ درگاہ سے کوئي گُناہ ظاہِر ہو — تو مُعاف فرماوے کہ اُن کو تقویَت ہو اور بارِ دیگر بخشِش کے چشمے سے اُنہیں سیراب کرے تاکہ حیران نہ ہوں *

دسواں — کِسي کي اذیّت کے در پي نہ رہے — کہ دُنیا دارُ المکافات ہي — بدلے میں اُسکے اُسے بھي رنج پہنچیگا *

گیارھواں — لوگوں کو وہ کام نہ فرماوے جو اُن کے لائق نہ ہو — کیونکہ بہُت آدمي اپنے پیشے چھوڑکر اوروں کے کام میں مشغول ہوویں — آخِر وہ کام اُن سے نہ ہو سکے اور اپنے کام سے بھي عاجِز رہیں *

بارھواں — اپنے تئیں حِلم و بُردباري کے زیور سے سنوارے *

تیرھواں — امانت‌دار و مُعتبر مُلازموں کو جمع کرے اور اہلِ خیانت سے کنارہ — کیونکہ اگر پادشاہ کے نوکر چاکر امانت‌دار ہوویں — تو بھید مُلک کا نہ کُھلیگا — اور آدمي بھي اُن کے ضرر سے محفوظ

رهیْنگے۔اوْر جوْ اهلِ خِیانت کي بات پادشاہ کے نزدیک مُعتبر هوْے تو وے اکثر بیْچارے بے گُناهوں کوْ هلاکت کے گِرداب میْں ڈالیْنگے اوْر ثمرۂ بد ظاهِر هوا کریْگا *

چوْدهواں ــ لازِم هي دُنیا کي مِحنت اوْر زمانے کي گردِش سے گرد ملاَل کي دامنِ دوْلت پر اُس کے نہ پڑے * اوْر ایْک ایْک کوْ اُن چوْدہ وصِیّتوں میْں سے (جوْ هم نے بیان کیں) ایْک قِصّہ اوْر ایْک اچّهي داستان مُقرّر هي * اگر رائے چاهے کہ اُن حِکایتوں کي تفصیل پر اِطّلاع پاوے سراندیپ کے پہاڑ کي طرف (کہ مقام آدم صفي[1] کا هي) توجُّہ فرماوے۔کہ یِہہ مُشکِل آسان هوْگي اوْر مطلب بر آیْگا *

جب اُس دانا نے نوِشتے کا مضمون تمام عرض کیا ــ رائے دابشلیم نے اُسے سرفراز فرمایا اوْر اُس حِکمت کے نوِشتے کوْ چوم کر اپنے بازو کا تعویز کیا اوْر کہا ــ جِس گنج کا پتا درویش نے بتایا تها وُہ یِہہ گنج هُنر کا هي نہ زر و جواهِر کا * خُدا کے فضل سے میْرے یہاں دوْلت دُنیا کي اِس قدر هي کہ اِس زیادتي کي اِحتِیاج نہیں ــ اوْر هِمّت کے رو سے اِس ادنےٰ چیز کا پانا نہ پانا برابر سمجهتا هوں * ضرور هي کہ اِس پندنامے کي شُکر گُذاري کے واسطے (جوْ فِي الحقیقت گنج اِسي کا نام هي) جِتنا دفینہ هاتهہ لگا هي مُستحِقوں کوْ دوں ــ تا ثواب اُس کا هوْشنگ کي روح کوْ پہُنچے ــ اوْر میْں بهي داخِلِ ثواب هوں * نوْکر جاکر پادشاہ کے تهوْڑے سے عرصے میْں حُکم بجا لائے * رائے دارُ السُلطنت میْں آیا اوْر هَمیْشہ اِس فِکر میْں رهتا تها کہ سراندیپ کي طرف قصد کرے اوْر مقصد کوْ پہُنچے اوْر وصِیّت نامے کي تفصیل پر واقِف هوْکر اُسے دستورُ العمل بادشاهي کا کرے اوْر اپنا سلطنت کي اُسي پر رکهے * بهُت سوْچ کے بعد ارکانِ دوْلت میْں سے دانا دوْ شخصوں کوْ اپنے حُضور بُلاکر فرمایا ــ جِس گنج کوْ کہ هوْشنگ نے رکها تها میْں نے سب خُدا کي راہ غریبوں فقیروں مِسکینوں مُستحِقوں کوْ بخش دیا ــ اب سراندیپ کے جانے کا قصد دِل پر اپنے ٹهانا هي اوْر هَمیْشہ میْں نے بادشاهي کار و بار کي بنا تُمهاري نیْک عقلوں پر رکهي هي ــ اب اِس بات میْں بهي جوْ کُچهہ صلاح هوْ عرض کروْ *

وزیر نے کہا ــ بے تامّل اِس کا جواب دینا مُناسِب نہیں ــ کیونکہ نہ سوْچي هوئي بات زر نا سنجیدہ کے مانند هي * دوسرے روْز اپنے اپنے دِل میْں سوْچ کے حُضور میْں حاضِر هوئے اوْر وزیر اُلوُزرا نے عرض کي کہ اِس سفر میْں اگرچہ فائدے کا اِحتِمال هي پر مِحنت اوْر اذیّت بهي بهُت هي ــ آرام چیْں جاتا رهیْگا ــ دِل کِتنے خوْف و خطر میْں پڑیْگا * دانا کوْ چاهیْے آرام کوْ مِحنت کے ساتهہ بدَل نہ کرے اوْر لذّتِ نقد کوْ نسیْے کے سوْدے پر هاتهہ سے نہ دے ــ نہیں تو وُہ حالت هوْگی جو اُس کبوتر کي هوئي * رائے نے فرمایا وُہ کیونکر هي ؟

[1] صفيّ *ṣafiy* or صفيّ اللّٰہ *ṣafiyu'llāh*, 'chosen of God,' is a title given by Muhammadans to our great progenitor (See D'Herbelot, *s.v.* 'Adam').

حکايت ٣

THE STORY OF THE TWO PIGEONS: ILLUSTRATING THE DANGERS OF TRAVEL.

وزير نے کہا — سُنا هي مَيں نے کہ دو کبوتر باهم ايک گھونسلے ميں هم‌دم تھے — ايک کا نام بازِندہ دوسرے کا نوازِندہ * زمانہ اُن دونوں کي رِفاقت پر حسد رکھتا تھا * بازِندہ کو خَيال سفر کا هوا — يار سے اپنے کہا کہ کب تلک اِس جگہہ گُذران کرِيں اور ايک آشيانے ميں دِن کاٹيں ؟ چاهتا هوں کِتنے دِنوں جهان کے گِرد پھِروں کہ سفر ميں عجائِب بهُت هيں — اور تجرِبے بے نِهايت حاصِل * تلوار جب تلک ميان سے نہ نِکلے جوان‌مردوں کے معرکے ميں سُرخ رو نہ هوے — اور قلم چلتے ميں تاکہ سِر کو اپنے قدم نہ بناوے نقش مقصود کا صورت پذير نہ هوے * آسمان سفر کے سبب سب سے بالا — اور زمين بے حرکتي سے سب کي پايمال هي * درخت اگر حرکت کرتا ايک جگہہ سے دوسرے جگہہ کو نہ اذيّت اَرے کي کھِنچتا نہ ظُلم گُلهاڑے کا * نوازِندہ نے کہا — اي يارِ همدم ! تو نے سفر کي اذيّت نہيں اُٹهائي هي * جواب ديا کہ اگرچہ سفر کي اذيّت کاهِشِ جان هي پر دُنيا کا تماشا روح افزا هي — اور جب مِزاج خو گِرفتہ سفر کا هو اور دُنيا کے عجائِب تماشے ديکھنے کا مشغول — تو پھر راہ کي مِحنت کيا هي ؟ نوازِندہ نے کہا — اي يارِ همدم ! سيَر دُنيا کي اور تماشا جهان کا همدم ياروں اور مَحرم دوستوں کے ساتھ خوب هي * جب کوئي شخص دوستوں کے ديدار سے محروم رهے — ظاهِر هي کہ اِس قدر تماشے سے اُسے کيا تسکين هوے ! اور مَيں جانتا هوں کہ ياروں کي جُدائي کا درد سب دردوں سے مُشکِل هي * اب تو (گوشہ اور توشہ دونوں موجود هيں) فراغت کر اور چيں سے بيٹهہ هوَس کے پيچهے اپنے تئيں برباد نہ کر * جمعيّت کے دامن کو تهام اور خاطِر جمع رکھہ — کہ زمانہ سنگِ تفرِقہ کو هاتھہ ميں لِيے هي[1] *

بازِندہ نے کہا — اي دوست ! جُدائي کي بات پھر زبان پر نہ لاؤ — دُنيا ميں يارِ غمگُسار کي کمي نہيں — جو يہاں سے دِل اُٹهاؤں تهوڑے عرصے ميں اپنے تئيں اور ايک يارِ همدم کي صُحبت ميں پہُنچاؤں * سُنا هي تو نے جو کہہ گئے هيں — ايک دوست سے دِل نہ مِلا اور ايک هي مُلک ميں جي نہ لگا کہ مُلک خُدا کا وسيع اور آدمي بهُت هيں * اِلتِماس کرتا هوں کہ بعد اِس کے سفر کي مِحنت کا دفتر ميرے سامهنے نہ کهولِيو کيونکہ مُسافِري آدمي کو پُختہ بناتي هي *

بِسيار سفر بايد تا پُختہ شوَد خامے *

نوازِندہ نے کہا — اي يارِ عزيز ! جب تو قديم دوستوں کي صُحبت سے دِل اُٹهاکر اوروں سے ياري کر سکتا هي — تو ميري بات تيرے دِل ميں کيونکر اثر کرِيگي ؟ پر بُزُرگوں نے کہا هي کہ دُشمنوں کا

[1] لِيا هي *liyá hai*, and نے *ne* with the nominative, would, in my judgment, be more correct.

دل وہ شاد کرتا ہی جو خیرخواہ دوستوں کا کہنا نہ مانے * غرض اِس بات پر منقطع کرکے آپس میں ایک دوسرے سے رخصت ہوا *

بازندہ اپنے رفیق کی طرف سے جی اُٹھاکر اُڑا ــ پہاڑ اور جنگل کو طی کرتا باغ اور میدان کا تماشا دیکھتا جاتا تھا * اِتفاقاً ایک دامنِ کوہ میں اُس نے ایک سبزہزار دیکھا کہ سبزہ اور گل سے آراستہ اور آب و ہوا سے تر و تازہ ــ بازندہ کو وہ جگہہ پسند آئی ــ شام ہونے پر تھی اِس لیے وہیں اُترا * ہنوز راہ کی ماندگی نہ گئی تھی اور ذرا آرام نہ پایا تھا کہ ایک بارگی بدلی آندھی بجلی نہایت زور شور سے نمود ہوئی * بازندہ کو ایسی آفت میں کوئی آسرا اور سہارا نہ تھا ــ کبھی ڈالیوں کے اندر چھپتا تھا ــ کبھی درخت کے پتے کا آسرا لیتا *

غرض ہزار تکلیف سے رات وہیں کاٹکر صبح وہاں سے اُڑا ــ دودِلا تھا کہ قدیم گھونسلے کی طرف پھر جاوے یا موافق عزم کے چند روز تماشے میں بسر کرے * اِس حالت میں ایک شاہینِ تیز پر خونیچنگل نے بازندہ کا قصد کیا * غریب کبوتر کی نظر جو شاہین پر پڑی تو دل اُس کا تڑپنے لگا ــ اور روح اُس کی پرواز میں آئی * اپنی چوک سے پشیمان ہوا اور دل میں عہد کیا کہ جو اِس آفت سے چھوٹوں ــ تو پھر خیال سفر کا نہ کروں اور یارِ ہمدم کا ساتھ غنیمت جانوں * بارے دُرست نیتی کی بدولت مُشکل آسان ہوئی اور ایک عُقابِ تیز پر نے اور طرف سے آنکر چاہا کہ کبوتر کو شاہین کے سامنے سے اُٹھالے * شاہین اگرچہ زور میں عُقاب کے برابر نہ تھی ــ مارے غیرت کے لڑنے کو مُستعِد ہوئی * جب دونوں آپس میں لڑنے لگے بازندہ نے فُرصت کو غنیمت جانکر اپنے تئیں ایک پتھر کے نیچے گِرایا ــ اور ایک تنگ سوراخ کے اندر پناہ لی * رات وہیں کاٹی ــ جب دِن ہوا اگرچہ بازندہ کو خوب اُڑنے کی طاقت نہ تھی جوں توں اُڑا اور ڈرتا ہوا داہنے بائیں آگے پیچھے دیکھتا چلا * یکایک ایک کبوتر نظر آیا ــ دیکھا کہ اُس کے سامنے دانے پڑے ہوئے ہیں اور ہزاروں بازیاں اُن سے نمود ہیں * ازبسکہ وہ بھوکا تھا ــ کچھ اندیشہ نہ کیا اور صِرف اپنے ہمجنس کو دیکھکر جا بیٹھا * ہنوز ایک دانہ نکھایا تھا کہ گرفتار ہوا ــ اور اُس کبوتر پر غُصّے ہوا کہ ــ ای بھائی ! ہم ایک جِنس ہیں اور یہہ جادِثہ تُمھارے سبب ہوا * کہوں تُمنے مُجھے اِس حال سے مُطّلِع نہ کیا؟ اور کِس لیے تُم شرط مُروّت کی بجا نہ لائے ــ کہ میں اِس آفت میں نہ پڑتا؟ کبوتر نے کہا ــ اِس بات سے درگذرو ــ قضا کے آگے کوشش فائدہ نہیں کرتی ہی * بازندہ نے کہا ــ اب ہو سکتا ہی کہ تو رہائی کی کوئی راہ بتاوے اور طوقِ مِنّت میرے گلے میں ڈالے؟ کہا ــ ای بیوقوف ! جو میں کوئی حیلہ جانتا تو اپنے تئیں اِس قید سے چھڑاتا اوروں کی گرفتاری کا سبب نہ ہوتا ــ حالت تیری اُس اونٹ کے بچّے کی سی نظر آتی ہی ــ جو راہ چلتے چلتے تھک گیا تھا اور ما سے اپنی کہتا تھا ــ ای بیدرد ما ! اِتنا ٹھہر کہ دم لوں * اُس کی ما بولی ــ تو نہیں دیکھتا ہی کہ نکیل میری اور کے ہاتھ

هي ــ جوْ مےرا اِختیار هوْتا تو اپني پیٹھ کوْ بار سے اوَر تیرے پانو کو چلنے کي اُذیّت سے بچاتي *
بازِندہ جب نا اُمّید هوْکر تڑپھنے لگا اوَر زوَر کرکے اُڑنے کا قصد کیا ــ تو دام کي ڈوْري ٹوٹ گئي *
وُہ اُڑا اوَر گھر کي طرف چلا ــ اثناءِ راہ میں ایْک اُجڑي بستي میں پہُنچا اوَر کوْنے پر ایْک دیوار کے
(جوْ کھیْت کے مُتّصِل تھا) ٹھہرا ــ گنوار کا ایْک لڑکا (جوْ کھیت کي نِگہباني کے لیْے وهاں پھرتا تھا) نظر
اُس کي جوْں کبوتر پر پڑي تو ایْک تیر مارا اوَر اُس ناتوان کے بازو پر جا لگا ــ دهشت کے مارے سِر
کے بھل ایْک کوئے کے اندر (جوْ دیوار کي جڑ میں تھا) گِر پڑا * لڑکے نے دیْکھا کہ کبوتر کوئے میں گِرا *
نا اُمّید هوْکر وهاں سے پھرا * بازِندہ ایْک رات دِن خستہ دِلي اوَر شِکستہ بالي کے ساتھ اُسي کوئے میں
رها * دوسرے روز بہ هزار خرابي نِکلکر گِرتے پڑتے گھوْنسلے کے پاس پہُنچا * نوازِندہ نے یار کے پروں کي
آواز سُني ــ اوَر اِستِقْبال کے اِرادے آشیانے سے نِکل بازِندہ کوْ ناتواں اوَر دُبلا دیْکھکر پوچھا ــ اي خود پسند!
کہاں تھا اوَر کیا حال هي؟ کہا ــ کیا کہوں؟ میں نے کیا کیا تصدیع کھیْنچي اوَر کیسے کیسے خطرے
دیْکھے * غرض سُنا تھا سفر میں تجرِبہ حاصِل هوْتا هي ــ مُجھے یہي تجرِبہ هوا کہ جب تلک جیُوں
سفر کا نام نہ لوں اوَر قصداً تُجھ سے جُدا نہ هوں *

وزیر نے کہا ــ اِس کبوتر کا قِصّہ میں نے اِس لیْے ذِکر کیا کہ جہان پناہ اِس سفرِ دور دراز سے باز
رهیں اِتني مِحنت میں اپنے تئیں نہ ڈالیں * رلے دابشلیم نے فرمایا ــ اي وزیرِ ناصِح! اگرچہ مِحنت
بہُت هي پر منفعت بھي بے نِہایت هي ــ اوَر سفر میں کمال ترقّي هوْتي هي خواہ ظاهِر کي خواہ
باطِن کي * نہیں دیْکھتا هي تو کہ شطرنج کا پیادہ چھہ منزِل کے طَي کرنے سے فرزین کا درجہ پاتا هي ــ
اوَر چاند چوْدہ روْز کي سیْر کے سبب بدر هوْ جاتا هي * جوْ شخص گھر کے کوْنے میں بیْٹھے اوَر پانو
باهر نہ نِکالے دُنیا کے عجائِب تماشوں سے محروم رهے ــ اوَر بُزُرگوں کي مُلازمت سے بے نصیب
هوْے * باز کي جگہہ بادشاهوں کے هاتھ پر اِس لیْے هوئي کہ گھوْنسلے میں نہیں رهتا هي ــ اوَر
دیْکھیے کہ پاني ایْک هي جگہہ کے ٹھہرنے سے کیا رنگ و بو پیْدا کرتا هي * وُہ بازِ شِکاري (جوْ چیل
کے بچّوں کے ساتھہ بڑا هوا تھا) اگر گھوْنسلے میں رهتا اوَر سفر کوْ نہ نِکلتا ــ تو هرگِز بادشاہ کے یہاں نہ
پہُنچتا * وزیر نے پوچھا حقیقت اُس کي کیونکر هي؟

حِکایت ٤

STORY OF THE HAWK: ILLUSTRATING THE ADVANTAGES OF TRAVEL.

رلے دابشلیم نے فرمایا ــ سُنا هي میں نے کِسي ایّام میں دوْ بازِ تیز پرواز آپس میں
کمال دوْستي رکھتے تھے ــ پہاڑ کي چوْٹي پر آشیانہ اُن کا تھا ــ خاطِر جمع سے
دونوں وهاں اوْقات بسري کرتے * مُدّت کے بعد اُن کے یہاں ایْک بچّہ هوا ــ پیار و

محبّت کے سبب (جو اُنھیں بچّے سے تھي) دونوں طُعمے کي تلاش کو جاتے اور ہر طرح کي چیزیں بچّے کے لیئے لاتے یہاں تلک کہ تھوڑے دِنوں میں بچّہ ذرا سیانا ہوا *

ایک دِن اُس کو اکیلا چھوڑکر کہیں گئے تھے - پھر آنے میں دیر ہوئي - بچّے کو بھوکھ لگي - تو ہر طرف جُھکتے جُھکتے آشیانے کے کنارے آیا * اچانک وُہ وہاں سے چھوٹکر پہاڑ کے نیچے گِرنے لگا * اِتفاقاً اُس وقت ایک چیل اپنے گھونسلے سے طُعمے کے لیئے نکلي تھي - اور اُس پہاڑ کے درمیان شِکارکي مُنتظِر بیٹھي تھي - نظر اُس کي جو اُس بچّے پر پڑي - اُس کے خَیال میں گُذرا کہ یہہ چوھا ہي جو کسي چیل کے پنجے سے چھوٹا ہي * بے اِختیار دوڑي اور اُس کو زمین پر گِرنے نہ دیا - ہَوا ہي میں لیکر گھونسلے میں اپنے پہُنچایا * جب خوب دیکھا تو اُس کے چنگُل اور چونچ کے نِشان سے سمجھي کہ شِکاري جانوروں سے ہي - ہم جِنس کے سبب محبّت اُس کے دِل میں آ گئي - سوچي کہ عجب عِنایت ہي خُدا کي جو میرے تئں اِس کي زِندگي کا سبب کیا - میں اُس جگہہ نہ ہوتي تو یہہ بچّہ پہاڑ پر سے تلے گِرتا اور اِس کي ہڈّیاں پتھروں سے آٹا ہو برباد ہو جاتیاں * جب خُدا کي مرضي یوں‌ہین تھي کہ میں اُس کي زِندگي کا سبب ہوں تو مُناسِب ہي کہ میرے بچّے کے ساتھہ پرورِش پاوے - بلکہ میں اِسے فرزند اپنا جانوں * غرض چیل اُس کي پرورِش میں مشغول ہوئي - ما باپ کاسا سُلوک کرنے لگي * جب سیانا ہوا اور جوہرِ ذاتي اُس کا ظاہِر ہوا تب اپنے تئیں خَیال کرتا کہ چیل کا بچّہ ہوں پر اپني ہیئت و حالت کو اُن کے بر خِلاف دیکھتا - اور حیران ہوتا کہ - اگر میں اِنھوں سے نہیں تو اِس آشیانے میں کیوں ؟ اور جو اِنھیں کي جِنس سے ہوں تو کیوں اِن‌کي سي میري صورت نہیں ؟

ایک دِن چیل نے باز کے بچّے سے کہا - اي پیارے بچّے ! تُجھے بہُت غمگیں دیکھتي ہوں سبب کیا ؟ اگر تُجھے کِسي چیز کي آرزو ہي تو کہہ کہ اُس کے بِلانے کي کوشِش کروں * کہا - میں بھي دِل میں اپنے آثار پریشاني کے پاتا ہوں - پر سبب اُس کا خوب معلوم نہیں - جو کُچھ جانتا ہوں سو کہہ نہیں سکتا - میں نے اپنے بہتري اِسي میں سمجھي ہي کہ اگر اِجازت ہو تو چند روز دُنیا کي سَیر کروں - شاید دِل کي کُلفت دور ہو اور جو دُنیا کے عجائِب دیکھوں تو شاید صورت خوشي کي نظر آوے * چیل نے جُدائي کي جو بات سُني آہ ماري اور فریاد کي کہ - بچّے ! یہہ کیا خَیال ہي جو تیرے دِل میں آیا ؟ سفر کي بات کبھي نہ کہہ کہ وُہ ایک دریاے مُہلِک اور اژدہاے مردُم خوار ہي - اکثر جو سفر اِختیار کرتے ہیں سو واسطے جمع کرنے معاش کے یا اِس لیئے کہ وطن میں رہنا اُنھیں مُشکِل ہي - اور مُجھکو اُن میں سے کوئي سبب نہیں * گوشہ فراغت کا اور توشہ قناعت کا مُیسّر ہي - تو اور بچّوں سے عزیز - سب تیرے فرماں بردار ہیں * اِس پر سفر کي مِحنت اِختیار کرني اور گھر کا چین ترک کرنا دانائي سے بعید نظر آتا ہي * باز کے بچّے نے کہا - آپ نے جو کُچھ فرمایا سو سراسر

مہرباني هي پر مئیں جو سوچتا هوں تو یہہ گوشہ و توشہ اپنے لائق نہیں دیکھتا اور دِل میں میرے ایسے خیال گذرتے هیں که بیان میں نہیں آتے * چیل نے جانا که بزرگوں نے جو کہا هي - کُلُّ شیئٍ یرجعُ اِلیٰ اصلِہٖ - یعنے - هر ایک چیز رُجوع کرتي هي اپني اصل کي طرف - سو اب ظاهِر هوا * اپنے تئیں اِس گفتگو سے باز رکھا اور کہا - مئیں جو کہتي هوں قناعت کے باب سے هي اور تیرا کہنا حِرص اور لالچ کي راہ سے اور حریص همیشه محروم رهتا هي - جب تلک کوئي قناعت نه کرے آرام نه پاوے - جب تو اِس نِعمت کا شُکرگُذار نہیں هوتا هي - اور قدر دولت و فراغت کي نہیں جانتا مُجھکو ڈر هي که حالت تیري ویسي هوگي جو اُس حریص بِلّي کي هوئي * بچّے نے پوچھا - وُہ کیونکر هي ؟

حِکایت ۵

THE STORY OF THE GREEDY CAT: ILLUSTRATING THE DANGERS OF DISCONTENT.

چیل نے کہا - اگلے دِنوں میں ایک بُڑھیا تھي نِہایت ناتواں - اُس کا ایک جھونپڑا تھا تنگ و تاریک - اور ایک بِلّي مُصاحِب اُس کي تھي جِس نے کبھي روٹي کا مُنہ نه دیکھا تھا اور گوشت کي بو نه سونگھي تھي - اگر کبھي کوئي چوها اُس کے هاتھ لگتا خوشي سے پھول جاتي اور اتھوارے تک اُسي سے گُذران کرتي *

ایک دِن نِہایت کم زوري سے بہت دُکھ کھینچکر کوٹھے پر گئي - دیکھا که همسائے کے کوٹھے پر ایک بِلّي پھرتي هي - مُٹاپے سے آهِسته آهِسته پانو اُٹھاتي * جب بُڑھیا کي بِلّي نے اپني همجِنس کو اِس فربہي و تازگي کے ساتھ دیکھا حیران هوکر پوچھا که - تو بایں خوبي کہاں سے آتي هي ؟ اور یہہ شان و شوکت تو نے کہاں سے پیدا کي هي ؟ اُس نے جواب دیا که - مئیں پادشاہ کے دسترخوان کي فُضلہ خوار هوں - هر صُبح پادشاہ کے نِعمت خانے میں حاضِر هوتي هوں - جب دسترخوان بِچھتا هي جُرأت سے چرب گوشت کے لُقمے اور میدے کي روٹیوں سے کئي نوالے لے لیتي هوں - اور دوسرے دِن تک آسودہ حال رهتي هوں * بُڑھیا کي بِلّي نے پوچھا - چکنا گوشت اور میدے کي روٹي کیا چیز هي ؟ مئیں نے تو عُمر بھر بُڑھیا کے گھر کے شوربے اور چوهے کے گوشت سِوا کُچھ نه دیکھا نه چکھا هي * وُہ بِلّي هنسکر بولي که - یہي سبب هي جو تیرے اور مکڑي کے کُچھ فرق نہیں اور مُجھے تیري اِس شکل سے کمال ننگ هي * صِرف کان اور دُم تیري بِلّي کي سي هي - باقي مکڑي کے مانند * اگر تو پادشاہ کي مجلِس دیکھے اور وهاں کے کھانے کي بو سونگھے - یقین هي که سرِ نو سے زِندگي پاوے * پھر اُس نے کہا که - کیا خوب هو جو تو حق همسایگي کا بجا لاوے - اور مُجھے ایک دفعه ساتھ اپنے لے جاوے تو شاید تیري بدولت قُوّت پاؤں * اُس بِلّي کا جي اِس کا گِڑگِڑانا دیکھکر جلا - اور اُس نے قرار کیا که ایکے بن تیرے نه جاؤنگي * بُڑھیا کي بِلّي اِس خوش خبري سے جي پاکر

کوٹھے سے نیچے اُتري اوُر یہہ احوال جا بُڑھیا سے ظاهِر کیا * وُہ نصیحت کرنے لگي کہ - اي یارِ وفادار! دُنیادار کي بات سے فریب نہ کھا - گوشۂ قناعت کو نہ چھوڑ - کہ لالچي کي نظر خاکِ گور کے سوا نہیں بھرتي * بلّي کو پادشاهي نِعمت کا خَیالِ خام نہ اِس قدر تھا کہ بُڑھیا کي نصیحت کُچھ فائدہ کرتي * القِصّہ دوسرے دِن اُس بلّي کے ساتھ گِرتے پڑتے اپنے تئیں پادشاہ کے حُضور مےں پہُنچایا - اُس کے پہُنچنے سے پہلے کم بختي اُس کي آئي تھي - یعنے اگلے روز بلّیوں نے جمع ہوکر شوُر و غُل مچایا تھا اوُر شوُخیاں کرکے پانو حدِّ ادب سے باهر رکھّا تھا - اوُر اُنھوں کي فریاد سے لوگ بہ تنگ آئے تھے * اِس لیے پادشاہ نے تیر اندازوں کو مُتعیّن کیا کہ اب سے جو بلّي آوے تیروں سے اُسے چھید ڈالیں * وُہ بیچاري بلّي اُس احوال سے مُطّلِع نہ تھي - کھانے کي بو جو پائي تو دسترخوان کي طرف بے اِختیار دوڑي - وہیں ایک جِگردوز تیر اُس کے لگا - بھاگتي جاتي تھي اوُر زخم سے لوُهو جاري تھا - مارے دہشت کے جان اُس کي نِکلتي تھي اوُر یہي کہتي تھي کہ - اب کي بار اگر اِس تیر انداز کے هاتھ سے بچوں - تو مےں هوں اوُر اُس بُڑھیا کے گھر کا چوها هي *

چیل نے کہا - اي بچّے! مےں نے یہہ کہاني اِس لیے کہي کہ تو بھي میرے اِس گھونسلے کو غنیمت جانے - اوُر قدر اِس طُعمے کي (جو مِلا جاتا هي) پہنچانے - اوُر زیادہ طلبي نکرے کہ اُس درجے تک نہ پہُنچیگا - اوُر یہہ بھي هاتھ سے جاتا رهیگا * باز کے بچّے نے کہا - آپ نے جو فرمایا سو سراسر مِہرباني هي - پر ادنےٰ چیزوں اوُر آسان کاموں پر قناعت کرني بُڑھیاؤں کا کام هي - جِس کو بڑائي منظور هو - وُہ بُلند هِمّتي اِختیار کرے * چیل نے کہا - یہہ خَیال جو تُجھے هي صِرف گُمان سے حاصِل نہ هوگا - کوئي کام بے اِس کے کہ اسباب اُس کے تیار رهیں نہیں هوتا * باز کے بچّے نے کہا - صِرف همارے چنگُل اوُر چونچ کي قُوّت حُصولِ دولت کے لیے بڑا وسیلہ هي - کیا تو نے اُس تروَرئے سِپاهي کي کہاني نہیں سُني هي جو اپنے زوُرِ بازو پر خَیال بادشاهي کا رکھتا تھا آخِر مطلب کو پہُنچا؟ چیل نے پوچھا - وہ قِصّہ کیونکر هي؟

حِکایت ٦

THE STORY OF THE SWORDSMAN WHO SOUGHT KINGSHIP AND RULE.

اُس نے کہا کہ - اگلے زمانے مےں ایک زاهِد عیال کے قوت سے عاجِز آیا تھا - کسب سے جو پیدا کرتا اُس مےں سب کي اوقات بسري نہ هو سکتي - اُس کے ایک لڑکا هوا کہ آثار دولتمندي کے اُس کي پیشاني سے نُمایاں تھے * پیدا هونے سے اُس کے باپ کي قِسمت کھُلي اوُر پروَرش کرنے لگا * لڑکا چُھٹپن هي سے تیر و کمان کي بات چیت کرتا - اوُر سپر و شمشیر سے کھیلتا * باپ اُسے مکتب مےں بھیجتا پر وُہ خواهِش مےدان کي رکھتا * جب سیانا هوا باپ نے چاها کہ اپنائت مےں کِسي کے ساتھ بیاہ اُس کا کردے - اُسنے پوچھا کہ اِس مےں تیري

صلاح کیا ہي؟ لڑکے نے کہا - مَیں جِسسے شادي کیا چاہتا ہوں مَہَر اُس کا مِیرے پاس ہي - آپ کوْ کُچھ تکلیف نہیں دیْتا اوْر مدد نہیں چاہتا ہوں * باپ نے کہا کہ - مُجھے تیْرے احوال سے خوب اِطّلاع ہي - تو جوْ کہتا ہي کہ مَہَر مِیرے پاس ہي سوْ کہاں ہي؟ اوْر کیْسا ہي؟ لڑکا گھر کے اندر گیا اوْر ایْک تلوار نکال لاکر کہا کہ - مَیں جوْ عُروسِ سلطنت کوْ اپنے عقد مِیں لایا چاہتا ہوں - مَہَر اُس کا تلوار اوْر خنجر سے کوْئي چیز اچّھي نہیں * غرض وُہ جوان عالي ہِمّت تھا - تھوڑے سے دِنوں مِیں مُلک کا مالِک ہوا *

یِہہ حِکایت مَیں نے اِس واسطے کہي تا تُجھے معلوم ہوْ کہ جوْ کُچھ اسباب دوْلت کے ہَیں سوْ مِیرے پاس موْجود ہَیں - عنقریب مَیں اپنے مطلب کوْ پہُنچونگا اوْر کِسي کے ورغلانے سے یِہہ خَیال نہ چھوڑونگا *

چیل سمجھي کہ-یِہہ عالي ہِمّت جانوَر مکر و فریْب سے رام نہ ہوْگا - ناچار سفر کي اِجازت دي * تب اُس چیل اوْر اُس کے بچّوں سے رُخصت ہوْکر اُڑا اوْر ماندہ ہوْکر ایْک پہاڑ بر اُترا اوْر ہر طرف کا تماشا دیْکھنے لگا * اِتّفاقاً کبکِ دري کوْ دیْکھا کہ قہقہ مارتا ہوا ناز سے خِرامان ہي * باز کوْ شِکار کي رغبت ہوئي اوْر ایْک ہِي حملے مَیں تِکّا بوْٹي کر اپنے پیْٹ کوْ اُس کے سینے کے گوْشت سے بھر دیا - اوْر ایْسا مزہ پایا جوْ کبھي نہ پایا تھا * سوْچا کہ سفر کے فائدے بس یہي ہَیں کہ ہم بے مزے طُعمے سے چھوٹے اوْر نفیس کھانے سے لذّت پائي - تنگ و تاریک آشیانے اوْر کم ہِمّت مُصاحِبوں سے رِہائي پاکر بُلند مکان پر پہُنچے - دیْکھئے کہ آگے کیا نظر آتا ہي *

غرض وُہ باز کئي دِن فراغت سے شِکار کرتا ہوا اُڑتا پھرتا تھا * ایْک دِن کِسي پہاڑ کي چوٹي پر بیْٹھا تھا - اُس پہاڑ کي ترائي مَیں ایْک غوْل سواروں کا دیْکھا کہ صفّ‌بندي شِکار کے لیْے کئے ہَیں[1]- شکاري جانوَر چھوڑے ہَیں * اوْر وُہ اُس مُلک کے بادشاہ کي فوْج تھي جوْ اپنے مُقرّبوں کوْ ساتھ لیْکر شِکار کوْ وہاں آیا تھا - اِس مَیں بادشاہ نے اپنے ہاتھ کا باز اُڑایا اوْر اُس نے ایْک شِکار کا قصد کیا - وُہ بازِ عالي ہِمّت بھي پہاڑ پر سے اُسي جانوَر پر ٹوٹا اوْر پیْشدستي کرکے شِکار کوْ اُس کے آگے سے اُٹھا لے گیا * بادشاہ نے جب اُس باز کي تیْز پري اوْر چالاکي دیْکھي - جي اُس پر آ گیا * چُنانچہ حسبُ الحُکم اُس کے میرشِکار نے اُس باز کوْ پکڑکے خِدمت مَیں حاضِر کیا * بادشاہ کي تربیَت سے اوْر اپنے جوْہرِ ذاتي کے سبب تھوڑے سے دِنوں مَیں شاہ کے ہاتھ پر بیْٹھنے کے قابِل ہوا - اوْر جوْ اگلي حالت پر چیل اوْر کوّے کي صُحبت مَیں رہتا - توْ اِس درجے کوْ نہ پہُنچتا * یِہہ حِکایت مَیں نے اِس لیْے کہي کہ سفر مَیں کِتنے فائدے مُتصوّر ہَیں *

---

[1] Remark this construction, which is uncommon. Unless we take کئے *kiye* as a participle, کرنا *karná* is here used as a neuter verb. کي ہَي *ki hai* would be the usual form.

جب راے دابشلیم کي باتیں تمام هوئیں دوسرے وزیر نے آگے بڑهکر دُعائیں دیں اور کہا که - حضرت نے جو کُچھ سفر کے فوائد میں فرمایا اُس قبیل سے هي که جس میں کُچھ شُبہہ نہیں-پر بندوں کي خاطر میں یہہ بات گُذرتي هي که بادشاهوں کو (جو ذات اُن کي سبب آرامِ جهاں کا هي) سفر کي محنت اِختیار کرني آئینِ حکمت سے بعید نظر آتي هي * دابشلیم نے کہا - محنت‌کشي کام مردوں کا هي - جب‌تلک محنت کا خار بادشاهوں کي عشرت کا دامن گیر نہ هووے - فراغت کے چمن میں گُلِ مُراد نہ کِهلے - اور تاکه پاے همّت شاهوں کا بلا کے میدان کو طَي نکرے - غریب فقیر آرام چین نہ کر سکیں * اور جانا چاهیئے که خُدا کے بندے دو قِسم کے هیں - ایک بادشاہ جن کو خُدا نے حُکومت مُلک کي اور بادشاهي اِقلیم کي دي هي - دوسرے رعیّت که اُنهیں کمال امن چین بخشا هي - اور یے دونوں چیزیں ایک جگہہ جمع نہیں هو سکتیں هیں - یا راحت اِختیار کیجئے اور عِنانِ دولت کو چهوڑئے - یا اُسي شوکتِ شاهي میں رهئے اور فراغت کي لذّت سے هاتهہ اُٹهائے * حکیموں نے کہا هي - کوشش آرزومند کو سرحدِ مطلب میں پہُنچاتي هي - جیسے چیتے کا بچّہ کوشش کي بدولت کامیاب هوا * وزیر نے پوچها-وہ کیوں‌کر هي ؟

حکایت ۷

STORY OF THE CHÍTÁ[1] WHO ENTERTAINED A DESIRE TO RULE.

راے دابشلیم نے کہا - بصرے[2] کي اطراف میں ایک جزیرہ تها - هوا وهاں کي اچّهي اور ایک جنگل تها نہایت پاکیزہ و دلچسپ - نہریں آبِ خالص کي هر طرف سے جاري - اور هواے دلچسپ هر جانب سے بهتي * کمال خوبي کے سبب لوگ اُسے بیشهٔ فرح افزا کہتے تهے * ایک چیتا حاکم وهاں کا تها که اُس کے ڈر سے شیرِ نر دم نہیں مار سکتے - اور درندے مارے خطرے کے گِرد اُس کے نہ پهرتے * مُدّت تک اکیلا خاطر خواہ وهاں کي حُکومت کرتا رها - اور کبهي صورت یاس کي نہ دیکهي * اُس کا ایک بچّہ تها که جسکے بغیر دیکهے جهانِ روشن اُس پر تاریک تها * یہہ آرزو تهي که جب یہہ بچّہ ایک برس‌کا هووے اور اپنے دانت اور چنگُل‌کو شیرنروں‌کے لهو سے آلودہ‌کر سکے - تو اِس جنگل‌کي حُکومت اُسي‌کو دیجئے اور آپ قناعت‌کے گوشے‌میں جا بیٹهیئے * اِتّفاقاً آرزو بر آنے‌سے پہلے چیتے‌کو موت آئي * وهاں‌کے درندوں نے (جنهیں هميشه

---

[1] The Chítá, or 'hunting leopard,' *felis jubata*, is a small and slender animal, when compared with a tiger, or even with a panther. It is absurd, therefore, to make him victorious over lions or tigers. In the 'Anvár-i Suhailí' the word is پلنگ *palang*, 'panther.'

[2] Basrah, a city on the Tigris, about one-and-a-half day's journey from where the river enters the Persian Gulf. It was built by command of the Khalífah 'Umar, A.H. 15, [A.D. 636]. It is situated on a sandy soil, but has a small stream flowing near it, which is said to make of the valleys it waters a terrestrial paradise.

اُس جنگل کا خَیال تھا) ایک بارگي حملہ کیا - پلنگ بچّے کو تو اُن کے مُقابلے کي تاب نہ تھي - جلا وطَن ہوا - اور درَندوں کے بیچ نِزاع پڑي * ایک شیرِ خونخوار سبھوں پر غالِب ہوکر جنگل کو تصرُّف میں اپنے لایا * وہ کِتنے روز تک کوہ و صحرا میں بھٹکتا ہوا ایک جنگل میں پہُنچا اور وہاں کے درَندوں سے دردِ دِل کو بیان کیا - اِس حادِثے کے تدارُک کے واسطے مدد چاہي * اُن درَندوں نے شیر کے غلبے سے مُطّلِع ہوکر اِنکار کیا اور کہا - اي بیچارے ! تیري جاگہہ اب ایسے زبردست شیر کے تصرُّف میں آئي کہ ہم کو اُس کے مُقابلے کي تاب نہیں * صلاح یہہ ہي کہ پھر اُس کي خِدمت میں جاوے اور کمال اِعتِقاد سے اُس کا حُکم بجا لاوے * اُس کو یہہ بات پسند آئي اور بہتري اپني اِسي میں دیکھي کہ - شیر کي مُلازمت سے شرفیاب ہوں اور طریقہ خِدمت کا بجا لاؤں * یہہ اِرادہ کرکے پھرا اور اُس جنگل میں پہُنچا - ایک مُقرّبِ درگاہ کے وسیلے سے شیر کي خِدمت میں سرفراز ہوا اور پادشاہ کا تقرُّب حاصِل کرکے اُس کام پر (کہ لائق اُس کے تھا) مُتَعیّن ہوا * خیرخواہي پر کمر باندھکر کارگُذاري و دولتخواہي میں مشغول ہوا - اور روز بہ روز رُتبہ اُس کا بڑھنے لگا یہاں تلک کہ ارکانِ دولت اُس پر حسَد کرتے تھے - اِس پر بھي ہر دم کوشِش اُس کي شیر کي مُلازمت میں زیادہ تھي * ایک دِن باگھ[1] کو ایک ضرور کام کِسي دور دراز جنگل میں آ پڑا - ہوا گرم تھي - اِس لیے مُتَفکّر ہوا کہ - ایسي گرمي میں کِس کو اِس کام پر بھیجوں ؟ اِس میں پلنگ بچّہ آیا اور شاہ کو فِکرمند دیکھہ خیرخواہي سے سبب فِکر کا پوچھا - جب حالت دریافت کي تو اُس کام کو اپنے ذِمّے لیا اور رُخصت ہوکر ایک گروہ کو ساتھہ لے کوچ کیا * دو پہَر کے عرصے میں وہاں پہُنچ مقصد حاصِل کر با مُراد مُراجعت کي * ساتھیوں میں سے کِسي نے کہا - ایسي گرمي میں اِتني راہ چلے اور کام سرانجام ہوا کُچھ خلِش نہ رہي - اور تیري خیرخواہي بھي بادشاہ کي خِدمت میں ظاہِر ہي - بہتر ہي کہ کوئي دم ایک درخت کي چھانو میں آرام کرکے تھوڑا ٹھنڈھا پاني پیکر چلیں * چیتے کے بچّے نے مُسکُراکر کہا کہ - میري بُزُرگي و تقرُّب پادشاہ کے حُضور میں کمال خدمت اور چالاکي سے ہي - خوب نہیں کہ کاہِلي اور آرام کروں * خبرداروں نے یہہ خبر شیر کو پہُنچائي - اُس نے تعریف کي اور کہا - سرداري ایسے ہي کو پھبتي ہَي جو اپنے اوپر مِحنت لے سکے - اور رعیّت اُس کي ریاست میں چیَن سے رہے * تب اُسکو بُلواکر کمال نوازِشوں سے سرفراز کیا - حُکومت اُس جنگل کي اُسي کو دي اور ولیعہد اپنا کیا *

فائِدہ اِس حِکایت کا یہہ ہي کہ بغیر دوڑ دھوپ کے کِسي کا مطلب حاصِل نہیں ہوتا ہي اور کوئي بے جُست جو مُراد کو نہیں پہُنچتا ہي * جو میں نے حُصولِ دانِش کے اِرادے سے اِس سفر

[1] From this it is evident that شیر *sher* and باگھ *bágh* are here used indiscriminately for 'tiger,' as is often the case in India. Properly شیر *sher* is 'a lion,' and باگھ *bágh* 'a tiger.'

کو جي پر اپنے ٹھانا هي اور پانو هِمّت کا عزیمت کي رِکاب میں رکھا هي - تو صِرف خَیال سے ایک اذیّت کے (جو آمد و رفت میں هوگي) اِس اِرادے سے باز نه آؤنگا *

جب وزیروں نے دیکھا که - هماري بات پیشرفت نه هوئي - پادشاه کا حُکم بجا لائے - سفر کے اسباب تیّار کرنے لگے اور مُبارکباد دي * تب راے دابشلیم نے تمام اُمورِ سلطنت کو سرداروں میں سے ایک کے (جو سب سے مُعتَمد تھا) حوالے کیا - اور کئي نصیحتیں (جو کرني تھیں) کیں - اور نیک ساعت میں ایک گروہ خاص مُلازموں کا لیکر سراندیپ کي طرف مُتوجّه هوا * بعد طَي کرنے خُشکي و تري اور گرمي و سردي کے سراندیپ کا سَواد نظر آیا - وهاں هوَاے خوش شاه کے دماغ میں پهُنچي * دو تین روز جب شهر میں راه کي ماندگي سے دم لیا - اسبابِ زیادہ وهیں چهوڑکر - دو تین محرم راز کو ساتهه لے پهاڑ کي طرف چلا * جب اُس کے اوپر پهُنچا اور وهاں سے هر طرف کا تماشا دیکھنے لگا ایک بارگي نِگاه اُس کي ایک غار پر جا پڑي * حقیقت اُس کي لوگوں سے پوچهي * کهنے لگے که - وه ایک حکیم کے رهنے کي جگهه هي - نام اُس کا بیدپاے هي جِس کے معنے طبیبِ مِهربان هیں - وه ایک مرد صاحبِ ریاضت هي که نفسِ اِنساني کو اپنے خوب سنوارا اور لوگوں کي صُحبت سے کنارہ کر تهوڑے سے روزینے پر قناعت کي هي * راے دابشلیم کو اُس کي مُلاقات کي آرزو هوئي - غار کے دروازے پر جا کهڑا هوا اور جب وهاں سے اِجازت آنے کي پائي با ادب غار کے اندر گیا * دیکھا که ایک برهمن هي تارکُ الدُّنیا - جب نزدیک گیا برهمن نے بیٹهنے کو اِشارہ کیا اور آنے کا سبب پوچها * راے نے خواب کا بیان - گنج پانے کا قِصّه - وصیّت نامے کي حقیقت - اور اُس وصیّت نامے کے احوال کا اِظهار موقوف سراندیپ کے آنے پر شرحوار کها * برهمن نے مُسکراکر فرمایا که - شاباش بادشاه کي هِمّت کو ! جو طلبِ دانِش میں یے مِحنتیں کهینچے - اور خلائق کے آرام کے واسطے سفر کي اِتني اذیّتیں اِختیار کرے * تب برهمن اسرارِ حِکمت کو بیان کرنے لگا *

بادشاه مضمون وصیّت نامے کا برهمن کے سامهنے پڑهتا تها - اور برهمن اُس باب میں عُمده عُمده باتیں کهتا تها - اور بادشاه کے مُلازِم (جو همراه تھے) اُن باتوں کو ایک ایک کر لِکهتے تھے * کِتاب کلیله دمنه راے اور برهمن مذکور کے سوال و جواب پر مُشتمل هي * میں نے اُس کو به موجِب فِهرست کے

SUMMARY OF THE INTRODUCTION (BY HUSAIN VÁ'IZ) TO THE 'ANVÁR-I SUHAILÍ.'

چوده باب میں لِکها * داناؤں پر یه بات مخفي نه رهے که فِهرست کے آخِر سے بابِ سیوم کے شُروع تلک یه جمع کیا هوا مولانا حُسیني واعِظ کا هي - اور کلیله دمنهٔ مذکور میں (جِسے انوار سُهیلي بني هي) نه تها * فحواے کلام سے معلوم هوتا هي که غرض اُس کي اِس ذِکر سے نصیحت کي افزایش اور سخن کي گرمي هي لیکِن سخن داني کے مُعامله رسوں پر ظاهِر هي که فی الحقیقت مشغول هوتا هي اُس چیز میں جو ضرور نهیں اور صِرف سخن آرائي هي * بهر صورت

خُلاصہ اُس طولِ کلام کا یہہ ھي کہ فرّخ فال نامے کوئي حاکِم شِکار کے واسطے نِکلا تھا * پھرتے وقت مارے گرمي کے دامنِ کوہ کے ایک سبزہ‌زار میں گھڑي ایک آرام کے واسطے جو ٹھہرا تو وُھیں نظر اُس کي شہد کے چھتّے پر پڑي * خُجستہ رائے نام وزیر سے اپنے اُن جانوروں کا احوال پوچھا * اُس نے اُن کے نیک طریقے عرض کیے یہاں‌تلک کہ اِس میں باتیں آدمیوں کي بے مُروّتي اور خون‌ریزي تک پہُنچیں * فرّخ فال کو آدمیوں میں رہنے اور اُن کے مُنہہ دیکھنے سے نفرت آئي - چاھتا تھا کہ علاقہ چھوڑکر تنہائي اِختیار کرے * وزیر نے سمجھایا کہ - اپني فراغت کے واسطے ایک عالم کو پریشاں کرنا جوانمردي سے دور ھي - اگر جہاں‌پناہ اُسي طور پر چلیں جیسے رائے دابشلیم نے بیدپاے کي مشورت سے سلطنت کي تھي - تو البتّہ سبب رضاے اِلٰہي کا اور لوگوں کي صلاحِ حال کا ھوگا * بعد اِس کے خُجستہ رائے نے قِصّہ رائے دابشلیم کا کُچھ کُچھ بیان کرکے بادشاہ کو تختِ سلطنت کي طرف مُتوَجّہ کیا *

حاصِل اِس قِصّے کا یہہ کہ ایک دِن رائے دابشلیم نے آدمیوں کے دِل ھاتھ میں لانے کے لیے (جو في‌الحقیقت خُدا کي رضا جوئي ھي) گنج کا دروازہ کھول‌کر آوازہ بخشِش کا خاص و عام کو پہُنچایا * جب رات کو اُسے نیند آئي تو خواب میں ایک پیرِ نوراني کو دیکھا جو کہتا ھي کہ - ایک گنج کو تو نے خُدا کي راہ لُٹایا - اب سوار ھوکر دارُالسلطنت کے مشرق کي طرف مُتوَجّہ ھو کہ وھاں ایک گنجِ عظیم تیرے واسطے رکھّا ھي *

رائے دابشلیم اِس خوشخبري سے بیدار ھوکر نہایت شوق سے چلا * جب ایک پہاڑ پر پہُنچا ھر طرف دیکھتا بھالتا اور مطلب کا پتا ڈھونڈھتا تھا کہ ایک غار نظر آیا - دیکھا کہ ایک روشن دِل بوڑھا غیروں سے کنارہ کرکے اُس غار کے دروازے پر بیٹھا ھي * جب اُس کے پاس گیا تو اُس نے شاہ کا مطلبِ دِلي دریافت کرکے دُعائیں دیں اور کہا کہ - اپنے بُزُرگوں سے سُنا ھي میں نے کہ - اِس کوہ میں ایک گنج ھي - میں تو اسبابِ دُنیا سے ھاتھ دھوکر اِس غار میں بیٹھا ھوں - جو بادشاہ توجّہ کرکے اُس کو اپنے خزانۂ عامِرہ میں داخِل کریں تو سزاوار ھي * رائے دابشلیم نے خوش ھوکر خواب کا احوال ظاھِر کیا اور اُس گنج کو نِکالا * اُس میں ایک پُرزہ عربي خط سے لِکھّا نظر آیا - مضموں اُس کا یہہ تھا کہ - میں جو ھوشنگ بادشاہ ھوں اِس گنج کو رائے دابشلیم ھِندي کے واسطے امانت رکھّا ھي - اور چند نصیحتیں (جو حاکِموں کا دستورُ العمَل ھي) لِکھیں - چاھیے کہ اُن پر عمل کرے اور اُن وصیّتوں کي شرح کا مدار اُس حکیم پر رکھا تھا جو سراندیپ میں رھتا ھي * جب رائے دابشلیم وھاں سے دارُالسلطنت کي طرف پھرا تو اُسے سراندیپ کے جانے کي خواھِش ھوئي - مُلازِموں میں سے دو وزیر جو عقلمندي میں مُمتاز تھے بادشاہ نے سراندیپ جانے کي صلاح اُن سے پوچھي * وزیرِ اوّل نے مِحنت میں سفر کي عرض کیں اور اُس کبوتر کي حِکایت کہہ سُنائي جِسنے اپنے گھونسلے سے نِکل سفر کي شِدّتیں اُٹھائیں - چوگنا کبوتر کا شاھین کے چنگُل سے اور دام میں پھنسنا اور اپنے ھمجِنس سے

اونٹ کے بچّے کا قِصّہ سُنانا اور جو جو حادثے راہ میں کبوتر پر ہوئے تھے شرحوار کہکے بادشاہ کو سفر سے منع کیا *

بادشاہ نے باز اور چیل کا ماجرا سفر و حضَر کے باب میں بیان کیا - اور کہنا چیل کا حریص بِلّي کے قِصّے کو باز سے اور منع کرنا اُس باز کو سفر سے - اور بیان کرنا باز کا درویش گوشہ نشین اور اُس کے بیٹے کي کہاني کو جِسنے تلوار گھر سے نِکالي تھي - اور ظاہِر کرنا اُس باز کا اِرادۂ سفر کو اور اِجازت دینا چیل کا باز کتئیں اور کامیاب ہونا باز کا سفر سے * یہہ تمام احوال سُنا کے اُس وزیر کو لاجواب کیا * اُسکے بعد دوسرا وزیر[1] دِلپذیر باتیں سفرِ سراندیپ کے منع میں درمیان لایا - اور راے دابشلیم نے پلنگ کے بچّے کا قِصّہ سُناکر وزیروں کي خاطِر نِشان کردي کہ سفر حضَر سے بِہتر ہي *

آخِرش مُلک کو کِسي مردِ مُعتبر کے حوالے کر ایک گروہ مُلازموں کا ساتھ لے سراندیپ کي طرف مُتوَجّہ ہوا اور کمال تگ‌ودو سے وہاں بیدپاے حکیم کي صُحبت میں پہُنچکر ماجرا خواب کا اور گنج اور گنج‌نامہ پانے کا بیان کیا * اُس تپشّي برہمن نے بادشاہ کي ہِمّت پر آفرین کي اور وے باتیں جو وسیلہ دولت کا ہو سکے کہنے لگا * راے نے وسیّتوں کو سُنایا اوز جو کُچھ اُس بات سے خاطِر میں اُسکي آتا تھا سو وہ پوچھتا تھا اور جواب اُس کا پاتا تھا *

---

[1] In the original there is an *izáfah* under وزیر *vazír*, but as دلپذیر *dil-pazír* is an epithet, which applies better to باتیں *báteń*, I have expunged it.

تیسرا باب

چُغل خوروں کي بات نہ سُنے مےں

CHAPTER III.—On AVOIDING THE TALK OF SLANDERERS: THE PURPORT OF THE FIRST PRECEPT.

رائے دابشلیم سے بیدپلے برھمن نے کہا ـ پہلي وصیّت کا مضمون یہہ ھي کہ جب کوئي آدمي پادشاھوں کے یہاں مُقرّب ھوکر سرفراز ھووے لوگ اُس پر حسد کرتے ھیں اور مکر آمیز باتوں سے چاھتے ھیں کہ اُس کي بدخواھي پادشاہ کے دِلنشین کریں * پس پادشاہ کو چاھیے کہ جو بات اُس تلک پہُنچے اُسے خوب تامّل کرکے خود غرضوں کے کہنے پر عمل نہ فرماوے ـ اور جب تلک آمیزش و آلودگي سے بات کو خالي نہ پاوے قبول نہ کرے * دانا کہہ گئے ھیں کہ ـ صاحبِ غرض کو اپنے یہاں دخل نہ دیجیے کہ اُس نے نوش کو ساتھ نیش کے مِلایا ھي ـ ظاھِر مےں شیریني کا مزہ دیتا ھي اور دوستي کرتا ھي ـ پر فےالحقیقت نیش زني اور خرابي ھي * رائے نے فرمایا ـ کبھي ایسا ھوا ھي کہ غرض آمیز باتوں کے سبب دوستي جاتي رھے ـ دُشمني پیدا ھووے یا فقط دور اندیشي ھي ؟ برھمن شیر اور بیل کا قِصّہ در میان لایا *

THE STORY OF THE DYING MERCHANT AND HIS THREE SONS.

نقل ھي کہ ایک سوداگر تھا ـ اُس نے سردي و گرمي زمانے کي دیکھي تھي ـ اور تلخي و شیریني اُسکي چکھي تھي * اُس کے تین بیٹے تھے ـ جواني کي مستي کے مارے اپنے پیشے کو چھوڑکر باپ کے مال پر ھاتھ ڈالتے ـ اور بیکاري و نا ھواري مےں اوقات گنواتے * پدرِ مہربان شفقت و مہرباني کے رو سے اُن کو نصیحت کرنے لگا کہ ـ لڑکو ! اگر اُس مال کي قدر (جِسکے جمع کرنے مےں تُمھیں کُچھ اذیّت نہیں پہُنچي ھي) نہیں جانتے ھو ـ تو عقل کے نزدیک تُم معذور ھو ـ لیکِن جانیو کہ دولت پونجي نیکوں کي اور وسیلہ خوشیوں کا ھو سکتي ھي * دُنیادار تین چیز کے خواھاں ھیں ـ خوش گُذراني ـ جاہ کي ترقّي ـ خُدا کي رضا ـ اور اِن درجوں مےں نہیں پہُنچتے ھیں مگر چار چیزوں کے وسیلے سے * نیک پیشہ اِختیار کرنا ـ اور جو کُچھ بہم پہُنچے اُس کو حِفاظت سے رکھنا ـ اور مُوافِق عقل کے خرچ کرنا ـ اور حتي المقدور بد چیزوں سے پرھیز کرنا * پس سُستي چھوڑو اور کسب کي خواھِش کرو اور اِتني مُدّت تک ھمارے جو

اطوار ديکھتے ہو - اُن کو عمل ميں لاؤ * بڑے بيٹے نے کہا - بابا جان ! آپ تو مُجھے کسب کے ليے فرماتے ہيں - پر يہہ توکّل کے خِلاف ہي - مَيں يقين جانتا ہوں کہ جو روزي ميرے ليے مُقرّر ہو چُکي ہي ہرچند اُس کي تلاش ميں کوشش نہ کروں تب بھي مُجھے پہُنچيگي - اور جو ميري روزي نہيں اُس کي تلاش ميں کِتني ہي سعي کريں کُچھ فائدہ نہ کريگي * پس جو چيز قِسمت ميں ہي تُرت مِليگي - اور جو نہيں سو ہرگز مُيسّر نہوگي * پس جو چيز مِلنے کي نہيں - اُس کے واسطے بيفائدہ مِحنت نہ کھينچا چاہيے اور بيہودہ رنج اُسکے واسطے کيوں ؟ مَيں نے کِسي بُزرگ سے سُنا ہي کہ - جو ميري روزي تھي - اُس سے مَيں ہرچند بھاگا پر مُجھسے لپٹي - اور جو چيز ميرے نصيب کي نہ تھي - جس قدر کہ اُسکي کوشِش کي - وہ مُجھسے پرے بھاگي * پس خواہ سعي کروں يا نہ کروں ازل سے جو ميري قِسمت کا لِکھا ہي نہ مِٹيگا * چُنانچہ قِصّہ دو شاہزادوں کا اِس پر گواہي ديتا ہي - کہ بے مِحنت ايک کے ہاتھ گنج لگا - اور دوسرے نے دولت کي توقّع پر مُلک و سلطنت کھوئي * باپ نے پوچھا - وہ کيونکر ہي ؟

حِکايت ۲

THE STORY OF THE TWO PRINCES: INCULCATING A RELIANCE ON PROVIDENCE.

لڑکے نے کہا - حلَب کے مُلک ميں ايک بڑا بادشاہ تھا - اُس کے دو بيٹے تھے جواني کے نشے سے مست اور کامراني کي شراب سے سرخوش - ہميشہ راگ و رنگ ميں مشغول رہتے * شاہ نے دور انديشي کرکے تھوڑا سا جَواہِر اور نقد و اجناس پوشيدہ اُس زاہِد کے حوالے کيا (جِس نے دُنيا کو ترک کر جنگل ميں عِبادتگاہ مُقرّر کي تھي) اور اُس کے گھر کے اندر زمين ميں گاڑکر وصيّت کي کہ - جب دولتِ ناپائيدار ہمارے بيٹوں کے پاس نہ رہے اور پريشان ہوں جِس طرح مُناسِب جانو اِس گنجِ عظيم پر اُنھيں مُطّلِع کيجو - شايد مِحنت‌کشي کے بعد اپنے کيے سے پشيمان ہوکر اِس دولت کو بوَجہِ شايستہ صرف کريں - اور بادشاہ نے اپنے مَحل کے اندر ايک جگہہ مُقرّر کرکے يہہ ظاہِر کيا کہ - مَيں دولت اپني اِسي جگہہ گاڑتا ہوں - اور لڑکوں کو اِس پر مُطّلِع کيا اور کہا - جِس وقت اِحتياج ہو يہاں بہُت کُچھ مَيں نے گاڑا ہي نِکال ليجو * بعد اُس کے تھوڑے دِنوں ميں بادشاہ اور زاہِد نے اِس سرائے فاني سے کوچ کيا - اور وہ گنج زاہِد کي عِبادتگاہ ميں چھپے کا چھپا رہا * دونوں بھائي باپ کے مرنے کے بعد مُلک اور مال کي تقسيم ميں قضيہ کرنے لگے - بڑا غالِب آکر تمام مُلک و مال اپنے تصرّف ميں لايا - چھوٹا بھائي دِل مَيں اپنے سوچا - جب دولت زوال پر آئي اور فلکِ جفاکار اپني بيوفائي کے شيوے کو ظاہِر کرنے لگا - تو پھر اُس دولت ميں جي لگانا اور اُس کے جمع کرنے کي کوشِش کرني آئينِ دانائي سے بعيد ہي - اِس سے کوئي چيز بہتر نہيں کہ بعد اِسکے گوشہ درويشي کا (جو وسيلہ خير کا ہي) نچھوڑوں *

غرض آزادي اِختیار کر اُسي جنگل مٰیں جہاں بُزُرگ زاهِد کي عِبادتگاہ تهي ٹهہرا - اوُر لوُگوں کي آمد و شُد کا دروازہ بندکر توکُّل کرکے عِبادت مٰیں مشغول هوا * ایُک دِن جوُ کوئے سے پاني نِکالنے کا قصد کیا توُ آواز پاني کي نہ آئي - خوب تامُّل جوُ کیا توُ کوئے کوُ خُشک پایا * مُتفکِّر هوا - کیا سبب هي که یہہ سوکھ گیا ؟ اگر کُچھ خلل اِس مٰیں هوُ توُ یہاں رهنا مُشکِل هي * تحقیق کے واسطے اُس مٰیں دیُکھا - توُ ایُک غار هي اوُر مِٹّي سے پاني کي سوُتیں بند هوُ گئي هٰیں * جب اُسے دُرُست کرنے لگا اوُر اُس گڑهے کوُ چاها که خس و خاشاک سے پاک کرکے تیّار کرے - قدم کا رکهنا تها که گنج نظر آیا * في الفوُر شاهزادہ خُدا کا شُکر بجا لاکے سوُچا - اگرچہ دوُلتہ بہُت هي - پر دروُیشي سے کنارہ نہ کیا چاهیُے - اوُر اِس دوُلت کوُ آهِستہ آهِستہ بہ قدرِ ضرورت خرچ کیجُے - دیُکهوں که پردۂ غیُب سے کیا ظاهِر هوُتا هي * بڑا بهائي غفلت مٰیں گُذران کرتا تها اوُر رعیّت و لشکر کي پرواہ نہ رکهتا تها - اوُر اُس گنج کے بهروُسے که اُس کي دانِست مٰیں باپ کي حوُیلي کے اندر هي جوُ کُچھ هاتھ لگتا اُسے صرف کر دیُتا * اِتّفاقاً کوئي دُشمنِ قَوي اُس کا پیُدا هوا اوُر اُس نے اُس کے مُلک پر قصد کیا * شاهزادے نے خزانے کوُ خالي اوُر فوُج کوُ بےسامان دیُکھ جِس جگہہ باپ نے گنج کا پتا بتایا تها بہُتیري جُستجو کي - گنج کا کُچھ نِشان نہ پایا * جب بِالکُلّ اُس کے پانے سے نِراس هوا لاچار جوُں توُں لڑنے پر مُستعِد هوا * جب دوُنوں طرف سے صفیُں کهڑي هوئیں اوُر آتشِ جنگ مُشتعل هوئي - دُشمن کي فوُج سے ایُک تیر شاهزادے کوُ جو لگا توُ وهُنهیں مر گیا * قضارا اجَل کے تیر سے طرفِ ثاني بهي دُنیا سے کوُچ کر گیا اوُر دوُنوں لشکر درهم برهم هوئے - نزدیک تها که فِتنے کي آگ سُلگے - دوُنوں طرف کے سردار بِالاِتّفاق پادشاهي خاندان سے کِسي نیُک سیرت شاهزادے کے جوُیا هوئے * آخِر لوُگوں نے اُس گوُشہ نشین پادشاہزادے کا پتا بتایا * تب مُلک کے کار پردازوں نے اُس عِبادتگاہ کے دروازے پر جاکر شاهزادے کو بہ تعظیمِ تمام اُس گوُشۂ تنهائي سے تختِ شاهي پر لا بِٹهایا * غرض اُسکے نصیب کی تهي - اِس لیُے بےتصدیع دوُلت پاي - باپ کا مُلک بهي قائِم رها *

یہہ حِکایت اِسواسطے کهي مٰیں نے جوُ یقیناً معلوم هوُ[1] که جوُ قِسمت کا هي اُس مٰیں کسب و سعي کي کُچھ اِحتیاج نہیں که توکُّل هي اُس کے واسطے کافي هي *

جب لڑکے نے یہہ قِصّہ تمام کیا باپ نے فرمایا - جوُ کُچھ تُم نے بیان کیا سوُ ٹهیک هي - پر یہہ عالِم اسباب هي - اِس کے اکثر کاروبار اُس پر مؤقوف هٰیں - چاهیُے که اسباب کے واسطے کوُشِش کرے اوُر توکُّل پر اِعتِماد نہ رکهے - منفعت کسب کي گوُشہ نشیني کے نفع سے کهیں زیادہ هي - کیونکہ اهلِ کسب سے اوُر کوُ بهي فائِدہ پهُنچتا هي اوُر گوُشہ نشیني سے اُسي کوُ * جوُشخص چاهے

[1] The original has هوا *húd*, which, if not a typographical error, is at least not so good a reading as هوُ *ho*.

که دوسرے کو نفع پہنچاوے - حیف هي که وہ کاهلي کرے * کہا تو نے اُس شخص کا قصّه نہیں سُنا جس نے باز اور کوّے کو دیکھکرگوشه اختیار کیا تها - آخر اُس مردِ هُشیار پر جنابِ الٰهي سے کیا عتاب نازل هوا اور کیا حالت اُس کي هوئي ؟ لڑکے نے پوچها - وہ کیا هي ؟ باپ نے کہا -

حکایت ۳

THE STORY OF THE DARWESH WHO NEGLECTED CAUSATION.

نقل هي که ایک درویش اِس خیال میں تها که خُدا کي رحمت کے آثار معلوم کرے * اچانک کِسي باز کو دیکها که ایک بوٹي گوشت کي چنگل میں لیے درخت کے آس پاس اُڑتا پهرتا تها - که ایک بےبال و پر کوّے کو گهونسلے میں پڑا دیکها - وہ باز گوشت کو ٹکڑے کر کوّے کے حوصلے کے موافق کهلاتا تها * درویش نے کہا * سُبحان‌الله ! اِس عنایتِ الٰهي اور رحمتِ نامتناهي کو دیکھ که اِس بےبال و پر کوّے کو بهي (که نه اُڑنے کي قوّت نه تاب حرکت کي هي) بےروزي نہیں چهوڑتا * شیخ سعدي (قدّس سرّہ) نے کہا هي -

چُناں پهن خوانِ کرم گسترد که سیمُرغ در قاف قسمت خورد *

پس میں جو روزي کي طلب کو دوڑتا پهرتا هوں اور جنگل جنگل حیران هوں - یہ میرے اعتقاد کي سُستي هي - خوب هي که آیندہ گوشه اختیار کروں اور اسباب کي جُستجو سے باز رهوں * غرض کار و بار سے هاتهه اُٹهاکر کسي گوشے میں بیٹهه اُس نے بغیر کهانے پینے کے تین دِن کاٹے - مارے بهوکه پیاس کے اُس کے جوهرِ عقل میں (جو پونجي تمیز کي اور آرایش هر چیز کي هي) خلال آنے لگا * اتّفاقاً اُس حالت میں کوئي دانا دوراندیش آن پہنچا اور حقیقت دریافت کرکے نصیحت کي که - هاتهه پانوں کے هوتے اپنے تئیں بیدست و پا قیاس کرنا اور صاحبِ اسباب هوکر ترکِ اسباب کرنا نه خُدا کي مرضي هي نه آئین عقل کا - جب خُدا نے تُجهے هاتهه پانو دیئے تو في‌الحقیقت دوڑ دهوپ کي اِجازت دي هي * تو نے کوّے کو دیکها اور باز کي طرف سے آنکهه کیوں بند کي ؟ بیفائدہ کیوں اوقات ضائع کرتا هي اور قدر عقل کي (جو گوهرِ بےبها هي) نه پهچان‌کر یوں معطّل رکهتا هي ؟ قریب هي که وہ تُجهه سے بیزار هو جائیگي *

یہ معقول کهاني میں نے اِس لیے کهي جو تُجهے معلوم هو که اسباب هوتے توکّل خوب نہیں *

دوسرے لڑکے نے کہا - بابا ! جو طریقه کسب کا اختیار کروں اور خُدا اپني عنایت کے خزانے سے مال و مطاع مُجهے بخشے تو خرچ اور حفاظت اُس کي کِس طور پر کروں ؟ بیان کیجیے که اپني گُذران کا دستورُالعمل کروں ؟ باپ نے کہا - مال جمع کرنا سهل هي - پر حفاظت اُس کي اور اُسے فائدہ اُٹهانا مُشکِل * جب مال کِسي کے هاتهه لگے دو کام کرے - ایک یہ که اُس کي خبرداري اِس

طرح سے کرے کہ ضائع ہونے سے بچے - چوروں بٹ پاروں گنٹھکٹوں کے ہاتھ اُس پر نہ پہُنچے - کہ روپَے کے دوست بہُت ہےں اور دُشمن بھي بےشُمار * آسمان نہ غریب کو ستاتا ھي بلکہ دولت‌مندوں کے قافِلے کو لُٹاتا ھي * دوسرا یہہ کہ اصل مال مےں ھاتھ نہ ڈالے اور اُس کے فائدے سے بہرہ‌مند ہووے * اگر پونجي مےں ھاتھ لگاوے اور اُس کے نفع پر قناعت نہ کرے - تو تھوڑے دِن مےں اصل برباد ہووے * جِس دریا مےں پاني کي آمد کہیں سے نہ ہووے ذرہ مےں خُشک ہو جاے اور اگر پہاڑ مےں سے کُچھ لیجیے اور عِوَض اُس کے نہ رکھیے تو آخِر وُہ خالي ہو جاے * جِس کے یہاں آمد نہ ہو - اور ہمےشہ خرچ کرے - یا آمد سے خرچ زیادہ ہو - نِدان ٹُکرگدا ہوکر مر جاے - جیسے اُس مُسرِف چوھے نے اپنے تئےں غم و آلم سے ہلاک کیا * لڑکے نے پوچھا - وُہ کیوں‌کر ھي ؟

حکایت ۴

THE STORY OF THE WASTEFUL RAT.

باپ نے کہا ـ نقل ھي کِسي زمیندار نے دور اندےشي سے تھوڑا سا غلّہ جمع کیا تھا ـ اور اُس مےں سے خرچ نہ کرتا تھا ـ تا ضرورت کے وقت کام آوے * قضارا کوئي چوھا اُس کھتّے کے نزدیک رھتا تھا - ہمےشہ زمین کو ھر طرف سے کھودتا اور خاراشِگاف دانتوں سے اپنے ھر طرف سے بِل بناتا تھا * اِتّفاقاً ایک نیک ساعت مےں بِل کا سِرا جو غلّے کے درمیان سے نِکلا تو وُنھیں بہُت سي روزي گھر مےں اُس کے پہُنچ گئي - بادۂ فراغت نے اُس کم حوصِلے کو دانِش کي راہ سے بھٹکاکر مغروري و غفلتُ کا سرشار کیا * محلّے کے چوھے اِس احوال سے واقِف ہو اُس کي خِدمت مےں حاضِر ہوئے - اور کھانے پینے کے آشنا اُس کے پاس جمع ہوکر خوشامدیں کرنے لگے - اور اِس اندےشے سے کہ مبادا حق بات کے کہنے سے جاہ و روزي مےں خلل پڑے کوئي بات اُس کي خِلاف مرضي نہ کہتے - اور اُس کي مدح و ثنا کے سِوا کوئي چیز زبان پر نہ لاتے * وُہ بھي دیوانے کي طرح لاف مارتا اور بےہودہ خرچ کرتا - اور آج کا خَیال کل پر نہ رکھتا * جب کِتنے روز گُذرے اور کال پڑا زمیندار نے کھتّے کا دَروازہ کھول‌کر دیکھا کہ ـ اُس غلّے مےں نُقصان ہوا ھي * ایک ٹھنڈھي سانس بھرکر سوچا کہ ـ غمگین ہونا واسطے اُس چیز کے کُہ جِس کي حسرت بےفائدہ ھي دانِش کے آئین سے نہیں ـ بہتر ھي کہ باقي غلّے کو اور جگہہ رکھوں * آخِر زمیندار اُس قدرِ قلیل کو اور جگہہ لے گیا ـ اور چوھا اُس جگہہ مےں جہاں کا مالِک اور رئیس اپنے تئیں جانتا سو رھا تھا - اور چوھے جو کھانے پینے کے آشنا تھے اِس حادِثے سے واقِف ہوکر - اُسي بِل کي راہ باھر کو نِکل جِدّھر تدّھر جاتے رھے اور خُداوندِ نِعمت کو اپنے اکیلا چھوڑ گئے * سچ کہا جس نے کہا کہ - اِن دغاباز دوستوں کو جو تو دیکھتا ھي وے مکّھیاں ھیں گِرد مِٹھائي

کے * دوسرے دِن وُہ چوہا آرامگاہ سے اُٹھ کر ہرچند داہنے بائیں تکنے لگا یاروں سے اپنے کِسي کوْ نہ دیکھا - اوْر بہُتیرا آگے پیچھے تلاش کي مُصاحِبوں مےں سے کِسي کوْ نہ پایا * مکان سے اپنے اُٹھ مُصاحِبوں کي تلاش کوْ نِکلا تھا کہ عالم کي پریشاني اوْر غلّے کي گِراني کي خبر پہُنچي - مُضطَرِبانہ گھر کي طرف چلا کہ ذخیرہ جوْ رکھتا ہي اُس کي مُحافظت مےں کوْشِش کرے * جب گھر مےں پہُنچا تو اُس نے غلّے کا کُچھ نِشان نہ دیکھا * اُسي بِل کي راہ کھتے مےں جوْ گیا تو دیکھا کہ اِتنا غلّہ جوْ ایک رات بھر کي خورش ہوْ سکے نہ تھا - تاب و طاقت اُس کي جاتي رہي اوْر مُضطَرِب ہوْکر سرِ پُر سودا کوْ اپنے دیوار پر اِتنا پٹکا کہ پھوٹکر مغز کِھڑ[1] گیا - اِسراف کي شامت سے ہلاک ہوا اوْر خاک مےں مِل گیا *

فائِدہ اِس حِکایت کا یہہ ہي کہ چاہئے خرچ آدمي کا آمد کے برابر ہوْوے - اوْر جوْ پونجي اپنے پاس رکھتا ہي سود سے اُس کے فائِدہ اُٹھاوے *

آمد نہیں ہي تُجھ کوْ توْ مت خرچ کر بہُت - دریا کے بیچ گاتے ہیں ملّاح یہہ سرودـ
گر مےنہہ کوْهسار مےں برسے نہ رُت کے بیچ - دریا بھي ایک سال مےں ہوْ جاے خُشک رودـ *

جب باپ نے اِس قِصّے سے فراغت کي - چُھٹکا اُٹھا اوْر پہلے اُس نے باپ کو دُعا دي - تب کہا کہ - جب کِسي نے اصلِ مال کوْ خوب حِفاظت سے رکھّا - اوْر اُسّے کمال منفعت ہوئي - توْ اُس مُنافِع کوْ کہوں کر خرچ کرے ؟ باپ نے کہا - دوْ قاعِدوں کي رِعایت ضرور ہي - ایک یہہ ہي کہ اِسراف سے پرہیز کرے اوْر طریقۂ اِعتِدال پر جوْ سب چیزوں سے بہتر ہي قائم رہے کہ عالي ہِمّت لوْگوں کے نزدیک بُخل اِسراف سے بہتر ہي - اوْر بخشِش اگرچہ سب جگہہ پسندیدہ ہي پر جوْ بجا ہوْ وہي خوب ہي نہ بےجا * دوسرا یہہ کہ بخیلي اوْر کم ہِمّتي سے اِحتِراز کرے - کہوں کہ بخیل کا مال آخِر کوْ لُٹ جاتا ہي - جیسے کِسي بڑے حوْض مےں کئي نہروں سے پاني آوے - اوْر جیسي آمد ویسا نِکاس نہ ہوْ - توْ ناچار ہر طرف سے راہ ڈھونڈھتا ہوا ہر ایک کنارے سے چوْوے - اوْر چھید اُس کي دیوار مےں پڑ جائیں - نِدان وُہ حوْض ایکبارگي ڈھہ جاوے *

TREATMENT OF THE ABOVE STORIES IN THE 'KALÍLAH WA DAMNAH' AND IN THE 'ANVÁR-I SUHAILÍ.'

دریافت کیجیے کہ شتربہ کا قِصّہ جوْ مقصود ہي اُس کے شُروع سے یہاں تلک تقریباً ذِکر ہوا * کلیلہ دمنۂ مشہور مےں سخن کي گرےز گاہ کے واسطے جوْ لِکھا ہي - سوْ وہي نصیحت باپ کي لڑکوں کوْ ہُنَر سیکھنے اوْر مال بےجا خرچ نہ کرنے مےں - اوْر گوْشِ قبول سے سُنّا لڑکوں کا اُس نصیحت کوْ اوْر اِختیار کرنا بڑے بھائي کا دور دراز سفر کوْ تا آخِرِ قِصّہ جوْ

[1] So in the original. The meaning is evident, viz.: 'to be dashed out,' 'to be be effused.' There is, however, no verb کھڑنا *khiṛná* in the Dictionaries, though اُکھڑنا *ukhaṛná*, 'to be torn out,' and نِکھڑنا *nikharná*, 'to be excoriated,' occur.

مذکور ہوگا * مولانا حُسیٰں واعظ نے جو کُچھ لِکھا هي بڑے لڑکے کا جواب دیْنا اور دلیل لانا اُس بات پر کہ اسبابِ دُنیا کے واسطے کوشش نہ کیا چاهیئے اور مثل لانا حلب کے حاکِم کے دو لڑکوں کے قِصّے کو جو ایک نے کوشش چھوڑکر گوشہ اِختیار کیا اور کامیاب ظاهِر و باطِن کا هوا ـ اور دوسرے نے کِتني تگ ودو کي ـ آخِر بہرہ مند نہ هوکر جہان سے کوچ کیا ـ اور جواب دیْنا باپ کا دِلپسند باتوں سے اور ذِکر کرنا اُس درویْش کي ندامت کے احوال کو جِس نے باز اور کوّے کو دیْکھکر توکّل اِختیار کیا تھا ـ اور الزام پانا بڑے لڑکے کا اور شُروع کرنا منجھلے بھائي کا مال کي حفاظت اور اُس کے خرچ کے آئیں کو اور بتانا باپ کا اُس کو میانہ روي اور عاقِبت اندیشي کے طور کیْتیں اور چوهے کا قِصّہ لانا اور پوچھنا چھوٹے کا اصلِ مال کو رکھکر سود کے خرچ کے ڈھب کو اور بتانا باپ کا آئین کو اُس کے قِصّے کے آخِر تک ـ یے باتیں کلیلہ دمنۂ مشهور مٰیں نہیں هیں ـ اور سچ هي کہ گریز کے واسطے اِتنا طول مُناسِب نہ تھا ـ مٰیں چاهتا تھا کہ جو کُچھ کلیلہ دمنہ مٰیں هي اُسي پر اِکتِفا کروں ـ پر یے باتیں بھي فائدے سے خالي نہ تھي ـ اِس لیے ذِکر کیں *

الغِصّہ لڑکوں نے جب باپ کي نصیحتیں سُنیں کاهِلي چھوڑ هر ایک نے ایک پیْشہ اِختیار کیا ـ بیْهودگي و غفلت ترک کي * بڑا سوْداگري کے اِرادے کہیں دور دراز سفر کو چلا * ساتھ اُس کے باربردار دو بیْل تھے ـ ایک کا نام تھا شترَبہ دوسرے کا مندَبہ ـ راہ کي مِحنت اور سفر کي درازي سے اُن دونوں کو ماندگي آ گئي * اِتّفاقاً اثنائے راہ مٰیں نشیْب زمین جو دلدل کي تھي ـ شترَبہ اُس مٰیں پھنس گیا * سوْداگر نے اُس کو بڑي مِحنتوں سے نِکالا ـ پر اصلاً چلنے کي طاقت نہ تھي * اِس لیے کِسي آدمي کو نوکر رکھ کے اُس کي رکھوالي کو مُقرّر کیا اور کہہ دیا کہ ـ جب ذرہ قوّت هو تو قافِلے مٰیں پہُنچائیو * رکھوالے نے دو ایک روز میْدان مٰیں رهکر تنهائي سے گھبرا اُسے وهیں چھوڑ اُس کے مرنے کي خبر سوْداگر کو پہُنچائي * شترَبہ کو تھوڑے دِنوں مٰیں جو ذرہ قوّت آ گئي تو چرنے کے لیے هرطرف پھِرتا تھا ـ تاکہ کِسي سبزہ زار مٰیں پہُنچا ـ جہاں کي آب و هوا اچّھي تھي * شترَبہ کو وہ جگہ خوش آئي ـ وهیں رها * جب ایک مُدّت بارِ مشقّت و قیدِ خِدمت سے رِهائي پاکر اُس دِلچسپ میْدان اور هَوائے دِلکُشا مٰیں خوش رها کیا نِہایت موٹا تازہ هوکر مست هوا ـ اور آسائش کے ذوق سے خوشي مٰیں آکر چِلّانے لگا * اُس مرغزار کي اطراف مٰیں ایک شیْر پادشاہ تھا * بہُت سے جانوَر خِدمت مٰیں اُس کي حاضِر ـ اور بیْشُمار درِندے اُس کے حُکم کے تابِع تھے * وہ شیْر جوانِ خوبصورت و خود پسند تھا ـ اُس نے کبھي بیْل کي شکل نہ دیْکھي تھي اور آواز نہ سُني تھي ـ هَمیْشہ جواني کے گھمنڈ سے بَبَر اور مست هاتھي کو اپنے سامهنے ناچیز جانتا ـ اور حُکومت کے نشے سے اپني فوج کي کثرت دیْکھکر کِسي کو اپنے سے بڑا نہ سمجھتا ـ نہ کار و بار مٰیں اپنے کِسي

THE LION, AND THE OX NAMED SHATRABAH.

سے مشورت کرتا۔ نہ زمانے کے حال سے کچھ مطّلع تھا * اچانک جب شترَبہ کي آواز کان ميں اُسکے پہنچي ۔ ايسي آواز تو اُس نے کبھي نہ سُني تھي ۔ دل ميں اُس کے بہت سي دهشت آئي ۔ اور اِس ڈر سے کہ درگاہ کے ملازم اُسکي خوفناکي پر مطّلع هوويں کِسي طرف سَير کو نہ جاتا ۔ اور اُس خيال سے کہ مبادا درندے اُسکي ناداني پر واقف هوں ۔ اِس حولناک آواز کي حقيقت کِسي سے نہ پوچھتا * اُس کي فوج ميں دو گيدڑ تھے ۔ ايک کا نام کليلہ اور دوسرے کا دمنہ * اگرچہ دونوں نيک طينتي و تيزفہمي ميں مشہور تھے ۔ پر دمنہ بڑا هي عالي منِش اور نہايت جاہ و جلال کا حريص تھا * عقل سے دريافت کيا کہ ۔ شير کے جي ميں کچھ دهشت آ گئي هي ۔ اِس لئے فِکرمند رهتا هي * کليلہ نے کہا ۔ تجھے اِس ميں کيا معلوم هوتا هي جو بادشاہ نے نِشاط سَير و شِکار کي دِل سے اُٹھا دي اور جگہہ سے نہيں هِلتا هي ؟ کليلہ نے جواب ديا ۔ تجھے اِس مذکور سے کيا علاقہ ؟ تو کہاں ؟ اور اسرار مُلکي کا ذِکر کہاں ؟ هم اِس بادشاہ کي سرکار سے روٹي پاتے هيں ۔ اور سايۂ دولت ميں اُس کے چين سے گُذران کرتے هيں * اِسي پر اِکتِفا کر پادشاهوں کے بھيد سے اور تحقيقِ حال سے اُن کي در گُذر ۔ کيونکہ هم اُس درجے کے نہيں کہ اُن کي مُصاحب کے لائق هو سکيں ۔ يا هماري باتوں کو شاهوں کے يہاں کُچھ اِعتِبار هو * پس اِن کي باتيں زبان پر لانا محض تکلّف هي ۔ اور جو شخص تکلّف کے ساتھہ وُہ کام کرے جو اُس کے لائق نہيں ۔ تو اُس پر وُہ گُذريگي جيسے بندر پر * دمنہ نے پوچھا ۔ وُہ کيا هي ؟

THE TWO JACKALS—KALÍLAH AND DAMNAH.

حِکايت ۵

THE STORY OF THE APE AND THE WEDGE.

کليلہ نے کہا ۔ نقل هي کہ ايک بندر نے کِسي بڑهئي کو ديکھا کہ ايک لکڑي پر بيٹھے هوئے اُس کو پھاڑتا تھا ۔ اور دو ميخيں هاتھہ ميں اُس کے تھيں کہ ايک کو لکڑي کے شِگاف کے اندر رکھتا تو پھاڑنا اُس کا آسان هوتا * جب شِگاف حد سے تجاوز کرتا ۔ تو دوسري کو ٹھونک ديتا اور اگلي کو نِکال ليتا * اِس ميں بڑهئي کِسي کام کو گيا ۔ بندر نے جب جگہہ اُسکي خالي ديکھي ۔ تو لکڑي پر جا بيٹھا اور پھاڑنے لگا * جِس جگہہ شِگاف تھا دونوں خُصيے اُس ميں لٹک گئے اور جس ميخ کو رکھنا ضرور تھا قبل اُسکے کہ دوسرے کو رکھے اُس کو جو کھينچ ليا تو تُرت لکڑي دونوں طرف سے مِل گئي ۔ اور دونوں خُصيے لکڑي ميں پچّي هو گئے * بندر اِس حال سے پريشان هوکر روتا هوا کہتا تھا ۔ بہتر هي کہ هر کوئي دُنيا ميں اپنا پيشہ کرے ۔ اور جو اپنا پيشہ چھوڑ غير کا پيشہ اِختيار کرے ۔ سو بہت هي بُرا کرتا هي ۔ ميرا کام ميوہ کھانا هي نہ ارّہ کھينچنا ۔ اور جنگل کا تماشا ديکھنا ميرا پيشہ هي ۔ نہ مارنا تبر تيشے کا * بندر اِس خيال ميں تھا

کہ بڑھي پےہر آیا اور اُس کو ایسي سزا دي اُس نے کہ اُسي مےں ہلاک ہوا * جب سے یہہ مثل مشہور ہي کہ ــ درودگري کارِ ہوزنہ نیست *

اور یہہ قصہ مےں نے اِسواسطے کہا جو تو جانے کہ ہر کِسي کو چاہیئے اپنا کام کرے ــ اور قدم حدّ سے اپني باہر نہ رکھے *

دمنہ بولا ــ تو نے جو کہا سو مےں سمجھا ــ پر جانیو کہ پےٹ ہر جگہہ بھر سکتا ہي ــ اور ہر چیز سے آسودہ ہو سکتا ہي * داناؤں نے جو خطرناک راہ مےں چلکر بادشاہوں کي نزدیکي چاہي ہي سو واسطے لُقمے کے نہیں ــ بلکہ بادشاہوں کي مُلازمت کا نتیجہ منصبِ عالي ہي ــ جو اِس وسیلے سے دوستوں کے دِل ہاتھ مےں آویں ــ اور دُشمنوں کي طرف سے خاطِرجمع ہو سکے * قطعِ نظر دوست کے تلطّف اور دُشمن پر غضب کرنے سے ــ مظلوموں کي غوررسي اور شِکستہدلوں کي خاطِرداري کر سکیے ــ اور جِسکو ایسے بڑے عُہدے مےں صِرف خواب و خور مقصود ہو ــ سو چار پایوں کے حِساب مےں ہي ــ جیسے بھوکا کُتا جو ایک ہڈي سے خوش ہو ــ اور خسیس بِلّي جو روٹي کے ایک ٹکڑے پر محظوظ ہو * اور یقین ہي کہ شیر نے اگر کِسي خرگوش کو شِکار کیا ہو ــ اِس مےں جو کِسي گورخر کو دیکھے ــ تو اُسے چھوڑ دے اور اُسکي طرف رُخ کرے * بہر صورت قدر شخص کي مُوافِق ہِمّت کے ہوتي ہي ــ جیسے کِسي بُزُرگ نے کہا ہي ــ

ہِمّت بلند دار کہ پےشِ خُدا و خلق باشد بقدرِ ہِمّتِ تو اِعتِبارِ تو *

اور جِس نے بلند مرتبہ پایا ــ اگرچہ گُل کے مانند ناپایدار ہو ــ تب بھي نیکنامي کے سبب دانا اُس کو پایدار جانتے ہیں ــ اور جو کوئي کم ہِمّتي اور دنائت کرے ــ اگرچہ چِنار کے پتے کي طرح دیرپا ہو ــ عقلمندوں کے نزدیک بےقدر ہي *

نہ مرے مردِ نیک نام کبھي ــ مُردہ وُہ ہي کہیں بُرا جِس کو *

کلیلہ نے کہا ــ جو کُچھ بیان کیا تو نے سُنا مےں نے ــ پر اپنے دِل مےں سوچیو تو معلوم ہوگا کہ مطلبِ عالي کي خواہِش اُس کو لائق ہي جو ساتھہ بُزُرگزادگي کے اچّھي خصلت بھي رکھتا ہو * اور ہم اِس گروہ سے نہیں ہیں جو اُس کي تلاش کریں * کیونکہ کمینگي ہماري ایسي ظاہِر ہي جو کِسي کو اُس مےں کُچھ شک و شُبہہ نہیں ؟

دمنہ نے کہا ــ وسیلہ بُزُرگي کا عقل و ادب ہي نہ کہ اصل و نسب * جو شخص خوب سمجھہ اور کمال دانِش رکھتا ہو ــ سو اپنے تئیں رزالپنے سے شرافت کے درجے کو پہُنچا دے ــ اور جو کوئي عقل و شعور نہ رکھے ــ سو جلد درجۂ عالي سے تنزّل کرے ــ اور مُلکِ ہستي کي آبادي سے نیستي کے ویرانے کو جاوے * عقلِ بُزُرگ اور رائے نیک کي مدد سے آسمان پر کمند ڈال سکے ــ اور جو ہِمّت

کے رو سے چشمِ دِلْ کوْ نہ کھوْلے - ترقّي کي طرف نظر نہ کر سکے * بُزُرگوں نے کہا هي - درجۂ عالي بڑي مِحنتوں سے هاتھ لگتا هي - اور رُتبے سے گِر جانا ذري سي بات مےْں هوتا هي - جےْسے بھاري پتّھر مشقّت کے ساتھ زمين پر سے کاندھے پر اُٹھاوےْں - اور ذرہ اِشارے مےْں زمين پر گِرا سکےْں - اِسي واسطے سِوائے عالي هِمّت کے جوْ مِحنت‌کشي کي تاب رکھتا هوْ اور کوْئي خواهِش مرتبۂ عالي کي نہيں کر سکتا هي * اي عزيز! نازنينوں کوْ عِشق نہيں پھبتا هي - يہہ کام اُن شےْر مردوں کا هي جوْ رنج اُٹھا سکےْں * جوْ آسايش چاهے آبرو حُرمت سے هاتھ دهوْکر هميْشہ خوار اور نا مُراد رهے - اور جوْ شخص رنج اپنے پر قبول کرکے دوْر دهوپ کرے - اور راہ کے کانٹوں کا خَيال دِلْ مےْں نہ لاوے - تھوڑے سے عرصے مےْں چمَنِ بُزُرگي سے گُلِ مقصود چُنےْگا * کہا تو نے اُن دوْنوں رفيقوں کا قِصّہ نہيں سُنا هي کہ ايْک عزمِ دُرُست کے باعِث اور رنج‌کشي کے سبب پادشاهي کے درجے کوْ پہُنچا - اور دوسرا سُستي و کاهِلي سے خواري و پريْشاني مےْں رها؟ کليلہ نے پوچھا - وُہ کيونکر هي ؟

حِکايت ٦

STORY OF THE TWO COMPANIONS, SÁLIM AND GHÁNIM.

دمنہ نے کہا - دوْ يار تھے - ايْک کا نام سالِم اور دوسرے کا غانِم - هم سفر هوْکر مےْدان اور جنگل طَي کرتے پھرتے تھے * اِتّفاقاً گذر اُنهوں کا ايْک بڑے پہاڑ کي ترائي مےْں هوا اور اُس مےْں ايْک چشمہ تھا - پاني اُس کا نِهايت شيرين اور اُس کے آگے ايْک بڑا حوْض بنايا تها کہ آس پاس اُسي حوْض کے سايے دار درخت گھنے گھنے تھے * القِصّہ دوْنوں يار اُس پاکيزہ مکان مےْں پہُنچے - جوْ وُہ جگہہ اچھي اور دِلچسپ تھي بطوْر آسائش کے وهاں ٹهہر گئے * ذرہ دم لےْنے کے بعد حوْض اور چشمے کے گِرد پھرتے اور هر طرف دےْکھتے بھالتے تھے کہ ايْک بارگي حوْض کے کنارے ايْک سفےْد پتھر دےْکھا جوْ اُس پر کئي سطرےْں لکھي تھيں کہ - اي مُسافِر! اِس جگہہ کوْ تو نے اپنے آنے سے مُشرّف کيا - هم نے تےْري مِهماني کے لےْے ايْک اچّھي فِکر کي هي - پر يہہ شرط کہ - جان سے هاتھ دهوْکر - اُس چشمے مےْں پانْو دهرے - اور بهنور سے اُس کے خطرہ نہ کرکے جِسطرح هوْ سکے کنارے لگے - اور ايک شےْر پتھر کا جوْ پہاڑ کي جڑ مےْں رکّھا هي بے تامّل اُس کوْ کاندھے پر اُٹھا ايْک هي دوڑ مےْں اپنے تئں پہاڑ کي اوپر پہُنچاوے - درندوں کے ڈرانے سے نہ ڈرے اور اُس راہ کے جِگردوْز کانٹوں سے جوْ دامن گير هوْں کام سے باز نہ رهے - جب راہ طَي هوْ چُکے درخت مُراد کا ظاهِر هوْگا * خط کے مضموں دريافت کرنے کے بعد غانِم نے سالِم کي طرف مُتوجّہ هوْکر کہا کہ - اي بهائي! آوْ توْ پاے هِمّت سے اِس خطرناک مےْدان کوْ طَي کرےْں *

يا تن رسد بجانان يا جانْ زِ تن بر آيد *

سالِم نے کہا - يارِ عزيز! صِرف ايْک نوِشتے پر جوْ لکھنےوالا اُس کا معلوم نہيں هي اِس خطرناک

راہ میں چلنا ـ اور ایک فائدۂ موہوم کے خیال سے اپنے تئیں ایسي بڑي آفت میں ڈالنا ـ نشان بیوقوفي کا هي * کوئي دانا زهر کو سمجھکر اور تریاک کو جانکر نہ کھاوے ـ اور کوئي عقلمند بالفعل کي محنت کو آئندے کي راحت پر قبول نہ کرے * غانم نے کہا ـ اي یار! هوس آسایش کي دني اور پست همّت کا کام هي ـ اور راهِ خطرناک میں چلنا اور کوشش کرني نشانِ حصول دولت و عزّت کا هي ـ بلند همّت صرف گوشے اور ایک لقمے کے کھانے پر قانع نہ هووے * جب کسي درجۂ عالي کو نہ پہنچے چین سے نہ بیٹھے * گلِ مطلب بغیر خارِ محنت کے چن نہ سکے ـ اور دروازہ مقصد کے گنج کا اذیت کي کنجي کے سوا نہ کھل سکے * میرے تئیں همّت کھینچکر پہاڑ پر پہنچاویگي ـ اور میں فنا کے گرداب سے هرگز نہ ڈرونگا * سالم نے کہا ـ اُس راہ میں چلنا جس کي نہایت نہیں ـ اور اُس دریا میں پڑنا جس کا کنارہ ناپیدا هي عقل سے دور هي * دانا جب تک اپني درآمد برآمد کي راہ کو خوب لحاظ نہ کرے ـ اور اُس کے فائدے کو اچھي طرح نہ ٹھہراوے کبونکر ایسا کام کرے؟ مثل هي کہ جب ایک پانو رکھنے کي جگہ نہ ٹھہرا لے پیش قدمي نہ کرے ـ هر کسي کام میں پہلے برآمد کي راہ کو دیکھ تب در آ * شاید یہہ مسخرگي سے لکھا هوگا ـ یا اُس چشمے میں کوئي گرداب هوگا جو آساني سے کوئي کنارے پہنچ نہ سکے * بالفرض جو رهاي هو تو شاید اُس طرف کوئي شیرِ سنگین نہ هو ـ اگر هو تو شاید بهاري هو ایسا جو کاندهے پر نہ اُٹھ سکے اور اگر اُٹھا سکے تو شاید ایک دوڑ میں پہاڑ پر نہ جا سکے ـ اگر یہہ سب ممکن هو ـ تو معلوم نہیں کد کچھ ثمرہ حاصل هو یا نہو * میں اِس کام میں تیرا شریک نہیں ـ اور تجھے بھي اِس خیال سے باز رکھتا هوں * غانم نے کہا ـ اِس بات سے درگذر کہ بےفائدہ هي ـ میں چلتا هوں اور یہہ جانتا هوں کہ تو میري همراهي کي تاب نہیں رکھتا رفاقت نہ کریگا ـ ذرہ تماشا دیکھ اور دُعا سے مدد میري کر * سالم نے کہا ـ میں دیکھتا هوں کہ تو میرا کہنا نہ مانیگا اور اُس کام کا خیال نہ چھوڑیگا ـ جو کام میرا مقبولِ خاطر نہیں ـ نہ کرونگا * میں نے صلاح یہي جاني هي جو قبل اُس کے کہ تو اُس کام کو شروع کرے یہاں سے کوچ کروں * غرض بےمروّتي و بیوفائي کرکے غانم کو اکیلا چھوڑکر چلا * غانم جان سے هاتھ دهوکر چشمے کے کنارے گیا اور کہا ـ جو هو سو هو ـ اب تو دریاے محیط میں غوطہ مارتا هوں یا تو ڈوبونگا یا گوهرِ مراد لے نکلونگا ـ آخر بخت کي مدد اور همّت کي تائید سے چشمے میں قدم رکھکر یقین کي شناوري کرکے توفیقِ ایزدي سے کنارے جا لگا ـ اور شیرِ سنگین کو کاندهے پر اُٹھا ـ ایک هي دور میں پہاڑ پر جا پہنچا * پہاڑ کے اُس طرف ایک بڑا شہر جو نظر آیا تو اُسے دیکھنے لگا * ایکبارگي اُس شیرِ سنگین سے ایک هولناک آواز ـ جس کے دبدبے سے پہاڑ اور میدان کانپ اُٹھا ـ نکلي * غانم اِس قُدرت الٰهي کے عجائب کو دیکھکر حیران تھا ـ کہ ایک گروہ سجدہ اِخلاص کا غانم کے حضور کرکے نیازمندي کي رسم بجا لایا ـ کمال آرزو سے غانم کو گھوڑے پر سوار کر شہر میں لے گیا ـ اور گلاب سے

نہلا دُھلاکر خِلعتِ شاهي پہنائي - اوَر حُکومت اُس مُلک کي اُسي کو دي * غانِم نے جو ماجرا پوچھا - تو لوگوں نے کہا کہ - اگلے حکیموں نے اِس چشمے کے کنارے ایک طِلِسم بنا رکّھا هي - جب اِس شہر کا حاکِم اِس سرائے فاني سے رِحلت کرتا هي خُدا کِسي صاحِبِ اِقبال کو چشمے کے کنارے پہُنچا دیتا هي * وُہ جوان بخت به عِنایتِ اِلٰهي چشمے سے پار اُتر شیرِ مذکور کاندھے پرلے پہاڑ کے اوپر آتا هي - اوَر اِس شیر کي آواز سے شہر کے رهنےوالے شُکر خُدا کا بجا لاکر اُس کو رئیس اوَر سردار اپنا کر سایۂ عدالت میں اُس کے آرام سے زیست کرتے هیں *

دمنہ نے کہا - یہہ حِکایت مَیں نے اِس واسطے کہي جو تو جانے کہ شہد ناز و نِعمت کا آزار و مِحنت کے نیش کے سِوا نہیں مِلتا هي * جِس کو خَیال سرفرازي کا هووے - وُہ هر سِفلے کا پایمال نہ هوگا - چھوٹے درجے اوَر تھوڑي سي پونجي پر قناعت نہ کریگا * مَیں جب تلک شیر کي نزدیکي حاصِل نہ کروں بِسترِ راحت پر پانو پھیلاکر نہ سوؤں * کلیلہ نے پوچھا - تو نے حُصول اِس کام کا کہاں سے ٹھہرایا ؟ اوَر رسائي اپني کیونکر خَیال کي هي ؟ دمنہ نے کہا - بِالفِعل جو غم اوَر حیراني شیر کو هوئي هي - اپنے تئیں اُس کے پاس پہُنچاؤں - تو شاید میري باتوں کي نوش‌دارو سے خوشي حاصِل هو - اوَر فِکر جو اُس کو هي دور هو - اوَر اِس وسیلے سے دانِش و بُزُرگي میري شیر کے دِلنشین هو جاوے - مُجھے اپنا مُقرّب کرے درجہ میرا بڑھے * کلیلہ نے کہا - تُجھے شیر کي نزدیکي کیوں‌کر مُیسّر هوگي ؟ اگر هو تو تو نے شاهوں کي خِدمت نہیں کي - اوَر اُن کي مُلازمت کا آئین نہیں جانتا هي * پس تھوڑے سے عرصے میں جِس قدر اب حاصِل هي - اُسے بھي گنوا دیگا * دمنہ نے کہا - دانا کو بڑا کام باعِثِ نُقصان کا نہیں هوتا هي - کیوں‌کہ عقل کي رهنموني سے جِس کام کو شُروع کرے به‌خوبي اُس کا سرانجام کرے - سِوائے اِس کے جب اِقبال مدد کرتا هي جو کُچھ چاهیئے هو سکتا هي * چُنانچہ نقل هي کہ ایک شخص کمینہ تھا - بادشاهت کے درجے کو پہُنچا - اوَر حاکِمي و عدالت نے اُس کي دُنیا میں شُهرت پائي * قدیم پادشاهوں میں سے ایک نے اُسے خط لِکھا کہ - تو تو بڑھئي تھا - تراش خراش درودگري کي خوب جانتا هي - تدبیرِ مُلک‌داري اوَر حاکِمي کا آئین تو نے کِس سے سیکھا ؟ جواب لِکھا اُس نے کہ - جِس نے دولتِ شاهي مُجھے بخشي هي کوئي دقیقہ سلطنت کا فروگذاشت نہیں کیا * کِسي دانا نے کہا هي - عقل جب تلقین کا دفتر کھولے - تو مُجھ سے ایسي باتیں ظاهِر هونگیں جیسي چاهیں - دولت سے جِسکے بخت کي شمع روشن هووے تمام اسباب زِندگاني کا جمع کر سکے * کلیلہ نے کہا - بادشاهوں کي نوازش[1] جِس کا سبب صِرف عقلمندي نہیں - بلکہ جب تلک قِدامت اوَر اچھي خِدمت اُس کے ساتھ جمع نہ هو حاصِل نہ هوگي *

[1] نوازش *nawázish* is the noun to هوگي *hogi*. The sentence is, however, evidently labouring under an *anacoluthon*.

اور تُجھ مٰیں کوئي لیاقت حُضور کے تابِل نہیں - پس دُشوار هي جو تو کامیاب هووے * دمنہ نے کہا - جو شخص پادشاهوں کي مُلازمت سے ایک درجے کو پہُنچا هي - سو ایکبارگي نہیں ، بلکہ خِدماتِ نیک کے وسیلے سے * جب تلک اِخلاص اُس کا پورا نہیں هوا هي پادشاهوں نے اُس کي پرورش نہیں کي هي * اور مٰیں نے بہُت سي اذیّت اُٹھا - اور نا گوار چیزوں کو اپنے اوپر گوارا کر دِل مٰیں اپنے ٹھانا هي کہ جو شخص ساتھ اِن پانچ صِفتوں کے پادشاهوں کي خِدمت کرے مطلب اُسکا بوَجہِ احسن بر آوے * پہلي - بُردباري کہ غُصّے کي آگ کو حِلم کے پاني سے بُجھاوے * دوسري - هَوا و هوَس سے اِحتِراز کرنا کہ پادشاہ کي خِدمت کو آرزوے نفس پر مُقدّم جانے * تیسري یہہ کہ - فریب دینےوالي حرص اور فِتنہانگیز طمع کو عقلِ رهنُما پر غالِب نہ کرے * چوتھي یہہ - بُنیاد کاموں کي راستي و بےطمعي پر رکھے * پانچویں یہہ کہ - وقت حادِثوں کے نہ گھبراوے * شُکر خُدا کا اِن صِفتوں سے جو کہي گئیں مٰیں بےنصیب نہیں هوں * کلیلہ نے کہا - فرض کیا جو تو پادشاہ کے یہاں مُقرّب هوا - پر کِس هُنر سے منظورِ نظر هوگا؟ دمنہ نے کہا - اگر دولت مُلازمتِ شاہ کي مُجھے حاصِل هو - تو پانچ خصلتیں اِختیار کروں * پہلي یہہ - کہ کمال اِخلاص سے خِدمت بجا لاؤں * دوسري یہہ - کہ کوئي کام بےمرضي اُس کي نہ کروں * تیسري یہہ - کہ کاموں کو اُس کے نیک تقریر سے بیان کر دوں * چوتھي یہہ - کہ جب کوئي نیک کام شُروع کرے - اُسے اُس کي نظر مٰیں آب و تاب دوں - تاکہ اُس کو اپني راے و تدبیر پر اِعتماد هو * پانچویں یہہ - کہ اگر وُہ ایسا کوئي کام کرے کہ مُناسِب دولت کے مٰیں اُسے نجانوں - تو بوَجہِ شایستہ ضرر کو اُس کے بیان کروں * اور کونسا هُنَر بہتر هوگا اِن خصلتوں سے جو مذکور هوئیں؟ جب بادشاہ مٰیرے هُنَروں کو مُلاحظہ فرماوینگے مُجھے نوازش و عِنایتِ خاص سے سرافراز کرینگے * کلیلہ نے کہا - یوں نظر آتا هي کہ تو اِس خَیال سے باز نہ آویگا - پر خوب ڈرتا رهیو - کہ شاهوں کي مُلازمت خطرناک اور مُشکِل کام هي * حُکما کہتے هیں کہ - دانا تُین کاموں کو کمتر اِختیار کرتے هیں - بادشاهوں کي صُحبت - زهر گُمان سے کھانا - عوَرتوں سے بھید ظاهِر کرنا * اور داناؤں نے دبدبۂ شاهي کو کوہِ بُلند سے تشبیہ دي هي * اگرچہ اُس مٰیں قیمتي جواهِر کي کان هو - اور اقسام کے مٰیوے هوں - لیکن وهاں مکان شیر چیتے سانپ کا بھي هي - پس اُس پر جانا مُشکِل اور وهاں رهنا بھي دُشوار هي * اور بھي کہہ گئے هیں کہ - شاهوں کي مُصاحبت مانند سفرِ دریا کے هي - یا تو بہُت سي منفعت هاتھ لگیگي - یا هلاکت کے گِرداب مٰیں پڑیگا * دمنہ نے کہا - جو کُچھ آپ نے فرمایا سو خیرخواهي سے تھا - مٰیں بھي جانتا هوں کہ بادشاہ آتشِ سوزان کے مانند هي - جو بہُت نزدیک اُس کے هو اُس کو زیادہ خطرہ هي - پر جو کوئي خطرے سے ڈرے بُزُرگي کو نہ پہُنچے * اور یہہ مُقرّر هي کہ تین کام بغیر عالي هِمّتي کے شروع نہیں کیے جاتے هیں * بادشاہ کي خِدمت - دریا کا سفر - دُشمنوں کو هزیمت دینی * مٰیں اپنے تئیں

دون ہِمّت نہیں جانتا ـ پس بادشاہ کي مُلازمت سے کیوں ڈروں ؟ کلیلہ نے کہا ـ اگرچہ اِرادہ تیرا مَیرے نزدیک پسندیدہ نہیں ـ پر جو تو اُس کام مَیں پُربجِدّ ہوتا ہي ـ تو خُدا مُبارک کرے !

بسفر رفتنت مُبارک باد !

دمنہ رُخصت ہوکر شیر کي بارگاہ مَیں آیا اور دور سے کورنش بجا لایا * شیر نے مُقرّبانِ درگاہ سے اپنے پوچھا کہ ـ یہہ کون ہي ؟ کہنے لگے ـ فلانے کا بیٹا جو حُضور کے مُلازموں سے تھا * شیر نے کہا ـ سچ ـ ہم اِسؔ کے باپ کو خوب پہچانتے ہَیں ـ تب اُس کو اپنے حُضور بُلاکر پوچھا ـ کہاں رہتا ہي ؟ دمنہ نے کہا ـ اگرچہ کئي روز آستانہ بوسي کي دولت سے محروم رہا تھا ـ پر اب بدستور باپ کے جہان‌پناہ کي بارگاہ کا مُلازِم ہُوا ـ اور اِس مُلازمت کو سعادت کا وسیلہ اور اپنے بخت کي یاري جانتا ہوں ـ اُمّیدوار ہوں کہ جب کوئي کام اِرشاد ہو ـ تو اُس کو کوشش و مدد سے عقل کي سرانجام کرکے بادساہ کي خُشنودي حاصِل کروں ـ اور اپنے مطلب کو پہُنچوں * شیر نے کہا ـ یہہ کیا خَیالِ مُحال تیري خاطِر مَیں گُذرا ؟ تُم جیسوں کي ہمارے آستانِ فلک نِشان مَیں کیا قدر ہي ؟ اور کوچہ‌گردوں کو بادشاہوں کي بارگاہ مَیں کب راہ دیتے ہَیں ؟ مُلکي کاروبار کي نوبت حُضور کے کار پردازوں تک نہیں پہُنچتي ہي ـ ہر جائي ٹُکڑگداؤں تک کب پہُنچیگي ؟ دمنہ نے عرض کي کہ ـ شاہوں کي بارگاہ مَیں ہرچند سربراہي کاموں کي ارکانِ دولت کي تدبیر سے مُتعلّق ہي ـ پر کبھي کوئي کام ایسا بھي در پیش ہوتا ہي کہ زیردستوں کي سعي سے نِکلتا ہي * جو کام ذري سي سوئي سے نِکلے ـ وُہ کام بڑا نیزہ کب کر سکے ؟ اور چھوٹي سي قلمتراش جو کام کرے ـ شمشیرِ آبدار سے کبھي نہ ہو سکے * غرض چھوٹا بڑا تھوڑا بہُت سبھي کام مَیں ہي * ایک تِنکا جو خراب کِسي رستے میں پڑا ہو اگرچہ خِلال یا کان کُھجلانے کے لائق نہو ـ تو بھي ایندھن کے لیے چاہیے * بس جان‌دار ہرچند کمینہ ہو جمادات سے بہتر ہوگا * شیر فصاحت و زبان‌آوري سے دمنہ کي مُتعجّب ہوکر سوچا ـ ہرچند یہہ کمینہ ہي ـ پر تربیت و خِدمتِ حُضور کے لائق ہي ـ مُقرّبانِ درگاہ کي طرف مُتوجّہہ ہوکر فرمایا کہ ـ عقل کیا بے بہا جوہر ہي کہ کمینوں گُمناموں کو درجۂ عالي میں پہُنچاتي ہي ـ جیسے شُعلہ آتش کا کہ روشن کرنےوالا چاہے جو پست ہو ـ لیکِن سر بُلند ہوتا ہي * اِس صاحِبِ عقل کو حُضور کي آمدوشُد سے نہ روکیے ـ اور نام اِس کا سرکار کے نوکروں مَیں لِکھ لیجیے * دمنہ خوش ہوا اور جانا اُس نے کہ ـ بات مَیري مقبولِ درگاہ ہوئي ـ اور مقامِ دِلچسپ ہاتھ لگا ـ ہمیشہ خِدمتگُذاري کو اپنے اوپر واجِب جان‌کر کبھي گھر کو اپنے نہ جاتا ـ اور مُدام حُضور مَیں حاضِر ہوکر ساتھ دانِش کے کام کرتا * راستي دُرُستي کے سبب روزبروز رُتبہ اُس کا بڑھتا جاتا تھا ـ اور بادشاہ کا مُقرّب ہوتا تھا * ایک دِن اُس نے زبان خیرخواہي کي دولتخواہي کے بیان مَیں کھول‌کر عرض کیا ـ بادشاہ کے مُلازموں کو ضرور ہي کہ کاروبار سلطنت کا جو در پیش ہو ہر کوئي اپني اپني سمجھ اور دانِش کے اندازکے مُوافِق اُس

مٹیں غوٗر کرے ــ اوٗر جوٗ جِس کي خاطِر مٹیں آوے عرض کرکے دولت خواهي بجا لاوے ــ تاکه بادشاه هرایک کي کارداني اوٗر دانائي سے آگاه هوٗکر ــ دولتخواهي و خیراندیشي سے نوٗکروں کي خوش هوٗوے ــ اوٗر وے بهي دانائي و اِخلاص کے مُوافِق پادشاهي نوازشوں کوٗ پهُنچیٹں * دانه جب تلک خاک مٹیں چهپا رهے ــ اُس کي کوٗئي پرورش مٹیں سعي نه کرے ــ اوٗر جب نِقاب مُنه پر سے اُٹهاکر خِلعتِ سبز کے ساتهه سر زمین سے نِکالے ــ توٗ معلوم هوٗ که وُه کوٗئي نِهالِ مٹیوه دار اوٗر درختِ نفع پهُنچانےوالا هي ــ تب خواه مخواه اُس کي خِدمت کرکے بهرهمند هوٗویں * سب کاموں کي اصل اوٗر دولت کيْ بُنیاد بادشاهوں کي تربیت پر هي ــ عقلمندوں مٹیں سے جس کوٗ اِلتِفات کي نظر سرفراز کریں ــ اپني عِنایت و تربیت کے بموجِب اُسے کامیاب هوٗویں * شیْر نے کها ــ عقلمندوں کوٗ کِس طوٗر پر تربیت کیجیٔے اوٗر کیوں کر اُن سے فائده اُٹهایٔے ؟ دمنه نے کها ــ اصل اِس کام کي یهه هي که بادشاه اُس کي دانِش و هُنرمندي پر نظر کرے ــ نه اُس کے باپ دادا کي دانائي اوٗر هُنرمندي پر ــ کیوں که بےهُنر کم عقل اگرچه باپ دادا کي هُنرمندي اوٗر عقل کے وسیلے سے روٗزي کوٗ پهُنچتے هٹیں ــ پر درجهٔ عالي کوٗ نهیں * حکیموں نے کها هي که آدمي کوٗ چاهیٔے خود هُنر پیْدا کرے ــ نه باپ کي هُنرمندي پر بهولے * اوٗر لائِق هي که بادشاه آشنا و بیْگانے پر نِگاه نه کرکے هرایک کي خوبيْ ذاتي اوٗر صِفاتِ پسندیده کوٗ مُلاحظه فرماوے * چوها باوجود اِس کے که آدمي کا همخانه هي ــ پر بسببِ اذیّت جوٗ اُسے لوگوں کوٗ پهُنچتي هي ــ اُس کے مارنے کي سعي کرتے هٹیں ــ اوٗر باز باوصف اِس کے که وحشي و درنده هي ــ پر جوٗ اُس سے منفعت هوٗتي هي ــ اِس لیٔے بکمال عِزّت اُس کوٗ پالتے هٹیں * پس چاهیٔے که بادشاه عقلمندوں کوٗ بُلواکر بادشاهي توجُّه سے مخصوص کرے ــ اوٗر جوٗ لوٗگ که کاموں سے غافِل و بےهُنر هوٗں اُنْ کوٗ داناؤں پر ترجیح نه دے ــ کیوں که بیوُقوفوں کوٗ عاقِلوں کا رُتبه دیْنا ایسا هي جیْسے سر پیْچ کا پاٹو مٹیں باندهنا اوٗر پازیْب سِر پر * جهاں داناؤں کوٗ نه پوچهیٹں ــ اوٗر عِنانِ اِختیار نادانوں کے هاتهه هوٗ ــ وهاں کمال خلل سلطنت مٹیں آوے *

جب دمنه نے یهه بات تمام کي ــ عقلمندي اِس کي ظاهِر هوئي یهاں تلک که تهوڑے سے دِنوں مٹیں بادشاه اُس کي طرف بهُت هي مُلتفِت هوا ــ اوٗر مُقرّبانِ خاص سے سمجهکر بزم و رزم خلوَت و جلوَت مٹیں بغیْر صلاح اُس کي کوٗئي کام نه کرتا ــ اوٗر چهوٹا بڑا کوٗئي کام بےرائے و تدبیر اُسکي صورت پذیر نه هوٗتا * ایْک دِن وقت پاکر دمنه نے خلوَت مٹیں عرض کي که ــ بهُت دِن هوئے جهاں پناه جگهه سے حرکت نهیں کرتے هٹیں ــ نه رغبت سیْر و شِکار کي رکهتے ــ نه مُهِمّاتِ مُلکي کي سربراهي کي طرف مٹیل فرماتے هٹیں * بنده چاهتا هي که سبب اِس کا معلوم کرے ــ توٗ اِس باب مٹیں مقدور بهر سعي کرے * شیْر چاهتا تها که حالت اپني مخفي رکهے ــ اِس مٹیں شتربه نے صداے هوٗلناک کي ــ اوٗر اُس آواز نے شیْر کوٗ ایسا بیْقرار کیا که باگ هوٗش کي هاتهه سے جاتي رهي * بعد ایْک ساعت کے جب طبیعت

بحال هوئي راز کوْ اپنے دمنه سے ظاهِر کيا اوْر کها که ـ ميْري وحشت کا سبب يهي آواز هي ـ نهيں جانتا هوں ميْں که يهه آواز کِس کي هي ـ پر يهه گُمان کرتا هوں که اُس کي قُوّتِ بدَن اوْر ڈيل کي بڑائي آواز هي کے مُطابِق هوْگي ـ اگر يهي سچ هوْ ـ توْ يهاں کا رهنا مُناسِب نهيں هي * دمنه نے کها ـ جهانپناه کوْ اِس آواز کے سِوا بهي کُچهه تعلُّقِ خاطِر هي ؟ کها ـ نهيں * دمنه نے عرض کي ـ صِرف ايْک آواز کے سبب جلا وطن نه هوجيئے * بادشاه کوْ لازِم هي که پهاڑ کے مانند ثابِت‌قدم هوْوے ـ تاکه هرايْک حادِثے کي هوَا سے نه ڈلے * بُزُرگوں نے کها هي ـ هرايْک آوازِ بُلند و قوي جُثّے کي طرف اِلتِفات نه کيا چاهيئے ـ کيوں‌که هرايْک صورت مُوافِق معني کے نهيں هوْتي ـ اوْر هرايْک ظاهِر نمونه باطِن کا نهيں هوْتا هي * سانْپ کِتنا هي موْٹا هوْ ايْک چُهڑي سے مارا جاتا هي اوْر کبک هرچند بڑے ڈيل کا هوْ ايْک مُنحني باز کے چبگُل سے عاجِز هوْتا هي ـ جوْ کوْئي قَوي جُثّے اوْر بُلند آواز کوْ شُمار کرے ـ اُس کي حالت وُه هوْتي هي جوْ اُس لوْمڑي کي هوئي * شيْر نے پوچها ـ وُه کيوں‌کر هي ؟

حِکايت ٧

STORY OF THE FOX AND THE DRUM.

دمنه نے کها ـ نقل هي ايْک جنگل ميں کوْئي لوْمڑي کهانے کي تلاش ميْں هر طرف پڑي پهرتي تهي که نظر اُس کي ايْک مُرغِ خانگي پر جا پڑي جوْ درخت کے نيچے چرتا تها * گهات کرکے چاها که اُس کوْ شِکار کرے * ايْک بارگي ايْک نقّارے کوْ کِسي درخت ميْں لٹکا هوا ديْکها که ڈاليوں کے لگنے سے سهمناک آواز اُس سے نِکلتي هي ـ اُس نقّارے کي بڑي هِي مُهيب آواز سے اُس کوْ نيم‌مُرده سمجهکر دِل ميْں اپنے سوْچي که ـ گوْشت و پوْست اِس کا موافِق ڈيل اوْر آواز کے هوْگا * درخت کي طرف مُتوجّهه هوئي ـ توْ مُرغ اِس حادِثے سے واقِف هوْکر بهاگا * لوْمڑي به هزاره تکليف درخت کے اوپر چڑهکے کوْشش کرتي رهي يهاں‌تک که نقّارے کوْ پهاڑا ـ توْ سِوا خُشک چمڑے اوْر سخت لکڑي کے کوْئي چيز نه پائي * آتشِ پشيماني سے جي اُس‌کا جلنے لگا ـ اوْر آنْسو آنکهوں سے جاري کرکر کهنے لگي که ـ افسوس ! ميْں صِرف اِس دهوْکهے کے سبب بِهتري سے اپني باز رهي ـ سچ هي که ڈهوْل هميْشه شوْر کرتا هي ـ پر بيْفائِده ـ اندر اُس کے کُچهه نهيں *

جوْ تُجهے دانائي هي توْ معني کي تلاش کر اوْر ظاهِر پر فريْفته نه هوْ که وُه هيچ هي * چاهيئے اِس آواز سے خود بدوْلت کے دِل ميْں کُچهه خطره نه آوے * حُکم هوْ توْ ميْں اُس کے يهاں جاؤں اوْر احوال اُس کا دريافت کرکے خِدمت ميْں عرض کروں * شيْر کوْ دمنه کي بات پسند آئي اوْر تحقيق کے واسطے اُسے بهيْجا ـ ايْک دم کے بعد شيْر کوْ انديْشه هوا اوْر دمنه کے بهيْجنے سے پشيْمان

ہوکر اپنے دِل مےں کہا — بڑي خطا کي مےں نے اور بے تامّل یہہ کام مُجھ سے سرزد ہوا * بُزرگوں نے کہا ہي کہ — شاہ کو چاہیئے اِن آدمیوں پر اِعتماد نہ رکھے اور بعید اُن سے ظاہِر نہ کرے * ایک — وُہ کہ جِس نے بے تقصیر حاکِم کے دربار مےں ایک مُدّت اذیّت اُٹھائي ہو * دوسرا — وُہ کہ جِس کي دولت و حُرمت پادشاہ کي خِدمت مےں برباد ہوئي ہو * تیسرا — وُہ کہ اپنے منصب سے معزول ہو اور پِھر توقّع کام پانے کي نہ رکھتا ہو[1] * چوتھا — وُہ کہ جِس کي طبیعت دنگے اور فساد پر ہو اور امن چین کي طرف مائل نہ ہو * پانچواں — وُہ تقصیروار کہ جِسکے یاروں نے عفو و بخشِش کا ذائقہ لیا ہو — اور اُسنے سِوے تلخي عذاب کے کُچھ نہ چکّھا ہو * چھٹا — وُہ گُنہگار جِس کو سب گُنہگاروں سے زیادہ اذیّت پہُنچي ہو * ساتواں — وُہ کہ جِس نے بہُت سي خِدمت کي اور منفعت کم پائي اوروں پر بغیر خِدمتِ شایستہ کے خاوند کي بہُت مُراعات ہو * آٹھواں — وُہ کہ جِسکا دُشمن اُس پر فوقیّت ڈھونڈھ غالِب آکر پادشاہ کا ہمکلام ہوا ہو * نواں — وُہ کہ پادشاہ کے زیان مےں اپنا فائِدہ سمجھے * دسواں — وُہ جو پادشاہ کي درگاہ مےں مقبول نہ ہوکر اُس کے دُشمن کے قُرب سے اپني بُزُرگي جانے * غرض اصل یہہ ہي کہ جِس آدمي کي دیانتداري و مُرُوّت بارہا نہ آزمائي ہو محرمِ راز اپنا نہ کرے — پس قبل آزمانے کے دمنہ کو دُشمن کے یہاں بھیجنا دانائي سے دور تھا * یہہ زیرک نظر آتا ہي اور ایک مُدّت تک ہماري درگاہ مےں رنجیدہ و مجبور رہا کیا * مبادا ! دِل مےں اُسکے کانٹا اذیّت کا کھٹکتا ہو اور اب فُرصت پاکر کُچھ خیانت کرے اور فساد مچاوے * شیر اِس خَیال مےں کمال اِضطِراب سے گھڑي اُٹھتا گھڑي بیٹھتا اور راہ دیکھتا کہ دمنہ دور سے نظر آیا * شیر کو ذرہ چین ہوا — دمنہ آ پہُنچا اور سِجدۂ اِخلاص بجا لاکر کھڑا ہوا * شیر نے پوچھا — کہو — کیا کیا ؟ اور کیا خبر لائے ہو ؟ کہا — جہان پناہ ! جِس کي آواز گوشِ مُبارک مےں پہُنچتي ہي — وُہ ایک بیل ہي اِس جنگل کے نزدیک جو سِوے کھانے اور چِلّانے کے کُچھ کام نہیں رکھتا — اور ہِمّت اُسکي بوجھنے اور کھانے سے زیادہ نہیں ہي * شیر نے پوچھا — اندازہ زور کا اُس مےں کِس قدر ہي ؟ دمنہ نے کہا — مےں نے اُس مےں کُچھ شُکوہ نہ دیکھي جو زور اُس کا دریافت کرتا — اور اُس مےں نِشان بُزُرگي و بُلند ہِمّتي کا کُچھ نہ پایا جو سمجھتا[2] کہ بہُت سي آرزوئیں رکھتا ہي * ہرچند مےں نے برابري کي بلکہ بڑھکر باتیں کیں — تب بھي اُس مےں کُچھ زور کي سلامت نہ پائي اور بُزُرگ مِنشي اُس کي نہ دریافت کي * شیر نے کہا — ایک دفع کے سمجھے پر فریب نہ کھائیے اور اُسے ناتوان نہ خَیال کیجیئے — تُند ہوا اگرچہ ایک تِنکے کو نہیں گِراتي — پر بڑے بڑے درختوں کو اُکھاڑ دیتي ہي *

---

[1] In the original رکھتا ہو *rakhtá ho*, without the negation; but it is absurd to suppose that a man, who expected to recover his position, would act disloyally; whereas a desperate man would.

[2] The aorist instead of the present here, and a neuter verb instead of an active, might well be expected. As it is, the sentence is quite ungrammatical.

بُزُرگ جب تلک دُشمن کو اپنے برابر خَیال نہ کریں اِظہار بُزُرگي و شوکت کا نہیں کرتے ہیں * باز مچھلے کا قصد نہیں کرتا ہي ـ اور بہري مچھیرے کے شِکار کے واسطے چُنگل نہیں کھولتا ہي * دمنہ نے کہا ـ جہان‌پناہ ! اُس کي مُہِمّ کچھ بڑي نہ سمجھیئے اور اُس کو اِس حِساب میں نہ لائے ـ میں نے تیوَر سے اُس کے حقیقت اُس کي معلوم کر لي ہي * جو آپ کو باوَر نہ ہو ـ تو فرماویں کہ میں اُسے لاکر درگاہ کے مُلازِموں میں داخِل کروں تاکہ غاشیہ خیرخواہي کا اِطاعت کے دوش پر اُٹھاوے اور اچھي خِدمتوں کے سبب مقبول خاطِرِ مُبارک کا ہووے * شیر اِس بات سے خوش ہوا اور اُس کے لانے کو اِشارت کي * دمنہ شتربہ کے نزدیک گیا اور قَوي دِل ہوکر بےاندیشے اچھي طرح سے باتیں کرنے لگا اور پوچھا کہ ـ تُم کہاں کے ہو؟ یہاں کیوں‌کر آئے؟ اِس کا سبب بیان کرو * شتربہ نے ماجرا اپنا سچ‌مچ شرحوار کہا * دمنہ نے اپني سمجھ پر خوش ہوکر کہا ـ مُجھے شیر نے بھیجا ہي کہ تُجھے خِدمت میں اُس کي لےجاؤں ـ اور فرمایا ہي کہ ـ اگر جلدي میري آستانہ‌بوسي کے لیے حاضِر ہو ـ تو جو قُصور کہ آج‌تک غیر حاضِري کے سبب ہوا ہي مُعاف کرونگا * اگر چلنے میں کچھ دیر ہو ـ تو ابھي میں جاؤں اور ماجرا عرض کروں ـ تو معلوم نہیں کیا حُکم ہو * شتربہ نے شیر کا احوال پوچھا * دمنہ نے کہا ـ وُہ بادشاہ درندوں کا اور حاکِم اِس مُلک کا ہي ـ اور اُس کے قہر و لُطف کے احوال کو بہ خوبي کہہ سُنایا * شتربہ اِس بات سے بہُت ہي ڈر گیا اور کہا کہ ـ اگر تو مُجھے بھروسا دے اور اُس کے قہر سے خاطِرجمع کرے ـ تو ساتھ چلتا ہوں * دمنہ نے قسَم کھائي اور ایک عہد کیا ایسا کہ اُس کي دِلجمعي ہو گئي ـ تب شتربہ بہ ظاہِر خوش اور دِل میں اندیشناک اُس کے ساتھ چلا * جب بارگاہ کے نزدیک پہُنچا دمنہ نے آگے جاکر شیر کو شتربہ کے آنے سے مُطّلِع کیا * اُس نے شُکر خُدا کا بجا لاکر حُکم آنے کا کیا * شتربہ حُضور میں حاضِر ہوکر آداب بجا لایا * شیر نے مِہرباني کي اور جیسا آئین بُزُرگوں کا ہي احوال پوچھنے لگا کہ ـ اِس سرحد میں کب آئے؟ اور آنے کا موجِب کیا تھا؟ شتربہ نے تمام قِصّہ اپنا عرض کیا * شیر نے فرمایا ـ میري خِدمت میں حاضِر رہ ـ کبھي میري شفقت و مِہرباني سے بےبہرہ نہ ہوگا ـ ہم نے مُسافِروں کے حال پر بہُت سي مِہرباني کي ـ خوان نِعمت کا اپنے مُلازِموں کے آگے رکھا ہي ـ اِس مُلک میں جو خوب تحقیق کرکے دیکھو تو نا شُکر کِسي کو نہ پاؤگے * میں جِس کام کو شُروع کرتا ہوں ـ پہلے رعیّت کي بہتري اُس میں دیکھ لیتا ہوں * شتربہ نے دُعائیں دیں اور بجان و دِل خِدمت میں کمر باندھي * شیر نے خِدمتِ پسندیدہ و نیک‌فہمي پر دمنہ کي آفرین کي اور بادشاہي نَوازِشوں سے سرفراز کیا * شتربہ سرکار کے نوکروں میں داخِل ہوکر اِخلاص دُرُست کے ساتھ خِدمت کرنے لگا ـ اور شیر روز بہ روز علامت عقلمندي کي دریافت کرکے اُس کي تربیت کي رعایت کرنے لگا ـ اور ہر وقت اُس کے احوال کے تجسّس میں تھا اور مقام آزمائش میں آزما کر ـ اُس کي دانِش و اِخلاص کے اندازے کو دِل‌نشین

اپنا کرتا تھا ـ یہاں‌تلک کہ رفتہ رفتہ معلوم ہوا کہ عالي منِشي و خیراندیشي میں سرکار کے نوکروں سے زیادہ ہي اور اخلاقِ نیک میں اُس کو ایسا آراستہ پایا کہ اور کوئي برابر اُس کے نہ تھا * غرض دیکھا کہ نیک‌سیرت و عقلمند ہي اور سخن‌داني و مردُم‌شناسي اور سیّاحي و عِلمِ مجلِس میں طاق ـ جو بادشاہوں کا آئین ہي نئے پُرانے پر نظر نہ کرکے جِس کو خِدمت و نیک اِعتِقاد میں بِہتر جانتے ہیں اُسي کو مُعتمد علیہ کرکے محرمِ راز اپنا کرتے ہیں ــ اور درجہ اُس کا بڑھاتے ہیں ـ اِس لیے شیر نے بہُت تامّل کے بعد اُس کو امین ٹھہراکر رُتبہ اُس کا سبھوں سے زیادہ کیا یہاں‌تلک کہ کوئي کام بغیر مشورت اُس کي نہ کرتا اور ارکانِ دولت کا سردار کیا * دمنہ نے جب اُس کي گرم‌بازاري اور اپني بےقدري دیکھي آتشِ حسد سے اُس کي عقل کي متاع جل گئي ــ خواب و خور بھول گیا ـ مُضطرِب ہوکر فِکر کیا کرتا ـ پر کُچھ حاصِل نہ ہوتا * بغیر صلاح کلیلہ کے اِس کام میں در آیا تھا ـ اِس لیے نہ اِسے کہنے کي تاب تھي نہ چُپ رہنے کي * آخِر چارناچار دیوانے کے مانند اُس کے پاس گیا اور کہا ـ اي بھائي ! مَیں نے شیر کي کیا کیا خِدمتیں کیں ــ اور شتربہ کو اُس کے یہاں حاضِر کیا ــ اور اُس کي خاطِرِ مُبارک سے فِکر دور کروائي ـ اب مدارُالمَہامّ وُہ ہوا اور مَیں اپنے درجے سے گِر گیا ــ تُم اِس میں کیا صلاح دیتے ہو؟ اور کیا عِلاج بتاتے ہو؟ کلیلہ نے کہا ـ اي عزیز! مثل مشہور ہي ــ خود کردہ‌را عِلاجے نیست تونے تیشہ اپنے پاؤں پر آپ ہي مارا اور یہ فساد خود بر پا کیا ہي آخِر تُجھے وہي در پیش ہوا جو اُس زاہِد کو ہوا تھا * دمنہ نے پوچھا ـ وُہ کیا ہي؟

حِکایت ۸

THE STORY OF THE DARWESH AND THE THIEF.

کلیلہ نے کہا ـ نقل ہي کہ ایک بادشاہ نے کِسي زاہِد کو قیمتي خِلعت دي * ایک چور اِس بات پر مُطّلِع ہوا اور لالچ کرکے ہرچند وہاں جانے کي راہ ڈھونڈھتا تھا پر جا نہ سکتا تھا * نِدان مکر سے مُرید بن‌کر اُس کے پاس گیا اور خِدمت کرنے لگا * درویشي کے آداب سیکھنے کے لیے کوشِش کرتا تھا ـ تھوڑے سے عرصے میں محرمِ راز ہوا اور خِلعت چُراکر لے گیا * زاہِد نے جب خِلعت نہ دیکھي اور نئے مُرید کو نہ پایا ــ تب حقیقتِ حال دریافت‌کر اُس کي تلاش کو چلا * راہ میں دیکھا کہ دو ہِرن آپس میں دو شیر درندے کے مانند لڑتے ہیں ــ خون اُن کے سِر اور مُنہ سے ٹپکتا ہي ــ اِس میں ایک لومڑي آکر لہو پینے لگي * اِتّفاقاً شاخیں دونوں طرف سے اُس کے پہلو پر لگیں اور مُلکِ ہستي سے اُس نے کوچ کیا * زاہِد اِس حالت کو دیکھ عِبرت پذیر ہوکر آگے چلا * شام کے وقت ایک شہر میں پہُنچا دروازہ بند دیکھکر ہر ایک طرف دوڑنے لگا * اِتّفاقاً زاہِد کي حیراني سے مُطّلِع ہوکر کِسي بُڑھیا نے اپنے گھر اُسے بُلا لیا * وُہ غنیمت

جانکر گهر ميں اُس کے گيا اور ايک کونے بيٹهکر عبادت ميں مشغول هوا * قضارا وُه عورت کسبي مشهور تهي اور نوچياں کسب کرنے کے ليے ليتي اُسي سے اپني اوقات کاٹتي - اُن ميں سے ايک جو بهُت خوبصورت تهي کِسي اوباش سے پچّي هو گئي تهي[1] - همڻيشه دونوں مِلے جُلے رهتے - نه وُه رنڈي اور مرد کي طرف خيال کرتي - نه جوان اُسے دست بردار هوتا که اور مرد وهاں آ پهٹکے[2] * نايکا نوچي کے اُس مُعاملے سے تنگ آئي اور بےخرچي سے بيتاب هوکر - اِس نو جوان کے مارنے کا قصد کيا * جِس رات کو زاهِد گهر ميں اُس کے تها - اُسي رات کو يه تدبير ٹهہرائي تهي - فُرصت پاکر اُن عاشِق و معشوق کو بهُت سي شراب پِلا دي * جب سب سو گئے تهوڑا سا زهرِ هلاهل ايک نلي ميں بهر - ايک سِرا اپنے مُنهه ميں ليا دوسرا اُس جوان کي ناک ميں رکهکر چاهتي تهي که پهونکے اور زهر کا اثر دِماغ ميں اُس جوان کے پهُنچاوے - که اچانک مرد چهينکا اور اُس کے زور سے تمام زهر نايکا کے حلق ميں گيا - وُونهيں جَهَنّم واصِل هوئي * زاهِد يه حالِ پُرملال ديکهکر گهبرايا اور وهاں سے اُٹهہ آرام کے ليے اور جاگهه ڈهونڈهنے لگا * ايک موچي جو اپنے تئيں اُس کے مُريدوں ميں گِنتا تها اپنے گهر لے گيا * جيسي چاهيے ويسي مِهماني کي اور خود کِسي کام کو باهر نِکلا * موچِن کا جي کِسي سے لگا تها - جب گهر خالي پايا ايک نايِن کو که درميان ميں کُٹني تهي يار کو بُلانے بهيجا اور پيغام ديا که - آج کي رات گهر غيروں سے ايسا خالي هي که گويا شکر هي اور مکّهي کا نام نهيں اور ايسا وقت صُحبت کا هي که هانک پُکار نه کوتوال کي هي نه چوکيدار کي * غرض جوان کا دروازے پر آنا تها که وُونهيں صاحِبِ خانه بهي پهُنچا * جب اُس نے جوان کو وهاں ديکها اور وے حالتيں (جو قبل اُس کے اُس نے گُمان کي تهيں اور ايک شُبه دِل ميں اُس کے پڑا تها) ديکهتے هي يقين هوا * گهر ميں آيا اور عورت کو خوب هي لاتيں اور گهونسے مارے ايک کهنبے سے جکڑکر باندها اور آپ سو رها * زاهِد اِس فِکر ميں تها که - بے تقصير اِس رنڈي کو مارنا مردُمي سے دور تها - چاهيے که ميں اُسے سمجهاتا اور اِس ظُلم کا روادار نه هوتا * ايک بارگي نايِن نے آکر کها - بُوا ! اُس جوان کو کب تلک اِنتِظاري ميں رکهيگي ؟ موچِن نے اُس کو دردناک آواز سے اپنے نزديک بُلايا اور حالت سے اپني مطّلِع کيا اور کها - اري بهيِنا ! اِس بےدرد شوهر نے ميرے مگر اُس کو گهر کے دروازے پر ديکها که ديوانے کے مانند آکر مُجهے بهُت مارا پهر ستون سے مضبوط باندها * جو تو ميرے حال پر شفقت - اور ميرے يار پر نوازِش کرے - تو جلدي ميرے تئيں کهول دے که ميں تُجهه کو اپنے بدلے اِسي کهنبے ميں باندهوں - اور تُرت يار سے اپنے عُذر خواهي کرکے پهر آؤں اور تُجهے کهول دوں * نايِن نے راضي هوکر اُس کا کهولنا اور اپنا بندهوانا قبول کيا - اور وُه کم بخت باهر گئي * زاهِد اُسکي شفاعت نه

[1] The sense is evident "was consumed with love;" but the Dictionaries do not give that meaning.
[2] Take جوان *jawán* as the nominative.

کرنے پر شُکر بجا لاتا تھا ـ اِس مٹں موچي نے جاگ کر اپني جورو کو پُکارا * ناین اِس ڈر سے کہ ـ مبادا پہچانے ! جواب دے نہ سکتي تھي * مرد هرچند پُکارتا تھا رنڈي هرگز دم نہ مارتي تھي * تب موچي کي آتشِ غضب بھڑکي ـ رانپي اُٹھا ـ سِتون کے نزدیک آ ـ رنڈي کي ناک کاٹ کر کہا ـ لے ـ یہہ تُحفہ اپنے یار کے یہاں لے جا * ناین جان کے ڈر سے ناک کٹنے کو غنیمت جان کر چوں نہ کي ـ دِل مٹں اپنے سوچتي تھي کہ ـ یہہ کیا حِکمت هي ؟ گُناہ کوئي کرے سزا کوئي پاوے * موچن جب پھري اور اپني مُنہہ بولي بہن کي ناک کٹي دیکھي ـ غمگین هوئي اور بہُت سي معذِرت کرکے اُس کو کھولا اور اپنے تئیں بندهوایا * ناین ناک هاتھہ مٹں لیے گھر کي طرف چلي * مارے حیرت کے کبھي هنستي اور کبھي روتي تھي * زاهِد یہہ اچنبھا دیکھتا تھا اور عجائِب جو پردۂ تقدیر سے ظاهِر هوتے تھے اُسے حیرت پر حیرت هوتي تھي * موچن مکر سے دست بدُعا هوئي اور زبان نیاز کھولي کہ ـ اي خُدائے فریاد رس! تو جانتا هي کہ مٹرے شوهر نے مُجھہ پر ظُلم کیا ـ اور تُہمت اُس گُناہ کي جو مٹں نے نہیں کیا هي مُجھہ پر کي ـ فضل و کرم سے اپنے مُجھے بخش اور ناک مٹري جو مٹرے صفحۂ جمال کي زیب هي پھر عِنایت کر * شوهر شور و فریاد سے اُس کي بیدار هوا اور للکارا کہ ـ اي نابکارِ بدکار! یہہ کیا دُعا هي جو تو مانگتي هي ؟ اور یہہ کیا آرزو هي جو تو کرتي هي ؟ بدکاروں کي دُعا خُدا کي درگاہ مٹں مقبول نہیں هوتي * یکایک رنڈي چِلّائي کہ ـ اي ظالِم ! اُٹھہ ! خُدا کي قُدرت دیکھہ تو پاک دامني مٹري سمجھیگا جو دامن مٹرا تُہمت کي آلودگي سے پاک تھا ـ اِس لیے ایزدِ پاک نے مٹري کٹي هوئي ناک کو دُرست کر دیا اور بدنامي سے مُجھے رهائي بخشي * بیوقوف مرد اُٹھا ـ چراغ روشن کرکے عورت کے پاس آیا اور دیکھا کہ ناک جیسي کي تیسي هي * وونہیں اپني نادانی کا اِقرار کرکے ـ بہُت سے عُذر کیے اور کمال مِنّت سے عفو کي درخواست کي ـ اور هاتھہ پاٹو کے بند کھول کر قسم کھائي کہ هرگز کِسي کام مٹں جلدي نہ کرونگا ـ اور کبھي اِس پارسا رنڈي کے کہنے سے باهر نہ هونگا * ناین کٹي ناک کو هاتھہ مٹں اپنے لیے گھر پہنچي * اِس سوچ مٹں تھي کہ ـ کیا کیجیے ؟ دوستوں همسائیوں کے حُضور کیا بات بنائیے ؟ شوهر سے اپنے کیا کہیے ؟ اِس مٹں نائي نیند سے چونک کر بولا ـ مٹري کِسبت مُجھے دے کہ فلانے کے یہاں جاتا هوں * عورت آهستہ بولي اور حُکم بجا لانے مٹں دیر کي * آخر صِرف اُسترہ نِکال دیا * اُس نے بہُت غُصّے سے اندهیرے مٹں اُس کي طرف پھینکا اور گالیاں دینے لگا * عورت بےاِختیار چِلّائي کہ ـ کیا کیا تو نے کہ مٹري ناک کٹ گئي ؟ نائي گھبرایا * اِتنے مٹں خویش و قوم اور همسائے کے لوگ اِکٹھے هوئے * عورت کے کپڑے لہو بھرے اور ناک کٹي هوئي دیکھہ کر مرد کو ملامت کرنے لگے * وُہ بیچارہ حیران هوا نہ طاقت اِقرار کي تھي نہ صورت اِنکار کي * جب دِن هوا عورت کے خویش و اقربہ جمع هوئے اور نائي کو حاکِم کے یہاں لے گئے * اِتّفاقاً زاهِد بھي موچن کے گھر سے نِکلا * شہر کے حاکِم سے جو اُسکو محبّت تھي وهاں گیا اور بات چیت کرنے لگا کہ

نايں کا مُقدّمہ درميان آيا * حاکِم نے نائي سے پوچھا کہ - بےتقصير تو نے کيوں يہہ بيجا کام کيا؟ جب وُہ جوابِ معقول سے عاجز هوا * حاکِم نے فرمايا - اِس کي بهي ناک کاٹ ڈالو * زاهِد نے کہا - اِس مُقدّمے مےں تامّل کيا چاهيے اوَر خوب غوَر کيجيے - کيوں‌کہ نہ چوَرنے مےرا کپڑا چُرايا - نہ لوَمڑي کوَ اُن هِرنوں نے مارا - نہ زهر نے اُس بُڑهيے بدکار کوَ هلاک کيا - نہ نائي نے نايں کي ناک کاٹي - بلکہ يہہ بلائيں سبهوں نے آپ هِي اپنے اوپر لي هيں * حاکِم حُکم مؤقوف کرکے زاهِد کي طرف مُتوجّہ هوا کہ - اِس مُجمل کي تفصيل کيا چاهيے * زاهِد نے اوّل سے آخِر تک ايک ايک کي حقيقت بيان کي - جوَ مُجهے مُريد کرنے کي خواهِش نہ هوَتي توَ مےں چوَر کي چرب‌زباني سے فريب نہ کهاتا - اوَر وُہ چوَرِ بدکار فُرصت نہ پاتا اوَر خِلعت نہ لےجاتا * اوَر جوَ لوَمڑي حريص نہ هوَتي اوَر لهو پينے سے درگذرتي - توَ صدمہ هِرنوں‌کا اُس پر نہ پهُنچتا * اوَر اگر وُہ بدکار بُڑهيا اُس سوَتے هوئے جوان کے مارنے کے خيال مےں نہ پڑتي - توَ جانِ شيرين کوَ اپني بر باد نہ کرتي * اوَر نايں اگر بُرے کام مےں مدد نہ کرتي - ناک اپني نہ کهوَتي اوَر رُسوا نہ هوَتي * حاکِم نے ماجرے سے واقِف هوَکر هرايک گُنهگار کوَ اُس کے لائِق سزا دي * غرض جوَ بد کام کرے - چاهيے کہ نيکي کي توقّع نہ رکهے * اوَر جوَ گنّے کي آرزو کرے - اِندّراين کا تُخم نہ بوَے * کِسي دانا نے کہا هي کہ - بد کروگے توَ زمانے سے ثمرہ اُس‌کا بد هِي پاوَگے *

کليلہ نے کہا - يہہ کهاني مےں نے اِس لِيے کهي جوَ تو جانے کہ اِس مِحنت کے طريقے کوَ تو نے آپ هِي اِختيار کيا - اوَر رنج کا دروازہ آپ هِي اپنے اوپر کهوَلا - اوَر مےري نصيحت نہ سُني - عاقِبت انديشي نہ کي * دمنہ نے کہا - سچ کہتے هوَ - يہہ کام مےں نے آپ هِي کيا هي - پر مےري مخلصي کي کيا فِکر کرتے هوَ؟ اوَر حيلہ مےري مُشکل آسان هونے کا کيا بتلاتے هوَ؟ کليلہ نے کہا - پيدا کرنےوالا خلائِق کا هر کِسي کوَ اُس کي قابليّت کے مُوافِق نوازتا هي اوَر حق مےں جِس کے جوَ بِہتر جانتا هي وهي کرتا هي * اوَر کوَ چهوَٹا جاننے اوَر اپني بڑائي کے گهمنڈ سے باز آ اوَر شُکر بجا لا جوَ اپنے خويش و اقربہ سے تو نے اِمتياز پايا * کمندِ اِخلاص کوَ خوب تهام لے - طاعت کي کوَشِش کر - تا کہ بآمِ آرزو پر مُرادِ دِل کے مُوافِق قدم رکهے * دمنہ بولا - بُزُرگوں نے کہا هي - دانا پانچ کام مےں جوَ بہُت کوَشِش کريں توَ معذور هيں * ايک يہہ کہ - ڈهونڈهنا اُس درجے کا جوَ آگے تها * دوسرے - پرهيز کرنا اُس چيز سے کہ جِس کا زيان آزمائِش مےں آيا هوَ * تيسرے - نِگاہ رکهنا اُس حالت کا جوَ هي - اوَر بہرہ‌مند هونا مال سے اپنے * چوَتهے - بچانا اپنے تئيں اُس جاگہہ سے جہاں آفت کا گُمان هي * پانچواں - آئندے کے نفع و ضرر کوَ لِحاظ کرنا * جب شتربہ نے همارے حُقوق ادا نہ کيے بلکہ چاهتا هي کہ مُجهے هيٹها کرے اوَر مےرے خان‌مان کوَ تاراج کرے مُجهے اُس سے حسد نہيں بلکہ آرزو مےري يہہ هي کہ

پِھر اپنے فرجے کوٗ پہُنچوں شتربہ سے خاطِرجمع رکھوں اوٗر زیادہ طلبي پر اِقدام نہیں کرتا ہوں کہ حریص کہلاؤں *

کلیلہ نے کہا ــ جِتنا مےں سوٗچتا ہوں سِوائے صبر و زیادتي اِخلاص کے کوٗئي بات خاطِر مےں مےري نہیں آتي ہي * بھلا تُم توٗ کہوٗ کہ ــ کیا سوٗچے ہوٗ؟ دمنہ نے کہا ــ مےں چاہتا ہوں کہ ایٗک حیلہ کروں اوٗر جس طرح ہوٗ سکے کام مےں اپنے مُستَعِدّ رہوں تاکہ وٗہ روٗے زمین کوٗ چھوڑ خاک کے نیچے جا بسے ــ یا توٗ اِس سرکار سے دور ہوٗوے ــ یا اِس مرتبے سے گِر جاے ــ یا مُجھے ترقّي ہوٗوے ــ کہ مےري دِلجمعي اوٗر شےر کي فلاح اِسي مےں ہي اوٗر اِس بات مےں کاہلي و توقُّف کوٗ غیرت اِجازت نہیں دیتي ہي اوٗر تجاہُل کروں توٗ داناؤں کے نزدیک عُذر مےرا مسموع نہ ہوٗگا * مےں اُس چڑیا سے کم نہیں جِس نے باشے سے اِنتِقام لیا ــ کلیلہ نے پوچھا ــ وٗہ کیوں کر ہي ؟

حِکایت ۹

THE STORY OF THE BIRDS, THE HAWK, AND THE SALAMANDER.

دمنہ نے کہا ــ سُنا ہي مےں نے کہ چِڑیا کے ایٗک جوڑے کا کِسي وقت درخت پر گھوٗنسلا تھا ــ اوٗر اُس پہاڑ کي چوٗٹي پر جِس کے نیچے وٗہ درخت تھا ایٗک باشہ رہتا تھا ــ جوٗ شِکار کے وقت بِجلي کے مانند جگہہ سے اپني لپکتا اوٗر ناتوان جانوَروں کے خان‌مان کوٗ جلا دیتا * جب وے چڑیاں بچّے نِکالتیں اوٗر وے بچّے اُڑاک ہوٗتے گھات کرکے اُنہیں لے جاکر اپنے بچّوں کوٗ چوٗگا دیتا * چڑیاؤں کوٗ وطن کي محبّت سے سفر کي تاب نہ تھي ــ اوٗر باشے کے ڈر سے وہاں رہنا بھي صلاح نہ جانتیں * ایٗک بار بچّے اُن کے پر و بال نِکال کر اُڑنے لگے تھے اوٗر ماں باپ اُن بچّوں کوٗ دیٗکھکر خوشیاں کرتے تھے * اچانک اُس مےں خیال باشے کا جوٗ دِل مےں اُنہوں کے گُذرا ــ توٗ ایٗک بارگي نالہ و زاري کرنے لگے ــ بچّوں مےں سے ایٗک نے (جِس کے چہرے پر آثار شعور کے ظاہِر تھے) کیفیّتِ حال اوٗر سببِ ملال پوچھا * اُنھوں نے باشے کا ظُلم اوٗر بچّوں کے لیٗجانے کا اَحوال شرح‌وار بیان کیا اوٗر کہا ــ اِس حالِ پُرملال کا قِصّہ یاد آنا ہماري بیٗقراري کا سبب ہي * بچّے نے کہا ــ خُدا کي تقدیر سے اِنحِراف کرنا نہ آئین بندوں کا ہي ــ پر عالمِ اسباب کے پیٗدا کرنےوالے نے ہر ایٗک درد کے واسطے ایٗک دوا ــ اوٗر ہر بلا کے لیٗے ایٗک دفعیہ مُقرّر کیا ہي * جوٗ اِس بلا کے دور کرنے مےں کوٗشِش کروٗ توٗ شاید خُدا اپنے فضل و کرم سے یہہ بلا ہمارے سِر سے دفع کرے ــ اوٗر بارِ غم تُمھارے دِل پر سے بھي اُٹھاوے * چڑیوں کوٗ یہہ بات پسند آئي ــ اُن دوٗنوں مےں سے مادہ بچّوں کي حِفاظت کے لیٗے گھوٗنسلے مےں رہي اوٗر نر اِس کام کي تدبیر کوٗ نِکلا ــ جب تھوڑي سي راہ ساتھہ اِس فِکر کے کہ کہاں جاؤں؟ اوٗر دردِ دِل کوٗ اپنے کِس سے کہوں؟ طَے کي ــ اچانک نظر اُس کي سمندر کیڑے پر (جوٗ آگ کے اندر سے نِکل مےدان مےں پھرتا تھا) جا پڑي * جب چڑیے نے اُسے دیٗکھا اوٗر یہہ عجیب

و غريب شکل اُسے نظر آئي دِل ميں اپنے کہا کہ - چلکر دردِ دِل کو اِس عجيب جانور سے ظاہر کروں - شايد مُشکِل کو آسان کردے اور کُچھ تدبير مُجھے بناوے * کمال ادب سے سمندر کے پاس جاکر آداب بجا لايا * اُس نے غريب نوازي سے شرطِ مہمانداري بجا لاکر کہا کہ - تيرے چہرے پر آثار ملال کے ظاہر ہيں - جو راہ کي ماندگي ہو - تو تھوڑے دِن ميرے پاس رہ تا تُجھے چين ہو - اگر اور کوئي کام ہو وُہ بھي کہہ - جِس قدر مُجھ سے ہو سکے سعي کرونگا * چڑيے نے اپنے بُرے احوال کو بيان کيا * سمندر نے کہا - انديشہ نہ کر - اُس بلا کو ميں تيرے سر سے دور کرتا ہوں - آج کي رات ايسي صورت کروں جو اُس کو گھربار سميت جلا دوں - اور نام و نِشان اُس کا دُنيا ميں نہ رکھوں * جب رات ہوئي سمندر نے اپنے ہمجنس ياروں کو ساتھ لے تھوڑا سا روغنِ نفت اور گندھک لےکر چڑيے کي رہبري سے باشے کے گھونسلے کو گيا * وُہ اپنے بچّوں سميت کھا پيکر بےخبر سو رہا تھا - سمندر جو کُچھ اُس کے جلانے کے واسطے لے گيا تھا گھونسلے ميں ڈالکر پھرا اور وُے سب کےسب گھربار سميت جل بُھنکر خاک ہو گئے * چڑا چڑي خوشي خوشي غم کي قيد سے چھوٹ آپس ميں گُذران کرنے لگے *

دمنہ بولا - يہہ قِصّہ ميں نے اِس ليے کہا جو تو جانے کہ جو شخص دُشمن کے دفع کي کوشش کرے (ساتھہ اُس کے کہ وُہ آپ چھوٹا اور ناتوان ہو اور دُشمن اُس کا قوي) تب بھي فتح کي اُمّيد ہي * کليلہ نے کہا - شيرِ نے اُس بيل کو اپنے نوکر چاکروں ميں بڑھايا ہي - اور ترقي اُس کے مکر و حيلے سے نہيں - بلکہ دُرستيِ عقل و اِخلاص کے سبب شيرکے دِل ميں اُس نے جگہہ کي * شيرکو اُس کي طرف سے پھيرنا اور محبّت اُس کے جي ميں سے نِکالني بہُت ہي مُشکِل نظر آتي ہي * جب پادشاہ کِسي کو پروَرش کرتے ہيں بےجہت اُسے ذليل نہيں کرتے ہيں - اور جِسکو بڑھاتے ہيں بغير اِسکے کہ کوئي بڑي تقصير اُس سے سرزد ہو نظر سے گِرا نہيں ديتے * دمنہ نے کہا - کون سي وجہ اِسے بڑي ہوگي کہ پادشاہ نے اُسے تربيَت کيا ؟ رُتبے کو اُس کے سبھوں سے بڑھايا - وُہ دولتخواہي کا خيال نہيں رکھتا ہي - سرکار کے نوکروں کو دولت سے محروم کر ديتا ہي اور خيرخواہوں کي ذِلّت کے در پي ہي * سبھوں کا جي پادشاہ سے پھر گيا ہي * اگلے داناؤں نے کہا ہي کہ - سلطنت کي آفت اور مُلک کا زوال چھہ چيزوں ميں سے ايک سے ہو سکتا ہي * ايک - محرومي - يعنے خيرخواہوں کو اپنے نزديک سے دور کرنا اور نِعمت کي دولت سے محروم رکھنا يہاں تلک کہ وے ذليل و بےقدر ہو جاويں * دوسري - ناداني - يعنے نہ جانا کہ کِس کو محرمِ راز و مُتعمد کيجيے - اور نہ پہچاننا کہ لڑنے کا مقام کون سا ہي - اور صُلح کا کون - اور جہاں سدِّقہر باندھني ہو - وہاں لُطف کا دروازہ کھول کر خوش آمديوں کو اپنے يہاں راہ دينے - راستبازوں اور حق بولنے والوں کو اپنے يہاں سے نِکالنا * تيسري - تُند خوئي - يعنے بےمحا غُصّے ہونا اور حدّ سے زيادہ خفگي کرني * چوتھي - ہوا و ہوس -

یعنے رنڈیوں پر مُبتلا ہونا ـ اور سربراہي مَیں کاربار مُلکي و مالي کي (جو موجِب اِنتِظامِ عالم کا هي) مشغول نہ ہوکر اوقات کو شِکار و شراب بازي و لہولعب مَیں صِرف کرنا * پانچویں چیز ـ فِتنہ ـ وُہ یہہ هي کہ بےموجِب لڑایاں لڑے اور بےتامّل کام کرے ـ دنگئي دنگے کریں اور دُشمن تلوار کھینچیں ـ اُن کو سزا دینے کي کوشش نہ کرے اور سہل جان‌کرگئي کر جاوے * چھٹھي ـ آفت ـ جو دُنیا مَیں واقِع ہوتي هي ـ جیسے قحط سالي ـ آندهي ـ بھوں‌چال ـ زیادتي آگ کي ـ شورِش پاني کي *

کلیلہ نے کہا ـ مَیں سمجھا کہ تو دُشمن پر مُستعِدّ هي ـ اور شتربہ کي گھات مَیں بیٹھکر چاہتا هي کہ اُسے اذیّت پہُنچاوے ـ پر مَیں جانتا ہوں کہ ایذا دینے کا ثمرہ نیک نہیں ـ اور بطور مُکافات کے هر کِسي کي بدي کا بدلا اُسي طرف پھرتا هي * جو کوئي عِبرت کي آنکھ کھولے اور نیک و بد کي مُکافات کو دیکھے ـ بےشک نیکي و لُطف کي طرف مائِل ہوگا ـ دست و زبان کو غیر کے ستانے سے باز رکھیگا ـ جیسے ایک بادشاہ نے ظُلم کیا هي * دمنہ نے پوچھا ـ وُہ کیونکر هي ؟

حِکایت ۱۰

THE OPPRESSOR REFORMED.

کلیلہ نے کہا ـ سنا هي مَیں نے کہ اگلے زمانے مَیں ایک بادشاہ نے دست ظُلم کا دراز کیا تھا ـ اور قدم عدالت کي راہ سے باهر رکھّا تھا * رات دِن لوگ ظُلم سے اُس کے خدا کي درگاہ مَیں نالاں تھے اور اُسے لعنت کرتے تھے * ایک دِن بادشاہ شِکار کو گیا اور بہ سبب اِس کے کہ فضلِ اِلہي شامِلِ حال تھا ـ ایسے ایک مَیدان مَیں جہاں بے تعلّقي کا عالم تھا اُس کو اِلہام ہوا ـ بادشاهي نہ عِبارت هي اِس سے کہ دروازہ عیش و کامراني کا اپنے اوپر کھولیے ـ بلکہ بادشاهي پاسباني هي کہ اوروں کے رنج کو اُٹھاکر خلائق کي نِگاهباني کرے اور ظالِموں کے دستِ ظلم کو مظلوموں کے دامن سے کوتاہ کرے * جب شِکارگاہ سے بارگاہ کي طرف چلا اور مَیدان سے شہر مَیں پہُنچا ـ خِلقت کو بُلاکر فرمایا کہ ـ اي گروہ ! اب‌تک میرا دیدۂ دِل حق بیني سے بند تھا ـ آج اِلہام سے دریافت کیا مَیں نے کہ کیا کیجیے ـ اور خوابِ غفلت سے جاگا ـ اُمّیدوار ہوں کہ آج کے دِن سے کِسي ظالِم کا دستِ ظُلم رعیّت پر نہ پہُنچے ـ اور کِسي جفاکار کا پانو کِسي غریب کے گھر کے گِرد نہ جاوے * حاجبوں کو فرمایا کہ ـ یہہ خوش‌خبري شہر کے چھوٹے بڑوں کو پہُنچا دو * اِس مُنادي سے رعیّت کي جان مَیں جان آئي اور گُل مُراد کا اُن کي اُمّیدواري کے باغ مَیں کِھلا * القِصّہ مظلوم نوازي و ظُلم گُدازي اُس کي کمال مرتبے پر ہوئي ـ اور عدالت اُس کي ایسي پھیلي ـ کہ بکري کا بچّہ شیرني کے تھن سے دودھ پیتا ـ اور تدرّو باز کے ساتھ بازیان کرتا * اِس واسطے لقب اُس کا شاہداد ہوا * درگاہ کے محرم رازوں مَیں سے کِسي نے پوچھا کہ ـ اگلے آئین کو چھوڑ طریقے عدالت کے شُروع کرنے کا سبب کیا هي ؟ بادشاہ نے ماجرا بیان کیا اور کہا کہ ـ سبب اِس غفلت

سے بيدار هونے کا اور هشياري کا يہہ هي کہ ايک روز شکارگاہ ميں هر طرف گھوڑا دوڑاتا تھا اور نظر کرتا تھا - اچانک ديکھا ميں نے کہ ايک کتا کسي لومڑي کے پيچھے دوڑتا هي اور دانتوں سے هڈّي اُس کے پانوں کي چباتا هي - بيچاري لومڑي لنگڑے پانؤں سے غار ميں بھاگ گئي اور کتا پھرا * وونہيں ايک پياده نے پتھر کتے کو مارا کہ پانو اُس کا ٹوٹ گيا * پياده هنوز کئي قدم نہ گيا تھا کہ گھوڑے نے ايک لات جو پانو پر اُس کے ماري - تو اُس کي بھي ٹانگ ٹوٹ گئي * وہ گھوڑا بھي دور نہ گيا تھا کہ پانو اُس کا گوچي ميں آ گيا اور ٹوٹ گيا * تب ميں مستي سے هوش ميں آيا اور دل سے اپنے کہا - ديکھا تو نے اِن بيھوں نے کيا کيا کام کيے؟ اور کيا کيا پايا؟ خبردار هو کہ تجھے دکھلاتے هيں کہ جو کوئي وہ کام کرے کہ لائق اُس کے نہيں وہ کچھ ديکھے جو نہ ديکھا هو * آخر ميں غفلت سے باز آيا اور توفيق کا دروازہ مجھ پر کھلا *

کليله نے کہا - ميں نے يہہ مثل اِس واسطے کہي کہ تو بد انديشي چھوڑ دے - مبادا ايسي آفت تجھ پر پڑے کہ تدبير اُس کي کچھ نہ هو سکے * کسي بزرگ نے کہا هي - بدي نہ کر کہ ذليل هوگا - کسي کے واسطے کوا مت کھود کہ خود گريگا * دمنہ نے کہا - ميں اِس حادثے ميں مظلوم هوں نہ ظالم اور مظلوم جو ظالم سے اِنتقام ليني کے در پي هو - اُس کي مکافات کيا هوگي؟ اور جو اُس کے ستانے والے کو تصديع پہنچے - تو اُس کا کيا هرج هوگا؟ کليله نے کہا - فرض کيا کہ اِس بات ميں تجھے خلل نہ هوگا اور اِس خيال سے تجھے اذيت نہ پہنچيگي - پر اِس بيل کے مارنے کي کيوں کر کوشش کريگا؟ کہ اُس کا زور و زر تجھ سے زيادہ هي اور يار و آشنا بہت * دمنہ نے کہا - زور و زر کي زيادتي اور يار و آشنا کي کثرت پر نظر نہ کيجئے - جو کام تدبير و حيلے سے کر سکيے زور زر سے حاصل نہ هو * مگر يہہ خبر تجھے نہيں پہنچي هي کہ ايک کوّے نے سانپ کو کسي حيلے سے مارا؟ کليله نے پوچھا - وہ کيوں کر هي؟

حکايت ۱۱

THE STORY OF THE CROW AND THE SERPENT.

دمنہ نے کہا - نقل هي کہ ايک کوّا کسي پہاڑ کے درے ميں رهتا تھا اور ايک پتھر کے شگاف ميں گھونسلا بنايا تھا اور اُس کے پاس ايک سانپ کا بل تھا * جب کوّے کے بچے هوتے سانپ کھا جاتا اور کوّے کے کليجے کو بچوں کي جُدائي سے جلايا کرتا * جب سانپ کا ظلم حدّ سے گذرا کوّے نے حالت اپني کسي گيدڑ سے جو اُس کا دوست تھا بيان کي اور کہا - مجھے يہہ خيال هي کہ بچے ميرے اِس ظالم سانپ کے هاتھ سے رهائي پاويں * گيدڑ نے پوچھا - کيوں کر تو اِس کام پہ اِقدام کريگا؟ اور کس طرح اِس کي مضرت کو دفع کريگا؟

کہا ـ مٰیں پہچانتا ہوں کہ جب وُہ سانپ سو جاے ـ مارے چونچوں کے آنکھیں اُس کي نِکال لوں ـ کہ پھر مٰیرے نورِ چشموں کا قصد نہ کرے * گیدڑ نے کہا ـ یہہ تدبیر موافِق عقل کے نہیں ـ کیوں کہ داناؤں کو دُشمن کا قصد اِس طور پر ہوتا ہي کہ جِس مٰیں جان کا خطرہ نہ ہووے ـ زِنہار! یہہ خیال نہ کرنا[1] تیري حالت اُس ماہي‌خوار کي سي نہ ہو جِس نے اپني جانِ عزیز کو برباد کیا * کوّے نے پوچھا ـ وُہ کیوں کر ہي ؟

حِکایت ۱۲

THE STORY OF THE HERON AND THE CRAB.

گیدڑ نے کہا کہ ـ ایک ماہي‌خوار کِسي تالاب کے کنارے رہتا تھا اور سب کاموں سے کنارہ کر مچھلي کے شِکار کي طرف مُتوجّہ ہو بقدرِ اِحتیاج مار کھاتا اور آرام سے دِن کاٹتا * جب اُس کي جواني کا زور گھٹ گیا اور بوڑھا ہوا ناتوان غمگین ہوکر گُذرے دِنوں کي حسرت کرتا اور آیندے کا اندیشہ اور کہتا ـ افسوس ! کہ مٰیں نے عُمرِ عزیز کو لہوولعب مٰیں برباد کیا ـ کوئي چیز جو بُڑھاپے مٰیں کام آوے حاصِل نہ کي * اب مٰیں شِکار کي قوّت نہیں رکھتا ہوں اور روزي ضرور ہي ـ بہتر ہي کہ کام اپنا حیلے پر رکھوں اور جال فریب کا بِچھاؤں * تب آہ کرتا روتا ہوا تالاب کے کنارے جا بیٹھا * کِسي کیکڑے نے جو اُس کو دُور سے دیکھا نزدیک آن کر مہرباني سے کہا ـ اي عزیز! تُجھے مغموم دیکھتا ہوں ـ سبب کیا ہي ؟ جواب دیا ـ کیوں کر نہ ہوں ؟ تو جانتا ہي کہ مٰیري گُذران اِسي پر تھي کہ ایک دو مچھلي مارتا اور اُسي سے اوقات بسر کرتا ـ مچھلیاں کم نہ ہوتیں اور مٰیري اچھي گُذرتي * آج دو مچھوے اِدھر سے جاتے تھے ـ کہنے لگے کہ ـ اِس تالاب مٰیں مچھلیاں بہُت سي ہٰیں ـ اِن کي کُچھ فِکر کیا چاہیئے * ایک نے کہا ـ فلانے تالاب مٰیں یہاں سے زیادہ ہٰیں ـ پہلے اُدھر سے فراغت کریں ـ تب اِدھر کو مُتوجّہ ہوں * پس اگر یہي حال ہي تو جانِ شیریں سے مٰیں ہاتھ اُٹھاؤں اور موت کي تلخي کو گوارا کروں * خرچنگ نے جو یہہ بات سُني تُرت جاکر مچھلیوں سے جوں کي توں بیان کي * اُن مٰیں شور و غُل مچ گیا اور ہرچند فِکر کرتي تھیں کُچھ تدبیر نہ سوچھتي تھي * آخِر کیکڑے نے مچھلیوں سے کہا کہ ـ مٰیں نے یہہ خبر بےغرضانہ اُسے سُني اور نِشان خیر اندیشي کا بھي پایا ـ آؤ ـ ساتھ مِلکر اُس کے پاس چلیں اور اپنے کام کي صلاح پوچھیں * مچھلیاں بِاتّفاق کیکڑے کے ماہي‌خوار کي طرف مُتوجّہ ہوئیں اور کہا کہ ـ یہہ خبر تُجھ سے ہم نے پائي ـ باگ تدبیر کي ہمارے ہاتھ سے جاتي رہي ـ اب اِس کام مٰیں تُجھي سے صلاح پوچھتے ہٰیں ـ دانا اگرچہ دُشمن ہو توبھي اگر اُسے مشورت پوچھیں تو چاہیئے کہ

[1] Understand تا کہ *tá kih*, "in order that."

شرط راست‌گوئي و رهائي کي اپنے اوپر لازم جانے - اور حق نصيحت کا ترک نه کرے - خصوص جس کام کا نفع اُسے بهي پهنچے * تم آپ کهتے هو که - گذران ميري تمهاري زيست پر موقوف هي - پس هارے حق ميں کيا ٹهراتے هو؟ اُس نے جواب ديا که - شکاريوں سے مقابله هو نهيں سکتا - اور کوئي تدبير سوائے اِس کے ميري خاطر ميں نهيں ٹهرتي هي - که يهاں سے نزديک ايک تالاب هي بهت هي دلچسپ که جانوروں کا گذر وهاں دشوار هي آدم‌زاد کا تو کيا دخل؟ اگر وهاں جا سکو - تو عيش و فراغت سے گذران کرو * مچهليوں نے کها - خوب صلاح هي پر بے تمهاري مدد اور رهنمائي کے هو نهيں سکتا * ماهي‌خوار نے کها - مجهے جس قدر شکت هووے تمهاري خاطر دريغ نه کرونگا - پر وه راه نهايت خطرناک هي - ايک بارگي سبهوں کا جانا مشکل اور عرصه بهي کم هي - مبادا اِس کام ميں تم سے شرمنده هوں - يهي بهتر هي که ميرا خيال چهوڑ دو - اپنے کام کي فکر اور کچهه کرو * هرچند وه انکار کرتا تها - مچهليان زاري و بيقراري کرتي تهيں * بهت منت و سماجت کے بعد يه ٹهرا که هر روز کئي مچهليان اُٹهاکر اُس تالاب ميں پهنچاوے * آخر وه هر صبح کئي مچهليوں کو لے‌جاتا اور ايک ٹيلے پر (جو نزديک تها) بيٹهکر کهاتا * جب پهر آتا اور مچهليان قصد جانے کا کرتيں اور ايک پر ايک سبقت کيا چاهتي - وه آپ ديدهٔ عبرت سے نادانی و غفلت ديکهکر گهڑي گهڑي اُن کے حالِ تباه پر روتا * في‌الواقع جو کوئي دشمن کے بهلاوے پر بهولے - اور کمينے بد ذات پر اعتماد کرے سزا اُس کي يهي هي * جب بهت دن گذرے کيڑے کو بهي اُسي تالاب کي خواهس هوئي * ماهي‌خوار کو آگاه کيا * اُس نے اِس بات کو غنيمت جانا که - اِسے بڑا کوئي دشمن ميرا نهيں - بهتر هي که اِس کو بهي اِس کے ياروں کے پاس پهنچاؤں * تب آگے آکر کيڑے کو اپني گردن پر بٹهلا مچهليوں کے هڑوار کي طرف چلا * کيڑے نے دور سے مچهليوں کي هڈّياں ديکهيں که بهت سي جمي هوئي هيں * احوال کو سمجهه گيا اور سوچا که - جب کوئي عقلمند ديکهے که دشمن اُس کي جان کا گاهک هي - اور کوشش نه کرے - تو گويا اپنے خون کي سعي آپ هي کرتا هي - اور جو کوشش بجا لاوے تو دو حال سے خالي نه هوگا * اگر فتح ياب هو تو نام جوانمردي کا زمانے کے صفحے پر نقش کرے - اور جو پيشرفت نه هو تو بهي بيغيرت مشهور نه هووے * کيڑا اُس کي گردن پکڑکر بازو اور گلے ميں اُس کے چمٹ گيا - وه ناتوان هو رها تها - ذره گله دبانے ميں بيتاب هوکر اُڑنے سے باز رها اور زمين پر گرتے هي مر گيا * کيڑے نے اُس کي گردن پر سے اُترکر راه اپني لي اور باقي مچهليوں کے پاس پهنچ کر ماتم پُرسي اُن مُردوں کي کرکے اور مُبارکبادي اِن زندوں کو ديکر - حقيقتِ حال کي خبر پهنچائي * سب‌کي‌سب خوش هوئيں - ماهي‌خوار کي موت کو اپني تازه زندگاني اور عمرِ

جاوداني جِانا * سچ هي کہ وےسے دُشمن کے مرنے کے بعد اےک دم کي زِندگي سو بَرس کے جےنے سے بِہتر هي ـ اگرچہ دُشمن کي موت سے خوش نہ هوا چاهِئے پر دُشمن سے دم بھر کا چےن سب نِعمتوں سے بِہتر هي *

گيدڑ نے کہا ـ يہہ کہاني مےں نے اِس واسطے کہي کہ ـ اي کَوّے ! تو جانے کہ اکثر بےوقوفي کے سبب اپنے مکر سے آپ هِي مارے پڑے هےں ـ لےکِن مےں اےک تدبير بتاتا هوں جو تےري بقا کا باعِث اَور دُشمن کے هلاک کا سبب هو * کَوّے نے کہا ـ اچّھا! دانا دوستوں کي ايما سے در نہ گُذرے ـ اَور عقلمندوں کي خِلاف مرضي نہ کيجِئے ـ جو کُچھ جانتے هو کہو * گيدڑ نے کہا ـ بِہتر هي کہ تو اُڑے اَور کوٹھوں پر نِگاہ کرے ـ جس جگہہ ايسا زيور نظر پڑے جو اُٹھانا اُس کا آسان هو ـ وهاں اُترکر اُسے اُٹھا لے ـ تو البتّہ لوگ واسطے زيوَر کے تےرے پيچھے پڑےنگے ـ چاهِئے کہ پِھر اِس طرح اُڑے کہ لوگوں کي نظر سے اوجَھل نہ هو جاے * جب سانپ کے پاس پہُنچے زيوَر کو اُس کے نزديک گِرا دے کہ اُن لوگوں کي نظر سانپ پر پڑے ـ يقين هي کہ اُسے پہلے مار ڈالينگے تب زيوَر اُٹھا لےنگے * کوّا گيدڑ کے کہنے پر آبادي کي طرف چلا * اےک عورت کو دےکھا کہ گہنا اُتار کوٹھے کے کوٹے مےں رکھ نہا رهي هي * کوّا اُس کوٹے اُڑا اَور اُسي طرح سانپ کے پاس ڈال ديا * لوگ جو کوّے کے پيچھے لگے نکلے تھے ـ اُنهوں نے سانپ کے سِر کو کُچلا اَور زيوَر کو لے لِيا ـ کوّے نے بلا سے رِهائي پائي *

دمنہ نے کہا ـ يہہ قِصّہ مےں نے اِس واسطے کہا کہ جانے تو کہ حيلے سے جو کام کر سکےے زور و زر سے سرانجام نہيں پاتا هي * کليلہ نے کہا ـ شتربہ عقل و تدبير مےں تُجھہ سے زيادہ هي کہ کہاں سے کہاں تلک پہُنچا * فرےب سے اےسے شخص پر غالِب نہ آ سکےگا ـ کہوں کہ جِس جگہہ تو مکر سے رخنہ کرےگا ـ وہ تدبير سے اُسے بند کرےگا ـ اَور جو تو شام کو کيا چاهے وہ دفعتہ اُس کا فجر هي کر گذرےگا * کہا تونے اُس خرگوش کا قِصّہ نہيں سُنا هي جِس نے لومڑي کے پھنسانے کا قصد کيا آپ هي پھنسا * پوچھا ـ وہ کيوں کر هي ؟

حِکايت ۱۳

THE STORY OF THE WOLF, THE HARE, AND THE FOX.

کليلہ نے کہا ـ سُنا هي مےں نے کہ اےک بھوکا بھےڑيا کھانے کي تلاش مےں دوڑتا پِھرتا تھا * اِتّفاقاً اےک خرگوش کہيں جُھنڈي کے اندر سوتا تھا اَور خوابِ غفلت نے هر طرف سے اُس پر غلبہ کيا تھا * بھےڑيا غنيمت جان کر آهِستہ آهِستہ اُس طرف چلا * خرگوش اُس کي دُم[1] کي صدا اَور پانوں کي آهٹ سے چوَنک پڑا اَور چاهتا تھا کہ بھاگے * بھےڑيے نے

[1] So in the original, but the word ought probably to be دم *dam*, 'breath.' It is not likely that his 'tail' would make a noise.

راہ روک رکھي تھي * اِس لیے مارے ڈر کے گڑگڑاکر کہنے لگا - مئیں جانتا ہوں کہ اِس وقت تمھاري بھوکھ کي آگ بھڑک رھي ھي - اور مئیں ایسا ضعیف الجُثہ ھوں جو ایک لُقمے سے زیادہ نہیں - مُجھ سے کیا سیري ھوگي؟ یہاں سے نزدیک ایک لومڑي ھي جو بُہت مُٹاپے سے چل نہیں سکتي اور گوشت کے بوجھ سے ھِل نہیں سکتي ھي * اگر خود بدولت قدم رنجہ فرماویں جِس تدبیر سے ھو سکے مئیں اُس کو قابو مئیں لاؤں * آپ اُس کا ناشتا کیجئے - سیري ھوے تو بہتر - نہیں تو غُلام حاضِر ھي * بھیڑیا اُس کے بُھلاوے پر بھول کر لومڑي کے مکان کي طرف چلا * جب قریب جا پہُنچا خرگوش آگے گیا لومڑي سے رسم دُعا و سلام کي ادا کي * اُس نے بھي شرط مِہماندارى کي بجا لاکر پوچھا - تُم کہاں سے آئے؟ اور کیا اِرادہ رکھتے ھو؟ خرگوش نے کہا - بُہت مُدّت سے تُمھاري مُلاقات کي آرزو رکھتا تھا پر بسبب بعضے عارِضے کے قاصِر تھا * اِن دِنوں ایک بُزرگوار جو اِس جنگل کي حُکومت سے سرفراز ھوئے ھیں - آپ کي گوشہ نشیني کا آوازہ سُنکر - اِس بندۂ ضعیف کو وسیلہ کیا کہ اپنے دِل کو تُمھارے جمالِ جہان آرا سے روشن کریں * اگر آج اِجازت مُلاقات کي ھو بہتر - اور فُرصت نہ ھو تو اور دِن * لومڑي تو مکر و فریب مئیں ایک ھي تھي - خرگوش کي گُفتگو کي طرز سے مکر و حیلہ دریافت کر لیا - اور سوچي - بہتر ھي کہ مئیں بھي اِسي کے طور پر پیش آؤں - اور شربت اِن کا اِنھیں کو پِلاؤں * تب لومڑي بھي خوش آمد کرنے لگي اور بولي کہ - مئیں نے مُسافِروں کي خِدمت مئیں کمر باندھي ھي - اپني نا مُرادي کے گوشے کا دروازہ دُنیاداروں کے مُنہہ پر کھولا ھي - اِس لیے کہ شاید اِس بہانے سے کِسي بُزُرگ کي صُحبت مئیں پہُنچوں اور خِرد پسند باتوں سے اُس کي محظوظ ھوں - جاکر اُنھیں لائے کہ مِہماندارى مئیں اُن کي ھرگز قُصور نہ کرونگي اور خِدمت بجا لاؤنگي - اگرچہ جانتي ھوں کہ بُزُرگوں نے کہا ھي - دُنیا مئیں جسکو دیکھیے اپني اپني روزي کھاتا ھي - خواہ تیرے دسترخوان کي روٹي کھائے یا اپنے * پس مُجھے ضرور ھي کہ مِہماندارى کا طریقہ بجا لاوے - کہ وے تیرے دسترخوان پر اپني روٹي کھائیں * پر اِتنا توقُف کرو کہ گھر کو جھاڑ لوں اور بُزُرگ مِہمان کے لائق جو سرانجام ھو تیّار کروں * خرگوش سمجھا کہ - مئیرے فریب نے لومڑي مئیں اثر کیا - اب تیرِ تزویر نِشانے پر بیٹھیگا * اُسنے جواب دیا کہ - مِہمان درویش مذھب ھي جگہہ کي آرائش سے بےنیاز - پر جو تُمھارا جي چاھتا ھي - مُضایقہ نہیں - خیر تُم تیّاري کرو * یہہ بات کہکر باھر نِکلا - ماجرا بھیڑئے سے جا کہا - اور لومڑي کے فریب کھانے کي خوش خبري دي * پر لومڑي نے دوراندیشي سے قبل اِس کے اپنے گھر کے اندر ایک گُوا کھودکر مُنہہ کو اُس کے کوڑے سے چھپا دیا تھا - اور بھاگنے کي ایک راہ بھي نِرالي بنا رکھي تھي کہ عِند الوقت اُسي راہ نِکل جائے * ونہیں سے پُکاري - اي مئیرے مِہربان! تشریف لائے * اِتنا کہکر آپ نِکل گئي * خرگوش اور بھیڑیا کمال اِشتیاق اور بُہت ھي آرزو سے باھم اُس تاریک مکان مئیں آئے

اور پانو کو زمین پر دھرنا تھا کہ گر پڑے * بھیڑیا سوچا کہ ـ یہہ خرگوش کا مکر ھي ـ تُرت اُس کو پھاڑ ڈالا اور دُنیا کو اُس کے وُجود سے خالي کیا ـ اور آپ بھي مارے بھوکھ کے مر گیا *

کلیلہ نے کہا ـ مٰیں نے یہہ قِصّہ اِس واسطے کہا کہ داناؤں کے نزدیک فریب کُچھ کام نہیں کرتا ھي ـ تو شتربہ کے فریب سے باز آ * دمنہ نے جواب دیا ـ یہي بات ٹھیک ھي جو تُم کہتے ھو ـ پر وہ بیل اپنے غُرور پر دُشمني سے مٰیري غافِل ھي ـ اِسي غفلت مٰیں اُس کو گِرا سکتا ھوں ـ تیر مکر کا جو دوستي کي کمان سے چھوٹتا ھي سو نِشانے پر لگتا ھي * کیا نہیں سُنا ھي تُم نے کہ خرگوش نے دوستي کے پردے مٰیں شیر کو کیونکر فریب دیا ـ اور شیر باوُجود عقل و تدبیر کے ھلاک ھوا ؟ کلیلہ نے پوچھا ـ وہ کیونکر ھي ؟

حِکایت ۱۴

THE STORY OF THE HARE AND THE LION.

دمنہ نے کہا ـ نقل ھي کہ بغداد کے نزدیک ایک رمنا تھا ـ آب و ھوا وھاں کي خوب ـ ھواے دِلچسپ اور پاني کي اِفراط اور نِعمت کي کثرت کے سبب بہُت سے جانَور وھاں چین سے گُذران کرتے * وھاں سے نزدیک ایک تُند خو شیر تھا جو کبھي کبھي اُن بیچاروں کو دِکھائي دیتا اور زِندگي اُن پر تلخ کرتا * ایک روز اُن کے رئیس جمع ھوکر شیر کے پاس گئے ـ بندگي و اِطاعت اور فرماں برداري اپني اِخلاص کي زبان سے ظاھِر کرکے بولے کہ ـ جہان پناہ ! ھم آپ کي رعیّت اور لشکر ھٰیں ـ بہزار تکلیف ھم مٰیں سے کِسي کو شِکار کر سکتے ھٰیں یا نہیں ـ ھم ھمیشہ آپ کے ڈر سے گھبراتے ھٰیں ـ اور آپ بھي ھماري تلاش مٰیں رنج اُٹھاتے ھٰیں * اِس لیے ھم نے ایک فِکر ٹھہرائي ھي کہ آپ کي فراغت کا سبب اور ھمارے بھي امن چین کا موجِب ھو * اگر آپ ھمٰیں اذیّت نہ پہُنچاویں ـ اور جو قول و قرار کریں[1] اُسي پر قائِم رھٰیں ـ تو ھم ایک جانَور ناشتے کے وقت خِدمت مٰیں لایا کریں * شیر اِس بات پر راضي ھوا ـ اور وے جانَور روز قُرعہ ڈالتے ـ جِس کا نام نِکلتا اُسي کو بھیج دیتے * اِتّفاقاً ایک دِن خرگوش کا نام نِکلا ـ اُس نے کہا کہ ـ اگر مٰیرے بھیجنے مٰیں ذرہ توقُّف کرو ـ تو اِس خون خوار کے ھاتھ سے مٰیں تُمھیں بچاؤں * ازبسکہ اُس کي دانِش پر اِعتِماد رکھتے تھے ـ سبھوں نے اُس کي بات قبول کي ـ یہاں تک کہ مُعتاد کا وقت گُذر گیا ـ شیر غضب مٰیں آیا اور غُصّے سے دانت پیسنے لگا * دیر کے بعد خرگوش جو آھِستہ آھِستہ اُس کي طرف چلا ـ تو اُس کو بہُت ھي آزُردہ پایا کہ بھوکھ کي آگ سے جل رھا ھي اور اُن کي بد عہدي سے خفا بیٹھا ھي * آھِستہ آھِستہ آگے جاکر بہُت نیاز کے ساتھ

[1] In the original there is اور *aur* here, which I have expunged as injurious to the sense.

بندگي بجا لايا * شير نے پوچھا - کہاں سے آتا هي تو؟ اور اِس جنگل کے سرداروں کا کيا حال هي؟ اور اُنھوں نے هم سے وعدہ خِلافي کيوں کي؟ کہا - وے عہد پر بدستور قائِم هيں اُنھوں نے ايک خرگوش ميرے ساتھ بھيجا تھا کہ خِدمت ميں پہُنچاؤں - دونوں اِکٹھے آستانہ بوسي کو آتے تھے * راہ ميں اور ايک شير پہُنچا - خرگوش کو مُجھ سے چھين ليا - کِتني کوشِش کي اور ميں نے کہا کہ - اِس کو بادشاہ کے واسطے لےجاتا هوں - ميري بات نہ سُني اور کہا - يہہ ميري شِکارگاہ هي ميں اِس جنگل کا حاکِم هوں - اور اِتني لاف گُزاف بکا کہ نزديک تھا جو مُجھے بھي پکڑ ليوے - ميں اُسّے بھاگ کر آپ کے حُضور آيا هوں کہ حقيقتِ حال عرض کروں * اُس بھوکھے شير کو غيرت آئي - بولا کہ - اي خرگوش ! تو اُس کو مُجھے دِکھا سکے؟ تو تيرا اِنتِقام اُسّے لوں اور اپنا بھي * کہا - کيوں نہيں؟ ميں نے اُس کي جگہہ ديکھہ رکھي هي - اُس نے جہانپناہ کي خِدمت ميں بےادبي کي باتيں کہي هيں - اگر مُجھ سے هو سکتا تو اُس کي کھوپري کا اِس ميدان کے درِندوں کے پاني پينے کا پيالہ بناتا - ليکِن اُمّيدوار هوں کہ اُس کو اپني مُرادِ دِل کے مُوافِق آپ کے چنگُل ميں ديکھوں * يہہ بات کہہ کر آگے چلا - بےوُقوف شير اُس کے فريب ميں آکر پيچھے هو ليا * خرگوش شير کو ايک اِندارے پر لے گيا کہ پاني اُس کا کمال صفائي کے سبب حلبي آئينے کے مانند جھلک رها تھا - ديکھنےوالوں کي صورتيں اُس ميں جوں کي توں نظر آتي تھيں * خرگوش نے کہا - جہانپناہ ! آپ کا دُشمنِ نا بکار اِسي کوئے ميں رهتا هي - ميں اُس کي مُهيب صورت سے ڈرتا هوں - جو آپ ميرے تئيں گود ميں ليں - تو ميں اُسے دِکھا دوں * شير اُس کو بغل ميں لے کوئے کے اندر جھانکا - اپني اور خرگوش کي پرچھائيں پاني ميں ديکھہ کر سمجھا کہ - يہہ وهي شير هي جِس نے روزي ميري چھين لي هي * خرگوش کو اوپر چھوڑکر آپ کوئے کے اندر کودا - اور دو تين غوطے ميں دُنيا سے کوچ کيا * خرگوش نے وهاں سے پھرکر جانوروں کے سرداروں کو اِس ماجرے پر مُطّلِع کيا - ايک جشنِ عام کرکے چھوٹے بڑوں نے خوشياں کيں اور شُکر خُدا کا بجا لائے *

دمنہ نے کہا - يہہ قِصّہ ميں نے اِس واسطے کہا جو تو جانے کہ دُشمن کِتنا هي قوي هو - غفلت کے وقت اُس پر غالِب هو سکيے * کليلہ بولا - اگر تو اُس طرح بيل کو مار سکے کہ شير کو کُچھہ رنج نہ پہُنچے - مُضايقہ نہيں - عُذر هو سکتا هي * اگر کام بغير هرج شير کے نہ هو سکے - تو زِنہار اِس کام کے گِرد نہ پھرے ! کہ کوئي عقلمند اپنے آرام کے واسطے خاوند کي اذيّت ميں راضي نہيں هوتا هي - اور کوئي دانا اپنے نفع کے ليے خُداوند نِعمت کا بُرا نہيں سوچتا هي * دمنہ نے کہا - جائِز هي کہ مُجھ سے يہہ طور هو سکے کہ شير کو کُچھہ ضرر نہ پہُنچے - ميں جو بيل کے مارنے کي کوشِش کرتا هوں صِرف شير کي دولتخواهي کے واسطے کہ وہ بيل اپني بڑائي سے مغرور هو سرکار کے دولتخواهوں کي غمخواري

نہیں کرتا تھي ــ اور حُضور کے خیرخواہوں کو ساتھ ایک خیالِ دور دراز کے پست کر دیتا ھي * جب بات یہاں تلک پہُنچي کلیلہ نصیحت سے باز آکر ــ خُدا کي یاد مےں مشغول ھوا * دمنہ اپنے کام کے در پي ھو ــ ھمیشہ کونے مےں بیٹھکر ــ حیلہ سوچتا اور فریب کرتا رھا ــ اور شیر کي بارگاہ کا جانا ترک کیا ــ ھمیشہ حسد سے خونِ جگر کھاتا ــ اور ایک دم بےسوچے مکر کے نہ رھتا ــ یہاں تک کہ ایک دِن فُرصت پاکر ایک اچّھي ساعت مےں شیر کي خلوت مےں پہُنچا ــ اور آزُردہ دِل سامھنے آکے کھڑا ھوا * شیر نے مہرباني فرماکے اُس کي اگلي خِدمتوں کو یاد کر پوچھا ــ بہُت دِن سے تُجھے نہ دیکھا تھا ــ آج جو آیا ھي آثار ملال کے تیرے چہرے پر ظاھِر ھیں ــ نہ آنے کا سبب کیا تھا ؟ اور غمگیني کي وجہ کونسي ؟ دمنہ بولا ــ مُجھے آرزو ھي اُس آگے کہ دُنیا مُجھے چھوڑے مےں ھي اُس کو ترک کروں ــ پر جہانپناہ کے حُقوق اپني گردن پر رکھتا ھوں ــ اِس لیے آپ کي دولتخواھي کي خاطِر گوشے سے اُٹھا * شیر نے کہا ــ خُدا خیر کرے ! دمنہ بولا ــ جو آپ کي نیّت بخیر ھي البتّہ خیر ھي ھوگي * شیر جو اُس کي خیرخواھي و دانائي سے واقِف تھا اِس بات سے گھبراکر بولا ــ شاید کوئي چیز جو مُناسِب دولت کے نہ تھي وقوع مےں آئي ــ کہ تُجھے ایسا پریشان دیکھتا ھوں * کہا ــ البتّہ * فرمایا ــ بیان کر * دمنہ نے کہا ــ اِس کو خلوتِ خاص چاھیے ــ اور وقت بھي مُناسِب ــ تو عرض کر سکتا ھوں * فرمایا ــ یہي وقت ھي ــ جلد بیان کر ــ کہ مُہِمّاتِ مُلکي مےں دیر بہتر نہیں ــ جو کام آج کیا چاھیے اُسے کل پر موقوف رکھنے مےں ھزار آفتیں ھیں * دمنہ نے عرض کي ــ جہانپناہ سچ فرماتے ھیں ــ پر جِس بات کا سُنا سُنےوالے کو بُرا لگے ــ خُصوص بادشاھوں کو ــ گویندے کو لازِم ھي کہ اُس کے کہنے مےں دِلیري نہ کرے ــ اور بغیر خوب سوچے اُسے نہ کہے * شیر نے کہا ــ تو سچ کہتا ھي ــ پر یہہ بات وھاں ھي کہ سُنےوالے کي رسائي پر اِعتِماد نہ ھو ــ اور عقل و شُعور اُسے بہ خوبي نہ ھو ــ اور یہہ بھي خیال مےں اُس کے نہ گُذرے ــ کہ خیرخواھي و نصیحت سے کہتا ھي ــ یا بر خِلاف ــ اور نجانے کہ عقل و دوراندیشي اُس کو کِس قدر ھي * تو جانتا ھي کہ دُنیا کے بادشاھوں کي نِسبت شُعور و دانائي مےں ھم مُمتاز ھیں ــ اور جو بات ھم تلک پہُنچے ــ اُس کو خوب سوچتے اور تحقیق کرتے ھیں ــ اور یہہ بھي تُجھے معلوم ھي کہ ھم تُجھے دولتخواہ خیراندیش سمجھتے ھیں سِوائے خیرخواھي کے ھم نے تُجھ مےں کوئي بات نہیں دیکھي ھي ــ جو تُجھے کہنا ھو کہہ ــ اور جو کُچھ تیري خاطِر مےں گُذرا ھي ــ نہ چھپا * دمنہ بولا ــ اِس کام مےں مےں نے جُرات اِس لیے کي ھي کہ بادشاہ کي عقل و دانِش سے خوب واقِف ھوں ــ اور آپ کي طبع کو نقدِ سُخن کا پرکھنےوالا جانتا ھوں ــ پر خود بہ دولت کو شُغل بہُت سے ھیں ــ مبادا یہہ بات درمیان آوے ! اور قبل سرانجام کے لوگوں پر ظاھِر ھو * بادشاہ نے کہا ــ اِس خیال سے باز آ ــ کہ مےں سُخن شِناس ھوں اور پوشیدہ راز کا اندازہ جانتا ھوں ــ جو کُچھ تیري خاطِر مےں آوے ــ کہہ * داناؤں نے کہا ھي ــ جو شخص بادشاہ سے امرِ حق کو چھپاوے اور بیماري

کو طبيب سے ظاهر نه کرے - اور اپنے احتياج دوستوں سے نه کهے - وه گويا خائن هي * جب شير افسانوں سے فريفته هوا - بولا که - شتربه کو اِدبار آيا اور اُس بيل کا مغز پريشان هو گيا هي که سپه سالاروں سے خلوت ميں بيٹهکر بداندېشي کي باتيں کيا کرتا هي * لوگوں ميں هرج مرج بهت ديکهتا هوں - اور حيران هوں که جهان پناه نے اُس نمک حرام کے حق ميں ايسي نيکياں کيں تس پر وه ايسا بد نيّت هي * شير نے کها - اي خيرخواه ! يهه کيا بات هي جو تو کهتا هي؟ اور اِس کو تو نے کيوں کر دريافت کيا؟ عرض کي که - ميں نے خود جاسوسي کرکے اِس بات کو خوب تحقيق کيا هي قطع نظر اِسّے بُزرگي و عالي جاهي اُس کي خود جانتے هيں * جب بادشاه نوکروں سے کِسي کو دولت و جاه و حشم و خدم ميں اپنے برابر جانے - اگرچه اُسّے کوئي بات نا مُناسِب صادِر نه هو تو بهي جلد رُتبے سے گِرا ديوے - نهيں تو کام هاتهه سے جاتا رهيگا * شير نے پوچها - تدبير اِس کي تو نے کيا ٹهہرائي هي؟ بولا - صلاح اُس کي جس طور پر جهان پناه کي خاطِر ميں گُذريگي - هم غُلاموں کا سوچ کيا کام کرسکيگا؟ پر اِتنا جانتا هوں که جلد اِس کي فِکر کيجيے - نهيں تو يهه نوبت پُهنچيگي که کوئي تدبير بن نه آويگي * داناؤں نے کها هي که - خِلقت تين قِسم کي هي * عاقِل - نيم عاقِل - نادان * عاقِل وه که حادثے کے پُهنچنے اور بلا آنے کے قبل فِکر اُس کي ٹهہراکر کيفيّتِ حال سے واقِف هووے اور تدبير کرکے جو کُچهه اور لوگ آخِر کريں - وه آگے هي کر گُذرے * نيم عاقِل وه که جب اُس بر آفت پُهنچے اور بلا پڑے - مُستقِلّ هوکر نه ڈرے - اور بتائيدِ عقل بلا کے گِرداب سے کنارے جا لگے * نادان وه هي که حادثے کے وقت سراسيمه و پريشان هووے اور سر رشته تدبير کا گُم کرکے حيران رهے * تينوں کے حال کے مُناسِب اُن تينوں مچهليوں کا قِصّه هي جو ايک تالاب ميں رهتي تهيں * شير نے پوچها - وه کيوں کر هي ؟

حکايت ۱۵

THE STORY OF THE THREE FISHES.

دمنه نے کها - نقل هي کِسي چشمے کے مُتّصِل ايک چُقّر تها - اُس ميں تين مچهليان تهيں - اُس گوشهٔ قناعت ميں اوقات بسر کرتي تهيں * اِتّفاقاً دو تين دهينوَر کا گُذر وهاں هوا - مچهليان ديکهکر جال لانے کو دوڑے * مچهليان خبردار هوئيں - هرچند که پاني ميں تهيں - ليکِن آتشِ حيرت سے جلنے لگيں * ايک جو اُن ميں دانا تهي جب رات هوئي جلدي سے بے مشورت ياروں کي اُس مُهانے کي راه (جو چشمے ميں مِلا تها) نِکل گئي * فجر کے وقت مچهوے آ پُهنچے اور چُقّر کو دونوں طرف سے گهيرليا * نيم دانا وه جو پوري عقل نه رکهتي تهي يهه حال ديکهکر بهت پشيمان هوئي اور بولي - ضرور تها که ميں بهي اُس مچهلي کي طرح حادثے کے آگے اپني مخلصي کي فِکر کرتي * اب جو بهاگنے کي فُرصت نه رهي وقت مکر و بهانے کا هي * اگرچه کهه

گئے ہےں کہ ۔ بلا کے وقت تدبیر بہُت مُفید نہیں ۔ لےکِن اِس پر بھي دانا کو ضرور ھي کہ کِسي طرح دانائي سے ھاتھ نہ اُٹھاوے * تب وُہ اپنے تئیں مُردہ بناکر پاني کے اوپر آ رھي * مچھوؤں نے اُسے اُٹھا لیا اور بےجان سمجھکر مےدان مےں پھےنک دیا * اُس نے اپنے تئیں اِس حیلے سے چشمے تلک پہُنچایا اور جان کو بچایا * وُہ جو نادان تھي مچھوؤں کو دےکھتے ھي گھبرائي گھستي ھوئي دھنے بائیں جاتي تلے اوپر ھوتي تھي ۔ آخِر پکڑي گئي *

دمنہ نے کہا ۔ اِس قِصّے سے غرض یہہ ھي کہ شترِبہ کے کام مےں جلدي کیجئے ۔ اور فِتنہ‌انگےزي سے پہلے تےغِ آبدار سے حسرت کي آگ اُس خاکسار کي جان مےں لگائیے * شےر نے فرمایا ۔ جو کُچھ کہا تو نے معلوم ھوا ۔ پر مُجھے باور نہیں کہ شترِبہ خِیانت و بدخواھي کا خیال کرے * عرض کي ۔ خود بدولت جو فرماتے ھےں بلند ھِمّتي و نےک‌نیّتي کا مُقتضا ھي ۔ لےکِن بدذات کے حق مےں نےکي کرني بدي کي راہ بتاني ھي ۔ جہان‌پناہ کي نےکیاں اُس کو اِس بات پر لائیں ھےں ۔ جہاں داغ دیا چاھیئے وھاں مرھم لگانا فائِدہ نہ کریگا * بدذات جب ھي تلک دوست و نےک‌عہد ھي کہ مقصد کو اپنے نہ پہُنچا ھو ۔ جب اُس کا مطلب بر لائے تو آرزو اُن بڑے درجوں کي (کہ اُس کے لائق نہ ھوں) کرے ۔ اور بُري راہ مےں پاؤں دھرکر دنگا اور فساد مچاوے * دانا کہہ گئے ھےں کہ ۔ چال اُن بدذات سِفلے نوکر چاکروں کي جو اوروں کو حقیر سمجھتے ھےں خوف و رجا کے درمیان ھي ۔ جب نِڈر ھوویں خےرخواھوں کي بدي پر کمر باندھیں ۔ اور جب اُمّےد اُن کي بر آوے نمک‌حرامي و فِتنہ‌انگےزي کي آگ سُلگاویں * پس چاھیئے کہ مُفسِد نوکروں کو نوازش و بخشِش سے محروم نہ رکھیں ۔ کہ وے یکبارگي نا اُمّےد ھو ۔ ترکِ مُلازمت کر دُشمنوں سے مِلینگے ۔ اور اِس قدر بھي اِعتِبار نہ کیجئے ۔ اور اِتني دولت نہ دیجئے کہ نا مُناسِب کام اُن سے ظاھِر ھوویں ۔ بلکہ ھمےشہ خوف و رجا کے ساتھ گذران کریں * شےر نے کہا ۔ اي دمنہ ! ھماري خاطِر مےں ایسا کُچھ آتا ھي کہ آیئنۂ حال شترِبہ کا اِس مکر کے زنگ سے صاف ھو ۔ اور سفحۂ دانِش اُس کا اِس خیال کے نقش سے پاک ۔ اُس کو اِتنا بد ذات نہیں جانتا ھوں ۔ کہ باوُجود اُن نوازِشوں کے جو اُس کے حق مےں کي ھےں ۔ وُہ مےري بدي کے در پي ھو اور مےرے زیان کا خیال کرے * دمنہ نے کہا ۔ آپ نے اُس کو نہیں آزمایا ھي اگرچہ مکر و حیلے سے اُس نے اپنے تئیں راست‌باز ظاھِر کیا ۔ پر کج طبع سے ھرگِز راستي نہیں ھوتي ھي ۔ اور بدذات زِشت‌خو کبھي نےک‌سیرت اور پاکیزہ‌خصلت نہیں ھوتے ھےں * کہا بادشاہ نے قِصّہ بِچّھو اور کچھوے کا نہیں سُنا ھي * شےر نے پوچھا ۔ وُہ کیوں‌کر ھي ؟

حِکايت ۱۶

THE STORY OF THE TORTOISE AND THE SCORPION.

دمنہ بوْلا - ايْک کچھوے اوَر بِچّھو کے[1] دوْستي تھي - ھمْيشہ آپس مْيں دم يگانگي کا بھرتے تھے * ايْک بار ايسا اِتّفاق ھوا کہ دوْنوں وطن سے نِکلے - اوَر باھم سفر اِختيار کيا - تا کہ کوْئي آرام کي جگہہ ٹھہراوْيں اوَر وھاں گُذران کريں * اِتّفاقاً گُذر اُنھوں کا ايْک بڑي سي ندّي کے کنارے ھوا * بِچّھو نے غمگيں ھوْکر نيچے سِر کر ليا * کچھوا بوْلا - اي عزيز! تُجھے کيا ھوا کہ گريْبانِ جان کوْ غم کے ھاتھ ديا؟ اوَر خوشي کي طرف سے ايْک بارگي دِل اُٹھا ليا؟ بِچّھو نے کہا - اي بھائي! اِس دريا کے پار اُترنے کي فِکر نے مُجھے حيرت کے گِرداب مْيں ڈالا - نہ پار اُتر سکتا ھوں - نہ تُجھ سے جُدا ھوْنے کي تاب رکھتا ھوں * کہا - کُچھ انديْشہ نہ کر - مْيں تُجھے دريا سے پار اُتارکر کنارے پہُنچا دونگا * اُس کوْ اپني پيٹھ پر بِٹھاکر پاني مْيں اُترا اوَر پيْرنے لگا * اِس مْيں ايْک آواز کچھوے کے کانوں مْيں پہُنچي - اوَر ايْک خراش بِچّھو کي حرکت سے اُسنے دريافت کي * پوچھا - يہہ کيا آواز ھي جوْ سُنتا ھوں؟ جواب ديا کہ - اپنے نيْش کي سِنان کوْ تيْرے بدن کے بکتر پر آزماتا ھوں * کچھوے نے بيْزار ھوْکر کہا - اي بيْمرُوّت! مْيں نے اپني جان کوْ تيْرے واسطے اِس غرقاب مْيں ڈالا - اوَر مْيري کِشتي کي مدد سے اِس دريا کے پار اُترتا ھي - اگر شُکرانہ بجا نہ لاوے اوَر نيْکي کے بدلے نيْکي نکرے - توْ بھلا! سبب نيْش‌زني کا کيا ھي؟ اگرچہ يقين ھي کہ اِس سے مُجھے کُچھ آسيْب نہ پہُنچيْگا * بوْلا کہ - اگرچہ مْيں تيْرا دوْست ھوں اوَر تيْرے حُقوق مُجھ پر ھيْں - پر کيا کروں؟ طبيعت مْيري مُقتضي نيْش‌زني کوْ ھي - خواہ دوْست کي پيٹھ پر خواہ دُشمن کے سينے مْيں * کچھوا سوْچا کہ - حُکما کہہ گئے ھيْں - کمينے کوْ پالنا اپني حُرمت کھوْني ھي - اِس بات پر عمل کرکے ايْکبارگي غوْطہ مارا اوَر بِچّھو بھنوَر مْيں پڑا * کہنے لگا - اي يارِ عزيز! يہہ کيا کام کيا تو نے کہ مُجھے جان کا خطرہ ھي؟ کہا - مْيري طبيعت بھي مُجھے اِسي طوَر پر رکھتي ھي - يہہ حرکت مْيري اِختياري نہيں - اوَر بدوں کے ساتھ نيکي کرني بد ھي *

اِس قِصّے سے بادشاہ کي خاطِر نشان ھوئي ھوْگي کہ شتربہ کي بد ذاتي سے انديْشمند رھا چاھيْے - بات دوْلتخواھوں اوَر غريب خيْرخواھوں کي سُنيْے - کيونکہ نصيحت‌کرنےوالے ھرچند سخت‌گوْ اوَر بےباک ھوْں - اگر اُنکي نصيحت پر اِلتِفات نکرے - آخِر ملامت و پشيْماني سے خالي نہوْگا - جيْسے وہ بيمار جوْ طبيب کے کہنے پر عمل نکرے * اوَر دريافت کيجيْے کہ سب کوْ پيْش‌بيني ضرور ھي - بادشاھوں کوْ ضرورتر - بہر کيْف نچاھيْے کہ بادشاہ مآلِ کار سے بےپروا رھے مُہِمّاتِ مُلکي

[1] Governed by درميان *dar miydn* understood.

کؤ هےچ پوچ جانے - اور جب کوئي بڑا حادثہ آ پڑے دانائي و دوراندےشي کا آئےن چھوڑے - جب کُچھ تدبیر کي فُرصت نرهے - تو اپنے مُقرّبوں کؤ مواخذہ کرے - اور اِسکو اُنکے حوالے کرے * جو فِکر اپنے کام مےں هُجهي پر واجِب هي - کِس لِئے اوروں پر چهوڑے؟ اور هرگاہ اِس طرح کي خطا تُجهہ سے هؤ - تو اوروں کي گردن پر کیوں رکهے؟ اور حقّ بادشاهوں کا نوکروں پر یہہ هي کہ جو کُچھ مُلک و دولت کي صلاح هؤ - جِس طرح هؤ سکے عرض کرےں * شےر نے کہا - بہُت سخت بات کہي تو نے - اور ادب کي حدّ سے پانُو باهر رکهّا - لےکِن دولتخواهوں کي باتےں دُرُستي سے رد نہ کیا چاهئے - فرض کیا کہ شتربہ دُشمن هؤ - پر اُس سے کیا هؤ سکیگا؟ وہ مےرا شِکار هي - اور اُسکي خورِش کي اصل گهاس‌پات سے - اور مےري غِذا گوشت هي - پس جےسے جاندار نباتات پر غالِب هي وےسي هي غِذا جِسکي اُن دونوں قِسم سے هوگي - ایک دوسرے پر غالِب هوگا * مےں اُسکؤ اِتنا کُچھ شُمار مےں نہیں لاتا هوں کہ اِتني فِکر کروں * بارہ‌سِنگے کؤ یہہ مقدور کہاں جو شےر کا مُقابلہ کرے؟ تدرّو بازکے چہرے کؤ کبؤنکر نوچے؟ اگر نمک‌حرامي کرکے طریقہ بدخواهي کا اِختیار کرے - اور مُجهہ سے بغي هؤ - تو خوب اُسے سزا دونگا * مُفلِس جو دولتمندوں کي چال‌چلے اُس لنگڑے کے مانند هي جو تےز روي کرے - هميں نے اِس شِکار کؤ سرفراز کیا هي - هميں پهر اُسکي گردن مےں کمند ڈالینگے * دوسري بات یہہ هي کہ بارها هم نے لؤگوں مےں شتربہ کي تعریف کي اور اُسکي دیانت و اِخلاص کؤ سراها - اگر اُسکے رنج کے در پي هوں سب هميں جهوٹها اور نادان جانینگے - سبهوں کے نزدیک هم بےقدر هؤ جائینگے * دمنہ بؤلا - آپ اِس پر نہ بهولیں کہ - وہ مےري خورِش هي - یا مےں اُس پر غالِب آ سکونگا - اگرچہ وہ اکےلا اِس کام کے لائق نہیں - پر هؤ سکتا هي کہ ایک گروہ کي مدد سے فِتنے کي آگ بهڑکاوے - یا مکر و حیلے سے نقش مُخالفت کا ظاهِر کرے * اور ایک شخص اگرچہ قُوّت و شُکوہ مےں زیادہ هؤ - پر دس کے ساتهہ بر نہیں آ سکتا هي * مےں خوب جانتا هوں کہ جنگل کے تمام درندوں کؤ مِلا لیا هي - باوُجود اِسکے مےں جانتا هوں کہ یہہ کام وہ آپ هي کریگا اوروں سے هرگز نہ کهینگا - عقلِ دوراندےش اور راے صائب کا مُقتضي یہہ هي کہ جب کِسي دوست مےں نِشان دُشمني کا دیکهے اور کِسي نوکر مےں خیال ریاست کا پاوے - اُسي وقت کُچھ تدبیر اُسکي کرے * شےرنے کہا - اِس کام مےں تُجهے کیا تدبیر سوجهتي هي؟ جواب دیا کہ - جب دانت مےں کیڑا لگے جب‌تک نہ اُکهڑواوے چےن نہؤوے - اور کهانا جو موجِب زیست کا هي اگر مِعدہ اُسے قبول نکرے رد کرنے کے سِوا کُچھ چارہ نہیں * ایسهي دُشمن کے دِل کؤ اگر آشتي اور سهارے سے هاتهہ مےں نہ لا سکیے سِواے اِسکے کہ اُسکؤ راہِ عدم کا مُسافِر کریں اور کُچھ تدبیر نہیں * شےرنے کہا - یہہ جوانمردي کے آئین سے نہیں جو هم اُسکے هلاک کا قصد کریں - لےکِن پهر اُسے دیکهنا مُجهے خوش نہیں آتا هي - هم چاهتے هیں کہ کِسي کؤ اُسکے پاس بهیجیں اور اِس احوال کو اُسے کهکر رُخصت

کریں کہ ــ ہمارے مُلک سے نکلے اور جہاں چاہے ــ جاوے * دُمنہ ڈر گیا کہ ــ اگر یہہ بات شتربہ پر ظاہر ہوْ ــ اُسي وقت راست و دِلچسپ باتوں سے اپنے اوپر کي تُہمت کوْ شاہ کے ذِہن نشین کر دیْگا ــ جھوٹھ اور فریْب مٹیرا ظاہر ہوْ جائیگا * بوْلا ــ جہان پناہ ! اِس بات کوْ اُسے کہنا دوراندیْشي سے بعید هي ــ بات جب تلک کہي نہیں گئي هي ــ کُچھ تدبیر اُسکي کر سکتے هیں ــ کہ زبان سے نِکلي ہوئي بات ــ اور کمان سے چھوٹا ہوا تیر ــ برابر هي ــ نہ وْہ پھر زبان پر آویْگي ــ نہ یہہ چِلّے مٹیں * فارسي مثل هي کہ ــ هرچہ بزبان آید بزبان آید * قِبلۂ عالم ! اگر یہہ خبر شتربہ کو پہُنچے شاید لڑنے پر مُستعِدّ ہوْ ــ اهلِ دانِش جوْ دوراندْیش هیں هرگز گُناہِ ظاہِر کي سیاست پوْشیدہ نہیں کرتے هیں ــ اور گُناہِ پوْشیدہ کي سزا ظاہِرا نہیں دیْتے هیں * صلاح یہہ هي کہ اُسکے گُناہِ پنہان کي سزا بھي مخفي دیْویں * شیْر نے کہا ــ صِرف گُمان سے اپنے مُقرّبوں کوْ غضب مٹیں ڈالنا ــ اور اُن کي جان کا قصد کرنا ــ اپنے پانوں پر آپ کُلہاڑي مارني هي ــ اور یکبارگي دانائي و مُروّت سے دور ہوْتا هي * دمنہ بولا ــ حاکِموں کے نزدیک فِراست سے بہتر کوْئي گواہ نہیں * جب وْہ نمکحرام مُلازمت کوْ آوے ــ اُسکي چِتوَن کوْ خوب مُلاحظہ فرمائیے ــ توْ بد باطِني اُسکے بُرے تیور هي سے ظاہِر هوْگي ــ دوْست دُشمن کي آنکھ چھپي نہیں رهتي هي ــ جوْ اُسکے چِہرے کوْ بہُت مُتغیّر دیْکھیں اور رنگ آمیزي جوْ مکر و فریْب کا لازِمہ هي ــ اُسے ظاہِر هوْ ــ اور هر دم چوْکنّا هوْکر آگے پیچھے تکے ــ یقین جانئے کہ مٹیں جوْ کہتا هوں سوْ ٹھیک هي ــ کہ وْہ نمکحرام جنگ کا اِرادہ رکھتا هي ــ اور اسبابِ فریْب کي تیّاري کرتا هي * شیْر نے کہا ــ اگر یوں هوْ توْ جوْ تُجھے گُمان هي سوْ یقین هوْ جاوے * دمنہ نے جب جانا کہ ــ مٹیري بات نے شیْر کے دِل مٹیں تاثیر کي هي ــ اور مٹیري فِتنہ انگیْزي سے شیْر کے غُصّے کي آگ بھڑکیْگي ــ چاہا کہ شتربہ سے مُلاقات کرے ــ اور اُسے بُلاوا دیْکر اُسے بھي وسواس مٹیں ڈالے ــ تا کہ وے آثار جوْ بادشاہ کوْ بتائے هیں ظاہِر هوں اور اپنے تئیں سچّا ٹھہراوے * سوْچا کہ ــ شتربہ کي مُلاقات شیْر کي اِجازت سے بہتر هي تا شیْر بد گُمان نہوْوے * عرض کي ــ جہان پناہ ! اگر آپ فرماویْں توْ شتربہ کوْ جاکر دیْکھوں ــ اور اُسکے مکر و فریْب سے مُطّلِع هوں ــ جوْ کُچھ لائِق عرض کے هوْ آکر گذارِش کروں * شیْر نے رُخصت کیا * دمنہ غمگین اور آفت رسیدہ سا هوْکر شتربہ کے پاس گیا ــ جیْسا دستورخوردوں کا بُزُرگوں کے ساتھہ هي ــ آداب بجا لایا * شتربہ نے بھي موافِق رسم بُزُرگوں کے احوْال پُرسي کي ــ اور اُسکے حال پر اِلتِفات کرکے کہا ــ اي دمنہ ! بہُت روز هوئے تُجھے ندیْکھا تھا * دمنہ نے کہا ــ اگرچہ بظاہِر شرفِ آستان بوْسي سے محروم تھا ــ پر هیْشہ گوْشے مٹیں بجان و دِل تُمھاري دُعا سے غافِل نہیں رهتا تھا ــ اور تا دم زیست یہي صورت رهیْگي * شتربہ نے پوچھا ــ سبب گوْشہ نشیني کا کیا تھا ؟ جواب دیا ــ کب تلک اپنے تئیں اور کے حُکم کے تابع رکھئیے ــ اور خوْف و خطر مٹیں گُذران کیجے ــ پس کیوں نہ گوْشہ اِختیار کروں ؟ اور دروازہ خلوت کا آشنا و بیْگانے کے مُنہہ پر نہ باندھوں ؟ کِسي بُزُرگ نے کہا هي

کہ ۔ اِس شورانگےز زمانے کے فِتنے سے چھوٹ ۔ اور جہاں جا سکے وہاں بھاگ ۔ جو بھاگنے کي تاب نہو ۔ کوشِش کر اور خلوت مےں بےٹھ * بےل نے کہا ۔ اي دمنہ ! یے پےچےدار باتےں چھوڑ ۔ اور صاف صاف کُچھ کہہ * بُولا ۔ دُنیا مےں چھہ چیزےں چھہ چیزوں کو لازم ہےں ۔ دُنیا کي دولت کو مستي اور گھمنڈ ۔ ہوا و ہوس کي پےروي کو مِحنت ۔ عورتوں کي صُحبت کو رُسوائي ۔ کمینوں کي صُحبت کو خرابي ۔ نا لائقوں سے طمع کرنا کو پشےماني ۔ بادشاہ کي مُلازمت کو آفت و تُہمت * شترِبہ نے کہا ۔ تےري بات سے معلوم یہہ ہوتا ہي کہ تو شےر سے آزُردہ ہي ۔ اور کُچھ اذیّت تُجھے پہُنچي ہوگي * دمنہ نے کہا ۔ مےں یہہ بات اپنے لئیے نہیں کہتا ہُوں ۔ اور اپنے واسطے مغموم نہیں ۔ بلکہ تےري محبّت مُجھے اِس مِحنت مےں رکھتي ہي ۔ اور یہہ غم مےرا تےري خاطِر ہي * تو جانتا ہي مےں نے جو تےري اچّھي خِدمتےں کي ہےں ۔ اور جب شےر نے مےرے تئیں تےرے لانیکو بھےجا تھا ۔ جو کُچھ مےں نے عہد و پےمان کیا تھا ۔ اب چاہتا ہوں کہ وفا کروں تاکہ مُجھ سے عہد شکني نہو ۔ اور اب مےں ناچار ہوں جو کُچھ معلوم ہوا تُجھ سے ظاہِر کرتا ہوں * شترِبہ ڈر گیا اور کہنے لگا ۔ اي دوستِ مہربان ! حقیقتِ حال سے مُجھے خبر دے * دمنہ بولا ۔ ایک مُعتبر سے مےں نے سُنا ہي کہ شےر نے ایک روز اپني زبانِ مُبارک سے فرمایا ہي کہ ۔ شترِبہ بہُت موٹا تازہ ہوا ہي ۔ اِس سرکار مےں اُسکي طرف اِحتیاج بھي نہیں ۔ رہنا نرہنا اُسکا برابر * بہتر ہي کہ ایکدِن مےري خاص خوراک مےں آوے ۔ اور بڑي ایک ضیافت اُس کے گوشت سے کي جاوے * جب یہہ بات مےں نے سُني گھبراتا ہوا اپنے گوشے سے باہر نِکلا ۔ تا شرط وفاداري کي بجا لاؤں * اب بھلائي اِسي مےں دےکھتا ہوں کہ تو کوئي تدبیر ٹھہراوے ۔ اور مکر و حیلے کے سبب اُس گِردابِ ہلاکت سے نجات پاوے * شترِبہ نے جب دمنہ کي بات سُني بادشاہ کي مہرباني اور اپني نےک اِعتِقادي کو خوب مُلاحظہ کرکے کہا ۔ اي دمنہ ! مُحال ہي کہ شےر مُجھ سے کُچھ بدي کرے ۔ نہ کبھي مےرے پاؤں نیکو خِدمتي کي راہ سے ڈِگے ۔ نہ دِل مےرا اِعتِقاد سے شاہ کے پھِرا ۔ تِس پر یہہ بات کہا ہي جو تو کہتا ہي ؟ دمنہ بولا ۔ جو مُجھے معلوم تھا سو تُم سے کہا ۔ اور دوستي و آشنائي کا جو لازمہ تھا بجا لایا ۔ جو کُچھ خبر شرط تھي مےں نے پہُنچائي ۔ چاہو تُم مےري باتوں پر عمل کرو یا بےزار ہو * شترِبہ نے کہا ۔ اي دمنہ ! تو جو شرط نصیحت کي تھي بجا لایا ۔ مےں تُجھے اِس بات مےں جھوٹا نہیں جانتا ہوں ۔ پر اِس سوچ مےں ہوں کہ شاید کِسي ہرزہ گو نے اپنے تئیں مُعتمدوں کے بھےس مےں لاکر تُمھےں (جو مےرے دوست ہو) رنجیدہ کیا ہوگا * دمنہ نے کہا ۔ یہہ اِحتِمال جو تُم نے کیا تُمھاري دوراندےشي سے بعید نہیں ۔ پر یقین جانیو کہ مےں نے بھي اِسکي تحقیق مےں بہُتےري کوشِش کي ہي ۔ بات وہي ہي جو مےں نے کہي * شترِبہ نے کہا ۔ اگرچہ شےر داناے دوراندےش اور دوست نواز دُشمن گداز ہي ۔ پر خاطِر اُسکي اکثر امورِ مُلکي مےں مُتعلّق رہتي ہي ہر جُزئیات کو آپ نہیں پہُنچ سکتا ۔ اور خود

نيک انديش هي - اِس لئيے سبھوں کو نيک جانکر ذري چاپلوسي ميں جو لوگ کرتے هيں بھول جاتا هي اور اِخلاص مند جانتا هي - اِسي واسطے کمينوں کے ايک گروہ نے اُسکے يہاں دخل پاکر مکر و خوشامد سے اپنے تئيں خيرخواہ بنايا هي - يہہ بد بخت نا توان بيني سے اِفترے اور بُہتان ميں دِلير هوکر خيانت و ظُلم پر قادِر هوئے هيں - کُچھ بعيد نہيں کہ جھوٹھ کو سچ کرکے کہتے هونگے - اور پادشاہ کي خاطِرِ مُبارک کو ميري طرف سے پھير ديا هوگا - جب يہہ کمينے بازاري کِتني باتيں اپنے هَمسروں کے حقّ ميں جو جھوٹھے مشہور هيں کہکے سچّے کہلاتے هيں بعيد نہيں کہ کوئي بات جو اِفترے سے سرکار کے دولتخواهوں کي طرف نِسبت کريں شير کے ذِهن نشيں هو جاوے - اور وہ اُنهيں سچّا جانے جيسے اُس بط پر حالت گُذري تهي * دمنہ نے پوچھا - وہ کيونکر هي؟

حکايت ۱۷

THE STORY OF THE GOOSE AND THE FISH.

شتربہ نے کہا - نقل هي کِسي تالاب کے کِنارے ايک بط رهتي تهي - هر روز مچھلي مارتي اور اُسي سے دِن کاٹتي * ايک روز کہيں گئي تهي شام کے وقت گهر ميں پہُنچي - اور چاند کے عکس کو پاني کے اندر ديکھ مچھلي گُمان کرکے چاهتي تهي کہ پکڑے - کُچھ هاتھ نہ آتا تها - جب کئي بار اُسکو آزمايا يہہ خيال چهوڑ ديا * پھر دن کو بهي جب کبهي مچھلي کو ديکھتي سمجھتي کہ - وهي چاند کي روشني هي - قصد اُسکا نکرتي اور کہتي - آزمائے کو پھر کيا آزماؤں؟ ثمرہ اُس تجربے کا يہي تها کہ هميشہ بهوکهي رهتي اور فاقوں مرتي *

يہہ مذکور کرکے کہا - جو چُغل خوروں نے شير کو ميري طرف سے کوئي بات لگائي هو اور وہ مُجھ سے بدگُمان هوا هو - پھر ميرا بهي وهي احوال هوگا جو اوروں کا هوا * دمنہ نے کہا - شير کي آزُردگي کا سبب يہہ هوگا کہ شاهوں کي ايک خو هي کِسي کو تو بغير حقيقت کے بُلند رُتبہ کرتے هيں اور کبهي مُستحق کو بغير سببِ ظاهِر کے نظر سے گِرا ديتے هيں *

قطعہ

ديکهتے هي شاہِ هُرمُز نے عِنايت مُجھ پہ کي * کُچھ نہ شاہِ يزد نے تعريف سُنکر يہي ديا *
تو نہ آزُردہ هو حافِظ هي يہي شاهوں کا کام * دے اُنهيں توفيقِ نُصرت فضل سے اپنے خُدا *

شتربہ نے کہا - اگر شاہ کي آزُردگي بےسبب هي - تو کوئي دست آويز واسطے رِهائي کے نہيں رکهتا هُوں - پر بہُت بعيد جانتا هوں کہ اِفترا اوروں کا ميرے حقّ ميں سُنے يا بےسبب مُجھے ستاوے - کيونکہ هميشہ اُسکي رضا جوئي و دولتخواهي ميں کوشش کي هي مَيں نے - مگر جو واسطے تدبيرِ مُلکي و خيرخواهي کے کوئي بات اُسکي خِلاف مرضي عرض کي هي - شايد اُسي کو دِل ميں رکهکر ميري

بے حُرمتي کا خیال کیا هوگا - باوصف اِسکے که جو بات دولتخواهي کي کهي هي مےں نے سو سب کے حُضور نهیں اور بات کرتے مےں کبهي آدابِ شاهي کو ترک نهیں کیا هي * اي دمنه ! اِسکو ایسا سمجهیے که دولتخواهي کي نصیحت سبب رنجش کا - اور خِدمتِ اِخلاص‌مندي کي باعِث عداوت کا هووے - مگر دُنیا کي مستي نے بےهوش کیا - اور بادهٔ جاه نے عقل اُسکي کهودي هي - به تجربه معلوم هوا هي که دُنیا کے مست راست باز دولتخواهوں کو ذلیل رکهتے هیں اور جهوٹهے خوشامد گویوں کو اپنا مُقرّب کرکے محرم راز کرتے هیں - اِس لیے تجربه کار دانا کهه گیے هیں که - قعرِ دریا مےں نهنگ کے حلق مےں جانا - اور دُم بُریده سانپ کے لب سے زهر چوسنا - بهتر هي بادشاهوں کي نزدیکي سے - کیونکه امن و چین کي توقّع اِسکي نِسبت اُس مےں زیاده هي - اور بعضوں نے شاهوں کو آگ سے تشبیه دي هي - که اگرچه پرتوِ عِنایت اُنکا اُمّیدواروں کے اندهیرے گهر کو روشن کرتا هي - پر اُنکي سیاست کا شُعله نوکروں کي اچّهي خِدمتوں کے خِرمن کو جلا دیتا هي - اور عقلِ کاردان یهي حُکم کرتي هي که - جو شخص آگ سے بهُت نزدیک هوگا زیان اُسکو بهُت هي - لیکِن جو دور سے آگ کي روشني کو دیکهیں - اُنکو جلنے کي کیا خبر؟ اور شاهوں کي نزدیکي مےں لوگوں نے گُمان فائدے کا کیا هي - پر في‌الحقیقت نه اُس طرح هي - کیونکه اگر بادشاه کے قهر و سیاست کو لِحاظ کریں - تو اُن پر ظاهِر هوگا که هزار برس کي نوازِش ایکدم کي سیاست کے برابر نهیں - اور گُفتگو باز کي مُرغِ خانگي کے ساتهه اِس بات پر دلیلِ واضح هي * دمنه نے پوچها - وُه کیا هي؟

حِکایت ۱۸

THE STORY OF THE HUNTING FALCON AND THE DOMESTIC FOWL.

شتربه نے کها - کِسي وقت ایک شِکاري‌باز مُرغِ خانگي سے بحثنے لگا که - تو بےوفا و بدعهد هي - باوصف اِسکے که جانداروں کے نزدیک وفا اخلاقِ پسندیده سے هي - جوانمردي اور عقل بهي مُقتضي اِس بات کو هي که گرد بےوفائي کي دامنِ حال پر نه بیٹهے * مُرغ نے جواب دیا که - مُجهه سے کیا بےوفائي دیکهي تو نے؟ اور کونسي بدعهدي مُجهه سے هوئي؟ باز نے کها که - نِشان تیري بےوفائي کا یه هي که باوجود اِسکے که سب تُجهه پر مِهرباني کرتے هیں - آب و دانه تیرا اِنکے خوانِ اِحسان سے هي - اُنکي بدولت تو جاگهه رهنے کي پاتا هي - جب تُجهے پکڑنے کا قصد کرتے هیں تو بهاگ‌کر کوٹهے کوٹهے اُڑتا پهرتا هي - اور کونے کونے گُهستا هي - نمک کا حق نهیں پهچانتا هي - اور خُداوندِ نِعمت سے اپنے ڈرتا هي * مےں باوصف اِسکے که وحشي هوں - اگر دو تین روز اِنکے هاتهه سے طُعمه کهاؤں تو اُنکا حق پهچانوں - اور جِس وقت چاهیں اُن کي خاطِر شِکار کروں - اور هرچند دور نِکل جاؤں صِرف ایک آواز جو سُنوں اُڑتا هوا پهر آؤں * مُرغ نے جواب دیا که - سچ کهتا هي تو لیکِن تیرا پهرآنا اور مےرا بهاگنا اِس لیے هي که

تو نے کبھي کِسي بٲز کو سيخ پر کباب ہوتے نہيں ديکھا - اور مٹيں نے بہت مُرغ کباب ہوتے ديکھے ہٹيں - اگر تو وُہ ديکھتا جو مٹيں نے ديکھا هي - هرگز اُنکے پاس نہ آتا - اور جِس طرح مٹيں کوٹھے کوٹھے پِهرتا هوں - تو پهاڑ پهاڑ بهاگتا *

يہہ داستان مٹيں نے اِس واسطے کهي جو تو جانے کہ جو لوگ بادشاہ کي نزديکي چاهتے هٹيں - وے اُنکي سياست سے خبر نہيں رکهتے * دمنہ بولا - شٹر اپنے حال پر هي نہ مستي دُنيا کي اُسے هي نہ ثروت کا غرور خاطِر مٹيں کہ يکبارگي تيرے هُنروں اور اچهي خِدمتوں کو بهول جاوے - اور تيري پروا نکرے - اِس واسطے کہ بادشاہ هميشہ هُنرمندوں کو چاهتے هٹيں * شتربہ نے کہا - شايد مٹرا هُنر مٹري اذيّت کا سبب هوا هي - جٹسے تيز رفتار گهوڑے کو هُنر اُسکا موجِب اُسکے رنج کا هوتا هي - اور مٹوہ‌دار درخت کي شاخيں بسبب مٹوے کے ٹوٹتي هٹيں * بُلبُل اپني خوش‌آوازي کے سبب پنجرے مٹيں پڑتي هي - اور دُم کي خوبي طاؤس کو شِکستہ بال کرتي هي * غرض مٹري دانِش مٹري جان کي وبال هوئي - جٹسے لومڑي کو پشم اُسکي اور مور کے حق مٹيں دُم - پرهيز هي مٹرا عٹب هوا - نہيں تو مٹرے سِر کا تاج گوهر سے هوتا نہ خاک سے * دمنہ بولا کہ[1] - يقين هي کہ بےهُنر هُنرمندوں سے زيادہ هٹں - اور اُن مٹيں دُشمني هميشہ سے هي - اِس لٹے هميشہ هُنرمندوں کے نٹک کاموں کو بُري طرح سے ظاهِر کرتے هٹں - اور اُنکے سچ کو جهوٹھ کرکے هُنر جو بہتر وسيلہ دولت کے جمع کرنے کا هي - اُسکو موجِب بد بختي و بٹدولتي کا کرتے هٹں * بدذات و بےهُنرونکا اِرادہ يہي هي کہ هُنرمند ذليل و خوار رهٹں - تا کہ بےهُنروں کے بازار مٹيں کهوٹ نہ پڑے * جِسکے دِل مٹيں رحم نہيں وُہ حرير کو پشمينہ بناتا هي - اگر بداندٹشوں نے يہہ قصد کيا هو تو سرانجام اِسکا کيا هي ؟ شتربہ بولا - اگر طالِع اچهے هٹں اور کُچهہ نُقصان نہوگا تو کوشِش اُن کي ضائع هوگي - اور جو تقدير مٹري اُن کي تدبيرکے مُوافق هي - تو اُسکے دفع کرنے مٹيں مٹري کوشِش بٹفائدہ هي * دمنہ نے کہا - دانا کو هميشہ چاهٹے کہ فِکرِ دور انديش کو اپنے کام کا رهبر کرے - اور هرگز کار و بار کو تقدير پر چهوڑکے بٹفِکر نہ بٹٹهے اور کاهِلي کو کام نفرماوے * کہيں سُنا هي تو نے کہ جِسنے اپنے کام کي بِنا عقل کي تدبير پر رکهي - وُہ کامياب نہوا ؟ شتربہ نے کہا - عقل اُس وقت کام آتي هي کہ تقدير اُس سے مُوافِق هو - اور تدبير جب هِي مُفيد هوتي هي کہ تقدير مُخالِف اُسکے نہو - نصيب کے لِکهے کو نہ تدبير فائدہ کرتي نہ حيلہ - جب خُدا چاهے کہ کِسي کام کا ظُهور هو - عقلمندوں کے ديدۂ دانِش کو اندها کر دے * کہا تو نے کہاني کِسان اور بُلبُل کي نہيں سُني هي - اور وُہ بات چيت جو اُن مٹيں هوئي تيرے کان تک نہيں پہُنچي ؟ پوچها - وُہ کہا هي ؟

[1] These three words are not in the original, but the reader will see from the context that they are required.

حِکایت ۱۹

THE STORY OF THE GARDENER AND THE NIGHTINGALE.

شتربہٗ نے کہا ـ نقل هي کہ کِسي کِسان کا ایک پھولا پھلا باغ تھا *

بیت

گُلستان جواني کے گلذار سا * گُل و سبزہ سیراب اور ڈھڈھ *

گوشۂ چمن مےں ایک جھاڑ گُلاب کا تھا نِہالِ کامراني سے تازہ ـ اور درختِ شادماني سے هرایک شاخ اُسکي زیادہ ـ هر صُبح پھول کِھلتے ـ اور باغبان دیکھکر خوش هوتا * ایک روز پھولوں کا تماشا دیکھنے کو نِکلا تھا * ایک بُلبُل کو دیکھا کہ مُنہ کو گُل کے صفحے پر رکھکے چہچہے مار رهي تھي ـ اور اُسکي رنگین پتّیوں کو اپني تیز چونچ سے توڑتي تھي * باغبان گُل کي پریشاني دیکھ بےصبر هوا ـ اور بُلبُل سے رنجیدہ هوکر فریب کا جال راہ مےں بچھایا ـ اور حیلے کے دانے ڈالکر اُسے پکڑ پنجرے مےں بند کیا * اُس بےدِل بُلبُل نے طوطي کے مانند زبان کھولي اور کہا ـ اي عزیز! مُجھ آزُردہ خاطِر کو کیوں قید کیا تو نے ؟ جو میري خوش آوازي تُجھے اِس بات پر لائي ـ تو میرا آشیانہ تیرے هي باغ مےں هي ـ اگر کوئي اور بات تیري خاطر مےں آئي هو ـ اُسّے مُجھے اِطّلاع کر تو صبر کر چُپ رهونگي * کِسان نے کہا ـ نہیں جانتي هي کہ تو نے میرا کیا احوال کیا ؟ اور گُلوں پر (جو وسیلہ میري زِندگي کا هي) کیا خرابي لائي ؟ اور مُجھے بسبب اُسکے کیسا آزُردہ کیا ؟ بُلبُل بولي ـ اِس بات سے در گُذر اور سوچ تو سہي ! کہ مےں اِتنے قُصور سے جو ایک گُل کو پریشان کیا پنجرے مےں بند هوئي ـ اور تو جو دِل کو رنجیدہ کرتا هي تیري حالت کیا هوگي ؟ اِس بات نے اُسکے دِل مےں اثر کیا ـ بُلبُل کو آزاد کر دیا * بُلبُل اُسکا شُکر ادا کرکے بولي ـ جب تو نے مُجھ سے نیکي کي ـ تو البتّہ مےں بھي اِسکے بدلے بھلائي کروں ـ معلوم کر جِس درخت کے نیچے تو کھڑا هي ـ یہاں ایک آفتابہ اشرفیوں سے بھرا هوا گڑا هي ـ نِکالکے اپنے کام مےں لا * کِسان نے جب وُہ جگہ کھودي اور بُلبُل کي بات سچ هوئي کہا ـ اي بُلبُل ! عجب هي کہ آفتابہ زمین کے نیچے تُجھے نظر آیا ـ اور دام خاک کے اوپر تو نے نہ دیکھا ؟ بُلبُل نے جواب دیا ـ تو نہیں جانتا هي جب قضا پہُنچے نہ دیدۂ دانِش مےں روشني رهے ـ نہ تدبیر عقل کي کُچھ فائدہ کرے *

شتربہ نے کہا ـ یہ داستان مےں نے اِس واسطے کہي تا معلوم هو کہ مےں قضا و قدر کا حریف نہیں هوں ـ اور سِوائے اِسکے کہ راضي برضاے الٰہي رهوں کُچھ چارہ نہیں * دمنہ نے کہا ـ اي شتربہ ! مُجھے جو کُچھ یقین هوا وُہ یہ هي کہ شیر نے جو تیرا خیال کیا هي نہ دُشمنوں کي بدگوئي کے سبب ـ نہ تیري هُنرمندي کے بےنیاز هونے سے کہ تیرے هُنر اِس بات پر لائے هیں * مےں اُسکے مِزاج سے واقِف هوں کہ وُہ راست باز و حق پسند حاکِموں سے نہیں ـ بلکہ هَمیشہ شیوہ اُسکا

بيْوفائي و مکّاري هي - اُسکي محبّت کا آغاز مزہ شادماني کا ديْتا هي - آخِر خِدمت اُسکي تلخي موْت کي ظاهِر کرتي هي * غرض کام اُسکا فريْب و جانگُدازي هي - تو نے اُسکوْ خوب نهيں پهچانا - وُہ اُس ناگ کے مانند هي که ظاهِر اُسکا طرح بطرح کے رنگوں سے آراسته هوْ - اوْر باطِن اُسکا بِکھ سے بهرا هي که کوْئي تِرياق اُسکے حقّ مْيں مُفيد نهوْ * شتربہ نے کها - جب مْيں نے مزہ شيريني کا چکّها - اب نيْش کي نوْبت هي * اوْر اصل مْيں اجل گريبان گير هوْکر مُجهے اِس جنگل مْيں لائي هي - نهيں تو مْيں کهاں شيْر کي صُحبت کے لائِق تها ؟ جوْ که قديم سے ميْرا اوْر ميْري قوْم کا طامِع هي - اوْر مْيں اُسکے طُعمے کے واسطے خلق هوا هوں * ضرور تها که هزاروں کمند سے مُجهے اُسکي طرف نه کهيْنچ سکتے - اوْر سيْکڑوں حيلے و فريْب سے اُسکي خِدمت کے دام مْيں پهنسا نسکتے - پر خُدا کي مرضي اوْر تيْري سُخن آرائي نے مُجهے اِس بلا کے گِرداب مْيں ڈالا - که اِسّے نِکلنے کي کُچهه تدبير نهيں * اوْر جب مْيں نے مآل انديْشي نه کي سزا ميْري يهي هي که يهه احوال هوا - مْيں نے خام طمعي و خيالِ فاسِد سے اپنے ليْے ايسي آگ بهڑکائي که هنوْز خوب نهيں سُلگي که تابِ غم اوْر سوْزِ ملال سے جل گيا * جوْ که دُنيا مْيں تهوڑے پر قانِع نه هوْوے - اوْر بهُت کے جمع کرنے مْيں سعي کرے - وُہ اُسکے مانند هي جوْ الماس کے پهاڑ پر پهُنچے - اوْر هر دم نظر اُسکي هيرے کے ايْک بڑے ٹُکڑے پر پڑے - اوْر خيال اُسکي بهُت قيمت کا کرکے آگے بڑهے - يهاں تلک که ايسي جاگهه پهُنچے جوْ مطلب هاتهه لگے - ليْکِن مُراجعت کي صورت نرهے کيونکه الماس ريْزوں سے پاٹو اُسکے گهايل هيں - اوْر وُہ اُسّے بيْخبر هي - آخِر کمال حيْرت سے اُسي پهاڑ پر مر جاوے - اوْر درِندوں کا طُعمه هوْوے * دمنہ نے کها - يهه بات تو نے سچ کهي - جوْ گردن طمع کي زنجير سے بندهے آخِر پريْشاني کي تلوار سے کٹے - اوْر جِس سِر مْيں زيادہ طلبي کے خيال نے جاگهه کي آخِر اُسنے ذِلّت اُٹهائي - جيْسے وُہ شِکاري اُس لوْمڑي کے پکڑنے کا خيال رکهتا تها - آخِر چيتے کے پنجے سے خود هلاک هوا * شتربہ نے پوچها - وہ کيونکر هي ؟

حِکايت ۲۰

THE STORY OF THE HUNTER, THE FOX, AND THE LEOPARD.

دمنہ بولا که - کوْئي شِکاري ايْک دِن کِسي جنگل مْيں چلا جاتا تها - ايْک لوْمڑي نِهايت خوبصورت خوش آيند نظر آئي * شِکاري کوْ پشم اُسکي بهُت خوش آئي خيال کر ليا که گوْيا - بڑي قيمت مْيں اُسے بيْچا هي * لوْمڑي کے پيچهے چلا اوْر ايْک مُدّت سے اُسکے مُطّلِع هوا - اُسي کے نزديْک راہ مْيں ايْک کوا کهودکر کوڑے سے چهپا ديا - اوْر ايْک مُردار اُسکے اوپر رکهه - آپ گهات مْيں جا بيْٹها * لوْمڑي کوْ اُس مُردے کي بو کهيْنچ کهيْنچ کوئے پر لائي - پر سوْچ مْيں تهي که - اگرچه طُعمے کي بو دِماغ کوْ مُعطّر کرتي هي - ليْکِن بلا کي بو بهي دوراندِيشي

کے مغز میں پہُنچتي هي * اگرچہ هوُ سکتا هي کہ کوئي موا جانَور هوُ - پر یہہ بھي مُمکِن هي کہ اُسکے نیچے دام لگایا هوُ - اور دانا جِس کام میں اِحتِمال زیان کا هوُ - وہ نہیں کرتے هیں * آخِر لوُمڑي دوراندیشي کي مدد سے مُردے کا خیال چھوڑ سلامت رهي * اِس میں ایک بھوکھا چیتا پہاڑ پر سے اُترا - اور اُسکي بو پر اپنے تئیں کوئے کے اندر گِرایا * شِکاري نے جب آهٹ دام کي اور جانَور کوئے کے اندر گِرنے کي سُني - کمال حِرص کے مارے اپنے تئیں معًا کوئے کے اندر گِرایا * چیتے نے اِس خیال پر کہ - وُہ شِکاري مُجھے اِس مُردے کے کھانے سے باز رکھیگا - جست کي اور صَیّاد کے پیٹ کوُ پھاڑ ڈالا * غرض وُہ لالچي شِکاري حِرص کي شامت سے دام میں پھنسا - اور قانِع لوُمڑي نے هلاکت سے مخلصي پائي *

دمنہ نے کہا - اِس قِصے کا فائِدہ یہہ هي جوُ معلوم هوُ کہ زیادہ طلبي آزاد کوُ بندہ اور بندے کوُ ذلیل کرتي هي * شتربہ نے کہا - میں بھولا جوُ پہلے میں نے شیر کي مُلازمت اِختیار کي - اور اِس بات کوُ نسوُچا کہ - وُہ قدر خِدمت کي نہیں جانتا هي * دانا کہہ گئے هیں کہ - جوُ خِدمت ایسے شخص کي کرے کہ قدردان نہوُ - سوُ اُسکے مانند هي جوُ اناج کي اُمّید پر شوُر زمین میں دانہ ڈالے - یا مادرزاد بہرے کے کان میں شادي غمي کي خبر کہے - یا آبِ روان کے اوپر اچّھي اچّھي باتیں لکّھے * دمنہ بوُلا - اِس بات سے درگُذر - اور اپنے کام کي کُچھ تدبیر ٹھہراوُ * شتربہ بوُلا - کہا تدبیر کروں ؟ اور کوُنسا حیلہ سوُچوں ؟ فرض کیا کہ شیر میرے حقّ میں سِوائے نیکي کے خیال نکرے - پر مُقرّبانِ درگاہ اُسکے میرے مارنے کي کوشِش کرتے هیں - کیونکہ جب ایک گُروہ ظالِمِ بےباک اِتّفاق کرکے ایک کے مارنے کے درپي هوُ - حاکم هرچند خیراندیش هوُ - اُسکوُ ورغلاکر اُس بیچارے کے هلاک پر مائِل کرے - اور یقینًا اُسکوُ گِرا دیوے - جیسے بھیڑیئے کوّے گیدڑ نے مِلکے کِسي اُونٹ کے مارنے کا قصد کیا - اور مطلب کوُ اپنے پہُنچے * دمنہ نے پوچھا - وُہ کیونکر هي ؟

حِکایت ۲۱

THE STORY OF THE CROW, THE WOLF, THE JACKAL, THE LION, AND THE CAMEL.

شتربہ نے کہا - نقل هي کہ ایک سیاہ چشم کوّا اور حیلہ گر بھیڑیا اور مکّار گیدڑ تینوں باهم کِسي شیر کي خِدمت میں رهتے تھے - اور اُس شیر کا تھل رستے کے نزدیک تھا * کِسي سوداگر کا اُونٹ ماندگي کے سبب اُس سرحد میں رہ گیا تھا - مُدّت کے بعد تھوڑي سي قوّت پاکر چرائي کي تلاش میں اِدھر اُدھر پھرتا تھا کہ گُذر اُسکا اُسي جنگل میں هوا * جب شیر کے پاس پہُنچا سِوائے بندگي و نیاز کے کُچھ چارہ نہ دیکھا * شیر نے اُسے دِلاسا دےکر احوال پُرسي کي کہ - کہا خیال رکھتا هي ؟ اور کِس اِرادے آیا ؟ اُونٹ نے کہا - جب تک آپ کي مُلازمت کوُ نہ آیا تھا خود مُختار تھا - اور چرائي کے واسطے هرایک طرف پھرتا تھا - اب جوُ خِدمت

سے مُشرّف ہوا مُجھے اِختیار نہیں - جہان‌پناہ جس طرح فرماویں اوقات بسري کروں * شیر نے کہا - اگر ہماري خِدمت میں رہا چاہے - خاطِرجمع رکھ - کِسي طرح کا آسیب تُجھے نہ پہُنچیگا * اُونٹ اِس غریب نوازي سے خوش ہوکر اُسکي اِطاعت میں مُستعِدّ ہوا - بہُت دِن تلک اُس جنگل میں گُذران کیا کرتا - اور موٹا تازہ خوش و خُرّم رہتا * ایک روز شیر جو شِکار کو نِکلا تھا - تو ایک مست ہاتھي اُسکے مُقابِل ہو گیا - اور دونوں میں ایسي لڑائي ہوئي کہ شیر زخمي ہوکر - بیشے کي طرف پِھر آیا - اور زخموں کے درد سے ایک گوشے میں جا بیٹھا * بھیڑیا کوّا گیدڑ تینوں جو اُسکے خوانِ اِحسان سے طُعمہ پاتے تھے - اور اُسکے طُفیل سے کھاتے تھے - بغیر خورِش کے فاقوں مرنے لگے - اور اِس لیئے کہ مہرباني سرداروں کي ذات کو لازم ہي مُلازِموں کي پریشاني سے خود آزُردہ‌خاطِر ہوتے ہیں - جب شیر نے اُنھوں کو بےسر و ساماں دیکھا - اُسکے دِل پر گراني آئي * کہا کہ - تُمھاري تضیع مُجھ پر اپني تضیع سے دُشوار ہي - اگر اِس گِرد و نواح میں کوئي شِکار نظر آوے - خبر کرو کہ جِس طرح ہو باہر نِکلوں اور تُمھاري گُذران کي فِکر کروں * وے تینوں شیر کے پاس سے ایک کِنارے جا آپسمیں کہنے لگے کہ - اونٹ کا رہنا یہاں بےفائِدہ ہي - نہ شاہ کو اُسّے منفعت - نہ ہم کو اُسکے ساتھ اُلفت ہي * شیر کو اِس بات پر لایا چاہیئے کہ - اُسي کو مارے - جو دو تین روز کے کھانے کي فراغت ہوجاوے - اور ہم بھي بہرہ یاب ہوویں * گیدڑ نے کہا - اِس خیال کے گِرد نہ پھرو - کیونکہ شیر نے اُسکو امان دي ہي - اور اپني مُلازمت میں رکھّا ہي * اور جو بادشاہ کو عہدشکني پر لاوے - اور پناہدئے کے مارنے پر دِلیري کرے - گویا دولتخواہي میں خیانت کرتا ہي - اور خائِن ہمیشہ مردود ہي - نہ خُدا اُسّے راضي - نہ بندے اُسّے خوش * کوّا بولا - کوئي حیلہ سوچیئے - اور شیر کو اُس کے قول کے عہدے سے نِکالیئے * کہا - تُم یہاں رہو - میں جاکر پِھر آتا ہوں * غرض شیر کے سامہنے جا کھڑا ہوا * اُس نے پوچھا - کہو - کہیں شِکار کا کُچھ پتا مِلا؟ کہا - قِبلۂ عالم! مارے بھوکھ کے نہ کِسي کي نظر کام کرتي ہي - نہ کِسي کو حرکت کي تاب ہي - پر ایک بات ہماري خاطِر میں آئي ہي - جو آپ کي مرضي ہو - تو سبھوں کي رفاہیّت ہو جائیگي * فرمایا - کہو - کہا ٹھہرایا ہي؟ اگر مُناسِب جانو کہو * عرض کي کہ - یہہ اونٹ ہم میں ایک اجنبي محض ہي - ہم کو اُسّے کُچھ فائِدۂ نہیں - یہي ایک شِکار ہي جو ہاتھ لگا * شیر غُصّے ہوا اور بولا - خاک اِس ایّام کے مُلازِموں کے سِر پر! کہ نِفاق کے سِوا کام نہیں رکھتے ہیں - اور آئینِ مہرباني و جوان‌مردي کا اُن کي ذات میں اصلا نہیں * اي بیوقوف کوّے! تو نہیں جانتا ہي کہ میں نے اُس کو امان دي ہي؟ عہدشِکني اور اپنے پناہدئے کے بد اندیشي کِس دین و مذہب میں دُرُست ہي؟ کوّے نے عرض کي - جہان‌پناہ! اگرچہ یہہ بات میں جانتا تھا - پر جو چیز داناؤں کے نزدیک بہتر ہو - اُس میں سعي کرني خیرخواہي ہي - اِس لیئے بندے نے یہہ عرض کي * داناؤں نے کہا ہي کہ - ایک کو تصدّق کرنا ایک شہر پر - اور ایک

شہر کو بادشاہ کے کام پر عالم کي بہتري کا موجب هي ـ کيونکہ سلامتي ذات پادشاہ کي خلائق کي رفاهيت کا سبب هي * اور عہدشکني کے دفعيہ کے واسطے کوئي تدبير کيجئے کہ کوئي عہدشکن و بيوفا نہ کہے ـ اور کہانے کي کشمکش سے بھي رهائي پاويں * شيرنے نيچے سر کر ليا * کوّا پھر ياروں ميں جا ملا اور ماجرا بيان کرکے کہا ـ اب تدبير يہہ هي کہ سب مل کر شير کے پاس جاويں ـ اور اُس کي بھوکھ کي حقيقت اور رنج کي حالتيں بيان کريں اور کہيں کہ ـ هم حضرت کي پناہِ دولت و سايۂ حشمت ميں خوش و خُرم گذران کرتے رهے ـ آج جو يہہ حادثہ پڑا هي ـ چاهتے هيں کہ اپني اپني جان کو شاہ پر تصدّق کريں ـ اور هر کوئي يہہ کہے کہ ـ آج کے روز قبلۂ عالم مُجھے تناوُل فرماويں ـ اور دوسرا بُرائي اُسکي بيان کرے ـ شايد اِس تقريب سے نوبت اُونٹ تلک پہُنچے * يہہ تھہراکر سب بادشاہ کے يہاں گئے * پہلے کوّے نے کہا کہ ـ هماري راحت بادشاہ کي ذات سے مُتعلّق هي ـ اب جو ضرورت آ پڑي هي ـ بادشاہ کو ميرے گوشت سي فيالجُملہ تسکين هو سکيگي ـ بہتر هي کہ اِلتفات فرماکر مُجھے نوشِ جان کريں * اوروں نے کہا ـ تيرے کھانے سے کيا فائدہ ؟ اور کيا سيري هوگي ؟ يہہ بات سُنکر کوّا چُپ رها * گيدڑ کہنے لگا ـ بندہ مُدّت سے سايۂ دولت ميں رهکر آفتوں سے زمانے کي محفوظ رها ـ آج جو بادشاہ کو کام درپيش هوا هي ـ چاهتا هوں کہ اگر ميرے طالع مدد کريں ـ تو جہانپناہ بندے کو طُعمہ کرکے چاشت کي فِکر سے خاطرجمع رکھيں * اوروں نے جواب ديا کہ ـ جو بات کہي تو نے خيرخواهي کي هي ـ پر گوشت تيرا مُضِرّ اور سربسر پوست ـ تيرے کھانے سے بادشاہ کو زيادہ اذيّت پہُنچيگي * گيدڑ چُپ هوا * بھيڑيے نے آگے آکر عرض کي ـ بندہ آرزومند هي کہ جہانپناہ خوشي خوشي ميرے گوشت کو تناوُل فرماويں * ياروں نے کہا کہ ـ تو يہہ بات محبّت و اِخلاص سے کہتا هي ـ ليکِن تيرے گوشت سے وہ بيماري هوتي هي کہ جان کا خطرہ هي * بھيڑيا پيچھے هٹا * اونٹ نے جب سارے مُلازموں کي گُفتگو کي طرز ديکھي ـ آگے بڑھکر دُعائيں ديں اور کہا ـ ميں اِس سرکار کا نوازہ اور پالا هوا اِس دولت کا هوں ـ اگر باورچيخانے کے لائق هوں ـ جان دينے ميں مُضائقہ نہيں * جِنھوں نے فريب کا جال بِچھايا تھا کہا ـ صد رحمّت تيري جان کو ! راست اِعتِقادي کا موجب يہي هي جو تو کہتا هي اور سچ کہ گوشت تيرا خوشگوار اور جہانپناہ کے مزاج کو مُوافِق هي ـ شاباش تيري ہمّت پر ! کہ خُداوندِ نِعمت کي خِدمت ميں جان دينے کو دريغ نکيا ـ اور اِس بات سے نيکنامي اپني دُنيا ميں لي * تب ايکبارگي سبھوں نے حملہ کيا ـ اور اُس بيچارے کو ٹُکڑے ٹُکڑے کر ڈالا ـ تب بھي اُسنے دم نہ مارا * شير بھوکھ سے بيتاب هو رها تھا ـ اِسلئے نہ منع کرنے کي طاقت تھي نہ شاباش کہنے کي *

شتربہ نے کہا ـ يہہ قِصّہ ميں نے اِسلئے ذِکر کيا ـ تا جانے تو کہ فريب غرضمندوں کا بے اثر نہيں ـ

خصوص جس پر اتّفاق کريں * دمنہ بولا - پھر آپ نے کچھ صلاح اُسکي ٹھہرائي ؟ جواب ديا کہ - ہمارے نزديک سوائے لڑنے کے کوئي تدبير نيک نہيں ٹھہرتي - اور جو اپني رہائي اور مال کي حفاظت کے ليے لڑے - اور جان‌بازي کرے - اُسکو شہيدوں سے گِنا چاہيئے - کيونکہ دو حال سے خالي نہيں - اجل پہنچي ہي کہ نہيں * اگر موت آئي ہي - تو آبرو حرمت کے ساتھ مرنا بہتر ہي کہ بے عزتي سے - اور جو اجل نہيں - تو مردانگي سے جيوں * دمنہ سمجھا کہ - ميرے افسوں نے کام کيا - احتياطاً بولا - دانائي و دوربيني کا طور يہہ ہي کہ لڑائيوں ميں پيش‌دستي نکرے - جب تک ملائمت و آشتي سے دشمن کا کام تمام کر سکے - جنگ و زرستي نکرے * اور دشمن ہرچند حقير ہو کم نجانے - کيونکہ وہ اگر زور سے کچھ نکرے شايد مکر و فريب اختيار کرے * حال آنکہ شير کي جرأت و بزرگي و عقلمندي تجھے خوب معلوم ہي * جو اپنے دشمن کو ذليل جانے - آخر پشيمان ہووے - جيسے وکيلِ دريا اپنے دشمن کو (جسکا نام طيطوي تھا) حقير جان‌کر پشيمان ہوا * پوچھا - وہ کيا ماجرا ہي ؟

حکايت ۲۲

THE STORY OF THE SANDPIPER (ṬAṬṬAWÍ) AND THE GENIUS OF THE SEA.

دمنہ نے کہا - دريائے ہند کے کنارے کتنے جانور رہتے ہيں - نام اُنکا طيطوي مشہور ہي - اُن ميں سے ايک جوڑا لبِ دريا رہتا تھا * جب وقت انڈے دينے کا قريب آيا - مادہ بولي - انڈوں کے واسطے ايک جاگہہ ڈھونڈھا چاہيئے - جہاں خاطرجمعي سے گذران کيجيئے * نر نے کہا - يہي جگہہ کہ ہم ہيں اچھي ہي - اِسي جگہہ انڈے دے * بولي - اگر دريا موج مارے - تو ہمارے بچّوں کو لے جائيگا - اِسکا کيا عِلاج کروں ؟ نر نے کہا - مجھے گمان ہي کہ وکيلِ دريا اِتني دِلْيري نکرے - اگر ايسي بے‌حرمتي سرزد ہو - بھلا - اِسکا علاج ہو سکيگا * مادہ نے جواب ديا - پانو اپني حد سے باہر رکھنے مناسب نہيں - تو کِس زور پر وکيلِ دريا سے انتقام ليگا ؟ يہہ خيال چھوڑ - اور وہ جگہہ جہاں امن ہووے ڈھونڈھ - اور ميري نصيحت مان - جو کوئي ياروں کي نصيحت نہ سُنے - اُسکي حالت وہ ہوگي جو کچھوے کي ہوئي * نر نے پوچھا - وہ کيونکر ہي ؟

حکايت ۲۳

THE STORY OF THE GEESE AND THE TORTOISE.

مادہ نے کہا - نقل ہي کِسي تالاب ميں ايک جوڑا بط کا اور ايک کچھوا باہم رہتے تھے - ہمسائگي کے سبب اُن ميں دوستي ہوئي - اور ايک دوسرے کي ملاقات سے خوش رہتا تھا - ايک ناگہاني حادثہ آ پڑا اور پاني ميں (جو اُن کي زندگي کي پونجي تھا) نہايت کمي آئي * بطوں کو سوائے جلاوطن ہونے کے چارہ نہ تھا * تب غمگين ہوکر

کچھوے کے نزدیک آ۔ جُدائي کا ذِکر درمیان لائیں * کچھوا یہہ سُنکر رونے لگا اور بولا کہ ۔ طاقت رُخصت کرنے کي نہیں اور بار جُدائي کا نہیں اُٹھا سکتا ہوں * بطوں نے جواب دیا کہ ۔ ہمارے کلیجے بھي فِراق کے کانٹوں سے زخمي ہو گئے ۔ لیکِن بےآبي سے ناچاري ہي * کچھوے نے کہا ۔ یارو! تُم جانتے ہو کہ خُشکي کا زیان مُجھے زیادہ ہي ۔ قدیم دوستیوں اور آشنائیوں کا حق اگر رکھنا ہي ۔ تو مُجھے بھي اپنے ساتھ لے چلو ۔ اور جُدائي کے مِحنت آباد میں مُجھے اکیلا نچھوڑو * بطوں نے کہا ۔ اي دوستِ یکرنگ! تیري جُدائي کي تصدیع ہمارے حق میں دوريِ وطن کي تکلیف سے زیادہ ہي ۔ لیکِن ہمارا چلنا زمین پر مُحال ۔ اور تُجھے ہوا پر اُڑنا مُشکِل ہي ۔ پس ہمارا تُمھارا ساتھ کیونکر ہو سکے؟ کچھوے نے کہا ۔ تدبیر اِسکي مگر تُمھاري دوراندیشي سے ہوگي کہ میں نے جُدائي کے درد سے سُرت اپني بُھلا دي ہي * اُنھوں نے کہا ۔ اِتني مُدّت میں ہمنے تیرا ہلکاپن دریافت کیا ہي ۔ شاید جو بات کہیں ۔ اُسکے مُوافِق کام نہ کرے ۔ اور جو قول کرے ۔ اُسکو بجا نہ لاوے * کہا ۔ تُم نے جو فراغت کے وقت ہم سے کُچھ ہلکاپن دیکھا ہي ۔ آفت کے وقت کو اُسپر قیاس نکیجو ۔ کیونکر ہووے کہ تُمھاري صلاح سے باہر ہوں؟ اور جو قول و قرار تُم سے کروں اُسپر نرہوں * بطوں نے تدبیر کرکے اُسکو اپنے ساتھ منزلِ مقصود میں پُہنچانا اِس شرط پر قبول کیا کہ جب تُجھے اُٹھاکر ہوا پر لے اُڑیں ۔ ہرگز تو نہ بولے ۔ اور جب آدمیوں کي نظر ہم پر پڑے ۔ اور صریح یا اِشارے سے ہمارے حق میں کُچھ بات کریں ۔ خبردار تو نہ کہیو اور جواب ندیجیو * کہا ۔ خوب حسب الحُکم مُہر خاموشي کي لب پر رکھکر نہ بولونگا * بطوں نے ایک لکڑي لا حاضِر کي ۔ اور سنگ پُشت نے بیچ سے اُس لکڑي کو مضبوط پکڑا * دونوں بطیں لکڑي کے دونوں سِروں کو چونچوں میں پکڑ اُڑیں * اِتفاقاً گُذر اُنھوں کا کِسي شہر کے اوپر ہوا * بستي والے معلوم کرکے مُتعجّب ہوئے ۔ اور ہر طرف سے پُکارنے لگے کہ ۔ دیکھیو لوگو! کچھوے کو بطیں لیئے جاتي ہیں ۔ یہہ صورت کبھي ندیکھي تھي ۔ اِسلئے شور و غوغا لوگوں کا زیادہ ہوا * ایک دم چُپکا رہا ۔ آخِر ناداني و عہدشکني سے مُنہہ کھول کر بولا ۔ جو کوئي دیکھ نہ سکے اندھا ہوجیو * مُنہہ کھولتے ہي اوپر سے نیچے گِر پڑا * بطوں نے افسوس کرکے پُکارا کہ ۔ نصیحت کرني دوستوں پر واجِب ہي ۔ اور نیک بختوں کو سُنّا *

فائدہ اِس قِصّے کا یہہ ہي کہ جو دوستوں کي نصیحت نہ سُنے ۔ گویا آپہي اپنے ہلاک کي کوشش کرے * نرنے کہا ۔ یہہ قِصّہ میں نے سُنا ۔ لیکِن مت ڈر اور بے اِستقلال نہ ہو ۔ کہ مُضطر اور ڈرنےوالے ہرگز مطلبِ دِلي کو نہیں پہُنچے ہیں ۔ یقین ہي کہ وکیلِ دریا ہم سے بے مُروتي نہ کریگا * آخِر مادہ نے اُسي جگہہ انڈے دیئے * جب بچّوں نے (بیضوں کے سُفید پیراہن کو چاک کرکے) گریبان سے سِر نکالا ۔ دریا موج میں آیا اور اُن بچّوں کو اپنے پاٹ میں لے لیا * مادہ اِس حادِثۂ جگرسوز کو

ديکھکر نر سے بولي - اي موئے! مين جانتي تھي که دريا سے بازي نکر سکيگا - ميرے بچّوں کو تو نے ڈبويا اور ميرا جِگر جلايا - تدبير ايسي ٹھہراؤ که زخمِ دِل کا مرہم ہو * نر نے کہا - سخت گوئي نہ کر - که مين اُسي بات پر ہوں جو مين نے کہي تھي * تُرت اپنے ياروں کے پاس گيا - اور ہر قِسم کے جانوروں کے سرداروں کو جمع کر - احوال اپنا ظاہِر کيا - اور غم و الم سے کہا که - يارو! اگر اِس حادِثے مين مُتّفِق نہ ہو - اور سب مِلکر وکيلِ دريا سے ميرا اِنتِقام نہ لو - تو وہ دِلير ہو جائيگا - سبھوں کے بچّوں کا قصد کريگا - اور زِندگي پرندوں پر وبال ہوگي * جانور يہہ خبرِ جانکاہ سُن - اِکٹھے ہوئے اور سيمُرغ کي خِدمت مين جا - وکيلِ دريا کے ظلم کي حقيقت عرض کي اور کہا که - اگر تُم رعيّت کي غم خواري کرو - تو بادشاہت اُن کي کروگے - اور جو مظلوموں کي خبر نہ لوگے - تو بادشاہي کا نام تُمہارے صفحۂ دولت سے مِٹيگا - اور سلطنت و حاکِمي جانوروں کي اوروں کو ہوگي * اُنہوں کي خستہ حالي ديکھہ سيمُرغ کا جي جلا - اپنے تمام لشکر سميت روانہ ہوا که وکيلِ دريا سے اِنتِقام لے * جب سيمُرغ ايک فوجِ عظيم (جو حِساب سے باہر تھي - اور قياس مين نہ آتي تھي - سبھي جنگي و شُجاع - لہوپينے والے - جنگ آزمودہ - اِنتِقام لينے والے - کينہ ور - لڑاکے - زِرہ بکتر پر و بال سے نيزہ و خنجر پيچہ و منقار سے رکھتے تھے) لِيکر دريائے ہِند کے نزديک پہُنچا - باد صبا نے (جو موج کي سِلسِلہ جُنبان ہي) يہہ خبر وکيلِ دريا کو پہُنچائي * اُسنے آپ مين حوصلہ سيمُرغ کے مُقابلے کا نپايا - اور قبل اُسکے که آبرو حُرمت پر خلل آوے - اور دريائي جانوروں کا خان ومان جلے - نا چار عُذرخواہي کرنے لگا - اور طيطوي کے بچّوں کو پھير ديا *

غرض اِس قِصّے سے يہہ ہي که دُشمن ہرچند حقير ہو چھوٹا نہ جانيئے - کيونکہ ذري سي سوئي سے وہ کام ہوتا ہي که بڑے نيزے سے نہ ہو سکے * حُکما کہہ گئے ہيں که - ہزار کي دوستي ايک دُشمن کي برابري نہيں کر سکتي ہي * شتربہ بولا - خوب کہا تو نے - پر پہلے مين نہ لڑونگا - تاکہ بدنامي و نمک حرامي مين مشہور نہ ہوں - اگر شير ميرا قصد کرے - تو اپنے بچاؤ کے واسطے جو مُجھ سے ہو سکے قُصور نہ کرونگا - اور بے ہِمتي کرکے نہ دبونگا * دمنہ نے جواب ديا - خوب کہتے ہو - پر جب تُم شير کے پاس جاؤ اور ديکھو که غُصّے سے پھول کر دُم زمين پر مارے - اور آنکھ اُسکي شُعلے کي طرح چمکتي ديکھو - تو جانيو که تُمہارا قصد رکھتا ہي * کہا - بات يہي ٹھيک ہي جو تو کہتا ہي *

غرض دمنہ شتربہ سے رُخصت ہوکر - شير کي خبر لينے کو نِکلا - اور خوشي خوشي کليلہ کے پاس آيا * اُسنے پوچھا - کہاں سے آتا ہي؟ اور کام کہاں تلک پہُنچا؟ جواب ديا - شُکر خُدا کا! که کام سرانجام ہوا اور ايسي مُہِمّ مُشکِل سے بآساني فراغت ہوئي * غرض وہ کم بخت مکّار عاقبت انديشي

نکرتا تھا اَور اپنا ہِي مطلب کہتا تھا * آخِر کلیلہ کو ساتھ لےکر شےر کي خِدمت مےں چلا ـ اِدھر سے اِن کا پہُنچنا تھا شےر کي بارگاہ مےں ـ اَور اُدھر سے شتربہ کا بھي آنا * شتربہ شےر کا چِہرہ مُتغیّر دےکھکر جان کے ڈر سے گھڑي گھڑي دھنے بائیں تکتا اَور ہردم اپنے تئیں جنگ کا مُستعِدّ کرتا * جب شےر کي نظر بَیل پر پڑي ـ اَور مُفسِد دمنہ نے جو آثار بتائے تھے سب دےکھے ـ اُسکو دولت‌خواہ ٹھہراکر اُسکے اِفترے کو سچ جانکر غُرّش کرنے لگا ـ اَور اپنے تئیں پُھلاکر زمین پر دُم مارنے * شتربہ کو بھي یقین ہوا کہ ـ دمنہ نے جو کُچھ کہا تھا ـ تمام دوستي سے تھا * سوچتا تھا کہ ـ بادشاہوں کي خدمتگاري خوف اَور ڈر مےں سانپ کي ہم‌خانگي اَور شےر کي همسایگي کے برابر * اگرچہ سانپ سوتا ـ اَور شےر چھپا ہو ـ آخِر وُہ پھن اُٹھاوے ـ اَور یہہ مُنہہ پسارے * القِصّہ شاہ و گدا دونوں بےوقوفي سے فریب‌انگےز آتش‌افروز دمنہ کو خےرخواہ جانکر جنگ کے مُستعِدّ ہوئے * پہلے شےر اُسپر لپکا اَور بَیل بھي آگے بڑھکر لڑنے لگا * دونوں کے بدن سے خون‌جاري ہوا عالم مےں غُل مچگیا * کلیلہ یہہ صورت دےکھہ دمنہ کي طرف مُتوجّہ ہوا اَور کہنے لگا ـ سےکڑوں حیلے بر پا کرکے تو درمیان سے الگ ہو گیا * برسوں کي جھڑي نہ بِٹھلاوے اِس بلا کي گرد کو جو تو نے اُٹھائي * اي بےوقوف! تو اپني بد سرانجامي اَور آیندے کي بدي کو نہیں سمجھتا ھي ؟ بوُلا ـ واہ! کیا کہتے ہو ؟ مےں نے سِوائے خےر اندےشي کے کُچھ نہیں کیا * کلیلہ نے کہا ـ اي نادان! یہہ کام جو تو نے کیا ـ اِس مےں آٹھ چیزیں نا مُناسِب ہےں کہ ہر ایک اُن مےں سے تےري خرابي و ذِلّت کو بس ھي بجا لایا * ایک تو یہہ کہ ـ ہوا و ہوس کي پےروي کرکے اپنے تئیں حسد سے باز نرکھا * دوسري یہہ کہ ـ بے موجِب اپنے خُداوندِ نِعمت کو تکلیف مےں ڈالا * تیسري یہہ کہ ـ اپنے آقا کو بےوفا و عہدشِکن مشہور کیا * چوتھي یہہ کہ ـ خواہ مخواہ بےچارے بَیل کے مارنے کي کوشِش کي * پانچویں وُہ کہ ـ بے تقصیر جو تےري کوشِش سے مارا جایگا خون اُسکا تو نے اپني گردن پر لیا * چھٹي ـ ایک عالم کو پادشاہ سے بد گُمان کیا ـ شاید وے جان کے ڈر سے خان‌مان چھوڑکر کِسي قوي دُشمن کي پناہ لیں * ساتویں ـ درِندوں کے لشکر کے سپاہ‌سالار کو ہلاک کیا ـ اَور یقین ھي کہ اِس سبب کمال پرےشاني لشکر مےں ہووے * آٹھویں یہہ کہ ـ اپنے تئیں جھوٹھا مشہور کیا ـ تو نے کہا تھا کہ ـ اِس کام کو ساتھ لُطف و نرمي کے سرانجام کرونگا ـ سو نہ کیا * سب مےں نادان وُہ ھي کہ سوتے ہوئے فِتنے کو جگاوے ـ اَور جو کام آساني و صُلح سے سرانجام ہو ـ اُسکے واسطے ایک مُشکِل طور اِختیار کرکے جنگ و جدل کي نوبت پہُنچاوے * دمنہ نے کہا ـ مگر تُم نے نہیں سُنا ھي جو دانا کہہ گئے ہےں ـ جو کام صُلح سے نہ نکلے ـ اُسکے واسطے خشم ضرور ھي *

کاري کہ بصُلح بر نیاید ـ دیوانگي درو بباید *

کلیلہ بوُلا ـ تو نے اِس کام مےں کونسي دانائي کي کہ اُسے مُشکل آسان نہوئي ـ جو کام یہاں‌تلک پہُنچایا ؟ آخِر تو نہیں جانتا ھي کہ راے دُرست و فِکرِ نیک مردانگي و شجاعت پر بالا دست ھي ؟

دانا باتوں سے اِس طرح کام نِکال لیتا هي که سیکڑوں جنگي لشکروں سے حاصِل نه هو * پر تو کیا کرے ؟ که تیرا دیدۂ دانِش هوا و هوس سے اندها هو گیا هي - اور همیشه تو فریفته دولت و جاه کا رها کیا - جو دهوکهے کے سِوا نظر نهیں آتا هي - اِسي واسطے جو جو نصیحتیں مٹیں نے کیں تو نے نه سُنیں * مٹیں جانتا تها که میري نصیحت فائِده نه کریگي - پر دوستي کا مُقتضي نه تها که تیري بهلائي کي بات نه کهوں - اور مُجهے گُمان تها که شاید راهِ راست کي طرف پهرے - پر تو غفلت مٹیں ایسا ڈوبا هي که میري باتوں سے هرگز هوشیار نه هوگا * شُروع جواني سے بُڑهاپے تلک جتنے اعمالِ بد تو نے کیئے هیں اگر سوچے - تو باقي زِندگي اُسکي تهوڑي سي حسرت مٹیں کٹ جائیگي * دمنه نے کها - اي بهائي ! مٹیں جانتا هوں که تو جو کُچهه مُجهے کهتا هي دِل سوزي سے هي - پر مُجهے گُمان نهیں که مُجه سے نا شایسته کام صادِر هوا هو - اور اگر کوئي خطا دیکهي هو بیان کر - اگر بُرائي اُسکي میري خاطِرنشین هو اُسے باز آؤں * کلیله نے کها - تُجهه مٹیں بهُت عیب هیں کِس کِس کو گِنوں - مٹیں جو کُچهه کهوں گویا دریا سے قطره اور پهاڑ سے ایک ذرّه هوگا * اُن مٹیں سے ایک یه هي که - تو آپ کو بےعیب جانتا هي * دوسرا یه که - کهتا هي بهُت اور کرتا هي کم - حُکما کهه گئے هیں که - بادشاهوں کے حقّ مٹیں اِسکے برابر کوئي خطره نهیں که وزیر اُسکا ایسا هو * جانیو که گفتار و کِردار کے بات مٹیں دُنیادار چار قِسم کے هیں * پهلا وُه که - جیسا کهے ویسا نه کرے - یه آئیں مُنافِقوں کا هي * دوسرا وُه که - نه کهے پر عِندالوقت کرے - یه شیوه جوانمردوں کا هي * تیسرا وُه که - جیسا کهے ویسا کرے - یه طریق سوداگروں کا هي * چوتها وُه - جو نه کهے نه کرے - یه چال دون هِمّتوں کي هي * اي دمنه ! تو اُس گروه سے هي جو زبان سے کهے اور اُسپر عمل نکرے * مٹیں اِبتِدائے آشنائي سے گپ تیري زیاده تیرے هُنر سے دیکهتا هوں - علاوه حسد همیشه تُجهے ستاتا هي که تو اپنے نفس پر غالِب نهیں آ سکتا - اور ذري سي چیز پر آپ مٹیں نهیں رهتا هي * دوسرا یه که - اپني غرض کے واسطے لوگوں پر تُهمت و اِفترا کرتا هي کیونکه اپني هي صلاحِ حال کو سوچتا هي - اور خاوند کي دولتخواهي کا خیال نهیں رکهتا - علاوه تو نے شیر کو جهوٹهي باتوں سے بهکایا یهاں تلک که اُسکو شتربه سے لڑایا * بقولِ فارسي جنگ دو سر دارد - شاید شیر هي کو کُچهه زیان پهُنچے - اور دُنیا مٹیں فساد بر پا هووے که جانوروں کا خون هو - مال و اموال سبهوں کے لُٹ جائیں - آخِر وبال اِسکا تیري گردن پر پڑے * دمنه نے کها - تو جو یه بات کهتا هي شاید دُشمنوں نے میري طرف سے تُجهے کُچهه لگایا هوگا که اُسے تیرا جي جلا هي - اِسلیئے بے تحقیق مُجهے ایسي کڑي باتیں سُناتا هي * مٹیں تو همیشه راست گفتار و دُرستِ کِردار هوں - اور هرگز کِسي سے حسد نهیں رکهتا - همیشه بادشاه کا خیرخواه هوں - اور اُسکے بوستانِ حال مٹیں سِواے نِهال دولتخواهي کے کُچهه نه لگایا * کلیله نے کها - کیوں نهیں ! جو درخت که پهل اُسکا یه هووے جو نظر

آتا هي ـ جڑ سے اُکھڑیو ـ اور وُہ دولتخواهي جو ثمرہ اُسکا یہي هي جو تو دیکھتا هي ـ ندیکھنا اور نسّا بہتر * اي دمنہ ! تُجھے کُچھ شرم نہیں آتي جو ایسي بات مُجھ سے کہتا هي ؟ کب تلک نا دُرستي کے طریقے پر چلیگا ؟ گُفتارِ بےکِردار جیسے درختِ بےمیوہ هي ـ جو جلانے کے سِوا کِسو کام مےں نہیں آتا * تجربہکار دانا بُزُرگوں نے فرمایا هي کہ ـ چھہ چیزوں سے فائدہ اُٹھا نہیں سکتے * گُفتارِ بےکِردار ـ مالِ بےدانِش ـ دوستي جو آزمائي نہ گئي ـ عِلمِ بےعمل ـ کِسي کو کُچھ دینا بدنیّتي سے ـ گُذران کرني صُحبت مےں اُس بادشاہِ عادِل کي کہ وزیر اُسکا بدنیّت و خود غرض هو ـ اور نافرماني جو وُہ کرے ـ اور ظُلم جو رعیّت پر روا رکھے ـ اُسکے ڈر سے کوئي شخص بادشاہ کي خِدمت مےں عرض نہ کر سکے ـ جیسے چشمہ آبِ شیریں کا صاف جو نِہنگ کي صورت اُسمےں نظر آوے ـ کوئي پیاسا اور پیراک مارے ڈر کے اُسمےں نہ هاتھ ڈالے نہ پانو دهر سکے * آج اي دمنہ ! تُجھ مےں یے سب عیب هیں باوصف اِسکے تُجھے لِحاظ نہیں هي ـ اور مُجھ سے جو تیرے حال پر مُطّلِع هوں ـ یہہ بےحیائي کرتا هي * کاردان و با اِخلاص خِدمتگار اور کار گُذار دیانتدار مُلازِم بادشاهوں کي بارگاہ کے سِنگار هیں ـ اگر تو اُس گھرانے کا دولتخواہ هوتا ـ هرگز مُلازِمانِ بادشاهي کي خرابي کے در پي نہوتا ـ پر تو یہي چاهتا هي کہ اور نوکر بادشاہ کي خِدمت سے دور هوں ـ تیرے سِوا کوئي کار و بار مےں دخل نہ رکھے ـ لیکِن یہہ بڑي نادانی هي ـ کیونکہ یہہ ویسا هي کہ کوئي دریا سے پاني لینے کو منع کرے * یہہ خیال کرنا ـ کہ بادشاہ کي سرکار مےں ایکہي شخص رهے ـ حماقت کا نِشان هي * محبوبِ دِلاویز کے عاشِق جِتنے هوں رونق اُسکے حُسن کي زیادہ هووے ـ اِسطرح بادشاہ کے مُلازِم جِتنے زیادہ هوں ـ اور بہُت سے کارگُذار دانا اُسکي درگاہ مےں حاضِر رهیں بُزرگي اُسکي بڑهتي هي * حُکما کہہ گئے هیں کہ ـ علامت حِماقت کي پانچ چیزوں مےں سے هي ـ اوروں کے زیان مےں اپنا فائدہ ڈهونڈهنا ـ غفلت مےں عُمر کاٹني اور خُدا کي خُشنودي چاهني ـ تن آسائي مےں عُمدگي و عِلم کا اُمیدوار رهنا ـ اورونکا حقِّ خدمت تلف کرکے بےوفائي کرني ـ اور آپ اورونکي محبّت و وفاداري کا بهروسا رکھنا ـ تُندخوئي و سخت‌گوئي سے عورتوں کے ساتھ عِشقبازي کرني اور اُن کي محبّت کا خواهاں هونا * اي دمنہ ! صِرف دوستي تیري مُجھے اِس بات پر لائي کہ جِسمےں تیري بھلائي هو بیان کروں * اگرچہ مےں جانتا هوں کہ کثرتِ حِرص نے تُجھے عقل کي راہ سے بہکایا هي ـ اور میري نصیحت تیرے حقّ مےں مُفید نہوگي * میرا حال تیرے ساتھ اُس مرد کے مانند هي جو کِسي جانور سے کہتا تھا کہ ـ بےہودہ رنج اپنے اوپر نہ لے ـ اور بات اپني اُس شخص سے جو نہ سُنے مت کہہ * اُس جانور نے یہہ بات نہ سُني اور سزا اپني پائي * پوچھا ـ وُہ قِصّہ کیونکر هي ؟

حِکایت ۲۴

THE STORY OF THE MONKEYS AND THEIR ADVISERS.

کلیله نے کہا - نقل هي کِسي پہاڑ مٹیں بندر رهتے تهے - وهاں کے مٹیوہ جات سے اوقات بسر کرتے * اِتّفاقاً ایک اندهیري رات کو جاڑے کي اُن پر شِدّت هوئي * بیچارے ٹهنڈ کے مارے گهبراکر کوئي آسرا ڈهونڈهتے تهے - اور آگ کي تلاش مٹیں هر طرف دوڑتے پهرتے تهے - اچانک نل کا چمکتا هوا ایک ٹوٹتا پڑا دیکها - اور اِس خیال پر که - یہ آگ هي - لکڑیاں جمع کر اُسکے آس پاس لگا پهونکتے تهے * کوئي جانور درخت پر سے اِس حالت کو دیکھ پُکارا که - وہ آگ نہیں * وے اِس آواز کي طرف دهیان نه کرتے تهے * اِس مٹیں کوئي آدمي وهاں آ پہنچا اور جانور سے کہا - تصدیع نکر - که وے تیري بات نہیں سُنتے هٹیں - تو ایذا پاتا هي * ایسوں کي دُرستي کے لیے کوشِش کرني تلوار پتهر پر آزماني - اور زهرِ هلاهل سے خاصیّت پازهر کي چاهني هي * جانور نے جب دیکها که - بندر میري بات نہیں سُنتے هٹیں - بکمال مہرباني درخت سے نیچے اُترا - تا اُنهوں کي خاطِر نِشان کر دیوے که - یہ آگ نہیں هي * بندروں نے اُس جانور کے گِرد هوکر سر جُدا کر ڈالا *

غرض اِس نے جب آدمي کي نصیحت نماني اور اُسکے کہنے پر کام نه کیا - سُنا تو نے که اُسکي حالت کیا هوئي؟ اي دمنه! مٹیں تُجهے بهي اُس جانور کے مانند خیال کرتا هوں * دمنه نے جواب دیا که - اي بهائي! شیوہ بُزُرگوں کا یہ هي - که کوئي سُنے یا نه سُنے جو حقّ هو کہہ دیں * کلیله نے کہا - مٹیں نصیحت سے باز نہیں آتا هوں - پر مُجهے یہ فِکر هي که تو نے اپنے کام کا مدار فریب پر رکّها - اور مکر و حیلے مٹیں رها کرتا هي - اور خودغرضي و خود پسندي مٹیں گِرفتار هي * آخِر ایک روز پشیماني کُچهه فائِدہ نکریگي - هرچند پُشتِ دست کو کاٹے اور چهاتي کوٹے - مُفید نه هوویگا - کیونکه جِس کام کي بِنا مکر و حیلے پر هو مآل اُسکا زیان و خرابي هي - جیسے اُس تیزهوش کو در پیش هوئي * دمنه نے پوچها - وہ کیونکر هي؟

حِکایت ۲۵

THE STORY OF THE TWO PARTNERS, SHARP-WIT AND LIGHT-HEART.

کلیله نے کہا - نقل هي که دو شریک تهے * ایک دانائي کے سبب تیزهوش کہلاتا تها - دوسرا سادہ لوحي سے خُرّم دِل مشهور تها * دونوں نے سوداگري کے اِرادے سفر اِختیار کیا - اِتّفاقاً اثناء راہ مٹیں ایک هیماني اشرفیوں کي پائي * تیزهوش نے کہا - اي بهائي! دُنیا مٹیں ایسا بهي بہُت هوتا هي که بےمِحنت منفعت هو - اب اِسي پر قناعت کرني

اور اپنے گھر کے کونے مےں چےن سے رهنا بهتر نظر آتا هي * تب دونوں پهرے اور شهر کے قريب پهنچکر - کِسي جگهه اُتر ے * خُرّم دِل نے کها - اي بهائي ! اِس زر کا حِصّه کر - تا که هر ايک اپنے حِصّے کو مُوافِق حوصلے کے خرچ کرے * تےزهوش نے کها - بانٹنا صلاح نهيں - چاهيئے که اِس مےں سے تهوڑا نِکال کر شرکت مےں خرچ کرےں - باقي کو بهُت اِحتياط سے ايک جگهه رکهه چهوڑےں - اور هميشه آن آن کر جِتنا درکار هو لے جايا کرےں - تا که آفات سے بچےں * خُرّم دِل اُسکي باتوں پر بهول گيا - تهوڑا سا اُسمےں سے لےکر - باقي کو ايک درخت کے تلے گاڑ - چےن سے اپنے اپنے گهر گيئے * جب رات هوئي تےزهوش اکےلا اُس درخت تلے گيا - اور اشرفيوں کو زمين سے نِکال اپنے گهر لے گيا * خُرّم دِل اُسي نقد پر که شرکت مےں لے گيا تها اوقات بسر کرتا تها * جب اُسمےں سے کُچهه نرها - تےزهوش سے کها که - چلو اشرفيوں کي (جو زمين مےں گاڑي هےں) خبر لےويں - اور پهر تهوڑي اُن مےں سے لے آويں * کها - اچّها * تب دونوں نے درخت تلے جاکر بهُتيري تلاش کي - کُچهه نه پايا * تےزهوش اُسکا دست به گريبان هوا که - وے اشرفياں تو لے گيا هي - کيونکه اور کوئي واقِف نه تها - اُلٹے چور کوتوالے ڈانٹے[1] * اُس بےچارے نے جِسقدر قسمےں کهائياں اور اضطرابياں کيں مُفيد نهويں * نِدان خُرّم دِل کو حاکِم کے يهاں لےجاکر احوال بيان کيا * حاکِم نے تےزهوش سے گواه طلب کئے که - اگر گواه حاضِر نکر سکے تو مُدّعا عليه کو قسم کِهلاؤنگا * تےزهوش نے کها - جهاں اشرفياں گاڑي تهيں - وهاں کوئي آدمي حاضِر نه تها جو گواهي دےوے * پر جو مےں اپني راستي اور اُسکي دروغ گوئي پر خوب اِعتماد رکهتا هوں - اِسلئے يقين جانتا هوں که اگر آپ کِسي شخص کو تعين کرےں که اُس درخت کے تلے جاوے - اور مےں خُدا کي درگاه مےں اِلحاح و زاري کروں - اغلب هي که خُدا مےري زاري سے مِهربان هووے - اور وُه درخت که جِسکے نيچے اشرفياں گڑي تهيں بولے که کِس نے خيانت کي هي * آخِر بهُت گُفتگو کے بعد يهه بات ٹهہري که فجر تڑکے هي درخت تلے جاکر خُدا کي قُدرت کا تماشا ديکهئے * خُرّم دِل کو حاکِم نے پنڈت خانے مےں بهےج ديا * تےزهوش نے اپنے گهر مےں آکر اِس راز کو باپ سے اپنے ظاهِر کيا اور کها - مےں نے آپ هي کے لُطف کے بهروسے درخت کي گواهي کا خيال کيا هي - اگر نوازِش فرماويں جِتني اشرفياں بهم پهنچي هےں - اور اُتني اُسے جريمانه لےکر فراغت سے دِن کاٹےنگے * باپ نے کها - اِس کام مےں جو تدبير کيجئے وُه کيا هي ؟ لڑکے نے کها - وُه درخت اندر سے ايسا کهوکهلا هي که اگر دو آدمي اُسمےں چهپےں کوئي دريافت نه کرے * آج کي رات جاکر اُسکے اندر رهئے - کل صُبح مےں حاکِم کے آدميوں کے ساتهه درخت تلے جاکے اِلحاح و زاري کرونگا اور گواهي مانگونگا - جےسا مُناسِب هو وهانسے پُکاريئے اور يهه خبر ديجيئے - که وے اشرفياں خُرّم دِل

---

[1] A common proverb in Hindústání, equivalent to our 'Turning the tables.' [See Roebuck's 'Oriental Proverbs,' Part II., p. 10.] The text has ڈانڑي *ḍánṛe*; but, as the word does not occur in the Dictionaries, I have chosen Roebuck's reading.

لےگیا هي * اُسکے باپ نے کہا - اي لڑکے! حیلے و فریب کے خیال سے درگُذر - بِالفرض اگر بندے کو فریب دیگا - خُدا کو نہ دے سکیگا - کہ وُہ تیرے سب رازِ دِل کو جانتا هي - اور مو بمو رگ و ریشے سے واقِف هي - اِس پر بهي مَیں جانتا هوں کہ مکّار و حیلہگر کا احوال چھپا نہیں رهتا هي - اور چھوٹے بڑے کے نزدیک رُسوا هوتا هي * مبادا تیري حالت اُس مینڈک کي سي هووے! بیٹے نے پوچھا - وُہ کیا هي ؟

حِکایت ۲۶

THE STORY OF THE SERPENT, THE FROG, AND THE ICHNEUMON.

باپ نے کہا - نقل هي کہ ایک مینڈک کِسي سانپ کي بانبهي کے پاس رهتا تها * جب اُسکے بچّے هوتے سانپ کها جاتا - اور اُس بیچارے کے دِل کو بچّوں کے داغِ فِراق سے جلاتا * اُس مینڈک کو کِسي کینکڑے سے دوستي هوئي - کہا - اي یار! میرے کام کي کوئي تدبیر ٹهہرا - کہ میرا ایک قوي دُشمن هي - نہ اُسے میرا کُچھ زور چلتا هي - نہ وطن سے اپنے (جو نہایت دِلچسپ جگہ هي) اور کہیں جا سکتا هوں * کینکڑے نے جواب دیا - کُچھ اندیشہ نہ کر - کہ دُشمنِ قوي فریب کے دام مَیں پهنس سکتا هي * مینڈک نے کہا - تُم جو طور بتاؤگے بجا لاؤنگا * کہا - فلاني جگہہ ایک نیولا هي لڑاکا تُندخو - کئي مچهلیاں مارکر اپني جگہ سے سانپ کے بانبهي تلک ڈال دے - نیولا اُن مچهلیوں کو ایک ایک کرکهاتا هوا سانپ تلک پُہنچیگا - اور اُسے بهي چٹ کر جائیگا - تو اُس سانپ کي بدي سے بچ رهیگا * مینڈک نے اِسي تدبیر سے سانپ کو مارا * جب دو تین روز گُذرے - نیولے کو مچهلي کهانے کي چاٹ لگي - جِس جگہہ کهانے کا مزہ مِلا تها وهاں چلا - جب مچهلیاں نہ پائیں مینڈک کو تمام بچّوں سمیت کها گیا *

یہہ قِصّہ اِس لئے کہا مَیں نے کہ مآلِ کار حیلہ سازوں کا گِرفتاري اور هلاکت هي * بیٹے نے کہا - یہہ بات موقوف کیجئے - اور دراز خیالات کو چهوڑئیے - کہ اِس کام مَیں زیان کم اور نفع بہُت هي * بیچارے بوڑهے باپ کو لڑکے کي محبّت اور زرکي خواهِش نے عقل کي راہ سے بهکا دیا * اندهیري رات کو درخت کے اندر رها * فجر کے وقت کار پرداز لوگ درخت تلے آنکر جمع هوئے - اور تیزهوش الِحاح و زاري کرنے لگا * ایک دم کے بعد درخت سے آواز آئي کہ - اشرفیاں خُرّم دِل لے گیا هي * دانا حاکِم بزورِ عقل سمجها کہ - کُچھ حیلہ کیا هي - اور اِس درخت کے اندر کِسي آدمي کو چهپایا هي - کُچھ تدبیر اِسکي کیا چاهیئے * فرمایا کہ - شاید یہاں کُچھ طِلِسّم کیا هوگا - اِسکے دفعیہ کے واسطے ایک چیز مَیں جانتا هوں * تب اُس درخت کے آس پاس لکڑیاں جمع کرواکر پُهنکوا دیں * وُہ ناکردہکار بوڑها ایک دم صبر کرکے چلّایا اور امان چاهي * تب لوگوں نے اُس آدهہجلے بوڑهے کو

درخت کے اندر سے نِکالا - اور اُن نے حقیقتِ حال بیان کرکے دُنیا سے کوچ کیا * مکّار تیزهوش چهوٹے بڑوں ميں رُسوا هوکر- اپنے باپ کے لاش کو کاندهے پر دهر شهر کي طرف چلا - اور خُرّم دِل سچ کي بدولت خلاص هوا *

کلیله بولا - غرض اِس قِصّے سے یہہ هي که حیلهگروں کي عاقِبت بُري هي * دمنه نے جواب دیا - کہا تو نے دوربیني کا نام مکر رکّها ؟ اور تدبیر کو حیله ٹهہرایا ؟ کلیله نے کہا - اگر اپنے خاوند کو تصدیع دینا اور ناحقّ خون کرنا دوراندیشي و تدبیر سوچا هي تو تُجهه سے بیوقوف زیادہ دُنیا ميں کوئي نہیں * اي دمنه ! دو زباني چهوڑ اور دو رنگي ترک کر- که آخِر رُسوا هوگا * بولا - اِس ميں کہا زیان هي ؟ گُلِ رعنا دو روئي کے سبب باغ کي زینت هي - قلم نے دو زباني کے سبب پاسباني مُلک کي پائي هي * تلوار جو یک رو هي هميشه خونخواري کام اُسکا هي - کنگهي دو روئي سے بُزرگوں کے سر پر چڑهتي هي * کلیله نے کہا - اي دمنه ! زبان آوري چهوڑ - تو نه گُلِ دورو هي جِسّے آنکهه کو تازگي هووے - بلکه تو وُہ دل آزار کانٹا هي جو خلائق کو سِوائے زیان کے تُجهه سے کُچهه فائِدہ نہو * نه قلم دو زبان هي تو که دولتخواهي و نیک اندیشي سے خبر دے - تو وُہ مارِ دو زبان هي جو سِوائے ڈسنے کے تُجهه سے اور کُچهه نہو - بلکه اِسّے بهي بدتر- کیونکه اُسکي تو ایک زبان ميں بِکهه هي اور دوسري ميں امرِت - تو دونوں زبان سے زهر هي اُگلتا هي اور امرِت کا نام نہیں * دمنه نے کہا - جِهڑکیوں سے باز آ - که اب کے کوشِش کرونگا اور شیر و شتربه کو مِلا دونگا * کہا - یہہ مُحال هي - تو نہیں جانتا هي که تین چیزیں بعد تین چیزوں کے بحال نہیں رهتي هیں * ایک تو - ندّي کا پاني جب هي تک اچّها هي که دریائے شور ميں نہیں پہُنچا - جب اُس ميں جاملے شیریني جاتي رهے * دوسري - خویشوں کي دوستي جب هي تک هي که مُعامله ریاست کا درمیاں نہیں آیا - جب ایک کو ریاست هوئي تو اور اُسّے حسد رکهیں - آخِر فساد بر پا هووے * تیسري - نوکروں کا عقیدہ دُرست جب هي تلک رهیگا که کوئي فِتنه انگیز درمیان نه آوے * اي دمنه ! اگرچه قیاس سے بعید هي که بیل شیر کي لڑائي ميں جیتا بچے بر تقدیر اِسکے که اُسکے پنجے سے چهوٹے مُمکِن نہیں که اِن ميں دوستي رهے - اور وُہ اِخلاص و اعتِقاد جو تها پهر هووے * دمنه نے کہا - اگر ميں شیر کي مُلازمت چهوڑ- تیري صُحبت اِختیار کرکے - گوشے ميں بیٹهوں - تو کیسا هي ؟ کلیله نے کہا - استغفرالله که ميں بارِ دِگر تُجهه سے صحبت رکهوں ! داناؤں کي نصیحت هي که بدکار کي آشنائي سے اِحتراز کیا چاهئے - اور نیکوکار داناؤں کي صُحبت سے بہرہ مند هوجیئے * حُکما نے بدکار نادان کو سانپ سے تشبیه دي هي که سنپیرا هرچند سانپ کے پالنے ميں کوشِش کرے - آخِر ایکروز اُسکے بِکهه سے مارا جاوے - اور عقلمند عطّار کے ڈبّے کے مانند هیں - که اگرچه اُسمیں سے کِسي کو کُچهه نہ پہُنچے - لیکن خوشبوئي سے اُسکي

دماغ معطّر ہوْ جاوے * کِسي بُزرگ نے کہا ھي - عطّار سا ہوْ تو - کہ نزديکي اُسکي ايسي ھي کہ خواہ مخواہ کپڑے خوشبو ہوْنگے - اور لُہاروں کي بھٹّي سا نہوْ - کہ دُھنوا اور چِنگاريان ہر طرف سے نکليں * اي دمنہ ! کہونکر تيري رِفاقت کروں ؟ اور کِسطرح توقّع وفاداري کي تُجھ سے رکھوں ؟ کہ بادشاہ نے تُجھے بڑھايا - اور اُسنے يہہ سُلوک تو نے کيا - اور اُسکي پرورش و نِعمت پر نظر نرکھي - پر مَيں ايسے سے جوْ ہزار فرسنگ پرے رھوں - تب بھي کم ھي * جيسے نيکوں کي صُحبت مُفيد ھي ويسيہي بدوں کي مُلاقات مُضِر * اور جوْ کوْئي نا اھل سے دوستي کرے - اُسکي حالت وُہ ہوْ جوْ اُس باغبان کي ہوئي * پوچھا - وُہ کيونکر ھي ؟

حِکايت ۲۷

THE STORY OF THE GARDENER AND THE BEAR.

کليلہ نے کہا - نقل ھي کہ ايک باغبان تھا جوْ بيوُقوفي کے مارے کِسي ريچھ سے دوستي کرکے - ھميشہ کيا باغ کيا کھيت مَيں دونوں اکٹّھے رھتے * ريچھ نے بھي محبّت پاکر اُسے اُلفت پيدا کي تھي يہاں تک کہ جب باغبان سوْ جاتا سرھانے بيٹھہ مُنہہ پر سے اُسکے مکّھياں ھانکا کرتا * ايک دِن باغبان سوْتا تھا مکّھياں بہُت سي اُسکے مُنہہ پر جمع ہوئيں - اور ريچھ بدستور آکر مکّھي ھانکنے لگا - ھرچند مکّھيوں کوْ اِدھر سے اُڑاتا اُدھر سے جمع ہوْتي تھيں * وُہ اِس حال سے کُھنسايا اور بڑا سا ايک پتّھر اُٹھاکر اِس خيال سے کہ - مکّھياں دب کر مر جائينگيں - باغبان کے مُنہہ پر دے مارا - توْ سر اُس بيچارے کا پِس گيا * يہيں سے دريافت کيجے جوْ عقلمندوں نے کہا ھي کہ - نادان دوْست سے دانا دُشمن بھلا ھي * دانا دُشمن جوْ جان کے در پي ہوْ بِہتر ھي اُس دوْست سے جوْ نادان ہوْ *

اي دمنہ ! يہہ داستان مَيں نے اِس واسطے کہي جوْ تو جانے کہ مُجھے پِھر تيري آشنائي کا خيال نہيں - ورنہ ميرا تيرا قِصّہ باغبان اور ريچھ کا سا ھي * دمنہ بوْلا - يہہ کيا بےانصافي ھي جوْ تو کرتا ؟ مَيں ايسا نادان نہيں کہ تو نے مُجھے يہہ قياس کيا اور خِرس کے برابر سمجھا * کليلہ نے کہا - اگرچہ ناداني مَيں تو اُتنا نہيں - پر غرضمندي اور پندار نے تيرے ديدۂ دانِس کوْ اندھا کر ديا - اور تُجھے يہہ سمجھتا ہوں کہ اپني غرض کے واسطي دوْستي کا حقّ چھوڑ ديگا - اور ہزاروں جاھِل فريب باتيں درميان لاويگا - جيسے شير اور شتربہ کے کام مَيں کيا کيا فِتنے کہ نہ مچائے تو نے اور اب تک دعوےِ پاکدامني کا کرتا ھي ! حال تيرا دوستوں کے ساتھہ اُس سوْداکر کے مانند ھي جِسنے کہا تھا کہ - جِس شہر مَيں چوھا سوْ من لوْھا کيا سکے - کيا تعجّب ھي کہ چوھےمار ايک لڑکے کوْ اُٹھا لےجاوے ؟ پوچھا - وُہ کيونکر ھي ؟

حِکایت ۲۸

THE STORY OF THE TWO FRIENDS AND THE DEPOSIT.

کلیلہ نے کہا ـ نقل هي کہ کوئي ثِقہ پونجیا سوداگر سفر کو جاتا تھا * سو من لوہا کِسے دوست کے گھر مٰیں امانت رکّھا کہ تنگدستي کے وقت موجِب فراغت کا هووے * جب دور دراز سفر کرکے مُدّت کے بعد گھر کو آیا اور لوہا مانگنے دوست کے پاس گیا ـ وُہ بیچکر تصرُّف مٰیں لایا تھا ـ کہنے لگا کہ ـ اي بھائي ! تیرے لوہے کو مٰیں نے گھر کے کونے مٰیں رکّھا تھا ـ اور اُس بات سے مٰیں غافِل تھا کہ اُس کونے مٰیں چوہے کا بِل هي ـ جب تلک معلوم هو چوہا فُرصت پاکر سب کا سب کھا گیا * سوداگر اِس بات کو جھوٹھ سمجھکر کوئي تدبیر سوچتا تھا ـ اور بظاهِر کہتا تھا ـ کیا بعید هي ؟ چوہے کو تو لوہے سے کمال اُلفت هي ـ اور دانتوں سے وہ لوہا چبا سکتا هي * وُہ جھوٹھا اِس بات سے خوش هوا اور دِل مٰیں کہا کہ ـ یہہ بڑا نادان هي کہ مٰیري باتوں پر بھول گیا ـ اور لوہے سے دست‌بردار هوا ـ بِہتر هي کہ اپنے کام کي مضبوطي کے لئے اسکي آج کے روز ضیافت کروں * تب اُسکو گھر مٰیں لیگیا اور دعوت کي تیاري کرنے لگا * سوداگر نے کہا کہ ـ آج مُجھے ضرور کام هي ـ کل آونگا * غرض اُسکے گھر سے چلا ـ اور اُسکے چھوٹے لڑکے کو چُرا اپنے گھر لیجاکر چھپا رکّھا * فجر وعدے پر دوست کے گھر آیا ـ اور اُسکو پریشان دیکھکر پوچھا ـ اي بھائي ! تم کیوں گھبرائے هوئے هو ؟ کہا ـ کل سے بیٹا مٰیرا (جو نورِ چشم وسُرورِ دِل تھا) غائِب هوا هي ـ بہُتیرا ڈھونڈھا ـ کُچھ پتا نپایا * بولا ـ کل جو مٰیں تُمھارے گھر سے نِکلا ـ اُسي شکل کے ایک لڑکے کو جو تُم بتاتے هو مٰیں نے دیکھا کہ ایک چوہے مار اُٹھائے اُڑا چلا جاتا هي * تب وُہ چِلّایا کہ ـ اي بیوقوف ! نا مُمکِن بات کیوں زبان پر لاتا هي ؟ موش گیر لڑکے کو کیونکر لے اُڑیگا ؟ سوداگر نے هنسکر کہا ـ اِسّے کُچھ تعجّب نکر ـ کیونکہ جِس شہر کا چوہا سو من لوہا کھاتا هي ـ وهاں کا چوہے مار بھي ایک لڑکے کو اُٹھا سکتا هي * اُسنے حقیقت دریافت کي اور کہا ـ کُچھ اندیشہ نکر ـ چوهي نے تیرا لوہا نہیں کھایا هي * جواب دیا کہ ـ تو بھي پریشان نہو ـ کہ موش‌گیر تیرے لڑکے کو نہیں لے گیا هي ـ خیر مٰیرا لوہا مُجھے تو پھیر دے ـ اور اپنا لڑکا لے *

اي دمنہ ! مٰیں یہہ مثل اِسواسطے لایا جو تو جانے کہ جِسکے مذهب مٰیں اپنے خاوِند سے فریب دُرُست هو ـ ظاهِر هي کہ وُہ اوروں کے حقّ مٰیں کیا خیال کرے * جب بادشاہ سے تونے مکر کیا اور جھوٹھ کہا ـ تو اوروں کو تُجھ سے توقّع بھلائي کي رکھني محض بیوقوفي هي * کلیلہ دمنہ مٰیں یہہ گُفتگو هو رهي تھي کہ شیر نے شتربہ کا کام تمام کیا ـ اور اُسکو خاک و خون مٰیں لُٹا دیا ـ لیکِن جب شیر اُسکو مار چُکا ـ اور غُصّہ اُسکا فرو هوا ـ اُسکي اچّھي خِدمتیں اور اِطاعتیں یاد کرکر ـ مغموم اور

نادِم ہوا کہ ایسے بڑے کام میں مَیں نے جلدي کي اور کُچھ تامّل نکیا - کہ دمنہ نے شتربہ کي طرف سے جو باتیں لگائي تھیں سچ تھیں یا جھوٹھ * بہر صورت مَیں بےتامّل اپنے یارِ وفادار کو اپنے ہاتھ سے ہلاکت کا شربت پِلایا - اور اپنے تئیں اِس سوگ میں ڈالا * غرض شیر نے پشیماني سے نیچے سِر کر لیا - اور ہر دم پریشاني و غمگیني زیادہ ہوتي تھي * دمنہ یہہ احوال اُسکے تیور سے دریافت کرکے - کلیلہ کو چھوڑ - شیر کے پاس گیا اور بولا - باعث فِکر کا کہا ؟ اور وجہ غم کي کونسي چیز ہي ؟ اِسّے اچّھا دِن اور ایسي نیک ساعت کب ہوگي جو بادشاہ فیروزي کے مقام میں خِرامان - اور دُشمن خاک و خون میں غلطان ہو ؟ شیر نے کہا - جب شتربہ کي خدمتگاري کے آداب یاد آتے ہیں دُرست تدبیروں اور دوراندیشیوں کو اُسکي سوچتا ہوں - غم و اندوہ زیادہ ہوتا ہي * سچ کہ وُہ میرے لشکر کا پُشت‌پناہ اور میرا زورِ بازو تھا * دمنہ نے کہا - یے سفتیں جو خود بدولت نے فرمائیں - جب ہي نیک ہیں کہ دِل نوکر کا اِخلاص سے معمور ہو - اور جب وُہ بدخواہي کا خیال کرے خود بدولت کو نہ چاہئے کہ ویسے نمکحرام کے واسطے افسوس کریں - بلکہ اُسکے مارے جانے سے شُکر بجا لاویں اور خوشیاں کریں - اِس فتح‌نامے کو (کہ اقبال کے روزنامے نے اُسّے زینت پائي ہي) خُدا کا فضل جان‌کر بہُت سي خوشي کیجئے * بخشنا بادشاہوں کا اُس شخص کو کہ جسّے بیمِ جان ہو دانِش کے آئین سے باہر ہي - اور مار ڈالنے کے سِوا اُسکي کُچھ صلاح نہیں * اُنگلي جو زیب ہاتھ کي ہي - اگر سانپ اُس میں کاٹے سلامتي ذات کے واسطے کاٹ ڈالیں - اور اُس زخم کو عینِ راحت جانیں * شیر کو اِس بات سے ذرہ تسلّي ہوئي - لیکِن جو مآلِ کار مکّاروں اور بدکاروں کا رُسوائي ہي یہہ غم شیر کي خاطر سے بالکُلّ نگیا - بلکہ روز بروز زیادہ ہونے لگا - اور ہمیشہ دمنہ کے احوال کي جاسوسي میں رہتا تھا یہاں تلک کہ اُسّے بدگُمان ہوا *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

خُلاصہ اِس باب کا یہہ ہي کہ راے دابشلیم نے بیدپاے برہمن سے پوچھا کہ - مضمون پہلي وصیّت کا اُن چودہ وصیّتوں سے جو ہوشنگ کے گنجنامے میں پائي تھیں یہہ تھا کہ بادشاہ اپنے دولتخواہوں کے حقّ میں اگر کوئي نامُناسِب بات سُنے - تو چاہیے کہ جلدي نہ کرے - اور تفتیش اُسکي کئي طریق سے کرکے چُغلخوروں کي بےغرضئ ظاہر پر اِکتِفا نکرے * چاہتا ہوں میں کہ توجّہ کرکے اِس وصیّت کے مُناسِب کوئي ماجرا بیان کیجئے * تب وُہ برہمن قِصّہ شتربہ نام ایک بیل کا - کہ سوداگر نے جِسکو تھکا اور ناکارا سمجھکر جنگل میں چھوڑ دیا تھا - درمیان لایا - کہ ایک شیر وہاں کا بادشاہ تھا - اور بیل کي آواز کبھي اُسنے نہ سُني تھي * جو کان میں اُسکي پہُنچي دِل میں ڈرا - اور چاہتا تھا کہ - اِس جنگل کو چھوڑے * دمنہ نام ایک گیدڑ اِسّے مُطّلِع ہوا - اور چاہا کہ - اُسکے یہاں راہ نکالکر اِس راز کو کھولے اور اُسکے دِل کي تسلّي کرے اور اپني صُحبت گرم * تب وُہ

كليله نام ايك گيدڑ كے پاس ـ جو دوست و همدم اُسكا تها ـ آيا ـ اور شتربه كے پاس جانے كے اِجازت چاهي * كليله نے مهرباني سے كها كه ـ هم اُس گروه سے نهيں جو بادشاهوں كي خِدمت كے لائق هوں ـ اور جو كوئي اپنا طريقه چهوڑے ـ اُسكي حالت وه هو كه اُس بندر كي هوئي جِسنے درودگري جو پيشه STORY V.
اُسكا نتها اِختيار كي ـ اور اِس خيال مَيں اپنے تئيں بر باد كيا * دمنه نے جواب ديا كه ـ منصبِ عالي اور بڑے عُهدوں كي تلاش كي راه مَيں خطرے بهُت هَيں ـ عالي هِمّت كو چاهئے كه خطرے سے انديشه نكرے ـ تو چهره مقصود كا ديكهيگا * كليله بولا ـ منصبِ عالي كي خواهِش اُسي كو مُناسِب هي جو حسب و نسب ركهتا هو ـ اور تو نه بزرگ زاده هي كه عالي نسب هووے ـ نه دانا هي كه حسب دُرُست كر سكے * دمنه نے كها ـ وسيله بُزرگي كا عقل هي كه جو عقل كي هِدايت سے بڑے كاموں كو اِختيار كرے اور مِحنت و مشقّت مَيں راضي هو مقصود كو اپنے پهُنچيگا ـ جيسے STORY VI.
سالِم و غانِم كا قِصّه اِسكي دليل هي ـ كه غانِم دوراندَيشي و مِحنت كشي سے گِرداب مَيں پڑا ـ اور شيرِ سنگين كو كاندهے پر اُٹها ـ پهاڑ پر چڑها ـ بادشاهت كے درجے كو پهُنچا ـ اور سالِم بيوقوفي و كاهِلي كے سبب دولت سے بے نصيب رها * كليله نے كها ـ تو كِس هُنر سے بادشاه كا مُقرّب هوا چاهتا هي ؟ بِالفرض شاه كي نزديكي تُجهے حاصِل هوئي پر جو تو مُلازمت كے آئين سے واقِف نهيں نه ٹهہريگي ـ اُور بهُت سي باتيں بادشاهوں كي تركِ خِدمت مَيں درميان لايا ـ اور دمنه بهي سيانوں كے جواب عقلمندوں كي طرح ديكر ـ رُخصت هو ـ شيركے حُضور آيا اور دانِش كي رهبري سے مُلازمت شير كي اسے حاصِل هوئي ـ اركانِ دولت مَيں داخِل هوا ـ كوئي كام بے صلاح اُسكي اِنصرام كو نه پهُنچتا ـ يهاں تلك كه ايك دِن خلوت پاكر پوچها كه ـ مُدّت سے خودبدولت كو گران خاطِر ديكهتا هوں كه سَير و شِكار اور مُهِمّاتِ مُلكي كي طرف مُتوجّه نهيں هوتے هَيں ـ كيا راز هي ؟ شيرنے اُس آوازِ هولناك كا ذِكر كيا * دمنه نے عرض كي ـ صِرف ايك آواز كا كيا اِعتِبار هي ؟ اُس لومڑي كا قِصّه آپ نے سُنا هوگا STORY VII.
جِسنے بڑي آواز اور بڑے جُثّے پر اِعتِماد كيا ـ آخِر مطلب سے اپنے باز رهي * اگر جهان پناه فرماوَيں ـ تو مَيں جاكر تحقيق خبر لاؤں كه يه آواز كِس كي هي * شيرنے اِجازت دي * ايكدم كے بعد اُس بولنےوالے كي جاسوسي كر خِدمت مَيں حاضِر هو ـ عرض كي كه ـ وه ايك جانور هي جو سِوائے كهانے اور سونے كے كُچهه كام نهيں ركهتا ـ اور هِمّت اُسكي كهانے اور بولنے هي مَيں مصروف هي ـ اُس مَيں كُچهه مَيں نے شُكوه نه پائي * شير كو اگرچه تهوڑي سي تسكين هوئي ـ پر بِالكُلّ انديشه رفع نه هوا * دمنه نے جب جانا كه ـ ميري بات كو تمام سچ نهيں سمجها هي ـ عرض كي كه ـ قِبلهٔ عالم ! اگر فرماوَيں تو مَيں اُسكو خِدمت مَيں لا حاضِر كروں اور خِدمتگاروں كے زُمرے مَيں داخِل * بادشاه كو يه بات پسند آئي اور اُسكے حاضِر كرنے كے اِجازت دي * دمنه نے تهوڑے سے عرصے مَيں اُسكو باتوں مَيں فريب دےكر بادشاه كي بارگاه مَيں لا حاضِر كيا * شتربه كورنِش بجا لايا ـ شير كو بهُت سي خوشي

ہوئي - اور اِسکے عِوض دمنہ پر بے اِنتہا نوازِشیں کیں اور شتربہ کو اپنا مُقرّب کیا - وُہ راست‌بازي کي مدد اور عقل کي یاوري سے سردار مُلک کا ہوا - یہاں تلک کہ شیر نے سپہ‌سالارلشکر کا اُسکو کیا - صلح و مشورت کا مدار اُسي کي بات پر رہنے لگا - چنانچہ دمنہ کو کوئي نہ پوچھتا - پست ہِمّتي کي ہوا سے دمنہ کے حسد کي آگ بھڑکي - کلیلہ کے پاس آن‌کر شتربہ کے پیش ہونے اور اپنے ہیٹھے ٹھہرنے کا احوال بیان کیا اور صلاح پوچھي * کلیلہ بولا - خود کردہ‌را عِلاجے نیست - یہہ تیشہ تو نے آپ اپنے پائو پر مارا ہي - تیرا حال وُہ ہوگا کہ اُس زاہِد کا ہوا جِسنے قناعت چھوڑ بادشاہ کي خِلعت لي - اور مُرید کرنے کي آرزو سے اُس خِلعت کو کھو دیا - گوشے سے نِکل‌کر چوُر کي تلاش میں STORY VIII.
چلا - حِرص کي شامت سے اُسکو راہ میں کِتنے غم درپیش ہوئے * پہلا - نا دانِستہ مکّارہ بُڑھیا کے گھر میں جانا اور مرنا بڑھیا کا اُس زہر سے جو مردِ نادان کے واسطے تیّار کیا تھا - اور مارے دہشت کے وہاں سے بھاگنا * دوسرا - اُس موچي کے یہاں جانا اور ظُلم اُسکا موچِن پر دیکھنا * تیسرا - کاٹنا موچي کا نایِن کي ناک کو اپني جوُرو جانکر اور یار کے پاس سے موچِن کا پھر آنا - اور مکر کرنا اِستجابتِ دُعا پر اور ناک کا دُرُست ہو جانا اور بھولنا موچي کا رنڈي کے مکر پر * چوتھا - نایِن کا مکر خصم کے حق میں ناک کاٹنے کي تُہمت پر * پانچواں - حاضِر ہونا اُس زاہِد کا حاکِم کے محکمے میں جِس وقت بےتقصیر نائي کي ناک کاٹنے کا حُکم کیا * کلیلہ نے کہا - اي دمنہ ! تو نے یہہ رنج و مِحنت آپھي اپنے اوپر لي ہي - میں تو کُچھ اِس کام کي تدبیر نہیں جانتا ہوں - بھلا تو کہا سوچا ہي؟ جواب دیا - میں چاہتا ہوں کہ کوئي ایسا حیلہ اُٹھاؤں - کہ شتربہ کو اُس رُتبے سے گِراؤں - یا اِس مُلک سے نِکالوں - یا مُلکِ عدم کو بھیجوں - غرض جِسطرح ہو سکے اِنتِقام لوں * میں اُس چڑیا STORY IX.
سے کم نہیں - جِسنے سمندر کو وسیلہ کرباشے سے بدلا اپنا لیا - اور اُسکو خان‌مان سمیت جلا دیا * کلیلہ بولا - کِسي کو ستانا خوب نہیں - کہ دُنیا محلِّ مُکافات ہي - اور جو شخص دیدۂ عِبرت‌بین کو کھولے - دست و زبان کو ایذا سے باز رکھّے - جیسے شاہداد کو درپیش ہوا کہ ہمیشہ ہوا STORY X.
و ہوس پر عمل کرتا - اور مظلوموں کو نہ پوچھتا * ایکدِن شِکار کو گیا تھا - دیکھا کہ ایک کُتّے نے کِسي لوہڑي کي تنگڑي چبائي - اور اُسي دوڑ دھوپ میں کِسي پیادے کے ہاتھ کا پتّھر جو کُتّے کے پائو پر لگا - تو ٹوٹ گیا * وُہ پیادہ کئي قدم نہ گیا تھا کہ ایک گھوڑے نے اُسکے لات ماري - اور اُسکا پائو ٹوٹ گیا * اور وہ گھوڑا بھي تھوڑي دور نہ گیا تھا کہ پائو اُسکا کِسي گڑھے میں جاتا رہا - اور ٹوٹ گیا * جب بادشاہ نے یہہ مُعاملہ دیکھا - ظُلم سے باز آیا - اِنصاف و رعیّت‌پروري میں مشغول ہوا * دمنہ نے کہا - میں مظلوم ہوں - نہ ظالِم - اور مظلوم اگر اِنتِقام کي سعي کرے - اُسکي کہا مُکافات ہوگي ؟

کلیله بوْلا - مُےں نے فرض کیا که اِس کام مےں کُچھ اذیّت تُجھے نه پہُنچي - پر اُسکا زوْر و زر تُجھ سے زیاده هي * دمنه نے کہا - مگر تو نے نہیں سُنا هي که ایْک کوّے نے سانْپ سے اپنا بدلا لیا STORY XI. اور اُسکوْ مارا - مُجملاً یہ که ایْک گیدڑ اُسکا دوْست تھا - اُسّے دردِ دِل اپنا بیان کیا اور کہا که - هےْشه مےْرے بچّوں کوْ یہه سانْپ کھا جاتا هي - مےں چاهتا هوں که جب وُه سوْ رهے آنکھےں اُسکي نِکال لوں * گیدڑ نے کہا - زِنهار ایسا کام نکرنا ! نہیں توْ تےْري حالت وُه هوْگي جوْ اُس پن ڈُبّي کي هوئي - جسنے بُڑهاپے کے سبب مچھلي کهانے کے واسطے ایْک حیله ٹهہرایا - STORY XII. اور کےْنکڑے سے کہا که - افسوْس اِس چشمے کي مچھلیوں سے مےْري اوْقات بسر هوْتي تهي ! آج دوْ مچھوے اِدهر سے گُذرے - اور آپسمےں یہه کہتے گئے که - اِس تالاب مےں مچھلیاں بہُت سي هےں - جب فلانے تالاب سے فراغت کر لیں - تب یہاں کي مچھلیاں مارینگے * کےْنکڑے نے اِس بات کي صلاح ماهي خوار سے پوچهي * تب اُسني مکر سے تدبیر بتائي که - فلاني جگهه ایْک تالاب ایسا هي - جوْ کِسي کا گُذر وهاں نہیں هوْتا هي - هر روْز کئي مچھلیاں اپني پیٹه پر لےْکر وهاں پہُنچاؤں - نِدان سب اِس پر راضي هوئیں * وه ماهي خوار مچھلیوں کوْ ایْک کِنارے لےْجاکر کهایا کرتا - یہاں تلک که ایْک دِن کےْنکڑے کوْ لےجاتا تها که نظر اُسکي مچھلیوں کي هڈّیوں پر پڑي - اور مکر سے مُطّلع هوْکر - اُسکي گردن پکڑ لي اور وُونہیں دبوْچ[1] کر مار ڈالا * تب کوّے نے گیدڑ سے کہا که - تو کُچھ تدبیر بتا * بوْلي که - تو اُڑ اور کوْٹهوں کے اوپر جهاں کُچھ زےْور دیْکهے - اُٹها لے - جب سانْپ کي بانبي کے پاس پہُنچے - اُس گهنے کوْ ڈال دے - لُوْگ اُسکي تلاش مےں آن پہُنچینگے - پہلے سانْپ کا کام تمام کرینگے - تب زےْور کوْ اُٹها لینگے * غرض - اي کلیله ! تو نے جانا که جوْ کام زوْر و زر سے نہیں هوْ سکتا هي - اُسکوْ حیلے سے سرنجام کر سکےْ * کلیله نے کہا - شتربه جیسا زوْر و زر مےں تُجھ سے زیاده هي - ویسا هي عقل و دانِش مےں بهي تُجھ پر غالِب * جوْ فریْب تو اُسکے واسطے ٹهہراویْگا - وُه دفعتےه اُسکا کریْگا * جیسے STORY XIII. کوْئي خرگوْش اپني رِهائي کے واسطے چاهتا تها که کِسي لوْمڑي کوْ فریْب دیْکر - بهیڑیے سے تُڑواوے * بهیڑیے کوْ اُسکے گهر کے دروازے پر لےْگیا - آپ اندر جاکر عاجِزي کرنے لگا - اور بوْلا که - کوْئي بُزُرگ تےْري مُلاقات کوْ آیا هي * لوْمڑي نے اپنے گهر مےں ایْک کوا کهوْدکر مُنهه کوْ اُسکے کوڑے سے چهپا دیا تها - اور ایْک مخفي راه بهي تیّار رکّهي تهي که - اگر کوْئي دُشمن مےْرا قصد کرے اِسي راه سے بهاگ جاؤں - اور دُشمن اُسي اندهیرے کوئي مےں گِرکر مر جاے * خرگوْش کي بات کوْ فریْب سمجهکر مِهمان کے آنےْکي اِجازت دي * بهیڑیے اور خرگوْش کا آنا تها - اور کوئے مےں گِرنا - اور خرگوْش کا مارا جانا بهیڑیے کے هاتهه سے اس خیال پر که یہه مکر اُسي کا هي * اي دمنه ! مکر و حیلے کا مآل اچّها نہیں * دمنه نے کہا - اِسپر مےں عمل کرتا - جوْ وُه بےْل مغرور نہوْتا - اور مےْري دُشمني سے

[1] 'To press hard, to nip,' a sense not given in the Dictionaries.

STORY XIV. غافِل نرهتا * نهيں سُنا هي تو نے که ايک خرگوش نے کهونکر شيرِ خونخوار کو مارا - يعنے جانوروں نے اِتّفاق کرکے اپنے جنگل کے شير کے واسطے روز ايک جانور مُقرّر کيا تها * جِس روز خرگوش کي باري آئي - وه مُعتاد کے وقت کو ٹال کر شير کے پاس گيا اور عرض کي - اي جهان پناه ! سرداروں نے بدستور ايک خرگوش ميرے ساتهه بهيجا تها - راه ميں ايک شير مِلا اور مُجهه سے چهين ليا * شير نے غُصّے هوکر کها - اُسکا مکان مُجهے دِکها که اِنتقام لوں * خرگوش اُسکو ايک کوئے پر لےگيا اور کها - جهان پناه ! مُجهه پر دهشت اُسکي غالِب آئي هي - مُجهے بغل ميں لو - تو ميں دُشمن کو دِکها دوں * شير جو مارے بےوقوفي اور گهمنڈ کے اُسکو بغل ميں ليکر کوئے ميں جهانکا - تو اپني پرچهائيں کو دُشمن خيال کر خرگوش کو چهوڑ کوئے ميں جاتا رها اور مرگيا * غرض - اي کليله ! اِس بات سے باز آ - اور ميري ناتواني اور ناداني پر نظر نکر * شتربه کي مستي و غُرور کو ديکهه * جب کليله نے ديکها که وه نصيحت ماننےوالا نهيں هي دست بردار هوا * مکّار دمنه ايک گوشے ميں جا حيله‌سازي ميں مشغول تها - يهاں‌تلک که ايک دِن فُرصت پاکر - شير کي خدمت ميں پهُنچ غمگين کهڑا هوا * شير نے پوچها - تُجهه کو مغموم ديکهتا هوں خير تو هي ؟ بولا - جب شاه کي نيّت بخير هي تو خير هي هوگي * شير نے پوچها - مگر کوئي بات نا مُناسِب سرزد هوئي ؟ دمنه بهُت دير سے کهڑے رهنے کے بعد - اور مکر و فريب ظاهِر کرنے کے پيچهے - شترنه کي قِتنه‌انگيزي کا قِصّه درميان لايا که - وه نمک‌حرام بادشاه سے لڑا چاهتا هي * شير هرچند اِس بات کو باور نه کرتا تها - ليکِن بدبخت دمنه مکر سے باتيں جو بظاهِر سچّي نظر آوين کهتا تها - اور دولتخواه شترنه کو بلا ميں پهنساتا تها * بهُت سي گُفتگو کے بعد شير نے کها - اي دمنه ! جو يه بات سچ هو تو اُسکي تدبير کيا کيجئے ؟ دوراندےشي کرني اور قبل اُسکے که وه فِتنے و فساد مچاوے - سر اُس کا تن سے جُدا کرنا بهتر دِکهلائي دےتا هي - که خِلقت کاموں ميں تين قِسم هي * کوئي تو پےش‌بيني کرکے تدبير کام کي حادِثے کے آگے ٹهراتا هي - اور بعضے اگرچه پےش‌بيني سے محروم هيں پر کام کے وقت نهيں گهبراتے هيں - اور عقل کي هِدايت سے کُچهه تدبير ٹهراتے هيں * کوئي ايسا هي که جب حادِثه آن پڑتا هي گهبراکر تدبير بهول جاتا هي اور حيران هوکر مرتا هي * جيسے ايک تالاب ميں تين مچهليان تهيں * ايکدِن دو مچهوؤں کا گُذر

STORY XV. وهاں هوا - وے آپسميں کهنے لگے که - فجر جال لاکر اِن کو پکڑينگے * مچهليان اِس بات سے واقِف هو فِکر ميں پڑيں * جب رات هوئي تو وه مچهلي جو بڑي چتُر تهي - چالاکي کرکے اُس مُهانے سے جو چشمے ميں لگا تها نِکل بهاگي * تڑکے هي مچهوؤں نے آکر تالاب کے دونوں سِروں کو گهير ليا - مچهلي جو نيم‌عاقِل تهي جب اِس حال سے مُطّلِع هوئي - تو اپنے بچانے سے تاسّف کهاکر مُرده بني * مچهوؤں نے اُسکو مُردار جان نِکال‌کر ميدان ميں ڈال ديا - وه وهيں گِرتي پڑتي چشمے ميں گئي * اور اُس بےوقوف مچهلي کو نه راه بهاگنے کي تهي - نه جگهه رهنے کي - سراسيمه هوکر دام ميں پهنسي اور

43936

ہلاک ہوئي * شیر نے کہا ـ اي دمنہ ! مےري خاطِر مٰیں نہیں آتا ہي کہ شتربہ مےرے ساتھ یہہ کام کرے ـ مٰیں نے کِس کِس طرح اُسے تربیت نہیں کیا ہي ـ اور وُہ دانا ہي کہونکر نمک‌حرامي کرےگا ؟

STORY XVI. دمنہ بولا ـ بادشاہ معلوم کرٰیں کہ کم اصل بدذات سے ہرگز راستي نہیں ہوتي ـ جےسے ایک کچھوے کو بچّھو سے دوستي تھي ـ اور اُسکو سفر مٰیں اپنے اوپر سوار کر دریا پار اُتارتا تھا ـ اِس مٰیں نےش مارنے لگا * کچھوے نے پوچھا ـ یہہ کیا دُشمني ہي جو تو کرتا ہي ؟ کہا ـ دُشمني نہیں ـ مےري سرِشت ہي ایسي ہي * تب کچھوے نے بھي غوطہ مارا ـ اور اُسکو اپني پیٹھ سے جُدا کیا اور کہا ـ مٰیں بھي اپني طبیعت سے نا چار ہوں * پھر یاروں سے کہا کرتا کہ ـ کمینے اور نا اہل کو پالنا اپني حُرمت کھوني ہي * غرض بہُت سے مکر و بُھلاوے کے بعد شیر سے کہا ـ جہان‌پناہ ! اگر مےري بات کو باور نہیں فرماتے ہٰیں ـ تو جِس وقت شتربہ حُضور مٰیں حاضِر ہو اُسکے تےور سے اور حرکتوں سے جو کبھي اُس نے نہیں کي ہٰیں آپ سمجھےنگے کہ اِسے کیا خیال ہي * جب اِن باتوں سے شیر کو بُھلاوا دیا رُخصت ہوکر شتربہ کي خبر لےنے کو چلا ـ کہ اُسکو بھي مکر و حیلے سے گھبرا دیوے ـ وہاں جاکر غمگین ہو سلام کیا * شتربہ نے بعد تعظیم و تواضُع کے سبب ملال کا پوچھا * کہا ـ مٰیں اُس گُروہ سے نہیں جو اپنے واسطے غمگین ہوں ـ ہرچند کِنارہ کرتا ہوں دوستوں کا غم دامنگیر ہوتا ہي * بادشاہ تےرے حق مٰیں بدي کا خیال کرکے تُجھے ہلاک کیا چاہتا ہي ـ اِسلئے آیا ہوں کہ دوستي کا حق بجا لاؤں ـ اور تُجھے خبر دوں کہ تو اپنے کام کي کُچھ فِکر کرے * شتربہ نے اِس بات کو باور نکیا اور کہا ـ اي دمنہ ! دِل مےرا بادشاہ کے اِخلاص سے معمور ہي اور اُسنے مےرے حق مٰیں رعایتٰیں کیں ـ نوازِشٰیں فرمائیں ـ مٰیں نے بھي اُسکي خِدمتٰیں بہُت کي ہٰیں ـ اگر کِسي نے مےرے حق مٰیں کُچھ جھوٹھ بات کہي ہوگي ـ البتہ وُہ پےروي و تحقیق کرےگا اور مُفتریوں کو تنبیہ فرماوےگا * دمنہ نے

STORY XVII. کہا ـ فقط اِس خیال پر راہ چارہ سازي کي بند نکر سکٰیے * نہیں سُنا ہي تونے کہ ایک بط چانڈ کو پاني کے اندر دےکھ ـ مچھلي سمجھي ؟ اور اُسکے پکڑنے کي فِکر کي ؟ آخِر مارے بھوکھ کے مرگئي ؟ بارے بہُت سے قِصّے کے بعد شتربہ کا دِل پھر گیا اور بولا ـ بُزُرگوں نے سچ کہا ہي کہ ـ بادشاہوں کي نزدیکي مٰیں خطرے بہُت ہٰیں ـ کیونکہ اِنھوں کو بہُتےري فِکرٰیں اور خیالات ہٰیں * ہر چیز کي خبر نہیں لے سکتے ہٰیں اور ناتواں‌بین و فِتنہ‌انگیز بہُت ہٰیں ـ البتہ وے فساد برپا کرٰینگے کہ جِسکا عِلاج نہ ہو سکے * جو کہ بادشاہوں کي نزدیکي چاہے ـ یقین ہي کہ اُنکي سیاست سے مُطّلِع

STORY XVIII. نہوگا ـ جےسے کوئي باز ایک خانگي مُرغ پر بےوفائي کے طعنے مارتا تھا کہ باوصف اِسکے کہ ـ آدمي ہر روز تےرے آب و دانے کي سر براہي کرتے ہٰیں ـ اور جب تُجھے بُلاتے ہٰیں کوٹھے کوٹھے بھاگتا پھرتا ہي ـ اور مٰیں جو وحشي ہوں ذرہ لُطف کے سبب جو مےرے اوپر کرٰیں پھر اُنسے بھاگتا نہیں * مُرغ نے جواب دیا ـ سبب اِسکا یہہ ہي کہ تونے کبھي اپنے کِسي یار کو سیخ پر

کباب ہوتے نہیں دیکھا هي * دمنہ نے کہا - اي شتربہ ! دير ہوتي هي کُچھ فِکر اپني کر * اُسنے بہُت سي گُفتگو کے بعد کہا کہ - اگر نصيب کا بدا يہي هي کہا تدبير ٹھہراؤں؟ نہيں سُنا هي تو نے کہ ايک بُلبُل جو گُل کو توڑکر دام مےں پھنسي تھي - باغبان سے کہتي تھي کہ - مےں ايک گُل STORY XIX. کو توڑکر اِس حالت مےں پڑي - تو جو ايک دِل کو ستاتا هي - تيرا کيا حال ہوگا ؟ باغبان کا دِل جلا اور بُلبُل کو آزاد کر ديا * اِس اِحسان کے بدلے بولي کہ - اِس درخت کے نيچے اشرفياں هےں - زمين کھودکر نِکال لے * باغبان نے يونہيں کيا - اور کامياب ہوکر بُلبُل سے کہا - تو زمين کے نيچے اشرفياں ديکھتي هي - زمين کے اوپر دام کو کيوں نہ ديکھا؟ بولي - جب قضا آوے ديدۂ دانِش کور ہو جاوے * اي دمنہ ! اگرچہ تقديرِ اِلٰہي اور تيرے دم نے مےرے تئيں شےر کے دام پھنسايا - پر اصل يہہ هي کہ زيادہ‌طلبي نے مےرا يہہ حال کيا - جيسے اُس شِکاري کي STORY XX. حالت هوئي جِسنے لومڑي کے گِرنے کے لئے کوا کھودا تھا * وہ بسبب اِسکے کہ دوراندےشي شےوہ اُسکا هي وهاں نگئي - اور ايک چيتا مُردار کي بو پر کوئے مےں گِرا - اور شِکاري نے اُسکو لومڑي جان‌کر - اپني تئيں کوئے مےں ڈال ديا - وونہيں چيتے نے اُسے پھاڑا * دمنہ نے کہا - بہر حال دانا کو چارہ‌سازي و توکّل بہتر هي اِسسے کہ راہ چارہ‌سازي کي بند کرے اور دروازہ کاہِلي کا کھولے * شتربہ نے کہا - مےں جانتا هوں کہ کُي بدذات کم اصل و کوتاہ‌بين شےر کے يہاں راہ پاکر مےري ذِلّت و خرابي کے در پے هےں - اور جب ايک گروہ يکدِل و مُتّفِق ہوکر کوئي کام اِختيار کرے - تو تدبير کي جگہہ نہيں رهتي هي - جيسے کوّے گيدڑ اور بھيڑيے نے مُتّفِق ہوکر اونٹھ کو شےر کا طُعمہ کروا ديا * دمنہ STORY XXI. نے کہا - بہر طور کوئي فِکر معقول کيا چاهيے اور کُچھ تدبير ٹھہرائے * جوات ديا کہ - بِواے لڑائي کے مےں کوئي تدبير نہيں جانتا هوں - اور مُستعِدّ لڑنے کے هوں * دمنہ نے کہا - لڑنا بےوقوفي هي - اور دُشمن کو حقير نہ جانيے - جيسے وکيلِ دريا طےطوي کو حقير سمجھکر بچّے اُسکے STORY XXII. لےگيا - آخر وہ ياروں کي مدد سے سيمُرغ کو اِنتِقام پر لايا - تب وکيلِ دريا نے پشےمان ہوکر بچّے پھےر ديے *[1] اگر تو مےري نصيحت پر عمل نکرے - تو جيسے طےطوي کا نر مادہ کي بات نہ سُنکر پشےمان هوا تُجھے بھي ندامت ہوگي * کہا - وہ کيونکر هي؟ بولا کہ - طےطوي کا ايک جوڑا دريا کے کِنارے رهتا تھا - جب وقت انڈے دينے کا آيا - نر سے کہا - کوئي جگہہ امن کي ڈھونڈھ کہ انڈے دوں * جب اُن نے مادہ کي بات نہ مانے - آخِر کو اُسنے کہا کہ - تيرا حال اُس کچھوے کے مانند نظر آتا هي جو چُپ رهنے کي شرط کرکے بطوں کے ساتھ چلا تھا - آخِر STORY XXIII. اُنکي بات پر عمل نہ کيا - بولنا تھا کہ نيچے گِر پڑا * شتربہ نے کہا - مےں لڑنے مےں پہل

[1] The original has here دمنہ نے کہا *Damnah ne kahá*, but as these words have already preceded his speech, and that speech is yet unfinished, I have omitted them here.

نہ کرونگا ــ پر تیّار رہونگا ــ اگر شےر مےري خِدمت کے حُقوق لِحاظ نکرے ــ اور اہلِ غرضوں کے کہنے سے مےرا اِرادہ کرے ــ تو مےں بھي ہاتھ پاٗنو ہِلاؤنگا ــ اور نامردي سے مارا نہ جاؤنگا * دمنہ نے کہا ــ جِسوقت دےکھو کہ شےر گونجتا ہي ــ اور دُم زمین پر دے مارتا ہي ــ جانیو کہ تُمھارا قصد رکھتا ہي * شتربہ بولا ــ خوب کہا تو نے اور اچّھا نِشان بتایا * غرض دمنہ نے شےر اور شتربہ سے خاطِرجمع کر ــ کلیلہ کے پاس جا ــ ماجرا بیان کیا اور دونوں یار باہم شےر کے حُضور گئے * اُدھر سے شتربہ بھي شےر کي مُلاقات کو آیا ــ وُہ مارے غُصّے کے دھاڑتا تھا ــ اور دُم زمین پر مارتا تھا ــ ڈر کے مارے شتربہ کے مُنہہ پر ہوائیاں چُھٹنے لگیں ــ گھڑي گھڑي دھنے بائیں تکنے لگا اور بےجا حرکتیں کرنے * جب ہر ایک کے مُقرّري بتائے ہوئے پتے ظاہِر ہوئے ــ شےر نے کمال غضب سے اُسپر حملہ کیا اور لڑائي کي آگ بھڑکي * کلیلہ یہہ احوال دےکھکر ــ دمنہ کو جِھڑکنے لگا ــ اور اُسکے عےب کا دفتر کھولا کہ ــ مےں جانتا ہوں تےرے تئیں مےري نصیحت فائدہ نہ کریگي ــ تےرا قِصّہ اُس جانور اور بندر کے مانند ہي ــ STORY XXIV.
اور مےرا حال اُس مرد کا سا کہ اُس جانور کو نصیحت کرتا تھا ــ اُسنے نہ مانی اور اپنے تئیں بندر کے چُنگل مےں ڈال ہلاک کروایا ــ لےکِن اي دمنہ ! تو یقین جانیو کہ آخِر کارِ فرےب کا ذِلّت و رُسوائي ہي ــ جےسے تےزہوش نے خُرّم دِل سے کیا سلوک کیا ــ اور کیا ثمرہ پایا ــ STORY XXV.
اور باپ کي نصیحت نہ مانی * قِصّہ مےنڈک سانپ اور نیولے کا جو اُسکے سمجھانے کے STORY XXVI.
واسطے کہا تھا باور نکیا ــ دےکھا تو نے کہ خاص و عام مےں رُسوا ہوا ؟ دمنہ نے کہا ــ اگر شےر کي مُلازمت ترک کروں ــ اور تےرے ساتھ گوشے مےں بےٹھہ عُمر کاٹوں ــ تو کےسا ہي ؟ کلیلہ بولا ــ استغفراللہ ! کہ مےں تےري رِفاقت کروں ــ کیونکہ باغبان کو ریچھ کي دوستي سے کیا STORY XXVII.
حاصل ہوا ؟ جو مُجھے تےري رِفاقت سے ہوگا * دمنہ نے کہا ــ اگرچہ مےں تےرے حُضور ناچیز ہوں ــ پر اِتنا نہیں کہ تو مُجھے ریچھ سے تشبیہ دےوے * کلیلہ نے کہا ــ تو سچ کہتا ہي ــ لےکن غرض نے تےرے دیدۂ دانِش کي بصارت کھوئي ــ اور حال تےرا اُس سوداگر کے مانند ہي STORY XXVIII.
جِسنے کہا تھا کہ ــ جِس شہر کا چوہا سو من لوہا کھا سکے ــ کیا تعجّب ہي کہ وہاں کا چوہےمار ایک لڑکے کو لے اُڑے ؟ جب بات یہاں تلک پہُنچي ــ شےر شتربہ کا کام تمام کرکے مُتامّل تھا ــ اور اپنے کئے سے پشےمان اور شتربہ کي جُدائي سے پرےشان ہوتا تھا * دمنہ کلیلہ سے جُدا ہوا ــ اور مکر پھےلانے کے لئے شےر کے نزدیک گیا ــ جو کام مُفسِدوں کا رُسوائي ہي آخِر وُہ رُسوا ہوا ــ چنانچہ بیان اُسکا چوتھے باب مےں کیا جایگا *

خُلاصے کا خُلاصہ یہہ ہي کہ شتربہ جو شےر کي بارگاہ کے مُقرّبانِ خاص سے تھا اور شےر اُسکو دولتخواہ جانتا تھا ــ دمنہ کے مکر و فرےب سے نوبت یہاں تلک پہُنچي کہ شےر نے شتربہ کو اپنے ہاتھ سے مار

ڈالا ۔ اور عُمر افسوس میں کاٹي ۔ اگرچه مُفسِد دمنه بهي سزا کو پہُنچا ۔ پر شیر کي خاطِر سے تاسُّف و حسرت نه گئي * پس پادشاهوں کو که اکثر اُمورِ مُلکي میں مشغول رهتے هیں لازِم هي که اپنے تئیں جلدي سے باز رکھیں اور بهلا بُرا جو اُن تلک پہُنچے کئي بار مشورت سے اُن لوگوں کي جِنکو دولتخواه جانیں جُدا جُدا کر اِمتِحان کریں ۔ کیونکه اکثر بدخواه خیرخواهي کے پردے میں دولتخواهوں کے حاسِد هوتے هیں *

چوتھا باب

بدکاروں کے سزا پانے اور اُن کي عاقبت خراب ہونے میں

CHAP. IV.—On the punishment of evil-doers, and their disastrous end.

رائے دابشلیم نے بیدپائے برہمن سے کہا کہ ۔ مَیں نے فائدہ اُٹھایا اُس چُغلخور کے قصّے سے جسنے مکر و فریب مَیں اپنے خُداوندِ نِعمت کو مُروّت کے طریقے سے پھراکر بیوفائي و بدعہدي مَیں مشہور کیا ۔ اور اُسکي فریبآمیز باتیں شیر کو اِس بات پر لائیں کہ اُسنے اپني دولت کي جڑ کھودنے کي سعي کي * اب بیان کیجئے کہ مآلِ کار دمنہ کا کیا ہوا؟ اور کہئے کہ شیر کیونکر سوچا؟ جب دمنہ سے بد گُمان ہوا ۔ تو اُسنے کیا سلوک کیا؟ اور جب اُس کا مکر ثابت ہوا حالت اُسکي کیا ہوئي؟ حکیم نے فرمایا کہ ۔ مُقتضیٰ دوربیني کا یہہ ہي کہ بادشاہ بات کے سُنتے ہي جلدي نہ کریں ۔ جب تلک کوئي دلیلِ واضح نپاویں اِس معاملے مَیں کُچھ حُکم نکریں ۔ اور جب اہلِ غرض کي بات مقبول ہوئي اور کوئي نامُناسِب کام وُقوع مَیں آیا عِلاج اُس کا یہہ ہي ۔ کہ چُغلخور و مُفتَري کو ایسي سزا دے کہ اوروں کو عِبرت ہو جاے ۔ اِس سزا کے ڈر سے پھر کوئي ایسا کام نکر سکے ۔ جیسے شیر نے دمنہ کے فریب سے مُطّلع ہوکر ۔ اُسے ایسي سزا دي کہ اوروں کو عِبرت ہو گئي * حقیقت اُسکي یہہ ہي کہ جب شیرنے شتربہ کا کام تمام کیا ۔ اُسکي اچھي خِدمتیں یاد کرکے غمگین ہوا ۔ اور اپني جلدي پر کہ اِس کام مَیں کي تھي پشیمان ہو مُتفکّر رہتا تھا * اُسکي غمگیني سے اُس جنگل کے تمام جانوروں کا احوال تباہ تھا * ایک شب کِسي چیتے نے فُرصت پاکر اُسے عرض کِي کہ ۔ جہانپناہ! جو کام ہاتھ سے جاتا رہا ہو ۔ اُسکي فِکر سے سودا ہوتا ہي ۔ اور جو ایسي چیز کي سعي کرے کہ وہ ہاتھ لگنےوالي نہیں ہرگز مطلب کو نہ پہنچیگا ۔ بلکہ جو کُچھ حاصِل ہوا ہو اُسے بھي کھو دیگا ۔ جیسے اُس لومڑي نے مُرغ کے پکڑنے کي آرزو کي ۔ آخِر وہ پوست جسّے اُسے قوّت تھي گنوایا * شیرنے پوچھا ۔ وہ کیونکر ہي؟

حِکایت ۱

THE STORY OF THE HUNGRY FOX.

چیتے نے کہا ۔ نقل ہي کہ ایک بھوکھي لومڑي خوراک کي تلاش مَیں اپني ماند سے نِکل ۔ اِدھر اُدھر دوڑتي پھرتي تھي * اچانک ایک بَو (جسّے اُسکي روح خوش ہووے) ناک مَیں آئي ۔ اور اُس طرف دوڑي ۔ تو ایک ٹُکڑا تازہ چمڑے کا پڑا پایا کہ کوئي دَرِند اُسکا گوشت کھاکر صِرف چمڑا چھوڑ گیا تھا * اُسکي آنکھیں اُس چمڑے کے دیکھتے ہي روشن

middle

هوئيں - اور تن بدن ميں قوت آئي * اُسکو ليکر چلي تھي که اثنائے راہ ميں گُذر اُسکا ايک بستي کے
sagacious
کِنارے هوا - ديکھا که موٹے تازے مُرغ ميدان ميں چُگتے هيں * زيرک نام ايک غُلام اُن کي نِگهباني
کرتا هي * لؤمڑي کو مُرغ کے گوشت کي خواهِش هوئي اور اُس چمڑے کے ٹُکڑے کو بھول گئي * اِس
sister, paternal aunt -
ميں ايک گيدڑ آ پہُنچا * پوچھا که - اي بُوّا ! کہا حادِثه بڑا هي که تو غمگين نظر آتي هي ؟ کہا -
اي بھائي ! ميں بہُت بھوکھي هوں - خُدا نے يهي ٹُکڑا مُجھے بخشا هي - اِس لئے يہ آرزو هي که
aim, embrace -
اِن مُرغوں ميں سے ايک کو پکڑ لوں اور چين سے آج کا دِن کاٹوں * وہ بولا - يہ خيال مُحال هي -
ميں مُدّتوں سے اِنهوں کي گھات ميں رهتا هوں - پر وہ هُشيار چھوکرا جو نظر آتا هي نِگهباني ميں
اسطرح مُستعِد هي که کبھي ميرا مطلب بر نہيں آيا * صِرف خيال پر خوش رها کرتا هوں اور اِسي
spirited / (1) bold } ambitious
آرزو ميں رات دِن گُذر جاتے هيں * تو نے جو يہ تازه چمڑا پايا هي - اِسکو غنيمت جان - اور اِس
(2) information, permission
خيال سے باز آ * لؤمڑي بولي - اي بھائي ! مُجھے ميري بُلند همّتي (1) اِجازت (2) نہيں ديتي هي که ايک
(contentment / abstinence)
پيمزه پوست پر قِناعت کروں - اور تازے گوشت کي لذّت سے دِل اُٹھاؤں * اُسنے کہا - اي خام
طمع ! تو نے حِرص کا نام هِمّتِ عالي رکّھا - اور تو نہيں جانتي هي که آرام قناعت ميں هي * ميں
ڈرتا هوں که اِس طمع سے که تُجھ ميں هي يہ ٹُکڑا بھي تيرے هاتھ سے جاتا رهے اور ايکبارگي تو مر
جاوے * تيرا قِصّه اُس گدھے کے مانند هي جِسکو دُم کي تلاش تھي - آخرکان بھي کھوئے * لؤمڑي نے
پوچھا - وہ کيونکر هي ؟

حِکايت ۲

THE STORY OF THE ASS WHO LOST HIS TAIL AND EARS.

flesh - meat, sirloin -

گيدڑ نے کہا - ايک گدھا جسکے (1) دُم نہ تھي غمگين هوکر دُم کي تلاش ميں دوڑتا پھرتا
تھا که گُذر اُسکا ايک کھيت پر هوا * کِسان نے جو دور سے ديکھا تو لپکا اور دونوں
کان اُسکے چُھري سے کاٹ لئے * بيچارہ گدھا دُم کي آرزو رکھتا تھا - آخِر اُسنے دُم
bad, (3) after all -
نپائي اور دونوں کان بھي کھوئے * سچ هي که جو اپني حدّ (1) سے باهر پاؤں نِکالے نِدان (2) سزا اُسکي يهي هي *

brett, prime .

لؤمڑي نے مارے حِرص کے اُسکي بات نسُني اور کہا - تو کھڑا تماشا ديکھ که ميں کيونکر مُرغ
کو پکڑتي هوں * يہ کہکر مُرغوں کي طرف چلي اور اُس پوست کو وهيں چھوڑ گئي * گيدڑ نے جب
nicke .
ديکھا که - ميري نصيحت مُفيد نہ هوئي - اپني ماند کي طرف چلا * اُسميں ايک چيل اُڑي جاتي
تھي - نظر اُسکي جو چمڑے پر پڑي تو اُسکو مُردہ جانور جانکر - خوشي خوشي اُتر چنگُل مار
ليگئي * لؤمڑي مُرغوں تلک نہ پہُنچي تھي که اُس چھوکرے نے گھات کي جگہ سے نِکل کر - اُسکي

(1) Understand پاس *pás*, or some such post-position.

طرف سونتا پھینک مارا اور پانو اُسکا ٹوٹ گیا * لومڑي جان کے ڈر سے مُرغوں کي خواہش چھوڑ چمڑے کي طرف مُتوجّہ ہوئي * جب وُہ بھي نپایا زمین پر سر یہاں تلک پٹکا کہ مغز بھنّا گیا اور کُچھ فائدہ نہوا *

غرض اِس قِصّے سے یہہ ھي کہ خودبدولت ارکانِ دولت میں سے ایک کو اپنے ھاتھ مارکر باقیوں کے حال پر مُلتفِت نہیں ھوتے ھیں — آپ نے چشمِ عِنایت مُقرّبوں اور سپہ‌سالاروں کے حال پر سے اُٹھا لي ھي — شتربہ مارا گیا — پھر کِسي طرح ھاتھ نہ آئیگا — ایسا نہو کہ آپ کي بے اِلتفاتي سے قدیم خِدمتگار مُلازمت کو تَرک کریں * شیر نے بہُت تامّل کے بعد فرمایا کہ — یہہ بات خیرخواھي کے رو سے ھي — پر مُجھے یہہ گُمان ھي کہ شتربہ کے حقّ میں مُجھ سے خطا ھوئي — یقین ھي کہ میري بیکلي اِسي لیے ھي * چیتے نے عرض کي کہ — غم و اندوہ سے کبا حاصِل ؟ تحقیق کیجئے شتربہ کي جو باتیں سَمعِ مُبارک میں پہنچي تھیں — اگر سچ تھیں — تو اُسنے سزا پائي — خُدا کي درگاہ میں شُکر بجا لائے — اور اگر کِسي نے اُسپر تُہمت کي ھو — تو چُغلخور کو سیاسب کیجئے * شیر نے فرمایا — تو وزیرُ المَمالک ھي — اور میں تُجھے مُعتَمَد جانتا ھوں — کارداني و دانِش سے اِس بات کو تحقیق کر — اور مُجھے گِردابِ غم سے نِکال * چیتے نے کہا — بندہ جلد حقیقت دریافت کرکے عرض کریگا * شیر کو اِس وعدے پر ذرّہ تسلّي ھوئي * چیتا تَرکے ھي اُٹھکر رُخصت ھو — گھر کي طرف چلا * قضارا اُسکا گُذر کلیلہ دمنہ کے مکان کي طرف سے ھوا * دیکھتا کبا ھي ؟ کہ وے دونوں آپسمیں یہي گُفتگو کر رھے ھیں * چیتا پہلے دمنہ سے بدگُمان تھا — اِس گُفتگو سے اسکے دِل کا دغدغہ زیادہ ھوا * آگے آیا اور دیوار کے پیچھے چھپکر — جو کان لگائے — تو سُنا کہ کلیلہ کہتا ھي — اي دمنہ ! تو نے خلل عظیم برپا کیا کہ بادشاہ سے عہد-شِکني کروائي اور فِتنے کي آگ بھڑکائي — مَیں ڈرتا ھوں کہ اُسکا وَبال تُجھ پر پڑے — اور تو بلا میں گرفتار ھو * خُدا نخواستہ جو اُس جنگل کے رھنےوالے اِس بات سے مُطّلع ھوویں — تو نہ کِسي کے پاس تیرا عُذر مقبول ھوگا — نہ کوئي تیري مخلصي کي فِکر کریگا — بلکہ تیرے قتل پر مُتّفِق ھو جائینگے * خیر ! اب مُجھے نہیں لائِق ھي کہ تیرا ساتھ دوں * یہاں سے اُٹھ اور کوئي یار اپنا دیکھ لے * دمنہ نے جواب دیا — اي عزیز ! جُدائي کي بات زبان پر نہ لا — مُجھے اپنے یہاں سے مت نِکال — اور شتربہ کے مُقدّمے میں اِسّے زیادہ لعنت مَلامت مُجھ پر نکر — کہ جو کام ھاتھ سے جاتا رھے — اُسے یاد کرنا موجِب غم و اندوہ کا ھي * اور جو کام اِصلاح پذیر نہو — اُسکي تدبیر کا خیال مُحال ھي * یہہ خیال چھوڑ — اور خوش رہ کہ دُشمن پایمال ھوا — دِل کي آرزو بر آئي * کلیلہ بولا — باوصف اِسکے کہ تو نے بدخواھي کي — اور اپنے خُداوندِ نِعمت سے جھوٹھ کہا — بیمروّتیاں کیں — تب بھي اُمّیدوارِ رَفاھیت کا ھي اور آرزو کرتا ھي کہ چین سے اوقات کاٹے * دمنہ نے کہا — نہ یہہ ھي کہ

مکر و حیلہ کے انجامِ بد سے میں بیخبر تھا ۔ اور چُغلخوری خودغرضی کي بُرائي مُجھ سے چھپي تھي ۔ بلکہ خواہشِ جاہ اور غلبۂ حسد کے سبب مُجھ سے یہہ کام صادِر ہوا ۔ اب کُچھ چارہ نہیں اپنے کئے سے پچھتاتا ہوں ۔ تو مُجھے اپني صُحبت سے جُدا نکر ۔ کہ نہایت درماندہ ہوں * چیتا یہہ گُفتگو سُنکر سوچا کہ ۔ اگر اِس بات کو شیر کي خِدمت میں پہُنچاؤں ۔ مبادا وہ میرے تئیں اِس کام میں اہلِ غرض سمجھے ! بہترھي کہ یہہ حقیقت شیر کي ما کو سُناؤں کہ وُہ اِسکي تدبیر کرے * آخِر وہاں جاکر کہا کہ ۔ ایک راز ھي بشرطے کہ فاش نہ ہو میں خدمت میں عرض کرتا ہوں * غرض عہد و پیمان کے بعد کلیلہ دمنہ کي جو باتیں سُني تھیں تمام کہیں * شیر کي ما مُتحیّر ہوئي ۔ دوسرے دِن جب شیر کو دیکھنے آئي ۔ اندیشمند پاکر بولي ۔ بیٹا ! باعِث اِس حَسرت و اندیشے کا کیا ھي ؟ شیر نے کہا ۔ سِوائے اِسکے کُچھ نہیں کہ شتربہ کے مارے جانے اور اُسکي دوستي کے یاد آنے سے ملول ہوں ۔ بہُتیرا چاھتا ہوں ہرگز وُہ میرے دِل سے نہیں بھولتا ھي * جب کِسي مُلکي مشورت میں تامّل کرتا ہوں ۔ اور مُحتاج مُخلِص دانا اور ناصح مہربان اور وفادار چاکر کا ہوتا ہوں ۔ وونہیں شتربہ کا خیال جي میں آ جاتا ھي * وُہ بولي ۔ شاہ کے دِل کے برابر کوئي گواہ نہیں ھي ۔ اِن باتوں سے یہہ معلوم ہوتا ھي کہ تُمھارا دِل شتربہ کي بیگُناھي پر گواہ ھي ۔ اور کِسي اہلِ غرض نے احوال اُسکا بر خِلاف ظاہِر کیا ہوگا ۔ اگر اُسکي باتیں خوب سوچي جاتیں تو یہہ پشیماني تُمکو نہوتي * شیر نے کہا ۔ اي ما ! سچ ھي کہ میں نے پہلے اِس کام میں تامّل نکیا ۔ اب ناچار ہوں اور اِس قباحت میں گرفتار کہ تمام مُلازموں نے ھمیں تیرِ ملامت کا نِشانہ کیا اور بدعہد و ظالم ٹھہرایا * میں جِتنا جہد کرتا ہوں کہ شتربہ کي کوئي تقصیر ثابت ہو ۔ تا اُسکے قتل میں سُبھوں کے نزدیک جاے عُذر ہو ۔ اور دوست دُشمن کے طعنوں سے چھوٹوں ۔ پر کوئي صورت بن نہیں پڑتي ۔ بلکہ جِتني فِکر کرتا ہوں میرے گُمان میں اُسکي نیکي ثابت ہوتي ھي ۔ اور غم میرا اُسکي ھلاکت کے سبب بڑھتا ھي * بیچارہ شتربہ دانِش و وَجاھت میں موصوف تھا ۔ مُحال ھي کہ ایسا میري بدي کا خیال کرتا ۔ اور میں نے بھي اُسکے حال پر شفقت و مہرباني میں کمي نکي تھي کہ موجِب دُشمني کا ہوتا * غرض میں چاھتا ہوں کہ اِس بات کي تحقیق میں کمال سَعي بجا لاؤں ۔ اگرچہ چارہ پذیر نہیں ھي ۔ پر شاید اِتنا ہو کہ چُغلخور مُفتري سزا پاویں ۔ اور میرا عُذر سبھوں کے نزدیک مقبول ہووے * اگر اِس مامَلے میں آپ نے کُچھ سُنا ہو ۔ تو مُجھے مطّلع کیجئے * شیر کي ما نے کہا ۔ میں نے ایک بات سُني ھي ۔ پر کہہ نہیں سکتي ۔ کیونکہ تُمھارے مُقربوں میں سے ایک نے اِس بھید کے چھپانے میں اِحتیاط کي ھي ۔ اور تُم جانتے ہو کہ اِظہارِ راز موجِب خرابي کا ھي * شیر نے جواب دیا کہ ۔ داناؤں نے ھر ایک راز کے چھپانے کو نہیں فرمایا ھي ۔ بہُتیرے راز ایسے ھیں کہ اِظہار اُنکا عین صلاح ھي ۔ مثلاً اگر کوئي کِسیکو ناحقّ قتل کیا چاھے ۔ اور یہہ بھید کِسي سے کہے ۔ تو اُسکي کمال دانِش ھي کہ ظاہِر کرے

distant, remote, surprising * completion

تاکہ ایک جان ہلاکت سے رِہائي پاوے * اور کُچھ بَعِید نہیں کہ جسنے آپ کو یہہ خبر پہُنچائي ہي - اُسے مقصود① یہہ ہي کہ اپنے تئیں بیچ سے صاف نِکال لے - اور تُمھاري معرفت② یہہ کام اِنصرام کو پہُنچاوے - یا مُجھ سے ڈرتا ہي - اِس لئے آپ کو اِظہارِ راز کا وَسیلہ کیا ہي * اُمّیدوار ہوں کہ جو بات ہو مُجھے اِطّلاع فرماویں اور جو کُچھ نصیحت و مہرباني کا حقّ ہو ظاہِر کریں * وہ بولي کہ - تُمنے جو کُچھ کہا سچ ہي - پر اِظہارِ راز میں دو بڑے عیب ہیں * ایک - دُشمني اُس شخص کي جِسنے

① determined ② knowledge based by means of

effect, cause, support

informing

trustworthy

مُعتَمَد جانکر محرمِ راز کیا * دوسرا - بد گُماني اوروں کي - کہ جب کوئي غَمّازي میں مشہور ہو - کبھي کوئي اُسّے بھید نہ کہیگا - دوستوں کي نظروں میں ہیچا① ٹھہریگا② - اور دُشمن اُسپر طعنے مارینگے * داناؤں نے کہا ہي کہ - اگر اپنا سِر بچایا چاہے تو کِسیکا بھید نہ کہہ * شاید تُم نے قِصّہ اُس رِکابدار کا نہیں سُنا ہي - جِسنے بادشاہ کا بھید کہا تھا - اور انجامِ کار اُسکا رُسوائي و ہلاکت ہوئي ؟ شیر نے پوچھا - وہ کیونکر ہي ؟

① coward ② stupid, bad determined

high, plate, stirrup

حِکایت ۳

THE STORY OF THE EQUERRY WHO REVEALED THE KING'S SECRET.

① little ② abject, base ③ below, low

اُسکي ما نے کہا - اگلے دِنوں میں ایک حاکِم تھا کہ دُنیا کي مستي کے سبب عقلمندوں سے صُحبت کم رکھتا تھا - اور کمینے پَسَت-ہِمّت خوشامد و چاپلوسي سے

flattery

اُسکے یہاں پیش ہوئے تھے * اُنمیں سے ایک کمینہ رِکابدار اُسکا مُعتمد ہوا تھا * ایکدِن حاکِم شِکار کو گیا - جِسوقت نزدیک تھا کہ تیِرے پہُنچے رِکابدار سے کہا - میں چاہتا ہوں کہ تیِرے ساتھ گھوڑا دوڑاؤں - اور مُدّت سے یہي آرزو ہي کہ معلوم کروں کہ میرے مُشکي گھوڑے کي

squint-eyed

dark bay

دوڑ اچھي ہي یا اُس نُقرے کي جِسپر تو سوار ہي * رِکابدار نے حسبُ الحُکم حاکِم کے گھوڑا پھینکا * حاکِم نے بھي اپنے تیز رَو گھوڑے کي باگ اُٹھائي یہاں تلک کہ دونوں شِکارگاہ سے دور نِکل گئے * بادشاہ نے رِکاب دُباکر باگ لي اور کہا - اي رِکابدار ! میري غرض گھوڑے دوڑانے سے یہہ تھي کہ ایک فِکر میري خاطِر میں گُذري تھي - اِس بہانے سے خلوت کي تا کہ وہ راز مُجھ سے کہوں - دیکھیو کِسي سے نہ کہنا * رِکابدار نے جیسا آئین بدذاتوں کا ہي بھید کے چھپانے میں قسمیں کھائیاں * حاکِم نے فرمایا کہ - میں اپنے بھائي سے فِکرمند ہوں - آثار بداندیشي کے اُسکي پیشاني سے ظاہِر ہیں - اور مُجھے یقین ہي کہ اُسنے میرے قتل پر کمر باندھي ہي - میں چاہتا ہوں قبل اِسکے کہ اُسکي طرف سے مُجھے کُچھ آسیب پہُنچے ہستي اُسکي کہ بیخ کا روڑا ہي نیست کروں - اور باغِ سلطنت کو اُس خارِستان سے پاک - چاہیئے کہ تو ہمیشہ اُسّے چوکُنا رہے - اور میري نگاہباني میں اِحتیاط کرے * رِکابدار نے عرض کي - میں کِس لائق ہوں کہ آپ کا محرمِ راز ہو سکوں ؟ پر جب بادشاہ نے مُجھ پر

white, silver

rein, bridle

brass, curb

rule

forehead

revolve

misfortune

wary, cautious

stumbling block, stone (brick) of highway

نوازش فرمائي اُمّيد هي که خدمت بجا لاؤں اور راز چھپاؤں * ازبسکه بدذاتي اُسکي طينت ميں تھي - يه بات سُنتے هي خيال بيوفائي کا اپنے جي ميں لايا - اور فُرصتِ وقت پاکر حاکم کے بھائي کے پاس جا يه ماجرا کہا * اُسنے ممنون هوکر اُسے خوش کيا اور کہا - اُمّيدوار رہ که هروقت تو سرفراز هوگا - اور نيک تدبيروں سے اپنے تئيں بھائي کے هاتھ سے بچانے لگا * قضارا اُس حاکم کي بہارِ دولت خزاں پر آئي - اور شگوفه اُمّيد کا نہالِ زندگي سے جھڑ گيا • جب سريرِ دولت بھائي کي شکوهِ سلطنت سے خالي هوا - اُسنے پانو تختِ شاهي پر اور تاجِ شهرياري سر پر دهرا * پهلا حکم جو اُس شاه کي زبان سے نکلا اُس رکابدار کے قتل کا تھا * بيچارے نے عرض کي - ميں نے جو آپ کے دولتخواهي کي تھي اُسکي جزا يهي هي ؟ بادشاه نے فرمايا - سب گناهوں سے بدتر افشاء راز هي - اور تجھ سے يه تقصير هوئي - هرگاه تو نے بھيد ميرے بھائي کا که تو اُسکا محرمِ راز تھا پوشيده نکيا مجھے تجھ پر کيا اعتماد هي؟ غرض رکابدار نے بہتيري اضطرابياں کيں فائده نہوا اور اُسنے سزا پائي *

حاصل اِس داستان کا يه هي که اظهارِ راز کا ثمره نيک نہيں * شيْر نے کہا - اي مادرِ مهربان ! جو که اپنا بھيد اور سے کہتا هي اُسکي غرض اظهار هي - نہيں تو چاهيے که اپنے هي دل ميں رکھے - جب کسي نے اپنے دل کي بات اور سے کہي - وه بھي کسي سے کہے - تو جاے رنجش نہيں - کيونکه جب کوئي اپنا بار آپ نه اُٹھا سکے - اگر دوسرے کو بھي اُسکي باربرداري کي طاقت نہو - کچھ عيب نہيں * عَلاوه اگر راز کے فاش کرنے سے حقّ ظاهر هووے - اُس صورت ميں جو کچھ عيب بھي اُس ميں هو - تو وه ڈھانپتا هي * اُمّيدوار هوں که جو بات حق هو فرماکر مجھے ممنونِ احسان کيجئے - اور بارِ غم کو ميرے دل پر سے اُٹھا ليجئے * اگر صريح نه کہہ سکئے - کنايةً فرمائے - اور جو عبارت ميں گنجايش نہو - کسي اشارے سے ادا کيجئے * اُسنے کہا - ميں اِس شرط سے کہتي هوں - که اُس گناهگارِ فتنه انگيز کو که جسنے يه فساد برپا کيا هي سياست کيجئے - اور عفو کو کام نفرمائے * اگرچه عفو کا رُتبه بہت بڑا هي - پر وے تقصيريں که موجبِ فساد عالم کا هوں - اُنکے بخشنے سے سياست بہتر هي * اور ايسے گناه کے مُقابل که جسّے بادشاه کو زيان پہنچا - اگر سزا ندي جاوے - تو اور فتنه انگيزوں کي دليري کا موجب هوگا * خُلاصه يه هي که مکّار دمنه تُهمّت و افترے سے شاه کو اِس بات پر لايا * شيْر نے کہا - ميں نے بھي سوچکر يهي ٹھہرايا که دمنه نے يه شرارت کي هوگي - پر تحقيق نه هوئي تھي - اِسلئے اُسے سزا نه دي - کيونکه ايک بيچارے کو بےتحقيق مار چُکا - اب خوب تحقيق کرونگا اور اِس بات کي پڑتال کرکے جيسي سزا مُناسب هوگي دونگا * تب حسبُ الحُکم شيْر کے اُمرا و ارکانِ دولت و وُزرا حاضر هوئے - شيْر کي ما نے فرمايا که - دمنه کو بھي حُضور ميں لا حاضر کرو * دمنه نے حُضور ميں آتے هي جو شيْر کو مغموم ديکھا اور درباريوں کي کثرت نظر آئي -

کِسي مُقرّب درگاہ سے پوچھا کہ - بادشاہ کي غمگيني کا سبب اور اِس بھيد کي وَجہ کيا هي؟ شيرکي ما نے يہہ بات سُني اور جواب ديا کہ - تيري هي زِندگي شاہ کي انديشناکي کا موجب هي - تيرا مکر و فريب ظاهِر هو گيا - اور جھوٹھ باتيں جو تو نے وزيرِ خيراندیش و دوستِ مِہربان کے حق ميں کہي تھيں - اور جتنے مکر و فريب کئے تھے - وے سب بادشاہ کي خاطِرنشان هوئے هيں - چاهيئے کہ مُجھے جيتا نہ چھوڑے * دمنہ بولا - اگلے زمانے کے بُزُرگوں نے کہا هي - جو کوئي بادشاہ کي خِدمت ميں يکدِل و يکزبان رهے جلد مُقرّب و مُعتمد هووے - اور جب هوا تو شاہ کے دوست و دُشمن اُسکو اپنے نزديک بُرا جانتے هيں - دوست تو مارے حسد کے - اور دُشمن بسبب اِسکے کہ وُہ بادشاہ کو مُہِمّاتِ مُلکي کي مشورت بتاتا هي - اور اِسي لئے دانا دُنياے فاني سے مُنہہ موڑ کر گوشۂ دروِيشي اِختيار کرتے هيں - لازم تھا کہ ميں پہلے سے بادشاہ کي خِدمت کے گِرد نہ پھرتا - اور تنہائي کے گوشے سے قدم باهر نہ رکھتا * جو آدمي کہ خُدا کي اِطاعت چھوڑ بندے کي خِدمت اِختيار کرے - اُسکي حالت وُہ هوگي جو اُس زاهِدِ گوشہنشين کي هوئي * شيرکي ما نے پوچھا - وُہ کيونکر هي؟

حِکايت ۴

THE STORY OF THE KING AND THE ASCETIC.

دمنہ نے کہا - نقل هي کہ ايک خُداپرست عقلمند بادشاہ کِسي گوشہنشين زاهِد کي زيارت کو گيا اور اِلتماس کيا کہ - مُجھے کُچھ نصيحت کيجئے * زاهِد نے کہا - اي بادشاہ! خُدائي ميں عالم دو هيں - ايک فاني کہ عالمِ صورت کہلاتا هي - دوسرا باقي جِسکو عالمِ معني کہتے هيں * عالي هِمّت کو چاهيئے کہ دُنياے فاني ميں مُستغرق نہووے - اور خوبيوں پر عالمِ معني کي جو عقل کے نزديک پسنديدہ هيں نظر کرے * بادشاہ نے فرمايا کہ - عالمِ معني کے حُصول کا طريقہ کيا هي؟ زاهِد نے کہا - شہوَت و غضب کو اِعتِدال پر رکھے - اور آسايش کو يکقلم چھوڑکر دِن رات عاجزوں کي دستگيري اور مظلوموں کي فريادرَسي ميں مشغول هووے * جو بادشاہ چاهے کہ رِضاے اِلٰہي حاصِل کرے - اُسے عالمِ معني کي بادشاهت ملنيگي - چاهيئے کہ زيردستوں کي رفاهيت اور ظالموں کي تنبيہ ميں سعي کرے - کيونکہ خُدا نے بادشاهوں کو رعيّت و مُلک کي نگاهباني کے واسطے پيدا کيا هي - پس رات دِن اپنا حِساب آپ هي کيا کرے کہ آج ميں نے کيا کيا کام کئے اور تمام کار و بار پر نظر رکھے - ايسا نہو کہ ايک ادنےٰ کام اِختيار کرکے بڑے کاموں سے باز رهے * اي جہانپناہ! اکثر لوگ اِس ڈر سے کہ مبادا سچ کہنے سے هماري روزي ميں خلل هووے - يا اِعتِبار ميں بٹا لگے مُلاحظہ کرتے هيں * دانا بادشاہ وُہ هي جو اپني حِفاظت اور اوروں کي نِگاهباني اِسطرح کرے کہ حقّ گُذاروں کي اِعتراض کي جگہہ نہ رهے - اگر بَشريّت سے کُچھ چُوک هو جاوے - تو حقّ کے سُنتے سے برهم نہو اور ٹوکنے والے کو نہ جھڑکے * بادشاہ اُس زاهِد کي نصيحت سے محظوظ هوا - لوگوں کي

خوشامد سے پرهيز کرنے لگا ـ هميشه اُسکي صحبت ميں جاکر نصيحت کي باتيں سُنتا * ايک دن اُسي زاهد کے پاس بيٹها تها ـ اچانک ايک گروه دادخواهوں کا آکر فرياد کرنے لگا * بادشاه کے حُکم سے زاهد نے اُن کو بُلاکر احوال پوچها ـ اور داناؤں کے نزديک جو جسکے حال کے مُناسب تها بادشاه سے کہا * بادشاه کو زاهد کي مُعامله-رسي و مُقدّمه-فهمي خوش آئي ـ اور اُسسے اِلتماس کيا که ـ کبهي کبهي مُقدّمه آپ کے حُضور پُهنچا کرے * زاهد نے نيک نيتي سے قبول کيا ـ عاجزوں کے کام ميں سعي کرنے لگا ـ اور کمال توجّه سے اُنکي نالِش سُنے ـ نوبت يہاں تلک پُهنچي که اکثر کار و بار اُس مُلک کے زاهد کي تدبير سے سرانجام هوتے تهے ـ اور روز بروز مُلکي و مالي کار و بار ميں وُه مشغول رهتا * رفته رفته جاه و جلال کا خيال اور دولت کي آرزو زاهد کو هوئي ـ اور عقل کي اِطاعت ميں قُصور آنے لگا * غرض کونسا شخص هي جسے اِس جادوگرِ دُنيا نے گُمراه نکيا ـ اور کِسنے اِسکے هاتهه سے جام بادهٔ فريب کا نه پيا؟ بادشاه نے جب زاهد کي تدبيريں صلاحِ مُلکي کے موافِق ديکهيں ـ ايکبارگي اُسکو اِختيارِ کُلّي ديا * آگے درويش کو ايک روٹي کي فکر رهتي تهي ـ اب انديشه ايک جهان کا در پيش هوا ـ اور قبل اِسکے ايک کُملي کا سامان کرتا تها ـ اب ايک سلطنت کا سرانجام کرنا پڑا * کِسي دِن ايک درويش جو هميشه سے زاهد کا رفيق و محرمِ راز تها مُلاقات کو آيا ـ تو اور هي رنگ ديکها اور حيران هوا ـ چُپکے زاهد سے پوچها که ـ يه کيا طريقه تونے اِختيار کيا هي؟ زاهد نے هرچند چاها که کُچهه عُذر کرے بن نه آيا * فقير نے کہا ـ جاه کي محبّت اور مال کي زيادهطلبي سے تيري عقل ماري گئي هي که تو شهوت و غضب ميں گرفتار هوا ـ يے اطوار چهوڑ اور دامنِ تجرّد کو دُنيا کي آلايش سے پاک کر ـ لوگوں کي آمدورفت کا دروازه بند کر دے اگلے هي گوشے پر قناعت کر * زاهد نے کہا ـ اي يارِ عزيز! لوگوں کي آمدورفت اور گُفتگو سے مُجهه ميں کُچهه تغيّر نہيں آيا هي ـ ميں دِل سے اُسي کام پر مُتوجّه هوں که تو جانتا هي * درويش نے کہا ـ تيرے ديدهٔ دانِش بند هو گئے ـ افسوس که تُجهے کوئي تدبير اپني نہيں سُوجهتي هي! اور جب سوجهيگي کُچهه فائده نهوگا * تيري حالت مُجهے اُس اندهے کي مانند نظر آتي هي جسنے کوڑے اور سانپ کے بيچ فرق نکيا ـ آخر هلاک هوا * پوچها ـ وُه کيونکر هي؟

حکايت ٥

THE STORY OF THE BLIND MAN WHO MISTOOK THE SNAKE FOR A WHIP.

درويشِ مُسافر نے کہا که ـ ايک اندها اور ايک بينا دونوں کِسي بيابان ميں اُترے * جب رات آخر هونے پر آئي دونوں نے قصد کُوچ کا کيا * اندهے نے چاها که کوڑا اُٹها لے ـ اِتفاقاً سانپ جاڑے سے ٹِهٹهُرکر وهاں پڑا تها ـ اُسي کو کوڑا جانکر اُٹهايا * هاتهه جو اُسکو لگايا تو اپنے کوڑے سے نرم اور بهتر پايا * خوش هوکر هاتهه ميں لے سوار هوا * جب

دِن ہوا بینا اندھے کے ہاتھ میں سانپ دیکھکر چلّایا - اي يار! جِسکو تو نے کوڑا خیال کیا هي - وہ زهردار سانپ هي - خبردار قبل اُسکے کہ تُجھے ڈسے هاتھ سے پھینک دے * اندھے نے گُمان کیا کہ - مگر میرے یار نے کوڑے کي طمع کي هي * کہا - اي عزیز! میں کیا کروں؟ یہہ دولت و نصیب کا کام هي - میرا کوڑا کھویا گیا تھا - خُدا نے اُسے بہتر مُجھے بخشا * اگر تیرے طالع بھي یاور هوں تو بھي اِسسے بہتر پاویگا - ایسا نہیں هوں کہ دم دیکر تو میرے هاتھ سے لےلے * بینا نے هنسکر کہا - اي بھائي! حقّ هماهي کا یہہ هي - کہ تُجھے اِس خطرے سے هُشیار کر دوں * میري بات سُنْ - اور سانپ کو هاتھ سے پھینک * اندھے نے مُنہ غُصّے کا بنا لیا اور کہا - یہہ خیالِ خام چھوڑ اور بیفائدہ فِکر نکر - یقین هي کہ تُجھے میرے کوڑے کا خیال هوا هي - اور تو اُسکے لینے کي سعي کرتا هي - جو میں هاتھ سے پھینک دوں اور تو اُٹھا لیوے * غرض اُسنے بہُتیرا کہا فائدہ نکیا * آخِر جب هوا گرم هوئي پژمُردگي سانپ کي جاتي رهي بَل کھاکر اندھے کے هاتھ کو ڈسا اور هلاک کیا *

یہہ داستان میں نے اِس لئے کہي تا کہ تو دُنیا پر اِعتماد نکرے - اور اُسکي صورت سے (جو ناگ کے مانند پُر نَقش و نِگار هي) فریب نکھاوے - اور اُسکي مُلایمت و نَزاکت پر نہ بھولے - کہ زخم اُسکا مُہلک هي * زاهِد نے جب یہہ بات سُني - گوشہ نشیني کي کیفیّت کو یاد کرنے لگا - اور آنکھوں سے آنسو بہانے - اُسکو یقین هوا کہ اُس دوست کي بات کمال مِہرباني سے هي * فجر هوتے هي لوگوں نے زاهِد کے دروازے پر هُجوم کیا - اور وہ کاموں کے اِنصرام میں مشغول هوا - شب کي پشیماني بھول گیا * القصّہ زاهِد کي یہہ نوبت پہُنچي کہ دُنیا کي مستي سے راہِ راست چھوڑي - اور هوا و هوس کي پیروي کرکے خودپسندي میں اوقات کاٹنے لگا * ایک دِن کِسي بیگُناہ کے قتل کا حُکم کیا - اور بعد اُسکے پشیمان هوکر تلافي کے در پي هوا - اُس بیگُناہ کے خویش و اقربہ بادشاہ کے حُضور آنکر زاهِد کے ظُلم سے دادخواہ هوئے * مُقدّمے کي تجویز اوروں کو سپُرد هوئي اُن دیانتداروں نے تحقیق کرکے کہا کہ - زاهِد نے ناحقّ خون کیا هي - اُسکو بھي قتل کیجئے * زاهِد نے هرچند مخلصي چاهي اور لوگوں کو رِشوت دینے کي پر مُفید نہوئي *

دمنہ نے کہا - میں یہہ مثل اِس واسطے لایا - کہ جب میں نے پروردِگار کي بندگي چھوڑ بادشاہ کي اِطاعت اِختیار کي - جِس سزا کي تجویز کیجئے لائق هوں * جب دمنہ نے اِن باتوں سے فراغت کي - حُضّارِ مجلِس مُتعجّب هوئے - اور شیر نے فِکر سے نیچے سِر کر لیا اور حیران تھا کہ کیا کرے - اور دمنہ کو کیا جواب دے؟ سیاہ‌گوش (جو مُقربانِ درگاہ سے تھا) اهلِ مجلِس کو مُتحیّر دیکھ - دمنہ کي طرف مُتوجّہ هوا اور کہنے لگا کہ - اِتني مذمّتیں بادشاهوں کي مُلازمت کي (جو سایۂ خُدا

grace, security, protection; umbrella هئیں اور اپنے چترِ اِقبال کے سایۂ اَمان[1] میں اهلِ عالم کو رکھتے هئیں) تو نے کیں - یہہ تیرے لائق
تهیں* نہیں جانتا هي کہ عُمر بادشاہ کي جو ایک ساعت عدالت و رعیت‌پروري میں گُذرے -
اوروں کے سالها سال کے برابر هي جو طاعت میں بسر هو؟ اور اکثر ولیوں نے بادشاہ کي خِدمت
mind, heart. اِختیار کرکے اپني سعادت کا وسیلہ جانا هي - جیسے پیرِ روشن ضمیر کي حکایت اِس بات پر گواہ
هي * دمنہ نے پوچھا - وُہ کیونکر هي؟

حکایت ٦

THE STORY OF THE SAINT OF RADIANT MIND. سیاہ‌گوش نے کہا - نقل هي کہ شہرِ فارس میں ایک فقیر صاحبِ کرامات تها * لوگ
(1) way, skirt, seat (2) threshold - أسکو پیرِ روشن ضمیر کہتے تهے * کوئي درویش صاحبِ طریقت[1] آستانہ[2] بوسي کي
(1) latch, staple - (2) monastery آرزو کرکے - أسکي مُلازمت کو دور سے آیا - اور دروازے کي کُنڈي[1] هِلائي * خانقاہ[2] کے
time, age, evening - servant خادِم نے جواب دیا کہ - اي درویش! ذرہ رہ جا - شیخ بادشاہِ عصر کي مُلازمت کو گئے هئیں - ابهي
آتے هئیں * درویش نے جب بادشاہ کي مُلازمت کا لفظ سُنا - کہا - هي هي! راہ کي مِحنت بر باد
small, mean - هوئي! جو شخص بادشاہ کے دروازے پر جاے - اُسے کیا فائدہ هوگا؟ غرض وهاں سے پهرا اور کوتاہ‌بیني
کے سبب پیر پر طعنے مارتا هوا چلا * قضارا اُسکي صورت کا کوئي چور پنڈت‌خانے سے بهاگ گیا تها -
(1) spy (2) strike, anger - بادشاہ نے جاسوسوں[1] پر عِتاب[2] کرکے فرمایا تها کہ - چور کو حاضِر کرو - اور اُسکا هاتھ کاٹو * کوتوال نے
جو اُس درویش کو دیکها - تو بهاگے هوئے چور کا خیال کرکے پکڑا اور سیاست‌گاہ میں حاضِر کیا *
درویش هرچند راستي سے اپنا احوال کہتا تها - کُچھ مُفید نہوتا تها - اور سِوائے هاتھ کاٹنے کے کوئي
صورت نہ بن پڑتي تهي * جب جلّاد فقیر کا هاتھ کاٹنے لگا - وونهیں پیرِ روشن ضمیر کي آمد آمد کا
scholar, disciple; end, ending شور پڑ گیا * مُریدوں کو ساتھ لئے آن پہُنچا - اور درویش کي احوال پُرسي کرکے - کوتوال سے کہا کہ -
یہہ شخص میرے آستانے کے فقیروں سے هي - کِسي نے اِسپر چوري کي تُہمت کي هوگي - اِسکا هاتھ نہ
obliged, pleased کاٹو * کوتوال نے بدِل و جان ممنون هوکر - درویش سے عُذر خواهي کي * وُہ بیچارہ جلّاد کے هاتھ سے
shoulder, hump نجات پاکر شیخ کے همراہ چلا * شیخ نے فقیر کے مونڈهے پر هاتھ رکھ چُپکے کہا - اي بهائي! درویشوں
objecting, displeasure پر اِعتراض مُناسِب نہیں - کیونکہ بادشاہ مقبولِ خُدا هئیں - خُدا اِنکو نمونہ خُدائي کا بناکر جہان
rest, quiet کي آسایش کے لئے بڑهاتا هي - اِنکي مُلاقات عِبادت هي اور اِنکي خِدمت سعادت - مُجهے اِس
قدر خُداشناسي شاهوں کي مُلازمت کي بدولت حاصِل هوئي - اگر میں پادشاہ کي سعادتِ خدمت
honoured, favoured سے مُشرّف نہوں - تُم سے مظلوموں کو ظالموں کے هاتھ سے کون چُهڑاوے؟ درویش نے جانا کہ میري وُہ
اِعتراض پیر پر نادانی سے تهي - صاحِب کمال جو کام کرتے هئیں خالي نُقصان سے هي *

[1] The original has آمان *dmdn*, but it will be seen by the Dictionary that this is incorrect, *d* = spare me!
[2] تها might rather have been expected.

غرض اُس داستان سے یہہ هي که بُزُرگوں نے اِسي واسطے شاهوں کي مُلازمت اِختيار کي هي - اور بادشاهوں کي بارگاہ مےں رهنا اپنا سعادت جاني * دمنہ بولا - جو کُچھ تو نے کہا که - بُزُرگوں نے شاہ کي مُلازمت کِسي مصلحت کے واسطے اِختيار کي هوگي - بغےر اِلہام کے وے اِس راہ مےں نہ چلے هونگے - اور غرض دُنيا کي آميزش اُس مےں نہوگي - اور جِسکي يہہ خصلت هو وُہ جو کرے اور کہے اُسپر کُچھ گِرفت نہيں * يہہ بات تےري سچ هي - پر هم اُس رُتبے کو کب پہُنچ سکےں ؟ اور دعوےٰ اُس درجے کا کيونکر کرےں ؟ اور وُہ جو تو نے کہا که - بادشاہ ظلِّ اِلٰہي هےں - يہہ صِفت اُس بادشاہ کي هي که جِسکے کام حقّ سے نزديک هوں اور راہِ باطِل سے دور - نہ کِسي کو غرض سے پرورش کرے - نہ بےجا کِسي پر عِتاب فرماوے - اور اخلاقِ حميدہ سے شاهوں کے يہہ هي که نےک کِردار نوکروں کو مُقرّب رکھےں - اور مُفسِد بےوفا خِدمتگاروں کو ذليل * شےر کي ما نے فرمايا - اي دمنہ ! تو نے جو يہہ بات کہي تےري سياست پر دليل هي - کيونکہ تمام مُلازِم درگاہ کے مُتّفِق هےں اِسپر که شتربہ بادشاہ کا مُلازِم خوشخو و پاکيزہ صورت تها * عالم مےں مشہور هوا هي که تےري آتشِ فِتنہ نے اُسکے خِرمنِ زندگي کو جلايا - اور تےرے حيلے کي شامت سے بادشاہ کي وفاداري کي بِنا سُست هوگئي * دمنہ نے جواب ديا که - آپکي برابري نہيں کر سکتا هوں - اهلِ غرضوں کے کہنے پر مےرے حقّ مےں فرماتے هےں * بادشاہ کے ضميرِ انور پر پوشيدہ نہيں هي - بلکہ حاضِرانِ مجلِس بهي جانتے هےں که مُجھ مےں اور شتربہ مےں کُچھ دُشمني نہ تهي * وُہ هميشہ مُجھ پر مِہرباني کرتا تها - اور مےں بهي بادشاہ کي نظروں مےں بےقدر نہ تها - که حسد سے اُسکي دفع مےں مشغول هوں - ليکِن مےں نے شاہ کو نصيحت کي - اور جو بات سُني تهي - اور آثار اُسکے ديکھے تهے بےغرض عرض کئے * بادشاہ کے حُقوقِ نِعمت کو پہچاننا - اور جو کُچھ سُنا تها اُسکو راستي سے ظاہِر کرنا - مُجھ پر واجِب تها - اور مےں نے جو کُچھ کہا جہان‌پناہ بهي خوب تحقيق فرماکر جو اُنکي مرضي مےں آيا کر گذرے * بہُت سے شتربہ کے هم مشورت تهے اور خيانت و دُشمني مےں شريک - کُچھ بعيد نہيں که بدخواهي سے اُسکا اِنتِقام لےں - اور مےرے هلاک کي سعي کرےں * مےرے خيال مےں يہہ نتها که خِدمت و نصيحت کي جزا يهي هوگي - که مےري زِندگي بادشاہ کو فِکر مےں ڈالے * جب دمنہ نے بات يہاں تلک پہُنچائي اور وقت نرها - شےر نے فرمايا - اُسکو دارُالعدالت مےں سِپُرد کرو - که اِس مُقدّمے کو غور کرےں - کيونکہ آئينِ سياست و آدابِ سلطنت مےں بے دليل و گواہ کے سياست کرني مُناسِب نہيں * دمنہ نے کہا - جہان‌پناہ کي راے مُبارک سے کون حاکِم بہتر هوگا ؟ بادشاہ کا دِل آئينۂ جہان‌نُما هي - که هريک مُلازِم کي صورتِ حال دِکھلائي ديتي هي * اور يقين جانتا هوں که اِس راز کے دريافت کرنے مےں شاہ کي فِراست سے کوئي چيز بہتر نہيں * اِسلئے اُمّيدوار هوں که جو بادشاہ کے دِل کا آئينہ غرض کے زنگ سے صاف هي - يقين هي که مےري راستي کي صورت اُس مےں نظر آويگي * شےر نے کہا - تحقيق اِس مُقدّمے کي بخوبي کي جائيگي * دمنہ

نے عرض کي - بیگناهي کے سبب اِتني کوشش کرتا هوں - اور مئیں جانتا هوں که اِس تحقیقات سے مئیري اِخلاص‌مندي ظاهِر هوگي * اگر مئیں تقصیروار هوتا - تو بادشاه کي درگاه مئیں نرهتا - اور لنگڑا بنکر اِس بلا کا اِنتظار نکرتا - مُلکِ خُدا کا وسیع هي اور کِسي اِقلیم کو جاتا * اِسقدر سعي مئیري اِس لئے هي که مبادا دُشمن مکر و فریب کر بادشاه کو راهِ حقّ سے پهیریں ! اور قرار واقعي تحقیق کرنے ندیں * شیر کي ما نے کها - اي دمنه ! یه مُبالغه تیرا موجِب وسواس کا هي - تو چاهتا هي که دانائي کرکے اپنے تئیں بےتقصیر ٹهراوے - جب‌تلک اِس مُعاملے کو خوب تجویز نکریں تیري مخلصي ممکِن نهیں - نه گهبرا * دمنه نے کها - مئیرے دُشمن بهُت هئیں اور اهلِ غرض بےشُمار - اُمّیدوار هوں که مئیرے مُعاملے کو ایسے امین کے سِپُرد کیجئے جو بےغرض هو - جو بات چیت هوئے بعینهٖ عرض کرے - اور جهان‌پناه اپني راے جهان‌آرا سے اُسکو غور فرماویں - تا صِرف گُمان سے مُجهے اذیّت نه پهُنچے * شیر نے کها - شتربه کے قصّے کے بعد مئیں نے خُدا سے عهد کیا هي که کِسي امر مئیں عدالت کي شاه راه کو نچهوڑوں - اور جب‌تک خوب تحقیق نهو - کوئي حُکم نکروں * اگر یه خیانت تُجهه سے هوئي هو - جیسي سزا تیرے مُناسِب هو دوں - اور اگر پاک‌دامن هي چُهٹ جاوُنگا * دمنه نے کها - مئیں کهوں اِس خیانت کا خیال کروں ؟ اور کِسواسطے خواهِش منصبِ عالي کي رکّهوں ؟ مئیں جهان‌پناه کي عدالت سے واقِف هوں - اور آپ کے اِنصاف کے آثار مئیں نے دیکهے هئیں * یقین هي که مئیرے تئیں اپنے عدلِ عالم‌آرا سے محروم نکرینگے - اور مئیري اُمّید آپ کي عدالت سے مُنقطع نهوگي * اُسکي دِلیري و معقول‌گوئي سے شیر کي خاطِر مئیں آیا که شاید سبهوں نے اِسپر تُهمت کي هوگي * حاضِرانِ مجلِس سے ایک نے کها که - دمنه جو کُچهه کهتا هي نه آپ کے مُوافِق آداب کے هي - اور نه سچ کهتا هي - بلکه چاهتا هي که ایسے مکرآمیز باتیں کهکر - اپنے سِر سے بلا ٹالے * دمنه نے جواب دیا که - مئیري رِهائي کے واسطے مُجهه سے زیاده مِهربان کون هي ؟ جو که اپنے کام مئیں غافِل هو - اور بچاؤ کے واسطے سعي نکرے - اوروں کو اُسنے کبا توقّع هي ؟ تو کب‌تک ناداني سے غرض‌آمیز باتیں کها کریگا - اور مُجهه سے دولتخواه کو بلا مئیں ڈالیگا - مگر تو نے یه خیال کیا هي که جهان‌پناه اِس بات کو نهیں سمجهتے هئیں * بادشاه جو تمام عُمر کا کام ایک رات کي تدبیر مئیں کرے اور ایک هي فِکر مئیں لشکرِ عظیم کا سرانجام فرماوے - یه کبا بڑا کام هي که نه سمجهے ؟ سیاه‌گوش نے کها که - تیرے اگلے مکر و حیلوں سے چندان[1] عجب نهیں هي - جتنا اِسوقت کي زبان‌آوري[2] سے اور اِسقدر نصیحتوں اور مثلوں کے کهنے سے هي * دمنه نے کها - هاں ! نصیحت کي جگهه هي اگر مقبول هو - اور وقت مثل لانے کا هي جو گوشِ خِرد مئیں سماوے * شیر کي ما بولي - اي فِتنه‌انگیز ! هنوز تو اُمّیدوار هي که مکر و فریب سے مخلصي پاوے ؟ دمنه بولا که - جو کوئي نیک کو بد سمجهے وُه جانے - مئیں حقِ خِدمت و شرطِ نصیحت بجا لایا * جهان‌پناه جانتے هئیں که کوئي گناهکار اُنکے حُضور بات

courage — کرنے میں جُرات نکر سکے - تِسپر اگر وے مُجھے اذیّت دیں - اُسکا ثمرہ پاوینگے - اور جو میرے کام last word
میں جلدي کرینگے - دوراندیشي اور تامّل کے فائدے سے محروم رهینگے - اور آخِر کو پشیمان هونگے * foresight, irresolution = تامّل
head, ruined - جو کہ کاموں میں جلدي کرے - گویا عقل کے خانمان کو خراب کرتا هي * اور اُسکي حالت وہ هو household furniture = خانمان
جو اُس عورت کي هوئي جِسنے اپنے کام میں جلدي کي - اور یار اور غلام میں فرق نکیا * شیر quaint conceit
دمنہ کي باتیں مُتوجّہ هوکر سُنتا تھا * جب یہہ نُکتہ سُنا پوچھا کہ - وہ کیونکر هي؟ imperatives (a)

حِکایت ۷

THE STORY OF THE MERCHANT'S WIFE AND THE SLAVE.

wealth, goods } دمنہ نے کہا - نقل هي کہ کشمیر میں ایک سوداگر تھا جِسکے مال و متاع بہت
اور غُلام بیشُمار تھے * اُسکي جورو نہایت حسین تھي * اور همسائے میں ایک
looking-glass, telescope } مُصوّر رهتا تھا - اُسکے اور رنڈي کے دیدبازي هونے لگي اور کُٹني کے بےکُتنایے painter, sculptor, painting = مصور
آمدوشد کي راہ هوئي * ایک دِن عورت نے اُسے کہا کہ - تو جِسوقت کہ یہاں آتا هي جب تک intercourse
باهر سے نہ پُکارے یا پتّھر نہ پھینکے - میں تیرے آنے سے مُطّلع نہیں هوتي هوں - اِسلئے ناچار دیر هو need, regard, wonder, delay
جاتي هي - اگر صنعت سے مُصوّري کي کہ جِس میں تو یکتائے عصر هي فِکر کرکے کوئي نقش کھینچے - x
اور ایسا کُچھ بناوے کہ میرے تیرے وهي پتا هووے تو بہتر هي * مُصوّر نے کہا - میں ایک دورنگي sign, address, dwelling
چادر بناتا هوں کہ سُفیدي اُسکي جیتي سِتارے کا عُکس پاني میں - اور سیاهي جیسے حبشي چاندني x reflection, inversion, contrary
رات میں نظر آوے * جب تو یہہ عَلامت دیکھے - تُرت باهر نِکل آئیو * آپسمیں دونوں یے باتیں mutatis mutandis
کر رهے تھے - مُصوّر کا غُلام دیوار کے پیچھے سے سُنتا تھا * جب کئي روز گُذرے چادر تیّار هوئي *
قضارا مُصوّر کہیں گیا تھا - صُبح تلک وهیں رها * غُلام نے رنگ آمیزي دیکھنے کے بہانے مُصوّر کي بیٹي
coming to see سے وہ چادر مانگ لي - اور چھپکر اُسي رنڈي کے گھر کو گیا * عورت جو نہایت مُشتاق مُصوّر کي
proximity, cause, means } تھي آشنا و بیگانے میں فرق نکر سکي * غُلام اُسي چادر کے وسیلے سے کامیاب هوا * بعد فراغت کے
چادر کو مُصوّر کے گھر پہُنچایا * اِتفاقاً اُسي وقت مُصوّر بھي آن پہُنچا - اور چادر اوڑھکر سوداگر کے
circle, flattering cares گھر کي طرف چلا * عورت دوڑي آئي اور تملّق کرنے لگي اور بولي - اي یار! خیر هي کہ جاتے هي
پھر آئے؟ جوان تاڑ گیا اور بہانہ کرکے پھر گیا اور اپني بیٹي اور غُلام کو سزا دي * چادر کو جلایا - comprehend, guess
عورت کي محبّت چھوڑي * پس اگر وہ عورت اپنے کام میں جلدي نکرتي - نہ غُلام سے خراب
هوتي - نہ اپنے یار سے محروم رهتي *

یہہ داستان میں نے اِس لئے کہي تا جہانپناہ جانیں کہ اِس غُلام کے کام میں جلدي خوب
نہیں - اور اصل یہہ هي کہ میں یہہ بات بادشاہ کے ڈر سے کہتا هوں * اگرچہ موت ایک خوابِ ناگوار disgustful, unpleasant

هي پر اُسے چارہ نہیں - جِسنے مجلسِ هستي مٹیں قدم رکھا - آخر شربتِ نیستي اُسنے پیا * اگر مٹیري
هزار جانٹیں هوتیں - اور مٹیں جانتا کہ اُنکے نِثار کرنے مٹیں فائدہ هي - تو ایک دم مٹیں تصدّق
کرتا - اور سعادت جانتا - لیکن بادشاہ پر لازم هي کہ اِس کام کے انجام کار کو سوچے - مُلک کي حِفاظت
بغیر شمشیر کے نہو سکے - دُشمنوں کے مکر سے خدمتي نوکروں کي اذیّت کا قصد نکیجے - کیونکہ وے
نوکر جو کاموں کو اِنصرام پہنچا سکیں هر وقت نہیں مِلتے - اور وے مُلازم جو لائقِ تربیت هوں
کم هاتھ لگتے هیں * دمنہ کي یے دِلچسپ باتیں شیر کے ذِهن نشین هوئیں - چُپ هوکر فِکر کرتا تھا *
اُسکي ما نے دیکھا کہ - دمنہ باتوں سے اپنا کام کیا چاهتا هي * اندیشمند هوئي کہ - مبادا شیر اُسکي
زبان آوري سے فریب کھاکر اُسکے راست نُما جھوٹھ کو باور کرے ! شیر کي طرف مُتوجّہ هوکر بولي کہ -
تیري خاموشي دلیل هي اُسپر کہ دمنہ کي بات سچ هي - اوروں کي جھوٹھ * مٹیں نہیں جانتي تھي
کہ باوصف اِس دانِش و بینِش کے تو سچ کو نسُنیگا - اور مکر کي باتوں سے فریب کھایگا * سچ هي کہ
بُلبُل کي آواز تُجھے کب بھایگي - جو تو همیشہ هرزہ گو جانورونکي آواز پر کان لگاتا هي ؟ تب غُصّے
سے اُٹھي اور اپنے گھر کي طرف چلي * شیر نے اُسکي تسلّي کے لئے دمنہ کو بندهواکر پھر پنڈت خانے
مٹیں بھیج دیا - اور مجلس برخاست هوئي * شیر کي ما اِس بات سے خوش هوئي * پھر شیر کے
یہاں آئي اور بولي - اي فرزند ! مٹیں دمنہ کي شُعبدہ بازیاں همیشہ سُنتي تھي - اب مٹیں نے دریافت
کیا کہ مکر و فریب مٹیں وہ اِس زمانے مٹیں عجب کُچھ هي * ایسا راست نُما جھوٹھ کون کہہ سکے ؟
اور ایسے معقول عُذر کِسّے هوں ؟ اگر شاہ اُسکو مجال سُخن کي دے - ایک هي بات مٹیں وہ اپنے تئیں
اِس دار و گیر سے چھڑاویگا - حال آنکہ اُسکے قتل مٹیں بادشاہ اور تمام لشکر کو کمال آسایش متصور هي -
لائق یہہ هي کہ جلد اُسکے کام سے فراغت کر لو * شیر نے کہا - بادشاهوں کے مُقرّبوں کا کام حسد و
کینہ هي - رات دِن ایک دوسرے کے در پي رهتا هي - اور عیب و هُنر هر ایک کا سوچتا هي - جو کہ
زیادہ هُنرمند هو - لوگ اُسکي ایذا کا قصد زیادہ کریں - اور هرگز بے هُنر کے حاسِد نہوں * دمنہ
کِتنے هُنروں سے موصوف هي - اور میرے یہاں نہایت مُقرّب - شاید حاسِد مُتّفق هوکر چاهتے هیں
کہ - اِس بیچارے کو هلاک کریں * وہ بولي - حسد اِسقدر بھي هو سکتا هي کہ کِسي کو گِرداب
هلاکت مٹیں ڈالے ؟ شیر نے جواب دیا کہ - تُم دمنہ کي سعي کو شربہ کے قتل کروانے مٹیں حسد
سمجھي هو - پھر اِسوقت کیوں اپنے تئیں دور کھینچتي هو ؟ حسد وہ آگ هي کہ جب بھڑکے - کہا تیرے
اور کہا خُشک - سب جلا دے * غایتِ حسد یہہ هي کہ بعضے اپنے حقّ مٹیں بھي نیکي نہیں دیکھ
سکتے هیں - جیسے اُن تینوں حسد پیشوں کے قِصّے سے ظاهِر هي * شیر کي ما نے پوچھا - وہ
کیونکر هي ؟

حِکایت ۸

THE STORY OF THE THREE ENVIOUS PERSONS.

شیرنے کہا - نقل هي کہ تین شخص اثناء راہ میں اِکٹھے هوکر چلے * اُن میں جو بڑا تھا اُس نے دونوں رفیق سے کہا کہ - تُم اپنے شہر سے کہوں نِکلے ؟ اور کہا سبب هي کہ گھر کا آرام چھوڑکر - سفر کي مِحنت اِختیار کي ؟ ایک نے کہا - جِس شہر میں میں رہتا تھا - وهاں میرے خویشوں (1) دوستوں کو ثروت (2) اور خوشیاں (3) بہم پہُنچیں * میں دیکھ نہ سکتا تھا آتشِ رشک سے جلنے لگا - اِس لئے میں نے اپنے دِل سے کہا کہ - کِتنے ایکدن وطن چھوڑوں جو یہہ نادیدني ندیکھوں * دوسرے نے کہا - مُجھے بھي اِسي دُکھ نے گھر سے آوارہ کیا * تب اُس بڑے نے یہہ سُنکر کہا کہ - تُم دونوں میرے همدرد هو - میں نے بھي اِسي آفت سے سفر اِختیار کیا * غرض بدنہادي هرایک کي آشنائي و رفاقت کا موجب هوئي - دُنیا کے تماشے دیکھنے لگے * ایکدن راہ میں توڑا اشرفیوں کا پڑا پایا * تینوں کہیں اُترے اور بولے کہ - اِسکو تقسیم کر لیں اور یہیں سے پھرکر اپنے اپنے گھر چلیں - چند روز خوشي سے گُذران کریں * سب کي رگِ حسد جُنبش میں آئي - اور هرایک یہي چاهتا تھا کہ - میں هي لوں - دوسرا اِس میں شریک نہو * اِس خیال میں تینوں حیران هوئے - نہ یہہ هِمّت تھي کہ زر کا خیال چھوڑیں اور راہ میں پڑا رهنے دیں - نہ اِسپر راضي کہ آپسمیں حِصّہ کر لیں * غرض اِسي تردّد میں ایک رات دِن تینوں میدان میں بھوکے پیاسے پڑے تھے - اور خور اپنے اوپر تلخ کرکے لڑتے تھے * دوسرے روز وهاں کا بادشاہ شِکار کو نِکلا تھا - اِتفاقاً مُقرّبوں کے ایک گروہ کو ساتھ لیکر - بر وقت پہُنچا - اور اُن تینوں کو میدان میں بیٹھے هوئے دیکھ احوال پوچھا * اُنھوں نے ماجرا بیان کیا * بادشاہ نے فرمایا کہ - تُم اپنے اپنے حسد کو بیان کرو - دیکھوں کون کِس مرتبے میں هي - اُس کے مُوافِق یے اشرفیاں تُمھیں حِصّہ کر دوں * ایک نے کہا - مُجھے حسد اِسقدر هي جو هرگز نہیں چاهتا هوں کہ کِسي پر اِحسان کروں تا وُہ خوش هوے * دوسرے نے کہا کہ - تو نیک مرد هي - اور میرے حسد کا ایک پاسنگ تُجھ میں نہیں - مُجھے اِتنا حسد هي جو دیکھ نہیں سکتا هوں کہ کوئي کِسي پر اِحسان کرے - یا اپنا مال کِسي کو بخشے * تیسرے نے کہا کہ - تُم دونوں حسد سے اصلاً بہرہ نہیں رکھتے هو - تُمھارا صِرف دعویٰ بے معني تھا - میں ایسا هوں کہ هرگز روادار نہیں جو مُجھ سے کوئي بھلائي کرے * بادشاہ نے انگُشتِ حیرت کو کاٹا - اور اُنکي گُفتگو سے مُتعجّب هوکر کہا کہ - تُمھاري باتوں سے ثابت هوا کہ اِن اشرفیوں میں سے تُمھیں ندیا چاهئے - بلکہ هرایک کو مُوافِق گُناہ کے سزا دینے ضرور هي * جو شخص کِسي پر اِحسان کا روادار نہو - سزا اُسکي یہہ هي کہ اِس دولت سے محروم رهے - اور کوئي اُسے بھلائي نکرے * اور جو اِحسان اور کا اور پر دیکھ نسکے - بہتر هي کہ اُسے سنگسار

کیجئے * اور جو اپنا حاسد آپ هي - اُسکي سزا یہہ هي کہ پنڈت‌خانے میں قید رهے جب‌تک کہ envious, enemy
مرے * تب فرمایا کہ - اُس پہلے کو ننگا کر بهوکها پیاسا جنگل میں چهوڑ دیں * لوگ حکم بجا لائے -
اور دوسرے کا سر تیغ بیدریغ سے جُدا کیا - اور تن کے رنج سے رهائي بخشي * تیسرے کے بدن میں sigh, pity, mourn
قِطران (1) ملواکر گرم ریت (2) کے اندر ڈلوا دیا یہاں‌تک کہ وُہ هزاروں جان‌کندني (3) سے هلاک هوا * غرض حسد (1) tar, pitch, kidney
(2) mucus, sand
(3) digging, agonies of death
کي شامت سے تینوں ذلیل هوئے * adversity, misfortune

حاصِل اِس قِصے کا یہہ هي تا معلوم هو کہ حسد کي نہایت یہاں‌تلک هي کہ بعضے حسد سے
اپني بهلائي نہیں دیکھ سکتے هیں - یہیں سے سمجهئے کہ اوروں کي بهلائي کب دیکھ سکینگے ؟ میں
سمجهتا هوں کہ دمنہ کے حقّ میں جو کُچھ کہتے هیں حسد سے هوگا * شیر کي ما نے کہا - بادشاہ کے
مُقرّبوں کے اطوار سے مُجهے حسد نہیں معلوم هوتا هي - اغلب هي کہ مُتّفِق هوُنا سبهوُنکا اُسکے قتل manners, behaviour
پر صِرف بادشاہ کے فائدے کے واسطے هي - نہیں تو اُسکے دفع کرنے میں اِحتیاج اِس تحقیقات کي
نتهي * شیر نے کہا - مُجهے اِس بات میں شُبہہ هي - پس میں دمنہ کے قتل میں جلدي نکرونگا - happy, beautiful, good
مبادا اوروں کے نفع کے واسطے خود زیانکار ٹهہروں - اور خلق کي خوشنودي کے لئے خالِق کے غضب loss
میں پڑوں * غرض جب‌تک دمنہ کي مُعاملت کو خوب غوْر نکروں - اُسکے قتل کے درپے نہوں * profit
شتربہ کے کام میں جلدي کرکے مُجهے یہہ پشیماني هوئي هي * مُناسِب یہہ هي کہ صِرف گُمان سے instant, following
کِفایت شِعاروں (1) کو ضائع نکروں * اُسکي ما نے جواب دیا - تحقیق میں کُچھ زیان نہیں - کِسي راست lost, fruitless
گواہ سے تحقیق کیجئے * جب بات یہاں‌تک پہُنچي ناوقت هوُ گیا * وہ رُخصت هوکر اپنے گهر کو
گئي - اور جب دمنہ کو پنڈت‌خانے میں لیجاکر - اُسکے پائو میں بیڑیاں بهرِیں - کلیلہ دردِ برادري fill, bind, manage
سے مُلاقات کے واسطے وهاں گیا * لہو کے آنسو روْنے لگا - اور آہ و زاري کرکے کہنے کہ - اي بهائي !
مُجهے اِس بلا و مِحنت میں کیونکر دیکهوں ؟ مُجهہ پر اپني زِندگي وبال هوئي * دمنہ بهي روْیا اور unhealthy, climate, crime, misfortune
کہا - مُجهہ پر یہہ قید و زِندان اِسقدر دُشوار نہیں هي جِسقدر یہہ درد کہ تُجهہ سے جُدا هوکر - زیست prison
کیجئے اور فِراق کي جان‌کندني میں رهیئے * کلیلہ نے کہا - اي دمنہ ! جب کام یہاں‌تلک پہُنچا - Adversity, cruel
تو اگر تُجهے سخت و سُست کہوں - مُضایقہ نہیں * میں پہلے هي یہہ احوال سمجها تها - اور
نصیحت کیا کرتا تها - لیکِن تو مُلتفِت نہوْتا تها - اور اپني دانِش پر اِعتِماد رکهتا - آخِر وهي هوا جو caution, remind
میں کہتا تها * اگر میں آگے نصیحت کرنے میں قُصور کرتا - اور تیرے جتانے سے باز رهتا - تو اِس
بُرے حال میں شریک هوْتا - اور یے باتیں تُجهہ سے نہ کہہ سکتا * اي غافِل ناعاقِبت اندیش !
داناؤں نے جو کہا هي کہ - فِتنہ‌انگیز قبل اجل کے مرتا هي - اُسے مُراد زِندگي کا آخِر هوْنا نہیں - بلکہ death, related time delay -

[1] 'Possessed of prudence,' a meaning which should be added to the Dictionary, under the word کِفایت شِعار *kifáyat shi'ár*.

أسکو ایسي اذیت درپیش ہو کہ زندگي اُسپر وبال ہو جاوے - اور موت کي تمنّا کرے - جیسے تجھے
در پیش ہوئي - اور هرایذہ موت اِسّے بہتر هي * دمنہ نے کہا - اي بھائي ! تو سچ کہتا تھا - اور شرط
برادري کي بجا لاتا تھا - پر شامتِ نفس اور دولت و مال کي حِرص مُجھ پر غالِب تھي - کہ تیري
نصیحت میرے نزدیک بیقدر تھي - باوصف اِسکے کہ میں جانتا تھا کہ اِس کام میں خطرے بہت
هیں - تب بھي میں اُسکي سعي کرتا تھا - اور اپنے تئیں مانند اُس بیمار کے سمجھتا تھا جِسپر کھانے کي
حِرص غالِب ہو - اور کھانیکے ضرر سے واقِف ہو - تب بھي اُسکي رغبت کرے - اور مُوافِق آرزو کے
کھاوے * پس ایسے کو جو هوائے نفساني کي پیروي سے اِحتراز نکر سکے - جو بلائیں پیش آویں گوارا
کرنا ضرور هي - اگر وہ کُچھ زمانیکي شِکایت کرے تو گویا اپني هي * کلیلہ نے کہا - دانا وہ هي کہ کام
سے پہلے انجامِ کار کو سوچے - اور درخت لگانے سے آگے اُسکے میوے کا خیال کرے - تاکہ اپنے کئے
سے پشیمان نہو - اور کہنے سے پریشان - کیونکہ وہ پشیماني و پریشاني دُشمنوں کي خوشي اور دوستوں
کے غم کي وجہ هوتي هي * دمنہ نے کہا - اي بھائي ! آزُردہ نہو - مُجھ پر جو حادِثہ پڑا هي اگلے بُزُرگوں
پر اِسّے زیادہ هوا هي - اور جِسکا کوئي دُشمن نہو - وہ صِفت کمینوں کي رکھتا هي * چئیں سے رهنا اور
بخوشي زیست کرني پست فِطرت و سِفلوں کا کام هي - اور عالي هِمّتوں کو خطرِ عظیم سے چارہ نہیں *
کلیلہ نے کہا - دولتِ فاني اور جاہِ بے اِعتبار رنج و مِحنت کے برابر نہیں - ضرور تھا کہ دُنیا کي طرف
اِلتِفات نکرتا - تا اِس بلا میں مُبتلا نہوتا * دمنہ نے کہا - میں جانتا هوں کہ بیچ اِس بلا کا میں نے
آپ بوٹیا - اور جو جیسا بوئے ویسا پاوے - اب جو کام هاتھ سے جاتا رها - تو اپني چوک سے
مُطّلِع هوا - اور عیب سے اپنے واقِف - اگر زندگي باقي هو اپنے کئے سے پشیمان هوں - اور آیندہ
سمجھکے چلوں * کلیلہ نے کہا - اب اپني رهائي کي تدبیر تو نے کِس طوَر پر ٹھہرائي ؟ اور نجات کے
واسطے کیا خیال کیا ؟ دمنہ نے کہا - نظر ایسا آتا هي کہ میري حیات کي کِشتي فنا کے بھنور میں
پڑیگي - پر حتّي المقدور کوشِش کرونگا - اور ذِلّت میں راضي نہونگا * پر اِس لئے زیادہ غمگین هوں -
کہ مبادا تُجھے بھي میري رِفاقت کے سبب تُہمت لگے اور مارا پڑے ! اگر کبھي تُجھے میري باتوں
کے ظاهِر کرنے کو تکلیف دیں - تو مُجھے دو طرح سے قلق هوگا * ایک تیرے ایذا پانے کے سبب اور
اِس شرم سے کہ تو میري خاطِر بلا میں مُبتلا هو * دوسرا یہہ کہ میرے تئیں مخلصي کي توقّع نرهے -
کیونکہ راستي تیري سبھوں پر ظاهِر هي - سچ باتوں کو چھپانا تُجھ سے راست باز سے دُشوار هي * کلیلہ
نے کہا کہ - تو جانتا هي کہ مُجھے شِکنجۂ ظُلم کي تاب نہیں - جو کُچھ جانوں چھپا نسکوں - اور
کِسي کي خوشامد کے واسطے جھوٹھ نہ بولوں - جو کُچھ حقّ هو پوچھنے سے پہلے ظاهِر کروں * صلاح
یہہ هي کہ تو مُقِرّ هو اور جو کُچھ تُجھ سے هوا هي کہہ دیوے اور توبہ کرے * تو خود جانتا هي کہ
اِس بات کے واسطے تُجھے هلاک هوتا هي - پس توبہ سے آخِرت کي نجات هوگي * دمنہ نے کہا -

بھلا! مئیں تامّل کرکے اِسکا جواب دونگا * کلیلہ غمگین ہوکر وہاں سے پھرا - غم کا پہاڑ چھاتي پر اُٹھاکر
پیٹھہ بسترِ ہلاکت پر رکّھي - اور تمام رات پیچ و تاپ کھایا کیا - دردمندي و خستہ‌دلي سے چلّاتا رہا *
فجر ہوتے ہي - اُسکا دم نِکل گیا - وفاداري مئیں اپني جان دي اور آرزوئیں خاک مئیں مِل گئیں *
پر جِسوقت کلیلہ و دمنہ کے وہ بات چیت ہوئي تھي - کوئي درِند جو اُس زِندان مئیں قیْد تھا اُسکے
نزدیک سوتا تھا - اِس گُفتگو سے جاگا اور وے آپسمئیں جو کہتے تھے سُن سُن یاد کر لیا تا کہ بر وقت
کام آوے * صُبح پھر ہنگامہ پُرسِش کا گرم ہوا * شیر کي ما نے دمنہ کا قِصّہ نئے سِر سے چھیڑا اور
کہا - ظالِموں کو جیتا رکھنا پرہیْزگاروں کے قتل کے برابر ہي - جو باوصف توانائي کہ فِتنہ‌انگیز کو
جیتا چھوڑے - وہ البتّہ فِتنے مئیں اُسکے ساتھہ شریک ہي * شیر نے امینوں کو فرمایا کہ - دمنہ کے مُعاملے
کے فیْصل کرنے مئیں ڈھیل نکرو - اور بھلا بُرا جو کُچھہ ثابت ہو مُجھے اِطّلاع دو * پس بُزرگوں کے ایک
گروہ نے باتّفاق کہا کہ - جہان‌پناہ دمنہ کے تحقیقِ حال کے واسطے تاکید فرماتے ہیں جب تک یہہ
مُعاملہ فیْصل نہوے اور کام مئیں مشغول نہوا چاہئے * تُم مئیں سے جِسکو جو معلوم ہو کہے -
کہ اُسمیں تین فائدے ہیں * ایک - اپني راستي کو ظاہِر کرنا * دوسرا - نا راستي و ظُلم کي بُنیاد
ڈھاني * تیسرا - مُفسِدوں فِتنہ انگیزوں کے ہاتھہ سے خلاص ہونا * جب یہہ بات آخِر ہوئي - حاضِرانِ
مجلِس چُپ رہے - کیونکہ اُنکو فِتنہ‌انگیز دمنہ کے کام مئیں یقین نتھا - اور نہیں چاہتے تھے کہ
صِرف گمان سے کُچھہ بولیں - مبادا اُنکي بات سے ایک ناحقّ خون ہو! جب دمنہ نے یہہ حالت
دیکھي - دِل اُسکا خوش ہوا - پر غمگینوں کے مانند مُنہہ بناکر کہا - اي مُقرّبانِ درگاہ! جانیو کہ اگر
مئیں گُناہگار ہوتا چُپکا رہتا - بےتقصیر ہوں - اور جِسکا کُچھہ قُصور نہو - کِسیکو اُس پر قُدرت نہیں -
اگر وہ مقدور بھر اپنے کام مئیں سعي کرے - اُسپر جلے سخن نہیں * مئیں تُم کو قسم دیتا ہوں کہ جو
مئیرے حال سے مُطّلِع ہو - سچ کہو - اور سررِشتۂ اِنصاف کو نِگاہ رکھو - جِسکي بات کو حقّ کے اِظہار
مئیں یا کِسیکے ہلاک ہونے مئیں اثر ہو - چاہئے کہ جو کُچھہ کہے راستي و دانِش سے اور گُمان و وہم کو
نزدیک اپنے راہ نہ دے * جو صِرف گُمان سے مُجھے ہلاکت مئیں ڈالے - اُسکي حالت وہ ہوگي کہ اُس
طبیبِ نادان کي ہوئي * سبھوں نے پوچھا - وہ کیا ہي ؟

حِکایت ۹

THE STORY OF THE IGNORANT PHYSICIAN.

دمنہ نے کہا - نقل ہي کہ ایک شخص سرمایہ دانِش و تجربے کا نرکھتا تھا اور دعوٰیِ
طبابت کا کرتا تھا * شہر مئیں اداني کي دوکان لگاکر بیٹھتا تھا اور اُسکي مردم‌کُشي کا
بازار گرم تھا - اُسي عہد مئیں اور ایک طبیبِ دانا - کہ دستِ شِفا رکھتا تھا - اور
قدم اُسکا مشہور تھا - زمانے کي نیرنگي سے اُس طبیبِ حاذِق کا احوال ابتر ہوا - اور رفتہ رفتہ

اندھا ہو گیا اور وہ جاہل فریبِ نادان بیمعنی دعویٰ کرنے لگا * تھوڑے سے عرصے میں طبابت اُس
مُلک کی اُسی پر مُقرّر ہوئی اور جھوٹھی شُہرت سے طبابت اُسکی چمکی * اُس مُلک کے بادشاہ کی
ایک بیٹی تھی نہایت حسین - اُسکے بھتیجے سے بیاہی ہوئی تھی - وہ حاملہ ہوئی اور جنتے وقت
اُسے بہُت اذیّت ہونے لگی * طبیبِ دانا کو بُلواکر کیفیّت سے مُطّلع کیا * اُسنے مرض کی تشخیص کر
کہا کہ - اِسکا مُعالجہ مہران سے ہو سکتا ہی - اُسمیں سے ذرہ لیکر کوٹیں اور کپڑچھان کرکے تھوڑا
مُشک و دارچینی مِلاکر- طبر زد کے ساتھ بقدرِ خوراک بیمار کو دیں - کہ درد رفع ہو جائیگا * کہا - اے
حکیم! یہہ دوا کہاں ہی کِسکے یہاں تلاش کریں؟ اُسنے کہا کہ - مَیں نے بادشاہ کے دواخانے میں یہہ
دوا دیکھی ہی - کہ ایک روپے کی ڈبیا میں رکّھی ہی - اور سونے کا تالا اُسپر لگا ہی - اب مُجھے
آنکھوں سے نہیں سوجھتا ہی - اِس لئے اُسکی تلاش سے عاجز ہوں * تب لوگوں نے اُس طبیبِ نادان
کو جو دانا کہلاتا تھا لا حاضِر کیا * اِسنے طبیبِ دانا کی تشخیص سُنکر کہا کہ - یہہ کیا جانتا ہی؟
یہہ دوا مُجھی سے سُنی ہوگی - اِس دوا کو پہچاننا میرا کام ہی اور اُسکی ترکیب میں جانتا ہوں *
بادشاہ نے اُسکو اپنے حُضور طلب کیا اور فرمایا کہ - تو شربت‌خانے کو جا - اور جو جو دوائیں
درکار ہوں لاکر- وہ خوراک جو حکیم نے کہی ہی تیّار کر * طبیبِ نادان شربتخانے کو گیا - اور جِسطرح
کی ڈبیا حکیمِ دانا نے کہی تھی تلاش کرتا تھا - جیسی ڈبیا کہ اُسنے بتائی تھی ویسی بہُت دیکھیں
اور اُسکی تلاش سے عاجز آیا اور بغیر اُسکے کہ اِمتیاز کرے اُن ڈبیوں میں سے ایک کو اُٹھا باہر لے آیا *
قضارا اُسمیں زہرِ ہلاہل تھا کہ سر بمُہر تھا - سر پوش کھول زہر کو اور دواؤں میں مِلا - ایک خوراک
تیّار کر اُس لڑکی کو دیا - زبان پر رکھتے ہی مر گئی * بادشاہ نے جو یہہ حال دیکھا - تو ایک آگ
لگ گئی اور فرمایا کہ - باقی دوا طبیبِ نادان کو کِھلاویں - کھاتے ہی وہ بھی سرد ہو گیا - اور
تُرت اپنی حِماقت کی سزا پائی *

دمنہ نے کہا - مَیں نے یہہ قِصّہ اِسلئے کہا تا تُم جانو کہ لوگ نادانی سے جو کام کرتے ہیں مآلِ
کار اُسکا بد ہی - اور جو کام صِرف گُمان پر ہو - اُس میں خطرے بہُت ہیں * حاضِرانِ مجلِس سے
ایک نے کہا - اے دمنہ! تو اُس قِسم کا ہی کہ تیرا باطِن ظاہِر سے بد ہی * اوروں نے کہا - تو یہہ بات
کہاں سے کہتا ہی؟ اور کیا دلیل اُسکی رکھتا ہی؟ بولا - اربابِ فِراست نے اور عِلم قیافے کے پڑھنےوالوں
نے کہا ہی کہ - جو کُشادہ ابرو - کہ اُسکی دھنی آنکھ بائیں سے چھوٹی ہو - ہمیشہ پھڑکے - اور ناک
اُسکی بائیں طرف جُھکی ہو - اور نِگاہ اُسکی ہمیشہ زمین پر پڑے - وہ پُر فِتنہ و فساد ہوتا ہی - اور
سرِشت اُسکی مکر سے ہی - یہے آثار اِس میں ظاہِر ہیں * دمنہ نے کہا - اگر یہے علامتیں جو تو نے
کہیں دلیل ہو سکیں - اور جھوٹھ سچ کا فرق اِنھیں سے دریافت ہو - تو لوگ سوگند و گواہی سے

بچ رهیں۔اؤر عادِل کوْ باز پُرس سے مُعامِلے کي چٹیں هوْ * پھر کِسي نیْک کي تعریف نه کیجے۔ اؤر
بدکِردار کوْ طعنے ندیجئے ۔ کیونکه کوئي بنده خُدا کا اِن علامتوں کوْ اپنے سے دور نکر سکے * پس
نصیحت کرني اؤر سبھوں کوْ نیْکي کي ترغیب دیْني ۔ بدي سے منع کرنا ۔ یے سب باتیں درمیان سے
جاتي رهیں * بالفرض مٹیں نے اگر یه کام کیا هوْ ۔ توْ اِسي واسطے که یے علامتیں مُجھ مٹیں هٹیں ۔ اؤر
جِسکا دفع کرنا مُحال هي ۔ نچاهئے که اُسکے واسطے مُجھ سے مُواخذه کرو *

بیت

خودرؤي کے نه طعنے دے مُجھ کوْ اِس محل مٹیں جِسطرح پالتے هٹیں اُگتا هوں اِس روش * X

پس مٹیں بقوْل تیْرے بلا سے چھُوٹا۔اؤر تو نے ناداني اپني ظاهِر کي که ایْک بے اصل بات کهي *
جب دمنه نے یه جواب دیا ۔ سب چُپ رهے * اُسکوْ پھر پنڈت‌خانے مٹیں بھیْجا ۔ اؤر صُورتِ حال
جاکر شیْر سے عرض کي * دمنه جب پنڈت‌خانے مٹیں گیا ۔ روْزبه نام کلیله کے ایْک آشنا کا گُذر
اُدهر هوا * دمنه نے اُسے بُلاکر پوچھا که ۔ مُدّت سے کلیله کي خبر کُچھ مٹیں نے نهیں پائي ۔ اؤر اِس
وقت اُمّیْدوار هوں که وه آکر مٹیرا احوال پوچھے * روْزبه نے جب کلیله کا نام سُنا ۔ایْک ٹھنڈهي
سانْس بھري ۔ اؤر اَشْکِ گرم آنکھوں سے بَہائے * دمنه اُسکي بیْکلي دیْکھکر بے تاب هوا اؤر بوْلا ۔
جلد حقیقت اُسکي بیان کر * کها ۔ اي دمنه ! مٹیں کیا کهوں ؟ وه یارِ عزیز اِس سرائے‌فاني سے دارُالبقا
کي طرف گیا ۔داغِ مُفارقت کا هم‌دَموں همنشینوں کے دِلوں پر دھر گیا * دمنه نے جب یه خبر
سُني ۔ بے خود هوا ۔ دیْر کے بعد ذره هوْش مٹیں آکر چِلّایا اؤر زار زار روْیا * جب نالے و زاري دمنه
کي حد سے گُذر گئي ۔ روْزبه نصیحت کرنے لگا که ۔ اي دمنه ! تو خود جانتا هي که کِسي مخلوق
کوْ قیام نهیں ۔ یه شربت سبھوں کوْ پینا هي ۔ اؤر یه بوْجھ سبکوْ اُٹھانا ۔ مرهم اِس زخم کا سِوائے
صبر کے نهیں ۔ اؤر اِس درد کي دَوا سِوائے شکیْبائي کے نهیں * اِن باتوں سے دمنه کوْ ذره تسلّي هوئي اؤر کها
که ۔ اي روْزبه ! یه بے کلي مٹیري بیْجا نهیں ۔ کیونکه وه مٹیرا شفیق و یارِ جاني تها ۔ آفت کے
وقت اُسکے یهاں پناه ۔ اؤر هرایْک کام مٹیں اُسکي دانِش و مِهرباني سے مدد لیْتا ۔ اؤر دِل اُسکا ایْک
گنج تها که جِس گوْهرِ راز کوْ اُس مٹیں چھپاتا ۔ زمانه اُسے مُطّلِع نهوْتا * افسوْس که اُس یارِ مِهربان نے
مٹیرے سِر سے اپنا سایه اُٹھا لیا ! اؤر مُجھے اِس دُنیاے مِحنت‌آباد مٹیں اکیْلا چھوْڑا ! اب مُجھے
زِندگي سے کیا حظ ملیْگا ؟ اؤر سرمایه حیات سے کیا فائده ؟ اگر خیالاتِ فاسِد مٹیرے دِل پر نگُذرتے
اپنے تیْں آپ مار مرتا ۔ اؤر تنهائي و بیْکسي کے رنج سے چھوٹتا ۔ اِس گِردابِ بلا مٹیں جوْ پڑا هوں
بے مددگار کے صورت رِهائي کي نهیں نظر آتي هي * روْزبه نے کها ۔ اگر کلیله گُلستانِ هستي سے خارِستانِ
نیستي کوْ گیا ۔ اؤر یاروں کے نِهالِ دوْستي اِخلاص کي بارِش سے تازه و سرسبز هٹیں * دمنه نے کها ۔ سچ
هي که تیْري بقا سے هر زیان کي تلافي هوْگي ۔ اؤر اب تو مٹیرے حق مٹیں وهي کلیله هي ۔ هاتھ لا ۔

اور مُجھے اپني برادري مٹیں قبول کرو * روزبہ نہایت خوش ہوکر بولا - مٹیں تیري اِس عِنایت سے بجان ممنون ہوا - نہ دِل اِس توجّہ کے عُذر کا عُہدہ بر آ ہو سکے - نہ زبان شُکر اِس نِعمت کا بجا لا سکے * غرض دونوں نے آپس مٹیں عہد و پیمان برادري و دوستي کا کیا * دمنہ نے کہا - فلاني جگہ مٹیرا اور کلیلہ کا مال گڑا ہي - اگر تکلیف کرو - اور اُسے اُٹھا لاؤ - تو دوستي سے بعید نہیں * روزبہ دمنہ کے پتے پر گیا - اور خزانہ نِکال کر لایا * دمنہ نے اُسکے دو حِصّے کر - کلیلہ کا بخش روزبہ کے حوالے کیا - اور کہا کہ - ہمیشہ شاہ کي بارگاہ مٹیں حاضِر رہا کر - اور مٹیري جو کُچھ بات وہاں ہو دریافت کرکے مُجھے پہنچا * روزبہ نے بجان قبول کیا * صُبح شیر کي ما حاضِر ہوئي اور مجلسِ گُذشتہ کا احوال پوچھا * شیرنے ماجرا جِسطرح گُذرا تھا سُنایا * وہ گھبراکر بولي - جو بات سچ کہوں - تو شاہ کي خاطِر خواہ نہوگي - اور جو گُني کر جاؤں - تو شرط مِہرباني کي نہیں * شیرنے کہا - نصیحت کے باب مٹیں کُچھ خطرہ نکیجئے - آپ کي بات غرض آلود نہیں - في الفور مقبول ہوگي - بے مُلاحظہ فرمائے * اُسنے کہا - تُم جھوٹھ سچ مٹیں فرق نہیں کر سکتے ہو - اور نفع و ضرر نہیں سمجھتے - آخِر دمنہ فُرصت پاکر - ایسا فساد برپا کریگا کہ عقلِ روشن تدبیر اُسکي نکر سکے - اور شمشیرِ بُرّان اُسکي تلافي سے عاجز آوے * یہہ بات کہہ - غُصّے ہوکر - اُٹھي * دوسرے دِن چھوٹے بڑے سب حاضِر ہوئے اور دمنہ کو لا حاضِر کیا * بُزُرگوں سے ایک نے دمنہ کو کہا کہ - اگرچہ حُضّارِ مجلس خاموشي سي مُجھے فریب دیتے ہٹیں - پر خیانت تیري سبھوں کے نزدیک ثابت ہوئي ہي - اور دِل مٹیں سبھوں نے تیرے قتل پر اِتّفاق کیا ہي - اِس خواري کے ساتھ اِنھوں مٹیں جینے سے مُجھے کیا نفع ؟ اب صلاح تیرے کام کي یہہ ہي کہ تو اپنے گُناہ پر اِقرار کرے - اور توبہ کرکے - خُدا کي خوشنودي سے نجات پاوے * بُزُرگوں نے کہا ہي کہ - موت مٹیں دو آرام ہٹیں - جو نیکوکار ہو - اِس مِحنت کے زِندان سے چھوٹے - اور بدذات ہو - تو خلق اُسکے شرّ سے رِہائي پاوے * اي فِتنہ انگیز! اگر تو اپنے گُناہ کا اِقرار کرے - مُجھے دو خوبیاں حاصِل ہونگي - اور اہلِ روزگار اُسکا ذِکر کرینگے * ایک - راستي سے اِقرار کرنا گناہ کا واسطے نجاتِ اَبدي کے اور دُنیاے فاني کو چھوڑ عالمِ باقي کو اِختیار کرنا * دوسرا یہہ کہ - اِن شایستہ جوابوں اور معقول عُذروں سے تیري سخن پردازي خاص و عام مٹیں مشہور ہوگي - سبھوں کو تیري دانِشمندي معلوم ہي * تو بھي تامّل اور غور کر کہ نیکنامي سے مرنا بہتر ہي بدنامي کے جینے سے * دمنہ نے جواب دیا کہ - اِن بیہودہ باتوں سے باز آ - اور دوستي کے پردے مٹیں فریب نہ دے - مٹیں اپنا کام آپ خوب جانتا ہوں - اپنے یقین کو اوروں کے شکّ کے سبب چھپانا عقلمندي سے دور ہي - باوصف اِس کے کہ تُم فقط اِس گمان سے کہ مٹیں نے شترِبہ کے ہلاک مٹیں کوشش کي ہي - یہہ گُفتگو کرتے ہو اور بدظنّ ہوتے - اگر مٹیں بے سبب اپنے ہلاک کي کوشش کروں - اور بیموجب مُقِر ہوں - داناؤں کے نزدیک عُذر مٹیرا پذیرا نہوگا - اور یقین ہي کہ آپ سے بڑا کوئي اپنا دوست نہیں - پس

جوْ کُچھ اوروں کے حقّ مٰیں جائز نرکھّوں - تو اپنے اوپر کیونکر روادار اُسکا ہوں؟ صاحِبو! مُجْھ سے ہاتھ
اُٹھاؤ اور اہلِ غرضوں کي بات مٰیرے حقّ مٰیں نہ سنو - اور اِحتیاط نچھوڑو * جوْ کوئي گواہي اُس بات
کي دیوے جِسّے واقِف نہیں - اُس کي حالت وُہ ہوْ جوْ اُس بازدار کي ہوئي * پوچھا - وہ کیونکر؟

حِکایت ۱۰

THE STORY OF THE FALCONER WHO FALSELY ACCUSED HIS LORD'S WIFE.

دمنہ نے کہا - مٰیں نے سُنا ہي کہ کوئي سوْداگر تھا بُزُرگي مٰیں مشہور اور نیکْ ذاتي
مٰیں لا ثاني * اُسکے ایکْ جوْرو تھي - نِہایت حسین و دِلرُبا - اور پردہ نشین و پارسا -
اور ایکْ بلخي غُلام تھا بےباکْ جوْ خِدمت کوْ حاضِر رہتا - اور اُس کي بازداري
کرتا تھا * ایکْ دِن جوْ غُلام کي نظر اُس عوْرت پر پڑي - بےاِختیار ہوْکر بدذاتي سے خیال بدي کا
اپنے دِل مٰیں لایا اور ہرچند اُس پاکْدامن پر جادو ٹوْنا کیا - کُچھ فائِدہ نہوا * نا اُمّید ہوْکر -
جیْسي خصلت بدکاروں کي ہي - چاہا کہ اُسکے حقّ مٰیں کُچھ مکّاري کرے * ایکْ چڑیمار سے دوْ
طوطي مول لي - اور بلخي بوْلي مٰیں ایکْ کوْ سِکھلایا کہ - مٰیں نے بي بي کوْ دربان کے ساتھ سوْتے
دیکھا ہي * دوسري کوْ پڑھایا کہ - بارے مٰیں کُچھ نہیں کہتي ہوں * دوْنوں کوْ اپنے صاحِب کي
نذر گُذرانا * وے شیریں گُفتار طوطیاں شکر افشاني کرنے لگیں - اور سِکھائے ہوئے بوْل بدستور بوْلنے *
سوْداگر اگرچہ زبان بلخي نہیں سمجھتا تھا - پر اُنکي خوش آوازي سے خوش ہوا - اور اُن دِلاویز ترانوں
سے اُنس پیْدا کیا - اور جوْرو کوْ دیا کہ - اِنکي پرورش کرے * وُہ بیْچاري بھي اُنکي زبان نسمجھتي
تھي - ناداني سے اپنے دوْست نُما دُشمنوں کوْ پالنے لگي * سوْداگر ہمیْشہ اُن جانْوروں کوْ منگوا اپنے
روبرو رکھتا * ایکْ روز کئي مُسافِر جوْ اُس زبان سے ماہِر تھے اِسکے یہاں وارِد ہوئے * سوْداگر نے اُنکے
ساتھ مجلِس کرکے جوْ طوطیوں کوْ منگوایا - تو وے اپني موافِق عادت کے وہي بوْلیاں بوْلنے
لگیں * مُسافِروں نے سُنکر - آپس مٰیں ایکْ دوسرے کي طرف دیْکھا - اور شرم سے سر نیِہوڑا لیا -
اور حیران ہوئے * سوْداگر نے جوْ حیْرت کے آثار اُنکے چہرے پر ظاہِر - اور مجلِس کا
رنگ بدلا دیْکھا - پوچھا - کیا حال ہي؟ مہمانوں نے ہرچند عُذر کیا مقبول نہوا - آخِر
اُنمٰیں سے ایکْ جوْ دِلیْر تھا بوْلا کہ - تُم اِنکے بوْل سمجھتے ہوْ؟ جواب دیا کہ - مٰیں اِنکے معنوں سے
واقِف نہیں ہوں - فقط آواز سے خوش ہوں - اگر تُم سمجھتے ہوْ - تو کہوْ * اُنھوں نے حقیقتِ حال
بیان کي * سوْداگر گھبراکر اُٹھا اور کہا - اي عزیز! مٰیں اِسّے مُطّلِع نتھا - مُجھے معذور رکھنا * اب
جوْ دریافت کیا - تو جگہہ عُذر کي نہیں - مٰیرے شہر مٰیں یہہ رسم نہیں کہ زنِ بدکار گھر مٰیں ہوْ
اور کھانا کھاویں * اِسمٰیں غُلام بوْل اُٹھا کہ - مٰیں اِس بات کا گواہ ہوں * سوْداگر نے غُصّے ہوْکر عوْرت
کے قتل کا حُکم کیا * عوْرت نے کہلا بھیْجا کہ - اِس کام مٰیں تامّل بِہتر ہي - چلدي نہ کیجئے * اہلِ

دانش کو ہر کام میں تامّل ضرور ہے — خصوص قتل میں — کیونکہ اگر قابلِ قتل ہی — تو آیندہ کیا جائیگا — اور جو کسي بےگناہ کے قتل میں جلدي کي جاوے — اور بعد اُسکے معلوم ہو کہ سزاوار قتل کے نہ تھا — تو پھر عِلاج اُس کا کُچھ نہیں — ہمیشہ افسوس رہیگا * حسبُ الحُکم سوداگر کے وہ رنڈي نزدیک آکر — چلون کے اوٹ میں بیٹھي — اور ماجرا بیان کیا * سوداگر نے کہا — طوطیاں آدمي نہیں کہ بات اِنکي غرض آلودہ ہو — جو کُچھ دیکھا ہي — وہي کہتي ہیں — بلکہ اور خیرخواہ غُلام بھي گواہي دیتا ہي — پس یہہ تقصیر ایسي نہیں کہ زبان‌آوري سے معاف ہو سکے * عورت نے کہا — تحقیق ضرور ہي — اگر بات سچ ہو — اور لائقِ قتل کے ٹھہروں — حاضِر ہوں — جو دِل میں آوے کیجئے * سوداگر نے کہا — کیونکر تحقیق کروں ؟ جواب دیا کہ — اِن زبان‌دان مہمانوں سے پوچھو کہ — طوطیاں اِنہیں دو بول کے سِوا اور کُچھ جانتي ہیں — کہ نہیں ؟ اگر اور نہیں جانتي ہوں — تو یقین جانو کہ اِس بےحیا غُلام کا مطلب مُجھ سے حاصِل نہوا — اور آرزو اُسکي بر نہ آئي — اِسلیئے اِنکو دو بول سِکھا دیئے ہیں * اگر اور کُچھ جانیں — تو تُجھ پر میرا خون حلال ہي — اور مُجھ پر اپني زندگي حرام * سوداگر نے غُلام کا قِصّہ مُفصّل پوچھا — اور دیر تک جُست و جو کي پر طوطیوں کي زبان سے سِوائے اِن دو بول کے کوئي بات نسُني — معلوم ہوا کہ عورت کي تقصیر نہیں * شرمندہ ہوکر غُلام کو بُلوایا * وہ بدذات باز کو ہاتھ پر لئے کمال شوق سے خلعت کے بھروسے حاضِر ہوا * عورت نے پوچھا — ظالِم بدذات ! تونے مُجھے بدکاري کرتے دیکھا ہي ؟ کہا — ہاں ! اِس لفظ کے کہتے ہي — باز نے جھپٹکر چونچ سے آنکھیں اُسکي نکال لیں — عورت نے کہا — البتہ سزا اُس آنکھ کي جو اَن دیکھے کو دیکھا جانے یہي ہي — آخِر وہ مُفتري سیاست کو پہُنچا *

حاصِل اِس داستان کا یہہ ہي کہ تُہمت پر دِلیري کرني ان دیکھي بات کي گواہي دیني موجِب شرمندگي کا ہي * جب دمنہ کي بات تمام ہوئي حُضّارِ مجلِس نے اِس گُفت‌گو کو لِکھ شیر کے پاس بھیجا * اُس نے یہہ روداد اپني ما کو دِکھائي * وہ دریافت کرکے بولي — اي پادشاہ ! تقیّد میري اِس کام میں اُسے زیادہ بیفائدہ ہي — کیونکہ وہ فِتنہ‌انگیز اب بدگُمان ہوا — بعد اِسکے مکر و فریب اُس کا پادشاہ کے ہلاک پر ہوگا — پادشاہ و رعیّت دونوں کے کام کو برہم کر دیگا — اور جو کُچھ فساد شتربہ کے حق میں جو وزیرِ مُخلِص تھا کیا ہي — اُسے زیادہ تمام ارکانِ دولت پر کریگا — جب مُفسِد کا رُتبہ اِس قدر بڑھا کیا عجب ہي کہ ہاتھ فِتنے کا ہر طرف پھیلاوے ؟ اِس بات نے شیر کے دِل میں جگہہ کي اور بہُت سوچ کر کہنے لگا کہ — اي ما ! فرمایئے کہ دمنہ کا قِصّہ کِسّے سُنا — تا کہ اُسکے قتل کا بہانہ ٹھہرے * بولي — اي بیٹا ! اِظہارِ راز اُس کا کہ جِسنے مُجھ پر اِعتماد کرکے کہا ہي امین بیمروّتي ہي — کیونکہ وہ امانت ہي — پر یہہ ہو سکتا ہي — کہ اُسے کہوں — اگر وہ اِجازت دے — تو ظاہِر کرونگي * کہا — بہتر * شیر کي ما وہاں سے اپنے مکان کو گئي — اور چیتے کو بُلواکر بہُت خاطِر کي

اور کہا کہ ۔ پادشاہ تيرے حق ميں جو رعايتيں کرتے ہيں سبھوں پر ظاہر ہي ۔ اور شکرگذاري اُسکي تجھ پر واجب ۔ تا کہ روز بروز توجّہ اُسکي تجھ پر زيادہ ہووے * چيتے نے کہا ۔ اي ملِکۂ آفاق ! وہ پادشاهي نوازشيں اور مہربانياں جو بندے کے حال پر فرماتے ہيں ۔ شکر اُن کا کِس زبان سے ادا کروں ؟ اور ميں آج تک کوئي خِدمتِ شايستہ بجا نہ لايا * اب جو کُچھ فرماويں حاضِر ہوں * اُس نے کہا ۔

مِصراع

آغاز کردۂ پرسانش بانتہاء *

شيرنے پہلے اپنا راز تجھسے ظاہر کيا تھا ۔ اور تو نے سرانجام اُسکا اپنے ذمّے لِيا تھا ۔ کہ شتربہ کا اِنتقام اُسکے دُشمنِ فِتنہ انگيز سے لوں * اب اُس وعدے کو وفا کر * صلاح يہہ ہي کہ پادشاہ کي خِدمت ميں حاضِر ہوکر ۔ جو کُچھ ديکھا سُنا ہي ۔ راستي سے ظاہر کرے * نہيں تو فريب دمنہ کا اُس حدّ کو پہُنچا ہي ۔ کہ شيرأسکے خون سے درگُذرے ۔ اِس صورت ميں حُضور کے کِسي مُلازِم کو اُسکي دُشمني سے بچاؤ نہوگا ۔ اور تھوڑے سے عرصے ميں مکر و فريب سے اميروں مُختارکاروں کو ہلاک کريگا ۔ اور جِسنے اُسکي چُغلي کھائي ہوگي اُسے بھي غارت کريگا * چيتے نے کہا ۔ اي مِلکہ ! بندہ اب تک اِسلئے گواہي دينے ميں توقّف کرتا تھا ۔ کہ جہانپناہ اُسکي حقيقتِ حال سے تھوڑا سا واقِف ہوں ۔ اور مکر و فريب اُس کا دريافت کريں ۔ اگر ميں پہلے اُسکے حقّ ميں کُچھ کہتا ۔ جو پادشاہ کو اُس کا احوال معلوم نتھا ۔ شايد ميري بات کو غرض جانتے ۔ اور بدگُمان ہوتے * اب جو يہہ نوبت پہُنچي جِسميں پادشاہ کي بہتري ہو کرونگا ۔ اگر ميري ہزار جانيں ہوں ۔ اور شاہ کي ايک دم کي فراغت پر نِثار کروں ۔ تب بھي شُکر ايک نِعمت کا ادا نہوگا * بعد اِس گُفتگو کے چيتا شيرکے پاس آيا ۔ کليلہ و دمنہ کا ماجرا جو سُنا تھا بيان کيا اور درِندوں کے حُضور گواہي دي * جب يہہ بات مشہور ہوئي ۔ ايک درِند نے جو پنڈِت خانے ميں اِنکي بات چيت سُن چُکا تھا کِسي کي معرفت کہلا بھيجا کہ ۔ ميں بھي اِس حال سے مُطّلِع ہوں * تب اُسے بھي بُلوايا ۔ اُسنے زِندان ميں جو باتيں کليلہ و دمنہ کے ہوئي تھيں کہہ سُنائيں * حُضارِ مجلِس نے پوچھا ۔ اگر تو جانتا تھا ۔ کبوں نہيں اُسي روز عرض کي ؟ جواب ديا کہ ۔ ايک گواہ پر حُکم نہيں ہوتا ہي ۔ اِس لئے بےفائِدہ ظاہِر کرنا مُناسِب نديکھا * شيرنے اُس کي بات پسند کي ۔ اور اُن دونوں کي گواہي سے دمنہ پر سياست واجِب جاني * حسبُ الحُکم شيرکے اُسکو پنڈِت خانے ميں قيد کر کھانا پينا بند کرکے عذابِ شديد ميں رکھا ۔ يہاں تک کہ بھوکھ پياس سے وہيں کام اُسکا تمام ہوا ۔ اور اپنے مکر و فريب کي سزا کو پہُنچا *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

خُلاصہ اِس باب کا یہہ هي که راے دابشلیم نے سرانديپ مٹیں بیدپاے حکیم سے جب دل‌چسپ باتیں سُنیں - عہد کیا که - پھر دولت‌خواهوں کي باتوں پر جو بارها اُنکو آزمایا هي عمل نکرے جب‌تک دلیلِ روشن سے خاطِر نِشان نہو - اور جب‌تک اُس دلیل کو بهي خوب نسوچے جلدي نکرے * بعد اُسکے راے نے برهمن سے پوچها که - دُنیا جاے مُکافات هي - دمنه بدکار کا کیا حال هوا ؟ اور مُفتریوں بدکاروں چُغل‌خوروں کا مآلِ کار کیا هي ؟ برهمن نے کہا که - مکّار فریب کار آخِر رُسوا هوتے هیں - اور جان و مال سے جاتے هیں - جیسے دمنه کي حالت هوئي که جب شیر نے شتربه کے کام سے فراغت کي - اور ویسے دانا خیرخواه کو مارا اندیشمند هوکر کہا که - مٹیں نے اِسکام مٹیں جلدي کي - اور اپنے پانوں پر آپ کُلهاڑي ماري - چاهئے تها که دمنه کي باتوں پر فریفته هو قصد اُس بیچارے کا نکرتا - پهلے هرایک دولتخواه سے صلاح پوچهتا اور دلیل طلب کرتا - پھر ایسے ایک گروه کو جو یقین جانتا که شتربه سے اُسکي آشنائي یا کِسیطرح کي مُخالفت دیني و دُنیوي نهیں تلاش کرکے اُسے جاسوسي کرواتا - تب اپني خاطِر کو غرض سے پاک کرکئي دِن تامّل کرتا * بعد اُسکے دِلنشین هوتا که - کیا کیا چاهئے ؟ تب اگر شتربه ناحق مارا پڑتا - تو چاهئے اپنے تئیں مَلامت کرتا اور همیشه کہتا که - افسوس! جوهرِ عقل کو جو اِنهیں کاموں کے واسطے خُدا نے بخشا هي مٹیں نے معطّل رکّها - اور اُسکي اِطاعت نه کي - ایسے عقلمند دوراندیش کو - جو بزم آرائي مٹیں یکتا اطوارِ جنگ سے مُطّلِع اور تدبیرِ مُلکي مٹیں نامَوَر دیں و مذهب مٹیں مُوافِق تها - صِرف گُمان سے قتل کیا * اِس اندیش مٹیں رهتا - نه نوکر چاکروں کي طرف مُتوجّه هوتا - نه مالي مُلکي کاموں مٹیں تن دیتا - یهاں‌تک که ایک دِن چیتا جو ایک وزیروں مٹیں سے تها - اُسنے شیر کي خِدمت مٹیں عرض کي که - خود بدولت شتربه کا ماتم کب‌تک رکهینگے ؟ مُرده تو پھر نه آئیگا - چاهئے که اِس بات کي تحقیق کریں - اگر دمنه کا جو کُچھ احوال سمعِ مُبارک مٹیں پهُنچا راست تها - تو خوش هوجئے اور شُکر بجا لائے - اور جو تُهمت تهي تو مُفتري کو سزا دیجئے تا اور سب دِلیر نهوں - اور غم و غُصّه اُنکے دِل سے دور هو * مَبادا اِس فِکر سے رفته رفته اور مُلازِم بهي ذلیل هوں ! مُلک هاتھ سے جاتا رهے جیسے کِسي لوْمڑي نے کِتني مِحنتوں سے ایک ٹُکڑا چمڑےکا پایا تها - چاهتي تهي که اُسي سے اپني بهوکھ مِٹاوے * اِتّفاقاً کِسي گاؤں کے کِنارے موٹے تازے مُرغ کو دیکهکر - نگاه‌بان سے اُسکے خطره نکیا - اور چمڑے کو جو سدِّ رمق هو سکتا زمین پر چهوڑا اور گهات مٹیں بیٹهي * هرچند ایک گیدڑ نے بسببِ هم‌جنسي و مِهرباني کے منع کیا مُفید نهوا اور اُسنے کہا که - تیرا قِصّه اُس گدهے کے مانند هي که دُم کے واسطے جاکر کان اپنے کهوئے - اور حِرص سے باز نه آیا * لوْمڑي نے یہہ بات نه سُني اور مارے لالچ کے قصد مُرغ کا کیا - آخِر نِگاهبان نے گهات کي جگهه سے نِکلکر ایسي سزا دي که اپني جان سے بیزار هوکر - لنگڑاتي گِرتي پڑتي -

STORY I.

STORY II.

جو اپني جگہہ کو گئي تو نہ اُس چھڑيکا نِشان پايا نہ مُرغ کي تلاش سے کُچھ فائِدہ ہوا * شيَر جو دانا تھا چيتے کي نصيحت سُن - خوش ہوکر بولا کہ - اِس مُہِمّ کو تو اپنے ذِمّے لے - خوب تحقيق کر اور دمنہ کي سياست کو پہُنچا * اگرچہ چيتے سے يہہ بات کہي - پر سوچ ميں تھا کہ - جب تک دمنہ کي خيانت ميرے تئيں کئي جگہہ سے تحقيق نہو - اور خوب غور نکي جاے قصد اُسکا نکرونگا - کيونکہ ايک کو کھويا دوسرے کو بے تحقيق کيونکر ہاتھ سے دوں؟ چيتے نے بظاہِر اگرچہ کفايت ايہہ مُشکِل کام اپنے اُوپر ليا - ليکِن شيَر کے تيور سے سمجھا کہ فقط ميري تحقيق کافي نہوگي - کہا - ديکھئے زمانہ کيا کرتا ہي - مبادا[1] چلدي کروں اور ميري بات سچ ہو - تب بھي پيش رفت نجاے - اور کام جوں کا توں رہے * رات بہُت ہو گئي تھي اِسلئے وہاں سے رُخصت ہوکر اپنے گھر کي طرف چلا * اُسکي خاطِر ميں گُذرا کہ دمنہ کے مکان سے ہوتے چلئے اور جاسوسي کيجئے کہ اُسکے يہاں کيا مذکور ہي؟ جب اُسکي جگہہ کے قريب پہُنچا - ديکھا کہ کليلہ دمنہ سے سخت سُست کہہ رہا ہي - اور اُسکي شرارتيں بيان کرتا ہي اور کہتا ہي کہ - اب ميرے تيرے آشنائي نرہي - ايک تو بادشاہ کو فريب ديکر بيچارے شترِبہ کو جو اميں بارگاہ کا تھا تونے قتل کروايا - اور اپني ہوا و ہوس کے لئے مُلک و دولت کي خرابي ميں کوشش کي - بادشاہ کو عہد شِکَن کيا - دوسرے درگاہ کے مُلازِموں کو بادشاہ سے بدگُمان کروايا - اور ايک دم کي خوشي کے واسطے ہميشہ کي بلا ميں مُبتلا ہوا * غرض تو مست ہوا ہي - اور آخِر کار کو لِحاظ نہيں کرتا ہي * تُجھے نہيں معلوم کہ بدکاروں کا کيا احوال ہوتا ہي؟ اور جو کہ اپني نفسِ شُوم کے واسطے اوروں کا زياں کرے - اُسکا مُنہہ ديکھنا رَوا نہيں * تو نے ايک فائِدۂ موہوم کے واسطے کيا کيا نا مُناسِب کام کيئے! تيرے ميرے آشنائي کيا؟ دمنہ کہتا تھا کہ - مُجھ سے تقصير ہوئي - اب ميں خود پشيمان ہوں - پھر کبھي ايسا کام نکرونگا - تُم ميرے دوست ہو - آج کے دِن مُجھ پر آفت پڑي ہي - دستگيري کرو * چيتے نے جب يے باتيں سُنيں دمنہ کے حق ميں جو اُسکو شُبہہ تھا يقين ہوا * دوسرے دِن شيَر کي ما کے پاس جاکر - پہلے بادشاہ کے غم و الم اور رعيّت و مُلک کي خرابي سے آگاہ کيا - پھر دمنہ کے مکر و فريب کا جو اُسے گُمان تھا کہہ سُنايا - تب کليلہ و دمنہ ميں جو بات چيت ہوئي تھي بيان کي اور قوَل ليا کہ - يے باتيں کِسي سے ظاہِر نہ کيجئے - اور اُسے شترِبہ کے اِنتِقام[1] لينے پر لايا * صُبح کے وقت شيَر کي ما جو بيٹے کي مُلاقات کو گئي - اور شيَر نے چيتے سے جو کُچھ مذکور کيا تھا ما سے بيان کيا اور کہا - شترِبہ کي اچھي خِدمتيں جب ياد آتيں ہيں پريشان ہو جاتا ہوں * وہ بولي - يہہ صاف دليل ہي کہ شترِبہ بے گُناہ مارا پڑا - اور ميں دمنہ سے اگرچہ بدگُمان تھي - ليکِن ايک مُعتمد سے ايسي بات سُني ہي کہ بدذاتياں اُسکي يقين ہو گئي ہيں * شيَر نے پوچھا - کِسنے سُنا؟ اور کيا سُنا ہي مُجھ سے کہئے - اور

[1] The original has here, and in several other places, مُبادا *mubádá*, but the Dictionary gives only مَبادا *mabádá*.

هرچند مُصِرّ هوا کُچھ فائدہ نہ کیا * شیر کي ما نے جواب دیا کہ — جو کِسي کا بھید کِسي سے کہے — اُسکا احوال وُہ هو کہ اُس رِکابدار کا هوا — جِسنے اپنے خُداوندِ نِعمت کا راز اُسکے بھائي سے ظاهِر کیا * یہہ خیالِ چھوڑ اور دمنۂ بدکار کو سزا دے * شیر نے اِس کہنے پر ارکانِ دولت کو بُلاکر حُکم کیا کہ — دمنہ کو بھي لا حاضِر کریں * جب دمنہ نے اهلِ دربار کا هُجوم اور شہریار کو مغموم دیکھا — ایک سے پوچھا کہ — سبب اِس مجمع کا کیا هي ؟ اور بادشاہ کے باعِث اندوہ کا کون ؟ شیر کي ما نے یہہ سُن لیا اور کہا کہ — تو هي اِسکا سبب هي * جواب دیا کہ — کُچھ بعید نہیں * حکیموں نے کہا هي کہ — جو کوئي بادشاہ کي خِدمت میں اِخلاص رکھے جلد مُقرّب هو — تب دوست دُشمن بادشاہ کے اُسکي جڑ کھودنے کے درپي هوں — دوست تو مارے حسد کے — اور دُشمن اِسلئے کہ وُہ بادشاہ کو راہِ نیک دِکھاتا هي اور نیک صلاح بتاتا هي * مُجھے بادشاہ کي مُلازمت نکرني تھي اور جب مَیں نے آپ اِختیار کي — اب جو اذیّت مُجھے پہُنچتي هي وُہ میري هي طرف سے هي — جیسے اُس زاهِد کا حال هوا جِسنے گوشۂ قناعت سے نِکل — بادشاہ کي صُحبت اِختیار کي — هرچند اُسکے یار نے منع کیا اور داستان اُن دونوں رفیقوں کي

STORY IV.

STORY V.

کہ ایک بینا اور دوسرا اندها تھا — اور اندھے نے سانپ کو کوڑا خیال کر هاتھ میں لیا تھا — اور بینا کا کہنا نمانا تھا — کہہ سُنائي — زاهِد کو مُفید نہوئي * دمنہ کي فصاحت سُن حُضّارِ مجلس چُپ رهے * سیاہگوش جو مُقرّبانِ درگاہ سے تھا بولا — یہہ کیا بیوقوفي هي جو تُجھسے هوتي هي ؟ کوئي دانا خِدمتِ شاہ کي مذمّت کرتا هي ؟ کیا تُجھے معلوم نہیں کہ درویشوں نے بادشاهوں کي خِدمت کو رضاے الٰهي کا وسیلہ جانا هي ؟ تو قِصّے سے اُس زاهِد کے جِسنے اپني بدنیّتي کي سزا پائي بادشاہ کي خِدمت میں تُہمت لگاتا هي * مگر تو نے پیرِ روشن‌ضمیر کا قِصّہ نہیں سُنا کہ بادشاہ کي صُحبت کي بدولت کِس رُتبے کو پہُنچا تھا ؟ دمنہ نے جواب دیا کہ — روشن‌دِلوں نے اِلہامِ الٰهي سے بادشاهوں کي خِدمت اِختیار کي هي — هم جیسوں کا کیا مقدور ؟ تو نے خوب سمجھکر بات نکہي * آخِر ارکانِ دولت جو اُس کے گِرانے کي کوشش کرتے تھے — دمنہ جو کُچھ کہتا تھا اُس کو رَدّ کرکے بادشاہ کو غُصّہ دِلا — اُس کے قتل پر مُستعِد کرتے تھے * آخِر جب دمنہ نے دیکھا کہ — بادشاہ آزُردہ‌خاطِر هي اور میري سیاست کا اِرادہ رکھتا هي کہا کہ — مُجھے مرنے سے ڈر نہیں — کیونکہ وُہ ایک امرِ ناگُزیر هي کیا آگے کیا پیچھے سبھوں کو مرنا هي — لیکن خودبدولت خوب غور فرماویں — تا ایک خیرخواہ بیگُناہ مارا نہ پڑے — اور تامّل کیجئے کہ شتربہ کے هراز میرے هلاک کے درپي هَیں * غرض فریب‌آمیز باتیں اِس طرح کي کہیں کہ شیر کا غُصّہ فرو هوا * اُس کي ما نے جو دیکھا کہ دمنہ راست‌نُما جھوٹھ باتیں کہہ اپني جان بچایا چاهتا هي — شیر کي طرف مُنہہ کرکے کہا — مَیں جانتي هوں کہ دمنہ کي باتیں تو سچ جانتا هي — اوروں کا کہنا جھوٹھ — مَیں نہیں جانتي تھي کہ

تو نے اپني عقل کھو دي هي - جھڑک کر وهاں سے اُٹھي * شيرنے ما کو رنجيدہ اور تمام نوکر چاکر کو آزُردہ ديکھکر فرمايا کہ - دمنہ کو باندھکر کوتوال کے حوالے کرو * شير کي ما يہہ خبر سُن پھر آئي * شير نے کہا - اي ما ! اگرچہ مَيں دمنہ سے بد گُمان هوں - اور تيرے تئيں سبھوں نے اُسے بد گُمان کيا هي - پر يقين جانيو کہ پادشاہ کے مُلازِم آپس مَيں کمال حسد رکھتے هَيں - اور چاهتے هَيں کہ ايک دوسرے کو اذيّت پہُنچاوے - مُجھے نہ دمنہ کي راستبازي کا خيال هي - بلکہ سبھوں کے فريب کي فِکر هي - اور حسد ايک آگ هي خانہسوز دولت کو خاک کرنےوالي - شايد آپ نے قِصّہ اُن تينوں رفيقونکا نہيں سُنا هي جنهوں نے اشرفيوں کي هِيباني پائي تهي - پر حسد کي شامت سے محروم رهے - اور اپني اپني سزا کو پہُنچے * تُمنے نہيں ديکھا هي کہ مَيں نے شتربہ کے حقّ مَيں جلدي کرنے کيا کيا غم و الم اُٹھائے ! اب دمنہ کے کام مَيں جب تک خوب تحقيق نکروں اُسے نہ مارونگا - اور بعد تحقيق کے سزا دونگا * اِس بات سے ما کو تسلّي دےکر رُخصت کيا * جب دمنہ کو پنڈت خانے مَيں لےگئے اور بيڑياں اُس کے پاؤں مَيں بھريں - کليلہ دردِ برادري سے اُس کي احوال پُرسي کو آيا اور کہنے لگا کہ - مَيں مُجھکو کيونکر اِس حالت مَيں ديکھوں ؟ اور بغير تيرے کيونکر جيوں ؟ دمنہ نے کہا - ميري کچھ فِکر نکر - عالي هِمّتوں کو خطرے بہُت در پيش هوتے هَيں - مُجھے اپنا غم نہيں هي - بلکہ تيرے واسطے فِکرمند هوں کہ مبادا ميري شامت سے تو بھي گرفتار هو جاے ! بھلے اِسکے مُجھ سے جب ميري سرگُذشت پوچھينگے تو مَيں تمام احوال سچ سچ کہہ دونگا * کليلہ نے کہا - يہہ سچ هي - پس مُناسِب هي کہ تو اِقرار کرے - اِس صورت مَيں اگرچہ سزا کو پہُنچيگا - ليکِن خُدا کي رِضا حاصِل کريگا - اور يقين جانتا هوں کہ جب دربار کے چھوٹے بڑے تيرے قتل پر مُتّفِق هَيں - هرچند اِقرار نکرے تب بھي مارا جائيگا - پس اگر اِقرار نکريگا - تو اِس بلا مَيں مُبتلا رهيگا - اور خُدا کي بھي خوشنودي نہوگي * دمنہ نے کہا - ٹھہراکر جواب اِسکا فجر دونگا * کليلہ وهاں سے رُخصت هو گھر کو آيا - تمام رات درد جُدائي سے زمين پر يہاں تک سر پٹکا کہ اپني جانِ عزيز راہِ وفا مَيں دي - اور دُنيا کے غم خانے سے فائدہ مند گيا * جِس وقت کليلہ و دمنہ مَيں گُفتگو هوتي تهي - درندوں مَيں سے ايک - جو وهاں قيد تها - اِنکي بوَل چال سے جاگا - اور باتيں اُنکي سُن سُن ياد کرنے لگا کہ - بر وقت کام آوَيں * دوسرے روز جب دمنہ کو بارگاہ مَيں حاضِر کيا - اور هر طرف سے باتيں کرنے لگا - اُسنے کہا کہ - صاحبو ! فقط گُمان سے ميرے خون کي سعي نہ کيجئے - جو کہ نادانستہ گواهي دے - اُس کي سزا وُہ هو کہ اُس طبيبِ نادان کي هوئي جو زهرِ هلاهل کو ماءالحيات سمجھکر دوا مَيں ملايا * حُضّارِ مجلِس چُپ رهے * اُن مَيں سے ايک نے کہا - اي دمنہ ! تيرے مُعاملے مَيں کُچھ شُبہہ نہيں - بدکاري تيري يقين هوئي هي عِلمِ فِراست سے ثابت هي کہ يے

آنکھیں - یہہ ناک - یہہ رنگ - اور یہہ چہرہ - جو تیرا ہي عَلامت فریب و بدذاتي کي ہي * دمنہ نے جواب دیا - اي بیوقوف ! کِس دلیل سے یہہ بات ثابت ہوئي ؟ اگلے داناؤں نے لوگوں کے ڈرانے کے لئے کئي چیزیں تخمیناً لکھي ہیں - نہ اِن علامتوں پر مدار عدالت و اِنصاف کا رکھا ہي - تو چاہتا ہي کہ سررشتہ اِنصاف کا اُٹھ جاے - اور ظُلم رواج پاوے * سِواے اِس کے اي کم عقل ! اگر تیري بات سچ ہو - تو اِس بدکاري میں میري کیا تقصیر ہي ؟ کیونکہ اِس خِلقت کي خاصیت یہي ہي - پس اِس کام کے کرنے میں مُجھے کُچھ اِختیار نہ تھا - اور بے اِختیار پر مُواخذہ نہیں * جب دن تمام ہونے پر آیا مجلِس برخاست ہوئي - دمنہ کو پنڈت خانے میں بھیجا اور روداد لِکھکر شیر کي خِدمت میں گُذراني * جب دمنہ زِندان کو گیا - روزبہ نامے کوئي آشنا کلیلہ کا اُسکے پاس آیا اور کلیلہ کے مرنے کي خبر سُنائي * دمنہ اِس خبرِ جانسوز سے بےہوش ہوا * جب حواس آئے کہنے لگا - اي روزبہ ! مُجھے کلیلہ کي مُفارقت کي تاب نہیں ہي - چاہتا ہوں کہ اپنے تئیں آپ مار ڈالوں - پر سوچتا ہوں کہ مبادا دُشمن اور ہي کُچھ خیال کریں - جب کہ جانتا ہوں کہ جلدي قتل کرینگے اور دو ایک روز صبر کروں * دوسرے دِن شیر کي ما نے آکر مُنصِفوں کو بُلوایا - اور مُعاملہ شُروع ہوا - وے ہرچند کوشش کرتے تھے مُفید نہوتي تھي * اُن میں سے ایک نے دمنہ سے کہا کہ - جہانپناہ تُجھ سے بد گُمان ہیں - اور چھوٹے بڑے ارکانِ دولت سب جانتے ہیں کہ یہہ فِتنہ تو ہي نے برپا کیا - پس تُجھے اِس جینے سے مرنا بہتر ہي - چاہئے کہ تو اِقرار کرکے اپنے تئیں اور سبھوں کو رنج سے رِہائي دیوے * دمنہ نے جواب دیا کہ - مُنصِفوں کو ایسي بات کہني لازم نہیں ہي - جب میں نے اوروں کے حقّ میں تُہمت نکي اپنے حقّ میں کیونکر کروں ؟ جو کہ میرے قتل میں بےتحقیق سعي کرے - اُسکي حالت وُہ ہو جو اُس سوداگر کے غُلام کي ہوئي کہ ہوا و ہوس کي شامت سے طوطیوں کو نامعقول دو باتیں سِکھاکر - چاہتا تھا کہ اپنے میاں کي پارسا بي بي کو بد نام کرے اور قتل کرواوے * اِس گُفتگو کے بعد مجلِس برخاست ہوئي اور مُعاملہ دوسرے دِن پر رہا * صُبح شیر کي ما آئي اور جھڑکیاں دےکر کہا - جِسکام میں مُجھے یقین ہي اور تو میري بات کو باور نکرکے عدالت میں سِپُرد کرے تو میري زِندگي عبث ہي * شیر نے کہا - جو کُچھ آپ کو یقین ہي مُجھ سے بیان کیجئے - کہ اُسے سزا دوں - پھر اِتني تجویز کي کیا اِحتیاج ہي ؟ اُسکو ذرہ تسکین ہوئي - اپنے مکان کو جا چیتے کو بُلاکر کہا کہ - تو بادشاہ کا خیرخواہ ہي - جو کُچھ سُنا ہي جاکر عرض کر * اُسنے جواب دیا کہ - میں نے پہلے یہہ بات شیر کي خِدمت میں اِسلئے ظاہر نہ کي تھي - کہ اُسکو دمنہ پر کمال اِعتماد تھا - مُجھے غرضمند سمجھتا - اب جو یہہ نوبت پہُنچي - البتّہ کہونگا - اور فلانے درند سے جو دمنہ کے ساتھ قید تھا - ایک ایک بات سُني ہي - اُسے بھي بُلواکر گواہي دِلاؤنگا * تب چیتا شیر کي ما کے ساتھ حُضور میں آیا - اور داناؤں کي طرح ماجرا کلیلہ و دمنہ کا بیان کیا - اور

STORY X.

اُس درِند سے جوْ کُچھ سُنا تھا وُہ بھي کہا * شيْر نے درِند کوْ روبرو بُلاکر۔ جوْ پوچھا۔ توْ اُسنے جوْ کُچھ سُنا تھا عرض کیا * جب اِن امینوں نے گواهي دي ۔ شيْر نے فرمایا کہ ۔ دمنہ کوْ قیدخانے مےْں لےْجاؤ اوْر کھانا پینا بند کرو تا بھوکھ پیاس سے مر جاے ۔ اوْر جہان سے اُسکي شامت اُٹھ جاے *

خُلاصے کا خُلاصہ یہہ هي کہ هرچند دمنہ نے بطوْرِ نصیحت مکر سے شتربہ کوْ هلاک کروایا ۔ لےْکِن زمانے نے اِنتِقام اُسکا لیا ۔ اوْر بادشاہ کوْ اِس بات پر لایا کہ ۔ اُسنے تحقیق کرکے کمینے بدکار دمنہ کوْ سزا دي کہ وُہ اوْروں کي عِبرت کا موجِب هوا ۔ اوْر معلوم هوا کہ دُنیا جاے مُکافات هي جوْ جیسا کرے ویسا پاوے *

پانچواں باب

دوستوں کي يکدلي کے فائدوں ميں

CHAP. V.—ON THE ADVANTAGES OF AGREEMENT AMONG FRIENDS.

رائے دابشليم نے بيدپائے حکيم سے کہا کہ - قصّہ اُن دوستوں کا معلوم ہوا کہ بدگوئيوں کے مکر اور چُغلي سے جن ميں دُشمني ہوئي - اور آخر کو فريب کار رُسوا ہوئے - اب کہئے دوست بہم پہنچانے ميں اور دوستي کرنے ميں کيا فائدہ ہي؟ برہمن نے کہا - اي بادشاہ! عقلمندوں کے نزديک مُخلِص دوستوں سے کوئي دولت بڑي نہيں ہي - يہاں تک کہ اگلے داناؤں نے کہا ہي - اگر ہفت اِقليم کي بادشاہي ہاتھ لگے - اور کوئي خيرخواہِ يکرنگ اور دوستِ تلخ‌گو بہم نہ پہنچے - اُس سلطنت کا مزہ نہيں - اگر لوگوں ميں ہميشہ دوستي رہتي دُنيا ميں نہ جھوٹھ وقوع ميں آتا نہ نزاع ہوتي - نہ کوئي کِسي کو ايذا ديتا - کيونکہ ايک دوست اپنے ہوے نفس پر دوسرے دوست کي رِضا کو ترجيح ديتا ہي - اور ہميشہ اُسکي رِضا چاہتا ہي * غرض دولت‌خواہ دوستوں کے فائدے بہت ہيں - ادنےٰ خوبيوں ميں سے يہہ ہي کہ دوست کي خوشي سے خوشياں کريں اور آفت کے وقت غم‌خواريان * اگر وے لذّتيں مستيِ دُنيا کے سبب خاطِر سے نہ جاتيں سِواے دوستي بہم پہنچانے کے کوئي کام نکرتے * ياراِن يکدِل کے قِصّوں ميں سے کوّے چوہے کبوتر کچھوے اور ہرن کي داستان ہي کہ غافِلوں کو ہُشيار اور ہُشياروں کو آگاہ‌تر کرتي ہي * رائے نے پوچھا - وہ کيونکر ہي؟

حِکايت ۱

THE STORY OF THE CROW, THE MOUSE, THE PIGEON, THE TORTOISE, AND THE STAG.

برہمن نے کہا - نقل ہي کہ کشمير ميں ايک سبزہ‌زار تھا دِلچسپ - تازے تازے درخت خوشگوار - پاني سے آراستہ * ايکدِن کوئي کوّا درخت پر بيٹھہ اوپر نيچے دہنے بائيں تکتا تھا * اچانک ايک آدمي پر نظر پڑي کہ دام کاندھے پر خاصّدان کمر سے لگائے ايک لکڑي ہاتھ ميں لئے جلد جلد درخت کي طرف چلا آتا ہي * کوّا سوچا کہ - مگر يہہ ميرا قصد رکھتا ہي - پتّوں کے نيچے چھپ‌کر اُسکي طرف تکنے لگا کہ - "ديکھوں وہ کيا کرتا ہي" * آخر شِکاري درخت کے تلے آيا اور اُسنے مکر کا دام بچھايا - اور دانے اُسپر پھيلائے - اور گھات ميں بيٹھا * في‌الفور کبوتروں کا ايک ساتھہ آن پہنچا - مُطوّقہ نامے ايک سردار اُنکا تھا - تيز فہم اور نہايت زيرک * کبوتروں نے جو دانا ديکھا بھوکھ کے مارے بےاِختيار اُس طرف دوڑے * مُطوّقہ نے مہرباني سے جو

بُزرگوں کو خوردوں پر اور خاوندوں کو مُلازموں پر هوتي هي اُنسے کہا کہ - تامّل ضرور هي * کیونکہ اکثر دانے کے نیچے دام هوتا هي * مارے بھوکھ کے اُنکي عقل نصیحت سُننےوالي ماري گئي تھي * هرچند نصیحت کرتا تھا حِرص اُنکي زیادہ هوتي تھي * مُطوّقہ اندیشمند هوا کہ - اگر اِنکا ساتھ چھوڑئے بیوفائي هوتي هي اور رِفاقت کیجئے تو دیدہ و دانستہ بلا میں پھنسے * آخِر بیوفائي کو مَعیُوب جانکر موت اِختیار کي اور کہا کہ - شاید کوئي تدبیر ٹھہرے اور وے بھي خوابِ غفلت سے بیدار هو مَیرے کہنے سے باهر نہوں اور بِالاتّفاق سرانجامِ کار هووے * القِصّہ سبھي مِلکر نیچے اُترے اور دانہ چُگنا تھا کہ دام میں پھنسے * مُطوّقہ چِلّایا کہ - مَیں نے کہا نتھا کہ جلدي بہُت بد هي؟ اور بے تامّل کِسي کام کو شُروع کرنا نِہایت ناپسند ؟ کبوتر نصیحت نہ ماننے سے شرمندہ هوئے اور تڑپھنے لگے * چڑیمار خوشي خوشي گھات سے نِکلکر دام کي طرف دوڑا - وے اُسکو دیکھتے هي سراسیمہ هو پھڑکنے لگے * مُطوّقہ نے کہا - یارو! تُم نے اُسوقت مَیري بات نسُني - اور اب جو پھنس گئے هو - تو اپني اپني رِهائي کي سعي کرتے هو - اگر اپنا خیال چھوڑ دوسرے کي رِهائي میں کوشش کرو - تو دِلسوزي کي برکت سے تُمھاري مُشکِل آسان هوگي جیسے دو یار ایک کِشتي میں بیٹھے تھے - اچانک کِشتي ٹوٹ گئي اور دونوں دریا میں گِر پڑے - مُلّاح کودا اور سوچا کہ - اگر دونوں کو نِکال نہ سکوں بارے ایک کو تو لے نِکالوں - اِس اِرادے سے جِسکے نزدیک جاتا تھا - وہ کہتا تھا کہ

مِصراع

پکڑ تو یار کو اور چھوڑ مُجھکو *

پس اگر یار کا چھوٹنا اپني رِهائي سے بہتر نہ جانو بھلا سب مِلکر اور ایکدِل هوکر زور کرو اور اُڑو - شاید کہ دام اُٹھ جاوے اور اُڑ سکو - آخِر اِتّفاق کي بدولت دام کو اُٹھاڑکر اُڑے * شِکاري پیچھے سے دوڑتا تھا * کوّے نے اپنے دِل میں کہا کہ - ایسا حادِثہ کم وُقوع میں آتا هي - بہتر هي کہ تجربے کے واسطے میں بھي اِنکے پیچھے چلوں - دیکھوں سرانجام اِنکا کیا هوتا هي * اِس فِکر میں اِنکے پیچھے جاتا تھا اور اِسپر عمل کرتا تھا کہ دانا کو چاهئے کہ اوروں کي حالت دیکھ عِبرت پذیر هو - القِصّہ راہ میں مطوّقہ نے یاروں سے کہا کہ - آبادي و باغوں کي طرف چلیں تا کہ صیّاد کي نظر سے غائِب هوکر اپنے کام کي تدبیر ٹھراویں * آخِر مَیدان سے آبادي کي طرف رُخ کیا * جب صیّاد کي نظر سے اوجھل هو گئے - وہ بیچارہ افسوس کرتا هوا پھرا اور کبوتر اُسکي طرف سے خاطرجمع هوکر - اپني رِهائي کي صلاح مطوّقہ سے کرنے لگے * اُس دانا نے بہُت تامّل کے بعد جواب دیا کہ - یہاں سے نزدیک زیرک نامے ایک چوہا مَیرا دوست هي - جو وفا و مروّت میں تمام دوستوں سے زیادہ هي - یہ مُشکِل اُسي سے حَلّ هوگي * تب ایک ویرانے میں کہ جہاں چوہا رهتا تھا اُترے * مطوّقہ کي آواز جو اُسکے کان میں پہُنچي - تُرت بِل سے نِکلا - اور اپنے یار کو بلا میں مُبتلا دیکھ گھبرایا اور پوچھا کہ - اي

يارِ عزيز! اِس بلا ميں کيونکر پڑا؟ تجھ جيسے دوراندیش نے اپني تدبير کيوں نہ ٹھہرائي اور رنج و محنت ميں اپنے تئيں کيوں ڈالا؟ مطوّقہ نے تمام ماجرا بيان کيا اور کہا - سچ کہ بظاہر يونہيں ہي - پر باطن ميں خُدا کي جو مرضي ہو - اُس ميں تدبير کو کيا دخل؟ مشيّتِ ايزدي سے پہلي ہوا پر اُڑے اور پرند ہَوا سے زمين پر گِرے * زيرک نے کہا - اي مُطوّقہ! دِل خرش رکھ - نيکي بدي جِسکو پہنچتي ہي - جب کار فرما اُسکا دانا وفادار مہربان ہي عين صلاح ہي *

بيت

نہيں ہي حُکم تُجھے - دُرد و صاف ميں دم کھينچ - جو کُچھ کہ ساقي نے ہمکو ديا ہي لُطف اُسکا *

زيرک اِن تسلّي بخش باتوں کے بعد مُطوّقہ کے دام کو کاٹنے لگا * اُسنے کہا - اگرچہ دوستي ہي - پر اي مہربان! پہلے ياروں کے بندوں کو کھول - تب ميرے بند پر ہاتھ لگا * چوہے نے اُسکي بات نہ سُني - اور اپنے کام ميں مشغول رہا * مُطوّقہ نے پھر بہُت کہا - اي زيرک! اگر ميري خوشي چاہتا ہي - طريق اُسکا يہہ ہي کہ پہلے ميرے ياروں کے بند کاٹے اور مُجھے منّت دار کرے * جواب ديا کہ - يہہ کيا خوب بات تو نے کہي! معلوم ہوا کہ تُجھے اپني پروا نہيں - ميں کيونکر تُجھ جيسے سردار کو چھوڑ اوروں کي فِکر کروں * مُطوّقہ نے کہا - اِس کام ميں مُجھسے بُرا نہ کہہ - اور جو کُچھ کہوں بجا لا - کيونکہ اِن کبوتروں کي رياست ميرے نام لِکھّي ہي - جو کُچھ خِدمتگاروں پر لازم تہا وے بجا لائے - اور مُجھے صيّاد کے دام سے رِہائي بخشي - اب چاہئے کہ ميں بھي اپني گردن کو اِنکي بارِ خِدمت سے خلاص کروں - اور سرداري کا حق بجا لاؤں * اِسواسطے تجربے سے زمانيکے تمام عقلمندوں کو يقين ہوا ہي - کہ جو حاکِم اپنا آرام چاہے - اور رعيّت کو غم و غُصّے ميں چھوڑے - جلد اُسکي دولت کھوئے - اور اِدبار ميں مُبتلا ہووے * مُناسِب يہہ ہي کہ پہلے اُنکي مخلصي ہو * چوہے نے کہا کہ - بادشاہ رعيّت کے حقّ ميں ايسا ہي جيسے تن ميں جان - پس داناؤں کو جان کي فِکر بہتر ہي تن سے - کہ اگر جان سلامت رہے اور بدن ميں کُچھ زيان آوے - کيا مُضايقہ؟ اور خُدا نخواستہ! اگر جان پر جوکھوں آوے - بدن کي سلامتي سے کيا فائدہ ہوگا؟ مُطوّقہ نے کہا کہ - تيرے تئيں بہُت کام کرنے ہيں - ميں ڈرتا ہوں جو ميرے بند کھولنے لگے اور ماندہ ہو جاے - ميرے يار بندھے کے بندھے رہ جائينگے - اور جو ميں قيد رہوں - تو ہرچند تُجھے ملال اور ماندگي ہو قُصور نکريگا * چوہے نے مطوّقہ کي جوانمردي پر آفرين کي - اور کبوتروں کے بندوں کو کاٹا * سب کے پيچھے مطوّقہ کو بھي چھڑايا * وے خوشي خوشي رُخصت ہوکر اپنے اپنے آشيانے کو گئے اور چوہا اپنے بِل ميں گُھسا * کوّے نے جو چوہے کي دستگيري ديکھي - تو اُسکي دوستي و رِفاقت کا خواہاں ہوا - دِل ميں اپنے کہا - جو کُچھ احوال کبوتروں کا ہوا - اُسے نِڈر نرہئے - پس ايسے دوست سے دوستي ضرور ہي * تب

بل کے پاس آکر پکارا * چوہے نے پوچھا - کون هي؟ اُسنے جواب دیا که - مَیں کوّا هوں - تجھ سے کچھ کام هي * چوہا دانا تھا - گرم و سرد زمانے کا دیکھا هوا - اور بُرے دِنوں کے واسطے کئي راهیں مخفي جن سے بھاگ کر جا سکے بنا رکھي تھیں * کوّے کي آواز سُنتے هي غصّے هوکر کہا - تجھے مجھ سے کیا کام؟ اور مجھکو تجھ سے کیا آشنائي؟ اور چاها که کِسي راہ سے نِکل بھاگے * کوّے نے ماجرا کبوتروں کا اور اُسکي وفاداري کا احوال بیان کیا - اور کہا - جِسوقت سے که مَیں نے یہ حالت دیکھي هي تیري دوستي کا خواهان هوں - چاهتا هوں که تو مجھے اپني بندگي مَیں قبول کرے - اور اپنے دوستوں مَیں گِنے * چوہے نے جواب دیا که میري تیري دوستي کیا؟ بلکه آشنائي محال هي - میري دوستي کي آرزو کرني خشکي مَیں ناؤ چلاني هي - اور گھوڑا دریا کي سطح پر دوڑانا هي * کوّے نے کہا - اعتقادِ دُرست سے مَیں نے خواهش کي هي - نا اُمّید نکر - جو اهلِ کرم صاحب اِقبالوں کي درگاہ سے پناہ مانگے جس آفت کے واسطے هو قبول کریں * چوہے نے کہا - اي کوّے! حیلہ چھوڑ - تیري خصلت مجھے معلوم هي - اوّلاً تو میري جِنس سے نہیں - علاوہ اُس خاندان سے هي که بدکاري مَیں مشہور اور فریب مَیں نامور هي - کِسي طرح تجھ سے مجھے چین نہ پڑیگا - اور جو ایسے کي دوستي کرے که جسّے همیشه خوف مَیں رهے - اُسکا حال وُہ هو جو اُس کبک کا هوا * کوّے نے پوچھا - وُہ کیا هي؟

حکایت ۲

THE STORY OF THE HAWK AND THE PARTRIDGE.

زیرک نے کہا که - ایک کبک دامنِ کوہ مَیں خرامان تھا - اِتّفاقاً کِسي باز کي نظر جو اُسپر پڑي - تو اُسکے حُسن و خوش خرامي نے باز کے دِل مَیں جگہ کي - سوچا که - قول حکیموں کا هي - جِسکا یار نہو - وُہ همیشه بیمار رهے - بہتر یہ هي که اِس خوش خرام خندہ رو سے آشنائي کروں * تب آهستہ آهستہ کبک کي طرف رُخ کیا تا اُسّے دوستي کرے * وُہ اُسکو اپني طرف مائل دیکھ کر ڈرا اور گھبراکر ایک پتّھر کے شگاف مَیں جا گھسا * باز اُس شگاف کے پاس آیا اور کہا - اي کبک! آگے مَیں تیري خوبیوں سے غافل تھا - اب تیري دوستي نے میرے دِل مَیں جگہ کي - مَیں چاهتا هوں که اب تو میرا دوست هووے - اور مجھ سے نڈرے * کبک نے کہا - اي شُجاعِ کامگار! اِس غریب سے هاتھ اُٹھا - اور کِسي کبک کے کھانے کا خیال کر - خس کو آگ سے کیا نِسبت هي؟ اگر آب و آتش مَیں آشتي هو مجھے بھي تیري آشنائي سے توقّع زندگي کي هو سکے * باز نے کہا - اي عزیز! مَیں بوڑھا اور کمزور نہیں هوں که شکار سے باز رهکر - فریب سے تجھے پکڑوں - میرے چنگل اور چونچ مَیں کچھ خلل نہیں آیا هي که طُعمے سے عاجز آنکر - مکر و حیلہ کرکے - تجھے اپنے دام مَیں پھنساؤں - سِوائے مہرباني و آرزوي صحبت کے وُہ کیا هي که جِس

نے مجھے تيرا نيازمند کيا؟ ذرہ ديدۂ دانش کو کھول اور مکر و دوستي ميں اِمتياز کر - اور نِکل تا ميرے
تئيں تيرے ديکھنے سے چين پڑے * ميں تيرا جو کام ہو سرانجام کروں * اور تجھے ميري دوستي سے
کتنے فايدے ہوں - ايک يہ کہ زمانے کے آسيب سے بچنت ہووے - دوسرے جب ميري دوستي
پرندوں کو معلوم ہو - البتہ اُنکے درميان تجھے آبرو و حُرمت بہم پہنچے - اور کمال اِعتبار ہو - اور
اگر تجھے خواہش جوڑے کي ہو - بوجہۂ احسن ہو سکے - اور خانمان تيرا آباد ہو - اور جو مطلب
تيرا ہو بر آوے * کبک کو ذرہ تسلّي ہوئي اور کہا کہ - تُم امير پرندوں کے ہو - اور ميں رعيّت - مجھ
جيسے سے ہميشہ خطا ہوتي ہي - يا ايسي بات وُقوع ميں آتي ہي کہ بُزرگوں کے مزاج کے مُوافق
نہووے - اُس روز کا خطرہ مجھے ہي کہ ايک مُدّت تيرے لُطف سے اُمّيدوار رہوں - ناگاہ کِسي
قُصور کے سبب مارا جاؤں اور تيرے پنجۂ غضب ميں گرفتار ہوں * بہتر ہي کہ آج ہي سے گوشۂ
تنہائي اِختيار کروں - اور مُلاقات بُزرگوں کي کہ وہ نہايت خطرناک ہي چھوڑوں * باز نے کہا - اي عزيز!
تُم جو کُچھ کہتے ہو بجا ہي - کيونکہ بادشاہ اور اُمرا ہَوا و ہَوَس ميں مشغول ہوکر لوگوں کے احوال پر
مُلتفت نہيں ہوتے ہيں - اور ديدۂ دوربين کھول کر نيک و بد کو نہيں ديکھتے ہيں - ايسے حاکموں کا
کام يہ ہي کہ ہميشہ خوردوں کو نہ بخشيں - اور ميں جب تُجھ سے دوستي کروں - ہرگز تيرے
عيب پر نظر نرکھوں - اور جو کبھي عيب پر نظر پڑے - تو صِرف اِس واسطے کہ غير سے چھپاؤں -
تدبيرِ مناسب سے اِصلاح کروں - نہ کہ تيري اذيّت کے واسطے - استغفر اللّٰہ! يہ کام دوستوں کا نہيں *
کبک ہر چند معقول عُذر درپيش لايا - باز نے اُسکے جوابِ شايستہ دئے - اور اُسکو شِگاف سے نِکالا
اور باہم عہد و پيمان کيا * تب اُسکو اپنے آشيانے ميں لے گيا - اور خوشي سے دونوں گذران کرنے
لگے * جب مُدّت گذري کبک خاطرجمع ہوکر - باتيں ہر ايک طور کي کرتا اور مجلس کي شکوہ
کا لحاظ نکرتا اور قہقہہ مارتا * باز بظاہر اگرچہ گئي کر جاتا - پر دِل ميں کينہ رکھتا * جب بڑھاپا
آيا اور شِکار سے باز رہا - اُسنے چاہا کہ کبک کو اپنا طُعمہ کرے - اگلے کينوں پر نظر کر اُسکے کھانے کا
بہانہ ڈھونڈھتا تھا * کبک اِس بات سے مُطّلع ہو اشکِ پشيماني آنکھوں سے بہايا کرتا - اور کہتا کہ -
جو کوئي ديدہ و دانستہ بلا ميں پڑے سزا اُسکي يہي ہي - اور ہميشہ باز کي دِلجوئي کرکے وہاں سے
نہ ہلتا - کہ مبادا خاطرِ بہانہ جو اُسکي ذرہ بےادبي سے ميرے کھانے کا خيال کرے * غرض باز نے
ہرچند بہانہ ڈھونڈھا نپايا - ندان ايک شب بےاختيار ہو غُصّے سے کبک کو کہا - يہ مُناسب
ہي کہ ميں دھوپ ميں جلوں اور تو سايہ ڈھونڈھے؟ کبک نے کہا - اي اميرِ جہان! اب تو رات
ہي يہ بات کيونکر ہو؟ جواب ديا - اي بےادب! تو مجھے جھوٹھا ٹھہراتا ہي - رہ! تيري سزا ديتا
ہوں - يہ کہتا تھا کہ اُسکو ٹُکڑے کر ڈالا *

زيرک نے کہا - اي زاغ ! حاصلِ اِس داستان کا يہہ هي کہ دوستي ايسے کي کرنے کہ جسّے نذر نہ سکئے عقل سے دور هي - اور کبکِ دَري کے مانند جان دينے هوگي * کوّے نے جواب ديا - تو خود جانتا هي کہ مُجھے تيرے ستانے سے کيا حاصِل هوگا ؟ بلکہ تيرے جينے سے هزاروں فائدے هيں * اپنا اور ميرا حال اُس باز و کبک کے مانند خيال نکر - ميں بڑي دور سے آيا هوں - تيري مُروّت سے بعيد هي کہ مُجھے محروم کرے * چوهے نے کہا - دُشمني دو طرح کي هي ذاتي و عارضي - عارضي دري ميں زائِل هوتي هي اور ذاتي کا کچھ عِلاج نہيں * حکيموں نے کہا هي کہ - دُشمنئ ذاتي بھي دو قِسم کي هي * ايک يہہ کہ دونوں طرف سے ضرر پہُنچے - جيسے شيْر اور هاتھي کي - کہ کبھي شيْر هاتھي پر فتح ياب هوتا هي - اور کبھي هاتھي شيْر پر غالِب آتا هي * يہہ دُشمني اِس طرح کي هي کہ جِسکا عِلاج هو سکے - کيونکہ جو غالِب هوا اُسکي تسّلي هوئي * دوسري يہہ کہ هميْشہ ايک هي طرف سے ضرر پہُنچے - جيسے چوهے اور بِلّي کي - اور بھيڑيئے اور بکري کي * يہہ دُشمني اِسطرح کي نہيں کہ تدبير سے صورت دوستي کي نظر آوے - اور جہاں قصد هلاک کا ايک هي طرف سے نظر آوے - اور دوسري جانِب ميں کبھي متصوّر نہو - اُس عداوت کا دفعيہ مُحال هي * مُجھے گُمان يہہ هي کہ ميرے اور تيرے اِسي طرح کي دُشمني هي - دوستي کا خيال چھوڑ * کوّے نے کہا - خُدا نکرے کہ ايسي هو کيونکہ ميرے تيرے اصلِ خِلقت ميں دُشمني نتھي - بلکہ دونوں کے هجنسوں ميں عداوتِ عارضي هوئي هي * شُکر خُدا کا ! کہ آئينۂ دِل ميرا دُشمني کے زنگ سے صاف هي - اور يہہ بھي نہيں کہ هميشہ ميرے هم جِنس سے تُم کو اذيّت پہُنچي هو - کيونکہ ميري قوم اوّلاً کِسي جانور کو تضديع نہيں ديتي ساتھ اِسکے سہل چيزوں پر قناعت کرتي هي - اگر کِسي ديوانے يا بے وُقوف نے حِرص کے مارے اپني روزي پر قانع نہو کے تُمھاري ايذا کي سعي کي هوگي سبھوں کو ويسا نہ سمجھا چاهئے - اُمّيدوار هوں کہ جب عقيدۂ دُرست سے تُمھاري خِدمت ميں آيا هوں - ميري بات پذيرہ هو * زيرک نے کہا - فرض کيا کہ تُجھے دوستي کي آرزو هي فائدے کے گُمان سے بہ تکلّف دوستي کا خيال کرتا هي - پر آخر ايک ادنےٰ سبب سے سررشتہ محبّت کا توڑيگا - اور دُشمني کا قصد کريگا * پاني هرچند گرم هو کر تاثير آگ کي پيدا کرے - ليکن دوست نہوگا - جب قابو پاويگا بُجھاهي ديگا * داناؤں نے کہا هي -

قديم دُشمن سے دوستي کي توقّع رکھني - ويسي هي جيسي خار سے گُل چيني کي آرزو کرني * جو کوئي دُشمن کے انسوں پر بھولے - اُسکي حالت وہ هوگي کہ اُس شُترسوار کي هوئي * کوّے نے پوچھا - وہ کيونکر هي ؟

حِکايت ۳

THE STORY OF THE CAMEL-RIDER AND THE SNAKE.

زبرک نے کہا - نقل هي کہ ايک شُتَرسوار کِسي جنگل مےں پہُنچا * اِتّفاقاً سوداگروں کا قافِلہ اُترا تہا - اُنکے چولہے مےں آگ رهگئي تهي - هَوا کے مارے تمام جنگل کو لگ گئي - اور ايک بڑا سانپ اُس حالت مےں وهاں تها - نہ ٹهہرنے کي جگہہ - نہ بهاگنے کي راہ اُسکو تهي * جب دور سے شُتَرسوار کو ديکها - گِڑگڑاکر کہا - کہا خوب هووے کہ تو مہرباني سے مےري اِس مُشکِل کو آسان کرے! وہ اُسکي لجاجت ديکهکر سوچا کہ - يہہ اگرچہ آدمي کا دُشمن دي - ليکِن اب درماندہ و حيران هي * بِہتر يہہ هي کہ دُشمني کا لِحاظ نکرکے اِسکي بهلائي کروں * غرض تودے کو ايک برچهے کے سِرے پر باندهکر اُسکي طرف لٹکايا * سانپ غنيمت جانکر اُسکے اندر آ رها * شُتَرسوار نے اِس بات کو نيکي سمجهکر - اُسکو جلنے سے بچايا - تب تودے کا مُنہہ کهول کر کہا - اِس آفت سے رِهائي کا شُکر يہي هي - کہ تو گوشہ اِختيار کر اور مردُم آزاري چهوڑ * اُسنے کہا - اي جوان! ايسي بات نہ کہہ - جب تک تُجهے اور تيرے اونٹ کو نہ ڈسوں نجاؤں * شُتَرسوار نے کہا - کہا نيکي کا بدلا بدي هي ؟ کہا - هاں! تو جانتا هي کہ مےں آدميوں کا دُشمن هوں - تو نے مےرا نيکي کي اور جو مُستحق شفقت کا نہ تها اُسپر اِحسان کيا - ضرور هي کہ تُجهے اذيّت پہُنچاؤں - کيونکہ بدوں سے نيکي کرني عين نيکوں سے بدي کرني هي - اور دانا اِسپر مُتّفِق هيں - کہ دُشمن کا سِر کُچلا رکهئے * جب کہ تونے کام عقل کے مُوافِق نہ کيا اور مُجهہ پر مہرباني کي - البتّہ تُجهے ڈسونگا کہ اَوروں کو عِبرت هو * سوار نے کہا - نيکي کے بدلے بدي کِسي مذهب مےں دُرست نہيں * سانپ نے کہا - اِس کام مےں تُمهارے آئين پر عمل کرتا هوں - کہ آدمي کي خو يہي هي کہ نيکي کے مُقابِل بدي کرتے هيں - اور اُسي کو دانِش و تدبير جانتے هيں * مےں نے جو تُمهارے بازار سے خريدا هي تُمهارے هي هاتهہ بيچونگا * شُتَرسوار نے کہا - اي سانپ! خُدا نہ کرے کہ يہہ خو آدميوں کي هو - تو اگر مےري جان کے درپي هي بارے ايسے بڑے عيب کي تُہمت هم پر نہ لگا * کہا - مےں سچّا هوں نہ مُفتري - اگر تُجهے باور نہو - تو آ اِس بهينس سے پوچهيں * جب اُسسے پوچها کہ - نيکي کا بدلا کيا هي ؟ اُسنے جواب ديا کہ - آدميوں کے مذهب مےں بدي هي - اور داناؤں کے آئين مےں نيکي - ديکهئے کہ مےں مُدّتها آدميوں کے پاس رهي - هر سال بچّے جنتي اور دودهہ گهي سے گهر کو بهرتي تهي * جب بوڑهي هوئي - اور جنّے اور دودهہ دينے سے باز رهي - مےرا آب و دانہ بندکر ديا - اور مےري پرورِش موقوف کر اِس دشتِ غُربت مےں چهوڑا * آخِر خُدا نے مُجهہ پر دروازے روزي کے کهولے - کل مےرا مالِک کِسي کام کے لئے اِدهر هوکے جاتا تها - مُجهے موٹا تازہ ديکهکر کہتا گيا کہ - کِسي قصّاب کے هاتهہ بيچا چاهئے * پس ديکهئے کہ اب اُسنے مےرے بيچنے اور ذبح کرنے پر دهيان دهرا هي * سانپ نے کہا - اب تو نے سُنا ؟ جلدي

زخم کا مُستعِدّ هوْ * شُتُرسوار نے کہا ـ پات اِس آزُردہ خاطِر بيڑس کي جوْ اپني بدکِرداري کے سبب اپنے صاحِب سے رنجيدہ هوئي هي مُفيد نہيں ـ اگر تُجھے مېري تسلّي مېنظور هي ـ چل ـ اُس درخت سے پوچھيں * تب باهم درخت کے تلے آئے اوَر پوچھا کہ ـ بدلا نيکي کا کيا هي ؟ کہا ـ آدميوں کے آئين مېں بدي هي ـ تو نہيں ديکهتا هي کہ مېں جنگل مېں اُگا هوں ـ اوَر مُسافِروں کي خِدمت کے لئے ايک پانو سے کهڑا هوں ـ جب کوئي آدم زاد گرمي کا مارا مېدان سے آتا هي ـ مېرے چهاؤں مېں آرام پاتا هي ـ تب کہتا هي کہ ـ يہہ ڈالي کُلهاڑي کے بيٹنے کے لائِق هي ـ اوَر وہ پهاوڑے کے لائِق هي ـ اوَر اِسکے تنے سے تختے اچّهے اچّهے چيرسکتے هيں * اوَر اگر کُلهاڑي يا آرہ اُنکے پاس هوْتا هي ـ تو جوْن سي شاخ اُنکوْ پسند آتي هي کاٹ ليتے هيں ـ ديکهئے کہ مُجهہ سے سِوائے راحت کے کُچهہ نہيں پاتے هيں ـ باوصف اِسکے يے اذيّتيں مُجهے پہُنچايا چاهتے هيں * سانپ نے کہا ـ اب دوْ گواہ هوئے ـ راضي هوْ کہ مېں تُجهے ڈسوں * مرد نے کہا ـ پہلے گواہ مُجهے شُبہہ هي ـ کيونکہ شايد اُسے آزار پہُنچا هوْ ـ اگر اوَر ايک گواہ گُذران سکے ـ توْ حاضِر هوں * اِتّفاقاً ايک لوْمڑي کهڑي يہہ حالت ديکهتي تهي * سانپ نے کہا ـ اب اِسّے پوچهہ اوَر سُن کہ يہہ کيا جواب ديتي هي * قبل اِسکے کہ شُتُرسوار اُسّے پوچهے ـ وہ پُکاري[1] کہ ـ اي مردِ بےوُقوف ! تو نہيں جانتا هي کہ نيکي کا بدلا بدي هي ؟ تونے اُس سانپ کے حق مېں کيا نيکي کي هي جو ايسا حيران هي ؟ اُسنے تمام احوال بيان کيا * لوْمڑي نے کہا ـ تو دانا شخص نظر آتا هي ـ پهر اِسقدر جهوٹهہ کيوں بوْلتا هي ؟ سانپ نے کہا ـ يہہ سچ کہتا هي ـ وہ توْبڑا جِس مېں مُجهے ڈال کر آگ سے بچايا تها اُسکے شِکاربند مېں بندها هي * لوْمڑي غُصّے هوئي اوَر کہنے لگي ـ مېں کيونکر باور کروں کہ اِتنا بڑا سانپ اِس چهوٹے توْبڑے کے اندر سماوے ؟ سانپ نے کہا ـ جوْ تُم سچ نجانو ـ تو مېں پهر اُس مېں گهسوں ـ ديکهوْ کہ کيونکر سماتا هوں * سوار نے توْبڑے کا مُنہہ کهوْل کر سانپ کے سامهنے رکهہ ديا ـ وہ لوْمڑي کے فريب پر اُس مېں پيٹها * لوْمڑي نے کہا ـ اي جوان ! اب دُشمن آپ هي بند مېں آيا ـ دم لينے کي فُرصت ندے * اُسنے توْبڑے کا مُنہہ باندهہ زمين پر يہاں تک پٹکا کہ سانپ مرگيا *

حاصِل اِس داستان کا يہہ هي کہ عقلمند کوْ چاهئے کہ اِحتياط نہ چهوڑے ـ اوَر دُشمن کي زاري پر اِلتفات نکرے * زاغ نے کہا ـ يے باتيں جوْ تو نے دانِش کي کہيں ـ مېں نے سُنيں ـ اوَر مُجهے نصيحت هوئي ـ قبل اِسکے کہ تُجهہ سے فائدہ پاؤں تيري مُلازمت کا آرزومند تها ـ اب جوْ تُجهہ سے ايسي اچّهي نصيحتيں سُنيں بہرہ مند هوا ـ کِسي طرح تيرے دروازے سے نجاؤنگا ـ آب و دانہ نہ کهاؤنگا ـ اوَر هرگز مُجهے چين نہ پڑيگا جب تک تو مُجهے اپني دوْستي سے سرفراز کرے *

[1] Observe this instance of پُکارنا *pukárná* used as a neuter verb.

حکيموں نے کہا هي که - نجيب و عالي مِش جلد آشنا هوتے هيں - اور بدير اُنکي آشنائي جاتي هي - جيسے کوزۂ زرّيں جلد بنے اور بدير ٹوٹے - اور ذرے ميں دُرست هو - اور سِفلے کم ظرف دير ميں دوست هوتے هيں اور جلد بِگڑتے هيں - جيسے مِٹي کا باسن که دير ميں بنتا هي اور جلد ٹوٹتا هي - پِھر دُرست نہيں هوتا هي * اي زيرک! يہہ گُفتگو چھوڑ - اگرچہ ميں اپنے تئيں نجيبوں ميں نہيں گِنتا هوں - پر اُنکي خِدمت کي هي اور سِفلوں سے مُجھے ننگ هي - تو مجھے اپني دوستي ميں سچّا اور مُستقِل جان - ميں هرگز يہاں سے نجاؤنگا * بقول کِسي بُزُرگ کے -

بيت

تُجھ سے معشوق کا دامن نہ ابھي چھوڑوں ميں - که بہُت خونِ جِگر سے يہہ مِرے هاتھ آيا *

غرض مُروّت سے ميري اِس بات کو باور کر - اور اِس کام کو اپنے دِل ميں کُچھ بُرا نہ سمجھ * زيرک نے جب راست گوئي و دُرُست کِرداري اُسکے اطوار سے دريافت کي - مِہربانِي سے زبان کھولي که - تُجھ جيسا دانا اور بُزُرگ مِنش اگر دُشمن بھي هو - تو بھي تيري صُحبت غنيمت جانئے - اور ايذا سے انديشہ نہ کيجئے * حال آنکہ ميں نے تُجھے دوست و مِہربان پايا دوستي ميں کيونکر تاخير کروں - اور بجان خريدار نہوں؟ يے باتيں اِس لئے تھيں که تيري دانِش کا اندازہ سوچتا تھا اور تيرے احوال کو معلوم کرتا تھا - اگر تو مُجھ سے بے وفائي کرے - تو ميرے عُذر کي جگہہ هو - اور تو بھي نکہے که - ميں نے ايک دوستِ سُست اِعتقاد اور نا لائق پايا - اور چنداں تيري نظر ميں عزيز نہ رهوں - کيونکہ بے اِنصافي جو سب کي سِرِشت هي - اِس لئے جِس چيز کو آساني سے حاصِل کريں اُسے کم مُعزّز رکھيں * تب بِل کے نزديک آ کھڑا هوا - اور دِل کھول کر دوستي کي باتيں کوّے سے کرنے لگا که - اي زاغ! دوستي کے مراتِب اگرچہ بہُت هيں - پر داناؤں نے چار قِسم کئے هيں - جب بنظرِ تامّل ديکھيں کوئي مرتبہ اِن چاروں سے باهِر نہيں * پہلا وُہ که - مال کا دريغ نکرے * دوسرا وُہ - جو دوست کے کام ميں جان دينے کو آسان جانے * تيسرا وُہ که - دوستي کے واسطے اگر ناموس برباد هو غمگين نہ هو * چوتھا وُہ که - اگر دوست کي خاطِر اُسکے دين و مذهب ميں خلل آوے دُشوار نجانے - اگرچہ اِس زمانے ميں بہُت سے هيں که دناءت و بدذاتي کے سبب مال کو سب سے عزيز جانتے هيں - پر جانئو که يے مراتِب اِنکے واسطے نہيں - بلکه نيک سيرت عالي فِطرت کے لئے هيں * اي زاغ! تو نے اِن مراتِب پر عهد و پيمان کيا؟ کوّا اِن درجوں کو سُنکر خوش هوا اور اِنهيں پر قول و قرار کيا - زيرک کے دِل کو انديشے سے رِهائي دي اور کہا - اي زيرک! اب آگے کبھو نہيں آتا هي؟ اور اپنے قُرب سے مُجھے کِس واسطے خورسند نہيں کرتا هي؟ مگر هنوز کُچھ انديشہ باقي هي؟ چوهے نے کہا - اي عقلمند! هرگاہ اُن مراتِب پر عهد و پيمان هوا - پِھر بدگُماني کا کيا دخل

هي ؟ نهيں تو ميں گهر کے کونے سے باهر نه نِکلتا ـ پر مُجهے ميرے ياروں سے خطره هي که هميشه سے خو اُنکي ميري دُشمني ميں خِلاف تيري طبيعت کے هي ـ اور عقل اُنکي ميري دوستي ميں تيري راے کے مُوافق نهيں * ميں ڈرتا هوں که اُن ميں سے کوئي مُجهے ديکهے اور ميري بدي پر کمر باندهے * کوّے نے کها ـ يه انديشه نکر ـ که ميرے اور ياروں کے درميان قول و قرار هي که وے ميرے دوست کو دوست جانيں ـ اور ميرے دُشمن کو دُشمن * چوهے نے کها ـ يه بات جو تو کهتا هي ـ هو سکتي هي ـ ليکِن تو جانتا هي که اُنهيں مُجهه سے قديم دُشمني هي * داناؤں نے کها هي که ـ جو دُشمن کے دوست کے ساتهه محبّت کرے ـ يا دوست کے دُشمن سے مِلے ـ اُسکو بهي دُشمن جانئے * کِسي نے کها هي

بيت

دِل اُٹهانا هي بهلا دو طائفوں سے جان لے * دوستوں سے دُشمنوں کے ـ دُشمنوں سے دوست کے *

اور يهيں سے حُکما کهه گئے هيں که ـ دوست تين قِسم کے هيں ـ دوست ـ اور دوست کے دوست ـ اور دُشمن کے دُشمن * اِسطرح دُشمن کے بهي تين گروه هيں ـ اپنا دُشمن ـ اور دوست کا دُشمن ـ اور دُشمن کا دوست * کوّے نے کها ـ جو کُچهه تو نے کها مُجهے معلوم هوا ـ پر جانيو که ميري دوستي تُجهه سے اِسقدر هي که ـ جو تيرا دُشمن هو ـ اُسکو اپنا دُشمن جانتا هوں ـ اور جو تيرا خيرخواه هو ـ وه ميرا يار هي * ميري دوستي اِس حدّ کو پهُنچي هي که اگر اپني چشم و زبان کو ـ جو ديدبان تن بدن کي اور ترجمه کرنےوالي دِل کي هي ـ تيرے مُخالِف پاؤں ـ تو ايکدم ميں دونوں کو نيست و نابود کر ڈالوں * چوها اِن باتوں کے سُنے سے خوش هوا اور آگے آکر کوّے سے مِلا * باهم گُذران کرنے لگے اور خوشي سے دِن کاٹنے ـ اور جيسے آئين مِهمانداري کے هيں چوها بجا لاتا تها * جب کِتنے دِن اِسطرح گُذرے اُسنے کها ـ اي بهائي ! اگر تو يهيں گهر بناوے بال بچّوں کو يهاں لاوے ـ تو دوستي سے بعيد نهيں ـ کيونکه يه جگهه نِهايت آرام کي هي * جواب ديا که ـ اِس جگهه کي خوبي اور آب و هَوا کي لطافت ميں کُچهه شُبهه نهيں ـ پر سرِ راه هي ـ هميشه لوگوں کي آمد و رفت سے انديشه اذيّت کا رهيگا * فلاني جگهه ايک سبزه زار هي نِهايت دِلچسپ ـ ايک کهوا جو ميرے دوستوں سے هي وهاں رهتا هي اور طُعمه وهاں بهم پهنچتا هي ـ زمانے کے حوادِث سے نِڈر رهه سکيے * اگر مرضي هو تو دونوں باهم وهاں چلئيں اور باقي زِندگي کو خوش و خُرّم بسر کريں * چوهے نے کها ـ کوئي نِعمت تيري رِفاقت کے برابر ميرے نزديک نهيں ـ جهاں تو جاوے تُجهه سے جُدا نهونگا * اور يه جگهه بهي ميرا وطنِ اصلي نهيں ـ ناچاري سے يهاں آ پڑا تها * وه قِصّه اگرچه طويل هي ـ پر عجيب و غريب باتيں اُسکے ضِمن ميں بهُت هيں ـ اگر کوئي آرام کي جگهه ٹهيرے ـ اُسوقت تُمهارا جي چاهے تو کُچهه سُناؤنگا *

آخرش بات يہي ٹھہري * کوّے نے چوھے کي دُم پکڑ لي - اور کچھوے کے مکان کو چلا * کچھوے نے دور سے کوّے کي سياھي ديکھي - اور مارے ڈر کے پاني کے اندر غوطہ مارا * کوّا چوھے کو آہستہ آہستہ زميں پر رکھ کچھوے کو پُکارا - آشنا کي آواز سُنکر پاني ميں سے نِکلا - اور يار کي مُلاقات سے خوش ہوکر بولا - اي يارِ قديم ! اب تلک کہاں تھا ؟ اور کيا حال تھا ؟ کوّے نے اپنا قِصّہ شِکاري کے دام لگنے کے وقت سے اب تلک جو گُذرا تھا مُفصّل کہا - اور باتيں جو زيرک کي دوستي کي آرزو ميں ہوئي تھيں بيان کيں * کچھوے نے تمام احوال سُنا اور چوھے کي مُلاقات سے خوش ہوکر شرط مہمانداري کي بجا لايا - اُسکو ايک مُناسب جگہہ ميں رکھا - اور ہر کوئي اپنے اپنے مکان ميں جا خوشياں کرنے لگا * جب ماندگي سفر کي جاتي رہي اور اُس دِلچسپ جگہہ ميں آرام پايا - ايکدِن کوّا زيرک کي مُلاقات کو آيا اور بولا - اگر فُرصت گُفتگو کي ہو - تو وُہ ماجرا اپنا - جو مُجھہ سے کہنے کا وعدہ کيا تھا - کچھوے کے حُضور بيان کر - تاکہ سُخن پردازي و عقلمندي تيري اُسکو کماحقّہٗ معلوم ہو - اور سررِشتہ دوستي و يگانگي کا مضبوط ہو - اور مُجھے بھي سرمايہ دانِش کا بہم پہُنچے *

چوھا قِصّہ کہنے لگا کہ - ميرا وطنِ اصلي نادوت تھا - کہ وُہ ہِندوستان کے شہروں ميں سے ھي * ميں وھاں ايک زاھِد کے حُجرے ميں رہتا تھا - اور بھي کئي چوھے ميرے پاس جمع ہوئے تھے * زاھِد کے خيرخواھوں سے ايک شخص ہر روز اُسکے واسطے کھانے کو لاتا - وُہ اُس ميں سے ايک ٹکڑا لےکر ناشتہ کرتا - اور باقي کو شام کے واسطے رکھہ چھوڑتا * ميں مُنتظِر رہتا - جب وُہ گھر سے باھر کو نِکل جاتا تب دسترخوان تلک پہُنچکر جِتنا چاھتا کھا ليتا - باقي اور چوھوں کو بانٹ ديتا * زاھِد نے ميرے مارنے کے لئے بہُتيرے حيلے کيے - کُچھہ بن نہ پڑا * ايک شب کوئي مہمان زاھِد کے يہاں آ پہُنچا - لوازِم مہمانداري کے بعد - اُسنے پوچھا کہ - تُم کہاں سے آئے؟ اور کِدھر جاوگے ؟ مہمان کي خاطِر ميں جو کُچھہ تھا کہتا تھا * جو وُہ مردِ جہاندیدہ اور گرم و سرد زمانے کا چکّھا ہوا تھا - دونوں آپس ميں باتيں کرتے تھے - اور جو کُچھہ زاھِد پوچھتا تھا مہمان جواب اُسکا تقريرِ دِلچسپ سے ديتا تھا * غرض دونوں بات چيت ميں تھے - ميں فُرصت کو غنيمت جانکر - ياروں کو ساتھہ لے کھانے ميں مشغول ہوا * زاھِد اِس اِرادے سے کہ - چوھے بھاگ جاوَيں - بات کہتے کہتے تالياں بجاتا تھا * مہمان اِس حرکت کو بے ادبي اور اپني بے آبروئي جانکر - غُصّے ہوا اور کہا - اي زاھِد ! باتوں ميں تالياں بجاني بولنےوالے کو مسخرہ بنانا ھي - يہہ طور درويشوں کا نہيں * زاھِد نے عُذر کيا اور کہا - استغفِرُاللہ ! کہ مُجھہ سے مسخرگي صادِر ہو - بلکہ يہہ حرکت ميري اُن چوھوں کے بھگانے کے لئے ھي - جو اِس گھر ميں جمع ہوئے ہيں - کھانے کي جو چيزيں رکھتا ہوں وے چٹ کر جاتے ہيں * مہمان کو تسلّي ہوئي - پوچھا کہ - سب چوھے برابر شوخ و دِلير ہيں - يا بعضے زيادہ ؟ کہا - ايک اُن ميں سے بہُت ھي ڈھيٹھہ ھي - ميرے سامھنے بے خطرہ دسترخوان سے سب کھانے کي چيزيں اُٹھا لے جاتا ھي * مہمان نے کہا - دِلير ي

اُسکي بےسبب نه هوگي - اُسکا حال ويسا هي که ايک شخص صاحب‌خانه کي جوْرو سے تکرار کرتا تها که - کوئي سبب هي جوْ دهوئے تِلوں کو بِن دهوْيوں کے برابر بيْچتي هي * زاهِد نے پوچها وُه کيونکر هي ؟

حِکايت ۴

THE STORY OF THE WOMAN AND THE SESAMUM.

مِهمان نے کها - جِس راه سے مَيں آتا تها رات کوْ فلانے گانْو مَيں ايک آشنا کے گهر اُترا - جب وُه مَيري تواضُع کر چُکا - کهانے کوْ کِهلايا - سوْنے کے واسطے بچهوْنا بِچها ديا * مَيں اُسپر ليْٹا - پر هنوْز نيْند نه آئي تهي - که صاحِب‌خانه اپني جوْرو سے باتيں کرنے لگا - مَيرے اُنکے ايک ٹٹّي درميان تهي * وے جوْ باتيں آپس مَيں کرتے تهے مَيں سُنتا تها * مرد نے عوْرت سے کها - مَيں چاهتا هوْں که اِسي بُزُرگ مِهمان کے ساتهه - جوْ مَيرے يهاں وارِد هي - کل گانْو کے کئي بُزُرگوں کي دعوت کروں * عوْرت نے جواب ديا - گهر مَيں اِس قدر اسباب نهيں که لڑکے بالوں کوْ کِفايت کرے - باوصف اِتنے سامان کے تو خيال مِهماني کا کرتا هي ! جوْ کُچهه موْجود هي - اُسکوْ جمع‌کر - که تيْرے بعد جوْرو لڑکے تيْرے کِسي کے مُحتاج نه هوْں * مرد نے جواب ديا که - اِس قدر توْ هي که مِهْماني کر سکوں اوْر آيندے کي فِکر ضرور نهيں - کيونکه خُدا کي رضا اِسي مَيں هي که - جوْ کُچهه موْجود هوْ - مُسافِروں اوْر مُحتاجوں کے خرچ مَيں آوے * جِسنے اِس دُنيائے فاني مَيں دوْلت جمع کي - آخِر اُسکي هلاکت کا سبب هوا * مال جمع‌کرنا بد هي اوْر عاقِبت اُسکي خراب - جيْسے بهيڑئے کي کهاني اِس بات پر گواه هي * پوچها - وُه کيونکر هي ؟

حِکايت ۵

THE STORY OF THE WOLF AND THE BOWSTRING.

مرد نے کها - کهتے هيں که کِسي شِکاري نے دام لگايا تها - اچانک ايک هِرن اُس مَيں پهنسا - شِکاري نے گهات کي جگهه سے نِکل‌کر چاها که دام کے نزديک جاوے - هِرن نے جان کے ڈر سے زوْر کيا اوْر دام کوْ اُکهاڑکر مَيدان کي طرف بهاگا * صيّاد شرمِنده هوا - اوْر تير مارکر اُسکوْ زمين پر گِرايا - اوْر اُسکے پاس پهُنچکر اُٹهايا - اوْر پيٹهه پر لے - گهر کي طرف چلا * اثناء راه مَيں ايک جنگلي سوَر نظر آيا - اُس نے اُسکي طرف تيرِ جِگردوْز چلايا - اوْر زخمِ کاري اُس پر لگايا * سوَر نے بهي مارے غُصّے کے صيّاد کے سينے پر دانْت مارا - آخِر دوْنوں وهيں سرد هوْئے * اِس مَيں کوْئي بهيڑيا وهاں آن پهُنچا اوْر ديْکها که - ايک آدمي اوْر ايک هِرن اوْر سوَر موا پڑا هي * کثرتِ نِعمت سے خوش هوْکر سوْچا که - مُدّتوں مَيں اِتني نِعمتوں هاتهه لگتي هيں - تامّل کا مقام هي - ايسي نِعمتِ غير مُترقبه کوْ کيونکر خرچ کيجئے ؟ اگر اِس مَيں تامّل نکروں - اوْر بيْهوده تصرّف مَيں لاؤں - بےوُقوف مشهور هونگا * داناي کا مُقتضي يهه هي که يے بےحدّ نِعمتيں جوْ آج مِلي هيں خرچ مَيں نه لاؤں - اوْر صِرف اِس کمان کے چِلّے پر قناعت کروں - اوْر

اِن تازہ گوشتوں کو کِسي جگہہ اِحتياط سے رکھکر - هر روز بقدرِ اِحتياج اُس ميں سے لوں * دور انديش بزرگوں نے کہا هي - سب کا سب نہ کہا - کہ اگر دير تک جيئے - تو بڑھاپے ميں تہي دستي بد هي - کُچھ کہا - اور کُچھ دهر - تمام مال ايکبارگي ضائع نکر * غرض زيادتئ حِرص کے سبب کمان کے چِلّے پر رغبت کي - اور ايک بار کے دانت لگانے سے چِلّہ ٹوٹکر گوشۂ کمان اُسکے جِگر ميں جا لگا - اور وهيں سرد هو گيا *

فائدہ اِس داستان کا يہہ هي کہ دولت جمع کرنے کي حِرص کرني - اور اُمّيدوار دور انديش کے کہنے پر ذخيرہ کرنا - خوب نہيں هي * کِسي نے کہا هي کہ - جو کُچھ موجود هو - آج هي کھا لے - اور زمانے کا غم نہ کہا - اگر کل تک جئيگا - تو کل کي روزي بهي پہنچ رهيگي * اور يہہ عجب کوتاہبيني هي! کہ کِتني محنتوں سے مال جمع کرے - اور حسرت سے چھوڑ جاے * عورت نے جب دانائي کي باتيں شوهر سے سُنيں جو وہ نيک بخت تهي خوش هوئي اور کہنے لگي - مہماني تُجهے مُبارک هو! ميں نے بهي گهر ميں تهوڑے سے چانول اور تِل کهانے کے واسطے جمع کئے هيں - جِس کو چاهے اپنے گهر ميں بُلا * جب صُبح هوئي وے صاف کئے هوئے تِل دهوپ ميں ڈالے - اور شوهر سے کہا کہ - جب تلک نہ سوکهيں خبردار رہ کہ چڑياں اور جانور خراب نہ کريں * آپ اور کام ميں لگي * مرد کو جو نيند آ گئي تو ايک کُتے نے آکر تِلوں پر مُنہہ ڈالا * رنڈي نے يہہ حالت ديکهي - اپنے دِل ميں کہا کہ - اِنهيں کهانے ميں خرچ نہ کيجئے * اُٹهاکر بازار ميں لے گئي * ميں بهي کِسي کام کو وهاں گيا تها * ديکهتا کيا هوں؟ کہ وہ ايک کنجدفروش کي دوکان ميں آئي اور اُن کو بِن دهوئے تِلوں کے برابر بيچنے لگي * ايک شخص نے پُکارا کہ - اي رنڈي! مگر اِس ميں کُچھ بهيد هي - کہ يہہ اُنکے برابر بيچتي *

جب يہہ قِصّہ تمام هوا مہمان نے زاهِد سے کہا کہ - ميري خاطِر ميں يوں آتا هي - کہ دِلير اُس چوهے کي بےسبب نہوگي - اغلب هي کہ کُچھ نقد اُسکے مکان ميں هي - کہ اُسکے زور پر يہہ ڈهٹهائي کرتا هي - اور جو مُفلِس و بےنوا هوتا - تو اِسقدر چالاکي اُسے نہو سکتي * مثل هي کہ - مردِ بےزر مانند مُرغِ بےبال و بےپر کے هي * چلو - اُسکے بِل کو کهودکر ديکهيں کہ انجامِ کار کہاں تلک پہنچتا هي * زاهِد نے تُرت ايک پهاوڑا لا حاضِر کيا * ميں اُسوقت اور ايک بِل ميں بيٹها تها - اِنکي بات چيت جو آپس ميں هوتي تهي سُنتا تها * ميرے گهر ميں هزار دينار تهے - ميں اُن پر لوٹتا اور اُن کے ديکهنے سے نہايت خوش هوتا * آخِر مہمان نے بِل کو کهودا - اور جو کُچھ پونجي خوشي کي تهي زاهِد نے لے لي - اور کہا - سبب دِلير کا يہي تها - پهر کبهي ايسي ناشايستہ حرکتيں

نکرتا * مين يے باتين سُنتا تها - آخر ناتواني و بےنواي کے آپ مين دمبدم زيادہ پاتا تها - اور وهاں سے نِکلنے کا خيال کرتا تها * تهوڑے سے دِن نگذرے تهے که وے چوهے جو بندگي مين حاضِر تهے اور خُلوصِ دِل سے ميري خِدمت کرتے تهے - وہ آئين چهوڑکر حِقارت کي نظر سے مُجهے ديکهنے لگے - اور جو که کهانے کے آشنا تهے بغي هوکر ميرے دُشمنوں سے جا مِلے * مين سوچتا تها که - اِس بات سے آزُردہ نهوا چاهئے * مثل مشهور هي که - جِسکے پاس مال نهيں - اُسکا يار بهي کوئي نهيں * تِهي‌دست جو کام کرے سرانجام نهو - اور جو آرزو اُسکے دِل مين گُذرے بر نه آوے - جيسے جاڑے کي رُت کے مينهہ کا پاني دريا مين نهيں پهُنچ سکتا هي - اور کم‌مايگي کے سبب راہ هي مين ناپيد هو جاتا هي * قول بُزُرگوں کا هي که - جِسکے بهائي نهو جهاں رهے مُسافِر هي - اور جِسکے فرزند نهوں نام اُسکا دُنيا مين نه رهے - اور جو مُفلِس هو دوستوں سے بهرہ‌مند نهو - تِهي‌دست کا دوست کوئي نهيں هوتا هي - سِفلوں اور کمينوں کي دوستي غرض پر هي - نه اِن مين وفا کا کُچهہ اثر هي - نه مُروّت سے اُنهيں کُچهہ خبر * يے دغاباز دوست جو نظر آتے هيں - جيسے مکّهياں هيں گِرد مِٹهائي کے * جب تلک مال هي کهاتے هيں - اور مانند مکّهيوں کے تيرے پاس جمع هوتے هيں * جب زوال پر آوے اور کيسہ رباب کے کاسے کي طرح خالي هو - صحبت و غم‌خواري اِسطرح چهوڑيں - که گويا کبهي آشنا نه تهے * سچ اگر پوچهو تو يے بازاري کُتے هيں جو هڈّيوں کو سب سے عزيز رکهتے هيں * سُخنوروں نے کها هي که - کِسي نے ايک بُزُرگ سے پوچها که - تيرے دوست کِتنے هيں ؟ کها - معلوم نهيں - زمانہ مُجهہ سے مُوافِق هي - سب لاف دوستي کي مارتے هيں - اگر يہہ جاہ و دولت ميري جاتي رهے - تو معلوم هو که آشنا کون هي - اور بيگانہ کون * دوستوں کي آزمايش اور آشنا و بيگانے کي تميز تِهي‌دستي کے دِنوں مين هوتي هي * کِسي حکيم سے پوچها که - کيا سبب هي که لوگ مالداروں کي دوستي کي رغبت کرتے هيں - بےزر اور کم‌مايوں کے آشنا نهيں هوتے ؟ اُسنے جواب ديا که - مال خلق کا محبوب هي اور اپنا معشوق - جِسکے پاس هو - خوشامد اُسکي کرتے هيں - اور جب اُسکے پاس نهو - گِرد اُسکے نهيں پهرتے * اِسمين اُن چوهوں مين سے ايک جو زيادہ لاف دوستي کي مارتا - اور ميري ايک دم کي صُحبت کو سعادتِ ابدي جانتا - بيگانے کے مانند ميرے پاس آيا * مين نے بُلاکر پوچها که - تُجهے کيا هوا ؟ اور تيري وہ مِهرباني اور دوستي کي باتين - جو تو کها کرتا تها - کهاں گئيں ؟ اُس بےوفا نے مُنهہ پهير ليا اور دُرُشتي[1] سے جواب ديا که - تو کِتنا بےوُقوف هي ! کوئي کِسي کي خِدمت بےفائِدے نهيں کرتا هي - جب تيرے پاس زر تها اور تو نوازِش کرتا تها - مين بهي خِدمت مين حاضِر تها * اب جو تو مُفلِس هو گيا - يہہ بيهودہ آرزو کيوں کرتا هي ؟ مين نے اگلے دانائوں سے

[1] The original has دُرُستي *durusti*, an evident misprint; though it might mean "candidly," which would yield a tolerable, though much inferior sense.

سُنا هي که ـ تِهي دست جيسے دُنيا کي لذّت سے محروم هي اکثر رضاے اِلٰهي سے بهي هي ـ کيونکه بےزري اور اِحتياج کے سبب اُسے چوري اور جهوٹهي باتيں هوتي هيں ـ پس ايسے کے ساتهه آشنائي هرگز مُناسِب نهيں * مَيں نے کها ـ بےمُروّتي چهوڑ ـ اور بےوفاؤں کي بوليان نه بول ـ اور اپني بدذاتي سے فقيروں پر طعنے نه مار ـ که يه داناؤں اور خُداشِناسوں کے نزديک پسنديده نهيں ـ رُتبه فقيري کا تيرے فهم سے باهر هي ـ درويش کو حِقارت کي نظر سے نه ديکهه * اُس زبان دراز بےمعني چوهے نے جواب ديا که ـ يه کيا نادان هي جو تو کرتا هي ؟ فقيري جو داناؤں کے نزديک پسنديده هي اِفلاس اور اِحتياج نهيں که جِسکے سبب سے بےآبرو و رُسوا هوکر دربدر پهرے ـ بلکه فقير وُه هي که ديده و دانِسته دُنيا سے هاتهه اُٹهاکر سِواے رضاے اِلٰهي کے اور چيز کي خواهِش نکرے * اي مِسکين ! تو نے گدا اور درويش کے درميان فرق نه کيا ـ درويش وُه هي جو دُنيا کو ترک کرے ـ اور گدا وُه که دُنيا جِسکو چهوڑے ـ اور جِسنے دُنيا کو ترک کيا وُه هر دِل عزيز هي ـ اگر بشريت کے سبب اُسے کوئي چوک هو ـ تو لوگ اُسکو نيک سمجهيں ـ جو کام وه کرے سب اُس پر آفرين کريں * اور دُنيا نے جِسکو چهوڑا ـ کام اُسکا تباه هوتا هي ـ وُه جو کُچهه کرے اور کهے اُس پر گِرفت کرتے هيں ـ يهاں تک که گُناه اور کوئي کرے سزا اُسکو دیں * اور جِن خصلتوں پر که دولتمندوں کو تحسين و آفرين کريں ـ وے غريبوں کي اذيّت اور طعنے کي وجه هوتي هيں ـ مثلاً اگر گدا دِلگيري کرے ـ اُسکو فضول کهيں ـ سخاوت کرے ـ تو اِسراف جانيں ـ حِلم اِختيار کرے ـ تو بےغيرتي سمجهيں ـ خنده‌روئي اور آميزِش عمل ميں لاوے ـ تو مسخرگي ٹهہراويں ـ تمکنت و وقار کرے ـ تو سُستي جانيں ـ سُخن‌آراي و فصاحت عمل ميں لاوے ـ تو هرزه‌گو مشهور کريں ـ چُپ رهے ـ تو بُت سمجهيں ـ گوشے ميں بيٹهے ـ تو ديوانه کهيں ـ لوگوں کے دروازے پر جاے ـ تو ٹُکڑگدا نام رکهيں ـ کهانے پهننے ميں تکلّف کرے ـ تو تن‌پرور قِياس کريں ـ ٹاٹ پهنے اور ايک روٹي کے ٹُکڑے پر قانِع هو ـ تو فلک‌زده کهيں ـ ايکهي جگهه بيٹها رهے ـ تو روگي اور آرام‌طلب جانيں ـ سفر اِختيار کرے ـ تو آواره اور مُبتذِل کهيں ـ مُجرّد رهے ـ تو سيکڑوں تُهمتيں اُسپر لگاويں ـ شادي بياه کرے ـ تو بدذات و شهوت‌پرست سمجهيں * بهرصورت مُحتاج سبهوں کے نزديک بيقدر اور مردود هي ـ ساتهه اِسکے اگر کُچهه طمع ديکهيں ـ سب اُسکي دُشمني پر کمر باندهيں اور کوئي مطلب اُسکا بر نه لاويں اور بيزار هوں ـ جو خرابي آدمي کو هوتي هي بُنياد اُسکي طمع هي * جب اُس بيوفا دوست نے يے باتيں کهيں مَيں بولا که ـ مَيں نے داناؤں سے جو سُنا تها ـ اگر کوئي ايسي بيماري ميں مُبتلا هو که جِس ميں اُمّيد اچّهے هونے کي نهو ـ يا دوستوں کي جُدائي ميں اِسطرح گِرفتار هو که پهر وصل مُمکِن نهو ـ يا ايسے دوردراز سفر ميں پڑے که نه وهاں سے پهرنے کي کُچهه صورت هو نه اُسلوب رهنے کا ـ يے بلائيں اُسکے حقّ ميں اِفلاس سے بهتر هيں * اور اِفلاس ميں يه بڑا خلل هي که لوگوں سے مانگئے اور اپنے برابر سے گدائي کيجئے * بهرصورت

اُسّے موت بہتر هي - کيونکه سانپ کے مُنہ ميں هاتھ ڈالنا - بهوکهے شيرکے پنجے سے لُقمه لينا - اور غُصّه ور چيتے کے ساتھ هم نوالا هونا - سوال کرنے کي ذِلّت سے آسان هي * حکيموں نے کها هي که - بخشش کي راحت گدائي کي محنت کے مُقابل نهيں - اور بحالي کي لذّت تغيري کے رنج برابر نهيں * تب اُس چوهے کي طرف سے مُنہ پهراکر - پهر بِل کے دروازے کو گيا اور ديکها که اُن ديناروں کو زاهد اور مهمان نے آپس ميں حِصّه کر ليا * زاهد نے اپنا حِصّه تهيلے ميں ڈال تکيے کے نيچے رکها - اور ميري طمعِ شوم پهر جُنبش ميں آئي - ميں سوچا که - اگر اِس ميں سے پهر کُچھ هاتھ لگے - تو مُوجب خوشي کا هووے - دوست و آشنا پهر ميري خِدمت کي خواهش کريں اور مجلس گرم هو * اِس خيال ميں اِتنا توقّف کيا که دونوں سو گئے * تب ميں آهسته آهسته زاهد کے سِرهانے کي طرف چلا - مهمانِ کارديده نے که بظاهِر سوتا اور باطِن ميں مُجهه سے هوشيار تها - جونهيں ميں زاهد کے سِرهانے پهُنچا - ايک لکڑي ميرے پانو پر ماري که ميں چوٹ کهاکر لنگڑاتا هوا - بِل ميں گُهس کر عِلاج کرنے لگا * جب کُچھ آرام هوا پهر طمعِ شوم نے مُجهے گهر سے نِکالا - اور اب کي بار مهمان نے جو ايک لکڑي ميرے سِر پر ماري - بهزار تدبير بِل ميں پهُنچ بےهوش هوکر پڑا - اور اُن زخموں کے درد سے مال کي لذّت بهول گيا * آخِر ميں نے جانا که - بُنياد سب بلاؤں کي لالچ هي - پرنده جب تلک دانے کا لالچ نکرے دام ميں نه پهنسے - آدمي جب تلک هاتھ حِرص کا نه پهيلاوے ذِلّت و خواري ميں گِرفتار نه هووے * تعجّب هي اُن لوگوں سے جو کثرتِ مال کو راحت کا سبب جانتے هيں - اور نهيں سمجهتے هيں که اِسکي کمي ميں آرام هي - اور دولت کے جمع کرنے ميں بُزرگي دهونڈهتے هيں - اور نهيں جانتے هيں که اِسکے ترک سے درجے کو پهُنچتے هيں * غرض اِس ماجرے سے ميري نوبت يهاں تلک پهُنچي که نِهالِ طمع کو زمينِ دِل سے اُکهاڑا - اور درختِ رضا سے ثمرهٔ قناعت کا حاصِل کيا - زمانے کي اِطاعت اِختيار کي - تقديرکے لِکهے پر راضي هوا - اور سوچا که - دُنيا اِن حادِثوں سے اپني بدي پر آگاه کرتي هي - اور سعادتمندوں کو جتاتي هي که کوئي دولتخواه ايسا نهيں که جِس ميں اُسکے فريب کا اثر نهيں پهُنچا هي * کِسے بڑهايا که پهر اُسے نه گِرايا ؟ کهاں ايسا نِهال لگايا که پهر نه اُکهاڑا ؟ کِسے دوستي کي که اُسے هلاک نه کيا ؟ کِس پر دروازے دولت کے کهولے که آخِر هزاروں اذّيتيں اُسے نه پهُنچائيں * ايسي بےوفا کے لئے لائق نهيں که رنج اُٹهائے - اُس کے رهنے اور نه رهنے کا - اور نفع و نُقصان کا - انديشه کيجئے * بعد اِس حادِثے کے ميں زاهد کے گهر سے نِکل جنگل کو گيا اور گوشهٔ قناعت ميں اوقات بسري کرنے لگا * آخِر کبوترکي دوستي کي تقريب سے اِس کوے کے ساتھ آشنائي هوئي - اور عهد و پيمان يکدِلي و دوستي کا اُسّے هوا * اُسنے تيري خوبياں مُجهه سے کهيں اور غائبانه تيري دوستي نے ميرے دِل ميں جگهه کي - اِسکے همراه تيرے يهاں آيا - الحمدُللّه ! که تيري صُحبت سے نهايت خوش هوا - اُميدوار هوں که تيري رِفاقت سے مطلب کو پهُنچوں - يهي

هي تمام احوال ميرا * جب کچھوے نے يے باتيں سُنيں اُسپر مہرباني و شفقت کرنے لگا اور کہا ـ جيسے تو ميري رِفاقت و دوستي ميں مُستعِدّ هوا ميں نے بهي تيري دوستي و يکدِلي کا اِقرار کيا ـ اُمّيدوار هوں کہ يہہ ربط باهم هميشہ مضبوط رهے * شُکر خُدا کا ! کہ تيرے تجربے سے مُجهے نہايت نصيحت هوئي ـ ميں نے اُسے فائدہ اُٹهايا اور معلوم هوا کہ عقلمندوں کو چاهئے کہ اِس دُنيا ميں تهوڑے پر قانع هوويں ـ اور هرايک کے آگے طمع کا هاتهہ نہ پهيلاويں * اور جو گوشے اور توشے پر قناعت نکرے ـ اُسکي حالت وہ هو جو اُس حريص بِلّي کي هوئي * چوهے نے پوچهّا ـ وہ کيونکر هي ؟

حِکايت ٦

THE STORY OF THE GREEDY CAT.

کچهوے نے کہا ـ نقل هي کہ کِسي شخص کي ايک بِلّي تهي ـ هر روز اِسقدر گوشت کہ جِسّے اُسکي بهوکهہ مِٹے کِهلاتا ـ پر وہ اُتنے پر قناعت نکرکے خام طمعي کرتي * ايک دِن کِسي کبوترخانے کے نزديک گئي ـ کبوتروں کي آواز سے حِرص اُسکي حرکت ميں آئي ـ اپنے تئيں وهاں پہنچايا * کبوترباز نے اُسکے آنے سے مُطّلِع هوکر ـ اُسے ايسا مارا کہ وهيں مرگئي * اُسنے اُسکي کهال کهينچ بُهس بهرکر کبوترخانے کے دروازے پر لٹکا ديا * اِتّفاقاً بِلّي والے کا گُذر وهاں هوا ـ اُسنے اپني بِلّي کا ايسا حال ديکهکر کہا ـ اي حريص بےادب ! جو اُس گوشت پر قناعت کرتي تو تيرا پوست نہ کهينچتے *

حاصِل اِس داستان کا يہہ هي کہ ـ اي زيرک ! اب سے تهوڑا بہُت جو کچهہ مِلے اُسي پر اِکتِفا کر ـ اور ايک بِل پر کہ جِس سے جاڑے اور گرمي کا بچاؤ هو سکے قانع هو * جو مال هاتهہ سے جاتا رها اُسکے واسطے تاسّف نکر ـ کيونکہ بُزُرگي هرکِسي کي کمال سے هي نہ مال سے ـ اور هُنرمند هر چند بےمايہ هو لوگ اُسکو مُعزّز رکهتے هيں ـ جيسے شيُر کو اگرچہ قيد کريں پر اُسکي بُزُرگي ميں کُچهہ بٹّہ نہ لگے * اور دولتمند جو بےهُنر هو هميشہ بےاِعتِبار هي ـ جيسے کتّا کہ اگرچہ طوقِ زرّيں اور جڑاؤ پٹے سے سنوارا جاوے تب بهي ناپاک و بيقدر هي * داناؤں نے کہا هي کہ ـ چهہ چيزوں سے توقّع پايداري کي نہ رکهئے ـ ابر کي چهاؤں ـ غرض کي دوستي ـ رنڈيوں کي آشنائي ـ حسينوں کي صورت ـ جهوٹهہ تعريف ـ اور دولت * اي بهائي ! عالي هِمّتوں کے نزديک تمام دُنيا ايک خس کے مُقابِل نہيں ـ جو دانا هيں نہ دُنيا کے حاصِل هونے سے خوش هوتے هيں ـ نہ اُسکے جانے سے پريشان * عملِ نيک اور گُفتارِ پسنديدہ عقلمند کے حقّ ميں وہ دولت هي کہ کوئي اُسے لے نہ سکے * اي زيرک ! جو تو اپني وطن سے جُدا هوا هي غمگين نہو ـ کہ دانا جهاں جاوے اگر عقل اُسکي رفيق هي تو وہ مُسافِر نہيں ـ اور نادان اپنے وطن هي ميں مُسافِر و غريب و بيگانہ هي * شُکر خُدا کا بجا لا کہ تو کمال دانائي رکهتا

هي اور نہايت تدبير جانتا هي * اگرچہ تجھے ميري نصيحت کي احتياج نہيں اور بھلا بُرا اپنا خوب سمجھتا هي - پر حقّ آشنائي کا يہہ هي - کہ جس چيز ميں بہتري اپنے دوست کي جانے اسّے بيان کرے - اب تو ميرا دوست اور بھائي هي - اور ميں نے جي پر اپنے يہي ٹھانا هي - کہ اگر تيري طرف سے دوستي ميں کچھ خلل آوے - ميري جانب سے سوائے محبّت بڑھانے کے اور بات نہوگي * کوّے نے جب حُسنِ سُلوک کچھوے کا ديکھا - دِل اُسکا نہايت خوش هوا اور کہا - اي بھائي ! تو نے اپني بزرگيوں سے تھوڑا سا بيان کرکے مجھے خوش کيا - سب دوستوں ميں بھلا وہ هي کہ اُسکي مدد اور سيرتِ نيک سے ايک گروہ دوستوں کا اُسکے آسرے ميں چين سے زيست کرے - اور اُسکي آرزو کو اُسّے پہلے کہ وہ ظاہر کرے بر لاوے - اور بجان ممنون هو * راست‌گو سخنوروں نے يہہ کہا هي کہ - اگلے دِنوں ميں کِسي بزرگ کا ايک دوست تھا * ايک رات وہ اُسکے دروازے پر آيا اور کُنڈي کھڑکھڑائي * وہ بزرگ سمجھا کہ - ميرا دوست هي - نہايت انديشمند هوا کہ - ايسے بےوقت اُسکے آنے کا سبب کيا هي؟ بہت فِکر کے بعد اشرفيوں کي هميانی اُٹھا لي - اور تلوار کو کمر سے لگا ليا - اور لونڈي حسبُ‌الحُکم اُسکے بتّي روشن کرکے آگے هوئي - دروازہ کھولکر اُس دوست کو مہرباني سے کہا کہ - اي بھائي ! ايسے بےوقت آنے کي وجہ ميں نے تين چيزوں کا خيال کيا هي * ايک يہہ کہ - کوئي حادثہ ايسا پڑا هو کہ جس ميں مال کي احتياج هي * دوسري يہہ کہ - کِسي دُشمن نے تيري ايذا کا قصد کيا - اور تجھے اُسکے دفع کرنے ميں مدد ضرور هي * تيسري يہہ کہ - تنہائي سے گھبرايا هو - اور ايسا کوئي شخص - جو وقت بےوقت کام آوے - تجھے مطلوب هي * ميں سب سرانجام کرکے آيا هوں - جو دولت چاهئے - يہہ هميانی اشرفيوں کي حاضِر هي - اور جو مدد چاهو - تو ميں تلوار باندھکر آيا هوں - اگر کوئي خادِمہ چاهتے هو - تو يہہ کنيزِ شايستہ حاضِر هي * دوست نے کہا - شاباش ! هزار آفرين! تُمھاري دوستي و همّت پر! کہ مجھ سے جان و مال اور ناموس کا دريغ نہ کيا * اي کچھوے ! تو نے جو کچھ چوہے سے کہا وہ پسنديدہ هي - چاهئے کہ اُسکو نِباهے - اور اِقرار کرے کہ اگر چوہے کے سبب کچھ جوکھوں پہنچے - اُسّے بيزار نہوے - اور يقين هي کہ جو کِسي بزرگ پر کچھ حادِثہ پڑے عِلاج اُسکا سِوائے کِسي اور بزرگ کے کِسي سے نہو سکے - جيسے اگر هاتھي دلدل ميں پھنسے - سِوائے هاتھيوں کے اور کوئي اُسے نِکال نہ سکے - کيونکہ بزرگ اوروں کي راحت کے واسطے اپنے اوپر محنت کو دُشوار نہيں جانتے - اور نيک‌نامي کے حاصِل کرنے ميں اگر سر جاتا رهے - تو اِنکار نہيں کرتے هيں * بزرگوں نے کہا هي کہ - جِسکي بدولت فقيروں کو کمال فائدہ نہ پہنچے - اُسے دولتمندوں ميں نہ گِنے * کوّا اِس بات‌چيت ميں تھا کہ ايک هرن دور سے نظر آيا - سبھوں نے گُمان کيا کہ - اُسکے پيچھے کوئي آتا هي * کچھوا پاني کے اندر کودا - اور کوّا درخت پر جا بيٹھا - چوہا بِل ميں گھس گيا * هرن پاني کے کِنارے آ - دهشت‌زدہ هوکر کھڑا هوا - کوّا هر طرف نظر گڑاکر ديکھتا تھا کہ هرن کے پيچھے

کؤن هي ـ هرچند دهنے بائيں نِگاه کي ـ کِسي کو نه ديکها * تب کچهوے کو پُکارا ـ وُه پاني ميں سے نِکلا ـ اور چوها بهي حاضِر هوا * کچهوے نے جو ديکها که هِرن مُتحيّر هوکر پاني کي طرف ديکهتا هي اور نهيں پيتا ـ کها ـ اگر پياسا هي تو پي ـ اور نه ڈر ـ که يه مقام خطرے کا نهيں * هِرن آگے آيا ـ کچهوے نے اُسکو مِهرباني سے پوچها که ـ تُم کهاں سے آتے هو؟ اُسنے کها ـ مَيں اِس جنگل ميں رهتا تها ـ پر هم جِنسوں ميں سے کِسي کو نپايا ـ اور هروقت تيرانداز مُجهے اِس ميدان کي اِس طرف سے اُس طرف کو دوڑاتے تهے * آج ايک بُڈهے کو ديکها که گهات ميں تها ـ اور جِس طرف مَيں جاتا تها ـ ميرا قصد کرتا تها * مَيں سوچا که ـ يه کوئي شِکاري هي که حيلے سے مُجهے دام ميں پهنساويگا ـ مَيں بهاگکر يهاں آيا * کچهوے نے کها ـ مت ڈر ـ که هرگز کوئي شِکاري يهاں پهُنچ نه سکيگا ـ اگر هماري صُحبت کي خواهِش تُجهے هو ـ تو اِسّے کها بِهتر که هم تينوں ياروں کي دوستي کو تيري آشنائي سے قُوّت هو؟ داناؤں نے کها هي که ـ دوست جِتنے زياده هوں ـ بلا اُن پر کم آتي هي ـ اور اگلے بُزُرگوں کي نصيحتوں ميں مذکور هي ـ که دوست اگر هزار هوں تو کم سمجهئے ـ اور دُشمن ايک بهي هو تو بهُت جانئے * چوهے نے بهي دفترِ دانِش سے کئي باتيں ـ جو هِرن کي خاطِرخواه تهيں ـ کهہ سُنائيں * کوّے نے بهي باتيں دوستي کي گُذارِش کيں * هِرن نے اُنکے اطوار سے اُنهيں نيک ذات اور عالي منِش جانکر دِل و جان سے صُحبت کي خواهِش کي ـ اور اُنکي رِفاقت کو اپنے دِل پر ٹهانا * ياروں نے دوستوں کي طرح نصيحتيں کرکے کها که ـ اِس مُرغزار سے ـ جو همارے نزديک هي ـ قدم باهِر نه رکهہ ـ اور اِس چشمے کے نزديک سے ـ جو قِلعه امنيت کا هي ـ دور نه جا * هِرن نے قبوُل کرکے اُس سبزه زار ميں مقام کيا ـ آپس ميں دوستوں کي طرح گُذران کرتے رهے * ايک ٹيلا تها ـ هر وقت وهاں جمع هوکر کهيلتے ـ خوشياں کرتے ـ اور اپني اپني سرگُذشت کهتے * ايک دِن کوّا چوها اور کچهوا اُسي جگهہ جمع هوکر هِرن کي راه ديکهتے تهے * جب ايک ساعت گُذري اور هِرن نه آيا ـ پريشان هوئے ـ اور جيسے جاني ياروں کا آئين هي ـ غمگين هوئے * آخِر بات يه ٹههري ـ که کوّا اُڑے اور هِرن کي خبر لاوے * تهوڑا سا عرصه نه گُذرا تها که کوّا حيران پريشان هوکر پهر آيا اور کها که ـ هِرن کو دام ميں پهنسا هوا ديکها * کچهوے نے چوهے سے کها که ـ رِهائي اُسکي ميرے اور کوّے کے مقدور سے گُذري هي ـ اب اُسکي مخلصي کي توقُّع تُجهه سِوا اور کِسي سے نهيں * جلدي کر ـ که وقت جاتا هي * چوها کوّے کي رهبري سے هِرن کے پاس گيا اور کهنے لگا ـ اي يار! تو اِس آفت ميں کيونکر پڑا؟ اور باوصف اِس عقل و زيرکي کے اِس قيد ميں کِسطرح پهنسا؟ هِرن نے جواب ديا ـ قضاے اِلٰهي کے سامهنے زيرکي کيا نفع کرے؟ اور تدبيرکے ميدان سے تقدير کي منزِل تلک بڑي مسافت هي * چوهے نے کها ـ سچ کهتا هي * تب دام کے کاٹنے ميں مشغول هوا * اِس ميں کچهوا بهي آن پهُنچا اور هِرن کے پهنسنے سے ـ جو قلق گُذرا تها ـ بيان کيا * هِرن نے کها ـ اي يار! تيرا يهاں آنا مُجهہ پر

اپنے حادثے سے زیادہ ناگوار ہي - اگر شکاري آ پہنچے اور چوہا میرے بندِ پا کو کاٹ چکے - تو میں جان لیکر بھاگ جاؤں - اور کوّا اُڑے - چوہا بِل میں جا چھپے - لیکن تیرے نہ پر ہیں کہ اُڑے - نہ تو پانو ایسے ہیں کہ بھاگے - یہہ تکلیف تو نے کیوں کي ؟ اور اِسطرح کي دِلگیري کِسلئے ؟ کچھوے نے کہا - اي یار! میں کیونکر نہ آتا ؟ اور اپنے نہ آنے کو کِسطرح جائز رکھتا ؟ - زِندگي - جو بغیر دوستوں کے ہو - کِس کام آوے ؟ اور عُمر - جو یار کي جُدائي میں گُذرے - کِس شُمار میں ہي ؟ اندیشہ نکر - کہ ابھي قید سے چھوٹتا ہي - تو شُکر بجا لا کہ ایسا زخم تیرے بدن کو - اور ایسا صدمہ تیري جان کو - نہیں پہنچا ہي - جو دوا پذیر نہووے * یہہ باتیں کہتا تھا کہ شِکاري دور سے نظر آیا * چوہا بند کے کاٹنے سے فارغ ہوا - ہِرن نے چوکڑي بھري - کوّا اُڑا - چوہا ایک بِل میں جا گُھسا - اور کچھوا وہیں رہ گیا * شِکاري آ پہنچا اور دام کو کٹا پایا - انگُشتِ حیرت کو دانتوں سے کاٹنے لگا - اور دھنے بائیں تکنے کہ - اِس دام کو کِس نے کاٹا ؟ اور یہہ کام کِس کے ہاتھ سے ہوا ؟ نظر اُسکي کچھوے پر پڑي - دِل میں اپنے کہا کہ - اگرچہ یہہ ادنیٰ چیز اُس بھاگے ہوئے ہِرن اور کٹے ہوئے دام کے برابر نہیں ہو سکتي - لیکِن خالي ہاتھ پھرنا شِکاري کو ننگ ہي * تُرت اُسکو پکڑ جھولي میں ڈال کر شہر کي طرف لے چلا * وے تینوں یار شِکاري کے جانے کے بعد جمع ہوئے - اور اُنھیں معلوم ہوا کہ کچھوا شِکاري کے دام میں پھنس گیا * وے چلّائے - اور ہر کوئي جُدائي کے ماتم میں - اور دوري کے غم میں - دردآمیز جانگُداز باتیں کرتا تھا - یہاں تک کہ ہِرن نے کوّے کي طرف مُنہہ کرکے کہا - اي بھائي ! اگرچہ ہم میں سے ہر ایک فصاحت و سُخنوري میں داد سُخن کي دیتا ہي - پر کچھوے کو کُچھ نفع نہیں - اور رونا پیٹنا نالہ و بیقراري ہماري اُسکے کام نہیں آتي ہي * لائق دوستي کے یہہ ہي کہ - ہم ایسي کوئي تدبیر ٹھہراویں اور کوئي حیلہ کریں - کہ اُسّے یار کو اپنے چُھڑا سکیں * داناؤں نے کہا ہي - چار فِرقے کي آزمایش چار وقت ہوتي ہي - شُجاعت و مردانگي جوان مردوں کي لڑائي کے دِن معلوم ہو - اور دیانت و امانت امینوں کي دادوستد کے روز - اور مِہر و وفا جورو اور لڑکوں کي تنگدستي میں - یاروں کي وفاداري کي حقیقت آفت کے روز * چوہے نے کہا - اي ہِرن ! میري خاطِر میں ایک حیلہ گُذرا ہي - صلاح یہہ ہي کہ تو شِکاري کے سامہنے آوے - اور اپنے تئیں سُست و غمگین بناوے - گویا تُجھے کُچھ زخم لگا ہي - اور کوّے کو چاہئے کہ تیري پیٹھ پر بیٹھکر یہہ طور کرے کہ گویا تیري آنکھیں نِکالا چاہتا ہي * جب نظر شِکاري کي تُجھ پر پڑے - تیرے پکڑنے کے اِرادے سے خوش دِل ہو - اور کچھوے کو دام سمیت زمین پر رکھ - تیري طرف رُخ کرے * جب نزدیک آوے لنگڑاتے لنگڑاتے اُسّے پرے ہوجیو - نہ اِتني دور جائیو - کہ تیرے پکڑنے سے نا اُمّید ہووے - نہ اِتنا آہستہ چلیو کہ تُجھ پر قابو پاوے - اِسطرح دیر تلک اُسکو اپني طرف لگا رکھیو - شاید میں کچھوے کو چُھڑاکر بھگا لے جاؤں * یاروں نے اُسکي تدبیر پر آفریں کي - ہِرن اور کوّا اُسي طرح پر جو

ٹھہري تھي شِکاري کو دِکھلائي دئے * اُس خام طمع نے هِرن کو ديکھا که - لنگڑاتا لنگڑاتا چلتا هي - کوّا اُسکے گِرد اُڑتا هي - اور اُسکي آنکھيں نِکال لينے کا قصد کرتا هي * هِرن کے پکڑنے کي بات اپنے جي ميں ٹھان کر جھوْلي کو پيٹھ پر سے اُتارکر رکھ ديا - اور اُسکے پکڑنے کے درپي هوا * چوهے نے تُرت جھوْلي کے بندوں کو کاٹ کر کچھوے کو چُھڑا ديا * ديْر کے بعد شِکاري - جو هِرن کي جُست و جو سے عاجز هوْکر تھک گيا - اور جھوْلي کے پاس آکر کچھوے کو نه پايا - اور اُسکو کٹا ديْکھا - فِکر اُس پر غالِب هوئي اور حيْران تھا که - جو کُچھ مَيں ديْکھتا هوں بيان ميں نهيں آتا هي - اگر کِسي سے کهوں باور نه کريْگا - اوّلاً هِرن کے بندِ پا کٹ جانا - پِھر بيمار بنانا هِرن کا اپنے کو - بيْٹھنا کوّے کا اُس پر - کٹنا جھوْلي کا اور بھاگنا کچھوے کا - اِس کو کيا خيال کيجيْے؟ اِس فِکر ميں دهشت اُس پر غالِب هوئي اور دِل ميں اپنے کها - مگر وُه جو قِصّے ديْو پري کے کهتے تھے - سچ هيں - اور يه جگه ديْو پري کي هي - جلد يهاں سے پھِرا چاهيْے - اور اِس جنگل کے جانوروں کي طمع سے اپنے کو بلا ميں نه ڈاليْے * تب شِکاري کٹي هوئي جھوْلي اور ٹوٹے هوئے دام کو اُٹھا لے بھاگا - اور عهد کيا که - اگر اِس جنگل سے سلامت نِکل جاؤں - هرگز خيال يهاں کا خاطِر ميں نه لاؤں - اور شِکاريوں کو بھي از روے دوْستي و مِهرباني اِس جنگل کي آمدشُد سے باز رکّھوں - که يهاں دام بِچھانا بےفائِده هي * جب شِکاري چلا گيا پھِروے يار جمع هوئے اور شُکر بجا لائے - اور خوشي خوشي اپني آرامگاه کي طرف دوْڑے * بعد اِسکے پھر نه هاتھ بلا کا اُنکے دامن تک پُهنچا - نه ناخُنِ مِحنت نے اِنکے چهرے کو نوْچا - يگانگي و يکدِلي کي بدولت غم اُنکا خوشي کے ساتھ بدل هوا - اور عُمر کے دِن آرام سے کٹے *

بيدپاے حکيم نے کها - اي راے دابشليم! دانا دوْستوں کا قِصّه يه هي - پس چاهيْے که نورِ عقل اور روْشني دانِش سے اِن حِکايتوں کو غوْر کرے - که ضعيف جانوروں کي دوْستي نے اِتنا فائِده کيا - اگر ايْک گروْه آدميوں کا - جو خُلاصه عالم کا هي - ساتھ اِس اسبابِ دانِش کے اور سامانِ عقلمندي کے هوا و هوس سے باز آکر آپس ميں اِتّفاق و دوْستي کريں - کونسے بڑے کام هيں جو نيْک سرانجام نه پاويں؟ اور کونسے مُهِمّيں هيں جو بوْجهُ احسن آسان نهوويں؟

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

STORY I.

خُلاصه اِس باب کا يه هي - کشمير ميں ايْک کوّے نے کِسي درخت پر بيْٹھکر ديدهٔ دانِش خُدا کے کارخانے پر کھوْلا تھا * ايْک شِکاري آيا - اور دامِ فريْب اُس نے بِچھايا * اچانک کبوتروں کا ايْک ساتھ پُهنچا - اور شِکاري کے دام ميں پھنسا * مُطوّقه نے - جو اُنهوں کا سردار تھا - زبان ملامت کي کھوْل کر کها که - تُم نے ميْري نصيحت پر عمل نه کيا - اپنے تئيں اور مُجھے پھنسايا - اب تڑپھنا اور گھبرانا کيا فائده کريْگا؟ تدبير يه هي - که آپس

مٹیں اِتّفاق کرکے اُڑیں - شاید اِتّفاق کي برکت سے دام کو اُکھاڑ لے جاویں - اور کوئي تدبیر اپنے کام کي کریں * سب اُس کي بات سُنکر ایکبارگي اُڑے اور دام کو لے گئے * کوّا تماشا دیکھنے کے واسطے اُن کے پیچھے لگا جاتا تھا - یہاں تلک که شِکاري نا اُمّید هوکر پھرا * کبوتر ایک چوهے کے پاس اُترے - که وہ مُطوّقه کا یارِ وفادار اور دوستِ حقّگذار تھا * جب اُس چوهے نے اپنے یار کو اُس حالت مٹیں دیکھا بیدِل و بیقرار هوکر بِل سے نِکلا - اور جب خِردپسند باتیں دونوں طرف سے هوئیں چوها غمخواري و چارهسازي مٹیں مشغول هوا - اور تھوڑے سے عرصے مٹیں سبھوں کے بندوں کو کاٹا اور کبوتروں کے ساتھ کو بندِ غم سے رِهائي دي * کوّا اِس احوال کے دیکھنے سے دِل مٹیں سوچا که - مُجھے ایسے کي دوستي ضرور هي که جِسکے دیدار و اِعانت سے بزم و رزم مٹیں خورسندي و فتحمندي حاصِل هو * تب کوّا چوهے کے بِل پر آیا که بُنیاد دوستي کي ڈالے * پُکارا * چوهے نے ڈرکر کہا که - تُجھے مُجھ سے کیا کام ؟ اور مُجھکو تُجھ سے کیا عِلاقه هي ؟ کوّے نے ماجرا کبوتروں کا جو دیکھا تھا شُروع کیا - اور خواهِش دوستي کي اپني ظاهِر کي * چوهے نے کہا - سُبحان اللّٰه ! یہه کیا خیالِ مُحال هي ؟ STORY II. مٹرے تٹرے[1] دُشمنئ ذاتي هي - دوستي کیونکر هو ؟ تو نے نہیں سُنا هي که ایک باز نے بوالهوسي سے کبک کي آشنائي کا خیال اپنے دِل مٹیں کیا - اور دِلپسند باتوں سے اُسکو اپنے گھونسلے مٹیں لاکر دوست اپنا ٹھهرایا - تھوڑے دِنوں مٹیں ایک ادنےٰ بہانے سے اُسکو پھاڑ ڈالا * اي کوّے ! اصل یہه هي - که تو جال فریب کا مٹري راه مٹیں بِچھاتا هي - اور اگر سچ کہتا هي - تو خیالِ خام تُجھکو ایک دم اِس بات پر لایا هي - آخِر جلدي پھر جائیگا * کہا - غریب کو اپنے دروازے سے هانکنا اوروں کے گُناه کي تُهمت اُسپر لگاني بُزُرگوں سے بعید هي * مٹں بڑي دور سے تٹري اُمّید پر آیا هوں - اپني دوستي سے مُجھے سرفراز کر - که داناؤں کي دوستي جاتي نہیں هي * چوها بولا - حکیموں نے کہا هي که - دُشمن کي بات پر اِعتِماد نه کیا چاهئے - اور مِهرانگیز محبّتآمیز باتوں پر اُسکي نه بهولئے - STORY III. جٹسے شُتُرسوار نے سانپ پر اِعتِماد کیا - اُسے جلنے سے بچایا اور وہ ڈسنے کو تیار هوا * آخر لومڑي کي رهبري سے اُسکے کاٹنے سے بچا اور سانپ نے سزا پائي * هرچند چوها اُسکي آشنائي سے کِناره کرتا تھا - کوّا اُسکي دوستي کي سعي بجا لاتا تھا - یہاں تلک که عهد کیا که - جب تک مٹري مُراد بر نه آوے دانه پاني نه کهاؤں نه پیؤں - اور کہا که - حال کِسي کا عقلمندوں کے نزدیک چھپا نہیں - اور مٹں اِس آرزو مٹں جان دونگا اور زِندگي بهر تٹرے دروازے سے نه جاؤنگا * چوهے نے جب آثار دوستي کے اُسکي بوْلچال مٹں پائے مِهرباني کي اور حقّ دوستي کا بجا لاکر کہا - اي کوے ! دُرُستکرداري و راستگُفتاري تٹري پہلے هي مٹں تٹرے تٹور سے سمجھا تھا * پُر مقتضا دانِش کا یہه هي که سب کار و بار مٹں دوراندیشي و اِحتیاط نه چهوٹے * غرض کِتنے دِن اِسي

[1] Supply درمیان *dar miyán*, or some similar postposition.

طرح باهم گذران کرتے تھے - آشنائي و يکدلي اُنکي زيادہ هوتي تھي * ايک دِن کوّے نے کہا - اي يارِ عزيز! يہہ جگہہ چيں کي نہيں هي مبادا کِسي طرح سے جوکھوں پہنچے - يہاں سے نزديک ايک کچھوا رهتا هي کہ ميرا دوست هي - اور سربسر دانِش سے بھرا هوا اور زيورِ وفاداري و راستبازي سے آراستہ - آؤ - هم اُسکے يہاں جاويں اور اُسکے همسائے ميں گذران کريں * غرض کچھوے کے نزديک گئے * کوّے نے عقلمندي و بُزرگ منِشي اُسکي کچھوے کے ذِهن نشين کر دي اور اُسکو چوهے کي دوستي پر لايا * کچھوے نے اُس پر نوازِش کي اور کہا کہ - کہاں سے آتے هو؟ اور کدہوں آئے؟ چوهے نے کہا - اگرچہ قِصّہ طول طويل هي - پر جو دانِش کو مُفيد هي سو تُجھ سے کہتا هوں * اي بھائي! ميں هِندوستان ميں ايک زاهد کے اُجاڑ گهر کے اندر رهتا تھا - يہاں تک کہ ايک دِن ايک مِہمان اُسکے گهر آيا اور اُس نے ميري دِلدِري سے معلوم کيا کہ - وهاں STORY IV. کُچھ دولت گڑي هي - اور قِصّہ اُس عورت کا - جِسکا شوهر مِہماني کيا چاهتا تھا - اور STORY V. وُہ راضي نہوتي تھي - بيان کيا - اور نصيحت کرني مرد کي عورت کو - اور قِصّہ شِکاري اور هِرن اور جنگلي سوَر اور بھيڑيے کا ذرہ ذرہ کہا * اور بہُت سي گُفتگو کے بعد جب اُس زاهد اور مِہمان نے گهر کو کهودا - اور وهاں سے اشرفياں - جو پونجي ميري خوشي کي تھيں - نِکال ليں - اور مُجھے آزار و زخم پہُنچائے - تب ميں سوچا کہ - سب بلاؤں سے زيادہ حِرص اور لالچ هي - اُسے باز آيا - اور شہر چھوڑکر جنگل ميں رهنے لگا * ايک کبوتر کے وسيلے سے دوستي کوّے سے هوئي - اور اُسکي رهبري سے تيري خِدمت ميں پہُنچا * کچھوے نے کہا - تيرے ماجرے سے مُجھے نصيحت هوئي اور STORY VI. معلوم هوا کہ جو قناعت نکرے اُسکي حالت وُہ هو جو اُس بِلّي کي هوئي کہ اپنے راتِب پر قناعت نکرکے ايک کبوترخانے کو گئي اور اپنے تئيں بر باد کيا * مرحبا اي چوهے! تيري مُلاقات کا شُکر ميں کيونکر بجا لاؤں؟ کوّا کچھوے کا تپاک ديکھکر خوش و ممنون هوا - اور باهم دوستوں اور بھائيوں کي طرح رهنے لگے * ايک دِن هِرن شِکاري کے دام سے چھوٹھکر حيران و پريشان هو اُنکے يہاں پہُنچا - ازبسکہ عاجزوں کي دستگيري کرنا آئين داناؤں کا هي - هر ايک نے اُسکي احوال پُرسي کي - اور خاطِرداري کرکے باهم عہد و پيمان دوستي کا کيا - اور وے چاروں يار هميشہ يکدِلي کي بدولت خوشي سے گُذران کرتے تھے * ايک دِن هِرن غائب هوا - کوّا خبر لايا کہ وُہ ايک شِکاري کے دام ميں پھنسا هي * تب وے پريشان هوئے - جِس تِس طرح چوهے اور کچھوے نے اپنے تئيں وهاں تک پہُنچايا - چوهے نے چالاکي کر دام کو کاٹا * اِس ميں شِکاري آن پہُنچا اور هِرن بھاگا - چوها بِل ميں پيٹھا - کوّا درخت پر جا بيٹھا - شِکاري افسوس کرنے لگا - اور دام کے کٹنے سے حيران هوا * آخِر اُسنے کچھوے کو ديکھا اور کہا کہ - بارے خالي هاتھ نجائے - اُسکو ليکر تھيلے کے اندر ڈالا - اور مُنہہ کو اُسکے مضبوط باندهکر - پيٹھ پر ڈال - گهر کي طرف لے چلا * تينوں يار جمع هوکر کچھوے

کے قید ہونے سے ماتم کرنے لگے * چوہے نے کہا - اي ہرن! اب، تدبیر یہہ ہي کہ تو شِکاري کے سامہنے لنگڑاتا ہوا جاوے تا اُسکو گُمان ہو کہ تہوڑي مِہنت سے ہاتہہ لگیگا - اور کوّے کو چاہئے کہ - کبہي تیري پیٹہہ پر بیٹہے - اور کبہي تیري آنکہیں نِکال لینے کا قصد کرے - تا کہ شِکاري اپنے تہیلے کو زمین پر رکہکر تیرے پکڑنے کے در پي ہو - مَیں فُرصت پاکر اُسکے مُنہہ کو کہول دوں * یہہ صلاح سب کو پسند پڑي - اور اُسیطرح جو ٹہہرایا تہا بجا لائے * جب شِکاري ماندہ ہوا تہیلے کے پاس آیا - کچہوے کو نہ دیکہا اور تہیلے کے مُنہہ کُہلا پایا * اپنے دِل مَیں سوچا کہ - دیو پري کے قِصّے جو لوگ کہتے تہے سچ ہیں - یہہ اُنکي جگہہ ہي - بہُت ڈرکر عہد کیا کہ - ابکے اگر مَیں جیتا جاؤں - پِہر کبہي اِس جنگل کے شِکار کي خواہِش نہ کروں - اور اپنے یاروں کو بہي یہاں آنے نہ دوں - کمال دہشت سے مَیدان کو طي کرگیا تو مَیں جا پہُنچا - اور اُن چاروں یار نے دوستي و یکدِلي کي بدولت زِندگي خوشي سے کاٹي *

خلاصے کا خُلاصہ یہہ ہي کہ عقلمند کو چاہئے کہ دوست بہم پہُنچاوے - تو ظاہِر و باطِن سے کامیاب ہووے - اور اِس بات کو سوچے کہ - یاري و یکدِلي سے جانوروں کي کیا کیا کام سرانجام ہوتے ہیں * اگر آدمي - ساتہہ اِس کارداني و عقلمندي کے - طریقہ دوستي کا اخذ کریں اور آپس مَیں مہبّت رکہیں - کونسے کام ہیں کہ جنکي سرِبراہي نہو؟ اور کونسي مُشکِل ہي جو آسان نہو؟

چھٹّھا باب

دُشمنوں کے کار و بارِ دُنیا کے سوچنے اور اُنکے فریب سے نِڈر نرہنے میں

CHAP. VI.—IN EXPLANATION OF ATTENTIVELY REGARDING THE CIRCUMSTANCES OF OUR ENEMIES, AND NOT BEING SECURE AS TO THEIR MACHINATIONS. —INTRODUCTION.

راے دابشلیم نے بیدپاے حکیم سے کہا کہ - یکدِل دوستوں اور بھائیوں کا قِصّہ میں نے سُنا - اب چاہتا ہوں کہ تو اُن دُشمنوں کا احوال جو بظاہِر دوست ہوں - اور اُن آشناؤں کا جِنکي خو بیگانوں کے مانند هي - بیان کرے * برهمن نے کہا - جہان‌پناہ ! آپ نے اچّھي بات پوچھي - کیونکہ بہُتیرے عقلمندوں نے اِس قِسم کے لوگوں سے دغا پائي هي - اور کمینے دُشمن جب دُشمني کے لِباس میں رهکر دُشمني نکر سکیں - اپنے تئیں دوست بناکر ظاہِر میں عاجزي و مِہرباني کریں - اور باطِن میں هزاروں مکر و فریب عمل میں لا اپنا کام نکالیں * دانا کو چاهئے کہ هرچند دُشمنِ دانا سے دوستوں کي طرح اِختِلاط دیکھے زیادہ بدگُمان هووے - کیونکہ پاني آگ کي نزدیکي سے اُسکا رنگ و اثر پیدا کرتا هي - پر جب قابو پاتا هي تُرت بُجھا هي دیتا هي * دور اندیش داناؤں نے کہا هي کہ - جو کوئي اِس بات کو خوب غور نکرے - اُسکي حالت وُہ هو جو کوّے سے اُلّو کي هوئي * راے دابشلیم نے پوچھا - وُہ کیونکر هي ؟

حِکایت ۱

THE STORY OF THE CROW-KING, FÍROZ, AND THE OWL-KING, SHAB-ÁHANG.

برهمن نے کہا - نقل هي کہ چین کے مُلک میں ایک بڑے پہاڑ پر ایک عظیمُ‌الشان درخت تھا - اُسکي ڈالیوں پر هزاروں کوّوں نے گھونسلے بنائے تھے - اور فیروز نام اُن کا ایک بادشاہ تھا - سب کوّے اُسکے فرمان‌بردار تھے * ایک رات اُلّوؤں کے بادشاہ نے - جو شب‌آهنگ کہلاتا تھا - بسبب دُشمني کے - جو هَمیشہ اُن میں هي - دل‌بادل فوج لیکر کوّوں پر شبخون مارا - اور اُنہیں هزیمت دي - اور فتح‌یاب هوکر پھرا * دوسرے دِن کوّوں کے بادشاہ نے اپنے لشکر کو جمع کیا - اور اُلّوؤں کے هُجوم اور شبخون کي بات درمیان لاکر کہا کہ - تُم نے شبخون اُلّوؤں کا اور دِلیري اُن بدذاتوں کي دیکھي - دُشمني اُنکي تُم پر ظاہِر هوئي - دیکھو رات تُم میں سے کِتنے مارے پڑے - کِتنے بھاگ گئے اور کِتنے زخمي هوئے - علاوہ مُشکِل یہ هي کہ جب اُنھوں نے یہاں کي راہ دیکھ لي هي اور فتح و نُصرت اپني جاني هي - هم کو غافِل پاکر پھر بھي تاخت

کرينگے * اِس بات کو سوچو - اور جو صلاح ہو ٹھہراکر اُن کي دفع کي کوشش کرو * اُس لشکر ميں پانچ کوے تھے - ہوشياري و عقلمندي ميں سب سے زيادہ - بادشاہ کار و بارِ مُلکي ميں اُن کي دانِش پر اِعتِماد رکھتا تھا - اور حادِثوں کے وقت اُن کي صلاح پر کام کرتا تھا * فيروز شاہ نے اُن سے کہا کہ - اِس کام کي کُچھ تدبير ٹھہراؤ - خوب سوچو کہ آج اِظہارِ دانِش کا دِن ہي * اُنہوں نے بادشاہ کي مدح و ثنا کي اور کہا - جو کُچھ جہان پناہ کي خاطِر ميں آوے وہي مُناسِب ہي - ہم کيا عرض کريں ؟ جِس قدر ہم کہينگے اُسّے ہزار چند آپ کي خاطِر مُبارک پر روشن ہي - ليکِن جو حُکم ہوتا ہي - تو ناچار جو کُچھ ہماري خاطِر ميں گُذرتا ہي عرض کرتے ہيں * تب اَيک نے عرض کي کہ - جہان پناہ ! اگلے داناؤں نے کہا ہي کہ - جب کوئي مُقابلہ دُشمن کا نکرسکے - چاہئے کہ اپنے خان‌مان سے دست‌بردار ہوکر بھاگے - کيونکہ اپني جگہہ ميں رہکر لڑنا مُشکِل ہي - خُصوص ہزيمت کے بعد - اور جو کوئي بےتامّل جنگ پر اِقدام کرے گويا پاني کي سيل پر سوے - اور پاني پر عِمارت کي بِنا رکّھے - کيونکہ اپنے زورِ بازو پر اِعتِماد کرنا دور انديشي سے بعيد ہي * مُوافِق اِس قول کے کہ - جنگ دو سر دارد - اِحتِمال غلبے کا دونوں طرف سے ہي - مبادا کوئي کام ايسا آ پڑے کہ چارہ‌پذير نہو - جيسا کِسي نے کہا ہي کہ - اپنے چھوٹے کے ساتھہ لڑنے سے بھي پرہيز کيا چاہئے - کيونکہ ميں نے ديکھا ہي کہ قطرے سے سيلاب ہوتا ہي - جو زيادہ فوج رکھتا ہي اُسّے مُقابلہ نکر - کيونکہ نشتر پر اُنگلي رکھني مُشکِل ہي * پھر بادشاہ نے دوسرے کي طرف مُتوجّہ ہوکر پوچھا کہ - اِس کام کي تو نے کيا تدبير ٹھہرائي ہي ؟ اُس نے عرض کي کہ - بندے کي خاطِر ميں يہہ ہي کہ دُشمن کے ايک ہي حملے سے ناچار ہونا اور قديم وطن کو چھوڑنا نامردي ہي - اور اِتني ذِلّت و بےآبروئي اپنے اُوپر لينے جوان‌مردي سے بعيد ہي اور عقل سے باہر - مُناسِب يہہ ہي کہ لڑائي کي تيّاري کريں اور دِلےري و مردانگي سے اِنتِقام ليں * مثل مشہور ہي

بيت

بہر کارے کہ ہِمّت بستہ گردد * اگر خارے بود گُلدستہ گردد *

بادشاہ اُسوقت کامياب و ناموَر ہو - کہ دونوں ہاتھوں سے تلوار مارے اور کمال دِلاوري کرے * اب صلاح يہہ ہي کہ ہرطرف ہرکارے بھيجيں - جاسوسوں کو تعين کريں - جِدھر غنيم کي فوج کي سياہي نظر آوے اُدھر تيّار ہوکر آگے بڑھيں - اور جنگ کے ميدان ميں اٹل ہوکر کھڑے ہوويں - تا کہ ہم فتح‌ياب ہوں - اور مُراد اپني پاويں يا کھيت آويں * سِپاہ‌سالاروں کو چاہئے کہ - لڑائي کے دِن اور ناموس پر بات آنے کے وقت انجامِ کار کي طرف نظر نکريں - اور لڑنے ميں جان و مال کو ناچيز سمجھيں *

جو تلوار کے لب پر بوسہ دے سکے - عُروسِ مُلک اُسکے ملے *

بادشاہ نے تیسرے دانا سے پوچھا کہ - تیری رائے اِس میں کیا ھے ؟ اُس نے کہا کہ - میرے نزدیک صلاح یہہ ھے کہ بِالفِعل صُلح کریں - اور جو اندیشہ کہ ھم کو پہُنچی ھے خاطِر میں نہ لاویں * اگر وے محصول لینے میں ھم سے راضی ھوں - تو اِسی پر صُلح کریں اور خراج دیں - اُن کی دھشت سے خاطِرجمع رکھیں * بادشاھوں کی نیک تدبیروں سے ایک یہہ ھے کہ - جب جانیں کہ دُشمن زورآور ھے اور یہہ ڈر ھو کہ - خلل و فساد سلطنت میں پڑیگا - رعیّت کو آسیب پہُنچیگا - جب تلک تدبیر سے کام نِکلے اپنے مال کو مُلک کی سِپر بناویں * صُلح جنگ سے بِہتر ھے * جو دُشمن کو زور سے ھزیمت نہ دے سکے - تو دولت سے فِتنے کی راہ بند کریں * بادشاہ نے چوتھے دانا سے پوچھا کہ - تیرے نزدیک جو بِہتر ھو سو کہہ * اُس نے عرض کی - اے بادشاہ ! وطن کو چھوڑنا اور سفر کی تصدیع کھینچنی میرے نزدیک اِسّے بِہتر ھے کہ بدنام ھوجئے - اور دُشمن - جو ھمیشہ ھم سے ھیٹا رھا ھے - اُسکے زیردست ھو جئے * ساتھ اِسکے ھرچند کہ سو طرح سے فروتنی کریں اور مال و اموال بھیجیں - وے ھرگز راضی نہوینگے - اور ھماری جڑ کھودنے کی کوشش کرینگے * داناؤں نے کہا ھے - تواضُع دُشمن کی اُسی قدر کیجئے کہ اپنی غرض حاصِل ھو - نہ کہ اندازے سے باھر - کہ آپ ذلیل ھوجئے اور دُشمن کی دِلیری زیادہ ھو * اگر وے خراج پر راضی ھوں - تو اغلب ھے کہ ھماری عاجزی دیکھکر تھوڑے سے خراج پر قناعت نہ کرینگے * سِوائے صبر و آھستگی کے اِس کام کا کُچھ چارہ نہیں - اور اگر ضرور پڑے تو لڑنا بھی مُضایقہ نہیں - کیونکہ جنگ کی مِحنت بدنامی و بےآبروئی سے بِہتر ھے * جب نوبت پانچویں دانا تک پہُنچی - وہ ایک وزیر تھا سبھوں سے عقلمند - اُس کا نام کارشناس * تب بادشاہ نے کہا کہ - مُجھسے تیری دانِش پر کمال اِعتماد ھے - بیان کر کہ تو نے کیا صلاح ٹھہرائی ھے - اور کہہ کہ کیا کیجئے - لڑئے یا صُلح کیجئے - یا وطن چھوڑئے ؟ اُس نے کہا کہ - جب تلک اور طرح سے کام سرانجام ھو سکے مُناسِب نہیں کہ اُن سے لڑیں - کیونکہ وے ھم پر غالِب ھیں - اور شوکت میں بھی ھم سے زیادہ اور جنگ میں دِلیر * دانا کو چاھئے کہ دُشمن کو ضعیف نہ سمجھے اور گھمنڈ نہ کرے - جو مغرور ھوا اُس نے اپنے تئیں گِردابِ ھلاکت میں ڈالا * اور میں پہلے ھی اُن کے ھُجوم سے ڈرتا تھا - اخِر جو اندیشہ کرتا تھا سو ھوا * بتدریج کوئی تدبیر ٹھہرائے اور خاطِرجمع رکھئے - کہ بِالفِعل وے ھمارا قصد نہ کرینگے - کیونکہ اُن میں بہُت سے دوراندیش ھیں اور دوراندیش ھرگز دُشمن سے نِڈر نہیں ھوتے - جب دُشمن نزدیک ھو اندیشہ ھی کہ شاید اچانک آ پڑیگا - دور ھو تو خیال کرے کہ مبادا تاخت کرکے لوٹ لے جاے - اور اگر ھزیمت دے تو سوچے کہ - شاید دُشمن نے گھات کی ھی - اور دُشمن کو اکیلا پاوے تو اندیشہ کرے کہ - شاید فریب ھی * اب جو وے شِکست دے گئے ھیں جلد پھر نہ آوینگے اور ھماری ھُشیاری کا خیال کرینگے - اگر وے خیال لڑائی کا رکھتے ھیں - تو ھمکو مُستعِد جنگ کا ھونا مُناسِب نہیں * دانا وہ ھی جو لڑائی سے

پرھيز کرے - اِسواسطے کہ جنگ مٹيں اِحتِمال تلفِ جان کا ھي کہ جِس کا عِوض نہيں ھي * بادشاہ نے کہا - اگر تو جنگ مُناسِب نہيں جانتا ھي، پس کہا فِکر کيجئے ؟ اُس نے عرض کي کہ - اِس کام مٹيں خوب تامّل کيا چاھئے - اوَر اُس کے نشيب و فراز کو ديکھئے * بادشاھوں کو تدبيرِ دُرُست سے وُہ کام حاصِل ھوتا ھي جو خزانے اوَر لشکر سے نہو - ايک تلوار سے سيکڑوں کو مارتے ھيں - اوَر ايک تدبير سے ايک فوج کي فوج کو ھزيمت ديتے ھيں * اِس کام مٹيں بادشاہ کي رائے روشن اصل ھي - داناؤں کي تدبير صِرف آرايش کے واسطے ھي - پر جو بادشاہ نے مُجھ سے اِس کام کي مشوَرت پوچھي - چاھتا ھوں کہ بعضي باتيں خِلوَت مٹيں عرض کروں - اوَر بعضي مجلِس مٹيں * مٹيں - جيسے لڑائي سے راضي نہيں ھوں - خراج ديني کي ذِلّت اوَر وطن چھوڑنے کي خرابي کا بھي روادار نہيں - کہ قيامت تلک اِس بے آبروئي کي شُہرت زمانے مٹيں رھيگي * دانا عُمرِ دراز نيک نامي کے واسطے چاھتے ھيں - اوَر جو زِندگي مٹيں کوئي عيب لگے - تو کوتاھي عُمر کي آرزو کرتے ھيں * مٹيرے نزديک يہ مُناسِب نہيں کہ جہان پناہ عاجِزي کريں - کيونکہ جو کوئي اپنا عِجز ظاھِر کرے دروازے بلا کے اُس پر کُھليں - اوَر راھيں چارہ سازي کي بند ھو جاويں - اوَر جو باتيں عرض کرني ھي سو خِلوَت مٹيں اِلتِماس کرونگا * حاضِرانِ مجلِس سے ايک نے کہا - اي عقلمند ! فائِدہ مشوَرت کا يہ ھي کہ ھر ايک دانا ايک بات کہے - شايد کِسي کا تيرِ فِکر نِشانے پر جا لگے * مشوَرت کے يہي معنے ھيں - کہ سب کي دانِشيں اِکٹھي ھوں * دانا - جب کِسي کام کو شُروع کريں - درآمد و برآمد کي راہ پہلے ٹھہرا ليويں اوَر چَپ و راست سوچيں - تو وُہ کام سرانجام ھووے * پس کہا سبب ھي کہ تو خِلوَت پر موقوف رکھتا ھي ؟ اُس نے کہا کہ - ھرکوئي امين نہيں ھي - اسرارِ شاھي اوَر کاموں کے مانند نہيں - کہ ھرايک کے سامھنے کہئے * اوَر بادشاھوں کا بھيد صلاح کاروں سے ظاھِر ھوتا ھي يا جاسوسوں سے - کہ وے بادشاہ کے مُقرّبانِ درگاہ سے اوَر اُن خِدمتگاروں سے - جو کِسي شُمار مٹيں نہيں ھيں - بھيد پوچھ ليتے ھيں اوَر مشہور کر ديتے ھيں * مٹيں نے فرض کيا کہ - صلاح کار خيراندیش اوَر دولت خواہ ھيں - پر اُن کے دوستوں سے کيونکر خاطِرجمع رکھئے ؟ بالفرض اُن سے بھي خاطِرجمعي ھوئي - پر تُم کہا جانتے ھو کہ اِس مجلِس مٹيں کوئي چُغل خور - جو بات سُننے کے درپي رھتا ھي - حاضِر ھي کہ نہيں ؟ تا جو کُچھ سُنے دُشمن سے جا کہے - اوَر وُہ آغاز و انجام کو سوچکر خلل کا دفعيہ کرے - اوَر ھماري کوشِش ضائِع ھو - يا کہ وُہ چُغل خور ھرچند کِسي سے نہ سُنے - پر مجلِس کے طوَر سے مطلب دريافت کرے - اوَر راز کُھل جاے اوَر دوست دُشمن سُنيں * اوَر يہي سبب ھي کہ داناؤں نے بھيد کے چھپانے کي کوشِش کي ھي * جو کوئي اپنا بھيد غيرسے کہے - آخِر پشيمان ھووے اوَر کُچھ فائِدہ نہ اُٹھاوے * کِسي کو اِخفاء راز مٹيں اِسقدر اِحتياط ضرور نہيں ھي جِس قدر شاھوں کو - کيونکہ اگر تدبيرِ شاھي پر کوئي خائِن آگاہ ھو - تو خللِ کُلّي برپا ھوگا - اوَر اکثروں نے مُلک و سلطنت

کو ۔ بلکہ جان کو بھي ۔ ایک بھید کے ظاہر کرنے سے کھو دیا ہي ۔ جیسے کشمیر کے حاکم کو یہہ حالت درپیش ہوئي * امیر نے پوچھا ۔ وہ کیونکر ہي ؟

حِکایت ۲

THE STORY OF THE KING OF KASHMÍR.

کارشناس نے کہا ۔ نقل ہي کہ کشمیر کے حاکم کي ایک معشوقہ تھي ۔ پري پیکر * ازبسکہ بیوفائي شیوہ رنڈیوں کا ہي ۔ درگاہ کے مُلازموں سے ایک جوان کے ساتھ آشنا ہوئي * جوان بھي اُسکے حُسن پر فریفتہ ہوا * ہمیشہ عاشق و معشوق کے درمیان رمز و ایما سے بات چیت ہوتي * ایک دِن حاکم اِس بات سے واقف ہوا ۔ اور غیرت کي آگ اُس کي سینے میں بھڑکي ۔ سوچا کہ ۔ اِس میں جلدي کرني عقل سے بعید ہي ۔ اور اُن دونوں کے دفع کرنے میں ۔ کہ اصل میں دُشمن ہیں ۔ گھبرانا دوراندیشي سے باہر ہي * تب بادشاہ نے یہہ روداد ان دیکھي سمجھ کر بظاہر آناکاني دي ۔ اور بباطن یہہ چاہتا تھا کہ ۔ مخفي اُن دونوں خائنوں کو سزا دیوے * دوسرے دِن بادشاہ مسندِ سعادت پر بیٹھا اور آوازہ بخشش کا خاص و عام کو پہُنچایا * جب فراغت ہو چُکي وزیر سے خِلوَت کي ۔ تا کہ رات کي حالت اُسے کہے ۔ اور اُس کي صلاح سے اُن دونوں کو مُلکِ عدم کا مُسافر کرے * ہرچند عقلِ کارفرما کہتي تھي کہ ۔ تو اپنے مطلب کو وزیر سے چھپا ۔ اور جو تیرا جي چاہے سو کر * آخر اُس نے نصیحت عقل کي نہ سُني ۔ جو کُچھ دِل میں اُس کے تھا وزیر سے کہا ۔ اور اِس کام کي صلاح اُس سے پوچھي * وزیر نے اُن کے قتل کي صلاح دي اور بات یہہ ٹھہري کہ ہر ایک کو زہر پِلا دیجئے ۔ اور اِسطرح سے کہ سِوائے بادشاہ و وزیر کے کوئي نجانے ۔ اِس کام کو سرانجام کیجئے تا کہ پردہ بدنامي کا نہ کھُلے اور رِشتہ ناموس کا نہ ٹوٹے * وزیر جب گھر کو آیا بیٹي کو غمگین دیکھا * سبب اُسکا جو پوچھا تو معلوم ہوا کہ بادشاہ کي معشوقہ نے نا مہرباني کرکے کُچھ بے حُرمتي اُسکي کي ہي ۔ اِس لئے اُس نے اپنے خویشوں اور ہم چشموں میں کُچھ ذِلّت اُٹھائي ہي * وزیر اِس بات سے پریشان خاطِر ہوا اور کہا ۔ کُچھ فِکر نکر ۔ کہ دو تین روز میں اُسکي عُمر کا چراغ گُل ہوگا ۔ اور گُلِ حیات اُسکا مُرجھا جائیگا * لڑکي نے اُسکي حقیقت پوچھي * وزیر نے ایک نُکتہ رازِ مُخفي سے ظاہر کیا اور اُسکے چھپانے میں تقیّد کي ۔ اِس مُژدے سے خوش ہو باپ کے پاس سے اُٹھکر باہر آئي ۔ اور اُسي وقت محل سرا کي لونڈیوں سے ایک عُذرخواہي کے لئے آئي تھي * جب وہ خاطِرداري کي بات کرنے لگي وزیرزادي نے کہا ۔ کُچھ اندیشہ نہیں ۔ اگرچہ ملکۂ آفاق نے بے تقصیر مُجھے بے حُرمت کیا ۔ پر قریب ہي کہ وے اپني سزا کو پہُنچینگي * لونڈي نے خوش ہوکر پوچھا کہ ۔ یہہ بات تُم نے کہاں سے سُني ؟ اور یہہ کب ہوگا کہ اُسکے ظُلم سے مُخلصي ہوگي ؟ وزیرزادي نے کہا کہ ۔ مجھے اگر یہہ حوصلہ ہو کہ میرے بھید کو چھپا سکے حقیقت

اُسکي کہتي ہوں * لونڈي نے جب قسمیں کھائیں وزیرزادے کے دِل میں جو کُچھ بات تھي اُسے کہي * لونڈي تُرت وہاں سے پھري اور بي‌بي کو یہہ خبر پہُنچائي * بي‌بي[1] نے اُس عاشق کو خِلوَت میں بُلوایا اور احوال سے آگاہ کیا * اُس نے بدکاروں کے ایک گروہ کو ساتھہ لیکر - حاکِم کے نزدیک پہُنچے - اُس کي کِشتئ حیات کو نیستي کے گِردآب میں ڈالا * غرض اُس نے اپنے بھید کو ظاہِر کیا - اِس لئے کام اُس کا تمام ہوا *

فائِدہ اِس داستان کا یہہ ہي کہ بھید کِسي سے نہ کہا چاہئے - خُصوص جہان کے حاکِموں کو ضرور ہي کہ اپنے بھید سے کِسي کو مُطلق آگاہ نہ کریں - کیونکہ جب وے - باوجود خُدا کي مرحمت اور تربیت آسماني کے - اپنے بھید کو چھپا نہ سکیں - اور لوگ جو درجے میں اُن سے پست ہیں اور عقل میں کم کیونکر چھپا سکینگے؟ جب کارشناس نے یے باتیں کہیں ایک نے اِعتِراض کي کہ - یہہ بات جو تونے کہي لازِم آتا ہي کہ اِسے مشوَرت کا طریقہ چھوڑئے اور اپني ہي فِکر و دانِش پر اِکتِفا کیجئے - حال‌آنکہ مشوَرت کو ترک کرنا عقل کے نزدیک پسند نہیں - سب چھوٹے بڑوں کو - خُصوص جہان کے بادشاہوں کو اور ہر مُلک کے حاکِموں کو - ضرور ہي کہ - جِس کام کو شُروع کریں اپني ہي عقل پر اِکتِفا نکریں - اور داناؤں سے صلاح پوچھیں * کارشناس نے جواب دیا کہ - مشوَرت بادشاہوں کي اپنے مُلازموں سے - باوجود اِسکے کہ عقل اُنکي سب سے زیادہ ہي - نہ اِس لئے ہي کہ اُنکي راے کو اوروں کي تدبیر سے مدد حاصِل ہووے - بلکہ اِس واسطے ہي کہ اہلِ جہان کے لئے دستورُالعمل ہو کہ اپني ضعیف دانِشوں کو اوروں کي عقل کي مدد سے قُوّت دیں - اور چھوٹے بڑے رعیّت اور سِپاہ کے خودراے نہو * اور میري باتوں سے یہہ نہیں ثابِت ہوتا ہي کہ مشوَرت ترک کیجئے - بلکہ یہہ ظاہِر ہوتا ہي کہ - مشوَرت سے جو کُچھہ حاصِل ہو اور راے داناؤں کي اُسي پر ٹھہرے - اُس کو چھپائے تا کہ کوئي کِسي سے نہ کہے * اِس میں دو فائِدے ہیں - ایک یہہ - کہ تجربے میں آ چُکا ہي - جِس کام کو چھپاویں جلد سرانجام ہو * دوسرا یہہ - کہ اگر تدبیر موافِق تقدیر کے نہو - اور جو کُچھ دِل میں ہي بن نہ پڑے - بارے زبان عیب‌جوئیوں کي دراز نہو - اور دُشمن اِس سبب سے خوشیاں نہ کرے * بادشاہ نے کہا - اي داناے مہربان! مُجھے تیري دولتخواہي و پیش‌بیني پر کمال اِعتِماد ہي - راست‌کرداري و حقّ‌گوئي تیري ہمارے مُلازموں میں ظاہِر ہي - تُجھے غرضمند نہیں جانتا ہوں - خیرخواہي سے جو کُچھہ جانتا ہو - کہہ * کارشناس نے عرض کي کہ - ہر ایک نوکر پر واجِب ہي کہ جب صاحِب اُسکا کوئي تدبیر سوچے - اُسکي عقل میں جو کُچھہ راستي و دُرُستي سے آوے بیان کرے - اور اگر گُمان چوک و غلطي کا اُسے ہو - اُسکي

[1] I have left this word as written in the original, but the ordinary way of writing it is بیبي *bibi*.

دلیلِ روشن ظاہر کرکے نرمي و مُلایمت سے باتیں کرے * اور جو کوئي خُداوندِ نعمت کے حقّ کو فرو گُذاشت کرکے شرطِ مشوَرت کي بجا نہ لاوے - اور طریقۂ امانت‌داري و اِعتماد پر عمل نہ کرے - اُس کو دُشمن سمجھئے اور اُسّے مصلحت نہ کیجئے * جب بادشاہ اپنے بھید کو چھپاوے اور وزیرِ دیانت‌دار و دانِشمند بہم پہُنچاوے اور نیکوں پر نوازِش فرماوے بدوں کو تنبیہ کرے - مُلک اُسکا برقرار رہے اور دولت اُسکي پایدار * امیر نے پوچھا کہ - بھید کو کِسطرح چھپائے ؟ اور کِس سے ؟ کارشِناس نے کہا - رازِ شاہي کے مراتِب بہُت ہیں * ایک اُن میں سے یہہ ہي کہ - بادشاہ اپنا بھید آپ سے چھپاوے - یعنے اِخفاءِ راز میں اِتني اِحتیاط کرے کہ گویا آپ اُسّے مُطّلِع نہیں - اوروں کا تو کیا دخل ؟ اور اکثر راز ایسے ہیں کہ دو شخص کو اُن سے آگاہ کیجئے - اور اُسي طرح سے تین چار پانچ تلک بھي جائز رکھے ہیں * اصل بات یہہ ہي کہ اپنے بھید کو کِسي سے نہ کہے - اور جو ضرور ہو دولتخواہ تجربہ کار عقلمندوں سے کہے * لیکِن جو بات اُن اُلّوؤں کے مقدمے میں دِل پر گُذري ہي قابِل اِسکے نہیں کہ سِوائے دو شخصوں کے تیسرا سُنے * بادشاہ نے یہہ سُنکر خِلوَت کي اور کارشِناس سے پہلے یہہ پوچھا کہ - ہمارے اور بوم کے دُشمني کا سبب کیا ہي ؟ جواب دیا کہ - اگلے دِنوں میں کِسي کوّے نے ایک بات کہي تھي - اب‌تک وُہ کینہ اُلّوؤں کے دِل میں ہي * امیر نے پوچھا - وُہ کیونکر ہي ؟

حِکایت ۳

THE STORY OF THE BIRDS WHO ASSEMBLED TO CHOOSE A CHIEF.

کہا - نقل ہي کہ پرندوں کے ایک گروہ نے جمع ہوکر اِتّفاق کیا کہ - ہمارے واسطے ایک پیشوا اور امیر لازِم ہي - تا درماندگي کے روز اُسکي طرف رُجوع کریں * ہرکوئي ایک ایک جانور کا نام سلطنت کے واسطے لیتا تھا - اور دوسرا دلیل سے اُسکو باطِل کرتا تھا * جب نوبت بوم کي پہُنچي ایک گروہ مُتّفِق اُس پر ہوا کہ اُسي کو امیر مُقرّر کیجئے * اور اِس بات کے ردّ و قبول میں باہم عداوت ہوئي - اور مشوَرت بخُصومت بدل ہوگئي - یہاں‌تک کہ خیراندیشوں کي صلاح سے یہہ ٹھہرا کہ اور ایک سے - جو اِس مجلِس میں نہو - پوچھئے * جو کُچھ وُہ کہے سب قبول کریں * اچانک ایک کوّا دور سے نمود ہوا * سبھوں نے کہا - یہہ ایک آیا مجلِس میں نتھا - اِسّے پوچھیں * آخِر صورتِ حال کو اُسّے بیان کیا - اور اِس بات میں صلاح اُسّے لي * کوّے نے جواب دیا کہ - یہہ کیا اندیشۂ نادُرست اور خیالِ مُحال ہي ؟ بومِ شوم کو حُکومت و ریاست سے کیا عِلاقہ ؟ بازِ بُلندپرواز اور طاؤسِ معشوق‌صورت کو کیا ہوا ؟ اور ہُماے سعید کو کیا پیش آیا ؟ عُقابِ عالیشان پر کیا آفت پڑي ؟ اگر یہ سب مر جاتے اور حقیر جانوَر بھي نیست و نابود ہوتے - لائق یہہ تھا کہ تمام پرِند بغیر بادشاہ کے گُذران کرتے - اور اُلّو کي اِطاعت کا ننگ اپنے اُوپر نہ لیتے -

اِس لئے کہ۔ ایک تو ۔ وُہ بدصورت ہي ۔ دوسرے ۔ عقل کم رکھتا ہي ۔ اور ساتھ اِسکے کہ اُسے غُصّہ زیادہ ہي ۔ کِبر نہیں چھوڑتا ۔ ہلکاپن اور نالائقي اُسے ظاہر ہي * مَیں نے فرض کیا کہ ۔ اِن باتوں کا کُچھ عِلاج ہوْ سکتا ہي ۔ اور اِن عیبوں کوْ دانا پند سے دور کر سکتے ہیں ۔ پر اِس بات کي کیا تدبیر ہوْ ؟ کہ وُہ روْشني سے آفتابِ عالم تاب کي جوْ زِندگي بخش جہان کا ہي محروم ہي * زِنہار اِس خیالِ باطِل سے درگُذروْ ۔ اور بُنیاد کام کي دانِش کے آئین پر رکھوْ ۔ توْ آرام سے رہوْ * اور پہلے تمھیں لازِم ہي کہ اپنے درمیان مَیں ایک ایسا امین مُقرّر کروْ کہ اُسکي دانِش پر کمال اِعتماد ہوْ ۔ اور جوْ مُہِمّ یا حادِثہ تُم پر پڑے ۔ وُہ عقلمندي سے سرانجام اُسکا کرے ۔ جیسے اُس خرگوش نے اپنے تئیں ماہ کا ایلچي کیا ۔ اور تدبیرِ نیک کرکے بلاءِ عظیم کوْ اپني قوْم کے سِر پر سے ٹالا * پرندوں نے پوچھا ۔ وُہ کیونکر ہي ؟

حِکایت ۴

THE STORY OF THE HARE AND THE ELEPHANT-KING.

کوّے نے کہا ۔ مَیں نے سُنا ہي کہ ایک برس ہاتھیوں کے مُلک مَیں ۔ جوْ جزیرۂ زیرباد مَیں تھا ۔ مینہہ نہ برسا * ہاتھیوں نے پیاس کے مارے بےتاب ہوْکر اپنے بادشاہ کے حُضور نالِش کي * حسبُ الحُکم اُسکے پاني کي تلاش مَیں جاسوس ہرطرف دوڑے * اِتّفاقاً ایک چشمے کے کِنارے پہُنچے ۔ کہ چشمۂ ماہ اُسکا نام تھا ۔ اور بہُت گہرا اور اُس مَیں پاني عمیق تھا * جاسوسوں کي رہبري سے ہاتھیوں کا بادشاہ تمام لشکر سمیت پاني پینے کے واسطے اُس طرف چلا * اُسکے اطراف مَیں بہُت خرگوش رہتے تھے * ہاتھیوں کي آمد و رفت سے اُن کوْ اذیّت پہُنچنے لگي اور پایمال ہوْنے لگے * ایک دِن سب خرگوش اِکٹھے ہوْکر اپنے بادشاہ کے پاس گئے اور عرض کي کہ ۔ بادشاہ عادِل مظلوموں کي پناہ ہي ۔ اور تختنِشیني اُسکي عدالت کے واسطے ہي ۔ نہ عیش و عشرت کے لئے * اي بادشاہ ! اِنصاف کر اور ہاتھیوں سے اِنتِقام لے ۔ کہ ابھي وے پھر آوینگے اور کئي ضعیف نیمْمُردے ۔ جوْ اُن کے پاؤں کے نیچے آکر زخمي ہوئے ہیں ۔ اِس دفع پایمال ہوْ جائینگے ۔ اور اُنکا نِشان بھي نہ مِلیگا * بادشاہ نے کہا ۔ یہہ کام آسان نہیں ہي جوْ بے تامّل حُکم کروں * لازِم ہي کہ تُم مَیں جوْ کوئي کُچھ وُقوف رکھتا ہوْ ۔ حاضر رہے ۔ تا مشوَرت کریں ۔ کیونکہ بے صلاح کام کرنا آئین داناؤں کا نہیں ہي * خرگوش مَیں بہروز نام ایک بڑا زیرک تھا * جب اُسنے دیکھا کہ یہاں تلک نوبت پہُنچي ۔ آگے آکر ۔ عرض کي کہ ۔ اگر جہانپناہ صلاح جانیں ۔ توْ مُجھے ایلچي کرکے ۔ ہاتھیوں کے پاس بھیجیں ۔ اور ایک امین مُقرّر کرکے ۔ میرے ہمراہ کر دیں ۔ کہ جوْ ماجرا وہاں گُذرے ۔ اُسے واقِف ہوْوے * بادشاہ نے فرمایا کہ ۔ مُجھکوْ تیري امانتداري پر کُچھ شُبہہ نہیں ۔ مَیں نے مُجھے خوب آزماکر دیکھا ہي ۔ مُبارک ہي ۔ جا اور جوْ کُچھ مُناسِب دوْلت کے ہوْ بجا لا * تو آپ جانتا ہي کہ بادشاہونکا ایلچي زبان آور ہوتا

هي - اور جب ایک بادشاہ چاہے کہ دوسرے کے احوال سے آگاہ هووے - تو اُسکے ایلچي کي گُفتار و کِردار سے دریافت کر سکتا هي - کیونکہ اگر اُسے کوئي هُنر ظاهِر هووے - اور بھلا کام نظر آوے - تو بادشاہ کي کمال مردم شِناسي کي دلیل جانے - اور جو غفلت یا کوئي ناشایستہ کام سرزد هو - تو عیب جوئیوں کي زبان دراز هووے * عقلمندوں نے اِس باب میں تقیُّد کي هي - اور جو بادشاہ ایلچي کِسي جگہہ بھیجے - چاهئے کہ وہ اپني قوم میں سب سے دانا اور زبان آور هو * اگلے بادشاہ حکیموں کو ایلچي کرکے بھیجتے تھے * سکندرِ ذوالقرنین اکثر بھیس بدل کر آپ وکالت کو جاتا - اور اپنا پیغام اپني زباني پہنچاتا * کِسي بُزرگ نے ایلچي کے حقّ میں کہا هي کہ - ایلچي کو چاهئے کہ دانا هو - اور گُفتگو میں دِلیر - جو کُچھ اُسے پوچھیں جوابِ شایستہ دے - اور جِس طرح سے مجلِس کے مُناسِب دیکھے - اُس وضع سے اپني باتیں ظاهِر کرے - بہُت ایسے هیں کہ جِنھوں نے ایک سخت بات سے ایک جہان کو درهم برهم - اور ایک عالم کو تلف کر دیا - اور کوئي ایسا هي کہ اُسنے ایک دِلچسپ بات سے سیکڑوں میں صُلح کر دي هي * بہروز نے کہا - اي بادشاہ ! مُجھے ایلچي گري و گُفتگو کا سلیقہ هي - پر جہانپناہ بھي کئي گوهرِ سُخن اپنے گنجِ دانِش سے تحریر کے رِشتے میں پِروویں تا کہ فِدوي اُسکو زیورِ روزگار اپنا کرکے - اُس آئین سے باهر قدم نہ رکّھے * بادشاہ نے کہا - ایلچي گري کے سب آئینوں میں بِہتر یہہ هي - کہ تیغِ زبان کو اِسطرح کي آبداري دے کہ مُلایمت کا جوهر بھي اُسے چمکے * اور جِس بات کے آغاز میں بو سختي کي پاوے - چاهئے کہ نرمي سے سرانجام کرے - تو جهانداري کے آئین بخوبي ادا هوں - اور طریقہ کارگُذاري کا بھي جاري * دُشمن کي غرض سے واقِف هوکر پھر آوے - دانا کو آئین ایلچي گري کے سیکھنے کي اِحتیاج نہیں هي - جِس طوَر پر کہ عقلِ خیراندیش تیري چاهے سرانجام کرکے پھر آئیو * تب بہروز آداب بجا لاکر بادشاہ کي بارگاہ سے باهر نِکلا اور توقُّف کیا * جب رات هوئي اور ماہِ جہان آرا نے عالم کو روشن کیا - هاتھیوں کے جزیرے کي طرف چلا - اور اُنکے مقام میں پہنچکر - سوچا کہ - اِن ظالِموں کي نزدیکي سے مُجھے جان کا ڈر هي - هرچند اُن کي طرف سے قصد نہ هو - پر مُقتضا دور اندیشي کا یہہ هي - کہ اِن کوہ پیکروں سے مُلاقات نہ کیجئے - کیونکہ وے مغرور هیں - اور غریبوں کي پرواہ نہیں رکھتے هیں * ایسا نہو کہ میں پامال هو جاؤں * بہتر یہہ هي کہ ایک بُلندي پر چڑھوں اور پیغام دوں - اگر قبول هو - زهے نصیب ! اور جو افسوں میرا اُنمیں اثر نہ کرے - بارے جان تو سلامت رهیگي * تب ایک بُلندي پر چڑھکر - دور سے پُکارا کہ - میں بھیجا هوا ماہ کا هوں * جب هاتھیوں کے پادشاہ نے سُنا - احوال پوچھا * بہروز نے جواب دیا کہ - ایلچي جو کُچھ کہے اُس پر گِرفت نہیں هي - اي شاہ فیلاں ! آپ جانتے هیں کہ ماہ سِپہ سالار لشکر شب کا اور نائِب شہریارِ روز کا هي - جو کوئي اُس کي مُخالفت کا خیال کرے - اور اُس کے پیغام کو گوش هوش سے نہ سُنے - گویا اپنے پاؤں پر آپ کُلہاڑي مارے اور آپ

اپني هلاکت کي سعي کرے * شاهِ فيلاں اِس بات سے برهم هوا اور پوچها که - پيغام کا مضموں کيا هي؟ بهروز نے کہا که - ماه نے فرمايا هي که - جو کوئي اپنے زور و قوّت پر مغرور هووے - اور ظُلم و سِتم سے غريبوں کي جڑ کهوڈے - وه اپنے تئيں گِردابِ هلاکت ميں ڈالے * اور تو اِس گهمنڈ پر که اور چارپائيوں سے بڑے ڈيل کا هي - اپنے تئيں ايک چيز سمجها هي - اور تيري يه مجال که تو نے ميرے چشمے کا قصد کيا - اور اپنا لشکر يهاں لاکر پاني کو گدلا کر ديا * مگر تو نهيں جانتا هي که جو کوئي يهاں آتا هي جيتا پهر نهيں جاتا هي * پر ميں نے مِهرباني سے پيغام بهيجکر تُجهے آگاه کيا * اگر اپني راه لئيے بِهتر - نهيں تو ميں آکر بهزار خرابي تُجهے مار ڈالونگا - اور جو اِس پيغام ميں تُجهے کُچهه شُبهه هو - ابهي آ که ميں اپنے چشمے ميں موجود هوں - تاکه تو مُجهے اپني آنکهوں سے ديکهه لے اور اِس چشمے کا خيال چهوڑ دے * شاهِ فيلاں کو اِن باتوں سے تعجّب هوا - اور چشمے کي طرف جو گيا - تو ماه کا عکس پاني کے اندر ديکها * بِهروز نے اُسے کها - اي پادشاه! تهوڑا سا پاني لي - اور مُنهه هاتهه دهوکر - سجده شُکر کا بجا لا - شايد که ماه تُجهه پر رحم کرے * هاتهي نے سونڈ کو بڑهايا - جب پاني ميں پهُنچي پاني لهرانے لگا - اور هاتهي کو يه نظر آيا که ماه حرکت کرتا هي * وه پُکارا که - اي ايلچي! مگر ميں نے جو سونڈ پاني ميں ڈالي - اِس لئے ماه غُصّے هوا * بِهروز نے کها - هاں - جلد سجده کرکه وه تهے * بادشاه نے حُکم مان کر اِقرار کيا که * پهر کبهي يهاں نه آؤنگا - اور هاتهيوں کو گِرد اِس چشمے کے نه لاؤنگا * بِهروز نے يه خوش خبري اپنے پادشاه کو پهُنچائي اور اُس کالي بلا سے نجات دي *

يه داستان ميں نے اِس لئے ذِکر کي که تُم ميں ايک دانا ضرور هي - جو مُعاملے کا سرانجام اور دُشمني کا دفعيه کر سکے * اگر اُس وقت کوئي دانا تُمهاري مشورت ميں شامِل رهتا - کب روادار اِس بات کا هوتا که سلطنت اُلّو کے نام هو - کيونکه باوجود کِتني بُري خصلتوں کے فريب اور حيله اُس کي طبيعت ميں هي * اور کوئي عيب حاکِموں کے نزديک فريب و بيوفائي و بدعهدي کے مانند نهيں هي * بادشاه خُدا کا سايه هي - اُس کے نورِ عدالت کے بغير جهان کا روشن هونا مُمکِن نهيں - اور اُس کے سايۂ اِحسان کے بِدون دُنيا ميں آسايش نهيں هو سکتي هي * اور بادشاه کا حُکم سبهوں کے جان و مال پر نافذ هي - بلکه اُنهوں کا حُکم کاروبار کے بندوبست ميں قضاے الٰهي کے مانند هي * پس بادشاه کو چاهئے که وفادار هو - نه جفاکار - اور رعيّت پر مِهرباني فرماوے - نکه غضب کرے - نهيں تو بيچاري رعيّت کي حالت وه هوگي جو اُس کبک اور بٹير کي اُس بِلّي سے هوئي * پرندوں نے پوچها - وه کيونکر هي ؟

حِکایت ۵

THE STORY OF THE CAT, THE PARTRIDGE AND THE QUAIL.

کوّے نے کہا ـ کِسي پہاڑ کي ترائي میں ایک درخت پر میں نے گھونسلا بنایا تھا ـ اور میرے همسائے میں ایک کبک کا آشیانه بھي تھا ـ مُجھے اُس کے دیکھنے سے خوشي هوتي ـ اور مُصیبت کے وقت وہ میري غم‌خواري کرتا * اِتّفاقاً ایک دِن وہ غائب هوا ـ اور اُس پر ایک مُدّت گُذر گئي یہاں تک که میں نے خیال کیا که ـ وہ مر گیا هي * بعد اِس کے ایک بٹیر آکر ـ اُس کے گھونسلے میں رهي * جب کِتنے دِن اِس طرح گُذرے ـ کبک پھر آیا ـ اور اپنے گھر میں غیر کو دیکھکر ـ قضیه کرنے لگا اور کہا که ـ میري جگہ چھوڑ دے * اُس نے جواب دیا که ـ اب یہ گھر میرے تصرّف میں هي ـ اگر تیرا حقّ هو ثابت کر * کبک نے کہا که ـ تصرّف تیرا غصب سے هي * القِصّه اُن میں لڑائي هوئي ـ هرچند میں صُلح کا خیال کرتا تھا ـ پر کُچھ بن نه پڑتا تھا * بات یہ ٹھہري ـ که ایک حاکمِ عادِل کے یہاں رُجوع کریں ـ که وہ همارا اِنصاف کرے * کبک نے کہا ـ یہاں سے نزدیک ایک پرهیزگار بِلّي هي ـ خُداترس ـ هميشه کام اُس کا گِریه و زاري هي * اُس نے گھاس اور پاني پر قناعت کي هي ـ جانوروں کو ستانا جانداروں کا خون کرنا کبھي اُسے نہیں هوتا هي * اُس کے پاس چلئے تو قضیے کو فیصل کردیوے * غرض دونوں راضي هوکر اُس کے یہاں گئے ـ میں بھي اُن کے پیچھے جاکر چاهتا تھا که ـ اُن کا احوال دیکھوں ـ اور کیا اِنصاف هوتا هي سُنوں * جب بِلّي کي نظر اُن پر پڑي ـ مکّاروں کے مانند سِجده کیا * کبک اور بٹیر اُس کے اطوار سے مُتعجّب هوئے ـ دیر تک کھڑے رهے ـ تو اُسنے سر اُٹھایا * دونوں نے آداب بجا لاکر اِلتماس کیا که ـ همارا قضیه سُنئے ـ اور جو کُچھ آپکي عقلِ دور اندیش میں آوے ـ حُکم کیجئے * بہُت سي عرض و اِلتماس کے بعد ـ بِلّي نے کہا که ـ صورتِ حال اپني بیان کرو * کبک نے اپنا دعوی ظاهر کیا * بِلّي نے کہا ـ اي جوان ! بُڑھاپے کے سبب میرے آنکھوں کانوں اور حواس میں خلل آ گیا هي ـ آگے آؤ ـ اور پُکارکر اپنے اپنے دعوے کو پھر بیان کرو ـ که میں دونوں کي باتوں سے واقِف هوکر حُکم کروں ـ اور اِس سے پہلے دُوستوں کي سي نصیحت کروں * اگر سُنو تو تُمهارا فائِده هي ـ اور نه سُنو مُجھے اپني دیانت کے نزدیک عُذر هو * مُناسِب یہ هي ـ که تُم دونوں اپنے اپنے حقّ پر رهکے راستي نه چھوڑو ـ اور دُنیا کے مال و اموال پر جو هرگز نرهیگا مغرور نهو * کبک نے کہا ـ اي حاکِمِ عادِل ! اگر سبھوں کي هِمّت حقّ پر هوتي ـ اور هر کوئي دیانت و راستي کو عادت اپني کرتا ـ حاکِموں کو تصدیع دینے کي اِحتیاج نهوتي ـ اور گواه و قسم کي حاجت نرهتي * جب آنکھیں دونوں کي غرض کے گرد و غُبار سے تاریک هوتي هیں ـ تب ایسے کے مُحتاج هوتے هیں ـ جو بیغرضانه از روے اِنصاف فیصله کردے *

کِسي بُزُرگ نے ایک حاکِم کو دیکھا کہ دو شخصوں نے اُسکے حُضور مُعاملہ رجوع کیا تھا - اور وہ زار زار روتا تھا * بُزُرگ نے پوچھا - رونے کا سبب کیا ھي ؟ اُسنے کہا - یے دونوں شخص آپس میں ایک دوسرے کے احوال سے مُطّلِع ھیں - اور اپني اپني حقیقت سے واقِف - میں اُنھوں کے احوال سے نا واقِف ھوں - دیکھئے انجامِ کار کیا ھوتا ھي؟ بُزُرگ نے کہا - اگرچہ وے مُطّلِع ھیں - لیکِن اُنکے دیدۂ دِل غرض نے سي دیا ھي - اور تیرا دِل اِسّے پاک ھي - پس مُجھے یقین ھي کہ حقّ تیري نظروں میں جلوہگر ھوگا *

بِلّي نے کہا - یہہ ایک نئي بات تو نے کہي - اور اصل یہہ ھي - کہ تُم دونوں نہالِ غرض کو زمینِ دِل سے اُکھاڑو - اور جانو کہ سچّا حقیقت میں غالِب ھي - اگرچہ بظاھِر مُراد اُسکي بر نہ آوے - اور جھوٹّا في الحقیقت مغلوب ھي - اگرچہ ظاھِرا کامیاب ھووے * میں تُم سے کہتي ھوں کہ - نیک کام کو نجاتِ ابدي کا وسیلہ جانو - اور عُمرِ نا پایدار پر اِعتِماد نکرو - چھوٹّے بڑے آشنا و بیگانے کو اپنے برابر عزیز جانکر - جو کُچھ اپنے اوپر جائِز نرکھو - اُنکے حق میں روادار اُسکے نہو * غرض اِس طرح کي فریب آمیز باتیں اُن سے کہیں - کہ وے خاطِرجمعي سے آگے آئے - اور ایکہي حملے میں دونوں کو پکڑ لیا - اور اپنے پیٹ کو اُنکے لذیذ گوشت سے بھرا * تب ظاھر ھوا کہ پرھیزگاري و پاکدامني اُسکي نفس خسیس کي شامت سے تھي *

یہہ داستان میں نے اِس واسطے کہي تا معلوم ھو کہ دغاباز بیوفاؤں پر اِعتِماد نہ کیا چاھئے * اور بومِ شوم کا کام ھمیشہ مکر و نِفاق ھي - اور اُسکے عیبوں پر تمام دُنیا مُتّفِق ھي - مبادا تُم اُسکو تختِ شاھي پر بِٹھاؤ - اور جب تاجِ شاھي اُسکے سرِ نامُبارک پر دھرا جاوے - شامت اُسکي ھر کام میں تاثیر کریگي - اور تُمھاري تربیت ضائِع ھوگي * اِن باتوں کے سُنّے سے تمام جانور یکبارگي اِس کام سے باز آئے - اور اُلّو کا بادشاہ ھونا روا نہ رکھّا * وہ کمینہ مُتبذّلِ زمانہ بدبختي کے گوشے میں حیران رھا - اور کوّے سے کہا کہ - اي سیاہ رو بےشرم ! تو نے پردۂ حیا کو اُٹھاکر - میري بے خرابیاں کیں - اور مُجھے اپنا دُشمن کیا - تیري زمینِ دِل میں دُشمني کا وہ درخت بوّیا گیا کہ جڑ اُسکي تحت الثري تک اور ڈالیاں آسمان تلک پہُنچیں * تو نہیں جانتا ھي کہ آگ اگرچہ جلانیوالي ھي - پر اُسکي سوزِش کو پاني سے بُجھا سکتے ھیں - لیکِن کینے کي آگ ساتوں سمندر کے پاني سے بھي نہیں بُجھ سکتي ؟ بوم یہہ باتیں کہکر آزُردہ و پژمُردہ ھو چلا گیا * کوّا اپنے کہے سے پشیمان ھوکر - فِکر میں پڑا - اور اپنے دِل میں کہنے لگا کہ - اگرچہ عجب ایک کام نادانِستہ میں نے کیا - اور اپني قوم کے واسطے دُشمنِ خونخوار بنایا - مُجھے مُرغوں کي نصیحت سے کیا کام تھا ؟ مُجھ سے بہُتیرے سردار اچّھے اچّھے تھے * میں اِس بات کے لائِق نہ تھا - اور وے دانا پرند اُلّو کے عیب مُجھ سے زیادہ

جانتے تھے ۔ اور کارِ سلطنت کو بہتر سمجھتے تھے * کمال عقلمندي سے دور اندیشي کرکے وے چُپ ہو رہے ۔ اور اپنے اوپر یہہ بوجھ نہ لیا * زبان کو تلوار کي شکل بنایا هي ۔ چاهئے کہ اُسے کھیل نہ سمجھیں ۔ شمشیربازي کام سپاهیونکا هي ۔ تروریے جوانمرد سوائے صفِ جنگ کے تلوار نہیں چلاتے هیں * تیغِ زبان کو بے ضرورت کام میں لانا اپنا گلا اپنے هاتھوں کاٹنا اور سوکھوانا هي * مُشکل یہہ هي کہ وے باتیں اُسکے روبرو کہي گئیں ۔ اِس صورت میں کینہ اُسکا زیادہ ہوگا * حکیموں نے کہا هي کہ ۔ عقلمند اگرچہ اپنے زور و توانائي پر کمال اِعتماد رکھتا ہو ۔ پر نچاهئے کہ اِس بھروسے پر زهرِ هلاهل پي جاوے * اور دانا اِس بات پر مُتفق هیں ۔ کہ عقلمند کو چاهئے کہ زیادہ کرے اور کم کہے ۔ نہ کہ کہے بہت اور کم کرے * جو کوئي بغیر کِردارِ نیک کے شیرین زباني سے لوگوں کے سامھنے اپنے تئیں آرایش دے ۔ کام اُسکا خراب ہو جاوے * اور میں وہ بہت کہنےوالا اور کم کرنےوالا هوں کہ بے تامّل بولا ۔ کِسي سے مشورت نکي ۔ اور حُکما چُپ رهنیوالوں کو بیہودہ بکنےوالوں سے اچھا جانتے هیں * القصّہ کوّا ایک ساعت مُتفکّر رها ۔ اور اپنے تئیں ملامت کرکے وهاں سے اُڑا * همارے اور اُلّوؤں کے دُشمني کا سبب یہي تھا *

بادشاہ نے کہا ۔ اي کارشناس ! تیري باتیں میں نے سُنیں ۔ اور اُسکے ضِمن میں فائدے بہت سے تھے * عقلمندوں کي صُحبت ۔ اور اُنکي باتوں کو اپنے کاموں کا پیشوا کرنا ۔ سعادتمندي و دولت کا نِشان هي ۔ اور کمال کے درجے کو پہنچنے کي دلیل * اب تدبیر میري فوج کي جو اُلّوؤں کے ظُلم سے جل رهي هي ۔ تو نے کیا ٹھہرائي ؟ اور رعّیت کي رفاهیت اور سپاہ کے آرام کے واسطے کیا فِکر کي هي ؟ کارشناس نے آفرین کي زبان کھولکر کہا کہ ۔ جو کُچھ روشن دِل وزیروں نے ۔ لڑائي صُلح ۔ وطن چھوڑنے ۔ خراج دینے کي ۔ باتیں کہي هیں ۔ کوئي اِن میں سے میرے نزدیک پسند نہیں * اُمّیدوار هوں کہ ایک مُناسب حیلے سے یہہ مُشکِل آسان هووے * اور جو کام کہ راستي سے بن نہ آوے ۔ مکر و فریب سے کیا چاهئے * جیسے بعضے رِندوں نے مکر و حیلے کرکے ایک بکري کِسي زاهِد کے هاتھ سے لے لي * بادشاہ نے پوچھا ۔ وہ کیونکر هي ؟

حِکایت ٦

THE STORY OF THE DEVOTEE AND HIS GOAT, AND THE THIEVES.

کارشناس نے کہا ۔ نقل هي کہ کوئي زاهِد ایک موٹي تازي بکري مول لیکر ۔ ایک رسّے اُسکے گلے میں باندھ اپني عِبادتگاہ کي طرف لئے جاتا تھا * راہ میں چوروں نے بکري کو دیکھکر لالچ کیا ۔ مکر و فریب پر مُستعِدّ هوکر ۔ زاهِد کے پیچھے لگے ۔ اور بہتیري فِکریں اُسکے لینے کے لئے کیں پر بن نہ پڑیں * آخِر سبھوں کي صلاح یہہ ٹھہري کہ ۔ کُچھ حیلے کیجئے * تب ایک نے اُس کے سامھنے آکر کہا ۔ اي زاهِد ! تو یہہ کُتّا کہاں سے لایا ؟ دوسرا آ پہنچا

اور کہا - يہہ کُتّا کہاں لے جاتا هي ؟ تيسرے نے برابر سے آکر کہا - اي پير! شايد تُجھے شِکار کا خيال هي - اِس لئے يہہ کُتّا آپ لئے جاتا هي ؟ اور ايک يار نے پيچھے سے آکر پوچھا کہ - تو نے يہہ کُتّا کِتّے کو ليا هي ؟ اِسي طرح ايک ايک نے هر طرف سے بيوقوف زاهِد کي طرف رُخ کيا - اور سبھي اِس بات پر مُتّفِق تھے * کوئي کہتا تھا - يہہ کُتّا رکھوالوں کا هي - کوئي بوْلتا تھا کہ - چرواهوں کا هي * کوئي طعنے ديتا تھا کہ - يہہ شخص پرهيزگاروں ميں سے نظر آتا هي - باوصْف اِسکے اپنے هاتھ اور کپڑوں کو کبھوں اِس کُتّے سے ناپاک کرتا هي ؟ کوئي کہتا تھا کہ - زاهِد اِس لئے يہہ کُتّا لئے جاتا هي - کہ اِلّہ پرورِش کرے * اِن باتوں سے ايک شُبہہ زاهِد کے جي ميں پڑا - اور کہا کہ - مُقرر اِس جانوَر کا بيچنےوالا جادوگر تھا - کہ اُسنے ڈيڈھ بندي سے کُتّے کو ميري نظر ميں بکري کر دِکھلايا * اُسي وقت زاهِد بکري سے هاتھ اُٹھاکر بيچنےوالے کي طرف چلا * چوْر اُسے پکڑکر اپنے گھر لے گئے - اور ذبح کيا * غرض اِن کے فريْب سے زاهِد کي بکري جاتي رهي اور پيسے بھي نہ مِلے *

يہہ کہاني ميں نے اِس لئے کہي کہ هميں بھي چاهئے کہ حيلہ کريں - بغير مکر و فريْب کے اُن پر غالِب نہوْ سکينگے * اي جہان پناہ ! اگلے داناؤں نے کہا هي کہ - جوْ دوْلت‌مند اپنے مُعتمدوں کي بات سُنے - اِقبال اُس کا پايدار اور دوْلت بر قرار رهے * اُمّيْدوار هوں کہ اِس خيْرخواہ نے جوْ کُچھہ ٹھہرايا هي اِلتِفات کرکے اُس کوْ عمل ميں لاويں * بادشاہ نے فرمايا - تو نے خوب کہا - کہہ ! صلاح تيْري کيا هي ؟ اُسي پر عمل کروں * کارشِناس نے جواب ديا کہ - ميں اپنے تئيں اِس کام ميں نصدّق کرونگا - اور اگر ايک شخص کي موْت ايک انبوْہ کي زِندگي کا باعِث هوْ - توْ عيْن صلاح هي * ميرے نزديک تدبير اُس کي يہہ هي - کہ جہان‌پناہ بارِ عام ميں مُجھہ پر غُصّہ کرکے فرماويں کہ - اِس کے پروْ بال اُکھاڑيں - اور خون‌آلودہ اور زخمي کرکے - اِسي درخت کے نيچے (جہاں همارے گھوڑنسلے هيں) ڈال ديں - آپ لشکر سميْت جاکر فلاني جگہہ مقام کريں - اور ميرے آنے کے مُنتظِر رهيں - توْ ميں حيلے کا دام اُن اُلّوؤں کي راہ ميں بچھاکر آؤں - اور جوْ کُچھ مُناسِب وقت هوْ اُس کي سعي کروں * تب بادشاہ خلوَت سے خشمناک نِکلا - تمام لشکر مُنتظِر تھا کہ - ديکھئے بادشاہ اور وزير کي مشوَرت سے کيا حُکم هوْ ؟ اور وے کيا تدبير ٹھہراويں ؟ جب سبھوں نے بادشاہ کوْ غُصّے ميں ديکھا - سِر نيچے کرکے فِکرمند هوئے - حسبُ الحُکم بادشاہ کے کارشِناس کي دُم اور پروں کوْ اُکھاڑ - سِر اور ٹنگڑيوں کوْ زخمي کر - درخت کے نيچے پھيْنک ديا - اور بادشاہ لشکر سميْت جوْ جگہہ ٹھہرائي تھي وهاں چلا * اُلّوؤں کا بادشاہ اپنے وزيروں کے ساتھہ تمام دن اِسي تدبير ميں تھا کہ - هنے کوّوں کے مکان سے مُطّلِع هوْ - اُن ميں سے بہُتوں کوْ پريْشان حال [شِکستہ بال کيا هي - اگر آج کي رات شبخون ماريں - توْ کام اُن کا تمام هوْ - اور کِتنے دِن هم چيْں سے اپنے آشيانے ميں گُذران کريں *

غرض شبخون ٹھہراکر - کوّوں کے وطن کي طرف چلے * جب اُنکي فوج مظلوم کوّوں کے گھونسلے کے پاس پہُنچي - وہاں نہ کُچھ نِشان اُن کا دیکھا - نہ اُن کي خبر پائي - ہر طرف ڈھونڈھتے پھرتے تھے - کارشِناس درخت کے نیچے پڑا لوٹتا تھا - اور آہِستہ آہِستہ نالے کرتا تھا * ایک اُلّو نے آواز اُس کي سُنکر - بادشاہ سے جا کہا * وہ کئي مُقرّبانِ خاص کو ساتھ لیکر اُس کے پاس گیا - اور پوچھا کہ - تو کوں ہي ؟ اور تیرا کیا حال ہي ؟ کارشِناس نے نام اپنا اور اپنے باپ کا لیا - اور منصبِ وزارت اور قاعِدہ کِفایت کا عرض کیا * بادشاہ نے کہا - تیري کارداني کي تعریف مَیں نے بارہا سُني ہي - اب یہہ تو کہہ کہ کوّے کہاں ہَیں ؟ اُس نے جواب دیا کہ - میرے حال سے ظاہِر ہي کہ مَیں اُن کا محرم راز نہیں ہو سکتا * بادشاہ نے پوچھا - تو وزیرِ با تدبیر تھا - کِس گناہ پر ایسا ذلیل ہوا ؟ کارشِناس نے کہا - میرے خُداوندِ نِعمت مُجھ سے بد گُمان ہوئے - اور دُشمنوں نے فُرصت پاکر - تُہمت و فریب سے مُجھے اِس حالت کو پہُنچایا - اور ہمیشہ کي خِدمتیں میري بر باد ہوئیں * بادشاہ نے پوچھا - سبب بد گُماني کا کیا تھا ؟ کہا - تُمہارے شبخون کے بعد بادشاہ نے وزیروں کو طلب کیا - اور ہرایک سے صلاح پوچھي * جب میري نوبت پہُنچي - مُجھ سے بھي وہي بات پوچھي * مَیں نے کہا کہ - ہم کو لشکرِ بوم کے مُقابلے کي تاب نہیں ہي - وے زور و شوکت میں ہم سے زیادہ ہَیں - اور اِقبال اُن کا یاور ہي - اِقبال مندوں سے لڑنا اپنے رُتبے سے گِرنا ہي * صلاح یہہ ہي کہ - ایلچي بھیجکر صُلح کا پیغام کریں - اگر (خُدا نخواستہ !) وے لڑنے پر ہوں - تو ہمارا خانمان ویران ہوگا - اور ہم پریشان ہو جاینگے - اور اگر صُلح پر راضي ہوں - تو جسقدر خراج چاہیں ہم قبول کرینگے اور ممنون ہونگے * بادشاہ نے طیش کھاکر کہا - یہہ کیا بات ہي جو تو کہتا ہي ؟ مگر مُجھے اُلّوؤں کي لڑائي سے ڈراتا ہي - اور ہمارے لشکر کو بے قدر ٹھہراتا ہي ! پھر مَیں خیرخواہي کي زبان کھولکر عرض کرنے لگا کہ - اي بادشاہ ! مشوَرت کا طریقہ نہ چھوڑ - اور بے تامّل دِلکي خواہِش پر عمل نکر - دُشمنِ قوي کو خوشامد سے رام کر سکتے ہَیں * تو نہیں دیکھتا ہي کہ گِیاہِ ضعیف نرمي کے سبب تُند ہوا سے سلامت رہتي ہي - اور درختِ عظیمُ الشّان سختي کے سبب جڑ سے اُکھڑ جاتا ہي * کوّوں نے میري نصیحت سے غُصّے ہوکر - مُجھ پر تُہمت لگائي کہ - تو اُن کي طرفداري کرتا ہي - اور اپنے ہم جِنسوں کا پاسِ خاطِر نہیں کرتا * بادشاہ نے دُشمنوں کے کہنے پر میري باتوں سے مُنہہ پھیر لیا - اور اِس حال کو پہُنچایا * بادشاہ نے پوچھا - تو کُچھ سمجھا کہ وے کیا کہتے تھے ؟ اور کیا صلاح ٹھہراکے یہاں سے گئے ہَیں ؟ کارشِناس نے کہا - ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وے لڑائي کا خیال رکھتے ہَیں - اور جنگ کي تیاري کرتے ہَیں * شاہِ بوم نے کارشِناس کي باتیں سُنکر - اپنے ایک وزیر سے پوچھا کہ - اِس کوّے کے احوال سے کیا ظاہِر ہوتا ہي ؟ اُسنے کہا - اِحتیاج تامّل کي نہیں - اِس کے قتل کو غنیمت جانئے - کہ مَیں اِس بُجھے ہوئے کوئلے میں ایسي ایک آگ دیکھتا ہوں - کہ بُجھانا اُسکا

محال هي۔ اور جو دشمن کو قابو ميں لاکر چھوڑے ۔ اغلب هي که وہ اُس پر پھر قادر نہوگا ۔ بعد اُسکے پشيماني کچھ فائدہ نہ کريگي * زنہار آپ اُسکي بات پر التفات نہ کريں ۔ اور افسونِ جانگداز کو نہ سُنيں ۔ که نہ آزمائے هوئے دوست پر اعتماد کرنا عقل سے بعيد هي ۔ دشمنِ مکّار کا تو کہا ذکر هي * کارشناس يے باتيں سُنکر ۔ زارزار رونے لگا ۔ اور بولا که ۔ دل ميرا آپ زخمي هو رها ۔ اور درد سے بھرا هوا هي ۔ تو ميرے زخم پر نشتر مت مار * اِس بات نے بادشاہ کے دل ميں تاثير کي ۔ اور اُس وزير کي طرف سے مُنہہ پھيرکر ۔ دوسرے سے پوچھا ۔ تو کہا کہتا هي؟ اُسنے کہا ۔ ميں قتل ميں کچھ نہيں کہہ سکتا هوں ۔ کيونکه اهلِ مُرُوّت ۔ جب دشمن کو خسته و ناچار ديکھتے هيں ۔ تو اُسپر احسان کرتے هيں * اور جو ڈرکر پناہ ميں آوے ۔ اُسکو امان ديتے هيں ۔ اور سرگردان و عاجز کي دستگيري کرتے هيں * کسي نے کہا هي ۔ طريقه آزادوں اور نيکوں کا اختيار کر ۔ اور جو تو کہڑا هي گرے هوئے کا هاتھ پکڑ * بہت کام ايسے هيں که بسبب اُسکے لوگ دشمن پر مہربان هوتے هيں ۔ جيسے چور کي دهشت نے سوداگر کي جورو کو اُسپر مہربان کيا * بادشاہ نے پوچھا ۔ وہ کيونکر هي ؟

حکايت ۷

THE STORY OF THE MERCHANT'S WIFE, AND THE THIEF.

وزير نے کہا ۔ نقل هي که ايک سوداگر تھا دولتمند پر بدصورت اور بد خو ۔ ساتھ اِسکے بُڈھا اور کاهل شوم و بد مزاج * اُسکے ايک جورو تھي خوب صورت * شوهر هزار دل سے اُسکے وصل کا خواهان تھا ۔ پر وہ هزاروں کوس بھاگتي تھي * ايک شب کوئي چور اُسکے گھر ميں گُھسا ۔ سوداگر سوتا تھا اور عورت جاگتي تھي * چور کے آنے سے واقف هوکر ڈري ۔ اور شوهر سے چمٹ گئي * سوداگر چونکا اور اُس دولتِ بيدار کو اپني بغل ميں پايا ۔ اور نہايت خوشي سے پُکارکر کہا که ۔ الٰهي ! يہہ صورت جاگنے ميں ديکھتا هوں يا خواب ميں؟ اور حيران هوا که ۔ يہہ اُلفت و دل بستگي کيونکر هوئي؟ اور کہا سبب هي؟ جب خوب ديکھا ۔ تو چور پر نظر پڑي * کہا ۔ اي جوانمردِ مُبارک قدم ! تو جو کچھ چاهے ميرے مال سے اُٹھا لےجا ۔ که تيرے قدم کي برکت سے يہہ ظالمِ بيوَفا مُجھ پر مہربان هوئي *

فائدہ اِس قصّے کا يہہ هي که بعضي حالتيں ايسي هيں که اُنکے ديکھنے سے دشمن پر نوازش و مہرباني مُناسب نظر آتي هي ۔ اور اِس کوے کي حالت بھي ايسي هي * بادشاہ نے تيسرے وزير سے پوچھا که ۔ تيري راے اِس مُعاملے ميں کہا حُکم کرتي هي؟ اُسنے کہا ۔ بہتر يہہ هي که جہان پناہ لباسِ حيات کو اُسکے بدن سے نہ اُتاريں ۔ بلکه خلعتِ امان دےکر ۔ اُسکي پروَرِش کريں ۔ تا که وہ بھي قدر جان بخشي کي جانکر ۔ طريقه بندگي اور اِخلاص کا اختيار کرے ۔ اور آپ کے مُلازمانِ خاص

سے ہووے * داناؤں نے اِس بات کي کوشش کي هي که ایک گروہ کو دُشمنوں میں سے نِکال لیں - اور اُنکي جمعیّت کو برهم کرکے - جس فریب سے هو سکے اُنهیں دو گروہ کر دیویں - که دُشمنوں میں آپس کي مُخالفت دوستوں کي خاطِرجمعي کا موجب هي - جیسے چور اور دیو کي مُخالفت زاهِد کي خاطِرجمعي کي وجه هوئي * بادشاه نے پوچها - وه کیونکر هي ؟

حِکایت ۸

THE STORY OF THE DEMON AND THE THIEF.

وزیر نے کہا - میں نے سُنا هي که ایک پارسلے پاک‌سیرت نے بغداد کي سرحدّ میں ایک عِبادت‌خانه بنایا تها - اور صُبح و شام بندگي خُدا کي کیا کرتا * راست اِعتِقاد مُریدوں میں سے ایک نے اُسکے فقر و فاقے پر مُطّلِع هوکر - ایک دُدهیل جوان موٹي تازي بهینس نذر گُذراني * ایک چور اِس بات سے واقِف هوکر زاهِد کي عِبادت‌گاه کي طرف چلا * راه میں اُسے ایک دیو مِلا - چور نے پوچها - تو کون هي ؟ اور کهاں جاتا هي ؟ جواب دیا که - میں شیطان هوں - فُلانے زاهِد کے پاس جاتا هوں - که اُسنے میري دوکّان اُٹهاکر اپنا بازار گرم کیا هي * میں چاهتا هوں که - اگر فُرصت پاؤں - تو اُسے مار ڈالوں * میرا احوال یهه هي تو تو نے سُنا - اب اپنا کهه که تو کون هي ؟ اور تیرا کیا حال هي ؟ چور نے کہا - میں ایک عَیّار هوں - رات دِن اِسي خیال میں رهتا هوں که - کِسیکا مال اُڑاؤں - داغِ اذیّت اُسکے دِل پر رکهوں - اب اِسلئے جاتا هوں که اُسي پارسا کے یهاں ایک موٹي تازي بهینس هي - اُس کو چُرا لاؤں * غرض باهم دونوں مُوافِق هوکر چلے * رات کے وقت زاهِد کے گهر میں پُهنچے * زاهِد کو جهپکي لگ گئي تهي * چور سوچا که - اگر شیطان اُسکے مارنے کا قصد کرے - شاید چونک اُٹهے اور چلاوے - لوگ جو اُسکے همسائے میں هیں خبردار هوویں - بهینس میرے هاتهه نه لگے * دیو بهي اِسي فِکر میں پڑا که - اگر چور بهینس کو کهول گهر سے نِکالنے لگے - تو البتّه دروازه کهلیگا اور کهٹکا هوگا - مبادا درویش آهٹ سے جاگے اور اُسکے مارنے میں توقُّف هووے * تب چور سے کہا که - تو ذره رهجا - پهلے میں زاهِد کو مار ڈالوں - تب تو بهینس کو لیجائیو * چور نے کہا - تو توقُّف کر - میں آگے بهینس کو لیجاؤں - تب تو اُسے ماریو * اِس رد و قبول سے اُن میں کُشتي هوئي * چور نے گهبراکر زاهِد کو پُکارا که - دیکهیو ! یهاں ایک دیو هي - چاهتا هي که تُجهے مار ڈالے * شیطان بهي چِلّایا که - یهاں ایک چور هي - وه چاهتا هي که تیري بهینس چُرا لیجاوے * زاهِد نے اُنکي آواز سے جاگ‌کر - شور مچایا - همسائے کے لوگ آئے - تب وے دونوں بهاگ گئے - اور زاهِد کے جان و مال دُشمنوں کي پهوٹ سے بچ رهے * غرض جب دُشمن کے لشکر میں مُخالفت پڑي - پهر تلوار کهینچنے کیا ضرور هي ؟

جسے تیسرے وزیر نے یہہ بات تمام کي - وزیرِ اوّل غُصّے ہوا اور کہا - مئیں دیکھتا ہوں کہ اِس کوّے نے افسانہ و افسوں سے تُم کو فریفتہ کیا ہي - خبردار! خوابِ غفلت سے جاگو - اور اِس کا انجام کار سوچو - کہ دانا اپنے کام کي (علي الخصوص دُشمنوں کے مکر سے بچنے کي) بُنیاد رائے صائب اور اندیشۂ دُرُست پر رکھتے ہیں - اور اُنکي جھوٹي باتوں پر نہیں بھولتے ہیں - اور غفلت پیشے ذري سي خوشامد مئیں نرم ہو جاتے ہیں * بُغضِ قدیم اور میراثي عداوت کو بھول کر مِل جاتے ہیں - اور نہیں سمجھتے ہیں کہ دُشمن - اگر ہزار طرح سے روپ بدل کر آوے - تب بھي زنگِ عداوت اُس کے آئنۂ دِل پر باقي ہوگا * تُمہارا احوال اُس بڑھئي کا سا نظر آتا ہي جو اپني بدکار جورو کي باتوں پر بھولا * بادشاہ نے پوچھا - وُہ کیونکر ہي ؟

حکایت ۹

THE STORY OF THE CARPENTER AND HIS PROFLIGATE WIFE.

وزیر نے کہا - نقل ہي کہ شہرِ سرندیپ مئیں ایک نہایت نادان بڑھئي تھا - اور جورو اُس کي بہُت خوب‌صورت اور جوان * وُہ اِس کا عاشِق تھا - اور ایک دم بغیر اُس کے اُسے چین نہ پڑتا * عورت ناچار بظاہر اُسے چاہ دِکھاتي - پر خِلوَتِ عیش مئیں بادۂ مُراد اوروں کے ساتھ پیتي * اُن کے ہمسائے مئیں ایک حسین جوان رہتا تھا - عورت کي نظر ایک دِن اُس پر پڑي - دِل اُس کا اُس جوان کے عِشق مئیں مُبتلا ہوا * نامہ و پیغام کي حدّ سے گُذر کر نوبت بادہ و جام کي پہُنچي * ہمسایوں مئیں سے ایک گروہ نے اِس احوال سے واقِف ہوکر - اُس بیخبر بڑھئي کو خبر کي * وُہ بیچارہ اگرچہ اِسقدر غیرت نرکھتا تھا - تب بھي اُس نے چاہا کہ تحقیق کرکے اُس کا عِلاج کرے * عورت سے کہا کہ - کُچھ کھانے کو تیّار کر - مئیں گانو کو جاتا ہوں - اگرچہ بہُت دور نہیں ہي - پر کئي روز وہاں رہونگا - معلوم نہیں کہ تیري جُدائي کے درد ، مئیں کیونکر اوقات بسر کرونگا * عورت بھي تکلّف سے خوشامدیں کرنے - اور گریۂ شادي سے آنسو بہانے لگي * غرض جلدي توشہ سفر کا تیّار کر شوہر کو رُخصت کیا * بڑھئي نے جانے کے وقت بہُت سي تقیّد کي کہ - دروازے کو اچھي طرح بند رکھیو - اور گھر کے اسباب کي حِفاظت خوب کیجو - تاکہ چور نہ لیجاویں * رنڈي نے قسم کھاکر قبول کیا - اور کِتنے ناز و نخرے کئے * شوہر کے جاتے ہي اپنے یار کو کہلا بھیجا * جوان نے وعدہ کیا کہ - پہر رات گئے آونگا * عورت نے اُس وعدے سے خوش ہوکر اسبابِ طرب کي تیّاري کي * جِس وقت کہ عاشِق و معشوق خوشي مئیں تھے - بڑھئي اچانک ایک مخفي راہ سے گھر مئیں آ پہُنچا - اور ایک کونے مئیں چُپکا یہاں تلک کھڑا رہا کہ وے دونوں خواب‌گاہ مئیں گئے * تب آہِستہ آہِستہ اُس نے بھي اپنے تئیں ایسي جگہہ پہُنچایا جہاں سے دونوں کي خِلوَت‌داري دیکھے * یکبارگي رنڈي کي نظر اُس کے پانو پر پڑي * سمجھي کہ - شوہر بہانے سے اِسي بات کي تحقیق کے واسطے گیا تھا - اپنے یار کو آہِستہ آہِستہ سِکھا دیا کہ - پُکارکر مُجھہ سے پوچھہ کہ - مُجھے تو پیار کرتي ہي - یا اپنے خصم کو؟ جوان نے زبان

کھولي اور جُو کچھ سیکھا تھا پوچھنے لگا * رنڈي نے پُکارکر کہا کہ - تو یہہ سوال کیوں کرتا هي ؟ اور فائدہ اِس بات کے پوچھنے کا کیا رهي ؟ اِسے درگُذر * جوان اُس عورت کے کہنے کے بموجب رونے اور وهي بات پوچھنے لگا * آخِر رنڈي نے کہا - مےں سچ کہتي هوں - عورتوں کو بےوُقوفي سے اِس قِسم کي پریشاني در پےش هوتي هي - اور هر طرح کے لوگوں سے آشنائي کرتي هےں - جب اپني غرض حاصِل هو چُکتي هي - تو اُن سے بےگانہ هو جاتي هےں - لےکِن شوهر برابر جان کے هي تن مےں اور بصارت کے هي آنکھ مےں * جو رنڈي اپنے شوهر کو جان سے عزیز نجانے - وُہ عُمر و جواني اور زندگي و کامراني سے بے بہرہ رهےگي * بڑھي نے جب یے باتےں سُنیں - محبّت و اُلفت اُسکے دِل مےں پےدا هوئي - اور اپنے دِل مےں کہا کہ - قریب تھا کہ اِس بےگُناہ کے حق مےں مُجھ سے کُچھ بدي هو - اور مےں خُدا سے شرمِندہ هوتا * یہہ گُمانِ بد تھا کہ مےں اِس کے حق مےں رکھتا تھا - وُہ آپ مےرے غم سے بےکل اور مُجھ پر فِدا هي طریقِ دوستي اور آئینِ یاري مےں - با وصف اِس قدر دوستي و اُلفت کے جو مُجھ سے اُس کو هي - اگر کُچھ قُصور بھي هو - چندان اُس پر گرِفت نہیں - اور اُس بات کو شُمار مےں نہ لائے - کوئي بشر بھول چوک سے خالي نہیں - ایسا شخص کہاں هي جِسکا دامن گُناہ سے آلودہ نہیں هوا ؟ مےں نے اِتنا رنج بےفائدہ اُٹھایا - اور اپنے تئیں بلاؤں مےں مُبتلا کیا * اب صلاح یہہ هي کہ اُس کے عےش مےں خلل نہ ڈالوں - اور مردِ بےگانہ کے سامھنے اُسکو بےحُرمت نکروں - کیونکہ نادانِستہ یہہ کام کرتي هي - نہ قصدًا اور مُجھے چاهئے کہ اِس کے هُنر کو دےکھوں - اور عےب سے اِس کے چشم پوشي کروں * تب بڑھي وهیں چُپ هوکر بےٹھا - اور دم نہ مارا یہاں تک کہ اُن دونوں نے عےش سے فراغت کي - اور فجر هونے لگي * وہ مردِ بےگانہ چلا گیا - عورت سو رهي * بڑھي آهستہ رنڈي کے بِچھونے پر آیا - اور آهستہ آهستہ مہرباني سے اُس کے چہرے اور چھاتیوں پر هاتھ پھےرنے لگا * مکّارہ عورت نے آنکھ کھولي - اور اپنے خصم کو سِرهانے دےکھکر اُٹھ بےٹھي اور پوچھا کہ - خےر سے تُم کب یہاں آئے ؟ مرد نے کہا - جِس وقت تو اُس مردِ بےگانہ سے هم آغوش تھي - پر مےں سمجھا کہ - ضرورت کے سبب تو اِس کام مےں مُرتکب هوئي هي - اِس لئے تےري خاطِر سے اُس مرد کو نہ ستایا - اور مُجھے معلوم هي کہ تُجھے مُجھ سے کمال دِل بستگي هي - اور یقین جانتا هوں کہ اپني زِندگي مےرے وِصال کے واسطے چاهتي هي - اور اپني آنکھوں کي روشني مےرا مُنہہ دےکھنے کے لئے خواهِش کرتي هي * اگر ایسا ایک بُرا کام تُجھ سے هوا - یقین هي کہ سهو و غفلت سے هوگا - پس مُجھے تےري خاطِر اور تےرے آرام کي رِعایت ضرور هي - خاطِرجمع رکھ - مت ڈر - اور مُجھے مُعاف کر - کہ مےں نے تےرے حق مےں خیالِ فاسِد کیا تھا - اور بدگُمان هوا تھا - پر معلوم هوا کہ تو ایسي نہیں هي جو مےں سمجھا تھا * عورت بھي فریب آمےز باتےں کرنے لگي - اور دونوں کا دِل غُصّے کے غُبار سے صاف هوا - اور خوشي سے گُذران کرنے لگے *

يہہ داستان مَيں نے اِسلئے کہي ہے کہ تُم بھي اُس بڑھئي کے مانند جوْ بدکار مکّارہ رنڈي کے باتوں پر بھولا - اِس مکّار کوّے کي باتوں سے فريب نہ کھاؤ - اور اُسکي بازي سے کہ خون کي بو اُسے آتي هي طريقہ دانِش کا نہ چھوڑو * جوْ دُشمن دوري کے سبب تاخت نکر سکے - پہلے اپنے تئيں کِسي حيلے سے نزديک پہُنچاوے - اور طوْر نصيحت کا اِختيار کرکے ظاهِرداري و خوشامد سے محرمِ راز هوْوے * جب بھيْد سے واقِف هوْوے توْ فُرصت کے وقت کارداني سے اپنے کام مَيں درآوے اور اُسے اِنصرام کوْ پہُنچا اِنتِقام ليْوے * کوّے نے کہا - اي يارِ دِل آزار! يہہ سخُن آرائي کِس کام کي هي؟ يہہ ظُلم جوْ مُجھ پر هوا هي حيلے سے کبا عِلاقہ رکھا هي؟ کوْئي دانا اوْرونکے آرام کے واسطے اپنے اوپر رنج نہيں ليْتا * يہہ ذِلّت مَيں نے آپ اِختيار نہيں کي هي * سب جانتے هَيں کہ مےْري يہہ خرابي کوّوں کي مُخالفت کا ثمرہ هي * وزير نے کہا - ديدہ و دِانستہ تو نے اپنے تن بدن کوْ اِس خرابي مَيں ڈالا - اور لذتِ اِنتِقام کے واسطے (جوْ تيْرے دِل مَيں هي) اِس ذِلّت کي تلخي کوْ اپنے اوپر گوارا کيا هي * اکثر لوْگ ايسے گذرے هَيں کہ - دُشمن کي هلاکت کے واسطے - اپني موْت پر راضي هوئے هَيں - اور اِسلئے - کہ اپنے خداوندِ نِعمت کا کوْئي کام بجا لاويں - اور نقش حقّ گُذاري و وفاداري کا زمانے کے صفحے پر ثبت کريں - اپنے تئيں هلاکت کے گِرداب مَيں ڈالا هي * جيْسے اُس بندر نے آپ کوْ هلاک کرکر ياروں کا اِنتِقام ليا * اُلوّوں کے بادشاہ نے پوچھا - وہ کيونکر هي؟

حِکايت ۱۰

THE STORY OF THE APE AND THE BEARS.

وزير نے کہا - نقل هي کہ بندروں کا ايْک گروہ کِسي جزيرے مَيں رهتا تھا - اور تر و خُشک مےْوجات وهاں بہُت سے تھے - آب و هوا وهاں کي اُنکے مِزاج کے مُوافِق تھي * ايْکدِن کئي بندر کِسي درخت کي چھاؤں مَيں بيْٹھکر - هر طرح کي باتيں آپس مَيں کہتے تھے * اِتفاقًا ايْک ريچھ آ پہُنچا - اُنکي جمعيّت ديْکھکر پريْشان هوا - اور اپنے دِل مَيں کہا - يہہ مُناسِب هي کہ مَيں هميْشہ پہاڑوں مَيں سنگستان کے درميان قلق سے گُذران کروں - اور هزاروں مِحنت سے کانٹے اور گھاس کي جڑ کھاؤں - اور يے ايْسَي دلچسپ جگہہ مَيں تر و تازے مےْوے کھاويں - اور نرم نرم سبزے پر سَير کيا کريں؟ تب اُسنے چاها کہ - وهاں پہُنچکر اُنکي جمعيّت کوْ درهم برهم کرے * بندروں نے شوْر مچايا - اور اُسکے پاس هزاروں جمع هوئے - اور بے حواس کرکے اُسکوْ زخمي کيا - خام طمع ريچھ نے هنوْز اپنے درختِ آرزو سے ثمرۂ مُراد نہ چکھا تھا - کہ نِہال اُسکي خوشي کا مُرجھا گيا * تب نِہايت ايذا اُٹھاکر وهاں سے بھاگا - اور پہاڑ پر پہُنچکر چلّايا * بہُت سے ريچھ اُسکے پاس آئے اور پوچھنے لگے * زخمي خِرس نے اپنا ماجرا بيان کيا اور کہا - عجب بےحَيائي هي کہ قوي هيْکل ريچھ کوْ ضعيف بندروں سے عاجِزي کرني هوْ * همارے

بُزرگوں کي یہہ حالت کبھي نہوئي تھي * یہہ بدنامي ہمیشہ رہیگي * صلاح یہہ ہي - کہ ہم مشوَرت ہوکر - آپس میں اِتّفاق کریں - اور ایسا ایک شبخون ماریں کہ زِندگي اُن پروبال ہو * آخِر ایک رات سب خِرس پہاڑ پر سے اُتر بندروں کے جزیرے کي طرف چلے * قضارا بندروں کا بادشاہ امیروں اور سرداروں کا ایک گروہ ساتھہ لیکر - شِکار کے واسطے جنگل میں رھگیا تھا - اور باقي بندر دُشمن کے ھُجوم سے غافِل ہو - اپني جگہہ میں آرام کرتے تھے * یکبارگي خِرس اُن پر آ گِرے جب تلک کہ خبَردار ہوں بہُت مارے پڑے اور تھوڑے زخمي ہوکر اپني جان کو اُس ورطۂ ہلاکت سے نِکال کِنارے لیگئے * بچّوں نے جب اِس بیشۂ پُر نِعمت کو دُشمنوں سے خالي پایا - وھیں مقام گیا - اور اُس مظلوم بچھہ کو سبھوں نے رئیس اپنا کیا - اور دست‌درازي کرکر جو نِعمتیں کہ اُنھوں نے کِتنے برسوں میں جمع کي تھیں اپنے تصرُّف میں لائے *

دوسرے دِن بندرونکا بادشاہ (جو اِس احوال سے غافِل تھا) جزیرے کي طرف چلا * راہ میں ہزیمت کھائےہوؤں کا ایک گروہ (جو نیم‌مُردہ ہو گِرداب بلا سے نِکلا تھا) پہُنچکر فریاد کرنے لگا * بادشاہ یہہ خبر سُنکر بہُت مُتحیّر ہوا اور کہا - افسوس ہي کہ مُلکِ موروثي میرے تصرُّف سے جاتا رہا - اور حیف ہي کہ وہ خِزانہ دُشمن کے ہاتھہ لگا - اور بخت و اِقبال جو میرے محکوم تھے مُجھہ سے پھِر گئے * جِتنے بندر رِکاب میں تھے گھبرائے - اور اپنے مال و اموال اور اھل و عِیال کے واسطے نالہ کرنے لگے * اُن میں میمون نام ایک بندر تھا عقل و دانِش سے آراستہ - بادشاہ و رعیّت اُسکي مشوَرت پر کام کرتے * جب اُسنے بادشاہ کو حیران اور اوروں کو سرگردان دیکھا - زبان نصیحت کي کھولي کہ - آفت کے وقت بےصبري داناؤں کو مُناسِب نہیں - کیونکہ بیقراري و پریشاني میں دو ضرَر ہیں - دوست مغموم ہوتے ہیں - اور دُشمن خوش * اِس کام کي تدبیر یہي ہي - کہ صبر کیجئے اور تدبیرِ دُرُست سے عِلاج اُسکا ٹھہرایئے * بادشاہ نے پوچھا - تدبیر اُسکي کیا ہي ؟ میمون نے خلوَت کرکے عرض کي کہ - اي شاہِ نامدار! ھمارے بال بچّے خویش و اقربہ اُن ظالِموں کے ہاتھہ مارے پڑے - اور ھمیں اُنکے بغیر زِندگي میں ایکدم آرام نہوگا * پس جو آخِر مرنا ہي چاھتا ہوں کہ جلد دُنیا کے عِلاقے سے چھوٹوں - اور اپني جان کھوکر اِنتِقام اُن دوستوں کا (جو جان سے بھي عزیز تھے) لوں * بادشاہ نے کہا - اي میمون! اِنتِقام کا مزہ زِندگي ہي میں ہي - اور دُشمن پر غالِب ہونیکا ذوق زِندگي کے آرام کے واسطے ہي * اگر تُو جیتا نرہے - خواہ دُنیا آباد ہو - خواہ ویران تیرے نزدیک دونوں برابر * میمون نے کہا - اب جو حالت میري ہي اُسپر مرنیکو جینے سے بہتر جانتا ہوں - کہ آنکھیں فرزندوں دِلبندوں کے دیکھنے کے لئے ہیں - جب وے زمین کے پیوند ہو جاویں - اور میں جیتا رہوں - تو حیف ہي اُس زِندگي پر * اب چاھتا ہوں کہ مقدور بھر سعي کروں اور بادشاہ کا حقّ ادا کرکے - دستگیري باقي یاروں کي جو جلے بھُنے اور خستہ خاطِر ہیں - کروں اور اپنے نقدِ جان کو نِثار کرکے دُنیا میں نیک

نام هوں * مٹیں چاهتا هوں که جهاںپناه مٹيري موت پر تاسّف نکرٹیں - اور جب دوستوں کے ساتھ خوشي کي مجلِس مٹیں بٹیٹھٹیں - مٹيري وفاداري ياد فرماوٹیں * بادشاه نے کہا - يہ کام کِس طرح سرانجام هوٗ؟ اور کیونکر تو اِس مٹیں در آوے ؟ مٹیمون نے کہا - ایک تدبیر مٹیں نے ٹھہرائي هي - که اُن ریچھوں کوٗ بیابانِ مردآزماے جِگر گُداز مٹیں لون[1] کي آگ سے جلاؤں - اور اغلب هي که مٹيري فِکر موافق پڑے * بِہتر یہ هي که آپ بندروں کوٗ حُکم کرٹیں که دانتوں سے مٹیرے کانوں کوٗ اُکھاڑٹیں - اور مٹیرے هاتھ پانو کوٗ توڑٹیں - اور جہاں مٹیرے رهنے کي جگہ هي رات کوٗ اُسکے ایک کوٹے مٹیں ڈال دٹیں - اور بادشاه اپنے سب مُلازِموں کوٗ لٹیکر اُس جنگل کے اِدهر اُدهر چھٹک جاوٹیں * جب دوٗ دِن گُذر جاوٹیں - تیسرے دِن فجر کے وقت آوٹیں - اور اپني اپني جگہ مٹیں چٹیں سے بٹیٹھٹیں - وهاں دُشمن کا نِشان باقي نرهٹیگا * مٹیمون کے کہنے سے بادشاه نے فرمایا که - اُسکے کانوں کوٗ اُکھاڑٹیں - اور هاتھ پانو اُسکے توڑکر جنگل کے اُس کنارے پھٹینک دٹیں * بندر حُکم بجا لائے - اور بادشاه نے اپنے لشکر کوٗ پراگندہ کر دیا - اور هر ایک گوٗشے مٹیں مُنتظِر بٹیٹھا * مٹیمون ساري رات نالہ کرتا رها * ریچھوں کا بادشاه فجر کے وقت سٹیر کوٗ نِکلا تها - اُسکي گِریَہ و زاري کي آواز سُني - اور اُسي طرف چلا * جب مٹیمون کوٗ اِس حالت مٹیں دٹیکها - باوٗجود سخت‌دِلي کے - اُسپر مِہرباني کي اور احوال پوچها * مٹیمون فِراست سے سمجها که - یہ اِس قوم کا بادشاه هي * دُعا و ثنا کرنے لگا اور بوٗلا - مٹیں بندروں کے بادشاه کا وزیر هوں - اُسکے ساتھ شِکار کوٗ گیا تها - شبخون کے وقت جنگاه مٹیں حاضِر نه تها * دوسرے دِن بھاگنےوالوں سے جهاںپناه کے آنے کي خبر سُني * شاهِ بوزنه[2] نے - جوٗ مٹيري تدبیر پر اِعتِماد رکھتا تها - اِس کام کي مشوَرت مُجھ سے پوچھي * مٹیں نے خٹیرخواهي سے اُسکوٗ آپ کي خِدمت مٹیں حاضِر هوٗنٹیکي صلاح دي اور کہا - هماري بِہتري اِسي مٹیں هي - که شاهِ خِرس کي اِطاعت کرٹیں - اور باقي عُمر جهاںپناه کي خِدمت مٹیں بسر کرکے آپ کے سایۂ دولت مٹیں زمانے کے حوادِث سے آرام مٹیں رهٹیں - اور گوٗشے و توٗشے پر قناعت کرٹیں * بادشاه مٹيري بات سے بٹیزار هوا - اور اِس گُروٗه کوٗ جوٗ بِالفِعل اِس جنگل مٹیں آکر رها هي سخت و سُست کہا * جب دو بارہ مٹیں نے نصیحت کي یے خرابیاں مٹيري کیں - اور سمجها که - مٹیں آپ کے خٹیرخواهوں سے هوں - حُکم کیا که - اِسکوٗ لٹیجاکر اُسي جزٹیرے مٹیں ڈال دوٗ - دٹیکھٹیں که وے کیونکر حِمایت اِسکي کرتے هٹیں * غرض مُجھے یہاں پھنکوا دیا اور مٹيري قدیم خِدمتوں کا ثمرہ یہ مِلا * بندر نے یے باتٹیں کہیں - اور ایسا زارزار روٗیا که ریچھوں کے بادشاه کي آنکھوں مٹیں آنسو بھر آئے - اور اُسنے پوچھا که - اب وے بندر کہاں هٹیں ؟ جواب دیا که - مردآزماے نامے ایک جنگل هي - وهاں جاکر پناه لي هي - اور هر طرف سے فوج جمع کرتے هٹیں - نزدیک هي

[1] 'With the fire of salt;' *i.e.*, of the salt désert.

[2] I have inserted نے *ne* here according to the well-known rule, though it is not in the original.

کہ خونخوار لشکر لیکر شبخون ماریں * بادشاہ نے گھبراکر کہا - اي مےمون ! اب کیا صلاح هي؟ ایسا نہو کہ اُن کي طرف سے کوئي اذیّت میري قوم کو پہُنچے * مےمون نے کہا - جہان‌پناہ ! اِس بات سے خاطِرجمع رکھّیں - اگر میرے پانو ہوتے - تو ایک گروہ ساتھ لے اُن پر پہُنچتا - اور اُن ناحقّ‌شناسوں کا مغز نِکالتا * بادشاہ نے کہا - مَیں جانتا ہوں کہ تو اُنکي جگہہ جانتا هي - جو ہمیں اُن کے نزدیک پہُنچا سکے - تو طوقِ مِنّت ہماري گردن میں ڈالے - اور تیرا بھي یہہ مقصد بر آوے - کہ جنھوں نے تُجھکو ستایا هي اُن سے اپنا اِنتِقام لیوے * مےمون نے کہا - یہہ کیونکر ہو سکے ؟ کہ اِن ہاتھ پانو سے چلوں * بادشاہ نے کہا - مَیں اِسکي تدبیر کر سکتا ہوں - اور کِسي حیلے سے تُجھکو لیجا سکتا ہوں * بعد اِسکے فوج کے سرداروں کو بُلوایا - اور یہہ احوال اُن سے ظاہِر کرکے کہا کہ - تیار رہو - آج کي رات دُشمن پر تاخت کرونگا * غرض سبکے سب سرانجام کرکے - مےمون کو ایک ریچھہ کي پیٹھہ پر باندھکر - روانہ ہوئے * مےمون اِشارے سے راہ بتاتا تھا یہاں تک کہ بیشۂ مردآزماے میں پہُنچے * وہ ایک میدان تھا کہ اُس میں پاني نا یاب تھا - اور ہمیشہ سمومِ جان‌سوز چلتي تھي * مےمون نے کہا - جلد چلو - کہ پو پھٹنے سے پہلے جہانِ روشن کو اُن پر تاریک کروں - اور اُن سیاہ‌بختوں کے علمِ بخت کو گِرا دوں * ریچھوں نے کمال خواہِش سے اُس جنگل میں قدم رکھا - اور اپنے پانو سے اجل کے میدان میں آئے * اور دِن ہو گیا اور بندروں کا کُچھہ نِشان نپایا * مےمون اُسیطرح چلنے کے واسطے جلدي کرتا تھا - اور افسانہ و افسون سے اُنھیں فریب دیتا تھا - یہاں‌تک کہ ہوا اور گرم ہوئي اور ریت جلنے اور سمومِ سوزندہ بہنے لگي * بادشاہ نے مےمون کي طرف رُخ کرکے پوچھا کہ - یہہ کوں بیابان هي جِسکے ڈر سے دِل بیتاب اور جِگر بے آب ہوتا هي ؟ اور یہہ کیا گرم ہوا هي کہ آگ کے شُعلے کے مانند مُشتعِل هي ؟ مےمون نے کہا - اي ظالِم دِل آزار ! یہہ بیابانِ اجَل - اور یہہ لوہ جو چلتي هي سو پیکِ اجل هي - خاطِرجمع رکھہ - کہ اگر ہزار جان رکھتا هي - تو ایک بھي اُن میں سے سلامت نہ رہیگا - اور قریب هي کہ یہي ہواے گرم سبھوں کو خاکِستر کرے - اور اُسي آتشِ ظُلم سے جِسنے تونے بندروں کے دِلوں کو جلایا هي جل جائے * اِسي گفتگو میں تھے کہ لوہ ایسي چلي کہ شاہِ خِرس کو تمام فوج اور مےمون سمیت وہیں جلا دیا - کوئي جیتا نہ پھِرا * تیسرے روز مُوافِق وعدیکے شاہِ بوزنہ اپنے لشکر سمیت اُس جزیرے میں آیا * جنگل کو دُشمنوں سے خالي پایا - اور مُلک کو غُبارِ اغیار سے صاف دیکھا *

یہہ قِصّہ مَیں نے اِسلئے کہا تو جہان‌پناہ جانیں کہ کینہ‌وروں نے واسطے لذّتِ اِنتِقام کے اپني جان سے ہاتھہ اُٹھایا هي - اور مَیں حالت کارشِناس کي اُسي طرح سمجھتا ہوں - اور آگے بھي کوؤں کو مَیں نے آزمایا هي - اور اندازہ اُنکي دور اندیشي و فریب کا سمجھا هي * جب کارشِناس کو مَیں نے

اِس حالت مٹیں دیکھا - مُجھے یقیں ہوا کہ راے اُنکي دُرُست هي * مُناسِب یہہ هي کہ قبل اِسکے کہ وہ فریب سے همارا خون کرے - هم اُسکے قتل مٹیں جلدي کریں * بادشاہ نے جب یے باتیں سُنیں خفا هوکر مُنہہ پھیر لیا اور کہا - یہہ کیا خُشونت و بے مِہري هي ؟ ایک دردمند جو هماري خیرخواهي کے سبب اِتني اذیّت اُٹھاوے هم اُسکے ستانے کي سعي کریں - اور آفت زدے کو پھر آزمایش کي گھڑیا مٹیں گلاویں ؟ تب فرمایا کہ - اِس کوّے کو آبرو و حُرمت سے اُٹھا لو * وزیر نے کہا - جہاں‌پناہ ! جو آپ نے میري بات کي طرف اِلتِفات نہ کیا - اور میري صلاح کو (کہ عین خیرخواهي تھي) قبول نفرمایا - چاهئے کہ اُسکے ساتھ دُشمنوں کي طرح بسر کیجئے - اور ایک پل بھي اُسکے فریب سے نِڈر نرهئے - کہ اُسکے آنیکي وجہہ سِوے اُلّوؤں کي خرابي اور کوّوں کي رفاهِیَت کے نہیں هي * بادشاہ اِس نصیحت سے برهم هوا - اور وزیرِ دانا کي بات پوچ جاني * کوّا اُسکي خِدمت مٹیں کمال عِزّت سے زیست کرنے لگا - اور شرطِ خِدمت و آدابِ مُلازمت سے کُچھ فروگُذاشت نکرتا تھا * بادشاہ کے مُقرّبوں اور ندیموں کو اِس طرح سے خوش کیا کہ سبھوں کو اپنے سے مِلا لیا * اِسي سبب روز بروز درجہ اُسکا بُلند هونے لگا اور سب کے دِلوں مٹیں جگہہ کرنے - یہاں تلک نوبت پہُنچي کہ مُعتمد و محرمِ راز اور مدارُ المہام و مُشیر هوا * تمام اُمورِ مُلکي مٹیں اُسّے صلاح پوچھتے تھے - اور سب کام اُسي کي تدبیر پر کرتے تھے * ایک دِن کارشناس نے بارِ عام مٹیں کہا کہ - همارے شاہ نے مُجھے بے سبب ستایا - اور بے قُصور مُجھہ پر ظُلم کیا هي - جب تلک اپنا اِنتِقام نہ لوں - اور جوان مردوں کي طرح اُسّے نہ لڑوں - نہ مُجھے چین پڑیگا - نہ خواب و خور خوش آویگا * مٹیں نے اِس کام کے واسطے بہُت‌سا تامّل کیا - آخِر یقین جانا کہ جب تلک اِس صورت مٹیں رهونگا - اور کوّوں کي شکل نظر آؤنگا - اپنے مطلب کو نہ پہُنچونگا - اور غرض اپني حاصِل نہ کر سکونگا * مٹیں نے دُنیاداروں سے سُنا هي کہ جب کِسي مظلوم نے کِسي ظالِم سے اذیّت پائي هو - اور سرکش سِتمگار کے هاتھہ سے رنج اُٹھایا هو - اگر وہ مرنے پر مُستعِد هو - اور اپنے کو آگ مٹیں جلاوے - اُس وقت جو دُعا کرے - قبول هوتي هي * اگر آپ کي مرضي هو - اور مُجھے جلاویں - تو جِسوَقت مٹیرے بدن مٹیں آگ لگے - خُدا سے دُعا مانگوں کہ - مُجھے بوم کي شکل بناوے - شاید اِس وسیلے سے اُن ظالِموں پر غالِب هوں - اور اِنتِقام اپنا لوں * اِس مجلِس مٹیں وہ وزیر جو کارشناس کے قتل کا قصد رکھتا تھا - حاضِر تھا * بادشاہ نے اُسّے پوچھا کہ - اِس بات مٹیں تو کیا کہتا هي ؟ اُسنے جواب دیا کہ - یہہ بھي تازي ایک بازي هي جو کمال فریب سے کي هي - اگر هزار مرتبے اُسکو جلاویں - اور اُسکي خاک کو دریا مٹیں دهوویں - ذاتِ ناپاک اُسکي ویسي هي رهیگي - بدذات سے هرگز نیکي کي توقّع نہ رکھئے

بیت

کمینے سے نیکي کي مت رکھ اُمید - کہ دهونے سے زنگي نهووے سفید *

بالفرض اگر لِباسِ طاؤسي پاوے - اور خلعتِ سیمُرغ پہنے - تب بھي زاغِ تیرہ‌بخت کي صُحبت کا مائِل رہیگا - جیسے اُس چوہے نے باوجود اِسکے کہ آدمي کی شکل پائي تھي - پھر اپني اصل کي خواہِش کرکے - ماہِ آسمان‌جاہ - ابرِ فیض‌بخش - ہولے راحت‌افزا - اور کوہِ ثابِت‌قدم سے اُلفت نکي * بادشاہ نے پوچھا - وہ کیونکر ھي ؟

حِکایت ۱۱

THE STORY OF THE MOUSE THAT WAS CHANGED INTO A BEAUTIFUL DAMSEL.

وزیر نے کہا - ایک فقیر مُستجابُ‌الدّعوات تھا - جو کُچھ خُدا کي درگاہ سے دُعا مانگتا قبول ہوتي * ایک دِن کِسي ندّي کے کِنارے بیٹھا تھا - کوئي چیل اُڑتي ہوئي وہاں پہُنچي - اور ایک چوہے کا بچّہ اُسکي چونچ سے چھوٹ کے اُس بُزُرگ کے سامھنے زمین پر گِر پڑا * بُزُرگ کو اُس پر رحم آیا - اُٹھاکر خِرقے میں رکھ اپنے گھر لے گیا * پھر سوچا کہ - مبادا ! اھلِ خانہ کو اُسے کُچھ رنج و زیان پہُنچے - اِسلئے جنابِ اقدسِ اِلٰہي سے اُسکے آدمي ہونے کي دُعا مانگي - في‌الفور خُدا نے اُس کو ایک خوبصورت پاکیزہ‌سیرت لڑکي کر دیا * درویش نے اُسکو اپنے مُریدوں میں سے ایک شخص کو سونپ دیا کہ - فرزندوں کي طرح اِسکو عزیز رکھ * مُرید نے پیر کے حُکم کے مُوافِق اُسکي پرورِش میں کمال سعي کي - یہاں تلک کہ سِنّ بُلوغ کو پہُنچي * بُزُرگ نے کہا - اِي جانِ عزیز ! اب وہ دِن پہُنچا کہ تیري شادي کِسي سے کر دوں - اور میں نے یہہ کام تیري رضا پر موقوف رکھا ھي - آدمي یا اور کِسي مخلوقات سے جسکو تیرا جي چاھي اُسے تیرا نِکاح کر دوں * لڑکي نے کہا - میں ایسا شوہر چاھتي ھوں جو زور اور قد اور شان و شوکت میں سب سے زیادہ ہو * درویش نے فرمایا کہ - اِس صِفت کا جو تو کہتي ھي چاند ھي * جب رات ہوئي لڑکي کا احوال چاند سے کہا * اُسنے جواب دیا کہ - میں تُجھے اپنے سے زورآور کا پتا بتا دیتا ھوں - مُجھ پر غالِب ابر ھي - جو میرے نور کو ڈھانپ دیتا ھي * درویش نے یہہ بات ابر سے کہي * وہ بولا - اگر مُجھے زور کے سبب پسند کرتا ھي - تو ھوا مُجھ سے زیادہ زورآور ھي - کہ جِس طرف چاھتي ھي مُجھے کھینچ لیجاتي ھي * آخِر یہہ پیغام ھوا کو دیا * اُسنے کہا - زور تمام جہان کا پہاڑ میں ھي جسنے پانو دامنِ وقار میں کھینچے ھیں * تب پہاڑ کے پاس گیا اور احوال اُسے بتاں کیا * اُسنے جواب دیا کہ - چوہے کو زور مُجھ سے زیادہ ھي - کہ وہ مُجھے کھودتا ھي - اور میں اُسے ناچار ھوں * لڑکي نے کہا - سچ کہتا ھي - چوھا اُسپر غالِب ھي - میرے شوہر ہونے کے لائِق وھي ھي * غرض اُسے جب چوہے کے پاس لیجاکر یہہ بات کہي * اُسنے بسببِ علاقۂ ھمجِنسي کے اپنے دِل کي رغبت اُسکي طرف زیادہ پائي * جواب دیا کہ - میں بھي ایک مُدّت سے آرزومند ایک دِلارام کا ھوں - جو مونِس و غمخوار ہووے - پر چاھئے کہ میرا جوڑا میري جِنس سے ہو * لڑکي نے کہا - یہہ

آسان هي ـ يہہ بُزُرگ دُعا کرينگا ـ مئيں چُھپيا هؤ جاؤنگي * جب درويش نے ديکھا کہ ـ دُونوں طرف سے خواهش هي ـ هاتھ اُٹھاکر دُعا کي ـ وُونہيں اُسکي دُعا کي برکت سے وہ چُھپيا هؤ گئي ـ اور اپني اصل کي طرف پھري * وہ بُزُرگ اُسکؤ چوهے کے حوالے کر اپني عِبادتگاہ کؤ گيا *

حاصِل اِس قِصّے سے يہہ هي کہ اصلِ خِلقت مئيں جؤ کُچھ هي آخِر وُهي ظاهِر هؤتا هي ـ اگرچہ کِسي طرح اُسے اُس حال سے پھيرئيں * شاهِ بوم نے ـ جيسا آئين بدبختوں کا هي ـ وزيرِ دانا کي نصيحت نہ سُني * کارشِناس هر روز اُنکؤ ايک دِلچسپ قِصّہ ـ اور هر رات ايک بےنظير داستان ـ سُناتا ـ نادِر باتيں اور عجيب نُکتے کہتا يہاں تلک کہ مُقرّبِ درگاہ هؤکر ـ اُنکے بھيدوں پر مُطّلِع هوا * اِتّفاقاً ايکدِن فُرصت پاکر کوّوں کے پاس گيا ـ اور اپني آنکھيں بادشاہ کے ديدار سے روشن کيں * اُسنے خوش هؤکر پوچھا کہ ـ اي کارشِناس ! تو نے کيا کيا ؟ جواب ديا ـ جهان‌پناہ کے اِقبال سے جيسا کُچھ چاهئے ويسا کام مئيں نے کيا ـ تيّار رهئے کہ وقت اِنتِقام لينے کا اور خاطِر خواہ دُشمنوں کي تباهي ديکھنے کا پہُنچا هي * بادشاہ نے کہا ـ کُچھ کُچھ حقيقت مشوَرت کي کہہ ـ کہ اُسے واقِف هؤکر جؤ کُچھ اسباب ضرور هؤوے تيّار کيا جاے * کارشِناس نے کہا ـ فُلانے پہاڑ مئيں ايک غار هي ـ دِن کؤ سب بوم وهيں رهتے هئيں ـ اور اُس سرحدّ مئيں سوکھي لکڑياں بہُت‌سي هئيں ـ جهان‌پناہ فرما ديوئيں کہ کوّے تہوڑي‌سي لکڑياں ليکر ـ غار کے دروازے پر جمع کرئيں ـ اور مئيں رکھوالوں کے پاس سے جؤ اُسکے قريب رهتے هئيں ـ ذري سي آگ لاؤں ـ اور لکڑيوں کے اوپر ڈالوں * تب بادشاہ کوّوں کؤ حُکم کرئيں کہ اپنے پروں کي هوا سے آگ سُلگاوئيں * جؤ بوم اُس غار سے نِکلے جل جاوے ـ اور جؤ نہ نِکلے دهوئيں سے دم گھُٹ‌کر مر جاوے * بادشاہ کؤ يہہ تدبير پسند آئي ـ اُسي طور سے اُلّوؤں کؤ جلا ديا * کوّوں نے يکبارگي فتح پائي ـ سب خوش هوئے اور کامياب هؤکر پھرے * بادشاہ اور تمام لشکر کارشِناس کي تدبير سے ممنونِ اِحسان هوئے ـ اور اُسکي کارداني کے سبب رُتبہ اُسکا بڑهايا * ايکدِن بادشاہ نے کہا کہ ـ تيري تدبيرِ دُرُست دُشمنوں کے دفع کرنے اور دوستوں کے خوش هؤنے مئيں عجب کُچھہ تاثير رکھتي هي * کارشِناس نے کہا کہ ـ جؤ کُچھ هوا ـ سؤ بادشاہ کي خوبئ اِقبال سے ـ اور جهان‌پناہ کے طالِع کي برکت سے هي ـ آثار اِس فتح کے مئيں اُسي روز سمجھا تھا کہ جِس دِن اُن ناعاقِبت انديشوں نے ويسا ظُلم غريبوں پر کيا ـ اور طمع تصرُّف کي همارے مُلکِ مؤروثي اور قديم وِلايت پر کي * پھر بادشاہ نے پوچھا کہ ـ اُنکي صُحبت مئيں اِتني مُدّت تو نے کيونکر گُذران کي ؟ اور ظاهِر هي کہ بيلوں کؤ بُروں کي صُحبت کي تاب نہيں هؤتي هي ـ چنانچہ داناؤں نے کہا هي کہ ـ بدذات سانپ کے ساتھ رهنا يارِ بد کے مُنہہ ديکھنے سے بہتر هي * کارشِناس نے کہا ـ يونہيں هي جؤ آپ نے فرمايا * کوئي اذيّت طبيعت کؤ ناجِنس کي صُحبت سے زيادہ نہيں هي ـ ليکِن دانا اپنے خاوِند کي خُشنودي

کے لئے زمانیکي تصدیعوں سے کِنارہ نہیں کرتا هي - اور جو محنت در پیش هو - کمال خوشي سے بر داشت کرتا هي * اور عالي هِمّت کِسي محنت سے تنگ نہیں هوتا هي - کیونکہ جِس کام سے فتح و نُصرت هو - اگر اُسمیں کوئي رنج اور اذیّت هو اُٹھایا چاهئے اور اُسّے مُنہہ نہ پھیرئے - کہ گنج بغیر رنج کے مِل نہیں سکتا هي - اور بِدون کانٹے کي اذیّت اُٹھائے پھول نہیں توڑ سکتے * کِسي بُزُرگ نے کہا هي - پریشاني کا گِلہ نہ کر کہ تلاش کي راہ میں جب تلک رنج نہ اُٹھاوے راحت کو نہ پہنچے * بادشاہ نے کہا کہ - بوموں کي کُچھ دانائي اور فِراست بَیان کر * اُسنے جواب دیا کہ - اُن میں کوئي دانا ندیکھا سِواے ایک نے جو میرے قتل پر اِصرار کرتا تھا * اُنھوں نے اُسکي راے کو ضعیف جانکر اُسکي نصیحتوں کو نہ سُنا - اور اِتنا نہ سمجھے کہ - یہہ هماري درمیان میں مُسافِر هي اور اپني قوم میں عالي مرتبہ تھا - اور عقل و فہم میں مشہور - مبادا کوئي فریب کرے * طُرفہ یہہ کہ اِس بات کو نہ اپني عقل سے دریافت کیا - نہ اوروں کي نصیحت نے اُن میں اثر کیا - نہ اپنے بھید کو مُجھ سے چھپایا - ناچار[1] جو دیکھنا تھا سو دیکھا * داناؤں نے کہا هي - بادشاهوں کو اِخفاء راز میں اِحتیاط ضرور هي - خُصوصًا نااُمّید دوستوں اور ڈرنیوالے دُشمنوں سے * بادشاہ نے کہا - معلوم هوتا هي کہ اُلّوؤں کے هلاک هونے کا سبب اُنکا ظُلم تھا * کارشناس نے کہا - بجا هي - جس حاکِم نے ظُلم کي بِنا ڈالي جلد اُسکي سلطنت کي بُنیاد اکھڑیگي * حکیموں نے کہا هي کہ - جو کوئي چار کام کرے - چار چیز کا اُمّیدوار رهے * جو ظُلم کرے - اپني هلاکت کو یقین جانے - اور جو رنڈیوں سے صُحبت زیادہ رکھے - رُسوا هونے پر مؤجود رهے - اور جو کھانے کا اندازہ نہ جانے - بیماري کا مُنتظِر رهے - اور جو بے تدبیر وزیروں پر اِعتِماد کرے - بادشاهي سے هاتھ دھوے * داناؤں نے یہہ بھي کہا هي کہ - چھہ شخصوں کو چاهئے کہ چھہ چیزوں کي طمع نرکھیں * پہلے - حاکِمِ ظالِم - پایداري مُلک کي * دوسرے - مُتکبّر و مغرور - نیک نامي کي * تیسرے - بدخُلق - دوستوں کي کثرت کي * چوتھے - بے ادب - بُزُرگي کي * پانچویں - بخیل - نیکوکاري کي * چھٹے - حریص - بیگُناهي کي - کیونکہ حِرص هر ایک کو گُناہ میں مُرتکِب کرتي هي - جیسا اُلّوؤں کے بادشاہ کو کوّوں[2] کي لڑائي کي کمال خواهِش تھي - اِسلئے چاہِ بلا میں ڈوبا * بادشاہ نے کہا - هم کیونکر اِس نِعمت کا شُکر ادا کریں - جو تیري کوشش سے حاصِل هوئي ؟ اور تونے بڑي تصدیع کھینچي - اور دُشمنوں کے پنجے میں گِرفتار هوکر هزاروں اذیتیں اُٹھائیں * اگر وے اپنے وزیرِ خیرخواہ کي نصیحت سُنتے - تو جانیں اپني نکھوتے * کارشناس نے کہا - جوان مرد اُسکو کہتے هیں کہ - جب کِسي بات پر کمر باندھے - پہلے اپني جان سے هاتھ دھوے - اور زندگي سے دِل اُٹھاکر جانبازوں کے معرکے میں قدم رکھے * کِسي نے کہا هي -

[1] ناچار *náchár* here signifies 'inevitably,' 'as a necessary consequence,' 'of course.'

[2] کوّوں *kawwon* is in many places written with *hamza* in the original, thus—کؤوں; but it is evident that there is no concurrence of vowels, and that *hamza*, therefore, should not be inserted.

بيت

از جان مترس تا بحَياتِ ابد رسي ـ ، بر آبِ خِضر سدِّ سِکندر نہ بستہ اند *

اگر مصلحت جانے کہ اپنے سے چھوٹے کي خِدمت مےں دِن کاٹنے چاهئے کہ وهي طريقہ اِختيار کرے ـ تو مقصد کو پہنچے ـ جيسے ايک سانپ نے اپني سلاح اِس مےں ديکهي کہ مےنڈک کي خِدمت اِختيار کرے * بادشاہ نے پوچها ـ وہ کيونکر هي ؟

حِکايت ۱۲

THE STORY OF THE SNAKE AND THE FROG.

کارشِناس نے کہا ـ نقل هي کہ ايک سانپ مارے بُڑهاپے کے نِہايت سُست اور ضعيف هو گيا تها ـ اور کمزوري کے سبب شِکار سے عاجز ـ اور طُعمے کے لئے حيران هوا * اپنے دِل مےں کہا ـ افسوس هي ! کہ جواني کے ايّام پِهر نہ آوينگے ـ اب اُسکي توقّع کوئي ايسي هي جيسے پاني سے آگ کي خاصيَت چاهني ـ اور آگ سے پياس بُجهاني ـ ساتهہ اِس کے کاش بُڑهاپے کو بهي قِيام هوتا تو کيا خوب تها ! جب کہ گُذرا هوا وقت پِهر هاتهہ آ نہيں سکتا تو آيندے کا سرانجام کرنا مُناسِب هي * زور کے عِوض تهوڑا سا تجربہ حاصِل هوا هي ـ اب مدار اپنے کاموں کا کم آزاري پر رکهئے ـ اور جو خرابي اِس سبب سے هو ـ اُسے گوارا کيجئے * تب اُس چشمے کے کِنارے گيا جهاں بہُت سے مےنڈک رهتے تهے ـ اور اُنکا ايک بادشاہِ کامگار تها * سانپ مظلوم و غمگين کي صورت بنکر رستے مےں پڑ رها * اِس مےں ايک مےنڈک اُدهر آ نکلا ـ پوچها کہ ـ تُجهے نِہايت مغموم ديکهتا هوں ـ سبب اِس کا کيا هي ؟ جواب ديا کہ ـ غم کهانے کے لائق مُجهہ سے زيادہ اور کون هي ؟ مےري زِندگي کا سبب مےنڈک کا شِکار تها ـ آج ايسا ايک حادِثہ پڑا هي کہ اُنکا شِکار مُجهہ پر حرام هوا ـ اگر قصد کرکے چاهوں کہ اُن مےں سے کِسي کو پکڑوں مُمکِن نہيں * مےنڈک نے وهاں سے جاکر اپنے بادشاہ کو خبر کي * بادشاہ نے اِس تازي خبر سے مُتعجّب هو ـ سانپ کے پاس آکر پوچها کہ ـ يہہ حادِثہ تُجهہ پر کيونکر پڑا مي ؟ اُس نے کہا ـ اي بادشاہ ! اِس بے حَيا حِرص نے مُجهے بلا کے دام مےں پهنسايا ـ اور فِتنہ انگيز لالچ نے يہہ تصديع مُجهے دي * ايک دِن مےں نے ايک مےنڈک کا قصد کيا ـ وہ مےرے ڈر سے بهاگ کر ايک پارسا کے گهر مےں گُهسا ـ مےں بهي اُس کے پيچهے لگا ـ گهر اندهيرا تها اور درويش کا لڑکا وهاں سوتا تها ـ اُس کے پانو کے انگوٹهے کي چوٹ مےرے لگي ـ مےں سوچا کہ ـ مےنڈک هي ـ مارے حِرص کے جو مےں نے اُسے پکڑ ليا ـ تو وہ وهيں سرد هو گيا * پارسا نے خبر پاکر لڑکے کے درد سے مےرے مارنے کا قصد کيا ـ مےں جنگل کي طرف بهاگا چلا جاتا تها ـ اور وہ مےرے پيچهے دوڑتا آتا تها ـ اور لعنت کرکے يہہ بد دُعا ديتا تها کہ ـ خُدا تُجهہ کو ذليل اور خوار کرے ! مےنڈکوں کے بادشاہ کا مرکب بناوے ـ اور هرگز تُجهے اُن کے کهانے کا مقدور نہ هووے

مگر جو کُچھ صدقے کے طور سے تُجھے دیویں وہي کہا سکے * اب دُعا اُس کي قبول ہوئي ۔ ناچار راضي برضاے اِلٰہي ہو میں یہاں آیا ہوں ۔ بادشاہ مُجھ پر سوار ہوویں * اُس کو یہہ بات پسند پڑي ۔ اپني بُزُرگي سمجھکر ہمیشہ اُس پر سوَار ہوتا ۔ اور اُس بات کا فخر کرتا ۔ اور اپنے ہمجِنسوں پر بڑائي جتاتا * جب ایک مُدّت اِسي طرح گُذري ۔ سانپ نے عرض کي کہ ۔ جہان‌پناہ کي عُمر دراز ہوجیو ! مُجھے طُعمہ ضرور ہي کہ اُسے زیست کروں اور یہہ خِدمت بجا لاؤں * بادشاہ نے کہا ۔ بات یہي ہي جو تو کہتا ہي ۔ مُجھے سوَاري ضرور ہي ۔ اور مرکب کو بغیر قوت کے قوّت نہیں ہو سکتي ہي * تب دو مینڈک کا رَاتب اُسکے لئے مُقرّر کیا کہ شام و صبح کھاوے ۔ اور سانپ اُس ذِلّت کو اِس جِہت سے کہ منفعت رکھتي تھي عار نہ سمجھتا تھا *

کارشِناس نے کہا ۔ یہہ کہاني میں نے اِس لئے کہي ۔ کہ میں بھي جو صبر کرتا تھا ۔ اور خرابي کھینچتا تھا ۔ سو بسبب اِس کے کہ دُشمنوں کي مؤت اور دوستوں کي بہتري اُس پر موقوف تھي ۔ اِتني کراہیَت میرے مِزاج میں نہ آتي تھي ۔ اور یہہ بھي ہي کہ نرمي سے جلد دُشمن کي جڑ اُکھڑ سکتي ہي ۔ نہ لڑائي سے ۔ جیسے آگ باوجود اِس حِدّت کے اگر کِسي درخت میں لگے ۔ اُسي قدر جلاوے جو زمین کے اوپر ہي ۔ اور پاني باوصف اِس لطافت و مُلایمت کے جو درخت کہ سب سے سخت اور بڑا ہووے اِس طرح جڑ اُس کي اُکھاڑ دیوے کہ پھر وہاں نہ ٹھہر سکے * اور یہي سمجھکر ۔ داناؤں نے کہا ہي کہ ۔ عقل و تدبیر شجاعت سے بہتر ہي ۔ ایک مردِ شُجاع جنگاہ میں دس کا مُقابلہ کر سکتا ہي یا بیس کا ۔ حدّ سو تلک ۔ پر ایک دانا تدبیرِ دُرُست سے ایک مُلک کو درہم برہم کر دیتا ہي ۔ اور ایک فِکرِ نیک سے لشکرِ عظیم کو شِکست دیتا ہي * کِسي نے کہا ہي کہ ۔ ایک اچّھي تدبیر سے وہ کام ہو سکتا ہي جو ایک بڑے لشکر سے نہو سکے * بادشاہ نے کہا ۔ دُشمنوں پر تو نے خوب فتح پائي ۔ اور اُنھیں ایک شکستِ فاحِش دي * کارشِناس نے کہا ۔ یہہ کام صِرف عقل و تدبیر سے نہیں ہوا ۔ بلکہ اِقبالِ شاہي نے اِس کي مدد کي * داناؤں نے کہا ہي ۔ اگر ایک گُروہ کِسي کام کا قصد کرے ۔ اور کِسي مُہِمّ پر کمر باندھے ۔ اُس میں سے وہ کامیاب ہوگا جو صاحِبِ مُروّت ہو ۔ کیونکہ مُروّت کي خاصیَت یہہ ہي ۔ کہ اہلِ مُروّت کا مطلب بر آوے * اور اگر اُسمیں سب برابر ہوں ۔ تب وہ مطلب کو پہُنچیگا کہ جِس میں اِستِقلال و راستي زیادہ ہووے * اگر اُسمیں بھي برابر ہوں ۔ وہ کامیاب ہو ۔ جِسکے یار و مددگار زیادہ ہوویں * اگر اُس میں بھي فرق نہو ۔ تو جِسکے طالِع یاور ہوں اور اِقبال مدد کرے ۔ وہي فتح یاب ہوگا * بادشاہ نے فرمایا ۔ معلوم ہوا کہ بوم اِتنا نہ سمجھے کہ ہم اِنتِقام لے سکینگے ۔ کِس واسطے کہ ہماري جمعیّت کم دیکھتے تھے ۔ اور ہمکو کمزور سمجھتے تھے * کارشِناس نے کہا ۔ چار چیزیں اگرچہ تھوڑي ہوں پر اُنکو بہُت سمجھیے ۔

ایک - آگ - کہ اُسکي ایک چنگي بھي بہت هي * دوسري - قرض - کہ شرم قرض خواهوں سے ایک درم میں اُتني هي جو هزار دینار میں هووے * تیسري - بیماري - کہ هرچند کم هو حقیقت میں بہت هي * چوتھي - دُشمن - باوجود اِسکے کہ ذلیل و خوار هو - آخر کام اپنا کریگا * میں نے سُنا هي کہ ایک چڑیا نے - (باوجود اِس ناتواني کے) ایک بڑے سانپ سے اپنا بدلا لیا * بادشاہ نے پوچھا - وہ کیونکر هي ؟

حکایت ۱۳

THE STORY OF THE SPARROW AND THE SNAKE.

کارشناس نے کہا - نقل هي کہ ایک چڑیا کے جوڑے نے کسي گھر کي چھت میں گھونسلا بنایا تھا - صرف گھر کے دانے دُنکے[1] پر قناعت کرکے - گذران کرتے تھے * تھوڑے دِنوں میں بچّہ نکالے - اور هر ایک اُنمیں سے بچّوں کي پرورش کے واسطے جوڑے کي تلاش میں جاتا - جو کُچھ مِلتا لاکر اُنھیں کھلاتا * ایکدِن نر باهر گیا اور دیر تلک رها * جب پھر آیا - مادہ کو دیکھا کہ گھبرائي هوئي گھونسلے کے آس پاس اُڑتي پھرتي هي - اور دردناک آواز سے چلّاتي هي * نر نے کہا - اي یارِ جاني ! یہہ کیا احوال هي ؟ اُسنے جواب دیا کہ - کیا کہوں میں ؟ ایدم یہاں سے کہیں گئي تھي - جب پھر آئي - دیکھا کہ ایک بڑے سے سانپ نے میرے بچّوں کا قصد کیا هي - هرچند میں نے مِنّت کي اور کہا کہ - اگرچہ تو زورآور هي - پر دُشمن ضعیف سے ڈر -

مصرع

کہ تیرِ آہِ سحر نشانہ مي آید -

اِس بات نے اُس میں کُچھ اثر نہ کیا * کہا کہ - تیري آہ مُجھ میں هرگز تاثیر نہ کریگي * تب میں نے کہا - تو اِس بات کو سوچ - کہ میں اور اِن بچّوں کا باپ دونوں بدلا لینے پر کمر باندھینگے - اور جسطرح هو سکیگا - تیري هلاکت کي کوشش کرینگے * سانپ نے هنسکر کہا -

بیت

دِلاور جو شیروں پہ حملہ کرے - بھلا تُجھ سي چڑیا سے وہ کب ڈرے ؟

جب میں اُسے کِسیطرح بر نہ آ سکي - چلّانے لگي - پر کوئي میري فریاد کو نہ پہنچا * اُس بیدرد ظالِم نے میرے بچّوں کو کھایا - اور گھونسلے میں سو رها هي * نر نے جب یہہ ماجرا سُنا - اُسکے تن بدن میں آگ لگ گئي - اور بچّوں کے فِراق سے سوزِ حسرت نے اُسکي جان کو جلا دیا * اِتنے میں صاحبِ خانہ چراغ جلانے کي فکر میں هوا - اور بتّي تیل میں ڈبو روشن کرکے چاهتا تھا کہ چراغ میں

---

[1] دُنکا *dunká*, 'a crumb,' will be found in Forbes' but not in Shakespear's Dictionary.

رکھے - وونہیں نر اُڑا اور بتي کو ہاتھ سے اُسکے لیکر گھونسلے میں ڈال دیا * صاحبِ خانہ اِس ڈر سے کہ - مبادا ! گھر میں آگ لگے - جلد کوٹھے پر چڑھکر - گھونسلے کو نِکالتا تھا تا کہ آگ بُجھے * سانپ نے - جب آگ کي چِنگاریاں دیکھیں اور اوپر سے آواز سونے کي سُني - اُس سوراخ سے جو چھت کي طرف تھا سر نِکالا - وونہیں اوپر سے سونتا لگا اور وہ مرگیا *

اِس قِصے کا حاصِل یہہ هي - کہ سانپ نے اپنے دُشمن کو حقیر جانا - اور اُسکو کِسي شُمار میں نہ لایا - آخر سر اُسکا اِنتِقام کے سنگ سے کُچلا گیا * بادشاہ نے کہا - ایسے دُشمنوں کي هزیمت تیري عقل و اِخلاص کي بدولت تھي - اور جِسکام میں میں نے تیري بات پر اِعتِماد کیا هي - فائِدہ اُسکا بخوبي حاصِل هوا هي * جو کوئي اِختیار کي باگ دانا وزیر کے هاتھ دیوے - هرگز دستِ نامُرادي اُسکے دامنِ دولت تلک نہ پہُنچے - اور حادِثے کا قدم اُسکے اِقبال کے گِرد نہ پھرے - جیسا مُجھے تیري راے سے حاصِل هي * تیرے سب هُنروں میں سے یہہ هُنر بڑا تھا - کہ ایک مُدّت دُشمنوں کي صُحبت میں رہا - نہ تیري زبان سے کوئي بات ایسي نِکلي جِسکا عیب کریں - نہ تُجھ سے ایسا کوئي کام هوا کہ اُنکي بدگُماني کا سبب هووے * کارشِناس نے کہا - جہانپناہ ! یے باتیں آپ هي کي بدولت تھیں - میں نے سب جگہہ اور سب کام میں آپ کے اخلاق اور عادات کو اپنا پیشوا کیا - اور شُکر خُدا کا کہ جہانپناہ کي ذات میں اِقبال و شجاعت کے ساتھ نیک راي اور حُسنِ تدبیر بھي هي * اُمورِ مُلکي و مالي کي باریکیاں آپ سے چھپي نہیں - اور آهستگي و جلدي کا مقام - اور نوازِش و ظُلم کا محل آپ کي راے مُبارک پر ظاهِر هي - اور هر کام کے آغاز میں انجامِ کار کو بھي دوربیني سے دیکھتے هیں - اور دور اندیشي سے غافِل نہوکر - کبھي ناموسِ سلطنت اور رونقِ اِقبال کو نہیں چھوڑتے هیں * جو ایسے بادشاہ سے دُشمني کرے - اپني موت کو هزاروں کمند ڈالکر اپني طرف کھینچے - اور زِندگي سے هزاروں کوس بھاگے * بادشاہ نے کہا - تیرے جُدا هونے کے بعد میں نے کھانے پینے کي حلاوت اور سونے جاگنے کي لذّت نہ پائي - شُکر خُدائے کارپرداز کا کہ مطلب کا چہرہ اُمّید کے آئینے میں نظر آیا * کارشِناس نے عرض کي - بجا هي جو کوئي ایک زورآور دُشمن کے هاتھ میں گرفتار هو جب تلک اُسے رِهائي نہ پاوے - دِن اور رات روشني اور تاریکي میں فرق نہیں کرسکتا * طبیبوں نے کہا هي - جب تلک بیمار کو شِفاء کُلّي نہو - کھانے کا مزہ نہیں پاتا * سربوجھي جب تلک اپني گردن سے بوجھ نہ اُتارے - اُسے آرام نہیں هوتا هي * اور عاشِق جب تلک معشوق کے وِصال کو نہ پہُنچے - اُسے چین نہ پڑے * مُسافِر جب تلک منزِل میں نہ اُترے - ماندگي اُسکي کم نہ هووے * اور ڈرنےوالا جب تک دُشمنِ غالِب سے نِڈر نہ

ہو ـ چیز سے دم نہیں لے سکتا * بادشاہ نے کہا ـ اُلّوؤں کي خو بو[1] بزم و رزم میں تو نے کبا دیکھي ؟ اُسنے جواب دیا کہ ـ بُنیاد اُنکے کاموں کي کِبر و خودبیني اور تن پروري پر تھي ـ نہ رائے دُرُست سے کُچھ بہرہ رکھتے تھے ـ نہ فِکر صحیح و غلط میں اِمتیاز کرتے تھے * تمام لشکر ایکہي طور پر تھا ـ مگر وہ ایک وزیر جو میرے قتل پر مُصِرّ تھا * بادشاہ نے کہا ـ اُسکي دانائي کي دلیل کبا تھي ؟ جواب دیا ـ دو چیزیں * ایک یہہ کہ ـ اُسکي رائے میري ہلاکت پر ٹھہري تھي ـ اور یہي تدبیر نیک تھي * دوسري یہہ کہ ـ اپنے خُداوند کے نصیحت کرنے سے باز نہ رہا ـ اگرچہ جانتا تھا کہ نہ سُنیگا ـ اور اِس نصیحت میں ادب کا بھي لِحاظ رکھتا تھا * بادشاہ نے کہا کہ ـ شاہوں کي نصیحت کا آئین کبا ہي ؟ عرض کي کہ ـ باتیں مُلایمت و نرمي سے کہے ـ اور خُداوندِ نِعمت کي تعظیم کو لِحاظ کرکے بے ادبوں کي طرح نہ بولے ـ اور جب خاوند سے گُفتار یا کِردار میں کُچھ سہو ہووے ـ تقریرِ مُناسِب سے آگاہ کر دیوے ـ اور اچھي فِکروں سے تدبیر کرے ـ اور اِس بات سے نہ ڈرے ـ کہ اگر خیرخواہي کروں ـ اور سچ کہوں ـ مبادا بادشاہ کي خاطِر آزُردہ ہووے ـ اور میرا یہہ رُتبہ نہ رہے * شاہِ بوم کا وزیر یے سب صِفتیں رکھتا تھا ـ اور کوئي نُکتہ ترک نکرتا تھا * میں نے اپنے کانوں سُنا ہي کہ وُہ اپنے بادشاہ سے کہتا تھا کہ ـ مُلک‌داري ایک بڑا درجہ ہي ـ اپني کوشِش سے آرزو کا قدم اُس جگہہ نہیں رکھ سکتے ـ اور بغیر مددِ اِقبال کے اُس درجے کو نہیں پہُنچتے ـ جب خُدا کے فضل سے یہہ درجہ حاصِل ہووے ـ اِس کو عزیز رکھئے ـ اور اِس کي حِفاظت میں بہُت اِحتیاط کیجئے ـ اِنصاف و عدل میں سعي بجا لائے * اب مُناسِب یہہ ہي کہ غفلت سے پرہیز کریں ـ حِقارت کي آنکھ سے بڑے کاموں کو نہ دیکھیں * مُلک اور دولت کي پایداري سِوائے چار چیزوں کے نہیں ہوتي ہي * ایک ـ کمال دوراندیشي ـ کہ کل کے کام کو آج ہي ٹھہرا لے * دوسري ـ عزم اِس طرح کا ـ کہ کِسي نوع سے کوتا ہي نہ کرے * تیسري ـ رائے نیک ـ کہ کجي کي طرف مایل نہ کرے * چوتھي ـ شمشیرِ آب‌دار کي بجلي ـ کہ دُشمن کي عُمر کے کھلیاں کو جلاوے * بوم کے وزیر نے یے باتیں سب کہي تھیں ـ پر اُس کا بادشاہ ـ اِس سبب سے کہ دُشمن پر غالِب ہوا تھا ـ اور بہُت مُدّت تلک حُکومت کي تھي ـ مغرور تھا ـ نہ رعیّت کي پرواہ رکھتا تھا ـ نہ مُلک کا بندوبست کرتا تھا * دُنیا کي پستي سے جو اُسکو اپني کامیابي اور دُشمن کے ذلیل ہونے کے سبب بہم پہُنچي تھي وزیر کي بات پر اِلتِفات نہ کیا اور نصیحت اُس کي نہ مانی ـ یہاں تلک کہ اُسکي دولت کي بِنا اور اُنکي پایداري کي بُنیاد اُکھڑ گئي ـ نہ اُنکو وزیر کي دانائي سے کُچھ فائدہ ہوا ـ نہ اپني عقل و کارداني کے سبب اُس بلا سے نجات پائي *

---

[1] خو بو *kho bo*, rightly rendered by Forbes 'habits,' 'manners.' The word is omitted in Shakespear's Dictionary. It literally means 'habit and smell.'

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER. خُلاصہ اِس باب کا یہہ هي که شاہِ بوم نے اپنا لشکر لیکر کوّوں کي فوج پر شبخون مارا * اوُر بہتونکو بے پروبال کرکے اُنکے کاروبار درہم برہم کردئے * دوسرے دِن

STORY I. کوّوں کے بادشاہ نے اپنے مُلک کے داناؤں کو بُلواکر صلاح پوچھي * هر ایک نے ایک بات کہي - بعضوں نے صُلح کي - بعضوں نے جنگ کي - اوُر ایک گروہ نے وطن چھوڑنے کي مصلحت دي - یہاں تلک که نوبت کارشناس کي (جو دانائے دوراندیش تھا) پہُنچي * اُسنے عرض کي - جو مشورت خیرخواهوں نے ٹھہرائي هي - اگرچہ میں سمجھتا هوں که سراسر هواخواهي سے هي - لیکِن اُنهوں نے اپني اپني رسائي کے موافِق باتیں کہي هیں * اي جہان‌پناہ ! اگر آپ دوستوں اوُر خیرخواهوں سے بھید چھپانے کا اِقرار کریں - تو ایک تدبیر (جو میرے دِل میں ٹھہري هي) عرض کروں - کیونکه بھید کے ظاهِر کرنے سے اکثر بنے هوئے کام بِگڑگئے هیں - جیسے کشمیر

STORY II. کے حاکِم نے اپني حرَم کي خیانت دریافت کي - اوُر قبل اِسکے که کام اُسکا تمام کرے اِس راز کو وزیر سے کہا - اوُر وزیر نے اپني بیٹي سے (جِسکو بہُت عزیز رکھا تھا) ظاهِر کیا * آخِر اُس حاکم کي حیات کي کِشتي هلاکت کے بھوَنر میں ڈوبي * کوّوں کے بادشاہ نے عہد کیا اوُر قسمیں کھائیں که بھید کِسي سے نه کہونگا - اوُر خلوَت کرکے پہلے کارشناس سے بوم اوُر کوّوں کي دُشمني کي

STORY III. وجہ پوچھي * کارشناس نے عرض کي که - اگلے دِنوں میں جِتنے جانوَر تھے اپنا ایک حاکِم مُقرّر کیا چاهتے تھے - هر ایک اُن میں سے حُکومت ایک کے نام ٹھہراتا تھا - دوسرا دلیل لاکر اُسے باطِل کرتا یہاں تلک که بوم کي حُکومت کي بات درمیان میں آئي - اوُر قریب تھا که اُسکو حاکِم کریں * ایک کوّے نے آکر جانوَروں کي اِس تدبیر کي مذمّت کرکے کہا که - ایسے فریب کار

STORY IV. و مکار اوُر کم هِمت کو کِسنے حاکِم مُقرّر کیا هي - تُم نے نہیں سُنا هي که خرگوش نے عقلمندي سے اپنے تئیں ماہ کا ایلچي کرکے - هاتھیوں کے ظُلم سے اپني قوم کو بچایا * یہہ کیا بلا هي که - تُم میں اِتنا بھي کوئي دانا نہیں جو تُم کو اِس طرح کي باتوں سے باز رکھے؟ وہ بوم باوجود اِن عیبوں کے جو بیان هوئے هیں - بد عہد و بےوفا بھي هي -

STORY V. اگر وہ حاکِم هوے تُمهاري حالت وہ هوگي جو کبک اوُر بٹیر کي بلّي سے هوئي * آخِر معقول باتوں سے جانوَروں کے ذِهن‌نشین کر دیا که بوم لائِق حُکومت و سرداري کے نہیں * اي جہان‌پناہ ! تبھي سے اُلّوؤں نے کوّوں کي دُشمني پر کمر باندهي هي * بادشاہ نے جب دُشمني کا سبب سمجھا - کارشناس سے پوچھا که - تونے دُشمنوں کے دفع کي تدبیر کیا ٹھہرائي هي ؟ جواب دیا که -

STORY VI. وے شوکت اوُر زوَر هم سے زیادہ رکھتے هیں - پر جِس طرح چوَروں نے فریب سے بکري کو کُتا کہکر - زاهِد سے لے لیا - میں نے بھي اِس کام میں ایک حیله ٹھہرایا هي * وہ یہہ هي که جہان‌پناہ خلوَت سے نِکل غُصّے هوکر - حُکم کریں که میرے پروبال کو نوچیں اوُر خون آلودہ کرکے

مُجھے یہیں چھوڑ - آپ فلانے مقام میں جو زمانے کے آسیبوں سے امن کی جگہہ ہي ٹھہرکر مُنتظِر رہیں * شاہِ زاغ اِس بات پر عمل کرکے وہاں سے گیا * جب تھوڑي رات گُذري - شاہ بوم اپنے لشکر سمیت کوّوں کا قصد کرکے اُن کے گھونسلوں تلک آیا - اور اُن کو بہُتیرا ڈھونڈھا - پر کہیں نِشان نہ پایا * آخِر بادشاہ کا گُذر کارشِناس کے نزدیک ہوا - اور اُسے پوچھا کہ - تیرا نام کیا ہي ؟ اور اِس حالت میں کیوں پڑا ہي ؟ اُسنے کہا - اي بادشاہ ! میرا نام کارشِناس ہي کوّوں کا بادشاہ لشکر کي تیّاري میں تھا کہ تُم سے لڑے - مَیں جو تُمھاري بُزُرگي سے واقِف تھا اُسکو اِس بات سے منع کرتا تھا * بادشاہ کو گُمان ہوا کہ - یہہ کوّوں کي ہواخواہي چھوڑ کے اُلوؤں کي خیرخواہي کرتا ہي - تب خفا ہوکر مُجھے اِس حال کو پہُنچایا * شاہِ بوم نے اپنے کار پردازوں سے پوچھا کہ - اِس کوّے سے کیا سُلوک کیجئے ؟ وزیرِ اوّل نے کہا - جلد اِس کو مار ڈالئے اور اِس کے نالہ و زاري کو کُچھ خاطِر میں STORY VII. نہ لائے - ایسا نہ ہو کہ جِس طرح سوداگر کي جورو چوّر کے ڈر سے اپنے شوہر پر مہربان ہوئي - اُسي طرح اِس کوّے کي باتیں بھي بادشاہ کو فریب دیں * دوسرے وزیر نے کہا - اي بادشاہ ! داناؤں نے بہُتیري کوشِشیں کر دُشمنوں میں سے ایک کو جُدا کرکے تربیَت کیا ہي اور اپنا کام نِکالا ہي * اب جو یہہ کوّا اپنے گروہ سے بچھڑا ہي اور اِس آفت میں پڑا ہي - چاہئے کہ اِسے ہم اُٹھا لیجاویں اور اِس کي پرورِش کریں - کہ دُشمنوں کے نِفاق سے دوستوں کي خوشي ہي - جیسے شیطان اور STORY VIII. چوّر نے زاہِد کا قصد کیا - اور سبقت کرنے کے واسطے آپس میں لڑے - آخِر زاہِد جان و مال کي زیان سے بچا * وزیرِ اعظم نے غُصّے ہوکر کہا کہ - مُجھے نظر آتا ہي کہ اِس سیَہ رو کوّے کے STORY IX. فریب نے تُم میں اثر کیا ہي - جیسے اُس بیوقوف بڑھئي نے رنڈي کے مکر سے فریب کھایا - اور باوُجود اُس بدکاري کے اُس کو دوست و خیرخواہ اپنا سمجھا * کارشِناس نے آب دیدہ ہوکر کہا - اي شاہِ خُداشِناس ! اِس جَوانِ دانا کي بےرحمي پر نظر کر یہہ کیا گُمانِ بیجا مُجھ پر کرتا ہي ؟ یہہ حالت جو میري اُنھوں نے بنائي ہي ہو سکتا ہي کہ اب تلک اُن کي دولت خواہي کا خیال مُجھے ہووے ؟ چھوٹے بڑے پر یہہ بات ظاہِر ہي کہ یہہ اذیّت بغیر کوّوں کي مُخالفت کے نہیں ہو سکتي ہي * وزیر نے کہا - اي مکّار فریب کار ! یہہ کیا افسوس ہي جو تو پھُونکتا ہي ؟ اور کیا سُخن آرائي ہي جو تو کرتا ہي ؟ تو نے نہیں سُنا ہي کہ جان نثار نوکروں نے اپنے خاوند کي دولت خواہي کے واسطے جان دریغ نہیں کي ہي ؟ تو نے تو ابھي اپنے پروبال ہي کو بر باد کیا ہي - اور نہیں سُنا STORY X. ہي کہ ایک بندر اِسي شکل سے جو تو آیا ہي ریچھوں سے مِلا - اور اپنے تئیں اُن کا دوست ٹھہراکر اُس بیشۂ مرد آزمائے میں - جہاں سموم جان گُداز چلتي تھي - لے گیا - اور اُنھیں ہلاک کیا اور اپني بھي جان کھوئي * شاہِ بوم نے غُصّے ہوکر کہا کہ - تو یہہ کیا بیجا باتیں اور بیہودہ قِصّے کہتا ہي ؟ مظلوم کو مارنا کِسي دین و آئین میں دُرست ہي ؟ غرض کارشِناس کو لیگئے - اور اُس کي پرورِش

کرنے لگے * ایک دِن کارشِناس نے شاہِ بوم سے عرض کي کہ - کوّوں کا بُغض میرے دِل سے نہیں جاتا هي - اور مَیں جانتا هوں کہ جب تلک کوّوں کے بھیس میں رهونگا یہہ اُمّید بر نہ آویگي * اگلے داناؤں سے سُنا هي کہ - جو کوئي جلتے وقت کُچھ دُعا مانگے قبول هوتي هي * خود بدولت حُکم کریں مُجھے جلاویں - تو مَیں اُس وقت خُدا سے مُناجات کروں کہ مُجھے بوم کردیوے - شاید یہہ دُعا قبول هو - اور بوم کي صورت هوکر اپنا بدلا کوّوں سے لوں * بادشاہ کو اُس پر بہُت اِعتِماد تھا * وزیرِ اعظم سے پوچھا کہ - اِس میں تو کیا کہتا هي ؟ اُس نے عرض کي کہ - یہہ سب مکر و فریب هي - اُسّے راستي هرگز مُتصوّر نہیں - بِالفرض اگر وُہ بوم هو جاوے - تب بھي اُسّے نیکي نہ هوگي * جِسکي سرِشت میں بدذاتي هي لِباس کے بدلنے سے خیراندیش و نیک ذات نہ هوگا - جیسے وُہ چُہیا جو STORY XI. زاهِد کي دُعا سے ایک خوب صورت لڑکي هو گئي تھي - اپنے تئیں بُزرگوں میں نہ مِلا سکي - اور بغیر چوهے کے تسکین اُس کي نہ هوئي - یہاں تلک کہ پھر زاهِد کي دُعا سے چُہیا هو گئي * شاہِ بوم کے بخت پر گشتہ هوئے تھے - اِسلئے خیرخواہ داناؤں کي بات نہ سُنتا تھا - یہاں تلک کہ کارشِناس اُن کا محرمِ راز اور واقِفِ اسرار هوا * ایک دِن فُرصت پاکر شاہِ زاغ کے پاس جا عرض کي کہ - فُلانے غار میں اُلو رهتے هیں - آپ حُکم کیجئے کہ فُلانے وقت درگاہ کے مُلازموں سے هر ایک تھوڑي سي لکڑیاں اُس غار کے دروازے پر رکھّے - اور مَیں ذري سي آگ لاکر اُن کو پھونک دوں - اُلوؤں میں سے جو باهر نِکلے جلے - اور جو وهاں رهے دم گھُٹ کر مر جاوے * کوّوں کے بادشاہ نے کارشِناس کي تدبیر پر عمل کیا - اور تمام اُلو اُس کوّے کے فریب سے هلاک هوئے * کوّوں کے بادشاہ نے کارشِناس کو اپنے لشکر کا سردار کیا اور کہا - اي دور اندیشِ راست تدبیر ! تو نے اِتني مُدّت اُن کے ساتھ کیونکر گُذران کي - اور اُن کي خِدمت کا ننگ کِسطرح اپنے اوپر گوارا کیا ؟ کارشِناس نے کہا - کمالِ خِدمتگاري یہہ هي - کہ اپنے آقا کے کام کے واسطے اپني آبرو و حُرمت کا لِحاظ نہ کرے * اگلے زمانے کے بُزرگوں نے فروتني کرکے STORY XII. کمینوں سے عاجِزي کي هي - جیسے وہ سانپ بُڑھاپے کے سبب شِکار نہ کر سکتا تھا - اِس لئے اپنے تئیں فریب سے مینڈک کا مرکب بناکر زیست کرنے لگا * مَیں نے اگر اپنے خاوند کے کام کے لئے کئي دِن اُلوؤں کي خِدمت کي - تو کونسا بڑا کام کیا * نوکر وہ هي کہ اپنے آقا کے کام میں جان و مال ناموس اور دین کو تصدّق کرے - تب بھي اُسے اچّھي خِدمت نہ سمجھے * بادشاہ نے کہا - اي کارشِناس ! یقین جانیو کہ اُلوؤں کے عاجِز هونے اور هلاک هونے کا اصلِ سبب غُرور تھا - کہ دولت کي کثرت اور دُنیا کي کامیابي سے مست هوکر اپنے کام کو نہ سمجھے - اور نجانا کہ ایک STORY XIII. ضعیف چڑیا نے سانپ سے اپنا اِنتِقام لیا * کارشِناس نے کہا - آپ دُرست فرماتے هیں کوئي

آفت بادشاہ کے حق میں اِس کے برابر نہیں کہ اپنے دُشمن کو حقیر سمجھے اور مُلک کو شریک سے خالي جانے - پس عقلمندِ دوراندیش کو لازم هي، که ایسے وقت عقل کي باگ کو هاتھ میں لئے رهے اور کار و بار مُلکي کو جسطرح کار پرداز داناؤں نے عقل کے آئین پر رکھّا هي کرے *

خُلاصے کا خُلاصه یہہ هي - که کِسي طرح دُشمن سے نِڈر نه رهئے - هرچند عِجز و اِنکسار کرے اور اِخلاص و اِعتِقاد کي لاف مارے اُس کو باور نه کیجئے - کیونکه اکیلے ایک کوے نے - باوجود اُس عاجِزي و کمزوري کے - زبردست دُشمنوں کو - باوصف اُس کثرت کے - ایسي هزیمت دي *

اور ایک فائدہ اِس داستان کا یہہ هي - که سبھوں کو (خُصوص بادشاهوں کو) دانا اور یکدِل دوستوں سے مُفید کوئي چیز نہیں - اِسلئے که دوستي اور دانِش کارشناس کي اور یکدِلي و دوراندیشي میموں کي شاہِ زاغ و شاہِ بوزنه کے کام آئي - خُدا تعالےٰ اپني نوازِشِ بے نِہایت سے جِس کو عقلِ کامِل دے - وہ اپنے خیرخواہ دوستوں کو نَوازے اور اُنکي صُحبت سے بہرہمند هوے اور اپنے دُشمنوں سے بھي پرهیز کرے اور اُنکي بدي سے نِڈر رهے *

ساتواں باب

غفلت سے مقصد کھونے میں

CHAPTER VII.—Of losing the objects of one's desire through negligence.

راے دابشلیم نے بیدپاے برهمن سے کہا کہ ـ دُشمنوں کے مکر سے پرهیز کرنے اور اُنکي باتوں پر اِعتماد نہ کرنے کا قِصّہ تو نے بیان کیا ـ اب اُمّیدوار هوں کہ اِس بات کو بیان کرے ـ کہ مقصد کے بہم پہنچانے کي تلاش میں کیا کیجئے ؟ اور اُسکي حِفاظت میں کیونکر سعي بجا لایئے ؟ اور بے پرواہ غافِلوں کا زیان کیونکر هوتا هي ؟ برهمن نے راے کي عقل پر اور دِل پسند باتیں پوچھنے پر آفریں کي اور کہا کہ ـ داناؤں پر یہہ بات چھپي نہیں هي کہ مطلب کي حِفاظت اُسکے حاصِل کرنے سے مُشکِل هي ـ کیونکہ کبھي بخت و طالِع کي یاوري سے مُشکِل کام بآساني حاصِل هوتا هي ـ اور بغیر مِحنت و کوشش کے هاتھ لگتا هي ـ پر حِفاظت اُسکي بغیر مِحنت اور نیک تدبیر کے نہیں هو سکتي هي * اي راے بُزُرگ ! داناؤں نے کامیابي و حصولِ مقصد سے مغرور نہ هوکر هميشہ اُسکي حِفاظت میں هوشیاري کي هي ـ اور دانائي سے بہتیرے حیلے اور تدبیریں کي هیں ـ اِسلئے روزِ بد میں گِرفتار نہیں هوئے هیں ـ اور خُدا کي رضا حاصِل کرکے نیک نام رهے هیں * اور کم ظرفوں نے مطلب حاصِل هونے کے سبب اپنے تئں بهول کر مُراد هاتھ سے کهو دي هي ـ اور بہت سي اذیتیں کھینچیں * یقین جانو کہ جو کوئي دوراندیشي و پیش بیني کي دولت سے محروم هي ـ جو کُچھ اُسنے بہم پہنچایا هو ـ تهوڑے دِنوں میں برباد جاوے ـ اور سِواے افسوس و پشیماني کے کُچھ هاتھ نہ لگے ـ جیسے ایک کچھوے کو ایک بندر بہت دوست و مہربان بے مِحنت هاتھ لگا تها ـ اور بیوقوفي و بیفِکري سے ویسے بُزُرگ کو کهویا اور زخم اُسکي نادانی کا کِسي مرهم سے چنگا نہ هوا * راے نے پوچھا ـ وہ کیونکر هي ؟

حِکایت ۱

THE STORY OF THE MONKEY-KING, KÁRDÁN AND THE TORTOISE.

برهمن نے کہا ـ نقل هي کہ دریاے اخضر کے کِسي جزیرے میں بہت سے بندر رهتے تهے ـ کاردان نامے اُنهوں کا حاکِم تها ـ اُسنے کمال دانائي کے سبب سلطنت کے کام کو کیا رعیّت پروري اور دُشمن شِکني ـ جیسا چاهئے سرانجام کیا تها ـ ازبسکہ زمانہ بیوفا کي خو هي کہ جِس کو کِتنے ایک دِنوں کامیاب کرے ـ آخِر نامُرادي کا شربت اُسے پِلاوے *

کاردان کو بُرھاپا آيا - روشني آنکھوں کي اور زور بدن کا گھٹ گيا * ارکانِ دولت نے بيوفائي کا طريقے اِختيار کر - اُسکے خويشوں ميں سے ايک کو اُس مُلک کا مالِک کيا - اور اُس بُڈھے ناتوان کو معزول کر ديا * بيچارے کاردان نے يہہ عار اپنے اوپر روا نہ رکھي اور اپني بہتري سفر ميں ديکھي * آخر خُدا کے فضل سے ايک جزيرے کے کِنارے - جو ميووں سے بھرا تھا - پہُنچا - اور جنگل کے تروخُشک ميووں پر قناعت کر رياضت اِختيار کي * اوقات - جو غفلت ميں کٹي تھي - اُسکي تلافي ميں سعي کرتا تھا * ايک دِن انجير کے درخت پر چڑھکر انجير توڑتا تھا * يکايک ايک انجير اُسکے ہاتھ سے چھوٹکر پاني ميں گِرا * اُسکي آواز - جو اُس کے کان ميں پہُنچي - تو ايک ذوق اُسکے دِل ميں پيدا هوا * هر گھڑي اُسيطرح ايک ايک انجير پاني ميں ڈالتا تھا - اور اُسکي آواز سے خوش هوتا تھا * ايک کچھوا - جو اُسپار سے سير کے لئے آيا تھا اور اُس درخت کے نيچے پاني کے اندر تھا - جِس وقت انجير پاني ميں گِرتا کمال رغبت سے کھاتا - اور خيال کرتا کہ - بندر ميرے واسطے پھينکتا هي * سوچا کہ - هرگاہ ايک بيگانہ مُجھ سے يہہ بھلائي کرتا هي - اگر اُسّے آشنا هوجئے اور دوستي کيجئے - يقيناً نيکياں اور خوبياں ميرے حقّ ميں بجا لائيگا * آخِر جو کُچھ اپنے دِل ميں ٹھہرايا تھا تقريرِ دِلپسند سے بَيان کيا * کاردان بھي خوش هوا اور دِلپسند جواب ديا - اور بات کو اِس حدّ تلک پہُنچايا کہ - تنہائي کي وحشت چھوڑني اور دوستوں سے اُلفت کرني داناؤں کي نيک خصلتوں سے هي * عقلمندوں نے دوستي کے واسطے کہا کہا تصديعيں نہيں کھينچي هيں * کچھوے نے بندر کي مہربانيوں سے خوش هوکر کہا - اگرچہ ميں تيري دوستي کي آرزو رکھتا هوں - پر اِس سوچ ميں هوں - کہ مُجھے تيري دوستي سے سرفراز هونے کي قابليّت هي يا نہيں ؟ بندر نے کہا - دوراندےش داناؤں نے دوستي کے باب ميں ايک آئين مُقرر کيا هي اور کہا هي کہ - تين قوم کے ساتھ دوستي و آشنائي کرني عقلمندي کے آئين ميں پسنديدہ هي * ايک - وے دانا جو هميشہ زندگي اپني خُدا کي رضا ميں صرف کريں * دوسرے - وے جو اصالتِ ذاتي کے سبب دوستوں کي خطا کو دُشمنوں سے چھپاويں - اور اپنے يارکے نصيحت کرنے سے باز نرهيں - اور اسکي آزُردگي سے انديشہ نہ کرکے اِصلاحِ کار سے اُسکي غافِل نہ هوويں * تيسرے - وہ گروہ جو بے غرض هو لالچ نہ کرے * اور يہہ بھي بيدار دِل داناؤں نے کہا هي کہ - تين فِرقے سے آشنائي نہ کيجئے - دوستي کا تو کہا ذکر؟ ايک تو - وہ گروہ جو هوا و هوس ميں گِرفتار هووے - اور اُسے اپني خواهِشِ نفس کي فِکر رهے * دوسرے - وے جھوٹھے جو هميشہ جھوٹھي باتيں تيرے پاس پہُنچاويں - خواہ اپني خواہ اوروں کي - اور تيري طرف سے جھوٹھ بناکر تيرے دُشمن سے کہيں * تيسرے - وے احمق اور بےوُقوف جو نيک کو نيکتر سے اِمتياز نہ کريں - بلکہ بھلے بُرے ميں تفاوُت نہ کر سکيں * دليل اِس بات کي جو داناؤں نے کہي هي يہہ هي کہ - دانا دُشمن نادان دوست سے بھلا هي - يہہ هو سکتا هي - کہ دُشمن جب کہ عقل کے زيور سے آراستہ هو - دوراندےشي نہ چھوڑے - اور جب تک

فُرصت نہ پاوے ـ آسیب نہ پہُنچاوے * پس اپنے تئیں اُسے محفوظ رکھئے * اور جو دوست کہ دولتِ دانِش سے بےنصیب ہو ـ ہرچند اپنے دِل میں خیال مدد کا رکھے ـ پر جب غور سے دیکھئے ـ تو ظاہِر ہووے کہ تائید اُس کي عین ضرر هي * اکثر ہوتا هي کہ اُس کي تدبیرِ ناقص سے رنج و حیراني کے کوچے میں پڑتا هي ـ جیسے کشمیر کا حاکِم بوزنۂ پاسبان کے محبّت سے جو اُس کي خوشي خاطِر کا باعِث تھا قریب تھا کہ ہلاک ہووے ـ اور اگر وہ چور جو دُشمنِ دانا تھا فریاد کو نہ پہُنچتا ـ اُسکا کام تمام ہوتا * کچھوے نے کہا ـ وہ کیونکر هي ؟

حِکایت ۲

THE STORY OF THE KING OF KASHMÍR AND HIS MONKEY-SENTINEL.

کاردان نے کہا ـ میں نے سُنا هي کہ کشمیر کے مُلک میں بڑا ایک حاکِم تھا ـ وہ ایک بندر کو بہُت عزیز رکھتا تھا ـ اور بادشاهي نوازِشوں سے اُسے نِوازا تھا ـ ہمیشہ بندر محبّت سے خِدمت میں حاضِر رہتا ـ اور رات کے وقت ایک آب‌دار کٹار هاتھ میں لیکر حاکِم کے سِرهانے کھڑا رهتا ـ فجر تلک لازمہ نِگہباني کا بجا لاتا ـ اور یہہ خِدمت اپنے شوق سے کیا کرتا * اِتِفاقًا ایک دانا چور دور سے کشمیر میں آیا * ایک رات چوري کے واسطے نِکلکر محلّے محلّے گلي گلي پِھرتا تھا * ایک نادان چور ـ جو اُس شہر میں تھا ـ وہ بھي اُسي خیال میں نِکلا تھا ـ ہمجِنسي کے سبب دونوں مِلے * مُسافِر چور نے پوچھا ـ اي یار! ہمیں کِس محلّے میں جانا مُناسِب هي ؟ اور کِس کے گھر میں سیندھ دینا بِہتر؟ بیوقوف چور نے جواب دیا کہ ـ یہاں کے رئیس کے طویلے میں ایک موٹا تازہ تیزرو گدھا هي ـ کہ وہ اُس کو بہُت عزیز رکھتا هي ـ اور زنجیر سے مُحکم باندھکر دو غُلاموں کے سپُرد کیا هي ـ صلاح یہہ هي کہ پہلے وهاں چلیں اور اُس گدھے کو چُراویں ـ تب شہر کے چوراہے میں جو ایک شیشہ‌گر کي دوکان هي ـ وهاں کودنبھل دیں اور خوش‌رنگ صاف شیشے نِکال ـ اُس گدھے پر لادکر گھر کو جاویں * دانا چور اِس کي باتوں کي طرز سے حیران هوا ـ اور چاهتا تھا کہ اُس کا احوال دریافت کرے * یکایک کوتوال اُن کے سامهنے آ پہُنچا ـ دانا چور عقل کي مدد سے ایک دیوار کي اوٹ میں چھپا ـ اور نادان پکڑا گیا * کوتوال نے پوچھا ـ کہاں جاتا هي؟ اور تو کون هي ؟ جواب دیا کہ ـ میں چور هوں ـ اور چاهتا هوں کہ شہر کے رئیس کا گدھا چُراؤں ـ اور شیشہ‌گر کي دوکان توڑکر شیشہ لادکر گھر کو لیجاؤں * کوتوال نے هنسکر کہا ـ چور اُسي کو کہئے کے ایک گدھے کے لئے ـ جو مضبوط بندھا رهتا هي اور کِتنے نِگہبان اُس پر مُقرّر هیں ـ اور اُن شیشوں کے واسطے جو ٹکے کو دس دس بِکتے هیں ـ اپنے کو هلاکت کے گِرداب میں ڈالے * ایسا خطرناک کام اگر راے کے خزانے چُرانے کے لئے کرتا ـ تو ایک بات تھي * یہہ کہکر هاتھ باندھ پنڈت‌خانے میں بھیجا * دانا چور کو احمق چور کي باتوں سے نصیحت هوئي ـ اور کوتوال کي باتوں

سے تجربہ حاصل کر اپنے دل میں کہا کہ - یہہ چوڑ میرے حق میں نادان دوست تھا - اور کوتوال دانا دشمن - اُس دوست نے بیوقوفي سے مجھے ہلاک کیا تھا - اگر یہہ دانا دشمن نہ ہوتا تو کام میرا ہاتھ سے جا چکا تھا - اور جان میري اِس خیال میں تمام ہوئي تھي * اب جس طرح کوتوال نے کہا - راے کے خزانے کي طرف رُخ کرنا بہتر نظر آتا ہي * تب آہستہ آہستہ راے کے محل کے نیچے آکر سیندھ دینے لگا * آخر شب تلک روپئوں کي آرزو میں پتھروں کو اپنے ہتھیاروں سے تراشتا تھا * تھوڑي سي رات رہگئي تھي کہ سرا سیندھ کا راے کي خوابگاہ کے پاس نکلا * دیکھا کہ - وہ تختِ زرین پر سوتا ہي - اور دُنیا کا اسباب کیا بیش قیمت جواہر؟ کیا اور چیزیں اُس کے آس پاس پڑي ہیں؟ خطائي پردے ہرطرف لگے ہیں - کافوري بتیاں روشن ہیں - نورِ سلطنت ہرطرف سے چمکتا ہي * جب خوب غور کي تو دیکھا کہ - ایک بندر کٹار ہاتھ میں لئے بادشاہ کے سرہانے کھڑا ہي - اور پاسباني کي نظر سے دہنے بائیں دیکھتا ہي * چوڑ حیران ہوا کہ کہاں بندر؟ اور کہاں پاسباني؟ اِس بیچارے کي سکت کہاں؟ اور شمشیرِ آبدار کہاں؟ اِس سوچ میں تھا کہ یکبارگي کتني چیونٹیاں چھت سے بادشاہ کے سینے پر گریں * بادشاہ نے اُن کے رینگنے سے عین خواب میں چھاتي پر ہاتھ مارا * بندر نے جھک کر دیکھا کہ - چیونٹیاں راے کے سینے پر پھرتي ہیں * غصّے ہوکر کہا - مجھ جیسے پاسبان کے ہوتے ادنیٰ چیونٹي کو کیا مقدور ہي جو بےادبي کرے اور پانو میرے خداوندِ نعمت کي چھاتي پر دھرے * تب مارے غصّے کے کٹار نکالا کہ راے کي چھاتي پر مارے اور چیونٹیوں کو ہلاک کرے * چوڑ پکارا - اي نامردِ بےباک! اپنے ہاتھ کو تھام کیا ایک عالم کو تلف کریگا؟ یہہ کہکر لپکا اور بندر کا ہاتھ کٹار سمیت مضبوط پکڑ لیا * راے اِس شور سے چونک پڑا اور چوڑ سے پوچھا - تو کون ہي؟ اُس نے جواب دیا کہ - میں تیرا دُشمنِ دانا ہوں - چوري کو یہاں آیا تھا - اگر ایک دم تیري حفاظت میں دیر کرتا - تو یہہ بیوقوف جانور - جو تیرا دوستِ نادان ہي - تیري خوابگاہ کو لہو سے بھر دیتا * راے اِس احوال پر مطّلع ہو - سجدہ شکر کا بجا لایا اور بولا - سچ ہي - جب خُدا کي عنایت کسي کي حفاظت کرے - چوڑ پاسبان ہو جاوے - اور دُشمن مہربان * تب چوڑ کو نوازا اور اپنا مُقرّب کیا - بندر کے گلے میں زنجیر ڈلواکر اصطبل میں بھیجا * غرض چوڑ - جسنے دولت کي اُمّید پر کمر باندھکر خزانے کي دیوار توڑي تھي - قباء دانش پہنے ہوئے تھا - تاجِ دولت اُس کے سر پر رکھا گیا - اور بندر جو اپنے کو پاسبان اور محرمِ راز سمجھا تھا - پایۂ اعتبار سے گرا - عزّت کا خلعت اُسکے بدن سے اُتارا گیا *

کاردان نے کہا - یہہ قصّہ اِسلئے میں نے ذکر کیا - کہ اِنسان کو چاہئے کہ دوستي عقلمند سے کرے - اور نادان دوست کي صحبت سے کوسوں بھاگے * اي کچھوے! یہہ دانش جو بظاہر تجھ میں دیکھتا

ہوں - اگر فی الواقع یوں ہیں ہی - البتہ تو لائق دوستی کے ہی * کچھوے نے - جب یے باتیں سُنیں - کہا - ای دریاے دانش ! تو نے میرے گوشِ دِل کو حِکمت کے دُرِ شہوار سے زیب دی - اب کہہ کہ دوست کئی قِسم کے ہیں؟ کاردان نے کہا - حکیموں نے فرمایا ہی کہ - دُنیاداروں میں وے - جو دوستی کا دعویٰ کرتے ہیں - تین گروہ ہیں - بعضے غِذا کا حُکم رکھتی ہیں - کہ کِسی طرح اُن سے گریز نہیں - اور بغیر اُنکے جلوے کے صُحبت کی شمع بےنور ہی * اور ایک گروہ دوا کے مانند ہی - کہ کبھی اُسکی طرف اِحتیاج ہوتی ہی * اور بعضے درد کی طرح ہیں - کہ کِسی وقت کام نہ آویں - بلکہ دوستی کے لِباس میں رہکر ایذا پہنچاویں * اور اُنہیں کو مُنافِق کہتے ہیں - کیونکہ تُجھ سے بظاہر مِلتے ہیں - اور تیرے دُشمنوں کی مُوافقت بھی نہیں چھوڑتے ہیں * پس دانا کو چاہئے کہ ایسے دوست نُما دُشمنوں سے پرہیز کرے - یکرنگ دوستوں اور مُخلِص مُصاحبوں کا آسرا لیوے * کچھوے نے کہا - کہا کام اِختیار کیجئے کہ تمام شرطیں دوستی کی ادا ہوویں؟ بندر نے کہا - جو چھ صِفتوں سے موصوف ہو - اُسکی دوستی میں کُچھ خلل نہیں پڑتا ہی * ایک یہہ کہ - اگر دوست کے کِسی عیب سے واقِف ہو کِسو سے نہ کہے * دوسری یہہ کہ - اگر ایک ہُنر اُسکا جانے - دس درجے بڑھا کر کہے * تیسری یہہ کہ - اگر دوست سے کُچھ اِحسان دیکھے - اُسکو نہ بھولے * چوتھی یہہ کہ - اگر کُچھ نفع پاوے - اُسکو یاد رکھے * پانچویں یہہ کہ - اگر دوست کا کُچھ قُصور دیکھے - مُؤاخذہ نہ کرے * چھٹی یہہ کہ - اگر دوست عُذرخواہی کرے - مان لے * جِس میں یے صِفتیں نہ پائی جاویں - وہ دوستی کے لائق نہیں - جو کوئی اُسّے دوستی کریگا آخِر پشیمان ہوگا * جب بات یہاں تلک پہنچی کچھوے نے کہا - مُجھے گُمان یہہ تھا - کہ تیری دوستی میں مُستقِل رہونگا * اگر اپنی دور اندیشی سے میری راستی دریافت کرکے اپنی دوستی میں سرفراز کرے - تیری بُزرگی و بندہ نوازی سے کُچھ بعید نہیں * بندر از راہِ مُروّت درخت سے اُترا - کچھوا بھی پانی میں سے نِکلا - درخت کے پاس آپس میں گلے مِلے - پیمان دوستی کیا - اور وحشت تنہائی اور مُسافرت کی بندر کے دِل سے جاتی رہی - اور کچھوا بھی اُسکی دوستی سے خوش دِل اور آسودہ خاطِر ہوا - اور روز بروز محبّت و یکدِلی اُنکی زیادہ ہوتی تھی - یہاں تلک نوبت پہنچی کہ بندر اپنے مُلک و حُکومت کو بھول گیا - اور کچھوے نے بھی اپنے اہل و عیال کو فراموش کیا * جب ایک مُدّت اِسی طور پر گُذری - اور کچھوے کی خبر اُسکی مادہ کو نہ پہنچی - بیشمار غم اور بے نہایت ملال اُسکو ہوا - اور روز بروز حقیر و ناتوان ہونے لگی * آخِر اپنے ایک ہمجنس دوست سے اِس قِصّۂ پر غُصّہ کو بیان کیا - اور اِس امر کی صلاح پوچھی * اُسنے کہا - ای بہن ! جو تو باور کرے اور مُجھے جھوٹھی نہ سمجھے - تو تُجھے اِس حال سے مُطّلِع کرتی ہوں * مادہ نے کہا - ای دوستِ مہربان ! تُجھے میں دِل سوز اور راست گو جانتی ہوں - جو کُچھ تو جانتی ہی بیان کر - اور میرے کام کی تدبیر ٹھہرا *

جواب دیا - مٹیں نے سُنا هي که تٹرے نرنے ایٹک بندر سے دوستي کي هي - اور اُسکي محبّت کے برابر کِسي نِعمت کو نہیں سمجھتا هي * مادہ نے جو یہہ سُني - مارے غیرت کے اُسکے سِر سے پانو تلک آگ لگي - کبھي زمانے پر طعنے کي زبان کھولتي تھي - کبھي اپنے نصیبوں کو کوستي تھي * اُسکي دوست نے کہا - اِس بےهودہ غم کھانے سے کیا فائدہ هي ؟ بِہتر هي که کُچھ تدبیر کرتا که خاطِرجمعي حاصِل هووے * دوست کي نصیحت مان‌کر اِسکام کي تدبیر کے در پي هوئي - کوئي صلاح بندرکے مارنے کے سِوا اُنھیں نہ سوجھتي تھي - اور اِس ماتے مٹیں دونوں سوچتي تھیں * مادہ نے مُنہہ‌بولي بہن کے کہنے پر اپنے تئیں بیمار بنایا - اور کِسي کو کچھوے کے پاس بھیجکر اپني بیماري کي خبر کي * کچھوے نے اِس خبر سے غمگین هوکر بندر سے رُخصت مانگي که گھر کو جاکر بیمار کي احوال پُرسي کرے * بندر نے کہا - اي دوستِ غمگُسار ! چاهیٹے که تو جلدي پھر آوے - اور مُجھ غریب کو اِس گوشے مٹیں تنہا نہ چھوڑے * کچھوے نے کہا - اي یارِ عزیز ! ناچار چند روز مٹیں تُجھ سے بظاهِر جُدا هوتا هوں - پر اپني جان تئیں پاس چھوڑے جاتا هوں - جلد مُجھے اپنے پاس پُہنچا جانیو * تب چار و ناچار اُسّے رُخصت هوکر اپنے وطن کي طرف چلا * جب وهاں پُہنچا دوست آشنا جمع هوئے اور خیر و عافیت پوچھنے لگے * کچھوا دوستوں اور محرموں کے ساتھ گھر مٹیں آیا اور اپني مادہ کو بِسترِ ناتواني پر پڑا دیکھا که نہ بولنے کي طاقت رکھتي تھي - نہ اُٹھنے کي قُوّت * هرچند کچھوے نے شرط دوستي و مِہرباني کي بجا لاکر باتیں پوچھیں - پر کُچھ جواب نہ پایا * تب اُسکي مُنہہ‌بولي بہن سے - جو اُسکي بیمارداري کرتي تھي - پوچھا که - یہہ کیوں نہیں بولتي ؟ اور اپنا احوال مُجھ پریشان‌خاطِر سے کیوں نہیں کہتي ؟ اُسنے ایٹک ٹھنڈھي سانس بھرکر کہا که - جو بیمار عِلاج سے نا اُمّید هو - دِل اُسکا کیونکر بولنے کي اِجازت دیوے ؟ کچھوا بیماري کي باتیں سُنکر رونے لگا اور کہا که - کونسي دوا هي جو اِس مُلک مٹیں مِل نہیں سکتي ؟ جلد کہہ تا اُسکے بہم پہُنچانے مٹیں تگ و دو کروں * بیماردار نے جواب دیا که - ایٹک درد جو خاص عورتوں کو هوتا هي اِسکے پیٹ کے اندر هوا هي - اور بندر کے دِل کے سِوا - اِسکے دور هونے کي کوئي دوا نہیں * کچھوے نے کہا - یہہ کہاں سے هاتھ لگیٹگا ؟ اور کیونکر ملیٹگا ؟ وہ مُنہہ‌بولي بہن - جو یہہ مکر اُسي نے پھیلایا تھا - بولي که - مٹیں بھي جانتي هوں که اِس دوا کا هاتھ لگنا مُشکِل هي - پر تُجھے اِس عِلاج کے ڈھونڈھنے کو نہیں بُلایا هي - بلکہ آخِري دیدار دیکھنے کے واسطے تا اپني یارِ وفادار کو دیکھے - اِس بیچاري کو پھر نہ اُمّید جُفت کي هي - نہ راحت صُحبت کي * کچھوا بہُت غمگین هوا - اور هرچند سوچا - پر سِوائے بندر کے مارنے کے - جو یار اُسکا تھا - کوئي تدبیر نہ دیکھي - اُسکي طبیعت اور عقل مٹیں نِزاع هوئي - عقل نصیحت کرتي تھي که دوست کے مارنے کا قصد کرنا مُروّت نہیں هي - خُصوص وہ دوست جو دانائي و هُنرمندي سے آراستہ هي - اور اِستِحکامِ دوستي مٹیں کِتنا عہد و پیمان درمیان مٹیں آیا هي - یہہ مُروّت سے بعید هي - که تو اُسکا قصد کرے

اور اُسکے خون کي تدبیر سوچے - ایسي بیوقوفي نہ کر * کچھوے کي طبیعت کہتي تھي کہ - جو گھر کي آبادي اور سرانجام خانہداري کا باعث اور نقد و جنس کي حفاظت کرنےوالي هي - اُس کي خاطر نکرني - اور جس کو تجھ سے نہ همجنس هي نہ خویشي اُس آشنا کا پاس کرنا دانائي سے بعید هي * غرض کچھوے کي عقل سخت سخت باتیں کہتي تھي اور طبع شوم اُسکے مقابل وسواس ڈالتي تھي - ازبسکہ زمانۂ نامُوافق کي روش یونہیں هي کہ عقل عاجز اور نامُراد هوتي هي اور طبع هواپرست همیشہ کامیاب و فتح یاب - کچھوے کي طبیعت غالب هوئي - اور اُسکے نفس شوم کو اِس بات پر لائي کہ - ایک فریب ٹھہراوے اور اپنے یار کا قصد کرے - یہہ نجانا کہ بیوفائي و ناراستي وہ بلا هي کہ ثمرہ اُسکا اُسیکو ملتا هي اور بدنامي و بدسرانجامي بیوفاؤں کے نصیب میں هوتي هي * کچھوا اِس اندیشۂ نامُبارک کے بعد اپنے دل میں سوچا کہ - جب تلک بندر کو اپنے گھر میں نہ لائے فریب بن نہ آویگا - تب اِس ارادے سے بندر کے پاس گیا * وہ کچھوے کي جُدائي سے جان بلب هو رها تھا * اپنے یار کو دیکھکر بہت خوش هوا اور بچّوں اور خویش و اقربہ کي خیر و عافیت پوچھنے لگا * کچھوے نے جواب دیا کہ - تیرے فراق کے قلق سے مُجھے چین نہ پڑتا تھا - اور تیرے جمال کي یاد میں کِسي کے احوال سے چندان خبر نہ رکھتا تھا * جب تُمھاري تنہائي کو سوچتا - زندگي مُجھ پر ناگوار هوتي - قبل اِسکے کہ اپنے بچّوں اور عزیزوں کي خبرگیري کروں تُمھاري مُلاقات کو آیا * اگر تُم کو فُرصت هو اور میرے گھر تشریف لیچلو اور میري اهل و عیال کو اپنے دیدار سے خوش کرو - تو مُجھے بھي تُمھاري مُلاقاتوں سے آرام حاصل هووے - اور اپني قوم میں سرفراز بھي هوں * جو کُچھ هو سکے تُمھاري مہماني میں خرچ کروں اور قصّہ تُمھاري محبّت و وفا کا اپنے خویشوں اور بچّوں سے کہوں * بُزُرگوں کا کہا نُقصان هو اگر ایک غریب کے گھر جاویں اور مقصد ایک نامُراد کا برلاویں * بندر نے کہا - جو میرے تیرے درمیان میں دوستي هي تکلّف و مہماني کي کُچھ احتیاج نہیں هي - کیونکہ دوستوں اور بھائیوں میں بدتر وہ هي کہ جسکے واسطے تکلّف ضرور هو - اور میرا یہہ رُتبہ بھي نہیں هي کہ میرے جانے سے تُجھے بُزُرگي هووے - بلکہ میں تیري دوستي و مہرباني کے سبب قید غم سے چھوٹا - اور تنہائي کي خواري سے چھوٹکر وطن کي جُدائي کے بارِ گران اور دولت کي بیوفائي کے رنج سے امان پائي هي - اگرچہ مُجھ پر تیرے حقّ بہت هیں اور تُجھ سے جُدائي اِختیار کرني مُشکل هي - پر اِس تکلّف و سخن آرائي سے درگذر - کہ دوستي میں صفائي دِل کا اِعتبار هي - نہ اسبابِ دُنیا کے بہم پہنچانے کا - کیونکہ اُسکو قیام نہیں اور ساتھ اِسکے کِسي سے وفا بھي نہیں کرتي هي * کچھوے نے کہا - تو سچ کہتا هي - میرا ارادہ بھي یہي تھا کہ ایکدم تُجھ سے جُدا نہوں اور همیشہ تیرے سایۂ وصال میں رهوں * بندر نے دوراندیشي سے اپنے وهاں جانے کي صلاح نہ دیکھي اور عُذر نجانے کا درمیان میں لاکر کہا - اي بھائي ! دوستي کے مُلک میں نزدیکي و دوري نہیں هي - همیشہ

ديدۂ دِل دوست کے جمالِ جہان‌آرا کو ديکھتا هي - اور جُدائي ظاهري کي گرد اُسکي چہرۂ مقصود پر نہيں لگتي هي * کچھوا روبه‌بازي و فريب‌سازي کرکے دوستي‌آميز محبّت‌انگيز باتيں بندر کے لےجانے کے واسطے کہنے لگا - اور بات يہاں‌تلک پہنچائي که - جو کُچھ تو نے کہا - گويا دُرريزي کي ليکن جس طرح سے باطِن کي آنکھيں دوستوں کے جمال سے بينا هيں - اگر چشمِ ظاهر بهي اُن کے حُسنِ دِلاويز سے روشن هو تو اِسے کيا بہتر هي * بندر نے کہا - دوستوں کي دِلجوئي اور اُنکي رضاجوئي مروّت کے آئين ميں واجب هي - پس جو کُچھ فرماويں بجالاؤں - اور اُسکو اِقبال کا وسيله جانوں - ليکن دريا پار اُترنا مُجھے مُشکِل هي -اور جب تلک پار نه اُتريئے تيري جگہہ ميں پہنچ نه سکئے - اِسکي کيا تدبير هي؟ کچھوے نے کہا - اِسکا کُچھ انديشه نه کرو - ميں تمھيں اپني پيٹھ پر ليکر پار اُتارونگا - اور اُس جزيرے ميں جہاں ميرا وطن هي پہنچاؤنگا * غرض کچھوے نے ايسا دم ديا که بندر نے اِختيار کي باگ اُسکے هاتھ ميں دي * کچھوا اُسکو پيٹھ پر لے گهر کي طرف چلا * جب مانجھدهار ميں پہنچا سوچا که - يہ کيا کام ميں نے اپنے اوپر ليا اپني شامتِ نفس کے لئے؟ ايک رنڈي کي خاطِر دوستِ دانا سے بدعهدي و بےوفائي کرني داناؤں کا آئين نہيں - بلکه طريقه کِسيکا نہيں * غرض وهاں ٹهہرکر اپنے دِل ميں يہي سوچتا تها * بندر نے اِس احوال سے اُسکو مُتردّد اور انديشمند ديکھکر پوچھا - مگر ميرا اُٹھانا تُجھ پر دُشوار هوا - جو ٹهہر ٹهہرکر چلتا هي اور فِکرمند هي؟ کچھوے نے کہا - يہ بات تو نے کيونکر جاني؟ بندر نے کہا - تيرے احوال سے دريافت کرتا هوں که تو انديشمند هي اور انجامِ کار ميں حيران هي - اگر مُجھے اِطّلاع کرے تو اغلب هي که ميں کُچھ ٹهہراؤں که تو حيراني سے نِکلے * کچھوے نے کہا - تو سچ کہتا هي اور خوب سمجھا هي - مُجھے يہ فِکر هي که - تُم جيسے بُزُرگ پہلے پہل ميرے گهر ميں چلے هو - ميري جورو بيمار هي - مبادا تُمھاري مِہماني ميں قُصور هووے اور ميں شرمنده هوں * بندر نے کہا - جہاں ياري و يگانگي هي اِس بات کا کيا دخل هي؟ مگر تو نے مُجھے نہيں پہچانا يا ميں نے تُجھے؟ کچھوا کئي قدم آگے بڑهتا تها اور هر دم ايک ايک خيال اُس کے جي ميں آتا تها - يہاں تلک که تهوڑي دور نه چلا تها که پِھر کهڑا رها اور اپنے دِل ميں کہا که - بد عهدي و عهدشکني کا زيان مشهور هي - اور عورتوں کي بےوفائي و ناداني ظاهِر - پس حيف هي که ايسي کي صُحبت کے واسطے ايسے دوست کي جان کا قصد کيجئے - اور چهوٹے بڑوں ميں بدنام هوجئے * حکيموں نے کہا هي - دانا اِس بات پر مُتّفِق هيں که - بےوفائي سے بدتر خصلت کوئي نہيں هي - خُصوص رنڈيوں کي خاطِر دوستوں کے حق ميں * کچھوے کے تيور ديکھکر بندر کي بدگُماني زيادہ هوئي - گهبرايا اور اپنے دِل ميں کہا - اگر کِسي کو دوست کي طرف سے دِل ميں شُبہه گُذرے - چاهئے که تدبير کرے اور آلايش سے دامن کو بچاکر اپنے تئيں پاک رکهے - اِسلئے که اگر يہ گُمان يقين هووے - بدانديشي سے بچے - اور جو غلط هو - بارے صاحبِ اِحتياط کہلاوے اور غفلت کے

عیب میں مطعون نہ ہو * تب کچھوے سے کہا - کہا سبب هي کہ هر دم تیرا اور هي ایک رنگ نظر آتا هي اور مُتفکّر هوتا هي ؟ کچھوے نے کہا - اي بھائي ! مُجھے مُعاف کر - کہ مادہ کي ناتواني و بیماري سے اور بچّوں کي پریشاني سے - جو اُس کي بیماري کے سبب هي - میں غمگین و پریشان خاطِر هوں * بندر نے جواب دیا - میں بھي سمجھتا هوں کہ تیرا تردّد اِسي سبب هي * اگلي داناؤں نے جو کہا هي کہ - بیمارداري سے بیمار هونا بہتر هي - وہ سچ هي * تو نے کُچھ فِکر دوا کي هي اور طبیبوں سے عِلاج پوچھا هي ؟ کچھوے نے کہا - هاں ! اُس کي بیماري طبیبوں سے بیان کي هي - اور اُنھوں نے مُعالجہ اُس کا ایسي ایک دوا پر موقوف رکھا هي جو هاتھ نہیں لگتي - اور پریشاني میري اُسي لئے زیادہ هي * بندر نے کہا - کون سي دوا هي جو عطاروں کي دوکان میں اور دوافروشوں کي تھیلیوں میں نہیں مِلتي هي ؟ اگر بیان کرے اور مُجھے اُسکے اِطّلاع هو - تو کوشش کرکے بہم پہنچاؤں * کچھوے نے بیوقوفي سے کہا کہ - وہ دوا بندر کا دِل هي * یہ سُنتے هي بندر کا دِل هاتھ سے جاتا رها - اور آنکھوں میں تیرگي آ گئي - قریب تھا کہ ڈر کے مارے مر جاوے - آخِر عقل کي مدد سے اپنے تئیں تھام دِل کو ملامت کرنے لگا کہ - اي نفس ! اگر تو حریص نہ هوتا - اِس آفت میں نہ پڑتا - اور جو شُعار رکھتا - تو فریب نہ کھاتا * اب جو کُچھ دیکھتا هي اپني هي هاتھوں دیکھتا هي - خوب هوا کہ اِسکے جزیرے میں جانے سے پہلے اِس دوست نُما دُشمن کے مکر سے واقِف هوا - نہیں تو کام تدبیر کي حدّ سے گُذر چُکا تھا - اور سِوائے جان و دِل کھونے کے کُچھ چارہ نہ تھا - اب بہتر هي کہ کوئي تدبیر کیجئے * تب کچھوے سے کہا - اي بھائي ! اندیشہ نہ کر - عِلاج اُس نیک بخت کا میرے نزدیک آسان هي - هماري مادا[1] کو بھي اِس طرح کي بیماریاں هوتي هیں - اور هم اپنے دِل نِکال کر اُنھیں دیتے هیں - کُچھ اذیّت همیں نہیں پہنچتي هي دِل کو سینے کے اندر سے نِکالنا - پھر وهیں رکھ دینا همارے نزدیک آسان هي - اگر همارے دِل کے کھانے کي اِحتیاج هو - تو بھي مُضایقہ نہیں - کیونکہ هم بغیر دِل کے بھي جي سکتے هیں - اگر تیرا جوڑا بیمار هي - تو مُجھے دِل دینے میں کُچھ دیر نہ لگیگي * حکیموں نے کہا هي - چار شخصوں سے بخیلي کرني بہتر نہیں - ایک بادشاہ - دوسرا دوست - تیسرا شاگِرد - چوتھا فقیر * دِل کیا چیز هي کہ یار کے پاؤں پر صدقے نہ کرئے ؟ نقدِ جان کیا مال هي کہ دوستوں پر نِثار نہ کیجے ؟ اگر یہ احوال مُجھے گھر میں کہتا اور میں اپنا دِل ساتھ لاتا - تو کیا خوب هوتا کہ تیرے جوڑے کو آرام هوتا - اور میں بھي دِل کے هاتھ سے مخلصي پاتا * میں اِسّے بہ تنگ آیا هوں - کیونکہ اِس قدر غم اُس میں بھرے هیں - کہ اُس کي صُحبت سے کوئي چیز مُجھ پر زیادہ نا گوار نہیں * کچھوے نے کہا - تیرا دِل کہاں هي ؟ کیا اپنے ساتھ نہیں لایا ؟ جواب دیا کہ - گھر میں چھوڑ آیا هوں - بندروں کي رسم هي کہ اگر کِسي دوست کي مُلاقات کو جاویں - اور چاهیں کہ خوشي و خُرمي بہم پہنچے -

[1] مادا *mádá*, 'female,' does not occur in the dictionaries, and مادہ *mádah* should make *mádoí*.

اور غم کا هاتھ دامنِ خوشي تلک نه پهُنچے - دِل کوْ اپنے هاتھ نهيں لےجاتے هيں - که وه رنج کي کهان اور غم کا چشمه هي * يه بهُت نا مُناسِب هي که مَيں تيْرے جوْڑے کي بيماري کي خبر سُنوں اور دِل ساتھ نه لاؤں - اگرچه مَيں جانتا هوں که جب تو مےْري دوْستي کي قدر جانتا هي - توْ معذور رکھيْگا - اِس واسطے که مَيں بےخبر آيا هوں - ليْکِن خويْش و آشنا تيْرے مےْري اِس بات کوْ باور نه کرينگے - اور يهي سمجھينگے که يه بدذات اور بدکِردار هي جِس مَيں دوْستوں کوْ فائِده هوْ - اور اُس کوْ بهي ضرر نه پهُنچے وه چيز نهيں ديْتا هي اور بهانه کرتا هي * اگر پهِر چلے توْ مَيں دِل کوْ ساتھ ليْکر آؤں - توْ بِهتر هي که تيْرا مقصد بر آوے - اور مَيں بهي بدنامي سے بچوں * کچهوے کوْ يه بات پسند آئي - تُرت پهِرا اور اِس اُمّيْد پر بندر کوْ دريا کے کِنارے پهُنچايا * بندر في‌الفور دوڑکر درخت پر چڑھ گيا اور خُدا کا شُکر بجا لاکر بيْٹھا * کچهوا ايْک دم اِنتظار کرکے پُکارا که - اي يارِ عزيز! ديْر هوْتي هي اور کام هاتھ سے جاتا هي - جلدي کر * بندر نے هنسکر کها - مَيں نے اپني عُمر حُکومت مَيں کاٹي هي - اور گرم و سرد زمانے کا چکّها - اگرچه زمانے نے اپني بخشِش کوْ مُجھ سے لے ليا - اور فلک نے جوْ کُچھ ديا تها چهين ليا - پر اب‌تک يه حالت نهيں پهُنچي هي - که مےْري عقل جاتي رهي هوْ - اور دوْست دُشمن مَيں فرق نه کر سکوں * تو اِس خيال سے باز آ - اور جوانمردوں کي مجلِس مَيں بيْٹھنے کا قصد نه‌کر - دوْستي کا نام پهِر زبان پر نلے - مُروّت کا دم نه مار * مَيں نے تُجھ مَيں بےْوفائي ديْکهي هي - اور تيْري آنکهوں سے فريْب کا نقش دريافت کيا هي - کام کا کمال هر ايْک آزمايش سے معلوم کيجئے - اور نقدِ مُروّت کوْ تجرِبے کي کسوْٹي سے جانچئے * کچهوے نے شوْر مچايا که - يه کيا گُمان هي جوْ تو مُجھ پر ليْگيا؟ اور يه کيا تُهمت هي جوْ لگاتا هي؟ هرگِز تيْري مرضي کے خِلاف کُچھ مےْرے دِل مَيں نهيں گُذرا - فريْب کا خيال توْ مُمکِن نهيں - اگر تو لاکهوں سنگِ جفا مُجھ پر مارے سِر تيْري آشنائي سے نه اُٹهاؤں * بندر نے کها - اي بےْوقوف! يه چاپلوسي چهوڑ - فريْب کا دام اُٹها - اور يه خيال نه کر - که مَيں ويسا هوں جوْ اُس لوْمڑي نے کها تها که گدهے کے[1] دِل اور کان نه تها * کچهوے نے کها - وه کيونکر هي؟

حِکايت ۳

THE STORY OF THE ASS, THE FOX, AND THE LION.

بندر نے کها - نقل هي که ايْک شيْر بيماري مَيں گِرفتار هوا - اور تپِ دايمي کے ساتھ خارِش سے بهي عاجِز هوا - اور شِکار کرنے سے باز رها * زندگي اُسکے فُضله‌خواروں پر بهي دُشوار هوئي * ايْک لوْمڑي - جوْ اُسکے خوانِ اِحسان کے ريْزه‌خواروں سے تهي - آئي - اور طريقه احوال‌پرسي کا بجا لائي - اور اُس جنگل کے جانوروں کي دِقّت اور بهوکه کي شِکايت

[1] Supply پاس *pás* or شریر مَیں *sharír meh*. The تها *thá* will still be ungrammatical.

کي * شيرنے کہا ـ اي لومڑي ! مُجھے بھي لشکر کي فِکر بہُت هي ـ پر کيا کروں ؟ که مخارِش کے سبب روزبروز لٹا جاتا هوں ـ اور بدَن ميرا کمزوري کے سبب بال کے مابند باريک هو گيا هي ـ اور ميرے بدَن کے بال اُڑ گئے هيں * طبيبوں نے اُسکي دوا گدهے کا دِل اور کان مُقرّر کي هي ـ ميں اِس سوچ ميں هوں که ـ يہہ مقصد کيونکر بر آوے ؟ لومڑي نے کہا ـ اي جہان‌پناہ ! ميري خاطِر ميں يہہ بات گُذرتي هي ـ که آپ کو جنگل سے نِکلنا مُناسِب نہيں ـ مبادا آپ کي شُکوہ دوست و بيگانے کے نزديک گهٹ جاوے ـ اور اِس سبب سے کمال خلل بادشاهت ميں پڑے ـ اور ميں نے صلاح يہہ نہرائي هي ـ که اِس جنگل سے نزديک ايک چشمہ هي ـ ايک دهوبي هر روز وهاں کپڑے دهونے کو آتا هي ـ اور ايک گدها ـ جو لادياں اُسکي اُٹهاتا هي ـ تمام دِن چشمے کے گِرد پِهرتا هي ـ شايد اُسکو کِسي فريب سے اِس جنگل ميں لا سکوں ـ ليکِن آپ قبول کريں ـ که جب اُسکے دِل اور کانوں کو کهاليويں ـ باقي درندوں کو اپنا تصدّق بخش ديں * شيرنے عهد کيا ـ اور لومڑي کمال توقّع سے چشمے کي طرف چلي * دور سے گدهے کو ديکهکر تعريفيں اور دُعائيں ديں * آگے بڑهکر خوشامد کرنے لگي ـ اور اُسکے رنج کا احوال پوچها * دردمند گدهے نے ـ جب اُسے مہربان ديکها ـ اپنے دردِ دِل کو درميان ميں لاکر کہا که ـ يہہ دهوبي هميشه مُجهه سے کام ليتا هي ـ اور ميرے تيمار ميں کوشش نہيں کرتا * لومڑي نے کہا ـ اي بيوقوف ! تيرے پانو هيں اور چلنے کي قوّت بهي مُجهمے هي ـ کِس لئے تو نے يہہ مِحنت اِختيار کي هي ؟ گدهے نے جواب ديا که ـ ميں بوجهہ اُٹهانے ميں مشهور هوں ـ جهاں جاؤں اِس آفت سے نہ بچونگا ـ اور اکيلا ميں هي اِس گِردابِ بلا ميں نہيں پڑا هوں ـ بلکہ ميرے سب همجِنسوں پر يہي اذيّت هي ـ اور ـ بہُت سوچنے کے بعد ـ اپنے دِل ميں ميں نے ٹهہرايا هي ـ که جب سب جگہہ مِحنت کا زهر کهانا هي ـ اور لِباس ناخوشي کا پہنّا ـ بارے ايک هي کے گهر ميں رهوں ـ اور اِس زندگي کے واسطے ـ جو بامُراد نہيں گُذرتي هي ـ خِفّت نہ اُٹهاؤں ـ که دربدر پِهرنا کُچهہ نہيں * لومڑي نے کہا ـ تو غلط سمجها هي ـ سختي ميں نہ مرئے ـ اور يہہ خيال نہ کيجے ـ که ميں يہيں پيدا هوا ـ اور ناچار هوں * خُدا نے زمين کو جو کُشاده پيدا کيا هي ـ اور عالم کو وسيع بنايا هي ـ اِسي لئے هي که اگر ايک جگہہ تنگي هو ـ تو اور طرف جاوے * گدهے نے کہا ـ کوئي کہيں جاوے پر روزي سے زياده نہ مِليگا ـ پس لالچ کرنا اور باوجود تکليف اور بارِ مِحنت کے سفر کا رنج اُٹهانا عقلمندي سے باهر هي * لومڑي نے کہا ـ يہہ بات توکّل کي هي ـ اور تيرا يہہ رُتبہ نہيں ـ پس بِہتر يہي هي که تو کُچهہ تدبير کرے اور کِسي کام کے وسيلے سے روزي بَہم پہُنچاوے ـ اگر تو راضي هو تو ميں تُجهے ايسے ايک سبزه‌زار ميں لےجاؤں جهاں گهاس بہُت اور پاني خوش مزه هي ـ اور زمانے کي گِردِش آسيب اُسکے گِرد نہيں پہُنچتي هي ـ قبل اِسکے اور ايک گدهے کو بهي نصيحت کرکے اُس دِلچسپ جگہہ ميں ليگئے هوں ـ وه اب چين سے چرتا پِهرتا هي ـ اور زِندگي خوشي و کامراني سے بسر کرتا هي * لومڑي

افسون و افسانے سے خام‌طمع گدھے کوْ شيْر کے پاس لائي * شيْر نے مارے حِرص کے اُسے اپنے قابو ميْں نہ لاکر اُسکا قصد کيا - اور ايک زخم اُسے پہُنچايا - پر کم‌زوري کے سبب کارگر نہ هوا * گدها بهاگ گيا * لوْمڑي شيْر کي کمزوري سے حيْران هوْکر ملامت کرنے لگي که - آهِستگي سے قابو ميْں لاکر کام کرنا لازِم تها - اور اُسکي جلدي کرنے پر ملامت کي * شيْر کوْ يہ بات بُري لگي * وه اپنے دِل ميْں سوْچا که - اگر اِسکي بات کوْ مانوں - مبادا شُکوْه ميْري کم هوْ - صلاح يہ هي که لوْمڑي کوْ دُرُستي سے جواب دوں * تب مُنہ پهيْرکر کها که - فقير بے سر و پا کوْ کيا مقدور که مُجهه جيْسے بادشاهِ عالي قدر سے باتيْں کرے - اور مُلک‌داري کے بهيْدوں سے واقِف هوْ ! اور هرايک نوْکر کي خاطِر پر بادشاهونکي حقيقت نهيں کُهلتي هي - اور جوْ کُچهه بادشاه کي رائے اِقتِضا فرماوے - رعيّت کے حوْصلے ميْں نهيں آ سکتي هي * اِس خيال سے درگُذر - اور کوْئي تدبير ٹهہرا - که وه گدها پهر آوے - اِس خِدمت سے تيْري اِخلاص‌مندي ظاهِر هوْگي - اور رُتبه تيْري بڑهيْگا * لوْمڑي پهر گدهے کے پاس آئي * اُسنے اُسکي طرف سے مُنہ پهيْر ليا اور ملامت کرني شُروع کي که - تيْري وے مِهربانياں کيا تهيں ؟ اور شيْر کے دام ميْں پهنسانا کيا ؟ لوْمڑي نے کها - اي بيْوُقوف ! تو نے کيا خيال کيا هي ؟ اور اپنے دِل ميْں کيا سوْچا هي ؟ اگر وه شيْر هوْتا - توْ تو اُس کے چنگُل سے هرگِز نه چهوٹتا - اي کم عقل بدگُمان ! وه طِلسم هي که اگلے حکيموں نے اُس رمنے کي حِفاظت کے لئے بنايا هي - تاکه وهاں کے جانوَر آسوده‌حال رهيْں - اور بيْگانے اُس کوْ ديْکهکر اُس مرغزار کے گِرد نه پهريْں - اور اُس جنگل کے رهنيْوالے آرام و چيْن سے گُذران کريْں * جِسّے دوْستي هوْ اُس طِلسم کي حقيقت اُسي سے کهتي هوں - توْ اِس شِکل سے که دهوْکهے کے سِوائے اور کُچهه نهيں هي وه نِڈر هوْکر اِس نُزهت‌گاهِ زندگاني ميْں خوشي سے زيست کرے * ميْں پهلے هي چاهتي تهي که تُجهے اُسّے آگاه کروں که اگر اِس طرح کي کوْئي چيز ديْکهے - تو نه ڈرے - ليْکِن تُجهه سے بات کرنے کے ذوق ميْں بهول گئي تهي - پهر چل توْ حقيقت تُجهے معلوم هوْ * آخِر سُخن‌آرائي و فريْب‌سازي کے افسون سے غريب گدهے کوْ اُس جنگل ميْں لائي - اور آپ آگے بڑهکر اُس کے آنے کي خوش‌خبري شيْر کوْ پهُنچائي - اور يہ صلاح دي که - آپ ديْر تک چُپ‌چاپ کهڑے رهيْں مُطلق حِسّ و حرکت نه کريْں - هرچند گدها آپ کے آس پاس پهرے - جب تلَک قابو نه پاويْں - اُس کي طرف نه ديْکهيْں * شيْر موافِق لوْمڑي کے کهنے کے طِلسم بيْجان کے مانند جنگل کے کِنارے کهڑا رها * لوْمڑي نے گدهے سے کها که - ٹهہرکر اِس طِلسم کوْ خوب ديْکه - توْ تُجهے معلوم هوْ که جوْ کُچهه تو پهلے سمجها تها سوْ غلط تها * گدها آهِسته آهِسته نزديک گيا اور هرچند غوْر کرکے ديْکها - آثار جان کے اُسميْں کُچهه نه پائے - اور علامت حِسّ و حرکت کي نه ديْکهي * تب گُستاخانه خاطِرجمعي سے اُس سرزمين پر پهرنے اور اُس کے گِرد چرنے لگا اور اِتنا کهايا که پيْٹ بهر گيا * تب اُس سبزه‌زار ميْں سوْ رها * شيْر اُس کوْ غافِل پاکر لپکا اور اُس کے پيْٹ کوْ پهاڑ ڈالا - اور لوْمڑي سے

کہا ـ تو گدھے کے پاس رہ ـ میں ندّي میں جاکر نہا آؤں اور اِس کے کان اور دِل کو کھاؤں ـ کہ طبیبوں نے میري بیماري کي دوا یہي تجویز کي هي * غرض وہ ندّي کي طرف چلا ـ اور لومڑي نے فُرصت کو غنیمت جانکر اُس کے دِل اور کان کو ـ جو سب اعضا سے بہتر تھے ـ کھا لیا * شیر ـ جب نہاکر پھرا ـ هرچند اُس کے کان اور دِل کو ڈھونڈھا کُچھ نشان نہ پایا * لومڑي سے کہا ـ وہ دو عُضو ـ جو میري بیماري کي دوا هیں ـ کہا هوئے ؟ لومڑي نے کہا ـ جہانپناہ ! اِس گدھے کے نہ کان تھے نہ دِل ـ کیونکہ اگر دِل ـ جو عقل کي جگہہ هي ـ اُس کے هوتا ـ تو میري باتوں پر نہ بھولتا ـ اور جو اُس کے کان هوتے ـ تو جہانپناہ کے هاتھ سے زخم کھانے کے بعد میرے افسانے نہ سُنتا ـ اور جھوٹھ سچ میں فرق کرتا *

اي کچھوے ! یہہ قِصّہ میں نے اِس لئے کہا ـ تا تو سمجھے کہ میں بیدِل اور بیگوش نہیں هوں * نو نے اپني نامردي سے دوستي کے لِباس میں یہہ کوشش کي تھي کہ مُجھے هلاکت کے گِرداب میں ڈالے ـ پر میں نے خُدا کے فضل اور عقل کي مدد سے سعي کي ـ اِس لئے مُشکِل آسان هوگئي * اب میري آشنائي کي آرزو نہ کر چلا جا ـ اور میري رِفاقت کا خیال دِل میں نہ لا * کچھوا شرمندہ اور نا اُمّید هوکر پھر گیا *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER. STORY I.

خُلاصہ اِس باب کا یہہ هي ـ کہ کاردان نامے بندروں کا ایک حاکِم تھا ـ زمانے کي گِردش کے سبب امیري سے فقیري کو پہُنچا * مارے شرم کے وطن سے نِکل ایک جزیرے میں جا جنگل کے تروخُشک میووں پر قناعت کر اوقات بسري کرتا تھا * ایک روز انجیر کے درخت پر ـ جو دریا کے کِنارے تھا ـ چڑھا اور پھل توڑکر کھانے لگا * یکایک ایک پھل اُس کے هاتھ چھوٹکر پاني میں گِرا ـ اور پاني کي آواز سے ایک خوشي اُس کے دِل میں هوئي * گھڑي گھڑي انجیر توڑ توڑ پاني میں ڈالتا تھا اور اُس کي آواز سے خوش و خُرّم هوتا تھا * اُس درخت کے نیچے ایک کچھوا دریا کے پار سے سیر کو آیا تھا * دو تین روز سے اُس صحراے دِلچسپ کا تماشا دیکھتا تھا ـ و ے انجیر جو بندر کے سازو ترانے تھے جب پاني میں گِرتے ـ کچھوا انھیں کھاتا اور سمجھتا کہ ـ بندر میري مِہماني کرتا هي * اپنے دِل میں سوچا کہ ـ جب یہہ بغیر آشنائي کے ایسي مِہماني اور کرم کرتا هي ـ اگر اُسے دوستي کروں ـ البتّہ اُسکي آشنائي میري دولت کا باعِث اور سعادت کا سبب هوگي * یہہ خیال کرکے پُکارا اور دُعا و ثنا کرنے لگا اور کہا ـ اي کریموں کے سردار ! میں بڑي دور سے آیا هوں ـ آرزو هي کہ تیري دوستي سے سرفراز هوں ـ جس کے دوست نہیں ـ اگرچہ وہ سب چیزیں رکھتا هو ـ تب بھي مُفلِس هي * بندر نے تپاک کرکے مِہرباني سے احوال پوچھا اور کہا ـ یہہ اچّھا خیال تیرے دِل میں آیا هي ـ پر جب تلک مُجھے تیري دانائي پر اِطّلاع نہ هو ـ تُجھسے دوستي کرني عقل کے آئین

STORY II. سے بعید نظر آتي هي - جيسے کشمير کے حاکم نے ايک بندر کو - بغير آزمائے اور اُس کي دانِش کا بےاندازہ دريافت کئے - اُسے سرفراز اور مُقرّب درگاہ کيا * اور وہ بندو فولادي کٹار هاتھ ميں لئے تمام رات اُس کے سِرهانے کهڑا رهتا - هميشه نِگهباني کرتا اور ايک دم نہ سوتا * ايک شب کوئي چور سيندھ دےکر حاکِم کي خوابگاہ ميں آيا - تا جو کُچھ مال هاتھ لگے چُرا لےجاوے * دهنے بائيں تکنے لگا - ديکهتا کيا هي ؟ که ايک بندر حاکِم کے سِرهانے کٹار هاتھ ميں لئے کهڑا هي - وہ اِس سوچ ميں پڑا که - يہہ کيا حِکمت هي ؟ که تيغِ آب‌دار - جو خيرخواہ عقلمندوں کے سِوا کِسي کے هاتھ ميں نہ چاهئے - اِس بندر کے هاتھ ميں کيوں هي ؟ اور محرميّت - جو بُزرگوں کے سِوائے کِسي کے لائق نہيں - اِس کميني کو کِس لئے هوئي ؟ اِسي فِکر ميں تها که کئي چيونٹياں محل کي چهت سے حاکِم کشمير کي چهاتي پر گِرکر رينگنے لگيں - اور اُنکے چلنے کي سلسلاهٹ[1] چهاتي پر معلوم هوئي * بادشاہ نے عين خواب ميں سينے پر هاتھ مارا * بندر دوڑا که اُس کو دريافت کرے - ديکها که چيونٹياں بادشاہ کے مُنہہ اور چهاتي پر دوڑتي پهرتي هيں * بندر نے غضب ميں آکر چاها که چيونٹيوں کو کٹار سے مارے * حماقت سے يہہ نہ سوچا که بادشاہ کے سينے پر لگيگا * چاهتا هي تها که کٹار لگاوے - چور نے شور کيا اور لپک‌کر بندر کا هاتھ پکڑ ليا * حاکِم اِس شور سے چونک اُٹها - اور ماجرے سے واقِف هوکر - بندر کو اپني نظروں سے گِرا ديا اور چور کو نوازا * غرض اُس بندر سے - جو بُرے آزمائے دوستي کي تهي - آخِر پشيمان هوا * کچهوے نے اِسکے جواب ميں دِل‌پسند باتيں کہہ - اپني دانائي سے بندر کو آگاہ کيا - اور دونوں آپس ميں دوستي کا عہد و پيمان کرکے زيست کرنے لگے * جب ايک مُدّت اِسي طرح گُذري - کچهوے کي مادہ اُسکے فِراق سے مغموم هوئي - اور کُچھ اُسے معلوم نہ هوا که - نر کيا هوا ؟ اور کہاں گيا ؟ اِسلئے نِہايت حيران اور پريشان رهنے لگي * اپني مُنہہ‌بولي بہن سے دردِ دِل کہا اور تدبير اِسکي پوچهي * اُسنے کہا که - تيرے شوهر نے بيوفائي کا طريقہ اِختيار کر ايک بندر سے دوستي کي هي - اور اُسکي صُحبّت ميں مشغول هوکر تُجهے بهول گيا هي * اگر وہ بندر کِسي حيلے سے مارا جاوے - تو البتّہ مقصد حاصِل هو * اور اِسکي تدبير يہہ هي - که تو اپنے تئيں بيمار بنا - جب‌تلک ميں نہ کہوں کُچھ نہ بوْل * آخِر اُسنے يہي حيلہ ٹهہراکر - کِسي کي زباني کچهوے کو يہہ پيغام کہلا بهيجا که - تيري جورو کے مرنے کا وقت نزديک پہُنچا هي - اگر آکر اُسکا آخِري ديدار ديکهے - تو مُروّت سے بعيد نہيں * کچهوا خونِ جِگر کهاکر - بندر کا فِراق اپنے جي پر گواراکر - رُخصت هو گهر کو آيا - اور مادہ کي بےهوشي ديکهہ - اُسکي قديم محبّت کو يادکر غمگين هوا - اور اُسکي مُنہہ‌بولي بہن سے پوچها که - کيا بيماري هي ؟ اور دوا اِسکي طبيبوں نے کيا تجويز کي هي ؟ اُس مکّارنے ايک ٹهنڈي سانس بهرکر کہا - کيا

[1] In Shakespear's Dictionary, this word—which signifies 'crawling,' or 'the irritation produced by the crawling of insects'—is omitted. Forbes' second edition inserts it.

پوچھتے ہو؟ یہہ وہ بیماري ہي جو رنڈیوں کے پیٹ میں ہوتي ہي - اور طبیبوں نے اُسکي دوا ایسي چیز ٹھہرائي ہي کہ ہاتھہ آنا اُسکا مُشکِل ہي - بلکہہ مِل ہي نہیں سکتي * اب اُسکا احوال کیوں پوچھتے ہو؟ یہہ وقت وِداع کرنے کا ہي - نہ پوچھنے کا * کچھوے نے آب دیدہ ہوکر کہا - بھلا - کہو تو سہي - شاید میري کوشِش سے بہم پہُنچے * تب اُسنے کہا کہ - اگر بندر کا دِل کہیں مِلے - تو عِلاج اِسکا ہو سکے - لیکِن بندر کہاں بہم پہُنچتا ہي؟ کچھوا گھر سے نِکلا - اور ایک ناقِص العقل کي خاطِر اِس فِکر میں ہوا کہ - اپنے دوست سے فریب کرے - اور اپنے دِل میں کہا کہ - بہتر یہہ ہي کہ اُس بندر کو اپنے گھر لاؤں - اور جِس بہانے سے ہو سکے فریب دوں * تب اُسکے پس آکر دوستي کي باتوں سے اُسے فریب دے - اپني پیٹھہ پر سوار کر دریا کے پار لے چلا - ازبسکہہ بےوُقوفي کو بیوفائي لازِم ہي - مانجھدھار میں مادہ کي بیماري کا قِصّہ - اور اُسکے عِلاج کا - جو طبیبوں نے تشخیص کیا تھا - کچھوے نے بیان کیا * بندر دانا تھا - اُسنے کہا - اي بھائي! غمگین نہو - یہہ کام آسان ہي - ہماري ماداؤں کو بھي یہہ بیماري ہوتي ہي - ہم اپنے دِل نِکالکر اُنھیں دیتے ہیں اور عِلاج اُنکا کرتے ہیں - پھر دِل لے لیتے ہیں - اور جہانکا تہاں رکھہ دیتے ہیں * پر افسوس ہي کہ یہہ بات تو نے میرے گھر میں نکہي * اگر مُجھہ سے وہاں کہتا - تو میں اپنے دِل کو ساتھہ لے آتا * دِل - جو جہان کا غمخانہ ہي - ہم - جِس وقت کِسي دوست کے یہاں جاتے ہیں - اُسے ساتھہ نہیں لیجاتے * تب کچھوے نے کہا - ہم اب جاکر پھر آ سکتے ہیں * بندر نے کہا - اچّھا! آدھي راہ سے پھرکر بوزنہ کے مکان میں آتے ہي بندر اُچھلکر درخت پر چڑھا - اور دِل میں عہد کیا کہ پھر کبھي بغیر آزمایش کئے کِسي سے یاري نہ کروں - اور بےضرورت اپني جگہہ سے نہ نِکلوں * جب ایک ساعت گذري - کچھوے نے پُکارکر کہا کہ - وقت جاتا ہي - جلدي کر! بندر ہنسکر بولا کہ - اي بیوُقوف مکّار! میرا خیال چھوڑکر اپني راہ لے! STORY III. اور یہہ گمان مت کر کہ میں ویسا ہوں جیسا اُس لومڑي نے کہا تھا کہ گدھے کے دِل اور کان نہ تھے *

خُلاصے کا خُلاصہ یہہ ہي کہ - مقصد حاصِل کرنا اُسقدر دُشوار نہیں ہي جِسقدر اُسکي حِفاظت مُشکِل ہي * بہتوں نے دُشواري سے مقصد حاصِل کیا - اور تھوڑے میں گنوایا ہي - جیسے کچھوے کو بےمِحنت ایک بندر دوست - جو دانا اور مہربان تھا - ہاتھہ لگا - آخِر بیوقوفي سے کھو دیا - پھر ہرچند سر دے دے مارا فائِدہ نہ کیا * عقلمند کو چاہئے کہ اِس قِصّے کو سُنے - اور سمجھکر اپنے کام کا پیشوا اِسے کو کرے - تو دین و دُنیا میں کامیاب ہووے *

آٹھواں باب

شِتابي کرنے کے زیان کے بیان میں

CHAPTER VIII.—On THE INJURIOUSNESS OF HASTE

راے دابشلیم نے بیدپاے برهمن سے کہا - حِفاظتِ مقصود کے باب میں - جو وسیلہ اِقبال کا هو سکے - تم نے بیان کیا - اب اُمّیدوار هوں که آپ کہئے که کاموں میں جلدي کرني کیسي هي ؟ بعضے کہتے هیں که - مطلب کے بہم پہنچانے اور مقصد کے حاصِل کرنے میں جلدي کیا چاهئے * یہہ بات عقلِ دوراندیش کے نزدیک کیونکر هي ؟ برهمن نے کہا - مہاراج ! آپ نے خوب پوچھا - جو جلدي کو بہتر سمجھا هي - محض نادان اور بیوقوف هي * کوئي عیب جلدي کرنے سے بڑا نہیں - کیونکہ کونسے کام هیں جو بے فِکري سے برهم نہیں هوئے هیں ؟ اور کونسا خانمان هي جو جلدي کے سبب خراب نہیں هوا ؟ دانا کو چاهئے که جِس کام کو شُروع کرے - خواہ نیکي کرنے کي نیّت هو - خواہ بدي کے دفع کرنے کي - پہلے خوب سوچ لے جب تک کئي مرتبے اپني عقل سے اور راست‌کِردار دوستوں سے مشوَرت نہ لے - اور انجامِ کار دریافت نہ کرے - اُس کام میں هاتھ نہ ڈالے * اگر کُچھ فائدہ پہنچے - اُسے خوش هوکر مغرور نہ هو جاوے - اور جو تصدیع آ پڑے - اُسے تنگ اور نا اُمّید نہ هووے * بہُتیري خوشیاں هیں که ثمرہ اُنکا غم هي - اور بہُت سے غم هیں جو حاصِل اُنکا خوشي هي * اي راے آگاہ دِل ! جلدي اگرچہ سب کے حق میں بد هي - لیکِن بادشاهوں سے - جو هو - وہ بدتر هي * اچّهي خصلت جِسے خُدا نے لوگوں کو آراستہ کیا هي - حِلم و وقار هي - که هرایک کام میں گران‌باري[1] اِختیار کرکے - جو کُچھ عقلِ نُکتہ‌دان حُکم کرے - سمجھ اور دانائي کے رو سے بجا لاویں * اور جو کوئي سب کاموں میں اِختیار کي باگ بیفِکري کے هاتھ دیوے - آخِر پشیمان هووے - اور انجامِ کار اُس کا حیراني هي * هرچند اِس بات کو عقلِ راست‌اندیش بغیر دلیل کے باور کرتي هي - بادشاہ که خُدا نے اُسے چشمِ دوربین بخشي هي - کیوں نہ مانیگا ؟ لیکِن اُس گروہ کے سمجھانے کے واسطے جو عقلِ دوراندیش نہیں رکھتا هي - یا رکھتا هي - پر تقلید میں گِرفتار هوکر اُس پر عمل نہیں کرتا هي * اگلے داناؤں کے ماجرے میں سے - جو دفتر بھرے هیں - اُس زاهِد کا قِصّہ جِس نے بے تامُّل سُبکي کے میدان میں پانو رکھا - اور اپنا هاتھ

[1] The Dictionaries omit گِرانباري *giránbári*, which here means 'gravity, 'deliberation.'

خونِ نا حقّ میں آلودہ کرکے بیچارے نیولے کو ہلاک کیا ـ دلیلِ واضح ہي * راے نے پوچھا ـ وہ کیونکر ہي ؟

حِکایت ۱

THE STORY OF THE SAINT AND THE ICHNEUMON.

برہمن نے کہا ـ نقل ہي کہ ایک زاہِد نے بہُت سے تجرِبے کرکے اپنے دِل میں کہا کہ بیاہ کیجئے * ایک دانا سے اِس بات کي صلاح پوچھي * اُس نے کہا ـ تو خوب سوچا ہي ـ بیاہ کرنے میں کِتنے فائِدے ہیں * ایک تو یہہ ہي ـ کہ شہوَت کے بد لگام گھوڑے کو رام کر سکتے ہیں ـ اور بد ذاتیوں سے جو تجرُّد میں ہوتي ہیں بچ سکتے ہیں * دوسرا یہہ کہ ـ جو فیض کہ کِتنے ہزار برَس میں تیرے بُزُرگواروں سے تُجھ کو پہُنچا ہي ـ حیف ہي کہ وہ تُجھ ہي تک موقوف ہووے * تیسرا یہہ ـ کہ نیک بخت عوَرت گھر کے بند و بست کا سبب ـ اور تیري جمعیّت و آرام کا باعِث ہوگي * پر کوشِش کر کہ خوش خو ہاتھ لگے ـ اور نیک عوَرت گھر میں آوے * زاہِد نے پوچھا ـ کِس طرح کي ہو ؟ جواب دیا کہ ـ عوَرت جو پارسا اور زاہِد دوست ہو ـ اُس کي تلاش کر ـ کہ تیري آبرو رکھے اور غمگُسار ہووے * اور تین قِسم کي رنڈیوں سے پرہیز کر * پہلي ـ وہ کہ جس نے پہلا خصم چھوڑ دیا ہو ـ اور ہمیشہ اُس کي یاد میں رہتي ہو * دوسري ـ وہ جو اپنے دست بازو[1] سے تُجھے ممنون کرے * تیسري ـ وہ کہ جب تُجھے دیکھے مہین آواز سے بولے اور اپنے تئیں بیمار بناوے * زاہِد نے کہا ـ اي یارِ تجرِبہ کار ! تو نے عوَرتوں کے سِنّ و سال سے مُجھے کُچھ مُطّلِع نہ کیا ـ بیَان کر کہ کئي برَس کئي عوَرت اپنے عقد میں لاؤں ؟ جوَاب دیا کہ ـ جِس کي اُٹھتي جواني ہو ـ کیونکہ بُڑھیا کي صُحبت سے بیماري اور کمزوري ہوتي ہي * داناؤں نے کہا ہي کہ ـ رنڈي چودہ برَس سے بیس برس تلَک امن و چیَن کا سبب ہوتي ہي ـ اور بیس سے تیس تلَک طلب گاروں کے دِل کا آرام ہي ـ تیس سے چالیس تلَک صاحِبِ مال و فرزند ـ اور چالیس سے پچاس کے سِن تلَک ننگ و ناموس کي حِفاظت میں پابند رہتي ہي یا مکر و فریب میں * اور پچاس سے جب گُذر جاے ـ تو ایک کالي بلا ہي ـ اور آفتِ مال و جاہ اور کاہِشِ جان * زاہِد نے پوچھا کہ ـ اُنکي صورت و حُسن کے باب میں کہا کہتے ہو ؟ اُسنے جَواب دیا کہ ـ اصل صِفت رنڈیوں کي پاک دامني اور خوش خوئي ہي ـ ساتھ اُس کے اگر خوب صورت بھي ہوں ـ تو اِسے کیا بِہتر ؟ کہ ظاہِر و باطِن دونوں خوب ہوں * اور خوب صورت ـ اگر نیک سیرت نہ ہو ـ تو آفتِ جان ہي ـ اور خوش خو کیسي ہي بدصورت ہو ـ رفیقِ مُوافِق اور مونِسِ جان ہي * القِصّہ زاہِد کو بہُت سي کوشِش کے بعد نصیب کي مدَد سے بُزُرگ گھرانے کي ایک خوبصورت نیک سیرت رنڈي

[1] دست بازو *dast-bázú*, 'support,' not in the Dictionaries.

ہاتھ لگي ۔ اوْر زاہِد ۔ اِس لئے کہ اُسے فرزندِ عزیز پیْدا ہوْوے ۔ بہُت سي کوْشِش کیا کرتا تھا * جب ایْک مُدّت گُذري اوْر یہہ آرزو بر نہ آئي ۔ تب اسبابِ دُنیا سے نا اُمیْد ہوْکر خالِقِ کارساز کي درگاہ میں مُناجات کرنے لگا * صُبح و شام دُعا مانگنے اوْر برارِ کار[1] اپنا خُدا سے چاہنے * بارے اُس کي جوْرو حامِلہ ہوئي ۔ زاہِد بہُت خوش ہوْکر ہمیْشہ فرزند کي یاد میں دِن کاٹتا * ایْک دِن اپني عوْرت سے کہا کہ ۔ خُدا کرے جلدي ایْک لڑکا خوبصورت اوْر خوش‌خوْ پیْدا ہوْوے ! توْ میں اُس کا ایْک اچّھا سا نام رکھوں ۔ اوْر اُس کي تربیَت میں مِحنت کروں ۔ اوْر خُدا پرستي کا طَریقہ سِکھاؤں ۔ توْ جلدي درویْشوں کا پیْشوا ہوْ ۔ تب اُس کي شادي کِسي بڑے گھرانے میں کرِ دوں ۔ اوْر اُسّے نسل بڑھے اوْر میْري نیْک‌نامي فرزندوں کے وسیلے سے جہان میں باقي رہے * عوْرت نے کہا ۔ اي زاہِد ! یے باتیں جوْ تو کہتا ہي عقلمندوں کے لائِق نہیں * لڑکے کے پیْدا ہوْنے کي خبر تو نے کہاں سے پائي ؟ اوْر جوْ ہوْ بھي ۔ توْ کہاں سے معلوم ہوا کہ بیْٹا ہِي ہوْگا ؟ بِالفرض یوں بھي ہوْ ۔ توْ کیونکر تو نے جانا کہ جئیگا ؟ غرض جوْ مآل اُس کا ظاہِر نہیں ہي ۔ خیال پرَست نادانوں کے مانند کیوں باتیں کہتا ہي ؟ تو اُس پارسا کے برابر نظر آتا ہي جِس کي بیْہودگي سے شہد اوْر گھي اُس کے منہہ پر پڑا * زاہِد نے پوچھا ۔ وُہ کیونکر ہي ؟

حِکایت ۲

THE STORY OF THE DEVOTEE WHO SPILT THE JAR OF HONEY.

عوْرت نے کہا ۔ نقل ہي کہ ایْک مردِ پارسا کِسي سوْداگر کے ہمسائے میں رہتا تھا ۔ اوْر اُس کي بدوْلت پارسا کي اوْقات خوشي و کامراني میں گُذرتي تھي * سوْداگر ہمیْشہ شہد اوْر گھي کي تِجارت کیا کرتا ۔ اوْر ہر روْز اُس میں سے تھوْڑا پارسا کي یہاں بھیْجتا ۔ اوْر وہ اُس میں سے کُچھ خرچ کرتا ۔ اوْر باقي گھڑوں میں رکھتا جاتا * ایْک دِن گھڑوں کوْ بھرا دیْکھکر سوْچا کہ ۔ اگر یہہ دس سیْر ہوْ دس دِرم کوْ بیْچونگا ۔ اوْر اپنا سرانجام کرونگا ۔ اوْر اُس زر سے پانچ بکریاں موْل لونگا ۔ وے چھہ چھہ مہینے میں جنیْگیں ۔ اوْر ہر ایْک کے دوْ دوْ بچّوں ہوْنگے ۔ ہر سال پچّیس بچّے ہوْنگے ۔ دس برس میں اُن کے بچّوں سے کئي گلّے ہوْ جائینگے ۔ اُن میں سے بعضوں کوْ بیْچونگا اوْر اُسّے اوْقات بسري کرونگا ۔ اوْر ایْک رنڈي کِسي بڑے گھرانے کي ڈھونڈھکر اُسّے بیْاہ کرونگا ۔ نوْ مہینے کے بعد ایْک لڑکا پیْدا ہوْگا ۔ تب اُس کوْ تربیت کرونگا ۔ اوْر عِلم و ادب سِکھاؤنگا * اگر کبھي بےادبي کرے ۔ اِسي عصا سے ۔ جوْ میْرے ہاتھ میں ہي ۔ اُسے ادب دونگا * غرض اِس خیال میں ایسا ڈوبا ہوا تھا کہ خیالي بےادب لڑکے کوْ اپنے سامہنے حاضِر جانکر عصا اُٹھا شہد اوْر گھي کے گھڑوں پر مارا * وے طاق پر دھرے تھے ۔ اوْر آپ نیچے اُسکے مُقابِل بیْٹھا تھا * جوں‌ہیں

[1] برارِ کار *barár-i kár*, omitted by Shakespear; rightly rendered by Forbes, 'accomplishment of an affair.'

عصا اُن پر لگا وے توٹ گئے ـ تمام شہد اور گھي اُسکے سرمُنہہ ڈاڑھي اور کپڑوں پر پڑا ـ اور وے سب خیال یکبارگي جاتے رہے *

یہہ کہاني مےں نے اِس لئے کہي ـ تا تو جانے کہ ایسے خیالِ فاسد نکیا چاہئے * زاہد اِن باتوں کو سُنکر خوابِ غفلت سے چوٹکا * آخِر کو اُسکے یہاں ایک خوبصورت لڑکا پیدا ہوا * شُکر خُدا کا بجا لایا ـ اور نذریں جو مانی تھیں ادا کیں * رات دِن اُسکے پنگھورے کے گِرد رہتا ـ اور اُسکي پرورِش مےں کوشش کرتا ـ اور کِسي کام مےں مشغول نہوتا * ایکدِن اُس لڑکے کي ما حمّام کرنے گئي ـ اور لڑکے کو اُسکے باپ کے سپُرد کیا ـ اور حِفاظت کے واسطے بہُت‌سي تقیّد کي * ایکدم نگُذرا تھا کہ بادشاہِ زمان نے زاہد کو بُلوا بھیجا * تب اُسنے جانے کے سِوا کُچھ چارہ ندیکھا * لڑکے کو اُس نیولے کے ـ جِسکے بھروسے پر ہمیشہ گھر چھوڑکر جایا کرتا تھا ـ سپُرد کیا اور آپ باہِر نکلا * اُسکا جانا تھا کہ بڑے سے ایک سانپ نے گہوارے کي طرف رُخ کیا * نیولے نے ـ جب دیکھا کہ ایسے بڑے سانپ نے قصد کیا ہي اور چاہتا ہي کہ لڑکے کو ہلاک کرے ـ تب لپکا اور اُس سانپ کا ٹیٹوا[1] پکڑکر مار ڈالا * جب زاہد آیا ـ نیولا لہو سے بھرا ہوا ـ اِس اُمّید پر کہ ـ مےں نے بڑا کام کیا ہي ـ زاہد کے آگے دوڑا آیا * وہ سمجھا کہ ـ اسنے مےرے لڑکے کو مار ڈالا ہي ـ اور اُسي کے خون سے آلودہ ہي ـ غُصّے ہوکر ـ عقل کا سررِشتہ ہاتھ سے چھوڑ ـ بغیر تحقیق کئے ـ اُسپر ایسا عصا مارا کہ وہیں مرگیا * جب گھر مےں آیا ـ لڑکے کو پالنے مےں سلامت پایا ـ اور اُسکے پاس ایک بڑا سانپ موا دیکھکر ـ مارے تاسّف کے چھاتي پیٹنے اور نالہ و فریاد کرکے کہنے لگا ـ یہہ کیا سُبکي و بیوقوفي تھي جو مےں نے کي؟ کاشکے مےرے یہہ لڑکا نہوتا ـ تو مےں اُسکي اُلفت سے گھر کے چوکیدار کو بےقُصور نمارتا * زاہد اِس بیقراري مےں تھا ہي کہ اُسکي جورو آئي اور ماجرے سے واقف ہوکر ملامت کرنے لگي * زاہد نے شرمندگي سے سِر نیچے کرکے کہا ـ اي یارِ جاني! زیادہ اِسسے مُجھے ملامت نکر ـ مےں اپنے کئے سے آپ پچھتاتا ہوں * اور تیري حالت اُس شخص کي سي ہي جو زخم پر نشتر مارے ـ اور گھاؤ پر نمک چھڑکے * عورت نے کہا ـ تو سچ کہتا ہي ـ اِسوقت ملامت سے مےري غرض یہہ تھي کہ تو خوابِ غفلت سے جاگے * شُکر خُدا کا کہ اِس کام سے ـ جو تُو نے کیا ـ تجربہ حاصِل ہوا ـ کیونکہ کام مےں جلدي کرني آخِر پشیماني اور شرمندگي ہي * کِسي کام مےں جلدي نہ کیا چاہئے ـ اِسلئے کہ جلد باز آدمي مقصد کو نہیں پہُنچتا ہي ـ کُچھ صِرف تو ہي اِس دام مےں نہیں پھنسا ـ اور غم طا دروازہ اپنے اوپر نہیں کھوُلا ـ بلکہ اِسکے آگے بھي بہُت‌سے حادِثے ایسے ہوئے ہیں ـ چُنانچہ مےں نے سُنا ہي کہ ایک بادشاہ اپنے باز کو بےقُصور مارکر بہُت غمگین ہوا * زاہد نے پوچھا ـ وہ کیونکر ہي؟

[1] ٹیٹوا *ṭeṭwá*, 'head of a snake,' rightly rendered by Forbes, omitted by Shakespear.

حکايت ۳

THE STORY OF THE KING WHO KILLED THE HAWK THAT HAD JUST SAVED HIS LIFE.

عورت نے کہا - نقل هي کہ اگلے زمانے ميں کوئي بادشاہ ايک باز کو بہت پيار کرتا تھا - اور وہ هميشہ بادشاہ کے هاتھ پر بيٹھا رهتا تھا * ايک روز باز کو هاتھ پر بٹھاکر شکار کو گيا * اتفاقاً ايک هرن سامهنے نظر آيا * بادشاہ نے کمال شوق سے اُسکے پيچهے گهوڑا ڈالا اور اُسکو پکڑا - مُلازمِ درگاہ - اگرچہ پيچهے لگے چلے آتے تهے - پر کوئي بادشاہ تلک نہ پہنچا تھا * اِس ميں بادشاہ پياسا هوکر هر طرف پاني کي تلاش ميں گهوڑا دوڑاتا تھا * آخر ايک دامنِ کوہ ميں پہنچکر ديکها کہ - پہاڑ پر سے پاني ٹپکتا هي - ترکش ميں سے پياله نکال نيچے رکها کہ قطرے - جو ٹپکتے هيں - اُس ميں جمع هوں اور پياله بهر جاوے * جب پياله بهر چُکا چاها کہ پيوے * باز نے وونهيں پر مارا تمام پاني گر گيا * بادشاہ نے اِس بات سے خفا هوکر پهر پياله کو اُسي پتهر کے نيچے رکها * ديرکے بعد جب بهرا - چاها کہ مُنہ کو لگاوے * باز نے پهر وهي حرکت کي اور اُس پاني کو بهي گرا ديا * بادشاہ نے کمال تشنگي کے سبب بے تامّل باز کو زمين پر پٹک ديا اور وہ مرگيا * اِس ميں رکابدار آن پہنچا - باز کو موا اور بادشاہ کو پياسا پايا * في الفور چهاگل شکاربند سے کهول - پياله کو خوب دهو دهاکر - چاها کہ بادشاہ کو پاني پلاوے * اُس نے فرمايا کہ - مُجهے اِس خالص پاني سے - جو پہاڑ سے جهرتا هي - کمال رغبت هوئي هي - تو پہاڑ پر چڑھ - اور اُس چشمے سے پاني کا پياله بهرکر لے آ - کيونکہ پهر يہہ تاب نہيں هي کہ جب تلک پياله ميں قطرہ قطرہ جمع هووے ميں انتظار کروں * رکاب دار - جب چشمے کے کنارے پہنچا - ديکهتا کيا هي ؟ کہ ايک اژدها موا هوا اُس کے کنارے پڑا هي - اور زهرآلودہ لُعاب اُس کا پاني ميں مِلکر - قطرہ قطرہ پہاڑ پر سے ٹپکتا هي * وہ گهبراکر اُترا - اور يہہ احوال عرض کر - ايک پياله ٹهنڈے پاني کا چهاگل سے بهرکر بادشاہ کو ديا * وہ پياله مُنہ سے لگاکر رونے لگا - اور رکابدار کو بازکے ماجرے سے آگاہ کرکے - اپني جلدي اور اِضطرابي پر بہت سي نفرين کي - اور جب تلک جيا يہہ داغِ حسرت اُس کے دِل سے نہ گيا *

فائدہ اِس قصّے کا يہہ هي کہ عقلمند اپنے کام کو بغير خوب تامّل کئے شروع نہيں کرتے هيں * زاهد کو دانا عورت کي باتوں سے ذرہ تشفي هوئي - اور اُسنے عهد کيا کہ پهر اِسکے بعد ايسے کاموں کے نزديک نجاؤنگا *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

STORY I.

خُلاصہ اِس باب کا يہہ هي کہ ايک زاهدِ گوشہ نشين کو خانہ داري کا خيال هوا - اور اپنے ايک تجربہ کار دوست سے مشورت کي - جيسے آئين داناؤں کا هي * کِسي بُزرگ گهرانے کي ايک دانا اور خيرخواہ عورت سے شادي کي * جب آثار حمل کے ظاهر هوئے - هميشہ لڑکے کے خيال ميں مُستغرق رهتا اور کہتا کہ - اپنے لڑکے کو ايسي دانِش اور ايسے

هُنر سکھاؤنگا ۔ که سب درویشوں کا سردار هوگا ۔ اور ایک بُزُرگ کي بیٹي سے بیاہ کر دونگا ۔ اُسکے اچھے لڑکے بالے پیدا هونگے * غرض اِسطرح کي دور دراز تمنّائیں جیسي بیوقوف حریص کرتے هیں کیا کرتا * اُسکي جورو نے کہا ۔ یہہ کیا بیہودگي هي جو تو کرتا هي ؟ تُجھے کہاں سے معلوم هوا که مَیں حامِلہ هوں؟ اگر هوں ۔ تو کیونکر سمجھا که لڑکا هِي هوگا ؟ جو یہہ تمام بیہودہ خیال لڑکے کے حقّ مَیں کرتا هي ۔ تیرا احوال اُس پارسا کے مانند نظر آتا هي جِسنے بیہودہ فِکروں سے شہد اور گھي کے گھڑوں کو توڑ ڈالا ۔ اور اپنے سِر اور مُنہہ کو اُسّے بھرا * زاهِد نے ۔ جو خیال کیا تھا ۔ اُسّے پشیمان هوا اور عہد کیا که ۔ پھر وے آرزوئیں ۔ جو دیدۂ عقل کے لئے نیل کي سِلائیاں هیں ۔ نہ کرونگا * جب تھوڑے دِن گُذرے اُسکے گھر مَیں ایک لڑکا پیدا هوا ۔ اور اُس کے دیدار سے خوش هوکر گُذران کرنے لگا * ایکدِن اُس لڑکے کي ما اُسے باپ کے سِپُرد کر حمّام کو گئي تھي * باپ نے اُس نیولے کو ۔ جو گھر کي نِگہباني کرتا تھا ۔ سونپ کر حسب الطّلب بادشاہ کي خِدمت مَیں گیا * قضارا ایک بڑے سے سانپ نے لڑکے کے کاٹنے کا قصد کیا * نیولا اُس کي طرف دوڑا اور تُرت سانپ کو مار ڈالا * جب زاهِد کے پھر آنے کي خبر معلوم هوئي ۔ نیولا ۔ اِس سبب سے که یہہ اچّھي خِدمت کي تھي ۔ لہو مَیں بھرا هوا ۔ اُسکے آگے دوڑ آیا * زاهِد کے دِل مَیں گُذرا که ۔ یقین هي که اِس نے میرے لڑکے کو مارا هي * وونہیں عصا اُس کے سِر پر مارا ۔ اور نیولے کو ۔ جو خیرخواہ خادِم تھا ۔ بے سمجھے بوجھے مار ڈالا * جب گھر مَیں داخِل هوا ۔ اپنے لڑکے کو سلامت پایا ۔ اور سانپ کو اُسکے مہد کے پاس موا پڑا دیکھا * تب اُس حال سے مُطّلِع هو ۔ اپني بے فِکري اور خونِ ناحق پر افسوس کرتا تھا ۔ اور سِر پیٹتا تھا ۔ که اِس مَیں اُس لڑکے کي ما آئي ۔ اور ماجرے سے واقِف هوکر نصیحت کرکے کہنے لگي ۔ غم مت کر ! که ایسي آفتیں پہلوانوں اور بیدار دِل بُزُرگوں پر بھي پڑي هیں * اگر فضل اِلٰهي شامِلِ حال هو ۔ تو کوئي کاموں مَیں جلدي نکرے اور مقصد کو پہُنچے * تونے نہیں سُنا هي که اگلے STORY III. دِنوں مَیں ایک وقت بادشاہ کو باز کے مارنے سے کیا کیا غم و الم هوا تھا ؟ اور اِس طرح کے ماجرے بہُت هیں ۔ چاهئے که کِسي چیز کے غمِ بےفائِدہ مَیں اوقات صرف نہ کریں * زاهِد کو اُس کي دِل پسند باتوں سے ذرہ تسکین هوئي ۔ اور راضي برضاے اِلٰهي رهنے لگا *

خُلاصے کا خُلاصہ یہہ هي ۔ که گُذشتہ و حال کے عقلمندوں کے نزدیک جلدي ایک امرِ زبون هي ۔ چاهئے که کوئي دانا ۔ خُصوص بادشاہ ۔ قہر و لُطف کے وقت جب تلک اپني عقلِ دوراندیش سے مشوَرت نہ لیں ۔ بلکہ صِرف اپني عقل پر اِکتِفا نہ کرکے خیرخواہ داناؤں سے نہ پوچھیں ۔ کِسي کام مَیں جلدي نہ کریں ۔ اور جب تک حقیقتِ حال دلیل سے بخوبي واضح نہ هو ۔ کام شروع نہ کریں ۔ تا که مطلب حاصِل هو اور غم کے گِرد نہ پھریں ۔ اور هَمیشہ آرام اور چین سے زندگي کریں *

نواں باب

دوراندیشي کے اور فریب کرکے دُشمن کے ہاتھ سے بچنے کے بیان میں

CHAPTER IX.—Of circumspection, and of escaping by stratagem from the hands of enemies.

راے دابشلیم نے بیدپاے برہمن سے کہا کہ - بےفکري اور بےصبري کے خلل کي داستان میں نے سُني - اب مہرباني کرکے بیان کیجئے کہ جو کوئي دُشمن کے دام میں پھنسے - یا کہ دھنے بائیں سے قوي دُشمن نمود ہوویں - اور کام اُس پر تنگ ہو - تو کیونکر بچے؟ برہمن نے کہا - اگر دوستي کے حیلے سے کِسي دُشمن کے ہاتھ سے اپني رہائي جانے - تو فرو گذاشت نہ کرے - اور دوستي و صُلح کا اِرادہ کرے - کیونکہ دوستي اور دُشمني ابرِ بہار کے مانند ہي - کہ کبھي برسے - کبھي کُھل جاے * داناؤں نے کہا ہي کہ - زمانے کے لوگوں کا مہر و کینہ ازبسکہ پایدار نہیں ہي - اِسلئے عقلمندوں کے نزدیک کُچھ اِعتبار نہیں رکھتا * پادشاہونکا فریب - محبوبوں کا حُسن - رنڈیوں کي وفا - دیوانوں کا لُطف - مستوں کي نوازش - نادانوں کا اِعتقاد - لڑکوں کي خوش آوازي - ان میں سے کِسي پر اِعتماد نہ کیا چاہئے - اور اِن پر جي نہ لگائے * پُرانے قدیم مُحبتیں اور گاڑھي دوستیاں صِرف ایک خیال سے جاتي رہي ہیں - اور عداوتیں ہو گئي ہیں * اکثر قدیم دُشمن تھوڑے میں دوست ہو گئے ہیں * اِسي لئے دوراندیش داناؤں نے دُشمنوں کے ساتھ گُذران کرکے دوستي کي توقع اُنہوں سے مُنقطع نہیں کي - اور ہر ایک کي دوستي پر بھي بہت اِعتماد نہیں کیا ہي - پس چاہئے کہ صُلح کے وقت دُشمن کي دوستي پر اِعتماد نہ کرے - خُصوص جب یہ بات فائدے کا سبب یا رفعِ زیان کا موجب ہو * اي راي روشن دِل! جو کوئي - امیر یا فقیر - یا بادشاہ یا ٹُکڑگدا - چشمِ دوربین کھولے اور اِن باتوں پر عمل کرے - دولت کے دروازے اُس پر کُھلیں - اور اِقبال اُس کا ہمیشہ رہے * اِس طرح کے ماجرے بہت ہیں اور قصّے بیشمار - اُن میں سے ایک قِصّہ چوہے اور بِلّي کا ہي * راے نے پوچھا - وہ کیونکر ہي؟

حِکایت ۱

THE STORY OF THE RAT AND THE CAT.

برہمن نے کہا - نقل ہي کہ کِسي جنگل میں ایک درخت تھا بُلندي میں سب درختوں سے بڑا * اُس کے نیچے ایک بِل تھا جِس میں ایک چوہا حریص مکّار تیز ذِہن - جلد فہم رہتا تھا - اور اُس درخت کے پاس ایک بِلّي بھي رہتي تھي * ایک دن کِسي شِکاري نے اُس درخت کے پاس جال بِچھایا اور تھوڑا سا گوشت اُس میں باندھ

دیا * حریص بِلّی کوْ گوشت کي بوٹي گھر سے نِکال کر دام مےں پھنسایا * اِس مےں چوہا بھي روزي کي تلاش مےں اپنے بِل سے نِکلا تھا * اِتّفاقًا اُس کي نظر بِلّي پر پڑي ـ دُشمنِ جاني کوْ دےکھ نِہایت ڈرا اوَر قریب تھا کہ ہوْش و حواس جاتے رہےں ـ پر جب خوب نظر کي ـ تو اُس کوْ شِکاري کے دام مےں پھنسا دےکھا * خُدا کا شُکر بجا لانے لگا ـ اوَر شِکاري کوْ دُعا دےنے * اِس مےں اوَر ایْک طرف جوْ نِگاہ کي ـ تو ایْک نےوْلے کوْ دےکھا کہ اُس کي گھات مےں بےٹھا ہي * ناچار درخت کي طرف چلا ـ ایْک کوّے کوْ دےکھا کہ درخت کے اوپر سے اُسکے پکڑنے کي خواہِش رکھتا ہي * چوہے پر دہشت غالِب ہوئي ـ اپنے دِل مےں سوْچا کہ ـ جوْ آگے بڑھوں ـ تو بِلّي مُجھے پکڑتي ہي ـ اگر پِھر جاؤں ـ نےوْلا مےري جان کا گاہک ہي ـ جوْ یہےں کھڑا رہوں ـ تو کوّا مےرے قصد مےں ہي * تب دِل مےں یہ سوْچا کہ ـ عقل ایْسے ہي دِنوں کے واسطے ہي کہ اُس کي مدد سے کُچھ تدبیر کیجۓ * بِہتر یہ ہي کہ ایْسي آفت کے دِن مصلحت اُٹھا لوں ـ کوْئي دستگیر مِہربان عقل سے زیادہ نہیں ہي * دانا وہ ہي کہ آفت کے وقت دِل ہاتھ سے نہ دے ـ اوَر بُرے خیالوں سے اپنے کام کوْ تباہ نہ کرے * مےرے لِئے کوْئي تدبیرِ دُرست اِس سے بِہتر نہیں ہي کہ دِل مےں خوْف نہ کرکے بِلّي کے پاس جاؤں اوَر صُلح آمےز مُحبّت انگےز باتےں درمیان مےں لاؤں * جِس طرح کہ مُجھے اُس کي طرف اِحتیاج ہي ـ وہ بھي مےري مدد کي مُحتاج ہي * اگر بِلّي مےري بات کوْ عقل کے کانوں سے سُنے ـ اوَر عقلمندوں کي طرح تمیز کرے ـ اوَر مُجھے سچّا اوَر راست کِردار جانکر فرےب و نِفاق سے دُور سمجھے ـ خُدا کي درگاہ سے اُمّےد یہ ہي ـ کہ سچ کي بدوْلت ہم دوْنوں غم کے چنگُل سے چھوٹےں * غرض بِلّي کے پاس جاکر پوچھا کہ ـ کہا حال ہي ؟ اُس نے اندوہناک آواز سے جواب دیا ـ کہا پوچھتے ہوْ؟ ایْک تن جوْ رکھتي ہوں سوْ بندِ مشقّت مےں بندھا ہوا ـ اوَر ایْک دِل ہَي سوْ مِحنت کي آگ مےں جلا ہوا * چوہے نے کہا ـ غم نہ کر! اگر تو سُنے تو ایْک دِل پسند بات کہوں * بِلّي نے بہُت سي چاپلوسي کرکے سُننے کي خواہِش کي * چوہے نے کہا ـ تو نے ہرگز مُجھ سے جھوٹھ نہ سُنا ہوْگا ـ اوَر سِوائے سچ کے دروغ کوْ دِلوں مےں رونق بھي نہیں ہوْتي ہي * تو جانتي ہي کہ ہمےشہ مےں تےرے غم سے خوش تھا ـ اوَر تےري نا کامي کوْ اپني خوشي سمجھتا تھا ـ پر آج کے دِن آفت مےں تےرے ساتھ شریک ہوں ـ اوَر اپني رِہائي اُس چیز مےں مےں نے ٹھہرائي ہي جِس مےں تےري بھي مخلصي ہي * مےں اِس سبب سے چاہتا ہوں کہ تُجھ سے دوْستي کروں ـ اوَر اُس مُحبّت کي بدوْلت مُجھے اوَر تُجھے دُشمن کے ہاتھ سے رہائي ہوْوے * تےري دوراندےشي و پےش بیني سے اُمّےد ہي کہ تو مُجھے اِس بات مےں سچّا جانے ـ اگر اِعتبار نہوْوے تو دےکھ ! نےوْلا مےري گھات مےں بےٹھا ہي ـ اوَر کوّا درخت پر مےرا اِنتظار کرتا ہي ـ دوْنوں یہ اِرادہ رکھتے ہےں کہ مُجھے ہلاک کرےں ـ اگر تو مُجھے اپني طرف سے عہد و پےمان کرکے نِڈر کرے ـ تو تےرے پاس آؤں ـ اوَر یقین ہي کہ اِن دوْنوں جاني دُشمنوں

سے مخلصي پاؤں - اور تھوڑے سے عرصے مٹيں تيرے بندوں کو بھي کاٹوں - تا کہ تو بھي اِس دام آفت
سے چھوٹے * بلّي اِن باتوں کو سُن کر سوچنے اور فکر کرنے لگي - اور کھوٹے اور کھرے پن کو پرکھنے *
چوہا چلّايا کہ - اي دانا ! وقت جاتا هي - جيسا مٹں تيري زندگاني مٹں دِل خوش کرتا هوں -
تو بھي مٹرے جينے سے شاد هو - کيونکہ هم مٹں سے هرايک کي رِهائي دوسرے کي زندگي پر موقوف
هي * مٹري اور تيري حالت کِشتي اور ملّاح کي سي نظر آتي هي - کہ ملّاح کي سعي سے کِشتي کِنارے
پہنچتي هي - اور وہ کِشتي کي مدد سے اپنے کام کرتا هي * تب بلّي نے دوراندٹشي سے چوهي کي
راستي دريافت کر اُسے آشتي کي - اور اُس کي دوستي اپنے دِل پر ٹھاني * هرايک نے اپني اپني مرضي
کے مُطابق دوستي کا عہد و پٹيمان کيا * تب بلّي نے پوچھا - کہہ کہ اب مٹں کيا کروں ؟ اور تيرے
ساتھ کيونکر مشغول هوں ؟ چوهے نے کہا - جب مٹں تيرے پاس آؤں - چاهئے کہ بہت سي تعظيم
کرے جيسے قديم دوست آپس مٹں سُلوک کرتے هٹں - يہہ حال دٹکھ وے دُشمن مُجھ سے نا اُمّٹد
هوکر بےنصيب پھر جائينگے - تب خاطرجمعي اور آرام سے تيرے پانو کے بند کاٹونگا * بلّي نے جب
اِس بات کو قبول کيا - چوها کمال توقع پر اُس کے پاس گيا * بلّي نے خاطرداري کرکے نوازش و
مہرباني کي * نيولا اور کوّا اِس حال کو دٹکھکر اُس کے شِکار کا خيال چھوڑ اپني اپني روزي کي تلاش
کو گئے * چوها خوشياں کرکر بلّي کے بندوں کو کاٹنے لگا * اِس مٹں اُس کي قديم عداوت کو خاطر
مٹں لاکر گِرهوں کے کاٹنے مٹں جلدي نہ کرتا تها * بلّي - جو دوراندٹش تهي - سمجهي کہ - چوها کِسي
خيال مٹں پڑا هي - ڈري کہ - مبادا بند نہ کاٹے اور اپني راہ لے * تب دوستي سے کہنے لگي کہ -
جب تو نے اپنا مطلب حاصِل کيا - اور اپنے مقصد سے تُجھے فراغت حاصِل هوئي - ايفاے وعدہ مٹں
ڈهيل کرتا هي - اور عہد و پٹيمان جو کيا تها چاهتا هي کہ توڑے * مٹں جانتي تهي کہ وفا وہ دوا هي
جو عطّار روزگار کے ڈبے مٹں نہيں هي - اور قول کا بجا لانا وہ جواهر هي کہ زمانے کے خزانے مٹں
موجود نہيں * مُجھے معلوم هوا کہ وفا عنقا هي جو سواے نام کے اُس کا نِشان پٹيدا نہيں - اور
نيک عہدي کيميا کے مانند هي کہ کوئي اُس کي حقيقت نہيں جانتا * چوهے نے کہا - هرگز مٹرا
چہرہ خالِ بٹوفائي سے داغدار نہيں هي - خاک پڑو اُس سر پر جِس مٹں وفا کا مغز نہيں ! بلّي نے
کہا - اگر يہي هي جو تو کہتا هي - اپنے کام کو اُس پر گواہ کر کيونکہ کوئي قول بغٹر فِعل کے سچ
نہيں هوتا * اي چوهے ! جانئو کہ جو کوئي عہدشِکن هو اور جِس کا قول سچ نہ هو - اُس کي حالت
وہ هو جو اُس کِسان کي جوڑو کي هوئي * چوهے نے کہا - وہ کيونکر هي ؟

حِکایت ۲

بِلّی نے کہا ـ نقل ہی کہ فارس کے کِسی گانْو کا ایْک زمیندار زمانے کے حَوادِث
THE STORY OF THE FARMER'S WIFE.
سے تُہی‌دست اور غریب ہوْ گیا تھا ـ اور ہمیْشہ فقر و فاقے میں دِن کاٹتا تھا *
اگرچہ کِشت و کار میں سلیقہ دُرُست رکھتا تھا ـ پر تنگ‌دستی کے سبب اِفلاس میں
اوْقات بسری کرتا * اُس کی جوْرو ـ جوْ خوبی اور حُسن میں یکتائے عصر تھی ـ غریبی اور فلاکت کے
مارے طعنے دینے لگی کہ ـ کب‌تک گھر کے کوْنے میں بیْٹھا رہیْگا ـ مُجھے اور اپنے تئیں اِفلاس کے
غم میں رکھّیْگا؟ بِہتر یہ ہی کہ تو گھر سے نِکلکر تلاش اور دوڑدھوپ کرے ـ شاید روْزی کا دروازہ
کُھلے * کِسان نے کہا ـ جوْ کُچھ تو کہتی ہی تیْرے حقّ بجانِب ہی اور سچ کہتی ہی * ایْک عُمر
مَیں نے اِس مُلک میں ریاست سے کاٹی ہی ـ اور اِس گانْو کے اکثر لوْگ میْرے مزدور تھے ـ اب
مجھسے سِوائے مزدوری کے کوْئی کام بن نہیں آتا ـ اور اپنے مزدوروں کی مزدوری کا ننگ اُٹھا نہیں
سکتا ـ اگر تو کہے تو اِس مُلک سے نِکل جاؤں ـ کہ سفر میں اگر مزدوری بھی کروں تو کُچھ شرم
نہیں * عوْرت فقر و فاقے کی اذیّت سے تنگ آئی تھی ـ غُربت کی مِحنت قبول کر شوْہر کے ساتھ سفر
اِختیار کیا ـ اور دونوں بغداد کی طرف مُتوجّہ ہوْکر پہاڑ اور جنگل طی کرتے ہوئے چلے جاتے تھے *
ایْک دِن بہُت‌سے تھکْکر ایْک درخت کی چھاؤں میں بیْٹھ ہر طرح کی باتیں آپس میں کہتے
تھے * اِس میں دِھقانی کے دِلمیں ایْک فِکرِ دور دراز گُذری ـ جوْرو سے کہا ـ ای یارِ جانی! ہم اپنے
وطن سے نِکلے ہیں ـ اور وہاں جاتے ہیں جہاں ہمیں کوْئی نہ پہچانے ـ اور ہم بھی کِسیکوْ نہ جانیں ـ
شاید وہاں کے آدمی ظالِم ہوْویں یا لُچّے شُہدے ـ اور کوْئی اُن میں سے تُجھ پر عاشِق ہوْ زوْر یا
فریْب سے تُجھسے مُجھ سے جُدا کرے ـ اور تو میْرے بُڑھاپے اور اِفلاس کے سبب بیْزار ہوْکر جُدائی
قبول کرے ـ اِس صورت میں مرنے کے سِوا مُجھ سے کُچھ نہ بن پڑیْگی * عوْرت نے جواب دیا کہ ـ
یہ کیا بات ہی جوْ تو کہتا ہی؟ اور یہ کیا خیال ہی جوْ تو دِل میں لاتا ہی؟ اگر مُجھسے اِس
طرح کے خیال دِل میں ہوْتے ـ سفر کا رنج قبول نہ کرتی ـ اوْ دوریٔ وطن کا داغ اپنے دِلِ دردمند پر
نہ رکھتی ـ قوْل و قرار جوْ تُجھسے کیا ہی جان کے ساتھ ہی ـ نہ ظالِموں کے ظُلم سے دور ہوْگا ـ نہ
مکّاروں کے فریْب سے جائیگا * اگر تو چاہے توْ پھر نئے سِر سے تیْرے ساتھ قوْل و قرار کروں اور قسم کھاؤں
کہ تیْری خاطِرجمعی ہوْ * غرض سرِ نوْ سے عہد کیا کہ ـ اگر مُجھسے تُجھسے آگے موْت آوے ـ شُکر خُدا
کا ہی کہ دوْستی میں پوری رہی ـ اگر بر تقدیر میْرے جیتے جی تُجھے قضا آوے ـ توْ یہ نیّت ہی
کہ میں بھی اپنی جان تُجھ پر صدقے کرْوں ایْکدمْ تیْرے بغیْر نہ جیئوں ـ اور اگر نصیب کا بَدا ایسا ہوْ
کہ مُجھ کوْ چند روْز تیْرے بعد زیست کرنی ہوْ ـ یقین جانیوْ کہ تیْری یاد میں سدا بیمار اور ناتوان

رهونگي ـ اور قوْل و قرار جوْ کیا هي اُس پر عمل کرونگي * کِسان اِن مکرآمیْز باتوں سے خوْش هوْ ـ سر یارِ دِلدار کے زانو پر رکھکر سوْ گیا * ایْک گھڑي نه گُذري تهي که ایْک بادشاه ـ جوْ شِکار کوْ نِکلا تها اور اپنے لشکر سے جُدا هوْکر اکیْلا ره گیا تها ـ بهٹکتا هوا اُس طرف آ نِکلا * عوْرت نے اُس سوار کوْ دیْکهکر دِل هاتهه سے دیا ـ اور رنڈي کي خوب‌صورتي نے اُس سوار کے دِل کے پهنسانے کوْ دام هوئي * تب بادشاه نے دهوْکا دیْکر پوچها ـ تو کون هي ؟ اور یهاں کیوں پڑي هي ؟ رنڈي نے ایْک آهِ سرد بهرکر کها ـ اي بختِ بیدار ! اِس کم‌بخت کا احوال کیا پوچهتا هي؟ میْرا یارِ غمگُسار یهي بُڈّها هي ـ عُمر تصدیع سے کاٹتي هوں ـ اور زِندگي کي کُچهه لذّت نهیں پاتي هوں * سوار نے کها ـ یه کب روا هي که تو باوُجود اِس قبول‌صورتي کے اِس بُڈّهے پیوس کي صُحبت اِختیار کرے ؟ اور باوصف اِس دولتِ حُسن کے تهیدستي سے گذران کرے ؟ میْرے ساتهه چل ! میْں تُجهے تختِ بُزُرگي پر بیٹهال‌کر اِس مُلک کي مِلکه بناؤں * ازبسکه بیْوفائي عوْرتوں کي سرِشْت هي ـ قوْل و قرار جوْ کیا تها وُونهیں بهول گئي ـ اور اُس کے ساتهه جانے پر راضي هوئي * جوان نے جب اُس کوْ اپني طرف مائِل دیْکها کها ـ فُرصت کوْ غنیمت جان ! اُٹهه ! اور میْرے پاس آ ! توْ تُجهے سوارکر لوں ـ اور جب‌تلک یه دِهقاني جاگے ـ دور نِکل جاوْیں * رنڈي نے بُڈّهے کِسان کا سر زانو پر سے اُٹها ـ زمیں پر رکها ـ اور جلدي سے جوان کے پیچهے سوار هوْکر هاتهوں سے اُس کي کمر کوْ پکڑا * اِتنے میْں زمیندار جاگا اور دیْکها که ـ ایْک جوان سوار کهڑا هي ـ اور رنڈي نے محبّت کا هاتهه اُس کي کمر میْں ڈالا هي * اُس کے سر سے پانْو تلک آگ لگ گئي اور کها ـ اي بیْوفا ! یه کیا صورت هي جوْ نظر آتي هي ؟ اور یه کیا تماشا هي جوْ عهدشِکني سے تو نے دِکهلایا ؟ مگر بیْوفائي کي سزا سے نهیں ڈرتي هي که زمانه تُجهے دیْگا ؟ رنڈي نے کها ـ عبث غُل نه مچا ! خوبصورت وفا نهیں کرتے هیْں ـ اور جوان سے کها ـ جلدي کر ! که بُڈّهے کے هاتهه سے چهوٹ جاوْں * بادشاه نے اپنے تیْزرو هامون نَوَرد گهوڑے کوْ دوڑایا اور پل مارتے اُس دِهقاني کي نظر سے غائِب هوْ گیا * بیچاره بُڈّها دِلِ بریان چشمِ گریان اُس کے پیچهے دوڑتا تها ـ اور اپنے دِل میْں سوْچتا تها که ـ رنڈیوں کے قوْل و قرار کوْ وفا ـ اور اُنکي وفا کوْ بقا ـ نهیں هي * میْں اُس کي باتوں پر اِعتماد کر گهر سے نِکلا ـ اور سفَر کي اذیّت اِختیار کي * اب نه پهرجانے کا مُنهه رها هي ـ نه پیچها کرنے کي طاقت ـ نهیں جانتا هوں که آخِر کیا حالت هوْگي ؟ غرض بادشاه اور عوْرت تهوڑي دور گئے که ایْک چشمے کے کِنارے پهُنچے * بهُت تهکْ‌کر ایْک درخت کے سائے میْں گهوڑے پر سے اُترے ـ اور اُس کي چهانْو میْں آرام کیا * ایْکدم وهاں بیْٹهکر باتیں کرتے تهے ـ اور ایْک دوسرے کے دیدار سے خوش اور کامیاب تها * اِس میْں عوْرت رفعِ حاجت کے لئے اُس جنگل کوْ جوْ چشمے کے کِنارے تها چلي * هنوز وهاں نهیں پهُنچي تهي که ایْک شیْرِ مست نِکلا اور اُسے اُٹها لے گیا * بادشاه نے شیْر کے گرجنے کي آواز سُنکر

[1] Understand بڑا *bold*, 'sakt.'

گھوڑے پر سوار ہو جنگل کی راہ لی * جان کے ڈر سے گھوڑا بھگاتا تھا اور پیچھے دیکھتا تھا کہ ۔ اُس کی محبوبہ شیر کے چنگل میں گرفتار ہی اور بیوفائی کی سزا پاتی ہی * اِس میں وہ بُڈھا کِسان گِرتے پڑتے چشمے کے کِنارے پہُنچا ۔ اور اپنی معشوقہ کے پانو کے نِشان دیکھتا ہوا ۔ اُس جنگل میں گیا * شیر اُس کے پیٹ کو پھاڑکر ۔ جو کھانا تھا کھاکر ۔ چلا گیا تھا * وہ اِس حال کو دیکھکر ڈرا اور جانا کہ بیوفائی کی شامت نے اُس کا کام تمام کیا * تب اپنے اور زمانے پر ملامت کرکے کہنے لگا ۔

رُباعی

تھا کل تو وہ عیشِ وصلِ محبوب مُجھے ۔۔۔ ہیں آج غمِ ہجر سے ٹُکڑے دِل کے *
افسوس یہہ ہی کہ دفترِ عُمر میں دھر ۔۔۔ اِک روز اُسے لِکھے ہی اِک روز اِسے !

فائدہ اِس قِصّے کا یہہ ہی کہ جو کوئی وفا کا سررِشتہ ہاتھ سے دے ۔ بلا کی بیڑی دِل کے پانو میں ڈالے ۔ اور عُذاب کا طوق جان کی گردن میں پہنے * چوہے نے کہا ۔ جو کُچھ میں آگے جانتا تھا اور اب بھی جانتا ہوں ۔ سو یہہ ہی کہ بد قولی و بد عہدی نیک صِفت بُزُرگوں سے علاقہ نہیں رکھتی ہی ۔ خُصوص جب تیری دوستی کی بدولت دُشمن کے چنگل سے چھوٹا ۔ اور بخوشی تُجھ سے عہد و پیمان کیا ۔ سِوائے اِس کے کہ ایفائے وعدہ کروں کوئی چارہ نہیں ۔ پر دِل میں یہہ بات گُذرتی ہی ۔ کہ دوست دو قِسم کے ہیں * ایک وہ ہی ۔ کہ نیک ذاتی سے آپس میں آشنائی کرکے بے غرضانہ دوستی کا رِشتہ مضبوط کرے * دوسرا وہ ۔ کہ بضرورت اپنے مطلب کے واسطے کِسی سے دوستی کرے * ای بلّی ! گُروہِ اوّل ہر صورت سے جائے اِعتماد ہی ۔ اور ہمیشہ اُس کے ساتھ بفراغِ خاطِر زندگی کر سکتے ہیں ۔ کیونکہ اُس کی دوستی کی بِنا عقلمندی پر ہی کہ ہِلنے کی نہیں ۔ لیکِن دوسرے گُروہ سے خاطِرجمع نہیں کر سکتے ہیں ۔ اِس لئے کہ قول و فِعل اُس کا دفعِ ضرر کے لئے یا فائدے بہم پہُنچانے کے واسطے ہی * اور دانا کو اگر اُس گُروہ سے سروکار ہووے ۔ تو چاہئے کہ بعضے کاموں کو موقوف رکھے ۔ اور یک بارگی اِختیار کی باگ اُس کے ہاتھ میں نہ دے ۔ بلکہ اُس کے کاموں کے اِنصرام دینے کو عُذر و حیلے سے ٹالے ۔ یہاں تک کہ عقل کی رہبری سے اُس کے کام کو سرانجام کرے ۔ اور اپنے تئیں بھی اُسے نِکالے ۔ تا عقل کے حُکم سے مُنحرِف نہ ہوا ہو ۔ اور مُروّت و جوانمردی کا طریقہ نہ چھوڑا ہو * اور تو دوسرے گُروہ سے ہی ۔ میں بھی تُجھ سے یہی سُلوک کرونگا ۔ اور تدبیر سے تیرے بند کاٹ دونگا ۔ دوراندیشی بھی کرونگا ۔ تاکہ میں بھی تیرے ضرر سے محفوظ رہوں * بلّی نے کہا ۔ دِل پسند باتیں تو نے کہیں ۔ اور رُتبہ تیری دانائی و ہُشیاری کا مُجھ پر ظاہِر ہوا ۔ اور تیری عقلمندی سے فائدہ مند ہوئی * اب بتا کہ تونے کیا فِکر کی ہی جو میرے بند کھُلیں؟ اور تُجھے بھی آسیب نہ پہُنچے اور اِحتیاط کا طریق نہ چھوٹے * چوہا ہنسکر بولا ۔ جہاں درد ہی اُس کی دوا بھی مُقرّر ہی * میرے دِل میں یہہ ہی کہ تیرے بندوں کو کاٹوں مگر اُس بند کو جو تسبوں سے مضبوط

ہوؤے اپني حفاظت کے واسطے رہنے دوں - تاکہ جس وقت تُجھسے مَيں قصد کرنے سے بھي زيادہ
ايسا کوئي کام ضرور درپيش ہو - کہ مَيرا خيال نکر سکے - اُس رہگئے ہوئے بعد کو کاٹوں - تو تُجھسے
بند سے اور مُجھسے گزند سے رہائي ہو * بلّي سمجھي کہ - چوہا اپنے کام مَيں ہُشيار ہي - فريب پر نہ
بھوليگا * ناچار چوہے کي بات پر راضي اور خوش ہوئي * چوہا اِحسان کے بدلے بندوں کو آہستہ
آہستہ کاٹنے لگا - يہاں تلک کہ رات تمام ہوئي اور ايک مضبوط بند کو باقي رکھا * جب دِن ہوا
صيّاد دور سے نظر آيا - بلّي اُس کو ديکھکر گھبرائي - چوہے نے فُرصت پاکر اُس مضبوط بند کو کاٹا *
بلّي جان کے ڈر سے چوہے کے سُرت بھول گئے گھبرائي ہوئي درخت پر چڑھ گئي * چوہا ويسي
آفت کے گِرداب سے نِکلکر اپنے بِل مَيں گُھسا * شِکاري دام کي ڈوري ٹوٹي ديکھکر حيران ہوا - اور
اپنے کٹے ہوئے جال کو اُٹھاکر نا اُمّيد پھر گيا * ايک دم کے بعد چوہے نے جو بل سے سر نِکالا بلّي کو
ديکھا * ہِراساں ہوکر چاہتا تھا کہ پھر گُھسے * بلّي پُکاري کہ - کہوں تو ڈرتا ہي ؟ اور مَيري صُحبت سے
کِس لئے پرہيز کرتا ہي ؟ نہيں جانتا ہي کہ ايسا ايک جاني دوست تيرے ہاتھ لگا ہي - جو مُدّت
تک خويش و قوم اور آشنا کے کام آويگا ؟ آگے آ ! کہ نيکياں کروں - اگرچہ مَيں نہيں جانتي ہوں کہ
تيري مروّتوں اور مہرباني و جان بخشي کا شُکر کِس تقريب سے ادا کروں - پر جِس قدر ہو سکے تيرے
اِحسان کا حق بجا لاؤں * چوہا ازيسکہ دانا اور ہُشيار تھا - بلّي کي مُصاحبت سے کِنارہ کر کہنے لگا -
بہتر يہہ ہي کہ اِس زمانے مَيں آشنائي کا دروازہ بند کروں - اور تنہائي کے گوشے مَيں بيٹھوں * بلّي
نے کہا - اپني محبّت کو مُجھ سے دريغ مت رکھ جو کوئي ايک دوست بہم پہنچاوے اور سہج مَيں
اُسے دست بردار ہو - دوستي کے فائدے سے محروم رہے - اور دوست اُسے نا اُمّيد ہو جاويں - مُجھ پر
تيرے بہت حق ہَيں - اور تيري ياري کے سبب نئے سِر سے مَيرے تن مَيں جان آئي ہي - ہرگز
مُجھ سے سِوائے نيکي کے کُچھ نہ ہوگا - اور جب تلک جيؤنگا سِوائے خِدمتگاري اور ادائے حُقوق
کے کُچھ نہ کرونگا * ہرچند بلّي نے اُس مانّے مَيں بہت سي باتيں کہيں اور قسميں کھائيں - چوہے
نے اُسے ان سُنا سمجھکر جواب ديا کہ - جب کوئي دُشمن جاني اور عدوِ قديمي ہوؤے - نئي دوستي
جو اُسے غرض کے ساتھ ہوئي ہو کِس کام کي ہي ؟ اور دانا کيونکر اِس پر اِعتماد کريں ؟ خُصوص جب
جنسيّت نہ ہو * پس يہي بہتر ہي کہ تو مَيري صُحبت سے دِل اُٹھاوے - اِسواسطے کہ مَيں بدِل و
جان تيري آشنائي سے آپ کو بھگاتا ہوں * اور جو کوئي غَير جنس سے مِلے اُس کي وہ حالت ہوؤے
جو اُس مَيندک کي ہوئي * بلّي نے پوچھا - وہ کيونکر ہي ؟

حِکایت ۳

THE STORY OF THE MOUSE AND THE FROG.

چوہے نے کہا ـ نقل ہي کہ ایک چشمے کے کِنارے کِسي درخت کے تلے چوہے نے بِل بنایا تھا ـ اور ایک مینڈک بھي وہاں پاني میں رہتا تھا * کبھي کبھي کِنارے آتا اور آوازِ دِلفریب سے راگ گاتا * چوہا وہ آوازِ جان گُداز سُن کر حیران ہوتا تھا ـ اور بِل سے نِکل خوش ہوکر تالیاں بجاتا اور سر ہِلاتا * مینڈک کو وہ حالت خوش آئي ـ چاہا کہ اُسے دوستي کرے * عقل اُسکو منع کرتي تھي کہ ـ اپنے غیر جِنس سے آشنائي کرني دانِش کا آئین نہیں ہي ـ اور طبعِ شوم اِس بات پر لاتي تھي کہ ـ دوستي کا سررِشتہ مضبوط کرے * آخر اِسلئے کہ مُدتوں کي طبیعت اُنکي عقل و مِزاج پر غالِب ہوتي ہي ـ مینڈک نے عقل سے عُدول حُکمي کرکر چوہے سے دوستي کي ـ اور دونوں خوش ہوکر دوستوں کي طرح گُذران کرتے تھے ـ اچھے قِصّے اور دِلپسند باتیں آپسمیں کہتے تھے * چوہے نے ایکدِن مینڈک سے کہا ـ اي یارِ دِلنواز! جِسوقت میرا جي خوش ہوتا ہي چاہتا ہوں کہ تُجھ سے اپنے دِل کے بھید کہوں ـ اور غم جو میرے دِل میں ہي بیان کروں ـ پر تو اُسوقت پاني کے اندر رہتا ہي ـ اگر پُکاروں تو پاني کے شوَر سے نہیں سُنتا ہي ـ اور جو غُل مچاؤں اور مینڈکوں کے شوَر سے تیري کان میں آواز نہیں پہُنچتي ہي ـ اُسکي تدبیر کیا ہي؟ چاہتا ہوں کہ جب میں پاني کے کِنارے آؤں اور بغیر اِسکے کہ پُکاروں ـ تو میرے آنے کي خبر پاوے * مینڈک نے کہا ـ سچ کہتا ہي ـ میں بھي اکثر اِس فِکر میں رہتا ہوں کہ ـ اگر میرا یار کِنارے پر آوے ـ تو میں اِس چشمے کے اندر سے کیونکر مُطّلِع ہونگا؟ اور جو میرے لئے اِنتظار کرینگا اُسکا کیا عُذر کرونگا؟ کبھي یوں بھي ہوتا ہي کہ میں تیرے بِل کے پاس آتا ہوں ـ تو اور طرف سے نِکل جاتا ہي * میں چاہتا تھا کہ یہہ دردِ دِل تُجھ سے بیان کروں ـ بسبب صفائي ذِہن کے جو کُچھ میرے دِل میں تھا سو تو نے خود کہا اور کرامات گي * اب اِس کام کي تدبیر تیرے دِلِ دانا کے حوالے ہي کہ بڑے کام کامِل عقلمندوں کي تدبیر کے سِوا حاصِل نہیں ہوتے ہیں * چوہے نے کہا کہ ـ سررِشتہ اِس کام کي تدبیر کا میرے ہاتھ میں ہي ـ اور میں نے ٹھہرایا ہي کہ ایک لنبي ڈوري کہیں سے لاکر ایک سِرا اُسکا تیرے پانو میں اور دوسرا اپنے پانو میں مضبوط باندھوں ـ تا کہ جب پاني کے کِنارے آؤں اور ڈوري کو ہِلاؤں ـ میرے آنے سے تو واقِف ہووے ـ اور اگر تو میرے بِل کے پاس جاوے ـ تو اُسي طرح مُجھے بھي تیرے آنے کي خبر ہو * آخر یہہ بات ٹھہراکر ایک دوسرے کے احوال سے خبردار رہنے لگا * ایکروز چوہا پاني کے کِنارے آیا کہ مینڈک کو بُلاکر ایک دم جي بہلاوے * اچانک ایک کوّا آیا اور چوہے کو اُٹھاکر لیگیا ـ ازبسکہ ڈوري مضبوط بعدھي تھي مینڈک بھي اپنے گھر سے آوارہ ہوا * کوّا چوہے کو چونچ میں لئے اُڑا جاتا تھا ـ اور اُسکي نیچے مینڈک اُلٹا لٹکا ہوا تھا * لوگوں نے یہہ حالت دیکھکر

habit شوز مچایا کہ ۔ عجب حال ہي! کہ کوّے نے خِلافِ عادت مِینڈک کو شِکار کیا ہي * ہرگز کبھي یہہ شِکار اُسکا نتھا * اُسنے پُکارکر کہا کہ ۔ اب بھي مِینڈک کوّے کا شِکار نہیں ہي ۔ چوہے کي صُحبت کي شامت سے اِس آفت مِیں پڑا ہي * جو کوئي غیرجِنس سے آشنائي کریگا ۔ ایسي ہي سزا پاویگا *

چوہے نے یہہ کہانی بِلّي کو سُناکر کہا ۔ مِیں نے عہد کیا ہي کہ اپنے ہمجِنسوں سے بھي آشنائي نہ کروں ۔ اور تنہائي کے گوشے مِیں اوقات کاٹوں ۔ پس غیرجِنس کي دوستي مِیں ۔ کہ اِتني بلائیں اُسکا لازمہ ہي ۔ کیونکر زِندگي بسر کرونگا ۔ اور جب کہ مِیري اور تیري قوم مِیں قدیم سے دُشمني ہي ۔ مُجھے ہرگز تُجھ پر اِعتماد نہ ہوگا * بِلّي نے کہا ۔ جو تیرے دِل مِیں یہہ بات تھي تو نے پہلي کیوں seed دوستي کا تُخم بوْیا ؟ اور خوشامد و مُلایمت سے مُجھے اپنا گِرفتار کیا ؟ جب مِیں تیري دوستي کي پا بند ہوئي ۔ تو اب محبّت کي ڈوري کیوں کاٹتا ہي ؟ اور مُجھے جُدائي کے غم مِیں کیوں ڈالتا ہي ؟ abandoning یہہ بےوفائي اور تُرک آشنائي کیا ہي ؟ چوہے نے جواب دیا کہ ۔ اُسوقت مُجھ پر ایک آفت پڑي تھي ۔ کہ بغیر تیري دوستي کے اُسّے رِہائي مُتصوّر نہ تھي * دانا اگر بلا مِیں پھنسے ۔ اُسکو چاہئے کہ دُشمنوں سے آشتي کرکے دوستي کا طریقہ اِختیار کرے ۔ بعد اُسکے اگر اُسکي صُحبت سے کُچھ ضرر پہُنچنے کا گُمان ہو ۔ تو آشنائي چھوڑ دے * یہہ دُشمني اور تکبّر کي راہ سے نہیں ہي ۔ بلکہ ویسا ہي جیسے laughtiness insolence وحشي جانوروں کے بچّے دودھ پینے کے واسطے ماؤں کے پیچھے دوڑتے ہیں ۔ جب سیر ہوتے ہیں full satiated - tired اُنکا ساتھ چھوڑکر اپنے طور پر سیر کرتے ① ہیں اور تماشا دیکھتے ہیں * کوئي عقلمند اُسکو کِبر ② اور ① = ہوا کھانا ② pride دُشمني نہیں سمجھتا ہي * بِلّي نے کہا ۔ تو یے باتیں ٹھٹھے سے کہتا ہي ؟ یا تہِ دِل سے ؟ چوہے نے جواب دیا کہ ۔ جانبازي کے وقت ظرافت کي کونسي جگہہ ہي؟ یے باتیں سچ کہتا ہوں ۔ اگر مُجھ سا کوئي ناتواں تُجھ جیسے قوي دُشمن کي صُحبت سے پرہیز نہ کرے ۔ البتّہ اُسے ایسا زخم لگیگا ② = فخر کہ کِسي مرہم سے اچّھا نہ ہوگا ۔ اگر فِي الواقِع تیري سرِشت ۲۲۹ مِیں مِیري دوستي ہي ۔ بہتر ہي کہ دوستي دِل مِیں رہے ۔ ظاہِري آشنائي اور روبرو کي دوستي چندان مُعتبر نہیں * غرض چوہا غمگین بِلّي کو رُخصت کرکے بِل مِیں جا گُھسا *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER. STORY I. خُلاصہ اِس باب کا یہہ ہي ۔ کہ جب تیزہوش چوہا بِلّي کوّے اور نیولے کے درمیان مِیں ۔ کہ یے تینوں اُسکے جاني دُشمن ہیں ۔ گِرفتار ہوا ۔ عقل کي مدد سے سمجھا کہ ۔ مِیرا دم اِس قیدي بِلّي مِیں کہ وہ بھي مِیري طرف اِحتیاج رکھتي ہي craft اثر کریگا ۔ بہتر یہہ ہي کہ اُسکي دوستي کے وسیلے سے دونوں دُشمنوں کے ہاتھ سے چھوٹوں ۔ پھر کوئي effect فِکر کرونگا کہ بِلّي بھي دام سے چھوٹے ۔ اور مِیں بھي اُس کے چنگُل سے بچوں * تب اُس کے نزدیک

گیا اور جِس طرح دانا دوستي کرتے ہیں - اُسي طرح اپنے اور اُس کے درمیان میں دوستي کي بُنیاد ڈالي * کوّے اور نیولے نے جب اُن دونوں میں یگانگي اور دوستي دیکھي اُس کا خیال دِل سے اُٹھاکر ہر ایک نے اپني اپني راہ لي * چوہا شُکرِ اِلٰہي بجا لاکر بلّي کے بند کاٹنے لگا - پر مُتفکّر تھا کہ - میرے اور اُس کے قدیم سے دُشمني چلي آتي ہي - اور حال کي غرض‌آمیز دوستي کا کُچھ اِعتبار نہیں - مبادا یہہ دام سے چھوٹکر میرا قصد کرے - تو میں کیا کرونگا ؟ بلّي نے اُسے فِکرمند دیکھکر جانا کہ - میرے بند کے کاٹنے میں چندان کوشش نہیں کرتا ہي - شاید مُجھ سے ڈرتا ہي - مبادا بند کاٹنے کے آگے بیوفائي کرے * تب اُس نے بیوفائي اور بیمروّتي کا زیان بیان کرکے کہا - تو نے سُنا ہوگا کہ ایک STORY II. کِسان کي رنڈي نے وفا کا قول و قرار کیا - آخِر بیوفائي سے بادشاہ کے ساتھ چلي - اور اپنے مطلب سے باز رہکر شیر کے پنجے میں گِرفتار ہوئي - اور سیکڑوں خرابي سے جان دي * چوہے نے کہا - عقلمند ہرگِز بیوفائي کا خیال اپنے چہرۂ حال پر نہیں رکھتا ہي - خُصوص کہ ابھي تیري دوستي سے مُجھے فائِدہ پہُنچا ہو - اور جو میں بندوں کے کاٹنے میں دیر کرتا ہوں - سو میري غرض یہہ ہي کہ جِس وقت شِکاري آن پہُنچے - اور تو قدیم دُشمني کو اپنے دِل میں لاکر میرا قصد نہ کر سکے - اُس وقت ایفاے وعدہ کروں - اور تُجھے بندِ غم سے چُھڑاؤں - اور اپنے تئیں بھي تُجھ سے بچاؤں * آخِر جس طرح سوچا تھا بجا لایا - اور ہر ایک نے اپني جگہہ میں جاکر آرام کیا *

ایک دم کے بعد چوہا بِل میں سے سر نِکال خُدا کي قُدرت کا تماشا دیکھتا تھا - بلّي دور سے دیکھکر پُکاري کہ - آگے آ ! اور اپني مُلاقات سے محظوظ کر! جواب دیا کہ - اگر میں تُجھ سے نِڈر ہوتا - تو تیرے بندوں کو اِس طرح سے نہ کاٹتا * عقل - جو تن کي مالِک ہي - مُجھے تیري صُحبت سے منع کرتي ہي - کہ قدیمي دُشمن اور نا جِنس سے آشنائي کرني مُناسِب نہیں - دوستي STORY III. تو کیا ! جو اِن باتوں سے خاطِرجمعي تیري نہ ہو - تو مینڈک اور چوہے کي دوستي کا قِصّہ یاد کر - کہ بیوقوف مینڈک نے چوہے سے - کہ اُس کا غیر جِنس تھا - دوستي کي اور - عہدِ محبّت آپس میں اُستوار کیا * آخِر چوہے کي شامت سے آفت میں پڑا - اور اب اِس زمانے میں کہ جھوٹھ اور ناحق بہُت ہي - میں چاہتا ہوں کہ اپنے ہمجِنسوں کي صُحبت بھي چھوڑکر گوشے میں بیٹھوں - پس کہنکر یہہ خیال ہوے کہ غیر جِنس کے ساتھ اوقات بسر کروں ؟ غرض ہرچند بلّي نے دوستي کا اِرادہ کیا مُفید نہ ہوا *

خُلاصے کا خُلاصہ یہہ ہي کہ عقلمند دوراندیش اپنے کام میں دُشمن کي آشتي پر غافل نہ رہے - اور دوستوں کي دوستي پر بھي بہُت اِعتماد نہ رکھے - ہمیشہ عقل سے مشورت لیا کرے - وہ جو کُچھ فرماوے بجا لاوے - کیونکہ عقل کي رہبري کے سبب غریب کمزور چوہا کِتنے قوي دُشمنوں سے طالِع کي مدد پاکر چھوٹ گیا *

دسواں باب

اهلِ کينہ سے پرهيز کرنے اور اُنکي چاپلوسي پر اِعتماد نہ کرنے ميں

CHAPTER X.—On avoiding the malevolent, and not relying on their professions of attachment.

راے دابشليم نے بيدپاے برهمن سے پوچها که - اي دانِش‌مندِ دوربين ! تو نے هر طرح کي تاتيں جو اِقبال کا وسيله هو سکيں بيان کرکے مُجهے ممنونِ اِحسان کيا - اب ميں چاهتا هوں که تو ظاهر کرے که اِس فِرقے کے ساتهہ جو بد باطني اور کينه‌وري ميں گِرفتار هي - کيونکر زيست کيجئے - اور اُن کي آشنائي و آمد و رفت کا دروازه بند کر ديجے يا نهيں ؟ اور اگر اُن ميں سے کوئي فريب اور چرب‌زباني اور خوش‌گوئي سے خيرخواهي اور محبّت کا آئين جَتاوے باور کيجئے يا نهيں ؟ برهمن نے کها - اي دانا‌ے دوراندِيش ! وے عقلمند جنهوں کا دِل نورِ اِلٰهي سے روشن هوا هي - آزُردہ دوستوں اور رنجيدہ مُصاحِبوں سے بهُت سا مُلاحظه کرتے هيں - اور اُن کي صُحبت سے پرهيز - خُصوصًا وے جو دانِش کي قوّت اور ذِهن کي صفائي سے دِلوں کے مخفي بهيدوں کو دريافت کر ليتے هيں - اور کينه‌وروں اور آزُردہ دِلوں کي بدباطني کي علامت معلوم کرتے هيں - هرگز اُن کي گُشاده‌روئي اور خوش‌دِلي پر فريب نهيں کهاتے هيں - اور اُن کے قول و فِعل پر اِعتماد نهيں کرتے - اگرچه اِس بات ميں اِحتياج دليل لانے کي نهيں - اور عقل اُس کے قبول کرنے ميں عُذر نهيں کرتي هي - پر کوتاه‌نظروں کے سمجهانے کے واسطے بادشاه اور چکاوک کا قِصّه اچهي دست‌آويز هي * راے نے پوچها - وه کيونکر هي ؟

حکايت ۱

THE STORY OF IBN-I MADÍN AND THE CHAKÁWAK.[1]

برهمن نے کها - نقل هي که اِبنِ مدين نامے ايک بادشاه تها - اُسے ايک سُرخاب سے بهُت‌سي اُلفت تهي - ايک تو وه خوب‌صورت اور خوش‌خو تها - تِسپر گويا اور دانا دِل * هميشه بادشاه اُس کے ساتهہ باتيں کرتا - دُرُست جواب اور ميٹهي باتيں سُنتا * يک‌بيک اُس نے بادشاه کے ديوانِ عام ميں انڈے دئے اور بچّه نِکالا * بادشاه ازبسکه اُسے کمال محبّت رکهتا تها - اُسے محلِ سرا ميں لے گيا - اور خادِمانِ محل کو حُکم کيا که - اُس کي اور اُس کے بچّے کي خوب خبرگيري کرکے حِفاظت و پرورِش ميں کمي نه کريں * اُسي دِن بادشاه کے محلّ

[1] چکاوک *chakáwak*, sometimes signifies 'a lark,' but, as it is here used as synonymous with سُرخاب *surkháb*, it must be in this place the *Anas casarca*, or Frábmaní duck.

میں بھی ایک فرزندِ خجستہ رو مُبارک قدم پیدا ہوا * جب شہزادہ کھیلنے لگا اور چکاوک کا بچہ بھی سیانا ہوا — بادشاہزادے کو اُس سے اُلفت ہوئی * ہمیشہ اُس کے ساتھ کھیلتا — اور چکاوک ہر روز پہاڑوں اور جنگلوں میں جاتا — اور اُن میووں میں سے — کہ آدمی جنھیں نہیں پہچانتے تھے — اور اگر جانتے بھی تھے تو وہاں نہ جا سکتے تھے — ہر روز دو لاتا — ایک بادشاہزادے کے حُضور گُذرانتا — دوسرا اپنے بچّے کو کھلاتا * تھوڑے سے عرصے میں دونوں خوش گوار و لذیذ میوے کھاکر بڑے ہوئے — اور اُس اچھی خِدمت کے سبب چکاوک کا رُتبہ زیادہ ہوا * ایکدِن سُرخاب کہیں[1] گیا تھا — اُسکا بچہ شاہزادے کے پہلو میں جا بیٹھا — اور اپنے چنگل سے اُسکے ہاتھ کو زخمی کیا * شاہزادہ غُصّے ہوا اور خفگی سے اُسکی ٹنگڑیاں[2] پکڑ سر پر سے پھرا — زمین پر اِسطرح پٹک دیا کہ خاک میں مِل گیا * جب سُرخاب اپنے آیا اور اپنے بچّے کو موا دیکھا — دردِ فرزندی سے قریب تھا کہ مر جاوے * اپنے دِل میں سوچا کہ — یہ بلا کی گرد تیری ہی اُٹھائی ہوئی ہی کیونکہ تیرا گھونسلا ایک کانٹے کے درخت میں یا کِسی دیوار کے اوپر چاہئے[3] تھا — نہ بادشاہ کی محلّ سرا میں * اگر نامُرادی کے گوشے اور توشے پر قناعت کرتا — تو آج اِس بلا میں نہ پھنستا * غرض اهلِ دُنیا کی بیوفائی میں دردآمیز باتیں کہتا تھا — اور اپنے کو کہ زیادہ طلبی کرکر آپ کو اِس بدحالی میں ڈالا ملامت کرتا تھا * ازبسکہ آزُردہ اور اِنتقام کے در پے ہوا تھا — بادشاہزادے کے مُنہ کی طرف لپکا — اور اُسکی چشمِ جہان بین کو نِکال اُڑکر کوٹھے کے مُنڈیر پر جا بیٹھا * یہ خبر بادشاہ کو پہُنچی — لڑکے کی آنکھوں کے واسطے رونے لگا اور چاہا کہ — کِسی حیلے سے جانور کو دامِ فریب میں لاکر سزا کو پہُنچاوے — کوٹھے کے نیچے آکر کہا — اے مُونسِ روزگار[4]! اُتر آ! اگر بچّے کے غم سے آنکھیں میرے نور چشم کی نِکالیں — مُضائقہ نہیں — اب میرے عیش کو برہم نہ کر — اور اپنی آتشِ فِراق سے مُجھے جلا * چکاوک نے کہا — جہان پناہ! داناؤں نے مُجھے آدم زاد کی صُحبت سے کِنارہ کرنے کو فرمایا ہی — کیونکہ آدمی اپنے بڑے کاموں کو تھوڑا سمجھتے ہیں — اور کی تھوڑی سی خطا کو بہُت جانتے ہیں * مُجھے حِرص کی شامت اور آپکی مہربانی نے اپنے بُزرگوں کی صُحبت سے جُدا کیا — اور وطن سے نِکال کر آپ کی خِدمت میں پہُنچایا * میں نے اپنے دِل میں عہد کیا تھا کہ — باقی عُمر حُضور کی خِدمت میں کاٹونگا — پر میرے مُدّت کے حقِ خِدمت کو بُھلا کے تھوڑے سے گُناہ پر میرے بچّے کو مار ڈالا * بُزرگوں کی نصیحت مُجھے یاد آئی — اب خیال نہیں ہی کہ حضرت سے مُلاقات کروں — اور اگر جانتا کہ جانِ شیرین کا عِوض ہی

[1] The bird, we are told, laid eggs, and was consequently a female. The use of the masculine, therefore, throughout this story, as applied to this bird, is not very creditable to Ḥafiẓu'd-dín.

[2] Shakespear gives only تنگری *tangri*: Forbes rightly inserts the form found in this passage.

[3] Observe this remarkable idiom. The respectful imperative چاہئے *cháhiye*, which has become an impersonal verb like *debet*, is here used as an adjective.

ايک بار پھر بھي آتا - پر آزمائے کو پھر آزمانا عقل کے دائرے سے قدم باھر رکھنا ھي * آپ نے نہيں سُنا ھي که دوراندیش بُزرگ ايک چيز کو دو بار نہيں آزماتے ھيں - اور سانپ کي بانبي ميں ھاتھ نہيں ڈالتے - اور جہانپناہ کے ضمير مُنير پر روشن ھي که تقصيرواروں کو نذر زندگي کرني بيوقوفي ھي * اگر سياست اور سزا اُسکي فوراً نه ھوے آخر عذاب شديد ميں گرفتار ھوگا - اور اگر نصيب اور طالع ياور ھوں - اور قبل اُسکے که سزا کو پہنچے اور آفت ديکھے مر جاوے - محويشوں لڑکوں اور دوستوں کو اذيتيں پہنچينگيں - اِسلئے که سرشت آدمي کي - بلکه سب جانداروں کي مُکافات پر ھي * اب جو ميں نے اپنے بچے کا بدلا ليا ھي * اور شاھزادے کو اذيت دي ھي - کيونکر آپکي مُلازمت کو دِل قبول کرے ؟ مگر آپ نے قصه دانادِل اور ٹھگوں کا نہيں سُنا ھي * بادشاہ نے پوچھا - وہ کيونکر ھي ؟

حکايت ۲

THE STORY OF THE FAKÍR, DÁNÁDIL, AND THE THIEVES.

سُرخاب نے کہا - نقل ھي که رقبه نام ايک شہر - اُس ميں کوئي فقير تھا اخلاق نيک اور اوصاف پسنديده سے آراسته - نام اُس کا دانادِل تھا - وھاں کے بُزرگ اُسے دوست رکھتے تھے * درويش نے اپني گرم بازاري ۱۳۲ ۳۹ کا ھنگامه برھم کرکے رضاے اِلٰھي کے حاصِل کرنے کو سفر اِختيار کيا - اور تنہائي و بيکسي ميں گذران کرنے لگا * ٹھگوں کا ايک گروہ اُس کے پاس زر و جواھر سمجھکر اُس کے پيچھے لگا - اور اُس کے مار ڈالنے کا قصد کيا * دانادِل نے ھرچند تہي دستي کا اِظہار کيا نه مانا - اور بہتيرا چاھا که نصيحت کي باتوں سے چھٹ جاوے فائده نه کيا * درويش اُس دشتِ تنہائي ميں اپنے کام ميں عاجز تھا - اور دھنے بائيں ديکھتا تھا که - کوئي مددگار نظر آوے - يکايک کونجوں کے ايک پرے کا وھاں گذر ھوا * دانادِل نے پکارکر کہا که - اي کُلنگو ! اِس جنگل ميں اِن ظالموں کے ھاتھوں سے مجھے مارا جاتا ھوں - خُدا کے واسطے ميرا بدلہ اِس گروہ سے ليجو ! ٹھگ يہ بات سُنکر ھنسے اور کہا - تيرا کيا نام ھي ؟ اُس نے کہا - دانادِل * تب اُنھوں نے کہا که - ارے نام کے تجھ ميں کچھ دانائي نہيں - اور جو لوگ بيوقوف ھيں - اُن کا مار ڈالنا اِتنا بُرا نہيں ھي * غرض اُس درويش کو مارا - اور جو کچھ اُس کے پاس تھا - لے ليا * جب اُس کے مارے جانے کي خبر شہريوں کو پہنچي - سب مغموم ھوکر افسوس کرنے لگے - اور اُس کے قاتلوں کے دريافت کرنے کي کوشش ميں پڑے * آخر کو مُدّت کے بعد عيد کے روز بہت سے آدمي عيدگاہ ميں جمع ھوئے - اور دانادِل کے کشندے بھي وھاں آئے تھے * اِس ميں ايک قطار کونجوں کي ھوا پر سے اُتري * اُن ٹھگوں کے سر پر اُڑنے لگي اور شور کرنے * اُن ميں سے ايک نے اپنے ياروں سے کہا - يقين جانو که يے جانور دانادِل کے خون کا دعوي کرتے ھيں * شہريوں ميں سے ايک جو اُن کے پاس بيٹھا تھا - يہ بات اُس کے کان پڑي - اور اُس نے دوسرے سے کہي - يہاں تلک که حاکم کو خبر پہنچي * حاکم نے اُن کو قيد

کیا - اور تھوڑي سي سیاست میں اُنھوں نے تمام ماجرا کہہ دیا - اور بطور مُکافات و قِصاص کے وے سزا کو پہُنچے *

یہہ قِصّہ میں نے اِس لئے کہا - تا بادشاہ کو معلوم ہو کہ مُجھ سے ایسا ھي بُرا کام ہوا ھي - پر کیا کروں؟ کہ مُکافات کے رو سے تھا - جب ایسا کام میں نے کیا مُقتضیٔ عقل کا یہہ ھي - کہ تیري بات پر اِعتماد نہ کروں - اور تیري صُحبت چھوڑکر گوشے میں بیٹھوں * بادشاہ نے فرمایا کہ - اِنتقام لینا کوتہ بینوں کا کام ھي - داناؤں نے بدي کا بدلہ نیکي مُقرر کیا ھي - ھرگز میري مُروّت اِس بات کو نہیں چاھتي ھي - کہ تیرے ھُنروں کو ڈھانپ کر تُجھے رنج نہُنچاؤں - خُصوصاً اِس وقت کہ تُجھ سے کوئي بُرا کام نہیں ہوا ھي - بلکہ میرے بیٹے نے تیرے بچّے کو بیگُناہ مار ڈالا - اور تو نے مُروّت سے جان کے عوض صِرف آنکھ پر اِکتِفا کي ھي * اي چکاوک! بیفائِدہ اپنے دِل میں مُتفکر نہو - اور جُدائي کي کوشش نکر - اگر تُجھسے بدي بھي ہوتي - تو میں نیکي ھي کرتا - میرے نزدیک اِنتقام لینا بد بات ھي * چکاوک بولا کہ - میں نے فرض کیا کہ آپکے دِل میں کُچھ نہیں ھي - پر اپنے دِل کے اندیشے کا کیا عِلاج کروں؟ پھر آنا میرا ھرگز مُمکن نہیں * داناؤں نے کہا ھي کہ - آزُردہ دِل پر ھرچند لُطف اور خاطِرداري کریں - اُسکي بدگماني زیادہ ہووے * بادشاہ نے کہا - اي چکاوک! اُن باتوں کو - جو دوستي سے بعید ھیں - چھوڑ! تو بجاے فرزند ھي - بلکہ اُسّے بھي عزیزتر - وہ محبّت جو مُجھے تیرے ساتھ ھي سو اپنے لڑکوں اور خویشوں سے نہیں * چکاوک نے کہا - میں اِن باتوں پر ھرگز نہ بھولونگا - اور اپنے پاؤں سے دام میں نہ آؤنگا - ھرگز میں آپکے فرزند کي جگہہ نہیں ہو سکتا - اِس لئے کہ آدمیوں نے حادِثے کے وقت بیٹوں کے ساتھ کیا کیا سُلوک کئے ھیں؟ میں ایک مُشت پر جانور کِس گِنتي میں ھوں * شاید بادشاہ نے بُڑھیا اور مُہستي کا قِصّہ نہیں سُنا ھي * بادشاہ نے پوچھا - وہ کیونکر ھي؟

حِکایت ۳

THE STORY OF THE OLD WOMAN AND HER DAUGHTER, MUHASTÍ.

چکاوک نے کہا - نقل ھي کہ کِسي بُڑھیا کے مُہستي نامے ایک بیٹي تھي نِہایت خوبصورت اور حسین * قضارا زمانیکي گردِش سے بیمار ہوئي - اور تپ کي سوزِش سے بیتاب * بُڑھیا اُس کے گِرد پھرتي تھي - اور دُعا و نیاز سے کہتي تھي - اي جانِ مادر! میري جان تُجھ پر قُربان ہوجیُو[1] - میں اپنے تئیں تُجھ پر صدقے کروں * ھمیشہ صُبح کے وقت آہ

[1] Throughout the text the respectful imperative of ہونا *hond* is printed, contrary to the well-known rule which lengthens the root in this form, ہوجیُو *hojiyo*. This story occurs in Shakespear's 'Selections,' vol. i., p. 9, where the word in question will be found as I have given it.

و نالہ کرکے کہتي - يا خُدا! اِس جوان کوْ بخش - اور اِس بُڑھيا پھوس کي جان - جوْ اپني زِندگي
سے سيْر هي - اُسکے بدلے لے * غرض شفقتِ مادري سے بُڑھيا شب و روز دُعا و زاري کرتي تھي * اِتّفاقاً
اُسکي ايْک گاے هار سے آئي - اور باورچي‌خانے ميں جاکر شوْربے کي بو سے سِرکوْ ديگچے کے اندر
ڈال جوْ کُچھ تھا کھا گئي * جب سِر نِکالنے لگي نِکال نہ سکي - بيْتاب هوئي اور اُسيطرح ديگچہ سِر پر
لئے باورچي‌خانے سے نِکل‌کر اِس کوْنے سے اُس کوْنے پھرتي تھي * ناگاہ بُڑھيا کي نظر اُس بھيانک
صورت پر پڑي - بہُت ڈري اور سمجھي کہ - لوْگ جوْ کہتے تھے کہ فِرشتہ آکر جان قبض کرتا هي -
سوْ يہي هي - بےشک مُہستي کي جان قبض کرنےکوْ آيا هي * چِلّائي اور نالہ و زاري کرکے کہنے
لگي - مَلکُ الموْت ! مَيں مُہستي نہيں هوں - مَيں توْ ايْک مِحنتي بُڑھيا هوں - اگر تو اُسکي روح
قبض کرنے آيا هي - توْ مُہستي گھرکے اندر هي - وهاں جا ! اور اُسکي روح قبض کر اور مُجھے چھوڑ!
غرض جب بلا نہ تھي اُسوقت اُسکوْ نازنين سمجھي - اور جب بلا ديْکھي اُسکوْ اُسکے حوالے کر ديا *

پس يہ جانيُو کہ کوْئي آپ سے غيْر کوْ عزيز نہيں جانتا هي - بہتر يہ هي کہ پھر آشنائي نکروں -
اور اپنے تئيں اِس بلا کے گِرداب سے نِکالوں * بادشاہ نے کہا - اي چکاوک ! تو دانا هي - گُذري هوئي
باتوں کوْ کہوں خيال ميں لاتا هي ؟ ميْرے اگلے احوال کوْ سوْچ - کہ مُجھے تُجھ سے کيْسي اُلفت
تھي - اور تُجھسے بھي کوْئي کام ايْسا نہيں هوا هي - کہ حاکمِ عقل سياست کا حُکم کرے * وفا کا آئين
نچھوڑ! اور مُجھ پر غم و اندوہ روا نرکھ ! قبل لڑکا هوْنے کے آرام کا موجب تو هي تھا * اور جب
خُدا نے لڑکا عِنايت کيا - تب بھي آرامِ دِل تو هي هي - اور مُجھے تيْرے ساتھ لڑکے سے زيادہ
دِلبستگي هي - اب جوْ خُدا کي مرضي سے اُسکي آنکھوں کي يہ حالت هوئي - تو مُجھے اِسطرح بے يار
غمگُسار چھوڑکر کہاں جاتا هي ؟ اور مُجھ پر اِتنے غم اور بلا کيوں روا رکھتا هي ؟ ميْرا اور تيْرا قِصّہ
بادشاہ اور قوّالْ کا سا هي * چکاوک نے پوچھا - وہ کيونکر هي ؟

حِکايت ۴

THE STORY OF THE KING AND THE MUSICIAN.

ملک نے کہا - کِسي بادشاہ کے يہاں ايْک خوش‌آواز گويّا تھا - هميْشہ اُسے عزيز رکھتا -
اور اُسکے دِلپسند باتوں سے خوش هوْتا تھا * اور وہ قوّال ايْک قابِل غُلام کوْ گانے
بجانے ميں تربيّت کرتا تھا - اور مہرباني سے اچھي چيزيں سِکھاتا * تھوڑے سے عرصے
ميں وہ ايسے کامِل هوا کہ اپنے اُستاد سے بمرتبہ گُذر گيا * جب بادشاہ غُلام کے احوال سے واقِف
هوا - اُسکوْ اپنا مُقرّب کر تربيت کرنے لگا * تھوڑے دِنوں ميں يکتاے عصر هوا * ازبسکہ کوتہ بينوں
اور بے وُقوفوں کا کام ناتوان‌بيني هي - اُستاد کوْ اس پر حسد هوا - يہاں تک کہ فُرصت پاکر اُس

تانسین وقت غُلام کوٗ مار ڈالا * یہہ خبر جوٗ بادشاہ کوٗ پہُنچي - اُسکوٗ بُلوایا تا سزا کوٗ پہُنچاوے * جب لوٗگوں نے اُسے حضور مٰیں حاضِر کیا - بادشاہ نے غضب سے عِتاب کیا اوٗر کہا - تو نہیں جانتا هي کہ مٰیں نِشاطدوٗست هوں ؟ مٹِري خوشي دوٗ طرح سے تهي - ایٗک تیٗرے گانے سے - دوسري اُس کے بجانے سے * کوٗن‌سي چیز تُجھے اِس بات پر لائي کہ مٹِرے غُلام کوٗ تو نے مارا - اوٗر آدهے عیٗش کوٗ برهم کیا * ابهي حُکم کرتا هوں - توٗ تُجھے بهي وهي شربت پلاوٗں جوٗ اُس غُلام کوٗ تو نے پِلایا - تاکہ اوٗروں کوٗ عِبرت هوٗ - اوٗر تو بهي اپني سزا کوٗ پہُنچے * قوّال نے جواب دیا کہ - جہان‌پناہ ! مٰیں نے بُرا کیا کہ بادشاہ کي آدهي خوشي کوٗ برهم کیا - پر آپ اگر مُجھے قتل کرٹینگے - تمام عیٗش آپ کا برباد هوٗگا * بادشاہ کوٗ یہہ بات خوش آئي - اُس کے قتل سے درگُذرا اوٗر نوازِش کي *

یہہ قِصّہ مٰیں نے اِس واسطے کہا - تا جانے تو کہ مٹِري کُچھ خوشي بیٗٹے کے آنکھ کے سبب گئي - اوٗر تو جوٗ جُدائي کا باجا بجایا چاهتا هي تمام خوشي جاتي رهیٗگي * تب مٹِرا حال کیا هوٗگا ؟ مآلِ کار کہاں تلک پہُنچیٗگا ؟ چکاوک نے کہا - غُصّہ نِہاں خانۂ دِل مٰیں - اوٗر بُغض سینے کے اندر رهتا هي - زبان ایٗک پیٗغامبر هي - آپ دِل کي بات خوب جانتے هیٗں - نادان زبان کیا جانیٗگي ؟ اوٗر کیا کر سکیٗگي ؟ اي بادشاہ ! مٰیں عقل کے زوٗر سے اِتنا سمجهتا هوں کہ آپکي زبان دِل کے موافِق نہیں هي - اوٗر حضرت کے غُصّے سے خوب واقِف هوں - اوٗر آپکي خوٗ کوٗ خوب جانتا هوں - مُجھ سے جب ایٗسي تقصیر هوئي هي - ایٗک دم آپ سے نِڈر رهنا عقل سے باهر هي * مٰیں اُس طرح کا نہیں هوں جسطرح ایٗک طبیب نے اُس مریض سے جوٗ دردِ شِکم مٰیں گِرفتار تها - کہتا تها کہ - تُجھے آنکھ کي دوا دردِ شِکم کے عِلاج سے بِہتر هي * بادشاہ نے پوچها - وہ کیونکر هي ؟

حِکایت ۵

THE STORY OF THE PHYSICIAN AND HIS PATIENT.

چکاوک نے کہا - ایٗک شخص کِسي طبیب کے پاس آیا - پیٗٹ کے درد سے بےقرار هوٗکر زمین پر لوٗٹنے لگا - اوٗر بیٗتابي سے نالہ کرتا هوا دوا مانگنے * طبیب نے اُسکے هَمراهیوں سے پوچها کہ - اِسنے آج کیا کهایا ؟ کہا - جلي روٹي کا ٹُکڑا * اُسنے فرمایا کہ - دوا جوٗ آنکھ کي بصارت کوٗ زیادہ کرتي هي لوٗ - تا اِس بیمار کي آنکهوں مٰیں لگاؤں * وہ چِلّایا کہ - اي طبیب ! یہہ کوٗن‌سا مقام خوش‌طبعي و هزل کا هي ؟ مٰیں پیٗٹ کے درد سے چِلّاتا هوں - اوٗر تو آنکهوں کي دوا بتاتا هي - آنکھ کي دوا دردِ شِکم سے کیا علاقہ رکهتي هي ؟ طبیب نے کہا - مٰیں چاهتا هوں کہ تیٗري آنکهیٗں روٗشن هوٗں - تاکہ سیاہ و سفیٗد مٰیں تفاوت کر سکے - پِهر کبهي جلي هوئي روٹي نہ کهاوے - پس تیٗري آنکهوں کي دوا پیٗٹ کے عِلاج سے واجب‌تر هي *

غرض ميري اِس قِصّے کے کہنے سے يہہ هي - کہ جہان‌پناہ يہہ خيال نکريں - کہ مَيں بهي اِس قِسم کا هوں کہ جلے ان‌جلے کوْ نہ پہنچانوں - اور کچّے پکّے مَيں فرق نہ کروں * بادشاہ نے کہا کہ - جوْ حالت مَيرے تيرے درميان مَيں هوئي - اِس طرح کے ماجرے اکثر دوْستوں مَيں گذرے هَيں - آخر دانِش سے دوْستي کي بُنياد مضبوط کي هي * جوْ کُچھہ تو سوْچتا هي سوْ بجا هي - پر جانيو کہ جِسکا دِل نورِ عقل سے روْشن هوا اور زيورِ دانِش سے آراستہ - وہ بُردباري چهوڑ غُصّے کوْ اِختيار نہ کريگا - اور جب تلک عفو مُمکِن هوْ اِنتقام نہ ليگا - کيونکہ بُردباري و عفو مَيں وہ لذّت هي - کہ اِس طرح کے سيکڑوں رنج کهينچے - تو بهي اِسکوْ نہيں پہنچتا هي * چکاوک نے کہا - بُزُرگوں نے فرمايا هي کہ - جوْ کوْئي کام کوْ آساں خيال کرے - آخر کوْ دُشواري مَيں گرفتار هوْتا هي * اي بادشاہ ! اِس مُشکِل کام کوْ هرگز مَيں سہل نہيں جانتا هوں - مُجهے اِسقدر دانائي هي اور گرم و سرد زمانے کا مَيں نے چکّها هي - اور بادشاهوں کے غُصّے کا اندازہ سمجهتا هوں - اور اپنے گُناہ کا رُتبہ بهي جانتا هوں * دُشوار هي کہ مَيں اِس بات پر بهولوں - بہتر يہہ هي کہ جنگل کي راہ لوں - کيونکہ دُشمنِ قوي سے هرگز بر نہ آوْنگا * شايد بادشاہِ طبرستان کے پيغام کا احوال آپ کے گوْشِ مُبارک تلک نہيں پہنچا هي * بادشاہ نے پوچها - وہ کيونکر هي ؟

حکايت ٦

THE STORY OF THE KING OF TABARISTÁN AND HIS REBELLIOUS SUBJECT.

چکاوک نے کہا - نقل هي کہ بادشاہِ طبرستان کے مُلازموں مَيں سے ايک مُلازِم بدبختي کے مارے بغي هوْکر فِتنہ و فساد کے درپے هوا تها * بادشاہ نے مہرباني سے کُچهہ نصيحتيں لِکهہ بهيجيں - ازبسکہ نصيب اُسکے برگشتہ هوئے تهے - اور دولت نے اُسّے مُنہہ پهيرا تها - اِن نصيحتوں کوْ گوْشِ هوْش سے نہ سُنا * تب بادشاہ نے پيغام بهيجا کہ - هم اور تو شيشے اور پتّهر کے مانند هَيں - چاهوْ پتّهر کوْ شيشے پر مارو - خواہ شيشے کوْ پتّهر پر - بہرصورت شيشہ هي ٹوٹيگا - اور پتّهر کوْ کُچهہ آسيب نہ پہنچيگا *

غرض اِس قِصّے سے يہہ هي کہ بادشاہ کوْ معلوم هوْ کہ مَيں بهي حُکمِ شيشے کا رکهتا هوْں * بادشاہ کے غُصّے کا کہ وہ رُتبہ پتّهر کا رکهتا هي اور دُشمن شِکن هي - هِسنگ نہ هوْ سکونگا * بادشاہ نے کہا - تيري بدگُماني حدّ سے گُذري - يہہ کيا طَور هي جوْ تو نے اِختيار کيا ؟ اور قديم دوْستي کوْ يکبارگي بهول گيا ؟ اور يہہ کيا عقل هي کہ تو طريقۂ وفا مَيں کُتّے سے بهي کم هي ؟ چکاوک نے کہا - اي بادشاہ ! کيوں ايسے باتَيں آپ کہتے هَيں ؟ حضرت آپ فريب کے درپے هَيں - مُجهہ پر بےوفائي کا نام دهرتے هَيں * بادشاہ نے کہا - عجب هي کہ تو ايکهي طرف ديکهتا هي - اور دوسري جانب کوْ نظر

نہیں کرتا هيْ - اِس جہان میں صِرف تُجھي نے گُناہ نہیں کیا هي - دیکھ غریبوں نے نادانی سے کیا کیا قُصور کئے هیں اوْر کرتے هیں؟ اوْر بُزُرگوں نے بُزُرگي کے سبب ایک مزہ جوْ عفو میں پایا هي کِس کِس طرح سے بخشا هي - بلکہ اِس کوْ لِحاظ نہ کرکے اُنهیں درجۂ عالي کوْ پہُنچایا هي * شاید تو نے اگلے بُزُرگوں کا قِصّہ نہیں سُنا هي * چکاوک نے کہا - جہان‌پناہ سچ کہتے هیں - پر اکثر بُزُرگوں نے اپنے غُصّے کوْ نہ چھوڑکے تھوڑے سے گُناہ میں جان سے مار ڈالا هي * مُجھے کیونکر معلوم هوْ کہ آپ اُس گروہ سے نہیں؟ حالؔ آنکہ میں حضرت کي خوْ سے خوب واقِف هوں - اوْر علامت فریب کي آپکے طوْر سے سمجھتا هوں - کِس طرح حضرت کے کہنے سے اپنے کوْ گِرفتار کروں؟ بادشاہ نے کہا - تو غلط سمجھا هي - بےشک مارے ڈر کے تیري عقل جاتي رهي هي - جب میں جانتا هوں کہ دُنیا میں جوْ کُچھ ظاهِر هوْتا هي - کیا بھلا اوْر کیا بُرا - سب خُدا نے پیْدا کیا هي - اوْر کِسي کوْ اِس میں دخل نہیں - پس کیونکر به سبب اُس چیز کے جوْ تُجھ سے وُقوع میں آئي تُجھے تقصیروار ٹھہراؤں؟ جب دانائے مہربان کي حِکمت یہي چاهتي تھي میرے اوْر میرے بیْٹے کے حقّ میں وهي صلاح تھي * جواب دیا کہ - اگرچہ تمام دانا اِسي بات پر مُتّفِق هیں - پر ساتھ اِس کے پیْش‌بیني اوْر اِحتیاط میں بھي سعي کرتے هیں * ٹُک سوْچیئے کہ جِس وقت اپنے بیْٹے کي بصارتِ چشم کوْ یاد کرتے هوْ تُمهاري کیا حالت هوْتي هي؟ میں نے فرض کیا کہ آپ آج عقل کي رهبري سے غضب پر غالِب آئے - لیْکِن اوْر دِن کي کیا تدبیر میں سوْچوں؟ بادشاہ نے کہا - تو ٹھیک کہتا هي - لیْکِن یہہ حالت اُن لوْگوں کي هي جوْ کبھي اپنے احوال کے حِساب و کِتاب میں نہ رهیں - پر جوْ شخص کہ هیْشہ اپنے قوْل و فِعل کوْ سوچتا هوْ - اوْر کوْئي کام بغیر صلاحِ عقل کے نہ کرے - اُسے بد گُمان هوْنا دوراندیشي نہیں هي * تو جانتا هي کہ میرے نزدیک کِتنا هي بڑا گُناہ هوْ عفو اُسے زیادہ هي - اوْر دانا کوْ اِتني سکت هي کہ گُنہگاروں کے خیال سے اِسطرح درگذرے کہ پھر کبھي اُس کے دِل میں نہ آوے - تو یے بد گُمانیاں میرے حقّ میں نا حقّ کرتا هي * چکاوک نے کہا - جہان‌پناہ جوْ کُچھ فرماتے هیں سچ اوْر ٹھیک هي - پر کیا کروں؟ کہ میرے عقل مُجھ سے یہي کہتي هي کہ آپ اِن باتوں سے خیال اوْر هي کُچھ رکھتے هیں - اوْر میں اپنے کوْ اُس کے مانند جانتا هوں جِس کے تلوے میں کوْئي زخم لگے - اوْر وہ مِزاج کے زوْر سے بےباک هوْکر اندهیري رات کوْ سنگِستان میں چلے - پھر یقیناً وہ زخم زیادہ هوْوے اوْر پانْو کام سے ایسا جاتا رهے کہ نرم زمین پر بھي نہ رکھ سکے - اوْر اب میرے رهنے نے بادشاہ کي خِدمت میں یہي حالت پیْدا کي هي * حکیموں نے کہا هي کہ - تین شخص آئینِ حِکمت سے دور هیں - اوْر طریقِ دانِش سے باهر * ایْک - وہ جوْ اپنے زوْر پر اِعتِماد رکھتا هوْ - اوْر بے مُلاحظہ اپنے کوْ مُشکِل مقاموں میں ڈالے * دوسرا - وہ جوْ اپنے کھانے پینے کا اندازہ نہ سمجھے - اوْر اِتنا کھاوے پیوے کہ مِعدہ اُس کا هضم نہ کر سکے * تیسرا - وہ جو دُشمن کے کہنے پر بھولے * بادشاہ

نے کہا - ہرچند مئيں لُطف اوَر مہرباني کرتا ہوں - تو اُسي طرح ٹيڑھي[1] راہ چلتا ہي اوَر دوُستانہ[2] نصيحت پر کان نہيں رکھتا - پس نصيحت تُجھ اَيسے کے حق مئيں بےفائدہ ہي جس طرح نصيحت کرني زاهِد کي بهيڑئے کوَ بےحاصِل تهي * چکاوک نے پوچها - وہ کيونکر ہي ؟

حِکايت ۷

THE STORY OF THE SAINT WHO LECTURED THE WOLF.

بادشاہ نے کہا - نقل ہي کہ ايک زاهِدِ گوَشہ‌نشين خيَراندےش جنگل مئيں چلا جاتا تها * ايک بهيڑئے کوَ اُس نے ديکها کہ طمع کا مُنہہ کهولے ہوئے - اوَر حِرص کي آنکهوں سے ٹکٹکي لگائے - تمام‌تر اِرادے سے اِس گهات مئيں بيٹها ہي کہ کِسي بےگُناہ کوَ ستاوے اوَر جاندار کوَ بےجان کرے * زاهِد نے مہرباني سے نصيحت کي - زبان کهولي اوَر کہا - خبردار لوَگوں کي بکريوں کے گِرد نہ پهرنا - اوَر قصدِ اُن بےچارِيوں کا نہ کرنا - کہ عاقِبت اِس کي خواري ہي اوَر مآلِ کار خون خواروں کا رُسوائي و اِفلاس ہي * غرض اِسي طرح کي باتيں کہتا تها - بهيڑئے نے جواب ديا کہ - نصيحت کرني موَقوف کر! اِس لئے کہ اِس ٹيلے[3] کے پيچهے ايک گلّہ[4] بکريوں کا چرتا ہي - ايسا نہ ہوَوے کہ اُن کے پکڑنے کا وقت جاتا رہے - پهر سِوائے افسوَس کے کُچهہ حاصِل نہ ہوَگا *

غرض اِس قِصّے کے کہنے سے يہہ ہي - کہ تُجهسے مئيں ہرچند نصيحت کرتا ہوں - تو اُسي طرح اپنے خيال مئيں ہي * چکاوک نے کہا - مئيں نصيحت اپني عقلِ دوراندےش راست بين کي سُنتا ہوں - پهر وے باتيں کہ جِن مئيں جان کا ڈر ہي کيونکر سُنوں ؟ مئيں نے داناؤں کي طرح گُريز کي راہ لي ہي اوَر ايسي جگہہ جاتا ہوں جہاں کِسي کا مُجهہ پر زوَر نہ چلےگا * بادشاہ نے کہا - تو نے سفر کا رنج کبهي نہيں اُٹهايا ہي - اوَر مُسافرت کي تکليف نہيں کهينچي ہي - يے مِحنتيں اپنے اوپر گوَارا نہ کر * جواب ديا کہ - جوَ کوئي پانچ خصلتوں کوَ راہ کا توَشہ اوَر اپني زِندگي کا سرمايہ کرے جہاں جاوے مقصد اُس کا برآوے - اوَر تنہائي کي اذيّت اوَر سفر کا رنج نہ اُٹهاوے * پہلي - بدکاري سے پرے رہنا * دوسري - نيک کام اِختيار کرنا * تيسري - تُہمت کي جگہہ مئيں نہ ٹهہرنا * چوتهي - تهوڑے پر قناعت کرني * پانچويں - چهوٹے بڑے کا لِحاظ کرنا * بادشاہ نے کہا - اگر تو جايا چاہتا ہي پهر کب آويگا ؟ اُس نے کہا - مئيرے پهر آنے کي توقّع مت رکهہ - کہ آزُردہ دِل نہيں پهرتا - اوَر جان کا خطرہ اُس کوَ پهر نہيں لاتا ہي * قِصّہ اُس عرب اوَر نان‌بائي کا ٹهيک مئيرے احوال کے مانند ہي * بادشاہ نے پوچها - وہ کيونکر ہي ؟

حکایت ۸

THE STORY OF THE ARAB AND THE BAKER.

چکاوک نے کہا کہ - ایک عربِ بدوي شہرِ بغداد میں آیا - اور گِردے نان‌بائي کي دوکان میں دیکھ کر مُضطرب ہوا * بیچارہ صِرف بو سے جیتا تھا - جب کہ روٹّي کا مُنہہ دیکھا صبر کا گریبان چاک کرکے نان‌بائي کے پاس گیا اور کہا - اي خواجہ! میرے پیٹ بھر روٹیاں کھانیکا کیا لوگے؟ اُس نے اُس جوان کو اوروں کے مانند خیال کیا کہ - کِتنا کھائیگا - اگر بہُت بھوکھا ہو - تو دو تین روٹیوں سے زیادہ نہ کھا سکیگا * بولا - اي عرب! آدھي دینار دے - اور جِتني چاہے کھا * عرب نے آدھي دینار دي - اور دجلے کے کِنارے بیٹھا * نان‌بائي روٹیاں نِکال نِکال دیتا تھا - اور وہ پاني میں بھگو بھگوکر کھاتا تھا * روٹیاں آدھي دینار کي قِیمت سے گُذرکر چار دانگ تلک پہُنچیں - بلکہ اُسے گُذرکر دینار کي نوبت آئي * نان‌بائي بے اِختیار ہوکر بولا - اي عرب! کِتني کھائیگا؟ اُس نے جواب دیا کہ - جب تلک یہہ پاني بہیگا - میں کھاتا جاؤنگا *

حاصِل اِس داستان کا یہہ هي کہ جب تلک زِندگي باقي هي خوف و اِحتیاط سے باز نہ آؤنگا * میرا پھر آنا مُمکِن نہیں - اور مُلاقات نہ هوگي * بادشاہ نے جانا کہ - یہہ جانور هُشیار هي - فریب کے دام میں نہ پھنسیگا اور حیلہ کرکے اِسے اِنتِقام نہ لے سکونگا * تب رونا شُروع کیا - اور پھر قسمیں کھائیں - اور عہد و پیمان کرکے خواهِش اُس کے پھر آنے کي کي * سُرخاب نے کہا - اي شاہِ جوان بخت! تو جِتنا لُطف کرتا هي - میري فِکر زیادہ هوتي هي - اِس خیال سے باز آ! کہ میں نہ آؤنگا - اور مُحال هي کہ پھر تُجھ سے آشنائي کروں * بہتر یہہ هي کہ تیرے اِس پنڈ پڑنے پر جُدا هوں اور تنہائي کا گوشہ اِختیار کروں * بادشاہ نے کہا - جب تو نے اپنے دِل پر جُدائي ٹھاني آرزو رکھتا هوں کہ کُچھ نصیحتیں جو دولت کا وسیلہ هو سکیں - تو اپني یادگاري کے لئے مُجھ سے کہے - کیونکہ اچھي بات سے کوئي اچھي یادگاري نہیں * چکاوک نے کہا - اي بادشاہ! دُنیا کے کارو بار تقدیرِ الٰہي پر مبنی هیں - کمي و بیشي اور تقدیم و تاخیر کي سکت کِسي کو نہیں - جو کُچھ مُقدّر هي آگے پیچھے نہوگا اور نیک بختي و بدبختي اگرچہ پردے میں هي - پر چاهئے کہ هیشہ کار و بار کي بُنیاد تدبیر پر رکھکر دوراندیشي عمل میں لاوے - اِس صورت میں اگر مطلب بر آوے - اِسے کیا بہتر؟ اور اگر مُراد حاصِل نہو - بارے داناؤں کے نزدیک مطعون نہوگا - پھر یہہ دریافت کیجئے کہ ضائع تر مال وہ هي کہ جِسے بہرہ‌مند نہو سکئے - اور بادشاهوں میں دانا وہ هي جو مُلک کي حِفاظت میں - اور مظلوموں کي دادرسي میں - اور رعیت کے کاموں کے سرانجام میں - کوشش بہُت سي کرے * دوستوں میں بد وہ هي جو اِفلاس کے وقت دوست کے ساتھ رِعایت نکرے * رنڈیوں میں نِکمّي وہ

هي جِسکا اپنے خصم سے بناؤ نہوْ * لڑکوں مٹیں بُرا وہ هي جوْ ماباپ کي دِلجوئي و خاطِرداري نکرے *
مُلکوں مٹیں ویران وہ هي جِسمٹیں اَمن اَور ارزاني نہوْ * صُحبتوں مٹیں بُري وہ صُحبت هي کہ لوْگ
آپس مٹیں یکدِل نہوْں * جب مٹیرے اَور بادشاہ کے درمیان مٹیں کُدورَت آئي - توْ بہتر یہہ هي کہ
جُدائي کي راہ اِختیار کروں * اِسي پر بات تمام کرکے محل کے کنگُرے سے اُتْرکر جنگل کي طرف چلا
گیا * بادشاہ نے حسرت سے دانتوں تلے اُنگلي دابي - صبرکے سِوا چارہ نہ دیکھا *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

خُلاصہ اِس باب کا یہہ هي - کہ جب شہزادے نے چکاوک کے اُس بچّے کوْ -
(جسنے بیْوُتوني سے اُسکے هاتھ کوْ نوْچا تھا) مار ڈالا - چکاوک نے دردِ فرزندي سے جوْش
مٹیں آکر شاهزادے کي چشمِ جہان بین کوْ نِکال لیا - اَور اُتْرکر محل کے کنگُرے پر جا
بیْٹھا - تا بِدِلجمعي دهبان کرکے سلامت اُتر جاوے * بادشاہ یہہ خبرِ جانکاہ سُنکر کوْٹھے کي
مُنڈیْر کے نیچے آیا - اَور چاها کہ افسانہ و افسوں سے اُسکوْ نیچے اُتارکر سزا کوْ پہُنچاوے * مہرباني
کرکے پُکارا کہ - اي یارِ مہربان ! تو مُجھے چھوڑکر کہاں جاتا هي ؟ اگر اپنے بچّے کي جان کے
عِوض مٹیرے نورچشم کي صِرف آنکھ نِکالي - توْ کمال مروّت کي * کہا - اي بادشاہ ! تیْرے بیْٹے
نے جُھنجھلاکر مٹیرے بچّے کوْ نا حقّ مار ڈالا - اَور مٹیري خِدمت کے حقّ پر خیال نکیا - اَور تو
جانتا هي کہ ظالِم کوْ جلد دُنیا هي مٹیں سزا دیْتے هٹیں * تونے نہیں سُنا هي کہ ٹھگوں
نے زاهِد کوْ جنگل مٹیں مار ڈالا - آخِر وے کبونکر کونجوں کي گواهي سے مارے گئے ؟ تیْرے لڑکے نے
خونِ ناحق کے بدلے اگر آنکھ کھوْئي هي - توْبھي سزا کم پائي هي - پر مٹیرے دِل پر دهشت غالِب
آئي هي - سِواے خُدا کے کِسي سے توقّع نرکھونگا * بادشاہ نے جواب دیا - اي یارِ غمگُسار ! تو مُجھے
اِس زمانے کے آدمیوں کي طرح سمجھتا هي - اَور نہیں جانتا هي کہ مٹیرے نزدیک هرچند بڑا
گناہ هوْ - بخْشنا اُسکا کہیں بہتر هي - اَور جب تو مٹیرے نزدیک فرزند کے برابر هي - بلکہ اُسسے بھي
زیادہ چاهتا هوں - کبونکر یہہ گُمانِ بد مُجھ پر کرتا هي ؟ اُسنے کہا - اي بادشاہ ! شاید تو نے قِصّہ
اُس بُڑهیا کا نہیں سُنا هي - جوْ اپني مُہستي نامے ایْک بیْٹي پر بیماري کے وقت
جان نِثاري اَور الطاف کرتي تھي - آخِر کبونکر اپنے تئیں اُسسے الگ کیا - اَور بیْٹي کي جان کوْ تیر
بلا کي سِپر بنایا ؟ اي بادشاہ ! اگرچہ آپ مُجھ پر مہرباني کرتے هٹیں - اَور شرطِ دوْستي کي بجا لاتے
هٹیں - پر جب دردِ فرزندي یاد آویْگا مُشکِل هي کہ غُصّہ پي جاویں * بادشاہ نے کہا - اي چکاوک !
اِسسے پہلے کہ مٹیرے یہاں لڑکا نہوا تھا - یارِ جاني مٹیرا تو هي تھا - جب خُدا نے ایْک فرزند عِنایت
کیا - تب بھي تُجھسے پیار کرتا تھا - کبھي تیْرے دیْکھنے سے مخوش هوْتا - کبھي لڑکے کے دیْکھنے سے *
اب جوْ اُسکي یہہ حالت هوئي کِسلئے تو جُدائي کا روادار هوْتا هي ؟ اَور یکبارگي مٹیرا عیْش کھوْتا هي ؟

STORY IV. میرا حال ٹھیک اُس بادشاہ اور دونوں گوَیّوں کے مانند هي کہ جب اُنمیں سے ایک نے مارے حسد کے دوسرے کو هلاک کیا - بادشاہ نے غضب میں آکر اُسے طلب کیا تا سیاست کرے - جب حاضِر هوا - اُسے کہا - تو جانتا تھا کہ جِسطرح آدھا عیش میرا تیرے سبب تھا - اُسیطرح آدھي خوشي اُس سے تھي - کہوں تو نے میري آدھي خوشي کھو دي؟ سزا اُسکي یہہ هي کہ حُکم کروں کہ ابھي تُجھے ذِلّت و خرابي سے قتل کریں * اُسنے جواب دیا کہ - قِبلۂ عالم ! میں نے بُرا کیا کہ آپ آدھي خوشي کو کھو دیا - لیکن اگر جہان‌پناہ مُجھے قتل کرینگے - تو اپني تمام خوشي کو برباد کرینگے * سُرخاب نے کہا - اي بادشاہ ! آپ کي پیشاني سے مُجھے فریب نظر آتا هي - اِس خیال سے درگُذریے - میں ویسا نہیں هوں جیسا طبیب نے اُس آدمي کو - جو پیٹ کے درد سے STORY V. نالاں تھا - کہا تھا کہ - تیرے حق میں آنکھ کي دوا پیٹ کے عِلاج سے بہتر هي - اِسلیئے کہ تو جلي هوئي روٹي کو نہیں دیکھتا هي - اور کھاتا هي - اور پیٹ کے درد سے لوٹتا هي - اگر تیري آنکھیں روشن هوں - هرگز اِس درد میں گرفتار نہوگا * اي بادشاہ ! زِنہار خیال میرے هاتھ آنے کا اپنے جي میں نہ لا - کہ میري حالت وہ هي جِس‌طرح طبرستان کے بادشاہ نے اپنے نوکروں میں سے STORY VI. ایک کو کہ جِسنے کم بختي سے فِتنہ بر پا کیا تھا - کہلا بھیجا کہ - هم اور تو شیشے اور پتھر کے مانند هیں - چاهو شیشے کو پتھر پر مارو خواہ پتھر کو شیشے پر دونوں صورت میں شیشہ هي ٹوٹیگا - پتھر کو کُچھ صدمہ نہ پہُنچیگا * هرچند بادشاہ دِل‌پسند باتیں کہتا تھا - وہ سخت سخت هي جواب دیتا تھا * آخِر بادشاہ نے عاجِز آکر کہا - تو عجب طرح سے ایکہي بات پر هي اور میري محبّت آمیز STORY VII. باتوں پر کان نہیں رکھتا هي - تیرا احوال اُس بھیڑیئے کے مانند هي جِسکو زاهِد نے بہُتیري نصیحتیں کیں - پر کُچھ مُفید نہ هوئیں * میں جانتا هوں کہ تو خواہ مخواہ مُجھ سے جُدا هوگا - لیکن کہہ کہ کب پھر آویگا؟ اُسنے کہا - اي بادشاہ ! مُجھ سے توقّع پھر آنے کي نہ رکھہ - میري حالت اُس STORY VIII. عرب کي سي هي جِسنے نان بائي نے کہا تھا - تو کب‌تلک روٹیاں کھایا کریگا؟ اُس نے جواب دیا کہ - جب‌تلک دجلے میں پاني رهیگا * پس جب‌تک زِندگي هي بارِ دِگر تیرے یہاں نہ آؤنگا * جب یہاں‌تلک بات پہُنچي - تب چکاوک اُڑ گیا *

چُلاسے کا خُلاصہ یہہ هي - کہ جب بُغض بادشاہ کے دِل میں هوا - چکاوک اُس کو اپني عقل‌مندي سے سمجھا - اور بادشاہ هرچند محبّت‌آمیز باتیں درمیاں میں لایا - اُس نے نہ سُنیں - اور اُس کي باتوں پر اِعتماد نہ کیا * عقل‌مند کو چاهیئے کہ اِن حِکمت‌آمیز باتوں پر جو قِصّے کے پردے میں بیان هوئي هیں - اپني چشمِ بصیرت کھولے اور اگلے داناؤں کے ماجراؤں کو جِس کي راستي دلیلِ واضح سے ظاهِر هي - اپنا دُستورِ العمل کرکے کار و بار کا مدار اُسي پر رکھے *

واضح

گیارھواں باب

گُناھوں کے بخشنے میں جو بادشاھوں کے واسطے ایک اچھا وصف ھي

CHAPTER XI.—Of CLEMENCY, WHICH IS AN EXCELLENT QUALITY FOR KINGS.

راے دابشلیم نے بیدپاے برھمن سے کہا - تیرے گنجِ دانش سے میں نے بڑي دولت پائي - اب اُمّیدوار ھوں کہ تو بیان کرے کہ اگر بادشاہ نے اپنے مُقرّبوں میں سے کِسي کو ایک گُناہ کے واسطے نظر سے گِرا دیا ھو - پھر اُس کو نوازے کہ نہیں؟ برھمن نے جواب دیا کہ اگر عفو بادشاھوں کا پیشہ نہ ھو تو یقیناً لوگ اُن پر اِعتماد نہ کریں - تمام کار و بار برھم ھوجاویں - مُلک کا اِنتظام جاتا رھے اور بادشاہ عفو کي لذّت سے محروم رھے * کِسي دانا بادشاہ نے کہا ھي - اگر خلق جانے کہ ھم عفو کي چاشني سے کیا مزہ پاتے ھیں تو سِواے گُناہ کے کوئي تحفہ میري درگاہ میں نہ لاوے - جہان کے بادشاھوں کے جمالِ حال کے واسطے عفو سے زیبندہ تر کوئي زیور نہیں ھي اور بُزرگوں کي کمالِ بُزرگي پر گُناھوں کے معاف کرنے سے زیادہ کوئي دلیلِ واضح نہیں * آدمي کي قوّت غُصّے کے فرو کرنے سے معلوم ھووے اور جواں‌مردي و مروّت کے آثار شرْبتِ خوش‌گوار غضب کے پینے سے دریافت کیجئے * پادشاھوں نے جو مُلک کي حُکومت پائي ھي سو اِس سبب سے کہ ھمیشہ لُطف و غضب کے طریقے پر چل‌کر دوست نواز اور دُشمن گُداز تھے - اور عقلِ دوراندیش کي رھبري سے کام کرکے مہرباني و تُند خوئي سے زیست کرتے تھے اور اِتني مہرباني جو ناتواني و عجز پر محمول نہ ھو اور اِس قدر تُند خوئي جو ظُلم نہ کہلاوے کرکے بادشاھت کے کارخانے کو خوف و رجا سے آراستہ فرما کامیاب ھوئے ھیں * ایک عقل مند نے کہا ھي - کہ غُصّہ مارنے کے معنے یے ھیں کہ سیاست میں زیادتي نہ ھو اور عفو یہہ ھي کہ آثار ناخوشي کے صفحۂ خاطِر سے دور کرے اور اِحسان وہ ھي کہ باوصف قُصور کے لُطف و مہرباني سے زیست کرے اور جِس‌طرح سے پہلے اُس کو عزیز رکھتا ھو اُسي طرح گُناھوں کے بعد بھي دوست رکھے * اي راے روشن دِل! اِنسان بے سہو و خطا کے نہیں ھي - اگر تغافُل عمل میں نہ لاوے اور گُناہ نہ بخشے تو مُلک کا اِنتظام اور دُنیا کا بند و بست کیونکر ھووے؟ بادشاھوں کو ضرور ھي کہ دیانت دار اور امین لوگوں کو جو عقل‌مندي و رعیّت پروري کے زیور سے آراستہ ھوں کاموں پر مُتعیّن کریں اور اُن کي کیفیّتِ حال کما حقّہٗ معلوم کرنے کے درپي رھیں - تو خیرخواہ اور بدخواہ میں فرق کرکے مُخلِصوں ھوا خواھوں پر مہرباني اور الطاف فرماویں - اور بد باطِن خوشامدیوں کو جو حُضور میں خِدمت

گاري و اِخلاص کا دم مارِیں اور غایبانہ بر خِلاف اُس کے عمل کریں جیسي چاھیئے ویسي سزا دیں - که اوروں کي عِبرت کا مُوجِب ھوے * جو بادشاہ اِس طرح کي پیروي نه کرے جلد دولتخواہ ناخوش اور بدخواہ دِلیر ھو جاویں - اور تھوڑے عرصے مُیں فساد واقع ھووے - اور فِتنے اُنھیں دونوں کاموں سے بر پا ھوتے ھیں - اور اگر بحسبِ تقدیر کوئي دولتخواہ تُہمت مُیں گِرفتار ھوکر اذیّت کھینچتا ھو یا بشریّت کے سبب پاے ھِمّت اُسکے ڈگمگیں ھوں چاھیئے که پھر اُسکو دِلاسا دیکر کام پر بحال کرے - کیونکه نیک آدمي بہُت کم بہم پہُنچتے ھیں - بادشاھوں کو سب چیزوں سے زیادہ نیک سیرت آدمیوں کي اِحتیاج ھي - اور بدذات اور رعیّت کے ستانے والے بیوقوف سے سب کو اِحتراز ضرور ھي اور بادشاھوں کو تو ضرور تر * اگلے زمانے کے حاکموں نے فائدۂ کُلّي سے دست بردار ھوکر کمینے بدذاتوں سے صُحبت نہیں کي ھي * چاھیئے که بادشاہ کي نظرِ دوربین زیادہ عقلمند پر مصروف ھووے نه اِسپر که زیان نه ھو * حکیموں نے کہا ھي - جو کوئي یارِ بےعیب ڈھونڈھے وہ آخر بےیار رھے اور جو قِصّه که اُسے مُناسِبت رکھتا ھي داستان شیر اور گیدڑ کي ھي * راے نے پوچھا - وہ کیونکر ھي ؟

حِکایت ۱

THE STORY OF THE JACKAL, FARÍSAH, AND THE LION, KÁMÚ.

پرھمن نے کہا - نقل ھي که ھِندُستان مُیں فریسه نامے ایک گیدڑ تھا - زیادہ طلبي سے پانو کھینچکر گوشے مُیں بیٹھا تھا - گوشت کھانے اور خون کرنے سے اُسنے اِحتراز کیا تھا * ھمیشه خویش اور رفیق اُسکے ملامت کرتے تھے اور کہتے تھے که اگر ھماري صُحبت سے تونے کِناره کیا تو کیا پر ھماري خو و عادت سے کیوں پرھیز کرتا ھي ؟ اور ھمیشه اپني عُمرِ عزیز کو مِحنت مُیں کاٹنا اور دُنیا کي لذّتوں سے محروم رھنا آثار عقلمندي کے نہیں ھیں * گیدڑ نے کہا - اگر تُم جانتے ھو که گیا ھوا پھر نہیں آتا ھي اور عقلمند آیندے پر اِعتِماد نہیں رکھتا ھي تو آج کا دِن اُس چیز مُیں که خُدا کي مرضي ھي کاٹنا اور نفس کي آرزو سے در گُذرنا مُناسِب نظر آتا ھي * اگر تُم اُس پر عمل نہیں کر سکتے ھو اور ھوا و ھوس کو نہیں چھوڑ سکتے ھو - تو پیٹوؤں کم ھِمّتوں کي باتیں کیوں مُنھ سے کہتے ھو ؟ میرا خیال نکرو اور مُجھے چھوڑ دو - اِس عاریت کے گھر کو اور مکانِ نا پایدار کو نه بناؤ اور یونہیں رھنے دو تا خراب ھو جاوے * شِغالوں نے کہا - اي فریسه ! اگر خُدا کي مرضي دُنیا کي نِعمتوں کے چھوڑنے مُیں ھوتي تو وہ اِن نِعمتوں کو پیدا نه کرتا * فریسه نے کہا - جو کُچھ عقل پسند کرے وھي نِعمت ھي - اور جِسکو تُم اپني طبعِ ناقِص سے نِعمت جانتے ھو وہ نعمت نہیں ھي - اور ایک لذّت کے واسطے جو گلے سے اُترنے ھي تک[1] ھي ایک جاندار کا بیجان

[1] 'Near at hand,' an unusual signification for تک *tak, her* = *until*.

کرنا روا رکھتے ہو * تمھاری گذران کے واسطے خدا نے بہت سی چیزیں پیدا کی ہیں - جسکی ضرورت ہو اُسی پر اکتفا کرو - اور عقل جس چیز کی اجازت نہ دے اُس میں اگر تمھاری مخالفت کروں طعنے مت دو * یار و اغیار فریسہ کی دل پسند باتیں سُنکر ملامت سے باز آئے اور اُسکو اپنا پیشوا بناکر اُسکی پیروی کرنے لگے * فریسہ تھوڑے دنوں میں عقلمند اور خدا شناس مشہور ہوا * وہاں سے نزدیک ایک جنگل تھا - کامجوے نامے ایک شیر وہاں کے درندوں کا بادشاہ تھا * ایک دن وہ اپنے ارکانِ دولت سے ہرطرح کی باتیں کرتا تھا * اِس میں فریسہ کی خداپرستی و دوراندیشی اور عقلمندی کا ذکر بھی درمیان میں آیا * مجلس کے چھوٹے بڑے یک زبان ہوکر تعریف اُسکی کرتے تھے - یہاں تک کہ بادشاہ کو فریسہ کے دیکھنے کا اشتیاق ہوا * کسی کو اُسکے بُلانے کو بھیجا - وہ بموجب حکم کے کہ حکم خدا کے مانند ہی حضور میں حاضر ہوا * بادشاہ نے مہربانی اور الطاف فرماکر بیٹھنے کا حکم کیا اور اُس سے ہمکلام ہوا * بعد گفتگو کے فریسہ کو عقلمندی میں دریاے محیط سا اور ظاہر و باطن کے عالم میں ایک گنجِ عظیم کے مانند پایا * کامجوے کو صحبت اُسکی خوش آئی - ہمیشہ بُلا بھیجتا اور اُسکی دانشمندی کی باتوں سے فائدہ اُٹھاتا * کتنے دنوں کے بعد اُسے خلوت میں کہا کہ - ای فریسہ! تو دانائی و کارداني میں یکتاے عصر ہی - مالي و مُلکي کاروبار میں تجھسا شخص چاہیئے - میں چاہتا ہوں کہ تجھے اپنا رکنِ دولت کروں اور تمام کاروبار تجھے سونپوں * بادشاہوں کو لازم ہی کہ اپنے کاموں کے سرانجام کرنے کو نیکذات عقلمند مُقرر کریں * فریسہ نے کہا - ای بادشاہ! مجھے مُلکي کار و بار میں کچھ شعور نہیں ہی اور ساتھ اِسکے منصبِ عالي اور بادشاہوں کے قرب کي تمنا میں نہیں رکھتا ہوں - کہ اُنکي نزدیکي میں اگرچہ فائدے دونوں جہان کے حاصل ہیں - لیکن راہِ خطر-ناک ہی - اور آپکي بارگاہ میں کارآزمودہ و دانا بہت ہیں اور اِس کام کي خواہش بھي رکھتے ہیں - ادنیٰ التفات میں مُہمّاتِ مُلکي کو سرانجام کرینگے - اور مجھے جو فرماتے ہو اُسے میری خاطر کو رنج ہوگا - اور یہہ بھي احتمال ہی کہ جو میں نے اِس کام کا تجربہ نہیں کیا ہی کاروبار مُلک کا درہم برہم ہوجاوے * تم بادشاہِ دانا ہو - تُکچھ سوچو اور اِس خیال سے درگذرو * کامجوے نے کہا - تُو جو کہتا ہی کہ - مجھے شعور نہیں اور اِس کام کا تجربہ بھي نہیں کیا ہی - یہہ بات جاہل فریب ہی * جب کسي کو عقلِ کامل سے بہرہ ہو سب کام اُسے اچھے ہونگے - تجربہ راہبر کوتہ نظروں کا ہی - اور عقلمند ان دیکھے کو پڑھتے ہیں اور اُن سُنے کو بیان کرتے ہیں * ای فریسہ! تجھے یوں دور کھینچنا کیا فائدہ کریگا؟ خواہ مخواہ تجھے اِس کام پر لاؤنگا *

فریسہ نے کہا - بےغرض عقلمندوں میں سے جو کوئي بادشاہي کام اختیار کرے اور مُقربِ درگاہ ہو سب اُس پر حسد لیجاویں - دُشمن اور کمینے اُس پر تہمتیں لگاویں اور سیکڑوں کوس سے اُس

کے حقّ میں حیلے اُٹھاویں - یہاں تک کہ رفتہ رفتہ بادشاہ کو اُسے آزردہ کریں * میں نے نہیں سُنا ھي کہ کوئي اِس آفت کے گرداب سے سلامت نِکلا ھو - مگر وہ سخت رو اور مکّار جو آشتي سے مطلب اپنا حاصِل کرے اور مکر سے اپنے تئیں طعنے مارنے والوں کي زبان سے بچاوے - یا وہ بیوقوف دوں ھِمّت جو طاقت ذِلّت کھینچنے کي رکھتا ھو - اُسکي بہُت چاپلوسي و عاجِزي کے سبب کوئي اُس پر حسد نہ لیجاے * اي بادشاہ! میں اِن دونوں گروہ سے نہیں ھوں - نہ میرے مِزاج میں فریب ھي نہ میري ذات میں خوشامد و عاجِزي - بہتر یہہ ھي کہ مُجھے نا مُرادي کے گوشے میں رھنے دو اور ظاھر کے کاروبار سے معاف رکھّو - مُدّت سے حِرص کي آنکھ کو قناعت کي سوئي سے میں نے سیا ھي - اگر بادشاہ مُجھے اِس گوشے سے نِکالکر عالمِ اسباب میں مشغول کرے میري حالت وہ ھوگي جو اُن مکھیوں کي ھوئي کہ شہد کے طباق میں بیٹھي تھیں * شیر نے پوچھا - وہ کیونکر ھي ؟

حِکایت ۲

THE STORY OF THE PARVESH WHO TOOK WARNING FROM THE FLIES.

فریسہ نے کہا - نقل ھي کہ ایک درویشِ دانا جِسکا طریقہ قناعت تھا بازار میں گیا * ایک حلوائي نے جو فقیري کي چاشني سے کُچھ بہرہ رکھتا تھا اُس عزیز سے اِلتماس کیا کہ ایکدم میري دوکان میں ٹھہرئے تا آپکي نصیحت آمیز باتوں سے فائدہ مند ھوں * وہ مردِ خُداشناس دِل نوازي سے وھاں بیٹھا * حلوائي نے ایک طشت شہد سے بھرکر درویش کے آگے رکھّا - مکھّیاں - جو طور اُن کا ھي کہ مِٹھائي پر جمع ھوتي ھیں - یکبارگي اُس پر گریں - بعضي کِنارے بیٹھیں اور بعضي درمیان میں - حلوائي نے چھیپي ھِلائي تا مکھیوں کو ھانکے * وے جو کِنارے تھیں سہج سے اُڑگئیں - اور وے جو بیچ میں تھیں جب اُنھوں نے چاھا کہ اُڑیں شہد اُنکے پروں میں لِپٹ گیا اور دامِ ھلاکت میں پھنسیں * درویش اِس احوال کو دیکھکر خوش ھوا اور خُدا کے شُکر میں مُستغرق * جب بحال آیا حلوائي نے اُسے سبب خوشي کا پوچھا * اُس نے کہا - اي بھائي ! میں اِس طشت کو دُنیا اور شہد کو دُنیا کي نِعمتیں اور مکھیوں کو شِکم پرور نِعمت خواروں کے مانند سمجھا - اور اُنھیں جو طشت کے کِنارے بیٹھي تھیں مردانِ آزاد کہ تقدیر کے بدے سے دُنیا میں آئے پر اِسمیں جي نہ لگایا اور تھوڑے پر قناعت کي[1] جانا - اور جانیو کہ جب چھیپي مؤت کي ھِلے جِنھوں نے اپنے دِل کو تھوڑا سا اُسکے عِشق میں آلودہ کیا ھي وے سہج میں اِس بلا کے دام سے چھوٹیں اور جِنھوں نے تمام ھِمّت اپني دُنیا میں صرف کي ھي اور اُس تلخ مِٹھاس نے اُنکے مِزاج کو خُداکي رضا سے پھیرا ھي آخِر وے رُسوا ھونگے * اي بادشاہ! یہہ کہاني اِسلئے میں نے کہي

[1] Observe the construction. The past participle agrees with قناعت *kanáát*, and is used with جانا *jáná*, 'they knew.'

تا جانے تو که دُنيا ميں رهکر آزادوں کي طرح کام جوٗ تُجهه جيسے بادشاهِ عقلمند کا هي هم ايسے مگس طينتوں سے کيونکر هوٗ سکے ؟ پس تيرے آئينِ بُزُرگواري ميں لازم هي که مُجهے گوشے ميں رهنے دے * کامجوٗ بولا - اي فريشه ! تيري عقل کا اندازه ميں نے جانا هي اور ديانت و امانت داري تيري معلوم کي هي - يے باتيں چهوڑ - اگر اِس گُفتگو سے داناؤں کوٗ مالي و مُلکي کاروبار سے معاف رکهيں يقيناً مُلک کا بندوبست نه هوٗ * داناؤں کي ذات اِسي واسطے هي که اُنکے وسيلے سے دُنيا کے کام سرانجام هوٗيں - اور بعضوں نے جوٗ عالمِ اسباب سے کِناره کر گوشه قبوٗل کيا هي سوٗ اِسلئے که حوصله بڑے کاموں کے اُٹهانے کا نه رکهتے تهے - تو جوٗ اب عقلمندي ميں يکتاے روزگار هي اگر کام قبول کرے عدل و اِنصاف که لازمه بادشاهت کا هي اچهي طرح ظُهور ميں آوے - اهلِ جهان کے کاروبار بخوبي انجام هوٗں اور شُبهه نهيں که اِس صورت ميں رضاے الٰهي که خلائق سے غرض هي حاصِل هوٗے اور جهان بهي آباد هوٗ *

فريسه نے کها - اي بادشاه ! سچ فرماتے هوٗ - پر جوٗ کوٗئي اُمورِ سلطنت ميں دخل کريگا اور بادشاه کا مُقرّب هوٗگا دوستان اور دولتخواهانِ بادشاهي کوٗ حسد سے تاب کريگا - اور اُسکي اذيت کے درپے هوٗنگے - اور بادشاه کے دُشمنِ دولت بهي اُسکے عقلمند دولتخواهوں کوٗ کب چاهينگے ؟ پس اگر خِدمت قبول کروں کيا دوست کيا دُشمن سب ميري دُشمني پر کمر باندهينگے - اِسکا عِلاج کيا کرونگا ؟ شيْر نے کها - جب ميرا دِل تو هاتهه ميں لوٗيگا جهان کي دُشمني سے تُجهے پرواه نه هوٗگي - کيونکه تيري نيک اِعتِقادي اور مهرباني و توٗجه ميرے لوٗگوں کي دُشمني کي سپر هوٗگي * فريسه نے چاها که کِناره کرے - ازبسکه طبيعت شيْر کي باريک فهم اور دوراندٰيش تهي کُچهه فائده نه کيا * جب اُسنے جانا که خواهمخواه مُجهے مُلازمِ درگاه هوٗنا پڑا - کها - جهان پناه ! جب پيشه راستي کا اِختيار کرونگا جهوٹهے مَيري گهات ميں هوٗنگے - اور زيردست بسبب بدباطني کے ميرا منصب چهينے کے واسطے - اور زبردست جاه کي مستي اور زوالِ رُتبے کي دهشت سے باتيں ميري طرف سے بناکر حُضور ميں عرض کرينگے * جهان پناه کوٗ لازم هي که عهد کريں تا لوٗگوں کي باتوں سے مُجهه پر برهم نه هوٗں - اور جب تلک کُني جگهه سے اُن کي بے غرضي ذِهن نشين نه کريں آزُرده نه هوں * شيْر نے وے عهد و پيمان جوٗ لائق قول و قرار کے تهے کِيے اور وے قسميں که جن سے خاطِر کوٗ تسکين هوٗ کهائيں - اور اُس کوٗ بادشاهي نوازشوں سے سرفراز فرمايا اور مُهِمّاتِ مُلکي و مالي اپنے اُس کوٗ سوٗنپے - اور اُس نے عقل کي رهبري سے جوٗ خُدا نے اُسے عطا کي تهي کاروبار کوٗ اِس طرح سرانجام کيا که روز بروز شيْر کي نظر ميں زياده عزيز هوٗتا تها - يهانتلک که بُزُرگي اُس کي سبهوں کے ذِهن نشين هوئي اور شيْر کي سب طرف سے خاطِر جمع * رُتبه اُسکا سبهوں سے زياده بڑهايا اور درجه اُسکا

بُلند کیا * اربعکہ پیشہ اھلِ زمانے کا ناتوان بیني و کم ھِمّتي ھي - حسد کرکے فِکر کرنے لگے کہ فریب و تُہمت سے کامجوے کا دِل اُسکي طرف سے پھیریں اور اُسکے خانۂ ھستي کي بُنیاد ڈھا دیں * آخر اُس مُلک کے بُزرگوں اور اُس زمانیکے کار پردازوں نے اِس بات پر اِتّفاق کیا کہ فریسہ کو خیانت کي تُہمت لگایا چاھئے - اور شیر کا دِل جو سِوائے راستي و دُرُستي کے عزیز نہیں رکھتا ھي اُسے پھیرے * سبھوں نے قصد اُسکا کیا - فُرصت پاکر ایک کو اِس بات پر لائے کہ تھوڑا سا گوشت جو شیر کے ناشتے کے واسطے رکھا ھي چُراکر فریسہ کے مکان میں چھپا آوے * اُسنے وھي کام کیا * فجر کو جو مُلازِم اور مُقرّب درگاہ کے حاضِر ھوئے فریسہ کِسي کام کے واسطے گیا تھا اُسکے آنیکي راہ دیکھتے تھے - اور ھردم اُسکي راستي و دُرُستي کو سراھتے تھے * جب ناشتے کا وقت آیا شیر کو بھوک لگي - ھرچند گوشت ڈھونڈھا نہ پایا - غُصّے ھوا * فریسہ کے دوست نُما دُشمن حاضِر تھے - وے باتیں کہ جِن سے شیر کي آتشِ غضب بھڑکے درمیان میں لاکر گُفتگو کرتے تھے * یہاں تک کہ اِن میں سے ایک نے کہا - ظاھر کرنا اُس چیز کا جو دولتخواھي ھي اور اپنے زبان کو نسوچنا واجِب ھي * کامجوے نے کہا - نوکر چاکر جو یکدِل و راست اِعتِقاد ھوتے ھیں وے ھرگز اپنے ضرر کے خیال پر خیرخواھي کي باتوں سے باز نہیں رھتے ھیں - اور جو کُچھ جانتے ھیں کہہ دیتے ھیں - کہہ - تو نے کہا دیکھا ھي ؟ اُس جھوٹّے مکّار نے کہا - گوشت جو آپ نے رکھا تھا اُسکو فریسہ اپنے گھر لیگیا ھي * اُن مکّاروں میں سے دوسرے نے قسمیں کھا کر کہا - یہہ کیا بات ھي جو تو کہتا ھي ؟ مُجھے باور نہیں آتا - فریسہ وہ جانور ھي کم آزار کہ دانِش سے آراستہ ھي - ایسا کام نہ کریگا * دوسرے نے اُسي طور سے حیلہ کرکے کہا - اِس بات میں اِحتیاط ضرور ھي - کوئي بے دُشمن نہیں ھي اور اکثر ایسے ھیں کہ اپني غرض کے واسطے جھوٹھ بولتے ھیں * حالت کِسي کي دریافت نہ کر سکئے مگر دُرُستي قول سے * اور ایک دلیروں کي طرح بولا - تحقیق ھي - لیکن اگر گوشت اُسکے مکان میں مِلے تو جو کُچھ کہتے ھو سچ ھي * کامجوے نے کہا - سب اُسکے حق میں یے باتیں کیونکر کہتے ھیں ؟ اُنمیں سے ایک نے (جو فریسہ کي خواري کے لئے عہد کیا تھا) کہا - قِبلۂ عالم ! مُدّت سے اِس جنگل میں فریسہ کا مکر و بدذاتي مشہور ھي - سب لوگ جو یے باتیں کہتے ھیں بیہودہ نہ ھونگیں - اُن کي کُچھ اصل ھوگي - اگر یہي ھو تو جان یہاں سے سلامت نہ لیجاے اور بلا میں گرفتار ھو * اھلِ غرضوں میں سے اور ایک نے کہا - بد باطِني و ناراستي فریسہ کي اِسے پہلے مُجھ پر کُھلي تھي - میں نے فلانے کو گواہ کیا ھي کہ اِس دوست نُما بد باطِن کا احوال آخِر رُسوائي کو پہنچیگا * ایک نے زبان کھولي کہ باوُجود اِس لافِ پاکدامني کے مگر اُسے شرم نہیں آتي ھي کہ ایسا بُرا کام کریگا ! وے پرھیز کیا تھے اور یے آلودگیاں کیا ھیں ؟ غرض جِسطرح صاف دِل افسوس کھاتے ھیں اور نصیحت کرتے ھیں اُسیطرح افسوس کرتا تھا * اُن میں سے اور ایک نے کہا - جب اُس بیوقوف نے بادشاہ کے خانے میں یہہ خیانت جایز رکھي -

جانیؤ کہ کاروبارِ مُلکي و مالي مٹیں کبا کبا خیانتیں نہ کي ہؤنگیں - اؤر کبا کبا رشوتیں نہ لي ہؤنگیں ! ازیسکہ نصیب کا بدا تھا جھوٹھي باتوں نے کامچوے کے دِل مٹیں جگہہ کي - فریسہ سے رنجیدہ ہوا * اُن مٹیں سے ایک نے جو حسد کا مارا ہوا تھا - بےغرضوں کي طرح آگے آکر عرض کي کہ - اگر یہہ بات سچ ہو تو صِرف خیانت نہیں - بلکہ دلیل نمک حرامي و ناحق شِناسي کي ہوگي - اؤر بے حیائي کرکے شُکوہ بادشاهي کو لِحاظ نہ کیا ہوگا * اِن بد بختوں مٹیں سے جو فریسہ کي جڑ کھودنے مٹیں مُتّفِق ہوئے تھے اؤر ایک نے مکر سے نصیحت کے لِباس مٹیں آکر کہا - اي بھائیو ! غیبت نہ کرو اؤر اپني زبان کو اِن باتوں سے کہ جنہہ مٹیں فلاح نہیں هي باز رکھو - شاید خود بدؤلت فرماویں کہ فریسہ کے مکان مٹیں جاکر ڈھونڈھو - اُس وقت تُمھارا کبا حال ہوگا ؟ بہتر هي کہ یے باتیں چھوڑو * دوسرے نے کہا - سچّي باتوں کو مت چھپا اؤر بادشاہ کي خیراندیشي سے جو مٹیں کرتا ہوں مُجھے باز نہ رکھ * اگر تو خیرخواہ هي سعي کر کہ جلد راست و دُرُست کِردار مُلازِم فریسہ کے گھر ڈھونڈھنے کو مُتعیّن ہوں - تا بات کي حقیقت ظاہِر ہو * اگر اِس کام مٹیں جلدي نہ ہو یقینًا جاسوس اُسے خبر پہُنچائینگے * وہ کُچھہ تدبیر اِس کام کي ٹھہرائیگا - تب ہم جھوٹھے مشہور ہونگے - اؤر بادشاہ کا کام برہم درہم ہوگا * مجلس کے ندیموں مٹیں سے ایک نے گُستاخي کرکے کہا - اِس بات کي تحقیق سے کبا فائدہ ؟ اگر خیانت اُس کي ظاہِر ہوے وہ حیلے سے اپنے تئیں بچاویگا اؤر شیرین زباني سے بادشاہ کے دِل کو اپنے اوپر مہرْبان کریگا * غرض - جو سبھوں نے اُس تُہمت پر اِتّفاق کیا تھا - ہر کوئي باتیں بناتا تھا - اؤر جِس طرح سے کہ وے جانتے تھے ویسي ساعت مٹیں کہ بھوکھ اؤر غضب کا وقت تھا اؤر حاکِم خِرد کا مِزاج برہم تھا بادشاہ کے دِل کو بالکُل اُسے پھیر دیا * حُکم ہوا کہ فریسہ کو حاضِر کریں تا سزا دي جاوے * وہ بیچارہ دُشمنوں کے فریب سے بیخبر تھا - دلیرانہ جِسطرح کہ رسم راست بازوں کي هي حاضِر ہوا * شیر نے پوچھا وہ گوشت جو کل تیرے حوالے کیا تھا تو نے کبا کیا ؟ اُس نے جواب دیا کہ باورچي خانے مٹیں بھجوایا هي تا چاشت کے وقت بادشاہ کے حُضور لاویں * باورچي نے بھي قول و قرار کیا تھا - مُنکر ہو گیا - اؤر جھوٹھي قسمیں راست نُما کھائیں * شیر نے کُچھہ امین لوگوں کو بھیجا کہ اُس کے مکان مٹیں ڈھونڈھیں * اُنھوں نے تو آپ هي چھپایا تھا - صاف نِکال آئے * بیچارہ فریسہ حیران ہوا اؤر جِس بات سے ڈرتا تھا وهي پیش آئي - جھوٹھوں کے رواج اؤر سچوں کي بے رونقي پر تعجّب کرتا تھا * وزیروں مٹیں سے ایک بھیڑیا تھا جو اِس گُفتگو تلک اپنے کو راست بازوں سے ظاہِر کرکے چُپ تھا اؤر ہمیشہ فریسہ کي دوستي کا دم مارتا تھا - جب گوشت اُس کے مکان سے لائي آگے بڑھا اؤر عرض کي - جہانپناہ ! احوال اِس بیؤقوف چوْر کا معلوم ہوا - اب صلاح یہہ هي کہ جلد حُکم کیجئے تا اُسے سزا کو پہُنچاویں * اگر اِس کام مٹیں دیر ہوگي یقینًا اوروں کي دِلیري کا سبب اؤر موجب فساد کا ہوگا * شیر فریسہ کي سزا مؤقوف رکھہ کر بہُت سوچ مٹیں گیا *

سیاہگوش جو مُقربانِ درگاہ سے تھا کہنے لگا کہ - مُجھے اِس بے باک گیدڑ کي خیانت سے تعجّب نہیں ھي - مُجھے اِس بات کا سخت تعجّب ھي کہ بادشاہ کے دِلِ روشن پر جو جامِ جہان نُما ھي کیونکر یہہ بات مخفي ھي؟ اَور باوُجود اِس کے کہ یہہ گُناہ ثابت ھوا ھي کیوں اُس کے سزا دینے میں تامّل کرتے ھیں؟ سیاست مُلک کي نِگہبان ھي - جو کوئي خُدا کي رضا جوئي اور سلطنت کي حِفاظت کرے گُناہگار پر مرحمت رواہ نہ رکھے اور سزا دینے میں ڈھیل نہ کرے - اگرچہ وہ گُناہگار مونسِ جان اور مقبولِ خاطِر ھووے - جیسے بغداد کے بادشاہ نے اپني محبوبہ کو جہان کي آسایش کے لئے سیاست کي * کام جو نے پوچھا - وہ کیونکر ھي؟

حِکایت ۳

THE STORY OF THE PRINCE OF BAGHDÁD.

سیاہگوش نے کہا - نقل ھي کہ چین کے بادشاہ زادے کو دریا کے سفر کا خیال ھوا - تا کہ خُدا کي قُدرت کا تماشا دیکھے * باپ سے رخُصت ھوکر ایک جمعیّت کے ساتھ کِشتي پر سوار ھوا اور اِرادہ سفرِ دور دراز کا کیا * جب بغداد کو پہُنچا وھاں کا حاکِم رسم مہماں داري کي بجا لایا - اور رُخصت ھونے کے وقت بادشاہ زادے نے اُس حاکِم کے سُلوک کے عِوض اُسے چین کي ایک لونڈي دي اور سفر کي تیّاري کر خُراسان کي طرف مُتوجّہ ھوا * حاکِم بغداد اُس لونڈي کو دیکھتے ھي اُس پر عاشِق ھو گیا * ھمیشہ اُسے مشغول رھنے لگا - یکبارگي رعیّت کي غمخواري اور مُلک کے اِنتِظام سے غافِل ھو گیا - تب فِتنہ و فساد اُس کے مُلک میں ھونے لگا * خُدا پرست درگاہِ اِلٰہي میں اھلِ جہان کے اِنتِظام کے واسطے یہہ دُعا مانگتے تھے کہ - بادشاہ کو مظلوموں کي احوال پُرسي کي توفیق ھووے * ایک شب بادشاہ نے خواب میں دیکھا کہ ایک مردِ خُدا اُسے کہتا ھي کہ یہہ کیا کام ھي جو تو نے اِختیار کیا اور دِل مظلوموں کي احوال پُرسي سے اُٹھایا؟ قریب ھي کہ کام ھاتھ سے جاتا رھے اور بُنیاد دولت کي ڈھ جاوے * اُٹھ! اور خلق کے اِنصرام کار میں مشغول ھو * بادشاہ اُس روداد سے ڈر کر چونک پڑا - عدالت اور مُلک کي آبادي میں مشغول ھوا اور حُکم کیا کہ - وہ لونڈي پھر خلوت میں نہ آوے * اگرچہ اُس پر مفتون تھا پر خُدا کا ڈر کرکے سیکڑوں حیلوں سے اپنے تئیں بچاتا * لونڈي کو بھي مُلاقات کي خواھِش نے بیتاب کیا تھا - ایک دِن بے اِختیار ھوکر اپنے کو حُضور میں پہُنچایا * بادشاہ کا دِل پھر اُس کے جمالِ جہاں آرا کے دیکھتے ھي ھاتھ سے جاتا رھا - اور مُلک کي طرف سے خاطِر اُٹھ گئي - اور اُسے صُحبت گرم رکھنے لگا - یہاں تلک کہ پھر خوابِ غفلت سے بیدار ھوا اور عہد کیا کہ اِس کام کي تدبیر سِوائے اِس کے نہیں کہ اِس لونڈي کو عدم کے تہ خانے میں بھیج دوں * تب اپنے ایک محرم راز کو فرمایا کہ اِس لونڈي نے نافرماني کي ھي - اِسے لیجاکر دجلے میں ڈبو دو * حاجب نے لونڈي کو محل سے نِکالا اور دِل میں

سوچا کہ یہہ بادشاہ کي منظورِ نظر هي - بہتر هي کہ اِس کام مےں چند روز تامّل کرےے اور اِس کے قتل مےں کُچھ دِن دےر کےجےے - ایسا نہ هو کہ بادشاہ اِس بات سے پشےمان هووے * آخِر بادشاہ کِتنے دِنوں کے بعد اُس کے فِراق مےں مغموم هوا یہاں تک کہ رفتہ رفتہ پرےشاني کي نوبت پہُنچي * ایک شب اُس محرمِ راز نے اِستِعزاج کرکے اُس یارِ دِل نواز کو پھر حُضور مےں حاضِر کیا * القِصّہ تین مرتبے بادشاہ نے اُس کے قتل کا حُکم کیا * اُس محرمِ مِزاج داں نے مُلاحظہ کرکے تاخیر کي * بادشاہ ایک دِن نہایت اِنتِظامِ مُلک کي کوشِش مےں سرگرم تھا اور مظلوموں کي دادرسي مےں اِهتِمام کرتا تھا - پر اُس لونڈي کي محبّت جو اُس کے دِل مےں تھي بےے چےن کرتي تھي کہ کِسي کام مےں جي نہ لگتا تھا * بادشاہ نے تنگ هوکر اپنے دِل مےں کہا - کہ اِس کام کي تدبیر کے لئے اور کو نہ فرمائے سرانجام اِس کا آپ هي کےجےے * ایک روز محل کے کوٹھے پر کھڑے هوکر دجلے کي طرف دےکھتا تھا اور وہ لونڈي بھي کھڑي تھي - بادشاہ نے اوروں کي راحت کے واسطے اپنے اوپر رنج اِختیار کرکے اُس کو آگے بُلایا تا کِشتیوں کا تماشا دِکھلاوے * جب پاس آئي بادشاہ نے دونوں هاتھ سے پکڑکر دجلے مےں دھکےل دیا اور یوں ظاهِر کیا کہ وہ آپ دریا مےں گر پڑي * تب حُکم کیا کہ اُس کو پاني مےں سے نِکالیں اور آپ اُس کي تعزیت و ماتم مےں مشغول هو اپنے دِل مےں کہا - کہ اگرچہ خونِ ناحقّ مےں نے اپني گردن پر لیا لےکن لاکھوں دِلِ پُر خون مےري بے پروائي سے خوش هوئے *

سیاہگوش نے کہا - اي بادشاہ ! غرض اِس قِصّے سے یہہ هي کہ بغداد کے حاکِم نے جہان کي راحت کے واسطے اپني اُس محبوبہ کو جو بےگُناہ تھي هلاک کیا - جہانپناہ اِس گُنہگار کے قتل مےں کہ اُس کي سیاست بند و بستِ عالم کا سبب هي کیوں دےر فرماتے هےں؟ شےر اِن باتوں سے غضب مےں آیا اور فریسہ کے پاس پےغام بھےجا کہ اگر اِس تقصیر کا کُچھ عُذر هو تو ظاهِر کر * فریسہ از بسکہ بےگُناہ تھا اور مشہور هي کہ جِس کا هاتھ نہیں چل سکتا اُس کي زبان چلتي هي سخت جواب کہلا بھےجا * اُس کي سخت گوئي اور دُشمنوں کي فریب آمےز خوشامدوں اور بھوکھ کي شِدّت اِن تینوں نے جمع هوکر شےر کو عقلمندي کے آئین سے نِکالا - یہاں تلک کہ فریسہ کي اچّھي خِدمتےں اور اپنے قول و قرار جو اُسے کئے تھے یکبارگي سب کے سب خاطِر سے جاتے رهے * فرمایا کہ فریسہ کو سیاست گاہ مےں لےجا کر قتل کرےں * یہہ خبر شےر کي ما کو پہُنچي - وہ سمجھي کہ شےر نے اِس کام مےں جلدي کي هي - کہ دُشمنوں کے کہنے پر بغےر اِسکے کہ تحقیق کرے ایسے خےرخواہ کے قتل کا حُکم کیا هي * تب پہلے هرکاروں کو مقتل مےں بھےجا اور کہا کہ - جب تلک مےں شےر کے پاس نجاؤں اور اُسے کُچھ بات نہ کروں فریسہ کے مارنے مےں جلدي نہ کرےں - اور آپ کامجُوے کے پاس آئي اور کہا - مےں نے سُنا هي کہ تو نے فریسہ کے قتل کا حُکم کیا هي - اُسنے کہا ایسي تقصیر هوئي ؟

شیر نے تمام ماجرا بیان کیا * اُس نے کہا - بیٹا ! بُزرگوں نے کہا ھي - آٹھ چیزیں آٹھ چیزوں پر مؤقوف ھیں * رنڈي کي بُزرگي خصم پر - عِزّت و حُرمت لڑکے کي باپ پر - شاگِرد کي داناٸي اُستاد پر - سِپاھیوں کي قوّت سردار پر - فقیروں کي بُزرگي پرھیزگاري پر - رعیّت کا چین بادشاہ پر - بادشاہ کے کام کا بند و بست عدالت پر - رونق عدل کي عقلِ دوراندیش پر * پس چاھئے کہ جو کام کہ بادشاہ کرے پہلے عقل سے مشورہ لے * اور سلطنت کا کام دو چیز سے مُتعلّق ھي - ایک دریافت کرنا احوال سپاہ و رعیّت کا اور ھر ایک کو اُس کے درجے پر رکھنا اور اُس کے ھُنر و خیر اندیشي کے مُوافِق پرورش کرني - دوسري مُتّہم رکھنا اپنے مُقرّبوں کا کیونکہ بادشاہ کے مُلازموں میں اکثر حسد و ناتوان بیني سے ایسي نزاعیں پڑتي ھیں - کہ سِوائے مرنے کے اُسے مخلصي نہیں ھو سکتي * اگر اِن دو امروں پر عمل نہ کریں تو دوست دُشمن میں تفاوت نہ ھو سکے - اور جلد اِخلاص مند اذیتوں میں گرفتار اور مُنافِق خوش وقت ھونگے - اور جب یہ حالت ھو سلطنت کے کاروبار میں خلل پڑیگا * اي نورِ چشم ! فریسہ کے کام میں تجھے بہت تامّل ضرور ھي - اور صِرف سبھوں کے کہنے پر اُسے سیاست نہ کیا چاھئے - کہ میں اُس کو نہایت دولت خواہ جانتي ھوں * شیر نے کہا - میں نے کِسي کے کہنے پر فریسہ کے حق میں حُکم نہیں کیا ھي - بلکہ چوري اُس کي مُجھ پر کُھلي - اِس لئے میرا مِزاج اُسے پھر گیا * شیر کي مانے کہا - بادشاھوں کا دِل جو آرامِ خلائق کا سبب ھي چاھئے کہ سِوائے یقینِ دُرست کے کِسي طرف مائِل نہ ھو - اور جو ماجرا تو نے کہا - اُسے خیانت اِس کي ظاھر نہیں ھوتي ھي * اچھي خِدمتیں اور راستیاں فریسہ کي جو بحالي کے ایّام میں ظاھِر ھوئي ھیں تجھے یاد ھونگیں * کوئي بےعیب نہیں ھوتا ھي - بُزرگ بادشاھوں کو لازم ھي کہ اِتني سي بات پر برھم نہ ھوں - اور حق اُس کي اچھي خِدمتوں کے ضائع نہ کریں * میں نے فرض کیا کہ فریسہ پر جو کُچھ تُہمت کي ھي سچ ھي - پر یہ گُناہ اِس لائق نہیں کہ یکبارگي بادشاہ اُس کي نیکیوں کو لِحاظ نہ کرکے قتل کا حُکم کرے * اي بادشاہ ! اُس کو تو نے بڑھایا اور ھمیشہ خلوت و جلوت میں خوبیاں اُس کي بیان کرتا رھا - رعایت اپنے نوازے ھوئے کي کیجئے اور اِس گُناہ کو بخش دیجئے - اور عقلِ دوراندیش روا نہیں رکھتي ھي کہ ایسے سے یہ خیانت ھووے * اور کِس طرح بےھُنروں نا آزمودوں کي باتیں آزمائے ھوئے دولت خواہ خیر اندیش ھُنرمندوں کے حق میں سُنئے ؟ فریسہ کو بہت مُدّت ھوئي کہ گوشت نہیں کھاتا ھي اور کِسي جانور کو نہیں ستاتا ھي - یہ بات چھوٹے بڑے سے چھپي نہیں ھي - ایسا عالي ھِمّت یہ بُرا کام ھرگز نہ کریگا * عقل جو یارِ ھمدم ھي خُدا نے اِس لئے دي ھي کہ ان سُني ان دیکھي باتوں کو دریافت کرے * فریسہ کا احوال جو بارھا دیکھا گیا ھي کیونکر چھپا رھیگا ؟ چاھئے کہ بادشاہ اپني عقل و بُزرگي کے مُوافِق اِس کام کو سوچے تا عقلمندوں کے نزدیک عُذر ھو * مُجھے گُمان غالب ھي بلکہ یقین کہ دُشمنوں نے گوشت فریسہ کے مکان میں چھپایا ھوگا -

تا اُس واسطے باز کو تُہمت لگاکر آوارہ کریں - اور یہہ حاسدوں سے کُچھ دور نہیں - بعضے دُشمن ایسے گُذرے ہیں کہ اپنے مارے جانے پر - اِس خیال سے کہ کِسي کو دُکھ پہُنچے - راضي ہوئے ہیں * جیسے ایک بدبخت صاحب نے اپنے غُلام کو اپنے قتل کا حُکم کیا * شیُر نے کہا - وہ کیونکر ہي ؟

حکایت ۴

THE STORY OF THE ENVIOUS MAN WHO HAD HIMSELF PUT TO DEATH TO CAST SUSPICION ON HIS NEIGHBOUR.

شیُر کي ما نے کہا - نقل ہي کہ بغداد میں کِسي حاسِد کے همسائے میں ایک مردِ خُدا پرست رہتا تھا - لوگ اُسے بُزُرگ جانتے تھے - اور اُس کي مُلاقات سے بہرہ مند ہوتے تھے * اُس مردِ حاسِد کا دِل پڑوسي کي بُزُرگي سے جلتا تھا - اور ہمیشہ عقل کو ایک کِنارے رکھکر اُس کے ستانے میں کوشش کرتا تھا - اور بہُت مکر سوچتا - پر کُچھ فائدہ نہ ہوتا تھا * آخر اُس مُعاملے سے تنگ آیا - ایک غُلام مول لیکر اُس پر مہربانیاں بہُت سي کرنے لگا - اور اِنعام دینے اور پرورش و خاطِرداري میں اُس کي مقدور بھر سعي کرنے * اکثر خلوت میں کہتا کہ - تُجھے ایک مُشکِل کام کے لئے پالتا ہوں - اُمّیدوار ہوں کہ میرے دِل کي آرزو کو بر لاوے اور میري خاطِر کي فِکر کو دور کرے * جب ایک مُدّت گُذري اور غُلام کو اصلي حق اور وفاداري میں مُستقِل پایا - تب بھید کھولا اور فرمایا - خبردار رہ ! کہ میرا اِس همسائے کے هاتھ سے دم ناک میں آیا ہي - اور میں نے جِتنا چاہا اور حیلے اُٹھائے کہ اِس پر کوئي آفت پڑے - نہ ہو سکا * میري زِندگي تلخ گُذرتي ہي - تُجھے اِس واسطے میں نے پالا ہي کہ آج تو مُجھے همسائے کے کوٹھے پر لیجاکر مار ڈالے اور وہیں چھوڑکر چلا آوے * جب لوگ فجر کے وقت وہاں مُجھے مُوا دیکھینگے بیشک اُس کو خون کي تُہمت سے پکڑینگے - جاہ و مال اُس کا غارت ہوگا اور آبرو حُرمت بھي جاتي رہیگي * غُلام نے کہا - حضرت ! اِس خیال سے درگُذریئے اور اِس کام کي تدبیر اور طرح سے ٹھہرائے - اور غرض آپ کي زاہِد کا قتل ہي میں اُسے مار ڈالوں - اور اُس کي طرف سے آپ کي خاطِرجمع کروں * اُسنے کہا - یہہ خیالِ دور دراز ہي شاید تو اُس پر قابو نہ پاوے اور جلد اُس کا قتل نہ ہو سکے - مُجھ میں اب اِتني طاقت نہیں رہي ہي - اُٹھ ! اور اِس کام کو بجا لا - اور وعدے کو وفا کرکے مُجھے خوش کر - اور یہہ خطِ آزادي اور ایک بدرہ زر کا جو تیري زِندگي بھر کو کِفایت کرے مُجھے دیتا ہوں - لے ! تا اِس شہر سے نِکل جاے اور جب تک جیئے کِسي کا مُحتاج نہ ہو * غُلام نے کہا - حضرت ! کوئي دانا یہہ خیال جو آپ نے کیا ہي نہ کریگا - دُشمن کي سزا اپنے جیتے جي مقصود ہي - جب آپ جان سے جاتے رہے تو اُس کے مارنے میں کیا لذّت مِلیگي ؟ غُلام هرچند اِس طرح کي باتیں درمیان لایا پر کُچھ فائدہ نہ ہوا * بیوقوف غُلام نے جب خوشنودي اپنے صاحِب کي اِسي میں دیکھي - اُسے

پڑوسي کے گھر کے کوٹھے پر لیجاکر سر کاٹ ڈالا - اور خطّ آزادي اور بدرہ زرکا لیکر اِصفہان کي طرف رُخ کیا * صُبح کو لوگوں نے بدنیّت خواجے کو اُس نیک مرد کے کوٹھے پر کُشتہ دیکھا - اور اُسے پکڑکر قید کیا * ازبسکہ نیک ذاتي اُس کي بغداد کے چھوٹے بڑے پر ظاہر تھي - اِس سبب خون اُس پر ثابت نہ ہوتا تھا - اور اِسي طرح قید مٰیں تھا - یہاں تلک کہ بغداد کے ایک بڑے سوداگر کا گُذر اِصفہان مٰیں ہوا * غُلام نے اُس کو پہچانا اور مُلاقات کرکے اپنے صاحب اور ہمسائے کا احوال پوچھا * سوداگر نے ماجرا بیان کیا اور خواجے کا مارا جانا اور اُس نیک ذات ہمسائے کا قید ہونا شرحوار کہہ سُنایا * غُلام نے کہا - عجب ظُلم اُس مردِ بیگناہ پر ہوا اور یہہ بُرا کام اُس کے حسبُ الحُکم مُجھ سے سرزد ہوا ہي - اور وہ نیک مرد اِس بات سے اصلا خبر نہیں رکھتا * غرض جو کُچھ ماجرا گُذرا تھا غُلام نے سب شرحوار اُسے بیان کیا - اور سوداگر نے جو کُچھ سُنا اُس پر ایک گروہ کو گواہ کرکے بغداد کے حاکِم کے پاس لایا - اور اُس خُداپرست درویش کو قید سے چھڑایا *

فائدہ اِس قِصّے سے یہہ ہي کہ بادشاہ کو معلوم ہو کہ حاسِد کہاں تلک درپي ہوتے ہٰیں * چاہئے کہ دیدۂ عقل سے نِگاہ کرو اور جلدي سے باز آؤ * دو حال سے خالي نہیں - اگر وہ لائق قتل کے نہیں ہي تو اپنے حقّ مٰیں نیکي کي - کہ خونِ ناحقّ گردن پر نہ لیا - اور اگر ہي تو وقت ہاتھ سے نہ جائیگا - اور اِس جلدي سے کہ عقل کے نزدیک زبون ہي باز رہٰیگا * شیرنے ما سے خیرخواہي کي باتیں سُن ہُشیار ہوکر جانا کہ یہہ دِل سوزي سے کہتي ہي - بہتر ہي کہ اِس کي بات مانوں اور فریسہ کے قتل سے در گُذروں * اگر یہہ تقصیر اُس پر ٹھہرے - تب بھي اِتنے گُناہ پر ایسے خیرخواہ کو ضائع نہ کیجئے * جھوٹھے باتوني بہُت مِلتے ہٰیں - اور کم-گوئے جو خیراندیش سچّا ہو مُدّت مٰیں ہاتھ لگتا ہي * تب حُکم کیا کہ فریسہ کو حاضِر کریں - اور خلوت مٰیں بُلواکر کہا - کہ اگرچہ سبھوں نے تیرے حقّ مٰیں نامُناسِب باتیں کہیں - پر مٰیں نے تُجھے بارہا آزمایا ہي اور اچّھے چلن تیرے دیکھے ہٰیں - تھوڑي سي اِعتراضي جو تُجھ پر کي - ایک مصلحت کے واسطے تھي - اور تیرا اِستقلال خلق کو دِکھانا تھا * کُچھ اندیشہ نہ کر اپنے کام پر حاضِر ہو اور خِدمتگارني مٰیں مشغول رہ * فریسہ نے کہا - جہان پناہ نے جو مہرباني میرے حقّ مٰیں کي - شُکر اُس کا کِس زبان سے بجا لاؤں ؟ پر آپ جانئے کہ مٰیرے دِل سے یہہ کُلفت نہ جائیگي - جب تلک آپ کوئي ایسي صورت نہ ٹھہراویں کہ حقیقت اِس مُعاملے کي کماحقّہٗ آپ کے ذِہن نشین ہووے * کامجوئے نے کہا - کِس طرح سے اِس بات کي تحقیق کروں ؟ فریسہ نے عرض کي - جہاں آپ کي عقل کام کرے مُجھے کہا لیاقت ہي کہ وہاں دم ماروں ؟ پر جو فرماتے ہٰیں عرض کرتا ہوں - کہ اگر اُن سبھوں سے جِنھوں نے یہ باتیں بنائیں ہٰیں جُدا جُدا پوچھیں - اور مُناسِب حال ہرایک کے لُطف و غضب فرماویں - اور ایک گروہ جو اُن مٰیں سے راست گو ہو اُسے زیادہ تحقیق.

کرکے پوچھیں ۔ کہ ایْک مُدّت سے چھوْٹے بڑے جانتے ھیں کہ فریسہ گوْشت نہیں کھاتا ھي ۔ باوْجود اِس کے چوْري کي تُہمت اُس پر لگانے اوْر اِن لوْگوں کوْ ۔ جو گوْشت سے صبر نہیں کر سکتے ھیں ۔ چھوْڑ دینے کا کیا سبب ھي ؟ یقین ھي کہ جب آپ سختي کرینگے ۔ اوْر جِسطرح سمجھینگے کوْشش فرماوینگے ۔ تب ۔ اگرچہ سبھوں کي گُفتگو سے واقعي احوال معلوم ھوْگا ۔ پر اُمّیدوار ھوں کہ میْري راستي بخوبي ظاھِر ھوْ ۔ اوْر بعضے اُنمیں سے اِقرار کرینگے * کامجوْ نے جب یے دِلچسپ باتیں فریسہ کي سُنیں ۔ اُس کي ما نے جوْ کُچھ کہا تھا ۔ بہ منزِلِ یقین پہُنچا * تب ۔ جِس طرح ٹھہرایا تھا ۔ ھر کِسیکوْ عفو کے مُژدے سے مُتوقّع کرکے ۔ قہر و لُطف سے پیْش آکر ۔ تحقیق کرنے لگا * جب بہُت سي سعي کي ۔ بعضے اُنمیں سے ۔ جو چنداں مکّار نہ تھے ۔ اُنھوں نے اِقرار کیا * اوْروں نے بھي نا چار ھوْکر ماجرے کوْ بیان کیا ۔ اوْر شیْر کوْ جوْ کُچھ اُن کے تیْور سے معلوم ھوْتا تھا اُنھوں نے کہا * شیْر غُصّے ھوا ۔ اوْر چاھتا تھا کہ مُفتریوں کوْ خوب سزا دیْوے * اُس کي ما نے کہا ۔ اي بچّے ! جب اُنھوں کوْ تو نے امان دي ۔ اُسے پھرنا آئیں سے بعید ھي ۔ پر شُکر ھي کہ تُجھے اِس کام میْں تجرِبہ حاصِل ھوا ۔ پھر اِسي سے نصیحت لے ۔ اوْر کِسي کي باتوں پر کان نہ رکھ * بہُتیرے جھوٹھ ھیں جوْ بظاھِر سچ نظر آتے ھیں ۔ اوْر اکثر وقت اھلِ غرض امانت دار معلوم ھوْتے ھیں * زِنہار جب تلک کُئي جگہ سے اوْر کئي طوْروں سے گُناہ کِسي کا ثابِت نہ ھوْ ۔ اُس کے قتل اوْر قیْد کے درپي نہ ھوْنا * اي جوان بخت ! جوْ کوْئي تھوڑي سي بدي ظاھِر کرے ۔ جب تلک ترازوے عقل میْں تولي نجاے ۔ نہ سُنیوْ ۔ کیونکہ اکثر میْں نے دیْکھا ھي کہ سِفلہ آھِستہ آھِستہ اُس حد کوْ پہُنچا ھي ۔ جوْ چارہ پذیر نہیں ھي * تو نہیں دیْکھتا ھي کہ بڑا دریا جیْسے نیل اوْر فُرات اوْر جیْحون ۔ کہ ھر ایْک اصل میْں اگرچہ ایْک چھوْٹا سا جھرنا ھي ۔ پر اوْروں کي مدد سے کہ اُس میْں مِلے ھیْں ۔ پار اُترنا اُس کا بغیْر کِشتي کے مُمکِن نہیں ۔ پس کِسي کي بد گوْئي میْں کیا تھوڑي اوْر کیا بہُت باتیں جوْ تُجھ تک پہُنچیْں جب تک کہ خوب تحقیق نہ ھوْ باور نہ کیجو * کامجوْ نے شُکر بجا لاکر عہد کیا کہ ۔ بغیْر دلیلِ روْشن کے کِسي کا قصد نہ کروں * شیْر کي ما بوْلي ۔ اي بادشاہ ! وے ۔ جوْ بغیْر ایْک سببِ ظاھِر کے دوْستوں سے آزُردہ ھوْویں ۔ اُن میْں سے آٹھ گروْہ ھیں کہ اھلِ خِرَد بُزُرگوں نے اُن کي صُحبت سے پرھیْز کیا ھي * کامجوْ نے کہا ۔ وے آٹھ گروہ کوْن ھیْن ؟ شیْر کي ما نے کہا ۔ حُکما آٹھ شخصوں سے نہیں مِلتے ھیں اوْر آٹھ گروہ سے مِلنا واجب سمجھتے ھیں * وے آٹھ کہ جِنکي صُحبت سے اِحتِراز کیا چاھئے اُن میْں سے پہلا وہ ھي جوْ حقّ خُداوندِ نِعمت کا نہ پہچانے اوْر ناشُکري و نمک حرامي کرے * دوسرا وہ کہ بغیْر ایسے سبب کے کہ عقل جِس کوْ پسند نہ[1] کرے غُصّے میْں آوے اوْر غضب اُس پر غالِب ھوْوے * تیسرا وہ جوْ بڑي عُمر اوْر زمانے کے چیْن پر

[1] So in the original, but the نہ *nah* destroys the sense.

مغرور ھو اور اپنے تئیں خالِق و مخلوق کے حُقوق سے بےنیاز سمجھے * چوتھا وہ جو اپنے کاموں کي بُنیاد مکر و فریب پر رکھے * پانچواں وہ جو جھوٹھ اور خیانت کي راہ چلے * چھٹا وہ جو شہوت اور ھَوا و ھوس میں گِرفتار رھے - اور اُسي کو اپنا مقصد جانے * ساتواں وہ جو بےحیا اور شوخ ھو * آٹھواں وہ جو بےسبب لوگوں سے بدگُماني کرے * لیکن اُس آٹھ گروہ سے کہ جن سے مِلئے اور صُحبت اُن کي غنیمت جانئے - پہلا وہ ھي جو شُکرِ احسان کو لازِم جانے - اور کِسي کے حق کو نہ بھولے * دوسرا وہ جو وفادار ھو - اور زمانۂ ناپایدار کي گردِش سے رِشتہ اُسکي دوستي کا نہ ٹوٹے * تیسرا وہ جو راست باز دُرُست اطوار ھووے * چوتھا وہ جو خیانت و شہوت سے پاک رھے * پانچواں وہ جو غُصّے کے وقت آپ کو ضبط کر سکے * چھٹا وہ کہ مُحتاجوں کي مُراد بر لاوے - اور جِس قدر توانائي رکھتا ھو اوروں سے دریغ نہ رکھے * ساتواں وہ کہ ھمیشہ شرم و حیا سے با ادب ھو * آٹھواں وہ جو خُدا کے بندوں کا خیرخواہ ھووے - اور دین و مذھب کے خِلاف کو خیرخواھي کا مانع جانے * اي بادشاہ ! جو صاحِبِ اِقبال کہ اُن آٹھ شخصوں سے کِنارا کرے - اور اِن آٹھوں سے مِلے - عُمر اُس کي دراز ھو - اور نیک نامي حاصِل کرے - اور اُس کي دولت قائِم رھے * تب شیر کو فریسہ پر زیادہ اِعتماد ھوا - اور اُس کو آگے بُلاکر بہُت عُذر کیا اور کہا - یہہ تُہمت تیرے اِظہارِ حقیقت کے لئے آئینہ ھوئي * غمگین نہ ھو - اور جو خِدمت بجا لاتا تھا اُس میں سرگرم رہ * فریسہ نے کہا - جہان‌پناہ ! کیونکر مغموم نہ ھوں ؟ اُس قول و قرار کو جو آپ نے آگے کیا تھا اھلِ غرضوں کے کہنے پر فراموش کیا * میں نے پہلے ھي زمانے کا مِزاج دریافت کر گوشہ اِختیار کیا تھا - اب جو میں نے اپني آنکھوں دیکھا کیونکر پھر کاروبار میں مشغول ھوں ؟ کامجوے نے کہا - اي فریسہ ! میں تُجھسے دست‌بردار نہ ھونگا - ایسے باتیں تو کیا کرتا ھي ؟ اگر سب خیراندیش یوں ھیں کہہ کر کنارہ کریں - تو اھلِ جہان کے کام کا اِنتِظام جاتا رھے * اِن باتوں سے جي میں کُچھ نہ لا - شُکر کہ نہ تُجھ سے کُچھ خطا ھوئي نہ میري نوازِش میں قُصور آیا * فریسہ نے کہا - جہان‌پناہ ! بندوبست عالم کا اُن لوگوں سے ھوتا ھي جِنھوں نے اِس راہ میں قدم مارا ھي - اور اِس بوجھ کے اُٹھانے کا حوصلہ اُنمیں ھي * ھم بےحوصلوں سے کیا ھو سکتا ھي اور کیا کر سکتے ھیں ؟ مُجھ میں کہاں تاب ھي کہ بوجھ تُہمت کا اُٹھاؤں ؟ جہان‌پناہ جانتے ھیں کہ جہان بد گویوں اور حاسِدوں سے خالي نہیں - اور جب تلک نوازِش بادشاہ کي رھیگي - حسد بھي رھیگا - اور اِس قدر جو آپ بد گویوں کي باتیں سُنتے ھیں - چُغل خوروں نے دریافت کیا ھي کہ - بادشاہ کے دِل کو سہج سے ھاتھ میں لا سکئے - پس کبھي مکر و فریب سے درنہ گُذرینگے - اور ھردم ایک حیلہ کرینگے * جب بادشاہ تھوڑي سي چیز میں بدگُمان ھوئے کیونکر اُس کي خِدمت میں حاضِر رھئے ؟ ایسے صاحِب کي خِدمت کرني اپنے جي پر کھیلنا ھي - اور یہہ آئین داناؤں کا نہیں * بادشاہِ جہان کو چاھئے کہ ھر ایک بات میں برھم نہ ھو - اور ھمیشہ اپنے غُصّے پر غالِب

رہے ۔ جب تلک دلیلِ واضح سے تشفّي نہ ہو حُکم قتل کا نہ فرماوے ۔ اور چاہئے کہ بُردبار اور بخشنے والا بڑے گُناہونکا ہووے * جیسے یمن کے بادشاہ نے باوُجود گُناہِ عظیم کے اپنے دربان کو رُسوا نہ کیا * کامجُو نے پوچھا ۔ وہ کیونکر ہي ؟

حِکایت ٥

THE STORY OF THE KING OF YAMAN AND HIS DOOR-KEEPER.

فریسہ نے کہا ۔ نقل ہي کہ یمن کے بادشاہ نے اپنے دربان کو نظر سے گِراکر اُس کا گھر اُس پر زِندان کیا تھا * آخِر اِفلاس و کم ہمّتي سے اُس نے ایک تدبیر ٹھہرائي کہ ۔ یا تو اِس کام کے پیچھے جان جائیگي ۔ یا مطلب کو پہُنچونگا * تب نوروز کو ۔ کہ بادشاہ نے جشن کي بڑي تیّاري فرمائي تھي ۔ ایک گھوڑا اور بیش قیمت خِلعت کِسي دوست سے مانگ کر بادشاہ کے حُضور آیا * دربانوں نے خیال کیا کہ ۔ یقیناً بادشاہ نے اِس کا گُناہ مُعاف کرکے عِنایتِ خاص سے سرفراز فرمایا ہي ۔ کِسي نے اُس کو نہ روکا * مجلسِ نِشاط مےں پہُنچا ۔ اور ایک اچھي جگہہ کھڑا رہا * بادشاہ کي محفِل مےں اُسوقت دورِہ شراب کا چل رہا تھا ۔ اور اہلِ مجلِس سے صُحبتِ رنگین ہو رہي تھي * جب دربان کو دیکھا کہ کھڑا ہي ۔ چاہا غُصّہ کرے اور سزا کو پہُنچاوے * پِھر دیدۂ خِرد سے مُلاحظہ کیا کہ ۔ ایسي خوشي کے وقت اِتني بات پر غُصّے ہونا اور عیش کي محفِل کو برہم کرنا بُزُرگي کے آئین سے بعید ہي * آخِر اُس گُناہگار کو بیگُناہ سمجھا ۔ اور اپنے عیش و خوشي مےں مشغول رہا * دربان نے جب بادشاہ کے چہرے کو خوش و خُرّم دیکھا ۔ جانا کہ ۔ مےرے آنے سے گِراني نہیں گُذري ہي * مُستعِد ہوکر چُست و چالاک خِدمت بجا لانے لگا * آخِر فُرصت پاکر ایک بیش قیمت سوٹے کي رِکابي قبا کے اندر چھپا اپنے گھر کو لے آیا * بادشاہ یہہ بیجا حرکت دیکھتا تھا ۔ دریافت کیا کہ مارے اِفلاس کے اُس نے اِس عیب کو آپ پر جائز رکھا * از بسکہ بُزُرگ مَنِش اور پردہ پوش تھا ۔ دیکھے کو اَن دیکھا سمجھا * مجلِس کے تمام ہونے تلک لوگوں نے رِکابي کي تلاش کر بہُتوں پر تُہمت کي * بادشاہ نے اِس احوال سے مُطّلع ہو ۔ فرمایا کہ ۔ اُنھوں کو چھوڑ دو ۔ رِکابي اُنھوں نے نہیں لي ۔ اور جِسنے چُرائي ہي وہ پِھر نہ دیگا ۔ اور جِسنے لیتے دیکھا ہي وہ نہ بتائیگا * پِھر دوسرے برس نوروز کے جشن مےں اُسي دربان نے اپنے تئیں جِسطرح ہو سکا بادشاہ کي محفِل مےں پہُنچایا * جب بادشاہ کي نظر اُس پر پڑي اُسے بُلاکر آہستہ کہا ۔ شاید رِکابي تمام خرچ ہوئي ؟ دربان نے سرِ نیاز کو زمین پر رکھکر عرض کي ۔ جہانپناہ ! یہہ کام مےں نے جانکر کیا تھا کہ ۔ شاید آپ دیکھیں ۔ یا اور کوئي اِس بات سے مُطّلع ہو ۔ تو مُجھے پکڑکر سیاست کو پہُنچاویں ۔ کہ مےں نے عِیال کے واسطے بہُت سي تصدیع اُٹھائي ہي ۔ اور تہي دستي کے سبب جان سے سیر ہوا ہوں ۔ اور اگر مےري بات چھپي رہے چند روز

سرمایۂ زِندگي بہم پہُنچے * اُمّید ھي کہ راستي میري کام آوے ـ اور حقیقت ظاھر ھوُوے * بادشاہ نے کہا ـ سچ کہتا ھي تو ـ جاۓ ترحّم ھي * اُس پر نوازِش کي ـ اور جوُ خِدمت وہ آگے رکھتا تھا پھر عِنایت ھوئي *

غرض میري اِس قِصّے سے یہہ ھي کہ ـ بادشاھوں کي ھِمّت عالي ھوُتي ھي ـ کیونکہ بڑے کاموں کوُ چھوُٹا سمجھتے ھیں ـ اور بڑے گُناہگار کو بخش دیتے ھیں * تو جوُ ذري سي سختي میں برھم ھوُتا ھي ـ اور ایسے دولتخواہ سے بدگُمان ـ یہاں تک کہ حُکم قتل کا کرتا ھي ـ تیري خِدمت میں کیونکر رھے ؟ شیر نے کہا ـ اي فریسہ ! تو سچ کہتا ھي ـ پر یے باتیں بہُت سخت ھیں ـ چاھیے کہ نصیحت کي تلخ نوش دارو خوش مزہ ھو ـ تا بیمار اُس کوُ بآساني کھاوے * اکثر بیمار جانتے ھیں کہ ـ ھماري صحّت دوا کھانے میں ھي ـ پر اُس کے کڑوے اور بےمزہ ھونے کے سبب اُسے نہیں کھاتے ھیں ـ اور بیماري اپنے اوپر گوارا کرتے ھیں * کِسي نے کہا ھي کہ ـ جوُ کوئي میٹھي باتوں میں دِل لے جاے اُس مُنہ سے جوابِ تلخ کِسلیے دے ؟ فریسہ نے جواب دیا کہ ـ راست بازوں کي باتیں اگرچہ بہ ظاھِر تلخ ھیں ـ پر پھل اُس کا میٹھا ھي * جوُ کوئي سچ باتیں نہ مانے اور خوشامد سُنے وہ عقلمند نہیں * شُکر ھي کہ جہان پناہ جِسطرح سرداري میں بڑے ھیں ـ دانائي میں بھي (کہ وسیلہ نُزُرگي کا ھي) یکتا ھیں * ظاھِر ھي کہ میري باتوں کوُ دلیري و بے ادبي پر قیاس نہ کریںگے * غرض اِس بات سے دوُ کام ضرور ھیں ـ ایک یہہ کہ مظلوموں کي خوُ ھي کہ دردِ دِل اپنا حاکِمِ زمان سے ظاھِر کرتے ھیں ـ تا مُشکِل آسان ھوُوے ـ اور سر رِشتہ خوشي کا ھاتھ لگے * دوسرا یہہ کہ بہ سببِ رعیّت پروري و غریب نوازي کے ـ جوُ آپ کمالِ دانِش و بینش سے کرتے ھیں ـ خلق پر ظاھِر ھوُوے کہ ـ میري تلخ گوئي کوُ خاطِر میں نہ لاکر دردِ دِل کوُ پہُنچے ھیں ـ یہاں تک کہ اُسے اور مظلوموں کوُ تقوِیت ھوگي * کامجوُ نے کہا ـ یہہ بات سچ ھي ـ پر باوُجودِ ھجومِ عام کے سوُچنا میرا اِس کام کوُ ـ اور تجھے چھوڑ دینا ـ بعد اُس کے کہ حُکم قِصاص کا کیا تھا ـ میري دور اندیشي و عدالت کي دلیلِ روشن ھي ـ اور ایسي ھي مہرباني جوُ میں نے تیرے حقّ میں کي یقیناً بیکسوں اور غریبوں کي اُمّید کا مُوجِب ھوگا * فریسہ بوُلا ـ میں تمام عُمر میں بادشاہ کي مہرباني کا شُکر بجا نہ لا سکونگا ـ اور نوازشیں جوُ میري پرورِش میں ھوئي ھیں مُدّتوں میں اُس کے شُکر کے عُہدے سے نہ نِکلونگا ـ اور یہہ خاص مہرباني جوُ سبب میرے جینے کا ھوا کیونکر شُکر اُس کا کروں ؟ میري غرض اِن درد آمیز باتوں سے نہ یہہ ھي کہ ـ بادشاہ کي عقل کوُ اِس کام میں خطا کي طرف نِسبت کروں ـ یا کوئي عیب بادشاہ کي راے روشن کوُ لگاؤں * میں تو اِخلاصمند بندوں سے ھوں ـ کِس طرح ایسا کروں ؟ پر مطلب میرا زمانیکا گِلہ تھا کہ ـ دولتخواہ دانا ھُنرمند بےدُشمن نہیں ھوتے ھیں ـ اور داناؤں نے حسد کا کچھ عِلاج نہیں ٹھہرایا ھي کہ زخم دِل کا

salve مرهم هو سكے * كامجو نے كہا - اگرچه كوئي بےدشمن نهيں - پر تو جانتا هي كه جهوٹه بے رونق هي - اور حاسد جلد بلا مٹيں پهنستے هيں * چاهيے كه بعد اُس كے تو اپني خاطر كو پريشان نه كرے - اور melancholy حاسدوں كے سبب دلگير نه هووے * مجهے ايك تازه تجربه بهم پهنچا هي - اور اهلِ جهان كو تهوڑا سا مٹيں نے پهچانا هي - جس كام پر تو تها اُسي مٹيں مشغول رہ * فريسه نے كہا - تب بهي مٹيں ڈرتا هوں ايسا نه هو كه دشمن فرصت پاكر پهر نه حسد سے بلكه بطور نصيحت كے بادشاه كي خاطر كو پهيريں * شيرنے كہا - كه پهر كس طرح سے دخل كرينگے ؟ فريسه نے عرض كي كه وقت پاكر بعضے بد باطن - جو به ظاهر دوست هيں - خيرخواهي كے پردے مٹيں كهيں گے - فلانے كے دل مٹيں كچهه وحشت آگئي هي - جس روز سے بادشاه نے حكم اُس كے قتل كا كيا هي - تب سے هميشه چاهتا هي كه فتنے برپا كرے - اور ايك گروه كه بظاهر صاف اور باطن مٹيں مكر و كدورت سے بهرا هوا هي اِس طرح سے بات بناوے كه - فلانا به سبب بزرگي و جاه و جلال كے كه بادشاه نے اُس پر نوازشيں بهت سي كيں هيں مست مغرور هوكر ايسا بهكا هي كه آپ كو بهول گيا هي - بُرے بُرے خيال اپنے دل مٹيں كرتا هي * اور ايك يوں ظاهر كرے كه - ازبسكه فريسه اِس جناب سے آزرده خاطر هي جو كچهه اُس كے حق مٹيں كهتے هيں اگر سچ نه هو تب بهي لائقِ اِعتماد نهيں رها هي * دور و نزديك سے ايسي باتيں آپ كے سمعِ مبارك مٹيں پهنچيں بعيد نهيں كه آپ كو بهي مير‌ے حق مٹيں بد گماني هو - اِس لئے كه بادشاه نِدر نهيں رهتے هيں اُس ملازم سے كه جس پر ظلم هوا هو - اپنے درجے اور رُتبے سے گرا هو - منصب سے تغير هوا هو - يا اُس دشمن كو كه جو اُسے ادنيٰ تها عالي درجه كيا هو * كامجو نے كہا - تدبير اُس كي كيا هي اور چُغل خوروں كو كيونكر اِسے باز ركهيئے ؟ فريسه نے كہا - عِلاج اِس كا عقلمندوں كے نزديك آسان هي * حيله اُن كا كچهه اصل نهيں ركهتا هي - نُمائش كے سوا نهيں * عقلمند جانتا هي كه بعد ايسے كاموں كے اِعتقاد بڑهتا هي اِس لئے كه خاوند كے دل مٹيں كسي تقصير كے سبب اگر كچهه دغدغه تها جب اپنے كو كام فرمايا اور مناسب حال سزا دي - بيشك وه خلش دل سے جاتا رهے - اور نوكر كے دل مٹيں بهي اگر كچهه ڈر تها جب سزا كو پهنچا اُس كي خاطر جمع هوگئي - اور بلا سے چهوٹا * خلاصه سخن كا يه هي كه - دانا جهوٹه اور سچ مٹيں فرق كر سكتے هيں - اور بغير ايك جهت كے نوكروں سے بد گمان نهيں هوتے هيں * شيرنے پوچها - نوكروں سے بد گماني كي صورتيں كتني هيں ؟ فريسه نے جواب ديا - تين - پهلي يه كه جو رُتبه اُن كا هي بےموجب اُسے گرائيے - دوسري يه كه دشمن اُس كے درپي هوں اور بادشاه كي بےالتفاتي كے سبب اُس پر غالب آويں - تيسري يه كه مال و اموال جو جمع كيا هو بادشاه كي نا مهرباني كے باعث هاتهه سے جاتا رهے * كامجو نے كہا - عِلاج اُس كا كيونكر كيجئے ؟ فريسه نے كہا - ايك چيز سے وه يه هي كه خاوند كي خوشنودي بهم

[1] Understand اگر *agar* 'if.'

پہنچادے تا اِعتماد اُس پر ھووے - اور جس رُتبے سے گر گیا ھي پھر اُسکو پہنچے - اور دُشمنِ قوي بھي سزا پاوے - اور مال جو تلف ھوا ھي پھر ملے - کہ جان کے سوا سب چیزوں کا بدلا مِل سکتا ھي - خُصوص بُزرگ بادشاھوں کي خِدمت میں - اور جب آپ نے میرے حال پر توجّہ کي ھي اِس بلا کے گِرداب سے میں نِکلا ھوں - اور بہ سبب اِخلاصِ دُرست اور اچّھي خِدمت کے رِضامندي بادشاہ کي حاصِل ھوئي ھي - پھر خطرہ دُشمن کا نہیں کرتا ھوں - لیکن اِن سب باتوں پر یہہ اُمّید رکھتا ھوں کہ قِبلۂ عالم مُجھہ غریب کو معذور رکھکر پھر کبھي خِدمت کے دام میں نہ پھنساویں - اور چھوڑ دیں - کہ اِس جنگل کے ایک کونے میں بیٹھہ آپ کي دُعا میں مشغول رھوں - اور خُدا کي رِضا حاصِل کروں * کامجوے نے کہا - میري مرضي یہہ ھي کہ تو پھر دِل مضبوط کرکے کار و بار میں دخیل ھووے - اور یقین جانیو کہ تیري نیک ذاتي اور خوبیاں معلوم ھوئیں ھیں - کہ بے اِلتفاتي کے وقت اِخلاص میں مُستقِل اور نوازِش و مِہرباني کے ایّام میں بھي تو ثابِت قدم ھي * راستي و قناعت تیري سبھوں پر معلوم ھي - کِسي طرح کي نا مُناسِب باتیں تیرے حقّ میں نہ سنونگا * فریسہ نے کہا - سعادتِ ازلي مؤقوف آپ کي رِضا پر ھي - اگر مرضي بادشاہ کي یہہ ھي کہ پھر خِدمت میں کمر باندھوں - چارہ کیا ھي؟ اور - جب اِس کام میں نیک نیّت ھوں - اُمّید ھي کہ دُشمن راندے جائینگے * غرض اپنے کام میں مشغول ھوا - ھرگاہ خُشنودي بادشاہ کي - جو خُدا کي رِضا کا نمونہ ھي - حاصِل کي - ظاھِر و باطِن کا کامیاب ھوا * یہہ ھي قِصّہ بادشاھوں کا جو کُچھہ اُن میں اور اُنکے مُلازِموں میں چلن ھوتا ھي - اور غضب کے بعد مِہرباني پر آتے ھیں - تب جہان کے کام کا بند و بست ھوتا ھي * میري خاطِر میں یوں گُذرتا ھي کہ اگر تمہید اِس باب کي غضب سے لُطف کي طرف رجوع کرنے میں ھوئي - مُناسِب تھا - کیونکہ عفو اور بخشش گُناہ کو لازِم ھي - اور جب دامن فریسہ کا آلودگئ جُرم سے پاک تھا ذِکر کرنا اُس سر نامے کا اور اِس داستان کا بے حقیقت ھي *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

خُلاصہ اِس باب کا یہہ ھي * کہ ھِندوستان میں فریسہ نام ایک گیدڑ تھا - عقل کي رھبري سے دروازہ حِرص کا بندکر قناعت اِختیار کي تھي - اور خویش و آشنا سے کنارہ کرکے ھمیشہ زُھد و ریاضت میں رھتا تھا - اور کِسي جان دار کو نہ ستاتا تھا * اُسي جنگل میں کامجوے نامے ایک شیر تھا کہ وھاں کے تمام جانور اُس کے حُکم میں تھے - آوازہ فریسہ کي نیک ذاتي و دانِش‌مندي کا جب اُس کے کان میں پہنچا - اُس کو اپنے حُضور طلب کیا * فریسہ بادشاھي حُکم کو خُدا کا فرمودہ جانکر مُلازمت کو گیا * کامجوے اُس کي دِل پسند باتیں سُنکر سمجھا کہ - بڑا دانا ھي - بہتر ھي کہ مُلک کے کاروبار اُس کو سونپئے - اور اُسے نوکر رکھنے کا اِرادہ کیا * تب اُس نے کہا - اي بادشاہ! مِہرباني کرکے مُجھے اِس تکلیف سے معاف رکھ * میں نے دُنیا سے کِنارا کیا

STORY II. هي - اگر پھر گوشے کو چھوڑ کاروبار میں آؤنگا میری حالت وہ ہوگی کہ اُن مکھیوں کی
ہوئی - جو طشت کے گرد بیٹھی تھیں - اور چھپی کی آفت سے شہد میں گریں * کامجوے نے کہا -
تو عقلمند هي - آپ اِنصاف کر - کہ دُنیا میں رہنا - اور اہلِ جہان کے کام کو سرانجام کرنا - اور بیغرض
مظلوموں کی فریاد کو پہنچنا بہتر هي - یا ایک گوشے میں بیٹھنا - اور اپنے کو ایسے کاموں سے معطّل
رکھنا؟ فریسہ نے کہا - مجھے یہہ اندیشہ هي کہ بادشاہ کے مُقرّب اور دولتخواہ حسد لیجایں *
حسد وہ بیماری هي کہ جسکی دوا مردانِ خُدا کے سوا کوئی نہیں کر سکتا - اور بدخواہ دولت کے بھی
سعي کریں اِس خیال پر کہ - شاید ہماری صلاحِ دُرست سے کام بنے * پس جب یہہ صورت ہو یقینًا دِل
بادشاہ کا رنجیدہ ہوے - اور دین و دُنیا میری خراب ہو * کامجوے نے اچھے جواب دئے - اور خواہ
مخواہ اُس کو خِدمت پر مُقرر کیا - اور روز بروز درجہ اُس کا زیادہ ہونے لگا - یہاں تک کہ تمام
کاروبار اپنا اُس کو سونپا * وہ بھی کارداني و دل سوزي سے اچھي خِدمتیں بجا لانے لگا * دربار کے چھوٹے
بڑوں کو حسد ہوا - یہاں تلک کہ سب مُتّفق ہوئے - اور ہر ایک نے ایک مکر کرکے فریسہ کو خیانت
کي تُہمت لگائي * بادشاہ اِس بات کو سوچتا تھا کہ - یہہ کام کیونکر ہوا؟ ایک سیاہ گوش جو
مُقربانِ درگاہ سے تھا اور نیک ذاتي میں مشہور - اُس نے کہا - جہانپناہ کِس لئے ایسے تقصیروار کے
قتل میں دیر فرماتے ہیں؟ بادشاہوں نے بند و بستِ مُلک کے واسطے محبوب سے دِل اُٹھایا هي *

STORY III. چُنانچہ بغداد کے حاکِم نے اپني اُس معشوقہ کو کہ جِس کي محبّت میں دُنیا کے کاروبار
چھوڑ دئے تھے کیونکر ہلاک کیا؟ جہانپناہ! اگر آپ اِس تقصیروار کو قتل نہ کرینگے - کیا کیا فِتنے
ہیں کہ عالم میں نہ ہونگے؟ شیر کے دِل میں اُس بات نے جگہہ کي * فرمایا فریسہ کو سیاست گاہ
میں لیجاکر قتل کریں * جب یہہ خبر شیر کي ما کو پہنچي وہ مغموم ہوئي - اور سمجھي کہ - حاسِدوں
نے اُس کے حق میں کُچھ فریب کیا هي * وونہیں کِسي کو جلّاد کے پاس بھیجا کہ - میں شیر کے پاس
جاتي ہوں - جو بات فریسہ کي پاک دامني کي میں جانتي ہوں کہونگي - زِنہار جب تلک میں پھر
کہلا نہ بھیجوں اُس کے قتل میں جلدي نہ کرنا * غرض اُس نے آپہ شیر کے پاس جاکر خوبي و
راست بازي اُس کي بیان کي اور کہا - اي بادشاہ! اِس کے قتل میں جلدي نہ کر - اور ٹُک سوچ - کہ
ہوا ہوا پھر نہیں جي سکتا هي - تو نہیں جانتا هي کہ حاسِدوں نے حسد کي شامت سے اپنے ہلاک کا

STORY IV. قصد کیا هي؟ اور کي جان تو کیا چیز هي؟ چُنانچہ اُس سوداگر نے غُلام کو اپنے قتل کا حُکم
کیا - اور اُس نے بہ موجب حُکم کے اُسے اُس نیک مرد ہمسائے کے کوٹھے پر مارکر ڈال دیا - تا خون
کي تُہمت سے بیچارے کو جوکھوں پہنچے * تب شیر خوابِ غفلت سے چونکا - اور عقلِ دوراندیش
کي رہبري سے اُس مُقدمے کو تحقیق کیا - اور تُہمت دریافت کرکے فریسہ کو بُلاکر بہت سي مہرباني
کي - پھر فرمایا کہ جِسطرح آگے کاروبار کرتا تھا سو کر - اور کُچھہ خطرہ جي میں اپنے نلا * فریسہ نے

عرض کي - اي بادشاہ ! مٹیں کیونکر اِس کام کوٗ قبول کروں ؟ ذري سي تقصیر مٹیں کہ سبھوں نے مُجھ پر تُہمت کي تھي آپ نے قتل کا حُکم کیا * بادشاھوں کوٗ چاھئے کہ نیک کِردار نوٗکروں کے بڑے گُناہ مُعاف کریں - جِسطرح یمن کے حاکِم نے اپنے نوٗکر کوٗ سوٗنٹکا طباق چُراتے دیکھکر پردہ پوشي کي * کامجوٗے نے بھلي باتیں اچّھي نصیحتیں کہہ سُنکر پھِر مُلک کا اُسکوٗ کام دیا * STORY V.

خُلاصے کا خُلاصہ یہہ ھي کہ بادشاھوں نے اپنے مغضوبوں پر پھِر مہربانیاں کیں ھٹیں - اوٗر نظر سے گِرائے ھوؤنکوٗ پھِر ترقّي بخشي ھي - جٹیسے کامجوٗے نے فریسہ کوٗ نوازا *

بارهواں باب

اعمال کے بدلا پانے مٹیں

CHAPTER XII.—On receiving the recompense of one's deeds.

رائے دابشلیم نے بیدپائے حکیم پر آفرین کي اؤر کہا کہ تیري دانِش بھري ہوئي باتوں سے مٹیں بہرہمند ہوا - اب بیان کر حالت اُس شخص کي جؤ اپنے فائدے کے لئے دوسرے کے زیان سے پرہیز نکرے * بیدپائے نے کہا - اي صاحبِ اِقبال ! جِسکا دِل دانا اؤر جِسکي آنکھ بینا ہي اپنا زیان اؤرونکے نفع کے لئے جایز رکھتا ہي - اؤر ہرگز اپنا فائدہ غیر کے ضرر مٹیں نہیں چاہتا ہي * کیونکہ بھلے بُرے کا ثمرہ دُنیا ہي مٹیں مِلتا ہي - اؤر بہشت و دوزخ جؤ عوام کے ڈرانے کے واسطے اُس جہان مٹیں ٹھہرایا ہي وہ ایک بات ہي غرض آمیز اؤر جاہِل فریب * زِنہار کہ عدالت کے آئین مٹیں آج کا مُعاملہ کل تلک رہے - اؤر نقد کا عِوض نسیہ ہوے * یہي دُنیا ہي جؤ نیک عقلمندوں کے حق مٹیں بہشت ہي - اؤر یہي دُنیا اُن ریا کار بدکاروں کے حق مٹیں - جِنکا دیدۂ خِرد بند ہي - دوزخ ہي * جؤ کؤئي جِس بیج کؤ بؤوے جلد پھل اُسکا پاوے - پس جؤ کؤئي نیکي چاہتا ہؤ سِوا تُخمِ نیکي کے نہ بؤوے - اؤر جؤ بدي کرے ثمرہ اُسکا بدي ہي مِلے * اگر چند روز کِسي حِکمت کے واسطے اُسے سزا نہ مِلے مغرور نہؤ * اگر تو کامِل دوراندیش نہیں ہي - کہ اپنا پائو درمیان مٹیں نہ لاوے - اؤر اؤروں کے بھلے بُرے مٹیں مشغول نہ ہوے - بارے اؤروں کے حق مٹیں بدي روا مت رکھ - کہ نیکي اؤر بدي تیري ہي طرف پھرےگي - اؤر تو خوب دیکھ کہ اپنے حق مٹیں کیا بُرا کام کرتا ہي - اؤر اگر کؤئي چاہے کہ اپني بدکاري مکر سے چھپاوے اؤر حیلہ و فریب سے اپنے کؤ لؤگوں مٹیں نیک مشہور کرے - ہرگز فائدہمند نہیں ہؤتا ہي - اؤر وہ مانند اُس شخص کے ہي جؤ اندراین بؤوے - اؤر لؤگوں سے کہے - مٹیں نے گنے بؤئے ہٹیں - آخر سِوائے اُسکے جؤ بؤیا ہي نہ اُگے * جھوٹھ اؤر بدنامي اُسکي بدکاري پر زیادہ ہؤوے * اِس مقام کے مُناسِب قِصّہ شیرِ صفّ شِکن اؤر مردِ تیر افگن کا ہي * رائے نے پوچھا وہ کیوں کر ہي ؟

حِکایت ١

THE STORY OF THE RANK-BREAKING LION AND THE ARCHER.

بیدپائے حکیم نے کہا - نقل ہي کہ حلب کي سرحد مٹیں ایک جنگل تھا - اُس مٹیں درخت بہُت سے تھے اؤر چشمے بھي جابجا جاري * ایک شیر وہاں کا حاکِم تھا - ہمیشہ نا حقّ خون کیا کرتا - اپنے مُنہ اؤر پنجوں کؤ بے گُناہ جانوروں کے خون سے آلودہ رکھتا * ایک سیاہ گؤش جؤ اُسکي درگاہ کا مُلازِم تھا مآلِ کار کؤ سؤچکر چاہتا تھا کہ اُسکي

مُلازمت چھوڑے ۔ اور نا مُرادي کے گوشے پر قناعت کرے ۔ نہ مقدورِ سچ کہنے کا رکھتا تھا نہ تاب ناحق کے دیکھنے کي * اُسي سبب سے اپنے دِل میں اندیشناک تھا ۔ کہ یکایک اُسنے جنگل کے کِنارے دیکھا کہ ایک چوھا بڑي محنتوں سے کِسي درخت کي جڑ کاٹ رہا ھي * درخت زبانِ حال سے کہتا ھي کہ ۔ اي ظالِم ! کیوں تو میري جڑ کھودنے میں کوشش کرتا ھي ؟ چوھا اُسکے نالہ و زاري پر مُتوجّہ نہ ھوکر کاٹنے میں مشغول تھا ۔ کہ ناگاہ ایک سانپ گھات کرکے چوھے کو نِگل گیا * سیاہگوش کو اُس احوال سے اور تجرِبہ حاصِل ھوا اور جانا کہ ۔ موذي سِولے اذیّت کے ثمرہ نہیں پاتا ھي * اِسي حالت میں کہ سانپ چوھے کو کھاکر ایک درخت کے تلے گُنڈلي مارے بیٹھا تھا ۔ ایک سیہ نے آکر سانپ کي دُم کو مُنہہ میں لے اپنے سِر کو بدن کے کانٹوں میں چھپا لیا * سانپ تڑپ تڑپ کر ھردم اپنے تئیں اُس پر دے مارتا تھا ۔ یہاں تلک کہ تمام بدن اُس کا کانٹوں سے چھد گیا ۔ اور ھزاروں خرابیوں سے مُوا * سیاہگوش کو ایک اور عِبرت ھوئي * جب سانپ مرگیا خار پُشت نے سِر نِکالا اور جو کُچھ کھانے کے لائِق تھا کھاکر پھر سِر کو چھپا لیا * سیاہگوش اپنے دیدۂ عِبرت بین کھول کر مُنتقِمِ حقیقي کے اِنصاف کا تماشا دیکھتا تھا ۔ کہ ایکبارگي کوئي لومڑي بھوکھي وھاں پہُنچي اور اُس سیہ کو جو اُسکا لُقمۂ تر تھا اُس صورت میں دیکھکر سمجھي کہ ۔ آزارِ خار کے سبب گُل کي بو سونگھ نسکتے * آخِر کِسي فریب سے سیہ کو پچھاڑکر اُسکے پیٹ پر موتا * خار پُشت نے خیال کیا کہ مینہہ برستا ھي ۔ سِر باھر نِکالا * وُونہیں لومڑي لپکي ۔ اور اُسکا سِر جُدا کر ڈالا ۔ اور جِتنا چاھا کھایا ۔ چُنانچہ سِولے چمڑے کے کُچھ چھوڑا * اور ھنوز لومڑي نے کھانے سے فراغت نکي تھي کہ ایک کُتا وھاں آ نِکلا ۔ اور لومڑي کو چیر پھاڑ ڈالا ۔ اور ایک کنارے سو رھا * اچانک ایک چیتا نمود ھوا ۔ اُسنے کُتے کو توڑ ڈالا * ھنوز کام اُسکا تمام نہ کیا تھا کہ ایک شِکاري آ پہُنچا ۔ اور تیرِ دِل دوز جو چیتے کي طرف چلایا ۔ تو اُسکے دھنے پہلو پر لگا اور بائیں پہلو سے نِکل گیا * شِکاري نے جلدي پوست اُسکے بدن سے کھینچا * اِس میں ایک سوار پہُنچا ۔ اور چاھا کہ پوست کو اُسے چھین لیوے * شِکاري لڑنے پر مُستعِد ھوا ۔ سِپاھي نے شمشیرِ آبدار سے سِر اُسکا جُدا کیا ۔ اور چمڑے کو لیکر چلا * کُني قدم گیا تھا کہ گھوڑے نے ناخُن لیا ۔ سوار زمین پر گر پڑا اور گردن اُس کي ٹوٹ گئي * سیاہگوش کو کمال عِبرت ھوئي ۔ اور شیر کي خِدمت سے جُدائي دِل میں ٹھان کر اُس کے حُضور گیا ۔ اور اُس بیشے سے جانیکي رُخصت مانگي * شیر نے فرمایا کہ ۔ تو میرے سایۂ دولت میں آرام سے رھتا ھي ۔ یہاں سے جانیکا سبب کیا ھي ۔ اور کام چھوڑنے کي جِہت کون سي ھي ؟ اُس نے جواب دیا ۔ قِبلۂ عالم ! میرے دِل میں ایک خیال آیا ھي اور ایک سوچ جي میں پیدا ھوا ھي کہ چھپانے میں اُس کے گُناہ ھي ۔ اور ظاھر کرنے میں جان کا خطرہ * اگر پیر مُرشِد ایک عہد کریں جو کِسي طرح وہ نہ ٹوٹے ۔ اور میري تسکین ھو ۔ تو سچ سچ بیان کروں * شیر نے اُس کو امان دیکر قسمیں کھائیں * سیاہگوش نے عرض کي ۔ جہانپناہ ! ھمیشہ آپ کي نیّت جان داروں کے ستانے پر ھي اور خاطِرِ بے پروا آپ کي

بیگناہوں کے مارنے پر دلیر ہي - نہ آپ سمجھکر کام کرتے ہیں - نہ کوئي ایسا ہي کہ نصیحت آمیز باتیں آپ سے کہے - اور اُس کام سے باز رکھے * شیر اِس بات سے جو اُس کے مزاج کے موافق نہ تھي برہم ہوا - پر اُسي وقت عہد کیا تھا - اور عالي منشي نہ چاہتي تھي کہ پیماں شکني ہووے * ناچار صبر کیا اور کہا - تو تو ظلم سے محفوظ ہي - پھر کنارا کرنیکي وجہہ کیا ہي ؟ سیاہگوش نے کہا - دو سبب ہیں - ایک یہہ کہ مجھے ظلم کے دیکھنے کي تاب نہیں - اور مروّت نہیں چاہتي ہي کہ مظلومونکا نالہ و آہ سنوں * دوسرا یہہ ہي کہ مبادا شامت اِس کام کي جو آپ نے اختیار کیا ہي آپ پر پڑے - اور میں بھي اِس آگ میں جلوں ! شیر نے کہا - تو نے جہان نہیں دیکھا ہي اور تجربہ نہیں کیا ہي - بدي اور شامت تو نے کہونکر دریافت کي - اور نیک کام کي جزا کِس سے سیکھي ؟ سیاہگوش نے کہا - اي بادشاہ ! جِس کو خُدا نے عقل سے بہرہ دیا ہي - جو کُچھ کہ خِلقت برسوں میں سمجھے وہ فوراً دریافت کر لیتا ہي - اور یہہ بات سب کو معلوم ہي کہ جو شخص بدي کا بیج بووے - سِوے زیان و پریشاني کے ثمرہ نہ پاوے - اور جو کوئي نیکي کا درخت لگاوے - میوہ نفع و آسائش کا حاصِل کرے * عقلمند بُزرگوں نے اِس دُنیا کو جو جلے مُکافات ہي پہاڑ سے تشبیہ دي ہي - کہ جو کُچھ بھلا بُرا اُسے کہئے وہي جواب سُنئے - اور باوُجود اِس کے کہ عقلِ خُدا داد کي مدد سے میں اِس بات کو سمجھا تھا - آج مُکافات اور بدلے کو اپني آنکھوں دیکھا * تب اُس نے قِصّہ چوہے سانپ سیہ لومڑي کُتے شِکاري اور سوار کا - جو دیکھا تھا - عرض کیا کہ - اِس جلے مُکافات میں ہر کِسي نے اپنے کئے کي سزا پائي * شیر اُس سبب کہ مغرور تھا سیاہگوش کي نصیحت کو افسانہ سمجھا * جب اُسنے جانا کہ میري دولت خواہي کُچھ مُفید نہیں ہي - اور سِوے زیاں کے کُچھ نفع نہیں کرتي ہي - آہستہ آہستہ باہر نِکلا * شیر غضب میں آکر اُس کے ڈھونڈھنے کو چلا * سیاہگوش نے اپنے تئیں ایک جھاڑي میں چھپایا * شیر نے اُس کا پیچھا چھوڑکر آگے بڑھا دیکھا کہ ہرن کے دو بچّے جنگل میں چر رہے ہیں - اور اُنکي ما اُنھیں پیار کر رہي ہي * شیر نے اُن کے پکڑنے کا قصد کیا * ہرني چلّائي کہ - اي بادشاہ ! میرے بچّوں کے شِکار کرنے سے تُجھے کیا فائدہ ہوگا ؟ میري آنکھوں سے اُن کي جُدائي میں آنسو نہ بہوا - اور میرے دِل کو جِگر گوشوں کے فِراق کي آگ سے مت جلا * آخِر تیرے بھي بچّے ہیں - ایک اِس کو سوچ کہ اُنھیں بھي ایسا ہي کُچھ در پیش ہوگا - جو میرے بچّوں پر ہوتا ہي * شیر نے اُسکي فریاد نہ سُني - اور اُسکے بچّوں کو کھا گیا * ہرني سامھنے سے بھاگ کر اپنے بچّوں کي جُدائي کے غم میں گھبرائي ہوئي دوڑتي پھرتي تھي - ایک بارگي سیاہگوش کے پاس جا پہُنچي - اور ڈیڑیں مارنے لگي * تب اُس نے تسلّي کي باتیں درمیان لاکر کہا - کُچھ غم نہ کھا - کہ تھوڑے سے عرصے میں اُس کي سزا شیر کو ملیگي * قضارا شیر کے دو بچّے تھے - کہ اُن کے دیکھنے سے اُس کي آنکھوں میں دُنیا روشن تھي - جِس وقت اُس نے ہرن کے بچّوں کا قصد کیا تھا کوئي شِکاري اُس کے تہل میں جاکر - اُن دونوں بچّوں کو مار - کھال کھینچ

لیگیا تھا * جب شیر شِکار کرکے اپنے بیشے مٹیں آیا - اپنے بچّوں کو اِس حالت مٹیں دیکھکر چلّایا اور نالہ و زاري اِس طرح کرنے لگا کہ وھاں کے سارے جانور اُس کي آہ وفغان سے بے قرار ھوئے * شیر کے ھمسائے مٹیں ایک گیدڑ پرھیز گار گوشہ نشیں تھا - ماتم پُرسي کو آیا اور کہا - صبر کیجئے - کِسنے بوے وفا کي اِس گلزارِ نا پایدار سے سونگھي ؟ اور کِس کو اِسّے راحت پہُنچي - کہ پھر اُس نے اذیّت نہ کھیٹچي ؟ اي جہان پناہ ! ذرہ اِضطراب چھوڑئے اور گوشِ ھوش کو کھولئے - کِتني ایک باتیں کار خانۂ اِلٰہي کي بیان کروں - اور تھوڑي سي بیوفائي اِس بےاِعتبار دُنیا اور زمانۂ بیوفا کي سُناؤں * شیر نے جب گوشِ نصیحت شِنو سے باتیں اُس کي سُنیں - ذرہ تسکین ھوئي * گیدڑ نے جو دیکھا کہ وہ خوابِ غفلت سے چونکا - اور باتوں کے سُنّے مٹیں مشغول ھي - دلیروں کي طرح آگے بڑھا اور کہا - جہان پناہ ! ھر ایک آغاز کا ایک انجام ھي - جب وہ وقت پہُنچے پل مارنے کي فُرصت نہ ھووے - اور ھر ایک غم کے بعد خوشي - اور ھر نفع کے بعد زیان ھي * بہرصورت خواھِشِ خُدا پر راضي ھوا چاھئے - اور آہ و نالے کو کہ آئین کم ظرفوں کا اور شیوہ کمینوں کا ھي - چھوڑئے * شیر نے کہا - اي دانائے دوراندیش ! تو سچ کہتا ھي - پھر کبھي بےصبري نہ کرونگا - اور قضاء اِلٰہي پر راضي رھونگا * لیکِن جو بدي پہُنچتي ھي کُچھ نہ کُچھ اُسکا سبب ھوگا - کہہ - کہ یہہ آفت مٹیرے بچّوں پر کہاں سے پڑي اور سبب اِس بلا کا کیا ھي ؟ گیدڑ نے کہا - یہہ بھي تُمھارے سبب سے ھي - کیوں کہ جو کُچھ سُلوک اُس تیرانداز شِکاري نے تُم سے کیا وھي سُلوک صد چند تُمنے اوروں سے کیا ھي - اور یہہ حال تُمھارا اُس لکڑھارے کے قِصّے کے مانند ھي جِسنے کہا تھا کہ - آگ مٹیري لکڑیوں کو کہاں سے لگي ؟ شیر نے کہا - وہ کیونکر ھي ؟

حِکایت ۲

THE STORY OF THE TYRANT WHO FORCED THE POOR TO SELL HIM WOOD AT LESS THAN ITS VALUE.

گیدڑ نے کہا - نقل ھي کہ اگلے زمانے مٹیں ایک ظالِم تھا کہ غریبوں کي لکڑیاں ظُلم سے مول لیتا - اور جِتنے مول کي ھوتیں اُسے قیمت بہُت کم دیتا اور آپ مہنگي کرکے دولتمندوں کي سرکار مٹیں بیچتا * غُربا اُسکے ظُلم سے عاجز ھوئے تھے اور دولتمند بھي تنگ آئے تھے * ایک دِن اُسنے ایک مُحتاج بے بس کي لکڑیاں ظُلم سے مول لیں اور آدھي قیمت دي - وہ مظلوم خُدا کي درگاہ مٹیں آہ و نالہ کرنے لگا * اِس مٹیں کِسي صاحِبدِل نے اِس احوال سے مُطّلِع ھوکر اُس ظالِم کو نصیحت کي اور کہا - ظُلم کرنا اور کِسیکا حقّ مار رکھنا دون ھِمّتي و بے مُروّتي ھي - اِسکے سِوائے ناخوشي خُدا کي بھي ھوتي ھي - علاوہ یہہ کہ اِسي دُنیا مٹیں سیکڑوں رُسوائي سے بدي کي سزا اُسے مِلتي ھي - خُصوص اُن بیچاروں پر ظُلم کرنے سے جو بِسوائے درگاہِ خُدا کے کوئي آسرا نہیں رکھتے ھیں * ایسي بد سُلوکي نکر - کہ اِس حال سے شِتابي بلا مٹیں گِرفتار ھوگا * وہ ظالِم جو

شرابِ غفلت کا نشا اپنے دِماغ مٹیں رکھتا تھا ـ اُسکي راست گوئي و نیک اندیشي سے برہم ہوکر بولا کہ ـ اِن باتوں سے مُجھے دردِ سر نہ دے ـ اَور اِن افسانوں سے رنجیدہ نکر ـ اَور خفا ہوکر اپنے گھر گیا * ازبسکہ مآلِ کار ظالِموں کا اچّھا نہیں ہي ـ قضاء اِلٰہي سے اُسي رات لکڑیوں کے ڈھیر مٹیں آگ لگي ـ اَور وہاں سے گھر تلک پہُنچي * جو کُچھ اسباب تھا جلکر خاک ہوگیا * فجر کے وقت اپنے دوستوں مٹیں بیٹھکر افسوس مال کا کرتا تھا ـ اَور کہتا تھا کہ ـ یہہ آگ کہاں سے لگي ؟ وہ درویش کہ جِسنے اگلے روز نصیحت کي تھي وہاں آیا اَور کہا ـ اي ظالِم ! اب تلک تو نے نہیں معلوم کیا ہي کہ یہہ آگ مظلوموں کے دِل کے دھوئیں کي ہي ؟ اُسکے جو طالِع یاور تھے اِس بات نے دِل مٹیں اُسکے تاثیر کي ـ شرمِندہ ہوکر کہنے لگا ـ سچ ہي کہ بیچ ظُلم کا جو مٹیں نے بوٗیا تھا اُسکا ثمرہ مُجھے مِلا * آخِر اُس زبردستي سے درگُذرا اَور ظُلم چھوڑ دیا *

اي شیر ! یہہ قِصّہ مٹیں نے اِسلئے کہا ـ تا جانے تو کہ جو بلا تیرے بچّوں پر پڑي ـ بدلا اُسکا ہي جو تو نے اَوروں کے بچّوں پر ڈالي ہي * اُن مظلوموں نے اپنے سِروں کو پتّھر پر پٹک پٹک صبر کیا تھا ـ پس جِسطرح اَوروں نے تیرے ظُلم سے صبر کیا ہي ـ بہتر ہي کہ تو بھي اَوروں کے ظُلم سے صبر کرے * شیر نے کہا ـ اي شغالِ دانا ! اِس بات کو صاف کہہ * گیدڑ نے کہا ـ تیري عُمر کِتني ہي ؟ جواب دیا چالیس برس کي * پوچھا اِتني مُدّت تلک کیا کھاتا تھا ؟ کہا ـ جانوروں کا گوشت * گیدڑ نے کہا ـ جِن جانوروں کا گوشت تو نے اِتني مُدّت کھایا ہي کہا اُنکے ما باپ خویش دوست کوٗي نہ تھا ؟ کہ اِس حالتِ جاں گُداز کے غم سے آہ و نالہ کرتا * اگر اُس روز اُن کي غمگیني کا خیال کرکے تو خوں ریزي سے باز رہتا ـ تیري آج کے دِن یہہ حالت نہ ہوتي * تو نے جو خلق پر رحم نہیں کیا ہي ـ کیوں کر تُجھے آسائش ہو ؟ اَور جب اَوروں کے دِل تیري ظُلم سے نالاں ہیں ـ کوں تیري جانِ مجروح پر مرہم رکّھے ؟ اگر یہہ ظُلم نچھوڑیگا ـ مُستعِد رہ ـ کہ بہُت سي اذیّتیں دیکھیگا * شیر کو گیدڑ کي باتیں خوش آئیں اَور سمجھا کہ مٹیں نے اپني عُمرِ عزیز کو جاہ وجلال کي مستي اَور خوشامد گوئیوں کي صُحبت مٹیں برباد کیا ـ اب جو بہارِ جواني گئي اَور خِزانِ پیري آئي ـ باقي زِندگي کو غنیمت جانئے ـ پئیروي عقل کي کیجئے ـ رضا خُدا کي بہم پہُنچائیے * غرض گوشت کھانا موقوف کرکے میوؤں پر قناعت کي ـ اَور طریقہ جان آزاري کا چھوڑا * جب گیدڑ نے دیکھا کہ شیر میوے کھانے لگا ـ اَور ہمیشہ اگر اِسي طرح کھایا کریگا ـ تو جنگل جلد میوؤں سے خالي ہو جائیگا ـ اَور جسقدر جانوروں کے ایک برس کي خورِش ہي ـ دس روز مٹیں کھا جائیگا ـ مغموم ہو ـ پھر شیر کے پاس آکر کہا ـ جہان پناہ ! اِن دِنوں کیا شُغل رکھتے ہیں ؟ جواب دیا کہ دُنیا ترک کرکے صِرف تر و خُشک میوؤں پر قناعت کي ہي * گیدڑ نے کہا ـ ایسا نہیں ہي جو آپ فرماتے ہیں ـ بلکہ اِسمیں نُقصانِ زیادہ ہي * شیر نے کہا ـ کیونکر کِسي کا زیاں مُجھ سے

ھوتا ھي؟ مَیں تو اپنے مُنہ اور پنجوں کو کِسي کے خون سے آلودہ نہیں کرتا ھوں * گیدڑ نے کہا - تو اپني روزي سے ھاتھ اُٹھاکر اور جانوروں کي روزي کھاتا ھي * اگر میوے اِس جنگل کے یونہیں کھایا کرینگا - دس روز میں تمام ھو جائینگے - اور وہ جانور - کہ یہہ اُن کے برس دِن کا قوت ھي - مارے بھوکھ کے مر جائینگے - گُناہ اُس کا تیري گردن پر رھیگا - اور قِیامت کے دِن سزا اُسکي تُجھے مِلیگي * مَیں ڈرتا ھوں کہ تیري حالت اُس سُوأر کي سي نہ ھوجاے - کہ جِسنے بندر سے بروُر میوہ چھین لیا تھا * شیر نے کہا - وہ کیونکر ھي؟

حِکایت ۳

THE STORY OF THE HOG WHO STOLE THE MONKEY'S FIGS.

گیدڑ نے کہا - نقل ھي کہ کِسي وقت میں ایک بندر نے بخت کي رھبري سے دُنیا چھوڑ گوشہ اِختیار کیا تھا - اور ایک جنگل کے کنارے رھتا تھا - اُس جنگل میں کِتنے ایک درخت انجیر کے تھے - اپنے دِلمیں سوچا کہ جان دار کو خورِش ضرور ھي - اور یہاں سِواے انجیر کے کوئي چیز نہیں مِلتي * اگر تمام انجیر کچّے پکّے کھا جائے - جاڑے کے ایام میں بے برگ و نوا رھنا ھوگا * کوئي بات بِہتر اِسسے نہیں ھي - کہ ھر روز ایک درخت کے سارے انجیر توڑوں - اور جِتنے چاھئے اُتنے کھاؤں - باقي کو سُکھلا کر ایک کونے میں رکھ چھوڑوں - کہ گرمي کا موسِم بھي چین سے گذرے - اور جاڑے میں بھي فراغت رھے * غرض اُسي طرح کئي درختوں کے انجیر توڑے - تھوڑے اُس میں سے کھاے اور باقي جمع کر رکّھے * ایک دِن کِسي درخت پر چڑھکر کُچھ کھاتا اور کُچھ رکھتا تھا - کہ ایکبارگي ایک سُوأر کِسي شِکاري کے ھاتھ سے بھاگ کر وھاں آ نِکلا - اور جِس درخت کو دیکھتا تھا - میوہ نپاتا تھا - یہاں تلک کہ اُس درخت کے تلے آیا - کہ جِس پر بندر چڑھکر انجیر توڑ رھا تھا * جب بندر کي نظر سُوأر پر پڑي - گھبرایا - اور دِلمیں کہنے لگا - کہ یہہ کالي بلا کہاں سے آئي؟ سُوأر بندر کو دیکھکر رسم دُعا و سلام کي بجا لایا - اور بُولا - ھم اِس دشت میں مُسافِر ھئیں - تو کُچھ ھماري مِہماني کریگا؟ بندر نے گرم جوشي سے جواب دیا کہ - پہُنچنا آپکا اِس نامُراد کے مکان میں مُبارک ھوجیؤ! اگر آپ کا آنا مُجھے پہلے سے معلوم ھوتا - تو اِتني خِجالت اور شرمِندگي مُجھے نہ ھوتي - اور میں سرانجام مِہماني کا بخوبي تیّار کرتا * اُسنے کہا - تکلّف کیا ضرور ھي؟ راھي ھوں - جو کُچھ حاضِر ھو لائے * بندر نے ناچار ھوکر - انجیر کے درخت کو ھِلایا * اُس نے پیٹ بھرکر کھاے - جب کہ درخت پر اور زمین پر کُچھ نہ رھا - بندر کي طرف مُتوجّہ ھو کر کہا کہ - اي یارِ عزیز! ابھي بھوکھا ھوں - اور ایک درخت ھِلا * بندر نے ناچار ایک درخت اور ھِلایا - ایکدم میں اُس درخت کے میوؤں سے بھي کُچھ نِشان نہ رھا * تب اُس نے ایک اور پیڑ کي طرف اِشارہ کیا * بندر نے کہا - اي مِہمانِ عزیز! طریقہ اِنصاف کا نہ چھوڑ کہ میں نے جو کُچھ تیري نذر کیا - میرے ایک مہینے کا قوت تھا * مُجھے اور قُدرت نہیں ھي * سُوأر نے غُصّے

ھوکر کہا ۔ یہہ جنگل مُدّت سے تیرے تصرّف میں ھي ۔ اب ایکدم کے واسطے مُجھے مُختارکر * بندر نے جواب دیا کہ ۔ غضب میں آنا بادشاہ کي شان کے مُناسِب نہیں ۔ جفا سے درگذرئے اور ظُلم سے ھاتھ اُٹھائے ۔ کہ نا توانوں کے ستانے کا ثمرہ خوب نہیں ھي * وہ یہہ بات سُنکر اور غُصّے ھوا اور بولا کہ ۔ ابھي تُجھے درخت سے نیچے ڈال دیتا ھوں اور جو کُچھ سزا چاھئے دیتا ھوں ۔ یہہ کہکر درخت پر چڑھا تا کہ بندر کو تلے گِرا دے ۔ پہلي ٹہني پر چڑھا تھا کہ ٹوٹ گئي ۔ وہ سِرکے بھل گِر پڑا اور مر گیا *

یہہ قِصّہ میں نے اِس لئے کہا کہ ۔ تو بھي اوروں کے میوے زبردستي سے کھاتا ھي ۔ اگر وے مر جاوئیں تو وبال اُس کا تُجھ پر پڑیگا اور اُن کے بال بچّوں کے جي میں تیري دُشمني پیدا ھوگي * وے ھمیشہ تُجھے عیب لگائینگے اور تُجھے بد نام کرینگے * سِوائے اِس کے یہہ کون سي دانائي ھي کہ تو تن پروري میں مشغول رھے اور دُنیا میں بدنام ھووے ؟ اگر تو تن آساني چھوڑے اور صِرف اوقات بسري کیا چاھے تو بقاے حیات کے واسطے بہُت سي چیزیں ھیں * جب شیر نے یہہ باتیں سُنیں میوے کھانے سے بھي کِنارا کیا ۔ گھاس اور پاني پر قناعت کي ۔ اور خُدا کي رِضاجوئي میں مشغول ھوا *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

STORY I.

خُلاصہ اِس باب کا یہہ ھي کہ دُنیا جاے مُکافات ھي * جو کوئي جو کُچھ سُلوک اوروں سے کرے اُسے بھي وھي در پیش ھو ۔ چُنانچہ شیر دِلازاري و خوں خواري کے درپَي تھا ۔ سیاہ گوش نے ھرچند دولت خواھي سے نصیحت کي ۔ مُفید نہ ھوئي ۔ اور اُس نے قِصّہ چوھے سانپ سیہ لومڑي کُتّے چیتے شِکاري اور سوار کا جو اپني آنکھوں دیکھا تھا کہہ سُنایا ۔ اور عرض کي کہ ۔ اي جہان پناہ ! چوھے نے درخت کي جڑ کاٹي ۔ اِس لئے سانپ کا طُعمہ ھوا ۔ اور سانپ نے جو اُسے ستایا سیہ کا لُقمہ ھوا ۔ اور سیہ نے جو سانپ کو مارا تو لومڑي کے دامِ فریب میں پھنسي ۔ اور لومڑي نے اُس سیہ کو کھایا ۔ اِس لئے اِس بھوکھے کُتّے نے اُسے ھلاک کیا ۔ اور کُتّا بہ سبب اُس ظُلم کے چیتے کے چنگُل سے پھاڑا گیا * چیتا اُس موذي پنے کي شامت سے نِشانہ تیرِ اجل کا ھوا * شِکاري نے اُس بے رحمي کے سبب جانِ اپني دي * سوار اُس خونِ ناحق کے سبب گھوڑے پر سے گِرا اور گردن اُس کي ٹوٹ گئي * شیر از بسکہ مغرور تھا سیاہ گوش کي باتوں کو افسانہ جانکر غضب میں آیا * سیاہ گوش جب سمجھا کہ سچ باتیں نہیں سُنتا ھي جان کے ڈر سے اُس نے کِنارا کیا * شیر جب اُس کي تلاش کو نِکلا ۔ تا کہ خوب سزا دیوے ۔ راہ میں دو ھِرن کے بچّے نظر آیے ۔ اُس نے جو حملہ اُن پر کیا تو جہانِ اُنکے ما باپ کي آنکھوں میں اندھیرا ھو گیا * جِسوقت اُن بچّوں کے کھانے میں مشغول تھا ایک شِکاري شیر کے تھل میں جاکر اُسکے دونوں بچّوں کو جو نورِ چشم و سُرورِ دِل تھے مار ڈالا * جب وہ اپنے بیٹے کو پھر آیا اور بچّے موئے پائے ھوش جاتا رھا اور آنکھوں کے نیچے اندھیرا آ گیا ۔

بے اِختیار روٗنے لگا * وہ گیدڑ جوٗ اُس کا مُقرّبِ درگاہ تھا ماتم پُرسي کوٗ آیا اوٗر عرض کي - جہان پناہ ! دُنیا کے کارخانے مےں جوٗ کُچھ ظاہر ہوٗتا ہي بغےر رِضاے اِلٰہي کے نہیں ہي - پس عِلاج اُس کا صبر ہي - بلکہ راضي و شاکِر ہوٗکر زیست کیجئے * شےر نے پوچھا - اي داناے مہربان ! کُچھ جانتا ہي تو کہ یہہ آفت مُجھپر کِسلئے پڑي ؟ گیدڑ نے کہا - یہہ سب شامت تےرے اعمال کي ہي - جوٗ سُلوک اُس تیر انداز نے تےرے ساتھ کیا ہي صد چند تو نے اوروں سے کیا ہي * نہیں سُنا ہي تو نے کہ ایک لکڑھارا STORY II. ظُلم سے لکڑیاں لوگوں کي سستي لیتا اوٗر مہنگي بیچتا - آخر ایک شب اُسکے گھر مےں آگ لگي اوٗر جوٗ کُچھ اسباب تھا سب جل گیا * ازبسکہ اپني بدذاتي اوٗر بدنہادي سے غافِل تھا آشناؤں سے پوچھتا تھا کہ - یہہ آگ کیوں کر لگي اوٗر اِسکا سبب کیا ہي ؟ ایک مردِ زندہ دِل نے جواب دیا کہ مظلوموں کي آہ کي آگ لگي ہي - یہہ تےرے کئے کي سزا ہي جوٗ پیش آئي * ازبسکہ سعادت شےر کي ذات مےں تھي گیدڑ کي باتوں نے دِل مےں اُسکے تاثیر کي - اوٗر عہد کیا کہ - پھر کِسي جانور کوٗ نہ ستاؤں - اوٗر جنگل کے تر و خُشک مےوؤں سے دِن کاٹوں * جب تھوڑے دِن اِسیطرح گُذرے گیدڑ سوٗچا کہ اگر بادشاہ اِس جنگل کے مےوے کھائینگے تمام جانوروں کے برس روٗز کے قوت کوٗ کئي دِن مےں آخِر کر دینگے اوٗر جانور مرنے لگینگے * تب پھر شےر کي خِدمت مےں جاکر عرض کي کہ - یہہ کیا حرکت ہي جوٗ پرہےزگاري مےں آپ نے اِختیار کي ہي ؟ مگر نہیں سمجھتے ہوں کہ اِس جنگل کے مےوے سب جانوروں کي خوٗراک ہوں ؟ اگر اِسیطرح آپ کھایا کرینگے تو تمام جانور STORY III. بھوکھ سے مرجائینگے - اوٗر شامت اُسکي آپ پر پڑیگي - جِسطرح اُس سُوٗر کي حالت ہوئي کہ جِسنے بندر کے انجیر چھین کر کھاے اوٗر اپني جان کھوئي * شےر نے اپنے بختِ بیدار کي مدد سے باتیں گیدڑ کي سُنیں اوٗر عہد کیا کہ - پھر مےوے نہ کھاؤں - گھاس اوٗر پاني پر قناعت کروں - اوٗر خُدا کي یاد مےں مشغول ہوٗکر باقي عُمر کاٹوں *

خُلاصے کا خُلاصہ یہہ ہي کہ - جوٗ کوٗئي بیج ظُلم کا بوٗے زِیان کاري کے سِواے اُسے کُچھ حاصِل نہ ہوٗے - اوٗر جوٗ درخت نیکي کا لگاوے مےوہ آسائش کا توڑے * دُنیا کوٗ مُکافات مےں پہاڑ سے تشبیہ ہي - بھلا بُرا جوٗ کُچھ اُسکوٗ کہئے وہي اُسے سُنئے - جیسے وہ شےر جوٗ خونخواري کے درپے تھا قضارا ایک تیرانداز شِکاري نے سزا اُسکوٗ دي اوٗر بچّوں کوٗ اُسکے مارا * دانا کوٗ چاہئے کہ حُسن و جواني و دُنیا و دانِش اوٗر ہُنرمندي کي مستي سے ہُشیار ہوٗکر عقلمندوں کي چال اِختیار کرے - اوٗر سب جگہہ سب لوٗگوں کے ساتھہ مہرباني سے سُلوک رکھے - اوٗر جناب اِلٰہي سے مدد چاہے تو کام اُسکا بخوبي سرانجام ہوٗے *

تیرهواں باب

بسبب زِیادہ طلبي کے اپنے کام سے باز رهنے کے بیان مےں

CHAPTER XIII.—On losing one's object through over greediness.

راے دابِشلیم نے بیدپاے حکیم سے پوچها که جو کُچهه تُمنے کها - مےں نے اُسے بخوبي سمجها اور فائِدہ اُٹهایا - اب کهئے که جو کوئي قدم اپنے درجے سے باهر رکهے اور قدرِ مقدور سے زِیادتي کا خیال کرے حالت اُسکي کیا هوتي هي ؟ برهمن نے کها - اي شاهِ عقلمندِ صاحِبِ اِقبال ! خُدا نے هر شخص کو اُسکے حال کے مُناسِب ایک کام کے لئے خلق کیا هي - چاهئے که آدمي هميشه عقلِ دوراندیش کي صلاح پر کام کرے اور جو کام که اپنے کو لائِق اُس کے جانے آهسته آهسته اُسے کمال کو پهُنچاوے - اور جو کُچهه که اُس کے حوصلے مےں نه آوے اور اپنے تئں سزاوار اُس کا نجانے هوا و هوس سے بڑهکر اُس کي کوشش نه کرے - که اُس کا آخِر بدنامي اور ثمرہ اُس کا خرابي هي * قِصّہ اُس گوشہ‌نِشین فقیر اور هوس پیشه مِهمان کا اِس مقام کے مُناسِب هي * راے نے پوچها - وہ کیونکر هي ؟

حِکایت ۱

THE STORY OF THE RECLUSE AND HIS COVETOUS GUEST.

بیدپاے حکیم نے کها - نقل هي که قِنّوج[1] کي سرحد مےں ایک گوشه‌نِشین هرزہ گردي ترک کرکے خُدا کي یاد مےں رهتا تها اور جو کُچهه غیب سے اُسے روزي مِلتي اُس مےں مُسافِروں کي مُدارات کرتا * ایک روز کوئي مُسافِر اُس کي یهاں اُترا - وہ گوشه‌نِشین جیسے رسم اهلِ کرم کي هي خوش هوا - اور خندہ پیشاني سے پیش آیا - اور گرم جوشي سے پوچها - تو کهاں سے آیا اور کهاں جائیگا ؟ مِهمان نے جواب دیا - مےرا قِصّہ بهُت بڑا هي - اگر تیرے دِل پر ملال نه آوے - تهوڑا سا بیان کروں * جواب دیا - کہہ ! تا تُجهه سے فائِدہ اُٹهاؤں * مِهمان نے کها - اي درویش ! مےں فرنگي هوں اور پیشه مےرا نان پزي هي * ایک زمیندار مےرا دوست تها - جب کُچهه اناج مُجهے درکار هوتا وہ مُجهے دیتا اور پیسے اُس کے کئي بار کرکے ایک مُدّت مےں لیتا - مُجهے سهل هوتا * ایک روز مُجهے اپنے باغ مےں دعوت کرکے لیگیا * شرایط آشنائي کے بجا لانے کے بعد مُجهه سے پوچها که - اوقات تیري کیونکر گُذرتي هي - پونجي تیري کِس قدر هي اور منفعت کیا هوتي هي ؟ مےں نے احوال اپنا بیان کیا که - مےري دوکان کا مایه بیس هزارِ غلّه هي - اور جو نفع هوتا هي وہ دس

[1] The *zer* is omitted in Forbes' Dictionary, but rightly given by Shakespear.

بارہ سے زیادہ نہیں ھي - اور اِتنا میرے اھل و عِیال کو کِفایت کرتا ھي * زمیندار نے کہا - میں سمجھتا تھا کہ تیرے پیشے میں منفعت بہت ھي - پر غلط تھا * میں نے کہا - اي خواجہ ! تیرا پیشہ کیا ھي - پونجي کِتني - اور نفع کِس قدر ھي ؟ جواب دیا کہ میرے کام کي پونجي کم اور منفعت بہت ھي - تھوڑے سے بیج بوتا ھوں بہت سا محصول ھاتھ لگتا ھي - اور میں اِس کام میں ھزاروں کي منفعت پر بھي قناعت نہیں کرتا ھوں * تب میں حیران ھوا * دِھقان نے کہا - تعجّب نہ کر - اِس کام میں منفعت بہت ھوتي ھي * ایک دانہ خشخاش کا - کہ سب دانوں سے چھوٹا ھي - جب اچھي زمین میں پڑے اور اُگے - قریب بیس شاخوں کے ھووے - بلکہ زِیادہ - اور ھر ایک کے سِرے پر ایک پوست کا ڈوڈا[1] ھووے کہ حِساب اُسکے دانوں کا کوئي نجانے - اِسي سے جانئے کہ منفعت میرے کام کي بے حِساب ھي * جب دِھقان سے یے باتیں سُنیں خیال کِشتکاري کا میرے دِل میں آیا * دوکانداري موقوف کرکے زِراعت کے سرانجام میں مشغول ھوا * اور میں جِس محلّے میں رھتا تھا وھاں ایک بڑا عقلمند درویش تھا - اُسنے جو سُنا کہ میں نے پیشہ اپنا چھوڑ دیا مُجھے بُلاکر ملامت کرنے لگا - اور کہا - اي خلیفہ ! تیرا جو پیشہ ھي اُسي پر قناعت کر - اور زِیادہ طلبي چھوڑ دے - کیونکہ حِرص بُري بلا ھي اور آخِر کو ذلیل کرتي ھي * میں نے کہا - مُجھے اِس کام میں چندان نفع نہیں * درویش نے کہا - اِتني عُمر تونے اِسي میں صرف کي اور اوقات بسري تیري اِسي سے ھوئي ھي - بِہتر یہہ ھي کہ باقي عُمر بھي اِسي میں کاٹ زِیادہ طلبي کي طلب نکر - اور پیشہ اپنا نچھوڑ - نہیں تو تیري حالت وہ ھوگي جو اُس کُلنگ کي ھوئي * میں نے پوچھا - وہ کیونکر ھي ؟

حِکایت ۲

THE STORY OF THE CRANE WHO TRIED TO BE A HAWK.

درویش نے کہا - نقل ھي کہ ایک دھوبي کِسي جھیل کے کِنارے کپڑے دھویا کرتا تھا - اور ھر روز ایک کُلنگ کو دیکھتا کہ اُسکے کِنارے بیٹھکر چھوٹے چھوٹے کیڑوں کو جو وھاں پیدا ھوتے تھے پکڑتا - اور اُسي پر قناعت کرکے اپنے گھونسلے کو چلا جاتا * ایکدِن ناگاہ تیز پر باشہ نمود ھوا - اور ایک بٹیر کو شِکار کرکے تھوڑا سا کھایا - اور باقي چھوڑکر چلا گیا * کُلنگ اپنے دِل میں سوچا کہ - یہہ جانور باوجود اِس چھوٹے پن کے بڑے بڑے جانوروں کو شِکار کرتا ھي - اور میں باوصف اِس بڑاپے کے ایک ادنےٰ چیز پر قناعت کرتا ھوں * یقیناً یہہ میري پست ھِمّتي ھي * تب کیڑے کھانا چھوڑکے کبوتر اور بٹیر کے شِکار کا مُنتظِر رھنے لگا * دھوبي دور سے تماشا دیکھا کرتا تھا * اِتّفاقاً ایک کبوتر نظر آیا - کُلنگ اُڑا اور اُسکے دبوچنے کا اِرادہ کیا - وہ اُسکے آگے سے اُڑکر چلا گیا - کُلنگ جو اُسکے پیچھے لگا تو جھیل کے کِنارے گِرپڑا اور پانو دلدل میں پھنس گئے -

[1] This form demands insertion in the Dictionaries as well as ڈورا *dord*. The meaning 'capsule' is wanting in Shakespear.

هرچند زوْر مارا که وهاں سے نِکلے اُسکے پاؤں اوْر بهي گڑ گئے - اوْر پر و بال کیچڑ سے لتھڑ پتھڑ هوْ گئے * دهوْبي دوڑا اوْر اُسے پکڑ کر اپنے گهر لےچلا * راه مےں ایْک دوْست اُسکا مِلا - اُسنے پوچها که یهه کیا هي - اوْر کیونکر هاتهه لگا؟ دهوْبي نے کہا - یهه کُلنگ هي - چاهتا تها که باشے کا کام کرے - آخِر اپنے تئیں برباد کِیا * اِس قِصّے کے کهنے سے غرض مےري یهه هي که هر کِسي کوْ چاهئے که پیْشه اپنا نه چهوڑے اوْر بڑهه نه چلے * ازبسکه طمعْ مُجهه پر غالِب تهي اُسکي نصیحت مےں نے نه سُني - اپنے کام کوْ تج کر تهوڑي سي پونجي جوْ تهي اُسکوْ کهیْتي کے سرانجام مےں صرف کردیا - اوْر بیْج موْل لیْکر بوْیا - اوْر زِراعت کرنے لگا * اِس حال مےں زِندگي مےرے قبایل اوْر مُجهه پر وبال هوئي - نان پزي کي دوکان مےں روْز روْز جِسقدر خرچ هوْتا تها تُرت مِلتا تها - اب ایْک مُدّت اِنتِظار ضرور هي * تب سوْچا که مےں بهولا جوْ اُس بُزُرگِ دانا کي بات نه سُني - اب روْزي سے عاجِز هوں * صلاح اِس مےں یهه هي که قرض لوں - اوْر پهِر روْٹي کي دوکان کروں * تب شهر کے بڑے آدمیوں مےں سے ایْک کوْ اُس کام پر چهوڑکر آپ کبهي کبهي شهر کے باهر جاتا - خبر کهیْتي کي لیْتا - اوْر کبهي بازار کوْ آتا * جب دو تین مهینے گُذرے اُن نوْکروں نے خیانتیں کیں - یهاں تلک که دوکان مےں سود و اصل سے کُچهه باقي نرکها - اوْر جوْ کُچهه که مےں نے بوْیا تها اُس پر آفتِ آساني پڑي - اوْر جِتنا خرچ هوا تها اُسکے دس حِصّے کا ایْک حِصّه بهي حاصِل نه هوا * آخِر نوْبت مےري بے ساماني و پریْشاني کوْ پهُنچي * اِس ماجِرے کوْ مےں نے اُسي درویْش سے کها * اُس بُزُرگِ خیْرخواه نے هنسکر کها - حالت تیْري بِهیک اُس ادهیْڑ مرد کي سي هي - جِسنے تمام داڑهي اپني رنڈیوں کے هاتهه نُچوائي * مےں نے پوچها - وه کیونکر هي؟

حِکایت ۳

THE STORY OF THE MIDDLE-AGED MAN WHOSE BEARD WAS PLUCKED OUT BY HIS WIVES.

درویْش نے کها - نقل هي که ایْک شخص کے دوْ جوْروان تهیں - ایْک بُڑهیا دوسري جوان - اوْر وه آپ ادهیْڑ تها * دوْنوں جوْروؤں کوْ برابر چاهتا - رات دِن گهر مےں رهتا - اوْر یهه اُسکا معمول تها که جب گهر مےں آتا جوْرو کے زانو پر سر رکهکر سوْ رهتا * ایْکدِن بُڑهیا جوْرو کے گهر مےں آیا - مُوافِق عادت کے سِر اُسکے زانو پر رکهکر سوْ گیا * بُڑهیا نے جوْ اُسکے چهرے اوْر بالوں کي طرف دیْکها - دِلمےں اپنے سوْچي - بِهتر یهه هي که اِس مرد کي داڑهي مےں جِتنے سیاه بال هیں چُن ڈالوں - تا داڑهي اِسکي تمام سُفیْد دِکهائي دے * اوْر اُس جوان رنڈي کو چاه نرهے - اوْر جب مرد اُسکي بے اِلتفاتي دیْکهے اُسکي صُحبت سے کناره کرے * پهِر همیْشه مُجهه سے مشغول رهے * غرض جِس قدر هوْ سکا سیاه بال اُسکي داڑهي سے اُکهاڑے * دوسرے روْز وه مرد جوان رنڈي کے گهر گیا اوْر اپنے سِر کوْ اُسکي گوْد مےں رکهکر سوْ رها * اُس عوْرت کے دِلمےں بهي وهي خیال جوْ اُس بُڑهیا نے کیا

تھا گُذرا - تب اُسنے بھي جِس قدر ھوْ سکا سُفید بالوں کوْ اُکھاڑا * جب اِسي طرح کئي دِن گُذرے تھوڑے سے عرصے میں داڑھي کا نِشان بھي باقي نرھا * مرد نے یہہ بات دریافت کرکے بہُتیرا سر دے دے مارا - کُچھ فائدہ نہوا * تیري حالت بھي ویسي ھي ھي - کُچھ سرمایہ روٹي کي دوکان میں صرف کیا اوْر کُچھ زِراعت کے کام میں گنوایا - اب تو نہ معیشت کے تنور میں تو کوئي روٹي رکھتا ھي - نہ کِشتِ زِندگي سے کُچھ ذخیرہ تونے جمع کیا ھي * جب یہہ قِصّہ میں نے سُنا جانا کہ - درویشِ آگاہ دِل سچ کہتا ھي - میں نے خطا کي کہ اُسکي بات نہ سُني - اوْر قرض خواھوں نے مُجھے تنگ کیا - اوْر میرا ھاتھ خالي تھا - کیونکر اُن کي تسلّي کرتا[1] ؟ اُس شہر سے میں بھاگا - اوْر جا بجا حیران و پریشان پھرا کیا * ایک مُدّت کے بعد جب میں نے سُنا کہ اھل و عِیال میرے مرگئے اوْر میرا اسباب قرض خواھوں نے اپنے اپنے قرض میں لگا لیا - وطن کے جانے سے نا اُمّید ھوا * اب اِسي اِرادے پر پڑا پھرتا ھوں کہ کِسي اھلِ دِل کے نزدیک پہُنچوں - اوْر اپنے کام کي مدد چاھوں * یہہ ھي میري سر گُذشت جوْ عرض کي * اُس گوْشہ نِشینِ عقلمند نے اُس کي باتوں سے راستي دریافت کر خوش ھوْ کے کہا کہ - اگرچہ اذیّت تونے کھینچي ھي پر تجربہ حاصِل ھوا - اُمّید یہہ ھي کہ پھر غم تیرے گِرد نہ پھریگا * چند روز یہاں رہ - تو یکبارگي رنج تیرے دِل سے جاتا رھے * القِصّہ مِہمان اُس صاحبِ خانہ کي مُلاقات سے خوش ھوا - اوْر وہ گھروالا ایک شخص تھا قوْم بني اسرائیل سے - اگرچہ بہُت زبانوں سے واقِف تھا - پر عِبري - جوْ اُس کي اصل زبان تھي - خوب جانتا تھا * ھمیشہ خواص و عوام سے اُسي زبان میں باتیں کرتا - اوْر فرنگي مِہمان - اگرچہ عِبري زبان نہ جانتا تھا - پر کمال فصاحت کے سبب اُسکوْ وہ زبان خوش آئي - اِس لئے بعد چند روز کے اُس زبان کا مُشتاق ھوا - اوْر سیکھنے کا اِرادہ کرکے اُس گوْشہ نِشینِ زبان داں سے اِلتِماس کیا کہ - مُجھے تعلیم کر * اُس نے کہا - کیا مُضائقہ کہ تُجھے اِس واقِف کرکے جہالت تیري دور کروں ؟ پر یہہ بات خاطِر میں گُذرتي ھي کہ - فِرنگي اوْر عِبري سے بہُت تفاوت ھي - مبادا اُسکے سیکھنے میں تُجھے کُچھ اذیّت پہُنچے - اوْر بہُت مِحنت سے یاد نہ کر سکے - تو اپني زبان بھي بھولے - اوْر یہہ زبان بھي سیکھ نہ سکے * اِس صورت میں میري اوْقات ضائع اوْر تیري بھي برباد ھوگي * مِہمان نے کہا - جوْ کوئي کِسي کام کي طلب میں قدم رکھتا ھي ھرگز مِحنت سے نہیں ڈرتا ھي - اوْر بعید نہیں کہ جب میں مِحنت کروں راحت کوْ پہُنچوں - اوْر سِکھانے والا بھي اجْر پاوے - خواہ میں سیکھوں یا نہ سیکھوں * جیسے اُس شِکاري نے بہ سبب تھوڑي تکلیف کے جوْ دانِش آموزي کے لئے کھینچي بہُت سي نِعمت حاصِل کي - درویش نے پوچھا - وہ کیونکر ھي ؟

---

[1] The original has کرتا *karta*, which seems to me less apt.

حكايت ۴

THE STORY OF THE HUNTER WHO GAINED MUCH BY LEARNING A SINGLE WORD.

مِہمان نے کہا ۔ نقل هي کہ ايک مردِ غريب شِکار کيا کرتا ۔ پرندے اور مچھليوں کے شِکار سے دِن کاٹتا * ايک دِن جال بچھايا تھا اور هزاروں مِحنت سے تين پرندوں کو دام کے پاس لا ۔ گھات لگائے بيٹھا تھا ۔ کہ يکبارگي شور و غُل سُنا ۔ اور اِس ڈر سے کہ مبادا جانور يہہ شور سُنکر اُڑ جاويں ۔ کميں گاہ سے نِکلا * ديکھا کہ دو طالبِ عِلم آپس مِيں بحث کرتے هيں * شِکاري هرچند زاري کرتا تھا کہ شور نہ کرو ۔ کُچھ فائِدہ نہ هوتا تھا * نِدان بہُت خونِ جِگر کھاکر هر ايک کو ايک ايک چڑيا دينا قبول کرکے جال کھينچا ۔ اور پرندوں کو پکڑا * دونوں طالبِ عِلم اپنا اپنا حِصّہ مانگنے لگے * شِکاري نے هرچند مِنّت و زاري کرکے کہا کہ ۔ سرمايہ ميري زِندگي کا يہي جانور هيں ۔ جب اِنميں سے دو تُمھيں دوں تو مَيں اپني اوقات کيونکر بسر کروں ؟ اُنھوں نے هرگز نہ مانا * شِکاري نے ناچار هوکر هر ايک کو ايک ايک جانور ديا اور کہا ۔ يے جانور تو تُمنے مُجھ سے لئے ۔ بارے يہہ بتاؤ کہ ۔ وہ کونسي بات هي کہ جِس پر تُم آپس مِيں بحثتے تھے ؟ شايد کِسي دِن مِيرے بھي کام آوے * اُنھوں نے کہا ۔ خُنثي کے اِرث پانے مِيں هم بحثتے تھے * اُس نے پوچھا وہ کيا هي ؟ اُنھوں نے کہا ۔ جو نہ مرد هووے نہ رنڈي * شِکاري نے اُس لفظ کو ياد کر ليا * بہُت غم کھاتا هوا گھر مِيں جاکر يہہ ماجرا لڑکے بالوں سے بيان کيا * وہ رات تھوڑے سے قوت پر کاٹي * صُبح جال اُٹھاکر دريا کي طرف چلا ۔ وهاں جاکر اُس مِيں ڈالا * اِتّفاقاً ايک خوب صورت مچھلي کہ ويسي کبھي نہ ديکھي تھي جال مِيں پڑي * شِکاري کو يہہ خيال هوا کہ ۔ ايسي مچھلي بہُت کم هاتھ لگتي هي ۔ بہتر يہہ هي کہ اُس کو جيتي هوئي بادشاہ کے حُضور لےجاؤں * تب اُس مچھلي کو ايک پاني بھرے هوئے باسن مِيں چھوڑ کر ليگيا * اُس بادشاہ کا يہہ معمول تھا کہ ايک روز مُعيّن کو پائين باغ کي بارادري مِيں (کہ جِس کے آگے سنگ مرمر کا ايک بڑا حوض تھا اور اُس مِيں رنگ برنگ کي مچھلياں چھوٹي هوئيں تھيں) آ بيٹھتا اور بيڑے نواڑے چُھڑواتا * اِتّفاقاً اُس وقت بھي اسي اپنے معمول سے وهيں سرگرمِ نشاط تھا ۔ کہ اِس مِيں شِکاري نے اُس مچھلي کو حُضور مِيں گذرانا * بادشاہ بہُت خوش هوا اور فرمايا کہ ۔ هزار دينار اِس کو ديں * درگاہ کے مُلازموں سے ايک نے جو مُقرّبِ درگاہ تھا هاتھ باندھ کر عرض کيا کہ ۔ دريا مچھليوں سے بھرا هوا هي ۔ اور شِکاري بھي بہُتيرے هيں ۔ اگر ايک مچھلي کے عِوض هزار دينار بھيجيگا خِزانہ دو دِن مِيں خالي هو جائيگا ۔ اور خراجِ مُلک کا وفا نہ کريگا * بادشاہ نے فرمايا اب تو زبان سے هزار دينار نِکل گئے ۔ خِلاف اِس کے کيونکر هو سکے ؟ اُس نے عرض کي کہ ۔ تدبير اِس کي يہہ هي کہ آپ اُسے فرماويں کہ ۔ يہہ نر هي يا مادہ ؟ اگر کہے نر هي ۔ تو کہئے مادہ اِس کي لا ۔ اور جو کہے مادہ هي ۔ تو اِرشاد کيجئے کہ نر اِس

کا لا ـ تب یے دینار پائگا ـ البتہ اِس مَیں عاجز ھوکر تھوڑے پر راضي ھوگا * تب بادشاہ نے شِکاري کي طرف مُتوجّہ ھوکر پوچھا کہ ـ یہہ مچھلي نر ھي کہ مادہ ؟ وہ بُڈّھا شِکاري ھُشیار تھا ـ سمجھا کہ غرض اِس پوچھنے سے اَور ھي ـ بہُت سے تامّل کے بعد وھي لفظ ـ جو اُس نے اُس طالبِ عِلم کي زباني سُنا تھا ـ یاد کرکے کہا ـ جہان‌پناہ! یہہ مچھلي خُنثیٰ ھي ـ نہ نر ھي نہ مادہ * بادشاہ کو یہہ بات خوش آئي ـ حُکم کیا کہ ایک ھزار دینار اُسے اَور دیں ـ اَور اُس کي دانِش و تیز فہمي سے جو اُسکو دریافت ھوئي اپنا مُصاحِب اُسے کیا *

غرض اِس قِصّے کے کہنے سے یہہ ھي کہ ـ تھوڑي سي عقلمندي کي بدولت جو اُس نے حاصِل کي تھي مُراد اُس کي بر آئي اَور مُقرّبِ درگاہ ھوا * اُس گوشہ‌نشین نے کہا ـ تو اگر پِنڈ پڑا ھي تو جو کُچھ مُجھ سے ھو سکیگا تُجھے سِکھاؤنگا * تب عِبراني زبان سِکھانے لگا ـ ھرچند سعي کرتا تھا پر زبان اُس کي نچلتي تھي * ایک دِن اُس گوشہ‌نشین نے کہا ـ ایک مُشکِل کام تو نے اِختِیار کیا ھي ـ اَور کمال اذیّت کھینچتا ھي ـ علاوہ اِسکے اپنے بُزُرگوں کي بولي ترک کرني اَوروں کي چال چلني مناسِب نہیں * مِہمان نے کہا ـ یہہ نصیحت ناقِص عقل بُڑھیوں کي سي مُجھے کیوں کرتا ھي ؟ تو نہیں جانتا ھي کہ تقلید داناؤں کے نزدیک پسندیدہ نہیں ھي ؟ یہہ تمام فِتنہ و فساد اَور یہہ مِحنت و بلا جو دُنیا مَیں ظاھِر ھوئي تقلید ھِي کي شامت سے ھي * اُس دانا درویش نے جواب دیا کہ اُس کي بُرائي جو تو بیان کرتا ھي مَیں جانتا ھوں ـ کہ ٹھیک کہتا ھي ـ پر نصیحت مَیري اِس لِئے ھي کہ مُجھے تیري دانِست پر اِعتِماد نہیں * مَیں ڈرتا ھوں کہ عِبري سیکھ نہ سکے اَور اپني زبان بھي بھول جاے * حالت تیري اُس کوّے کي سي ھي کہ جو کبک کي چال سیکھتا تھا ـ آخِر کبک کي رفتار سیکھ نہ سکا ـ اَور اپني بھي بھول گیا * مِہمان نے کہا ـ وہ کیونکر ھي ؟

حِکایت ۵

THE STORY OF THE CROW WHO WOULD LEARN THE GAIT OF THE PARTRIDGE

درویش نے کہا ـ نقل ھي کہ ایک روز کوئي کوّا اُڑا جاتا تھا ـ ایک کبک کو خِراماں دیکھا ـ اُس کي چال اُسے بہُت بھائي * تب اُس کي رفتار سیکھنے کے اِرادے پر کمر باندھي ـ اَور کھانا پینا چھوڑ کے اُس کے پیچھے پڑا * ایک روز چکور نے اُسے کہا ـ مَیں تُجھے ھمیشہ اپنے گِرد دیکھتا ھوں ـ تیري غرض کیا ھي ؟ کہا تیري چال کا خیال ھوا ھي ـ چاھتا ھوں کہ اِس وسیلے سے اپنے تئیں ھمجنسوں مَیں مُعزّز کروں * کبک ھنسا اَور بولا کہ یہہ کیا خیالِ مُحال ھي ؟ اِسے درگُذر ـ اَور اِس فِکر سے ھاتھ اُٹھا * اُسنے جواب دیا کہ ـ اِس اِرادے سے باز نہ آؤنگا ـ یا تو اِس کام مَیں سر دونگا ـ یا مطلب حاصِل کرونگا * غرض بیچارہ ایک مُدّت تلک

کبکُ کے پیچھے دوڑا کیا - اُس کي چال سیکھ نہ سکا - اور اپني چال بھول گیا - پھر کُچھ عِلاج نہ ھوْ سکا * یہہ قِصّہ مَیں نے اِسواسطے کہا کہ - تُجھے معلوم ھوْ کہ رنج بیْفائِدہ تو نے اِختیار کیا ھي - اور عبث کوْشِش کرتا ھي * داناؤں نے کہا ھي - سبھوں سے بیْوُقوف وہ ھي جوْ اپنے تئیں ایسے کام مَیں کہ اُس کے لائِق نہیں ھي ڈالے - اور تو نے اپني سرگُذشت سے نصیحت نہ لي کہ - نان بائي کا پیْشہ چھوڑا اور زِراعت کرنے لگا - آخِر دوْنوں کام ھاتھ سے جاتے رھے - اور بیْکسي و اِفلاس کے مارے عاجِز ھوا * نصیب اُس کے برگشتہ تھے - حقّ باتیں اُس کے مِزاج پر گوارا نہ ھوئیں - اور نہ مانیں * تھوڑے دِنوں مَیں اپنے بُزُرگوں کي زبان بھي بھولا اور عِبري بھي سیکھ نہ سکا *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

خُلاصہ اِس باب کا یہہ ھي کہ ایْک فِرنگي کِسي عِبري کے گھر مِہمان ھوا - بعد بجا لانے لوازِمِ مِہمان داري کے اُس نے پوچھا - تو کہاں سے آیا - اور کِس کام کے لئے پھِرتا ھي ؟

STORY I.

اُس نے کہا - مَیں مُلکِ فِرنگ کا نان بائي ھوں - ایْک دوْست زمیندار کي دوْستي سے پیْشہ اپنا چھوڑ کھیْتي کرنے لگا - اور ھرچند ایْک بُڈّھے نے مُجھے نصیحت کي اور کہا کہ - اپنا

STORY II.

کام نہ چھوڑ - نہیں تو تیْري حالت وہ ھوْگي جوْ کُلنگ کي ھوئي - جِسنے اپنا پیْشہ چھوڑ باشے کا کام اِختیار کیا تھا - اور اُس بُزُرگ نے حقّ باتیں اور دُرُست نصیحتیں کیں - مَیں نے نہ مانیں - اور کھیْتي کرنے لگا * تھوڑے سے عرصے مَیں وہ پونجي بھي جاتي رھي اور زِراعت مَیں بھي کُچھ حاصِل نہ ھوا - معاش سے عاجِز ھوْکر اُس ناصِح کے پاس گیا - جِسنے مِہرباني کي تھي - اور مَیں اُس کے کہنے سے باھِر ھوا تھا - حالت اپني بیان کي * اُس عقلمند نے ھنس کر کہا - حال تیْرا اُس

STORY III.

شخص کے حال کے مانند ھي کہ جِس نے رنڈیوں کي خاطِر داڑھي اپني برباد کي * جوْ نوْبت تدبیر سے گُذر چُکي تھي ناچار ھوْکر وطن سے اپنے بھاگا - اور اب جہان مَیں بڑا پھِرتا ھوں - کہ شاید کِسي زِندہ دِل کي صُحبت مَیں پہُنچوں - جوْ مرھم میرے دِل پر رکھّے * جب عِبري نے اُسکا قِصّہ سُنا مِہرباني سے کہا کہ - تھوڑے دِن میرے پاس رہ - اِنشاء اللہ تعالےٰ پھر کبھي غم کا مُنہہ نہ دیْکھیْگا * غرض دوْنوں باھم رھتے تھے اور خوشي سے گُذران کرتے تھے - اِتّفاقاً مِہمان کوْ عِبري بوْلي کا شوْق ھوا اور سیکھنے کي خواھِش کي * صاحِبِ خانہ نے کہا - سِکھانے مَیں میرا کیا حرج ھي ؟ پر مَیں جانتا ھوں کہ تیْري زبان کوْ اِس بوْلي سے کُچھ مُناسبت نہیں ھي - ایسا نہ ھوْ کہ تو بہُت سي اذیّت اُس مَیں کھیْنچے * مِہمان نے کہا - جوْ مُجھے کمال شوْق ھي مِحنت بھي

STORY IV.

خوب کرونگا - اُمّید ھي مطلب کوْ پہُنچوں - جیْسے کِسي شِکاري نے اُس ایْک لفظ کي بدوْلت جوْ سیکھا تھا (کہ خُنثیٰ اُسے کہتے ھیں جوْ نہ مرد ھوْوے نہ رنڈي) مقصد اپنا حاصِل کیا * میْري جوْ یہہ حالت ھي - یقین ھي کہ تُمھاري مِہرباني سے میْرا کام نِکلے * غرض عِبري زبان

سیکھنے لگا - جو اُس کي طبیعت کو مُناسبت نہ تھي ھرچند کوشِش کرتا کُچھ فائِدہ نہ ھوتا تھا * آخِر صاحِبِ خانہ نے ایک روز تنگ ھوکر کہا کہ - کیوں اپني اوقات تو ضائِع کرتا ھي ؟ مَیں ڈرتا STORY v. ھوں کہ عِبري نہ سیکھ سکے اور اپني زبان بھي بھول جاے - جیسے ایک کوّا کبک کي چال سیکھتا تھا - آخِر اُس کے پیچھے اپني چال بھي بھول گیا * ازبسکہ اُس کے نصیبوں مَیں گردِش تھي نصیحت مُفید نہ ھوئي - تھوڑے دِنوں مَیں اپني زبان بھول گیا اور عِبري سیکھنے سے بھي نا اُمّید ھوا *

خُلاصے کا خُلاصہ یہہ ھي - آدمي کو چاھئے کہ بڑھ نہ چلے - اور اُن کاموں کو جو اُس کے حوصلے سے باھِر ھوں اِختیار نہ کرے - نہیں تو جلد اُس کي حالت اُس فِرنگي کے مانند ھوگي - جو عِبراني سیکھا چاھتا تھا - اور فرماں روایانِ جہان کو لازِم ھي کہ ھمیشہ اِس باب مَیں سعي کریں کہ رزالے و کمینے ھُنر نہ سیکھیں - کیونکہ اُنسے فِتنے اور فساد بہُت بر پا ھوتے ھیں - اور لوگوں کي حالت پہلے دوسرے تیسرے چوتھے درجے سے جہاں تلک کہ ھووے نِگاہ رکھکے ھر ایک کو اپنے اپنے مرتبے پر رکھیں - کہ سلطنت کے واسطے اِس برابر بندوبست دُرُست اور سودمند کوئي نہیں *

چوْدھواں باب

حِلم و بُردباري کي بُزُرگي اوْر کاموں ميں جلدي نکرنے کے بيان ميں

CHAPTER XIV.—On the excellence of patience, and as to not being precipitate in one's actions.

راے دابِشليم نے جب يہہ داستان سُني اُسکوْ سرمايہ اپني دانِش کا کيا - اوْر بيْدپاے حکيم سے پوْچھا کہ بادشاھوں کي سيرتوں ميں سے کوْن سي سيرت هي کہ مُلک کي پايداري کا مدار هوْوے؟ ميْرے جي ميں دُبدھا هي کہ وہ حِلم هي يا سخاوت يا شُجاعت؟ بيْدپاے نے کہا - اي بادشاہِ هُشيار دِل بيْدار بخت! کيْ وصْف بادشاھوں کوْ حِلم سے بہتر (کہ عِبارت بُردباري و خوشخوئي سے هي) نہيں هي - کيونکہ بادشاہ اُسکے سبب لوْگوں کي نظروں ميں بُزُرگ دِکھائي ديْتا هي - اوْر سِپاهي و رعيّت بهي خوش و خُرّم رهتے هيں * اگرچہ حِلم سخاوت شُجاعت يے تينوں سلاطينوں کوْ ضرور هيں - پر سب سے پسنديدہ اوْر ضرورتر بُردباري و نيْک خوْئي هي - کہ شُجاعت هميْشہ کام نہيں آتي - تمام عُمر ميں ايْک وقت اُسکي طرف اِحتياج هوْتي هي - اوْر سخاوت اگرچہ مانند بُردباري کے هر وقت درکار هي - پر سخاوت سے سب بہرہ مند نہيں هوْتے هيں - اوْر حِلم و نيْک خوْئي سے سب کوْ فائِدہ پہُنچتا هي - اوْر سب هميْشہ اِسکے مُحتاج رهتے هيں - کيا رعيّت کيا سِپاهي اِسّے آسودہ هوْتے هيں - اِس واسطے کہ حُکم بادشاهونکا جان و مال اوْر مُلک و جهان کي کار روائي ميں جاري هي - اوْر اهلِ جهان کوْ کيا چهوْٹے کيا بڑے پيْروي بادشاہِ زمان کے حُکم کي شرعًا و عُرفًا لازِم هي - پس جب کوْئي بادشاہ آبِ سخاوت سے اِحتياج کي گرد کوْ اهلِ رُوزگار کے چہرے سے دهوْوے - يا آتشِ شُجاعت سے دُشمن کے خِرمنِ حيات کوْ جلاوے - پهر سرمايہ حِلم سے اگر بے نصيب هوْوے - توْ ايْک هي ايذا دينے ميں چشمہ راستي گدلا هوْ جاے - اوْر ذري سي چهيْڑ ميں هزاروں دُشمن اُٹهہ کهڑے هوں * اوْر اگر شُجاعت و سخاوت ميں کُچهہ کوْتاهي هوئي هوْ - خاطِر داري و خوشخوئي سے رعيّت و لشکر کوْ راضي کر سکتا هي - اوْر اهلِ جهان کوْ خيْرخواهي کے حلقے ميں لا سکتا هي * قانونِ سلطنت سے يہہ هي کہ بادشاہ کا حوْصلہ بڑا هوْوے - تا کہ دانا و بيْوقوف اوْر بيْگناہ و گُناهگار کے ساتهہ اوْقات بسر کرے * چُنانچہ کِسي بُزُرگ نے کہا هي کہ - ميْرے اوْر اوْر لوْگوں کے هاتهہ ميں اگر ايْک بال هوْ - اوْر سب اُسکے توْڑنے کے درپي هوں - نہ توْڑ سکيں - کيونکہ اگر وے ڈهيل ديں ميں کهيْنچوں - اوْر جوْ وے کهيْنچيں ميں ڈهيل دوں * اوْر باوْجود بُردباري کے چاهيْے کہ ثبات اِسکے کاروبار ميں هوْوے - کہ هلکاپن اوْر جلدي سب کوْ خراب کرتي هي - جب

کوئي امرِ نامُناسِب نصیب کے بدے سے ظاہِر ہوْ - اِستِقلال کرکے مُضطرِب نہوْے - اپني اوْر خیْرخواہ داناؤں کي عقل سے مشورت کرے - اوْر غضب مٰیں نہ آوے * اِس واسطے کہ جوْ غُصّہ بے صلاح عقل کي ظاہِر ہووے - ایْک عالم کوْ تباہ کرے - اوْر خُدا اُسّے نا خوش ہوْوے * اگلے داناؤں سے منقول ہي کہ کِسي شخص نے ایْک بُزُرگ سے درخواست کي کہ - تمام نیْکیوں کوْ اِکٹّھا کرکے ایْکہي بات مٰیں بیان کیجئے * اُسنے جواب دیا کہ - اُس غُصّے سے - کہ عقل جِسکي اِجازت نہ دے - باز رہ * اگر اُس پر قادِر ہوْگا سب خوبیاں بہم پہُنچیْنگي * اوْر اِسي لئے بعضے دوْلتخواہ راست باز و دُرُست کردارں کوْ جوْ دانِش سے آراستہ ہٰیں دخل بات کرنیْکا دیْتے ہٰیں - اوْر دانائي سے ایْک گُروہ کوْ واسطے اِس کام کے مُقرّر کرتے ہٰیں - کہ اگر بمقتضاے اِنسانیّت کے غُصّے مٰیں آویں اوْر خفا ہوْں توْ وے عرض کریں اوْر تدبیر اِس کام کي بجا لاویں * کوْئي چیز بادشاہوں کے حقّ مٰیں ایْسے نوْکروں سے ضرورتر نہیں ہي - بلکہ ہر آدمي کوْ چاہئے کہ جِتنے نوْکر و چاکر ہوْں اُن مٰیں سے ایْک دوْ کِتیں جِس طرح سے ہوْوے اُسیطوْر پر رکّھے - اوْر دخل بات کرنے کا دے - تا کہ ہمیْشہ جوْ کُچھ صلاحِ دوْلت ہوْوے عرض کرتا رہے - خُصوص غُصّے اوْر خفگي کے وقت - کہ اُسوقت مٰیں دوْلتخواہ مُلاحظے سے سچ بات نہیں کہہ سکتے ہٰیں - اوْروں کوْ کیا مقدور ہْي؟ پس لازِم ہي کہ مُوافِق حُکم خاوند کے ایْک دوْ مُلازِموں کوْ ایْسے وقتوں مٰیں رسائي بات کرنے کي رہے - توْ وقت بے وقت حق بات گُذارِش کیا کرے * ماجرا ہندوْستان کے راجا کا جوْ برہمنوں کے ساتھ گُذرا اِس بات پر دلیل ہي * راے دابشلیم نے پوچھا - وہ کیونکر ہي؟

حِکایت ۱

THE STORY OF RÁJÁ MALLÁR, WHO COMMANDED THE BRAHMANS TO EXPLAIN HIS DREAM.

بیْدپاے نے کہا - نقل ہي کہ ہِندوستان مٰیں مللّار نامے ایْک راجا تھا - فوْج بے شُمار اوْر دوْلت بے حِساب رکھتا - اوْر سب راجوں سے بڑا تھا * کئي چیزیں اُسکے یہاں تھیں کہ بسبب اُس کے فخر کرتا * دُنیا کے بادشاہوں مٰیں سے ویْسي چیزیں کِسي کے یہاں نہ تھیں * اوّل یہہ کہ دوْ بیْٹے ایْسے خوبصورت و خوشخوْ تھے کہ جِنھیں سیرت و صورت مٰیں یگانۂ عصر کہئے - اوْر باپ کي خُشنودي کوْ سب کاموں سے بِہتر و افضل جانکر اُسکي مرضي جِس مٰیں ہوْتي کرتے * اُن مٰیں سے ایْک سُہیلِ یمن اوْر دوسرا ماہِ خُتن کہلاتا تھا * دوسري ایران دُخت نامے اُن لڑکوں کي ما ایْسي خوبصورت تھي - گوْیا صانِع مخلوقات نے اپنے دستِ قُدرت سے بنایا تھا - اوْر سرِشت مٰیں اُسکي سراسر عِصمت و عِفّت تھي * باوُجود اِس ناز و ادا کے اُسکوْ نیاز راجا کي خِدمت مٰیں اِس قدر تھا کہ اپني زندگي بغیْر اُسکے نہ چاہتي تھي * تیسري یہہ کہ ایلار نامے اُس کا ایْک وزیر دیانت دار و کِفایت شِعار تھا - جوْ کارداني سے سربراہي فوْج و رعیّت کي کرتا - اوْر ہمیْسہ اوْروں کي راحت کے واسطے اپنے اوْپر رنج گوارا رکھتا - اوْر ہرحال

مئیں اپني غرض کو منظور نرکھکر خُدا کے بندوں کے کام مئیں کوشش کرتا - اور ساتھ اِسکے کہ بندوبست جُز و کُل کا اُسکے ہاتھ مئیں تھا - راجا سے اِتنا اِعتقاد رکھتا تھا کہ زندگي اپني اُسکے کام کے لئے چاہتا تھا - اور آرزو اپني اُسکي رضا مئیں فراموش کرتا - اور ہمیشہ اُسکي رضا جوئي مئیں رہتا * چوتھي یہہ کہ ایک مُنشي تھا نہایت عقلمند زبان دان کہ تمام سلطنت کے اُمور اور مُلکداري و جہانگیري کے آئین جانتا تھا - اور جس طور پر راجا کي راے جہانآرا چاہتي لکھتا - اور با وصف کہ ایسا مدارُ المہام تھا پر کمالِ دانش سے راجا کي خدمت مئیں اِعتقادِ کامل رکھتا تھا - اور نام اسکا کمال تھا * پانچویں یہہ کہ تین ہاتھي اُسکے یہاں تھے ہر ایک چالاکي اور صفشکني مئیں بے نظیر * اُن مئیں سے ایک سفید تھا * چھٹھي یہہ کہ دو سانڈنیاں تھیں کہ کوہان اور نیپٹ تیزرو * ساتویں یہہ کہ ایک گھوڑا تھا باد رفتار * آٹھویں یہہ کہ ایک بے نظیر تلوار تھي * راجا کو اُن مئیں سے ہر ایک پر اِسقدر رغبت تھي کہ زیادہ اُسے خیال مئیں نہیں آ سکتا ہي - ہمیشہ اُنکے دیکھنے سے خوش وقت رہتا - شُکر خُدا کا بجا لاتا - اور مُدام اپني حُسنِ تدبیر سے اُمورات سلطنت کو انجام دیتا * برہمنوں کے ایک گروہ نے جہالت سے دانش کا طریقہ چھوڑکر بعضے بُرے چلن کو لوگوں مئیں مشہور کرکے ایک گروہ کو گمراہ کر اپني راہ پر لائے تھے * راجا ازبسکہ اہلِ جہان کے دین و دُنیا کا پاسدار تھا برہمنوں کو نصیحت کي - وے کمبخت تھے - اُسکي باتیں اُنھوں نے نہ مانیں * راجا نے بارہ ہزار گمراہوں فسادیوں کو قتل کیا - اور خانمان اُنکا لوٹ لیا * اُن مئیں سے چار سو آدمي مُنافقوں کي طرح اپنے مذہب سے پھر کر جو کُچھ کہ حق تھا قبول کرکے راہِ راست پر آئے - اور درگاہ کے مُلازم ہوکر بدلا لینے کي فُرصت ڈھونڈھتے تھے - یہاں تلک کہ ایک شب بادشاہ سوتا تھا - سات آوازیں ہولناک سُنیں * مارے ڈر کے چونک پڑا - مُتفکّر تھا کہ پھر سو گیا * خواب مئیں دیکھتا کیا ہي - کہ دو سُرخ مچھلیاں دُم کے زور سے کھڑي ہوکر اُسے آفریں کرتي ہیں - پھر جاگا * غرض اُس رات کو سات مرتبے خواب دیکھا - ہر دفع جب دیکھتا حیرت مئیں آتا - اور فکرمند ہوتا - پھر سو جاتا - اور خواب دیکھتا * دوسرا خواب یہہ تھا کہ دو رنگین بطیں اور ایک بڑا سا قاز یے تینوں اُسکے پیچھے اُڑتے تھے - آخر اُسکے آگے اُترکر دُعائیں دینے لگے * تیسرا یہہ تھا کہ ایک سبز سانپ جس پر زرد و سفید خال تھے پانو کے گرد پھرتا اور لپٹ جاتا ہي * چوتھا یہہ تھا کہ سر سے پانو تلک خون مئیں ڈوب گیا ہي * پانچواں یہہ کہ ایک رہوار سفید اونٹ پر سوار ہي - اور مشرق کي طرف اکیلا دوڑائے جاتا ہي - ہرچند کہ دیکھتا ہي نوکروں چاکروں مئیں سے ہوا دو شخص کے ایک فرّاش دوسرا پیادہ کوئي ساتھ نہیں * چھٹھي بار دیکھا کہ ایسي آگ اُسکے سر پر بھڑک رہي ہي کہ جس سے چاروں طرفیں روشن ہیں * ساتویں دفع دیکھا کہ ایک پرندہ اُسکے سر پر بیٹھا چونچے مارتا ہي - اِس دفع راجا ایسا چلّایا کہ تمام خادمانِ محل چونک پڑے اور

شوْر و غُل کرنے لگے - اوْر راجا تعبیرِ خواب کي فِکر مٰیں تھا اوْر اپنے دِل مٰیں کہتا تھا کہ اِس رازِ مخفي کوْ کِس دانا سے کہئے ؟ اوْر ایسي مُشکِل کي حل کِس دانِشمند سے کیجئے ؟ اِس اندیشے مٰیں فجر ہوْ گئي ؟ آخِر بیْتاب ہوْکر بغیْر اِسکے کہ مآلِ کار کوْ سوْچے اوْر بھلے بُرے کا اِمتیاز کرے - اُن بدذات برہمنوں سے - کہ جِنھوں نے نِفاق سے اپنے تئیں دوْلتخواہ سرکار کا بنایا تھا - جوْ کُچھ خواب مٰیں دیْکھا تھا بیْان کیا * وے ہوْلناک خواب سُنکر راجا کے چِہرے مٰیں آثار خوف و خطر کے دیْکھکر کہنے لگے - یہہ نِہایت امرِ مُشکِل ہي - اگر مہاراج حُکم کریں تو ایْک ذرہ ہم اپني پوتھیوں کوْ دیْکھیں - اوْر آپس مٰیں ٹھہراویں - جوْ کُچھ تعبیر اِسکي قرار پاوے سوْ عرض کریں * تب رُخصت ہوْکر ایْک کِنارے گئے - بدذاتي و بد باطِني سے آپس مٰیں ٹھہرایا کہ اِنتِقام لیْنے کا یہي وقت ہي - آج جوْ کُچھ ہوْ سکے اِسمٰیں ہرگز دریْغ نہ کریں * بِہتر یہہ ہي کہ دِلیْر ہوْکر بات کہیں اوْر اُسکوْ ڈراویں کہ - یہہ سات خواب اِس بات کيْ دلیل ہیں کہ ایسے سات خطرے در پیْش ہوْنگے - کہ ہر ایْک مٰیں جان کا ڈر ہي - اوْر اِسکا عِلاج یہہ ہيْ کہ - مہاراج اپنے ارکانِ دوْلت اوْر خاص مرکبوں کوْ شمشیْرِ آب دار سے قتل کریں - خوں اُنکا دریا مٰیں بہاویں اوْر آپ ایْک گہري پاني مٰیں بیْٹھیں - ہم منتر پڑھ پڑھ وہ لُہو مہاراج کے بدن پر ملیں * جب اِس بہانے سے اُسکے دوْلتخواہوں کو ہلاک کریں تھوڑے سے عرصے مٰیں اُسکا بھي کام تمام کرینگے - اکیلے سے کیا ہوْ سکیْگا ؟ غرض اُن نمکحراموں نے آپسمٰیں یہہ بات ٹھہرا راجا کے حُضور جاکر کہا - کہ بڑي ہي آفت پیْش آیْ ہي - اگر مہاراج ہماري باتیں (جوْ محض خیْرخواہي کي ہیں) سُنیں اُمّیْد ہي کہ یہہ کام سرانجام ہوْوے - نہیں تو جلد مُلک ہاتھ سے جاتا رہیْگا - اوْر مہاراج کي زِندگي پر بھي حرف ہي * راجا بہُت سا ڈرا اوْر بے اِختیار ہوْکر کہنے لگا - کہوْ تو اِس بات کي تدبیر جوْ کُچھ ہوْ سکے کي جاوے * تب اُن نا پاکوں نے کہا کہ - وہ دوْ مچھلیاں مہاراج کے دوْنوں بیْٹے ہیں اوْر سانپ جوْ آپ کے پانو مٰیں لِپٹ گیا تھا ایران دُخت ہي - اوْر وے دوْنوں رنگیں بطیں دوْنوں ہاتھي ہیں - اوْر وہ بڑا سا قاز سُفیْد ہاتھیْ ہي - اوْر رہوار اونٹ آپ کا سمندِ خوش رفتار ہي - دوْنوں فرّاش و پیادے آپ کے بُختي اُونٹ ہیں - اوْر وہ آگ جوْ سِر پر روْشن تھي ایلار وزیر ہيْ - اوْر جانور جوْ چوْنچے مہاراج کے سِر پر مارتا تھا سوْ کمال مُنشي ہي - اوْر لوْہو جوْ مہاراج کا بدن سے آلودہ تھا علامت تلوار کي ہي - کہ آپ کے سِر پر چلاینگے - اوْر بدن کوْ اُسے رنگینگے * اِس بلا کے ٹالنے کي تدبیر ہمارے خیال مٰیں یوں گُذرتي ہي کہ دوْنوں لڑکوں اوْر اُنکي ما اوْر وزیر و مُنشي ہاتھیوں اونٹوں اوْر گھوڑے کوْ آپ اُسي تلوار سے مار ڈالیں - اوْر ہر ایْک کے لُہو سے تھوڑا لیْکر جمع کریں - اوْر تلوار کوْ توْڑکر اُن کشتوں کے ساتھ زمین مٰیں گاڑیں - اوْر ہم اُن کے خون کوْ دریا کے پاني مٰیں مِلاکر ایْک جگہہ رکھیں اوْر مہاراج کوْ وہاں بِٹھلاکر منتر پڑھیں - اوْر اُس لُہو سے آپ کے ماتھے پر کُچھ طِلسم لِکھ دیں - اوْر آپکے مونڈھوں اوْر سینے پر اُس خون کوْ مَلکر

تین گھڑي توقّف کریں - بعد اِسکے دریا کے پاني سے راجا کے بدن کو دھوویں - اوَر رومال سے پونچھکر روغنِ زیتوں ملیں - اُمّید هي که مہاراج کو کچھ زیان نه پہُنچے * راجا اِس بات کو سُن غمگین هو گھبرایا - اوَر کہنے لگا که - اي دوست نُما دُشمنو! تُمنے جو یہ تدبیر ٹھہرائي هي مُجھے اِسسے موت بہتر هي - هرگاہ اُنھیں جو میري خوش دِلي کي جمعیّت اوَر سلطنت کي آرایش هیں قتل کروں مُجھے زِندگي سے کیا چیں هوگا؟ شاید تُمنے قِصّهٔ سُلیمان علیہ السّلام اوَر بگلے کا نہیں سُنا هي؟ برهمنوں نے عرض کیا که مہاراج فرماویں وہ کیونکر هي؟

حِکایت ۲

THE STORY OF SULAIMÁN AND THE HERON.

راجا نے کہا - مَیں نے سُنا هي که حضرت سُلیمان کي حُکومت کے ایّام مَیں (که وے تمام جانداروں کے کیا آدمي کیا سِوائے اُنکے بادشاہ تھے) اُنکے حُضور ایک دانا عالمِ غیب سے پیالہ آبِ حیات کا بھرکر لایا - اوَر عرض کي که - اِلہام سے مُجھ پر یوں کُھلا هي که اگر آپ اِس پیالے کو نه پیویں - جلد اِس جہان سے رُخصت هوویں - اوَر جو پیویں عُمر دراز هو * اب یہ پیالہ آبِ حیات سے بھرکر لایا هوں - جي چاهے پیجئے - اوَر قیامت تلک زیست کیجئے - یا نه پیجئے اوَر مُلکِ عدم کو کوچ فرمائے * حضرت سُلیمان دِل مَیں اپنے سوچے که اِس کام مَیں عقلمندوں سے مشورت کیا چاهئے * حسبُ الحُکم اُن کے دانا اوَر دورانڈیش هر گروہ کے کیا اِنسان کیا حیوان سب حاضِر هوئے - اُس مخفي بھید کو اُن سے ظاهِر کیا - تب هر ایک نے زِندگي کے لئے دِل پسند باتیں کہیں * حاصِل اُن کا یہ هي که نقدِ عُمر وہ دولت هي که بمدد عقل کے اُسسے خوبیاں بہم پہُنچائے - اوَر رِضا خُدا کي حاصِل کیجئے * غرض سب کي راے یہي ٹھہري که حضرت پیالا آبِ حیات کا پیویں * سُلیمان علیہ السّلام نے فرمایا که - میرے مُلک کے داناؤں سے کوئي ایسا هي جو اِس مشورت مَیں حاضِر نہیں هي؟ سبھوں نے عرض کي که - فلانہ بگلا نہیں هي * حضرت نے گھوڑے کو اُسکے بُلانے کے لئے بھیجا * اُسنے ایک گوشے پر قناعت کرکے خلق سے مِلنا ترک کیا تھا - گھوڑے کي بات نماني اوَر باهر نه نِکلا * دوسري بار کُتّے کو بھیجا که اُسے لے آ * بگلا اُسکے کہنے سے حضرت کي بارگاہ مَیں حاضِر هوا * حضرت نے فرمایا که تُجھے ایک مشورت کے واسطے بُلایا هي - لیکِن قبل اِسکے که مُطلب بیان کروں کہ اِس کا کیا سبب هي - که گھوڑا جو تمام جانداروں کے درمیان شرافت مَیں مُمتاز هي اُسکے کہنے سے تو نه آیا - اوَر کُتّے کے کہنے سے جو سب کي نظروں مَیں خوار هي چلا آیا؟ بگلے نے پہلے اپني ناداني و غریبي ظاهِر کرکے کہا - که میرا کیا رُتبه هي که اِس پیشوائے داناؤں کي خاطِر مَیں گُذروں؟ اوَر جب نصیبوں کي یاوري سے پہُنچا هوں - اُمّید هي که اِسکي برکت سے مُجھے خِردمندي حاصِل هو - تا اُسکي رهبري سے وہ بات - جو پسند خاطِرِ مُبارک کي هو - وُقوع مَیں آوے * اي حضرت! اگرچہ

گھوڑا صورت شکل مٹیں اچھا هي - پر سبزہ‌زارِ وفا مٹیں هرگز نہیں چرا هي - اور حق شناسي کے چشمے سے کوئي قطرہ نہیں پیا * اگلے داناؤں نے تجربہ کیا هي کہ رنڈي تلوار اور گھوڑا وفادار نہیں هوتے هٹیں - اور کتا اگرچہ دیکھنے مٹیں ذلیل هي پر اُسنے لقمہ وفاداري کا کھایا هي - اور شیوہ حق گذاري کا اختیار کیا هي * مٹیں جو اپني شامتِ نفس سے ایک گوشے مٹیں بیٹھا تھا - اُس بیوفا کي بات مٹیں نے باور نکي اور جب یہہ وفادار سلامت کش پہنچا باتِ اِسکي سچ جان‌کر حضور مٹیں آیا * حضرت نے یہہ بات پسند کي - اور آبِ حیات پینے کا ذکر درمیان لائے * اُسنے کہا - آبِ حیات آپ هي اکیلے پیوینگے یا دوستوں خیرخواهوں کو بھي پلائینگے ؟ حضرت نے فرمایا کہ وہ صرف میرے لئے آیا هي - اوروں کے دینے کي اجازت نہیں هي - کیونکر دوں ؟ اُسنے عرض کي - اي جہان‌پناہ ! همدم دوستوں سے جُدا هو کر زندگي کرني کیا کیفیت رکھتي هي ؟ آپ کو خُدا نے دُنیا مٹیں سردار کیا هي - بغیر مدد گاروں کے کوئي کام سرانجام نہوگا * حضرت نے اُس سچے دوراندیش کي بات پر آفرین کي - اور آبِ حیات پھیر دیا * یہہ قصہ مٹیں نے اِسلئے کہا کہ - اي برهمنو ! مٹیں اپني زندگي بغیر اُن دوستوں کے نہیں چاهتا هوں - اگر عُمرِ ابدي هو تو بھي قتل پر اُنکے راضي نہوں * اِس چند روز کي زندگي کے واسطے کیونکر جڑ اپني دولت کي کھودوں ؟ اگر کچھ شعور رکھتے هو تو کوئي اور تدبیر اِس کام کي ٹھہراؤ * اُنھوں نے کہا - سچ بات کڑوي لگتي هي - مہاراج پر یہہ بات چھپي نہیں کہ سلامتي بادشاہ کي سبب اِنتظام جہان اور اهلِ جہان کا هي - اگر بادشاہ کي ذات سلامت رهے تو جڑو لڑکے بہت هونگے - اور دولتخواہ بھي بہت سے مِلینگے - پر جان گئي هوئي پھر نہیں آتي هي * راجا اُنکي باتوں سے دِلگیر هوا - بارِ عام سے اُٹھکر خلوت سرا مٹیں آیا - اور پیشاني نیاز کي زمین پر رکھ عِلاج اِس کام کا خُدا کي درگاہ سے در خواست کرنے لگا - اور دِل مٹیں اپنے کہنے کہ جیسے اپني جان عزیز هي ویسے هي لڑکے بالے اور ایسے خیرخواہ - جو بہت کم بہم پہنچتے هٹیں عزیز هٹیں * اگر زندگي میري اُنکے قتل کرنے پر هووے کِس کام کي هي ؟ مٹیں نے فرض کیا کہ ایسے لوگ جو مُدّتوں مٹیں پیدا نہونگے - خُدا دیگا - پر کیونکر اپنے آرام کے واسطے ناحق خون کروں ؟ اِسي طرح ایک رات ایک دِن سوچ مٹیں تھا - اور خُدا کي درگاہ مٹیں نالہ و زاري کرتا - اور تدبیر مٹیں تھا * اِس مٹیں ایلار وزیر نے راجا کے غم و اندوہ سے بیتاب هو راني کے پاس جاکر کہا - اي مہارانی ! جِس روز سے مٹیں نے شرف آستانہ بوسي کا حاصِل کیا هي مہاراج نوازش کرکے کوئي بات مُجھ سے چھپاتے نہ تھے - دو روز هوئے هٹیں کہ بدباطن مکّار برهمنوں سے صُحبت رکھتے هٹیں - اور مُجھسے اِس مشورت مٹیں یاد نہیں کرتے - اور آج مغموم هوکر خلوت مٹیں بیٹھے هٹیں * ایسا نہو کہ وے کم‌بخت ایسا کچھ فریب کریں کہ جِسکا عِلاج نہو سکے - اور پھر افسوس فائدہ نکرے * اگر مٹیں اپني طرف سے کچھ پوچھوں مبادا بےادبي هو - اور کام بھي نہ نِکلے - میري خاطِر مٹیں یہہ بات آئي هي کہ جلد آپ مہاراج کے پاس جاویں - اور سبب فِکر کا پوچھیں * ایراں‌دُخت نے

جواب دیا که - دو تین دِن سے میرے اور مہاراج کے درمیان میں کُچھ بے مزگي آ گئي هي - مُجھے شرم آتي هي که ایسي حالت میں وهاں جاؤں اور سبب فِکر کا پوچھوں * وزیر نے کہا - میري اِس بات کو آپ اِعتبار کیجئے - میں راجا کا غم اور طور پر دیکھتا هوں اور برهمنوں کو مکر و فریب کے دریے پاتا هوں اور راجا کي پریشاني سے عجب طرح کي تشویش دریافت کرتا هوں - جِس صورت سے هو آج جانا لازم هي - کیا آپ کو راجا کے نزدیک اِسقدر رُتبه نهیں هي که ذري سي خفگي جو هوئي هي حُضور میں بچا سکئے - یا اُن سے کوئي بات نه پوچھئے ! بارها خلوت میں مہاراج سے میں نے سُنا هي که جب ایران دُخت میرے پاس آتي هي - هرچند غمگین هوں - خوش هو جاتا هوں - اور اُسکا دیدار دیکھکر غم کي قید سے چھوٹ جاتا هوں * جلد تشریف لیجائے اور احوال سے مہاراج کے واقف هوجئے - اور اُن کي تشویش کا کُچھ عِلاج کیجئے - که راجا کي غمخواري کرني خلق پر اِحسان کرنا هي * ایران دُخت جو ایلار وزیر کي عقلمندي و دولتخواهي سے آگاه تهي راجا کے خلوت خانے میں گئي اور سبب غم کا پوچھا * راجا نے کہا - مت پوچھ ! که جب جواب اِسکا سُنیگي گهبرا جائیگي * اگرچه میں نے تُجھ سے بهید کبهي نهیں چهپائے هیں پر یه بهید نه پوچھ * راني نے کہا - ایسي میري محبّت نهیں که آپ جو کُچھ فرماویں اُسسے آزُرده هوں * اي مہاراج ! اگر اِس رازِ مخفي کا رنج مُجھ پر یا نوکروں کے ایک گروه پر هو تو کُچھ پروا نهیں که ذاتِ مُبارک کي سلامتي سے سب بلاؤنکا عِوض هوجایگا - اور خُدا نخواسته اگر مہاراج کي ذاتِ مُبارک پر کُچھ آسیب هو تو بهي نه گهبرائے - اور مردوں عالي هِمّتوں کي طرح رهئے - کیونکه بے صبري کے باعِث ایک تو عِلاج نهیں هو سکتا هي - دوسرے دُشمن شاد اور دوست غمگین هوتے هیں * مہاراج ! جو کُچھ آپ نے سُنا هو فرمائے - شاید کوئي تدبیر ٹهہرے اور جب کِسي پر کُچھ مُصیبت پڑتي هي - خُصوص بڑے آدمیوں پر - لازم هي که وے اپنے خیرخواهوں سے کهیں * راجا نے ایران دُخت کي دانائي پر آفریں کي - اور برهمنوں نے جو کُچھ تعبیر کهي تهي اور تدبیر ٹهہرائي تهي تمام کہه سُنائي * راني هوشیاري و دوراندیشي سے غم و غُصّه کهاکر نه گهبرائي اور خوشي خوشي کہنے لگي - اي مہاراج ! هزاروں مُجھ جیسي لونڈیاں آپ پر قُربان هوجیؤ ! اِس کام کے لئے فِکرمند نه هوجئے - غُلاموں کي جانیں اگر مہاراج کے نِثار نهوں کِس کام آوینگیں ؟ اگر آپ کي زِندگي هي جوڑو لڑکے اور خیرخواه نوکر بهُتیرے بهم پهُنچینگے - اِس میں دیر نه کیجئے - ایسا نهو که کام هاتھ سے جاتا رهے - پر اب میري خاطِر میں یه گُذرتا هي که برهمنوں کي سِرشت بدذاتي و فریب سے هي - علي الخصوص وے لوگ که آگے سے اُنکي عداوت هم جانتے هیں - اور جِسقدر که عالم پناه نے اُنکے ساتھ سُلوک اور مہربانیاں کیں هیں اور اُنکا مرتبه بڑهایا هي - اپني بد بختي و خباثتِ باطني سے باز نهیں رهے هیں * قطعِ نظر اِسسے که اُنکي شرارتیں اکثر دیکهي اور سُني هیں - اب بهي اُنکے طور سے

فساد معلوم هوتا هي اور عقلمندوں نے کہا هي - جِسکا خمير بدذاتي اور فريب کا هي هرچند اُسکے ساتھ لُطف اور شفقت کيجئے اُسکي خباثت زيادہ هوگي * مبادا اُس تعبير سے کُچھ اِنتقام لينے کا اِرادہ کيا هو! مہاراج اپنے دِل مٰيں خوب غور کريں - اگر آپ کا دِل اُس بات پر گواهي دےتا هو - پھر کُچھ تامّل نہ کيجئے - اور اگر کُچھ شُبہہ خاطِر مٰيں گُذرتا هو - تو تُرت سوار هوکر کاريدون حکيم کے پاس - جو فلانے پہاڑ کے غار مٰيں بےٹھا خدا کي عِبادت مٰيں مشغول هي - جائے اور ايک دفع اِس ماجرے کو اُسسے بَيان کيجئے * اگرچہ اصل مٰيں وہ بھي برهمن هي - پر اُسنے باوُجود کمال دانائي اور اِعتِبار ظاهري کے سبھوں سے الگ هوکر گوشہ اِختِيار کيا هي - اور دروازہ خلائق کي آمد و شُد کا بند کيا هي * ازبسکہ اُسکي ذات مٰيں دِيانت هي حق سے نہ گذريگا - اگر برهمنوں کي باتوں کے مُطابِق جواب دےوے شُبہے کي جگہہ نہيں هي - بے فِکر اُس کام کو شُروع کيجئے - اور جو خِلاف اُنکے کہے - عقلِ دوراندےش راجا کي اُسکو تميز کرے - اور جو کُچھ مرضي مُبارک مٰيں آوے کر گُذريں - کہ وهي بہتر هوگا * راجا کو ايران دُخت کي باتوں سے تسکين هوئي - اور سوار هوکر کاريدون حکيم کے پاس گيا * ازبسکہ بادشاہ اور راجے خدا کے بڑهائے هوئے هٰيں - اِسلئے تعظيم اُن کي فقير و غني پر لازِم هي - کاريدون نے راجا کي مُلاقات کو غنيمت جان - لازِمے تعظيم کے بجا لاکر - عرض کي کہ - اگر حُکم هوتا مٰيں خُود خِدمت مٰيں پہُنچتا * راجا نے کہا - اگرچہ آئين درويشي کا يونہيں هي کہ اپنے تئيں ناچيز جانکر خاکساري کرتے هٰيں - پر راجوں اور حاکِموں کو لازِم هي کہ اُنکي دِلجوئي کرکر اِستِدعا دُعا کي کريں * پھر بعد ايک ساعت کے راجا نے احوال هَولناک آوازوں کے سُننے اور پريشان خوابوں کے دےکھنے کا شرحوار کہا * کاريدون نے اُس احوال کے سُنتے هي خوش هوکر کہا کہ - کيا هي مُبارک خواب اور آثارِ دولتمندي کے آپ نے دےکھے هٰيں؟ اُمّيد هي کہ جلد علامتيں اُسکي نظر آويں * وہ دونوں سُرخ مچھلياں جو دُم پر کھڑي تھيں دو ايلچي هٰيں - جو سراندےب سے آوينگے - اور دو بڑے بڑے هاتھي چاڑ سو ياقوت کمياب کي کِشتيوں سے لدے هوئے لاوينگے - اور دونوں بطيں اور قاز دو عِراقي گھوڑے اور ايک اونٹ هي جو دِلّي کا راجا بطريق تُحفے کے مہاراج کے پاس بھےجيگا - اور سانپ جو حُضور کے پانو سے لِپٹتا تھا ايک کمياب تلوار هي کہ والي چين کي طرف سے پےشکش آويگي - اور خون جِس مٰيں آپ نے اپنے تئيں آلودہ دےکھا هي جواهِرات ٹکي هوئي ارغواني پوشاک هي جو غزني سے عالم پناہ کے توشے خانے مٰيں داخِل هوگي - اور سفيد اونٹ کہ جِس پر سوار تھے تعبير هي ايک سفيد هاتھي سے جو بيجانگر کا راجا آپ کي نظر گُذرانيگا - اور آگ کا روشن هونا سِر مُبارک پر مُراد هي قيمتي موتي اور جواهِر ٹکے هوئے تاج سے کہ سيلان کا راجا نذر بھےجيگا - اور اُس جانور کو جو سِر پر پنجہ مارتے دےکھا هي شايد ذري سي ناخوشي هوگي پر خير گُذريگي - اور نہايت اُسکي يہہ هي کہ کِتنے دِن ايک دوستِ دِل بند سے بگڑيگي - آخِر کو مُوافقت

هوجايگي - اور سات بار کا ديکهنا دليل هي اِس بات کي که راجوں کے ايلچي سات دِن تلک تحفے لےکر آپ کے حُضور مےں آوےنگے * راجا اُس دانا جوگي کي تعبير سے نهايت خوش هوا - اور وه تعبير جو برهمنوں نے کهي تهي اُسے بَيان کي * کاريدوں حکيم نے سِر هِلاکر تعجّب سے اُنگلي دانتوں مےں دابي اور کها - مهاراج! بدذات برهمن فُرصت کو غنيمت جانکر بدلا لےنے کے درپَي تهے * ايسے خواب هر کِسي سے نه کها چاهئے - خُصوصاً وه گُروه جو نه عقلِ رهنُما رکهتا هي نه ديانت داري مےں مُستقِل هي * بدباطِن نمک حرام برهمن دوستي کے پردے مےں رهکر چاهتے هےں که دُشمني کريں - خير گُذري که آپ نے مُجهه سے ظاهِر کيا - چاهئے که مهاراج کي خاطِرِ مُبارک مےں کِسي طرح کا رنج نه آوے * شُکر اِس دولت کا بجا لائے - اور پهر کِسي نالائق کو محرمِ راز نه کيجئے - جب تلک عقلمند آزموده کار نه هووے اُس کے ساتهه کِسي مُعاملے مےں مشورت نه فرمائے - اور مُناسِب هي که کوئي کمينه بدذات حُضور مےں بادشاهوں کے گُفتگو کا مقدور نه رکهے - که مِزاج آدمي کا هميشه ايک حال پر نهيں رهتا هي - ايسا نه هو که جهوٹهه کو سچ بناکر کِسي خان‌مان کو بلکه ايک عالم کو تباه کرے * راجا اچهي باتيں اور خوش خبرياں سُنکر شُکر بجا لايا - اور کاريدوں حکيم سے رُخصت هو خوشي خوشي اپنے محل مےں آيا * تهوڑے سے عرصے مےں اُس حکيم نے جو کُچهه خوش خبرياں دين تهيں آثار اُس کے ظاهر هونے لگے - اور اُس کے کهنے کے مُوافِق سات روز پي درپي ايلچي نذريں اور تحفے لےکر پهُنچے * ساتويں دِن راجا نے بيٹهوں اور ايران‌دُخت ايلار وزير کمال مُنشي کو خلوت مےں بُلاکر تمام ماجرا بَيان کيا اور کها - مےں کبها هي بهولا تها که بهيد اپنا دُشمنوں سے کها تها - شُکر خُدا کا که اگر فضل و کرم اُس کا ميرا حافِظ نه هوتا ايران‌دُخت مُجهه سے ايسي نيک باتيں نه کهتي - اور کاريدوں حکيم کا پتا نه بتاتي - اور اِس لئے که تُم سبهوں کو - که سب ميري خوشي کے هو - يه بڑي آفت درپيش هوئي تهي - مےں نے يه تُحفے تُم کو بخشے - خُصوص ايران‌دُخت کو - که جِسنے مُجهے جِتايا - اور ايلار وزير کو که جِسنے مُنافِقوں کے بشرے سے يه بد انديشي دريافت کي - اور ايران‌دُخت کو اِس بات پر لايا جو مذکور هوئي * وزير نے عرض کي - بندگانِ درگاه اِسي لئے هےں که مُصيبتوں اور حادِثوں کے وقت اپنے تئيں بلا کي سِپر بناويں * راست اِعتِقاد نوکروں کي علامتوں سے ايک يه هي که - اگر جان و مال، خاوند کي راه مےں ديويں - اُسکا عِوض نه چاهيں - اور اِنعام کے مُتوقّع نرهيں - مهاراني نے اِس بات مےں کوشش بهُت سي کي هي - مُناسِب يه هي که اِن تُحفوں مےں سے تاجِ مُرصّع اور جامهٔ ارغواني اُنهيں عنايت هووے - اور بندوں کو چاهئے که اِس دولتِ عُظمےٰ کے شُکر مےں جو کُچهه آج کے روز اپنے پاس رکهتے هوں اُس مےں سے اچهي اچهي چيزونکو نذر گُذرانيں - اور باقي مُستحِقوں کو ديکر شُکر بجا لاويں * راجا ايلار کو ساتهه لےکر محل مےں گيا - بزم افروز نامے ايک حرم جو ايران‌دُخت کي سوت تهي وه بهي حاضِر هوئي - توشه خانے کا داروغه تاج اور

خِلعت لے آيا * حُکم هوا که ايرانْدُخت - جِس چيز کوْ پسند کرے - لے ليْوے - باقي بزم‌افروز کا حِصّه هي * ايرانْدُخت کوْ تاج کي بهُت خواهِش تهي - ايلار وزير کي طرف اُسنے ديْکها تو جِس چيز کي وه صلاح ديْوے اُسے ليْوے * ايلار نے آگے هي سے دريافت کيا تها که مهاراج چاهتے هيْں که وه تاج بزم‌افروز ليْوے - اِس لئے جامے کي طرف اِشاره کيا - اِس ميْں راجا کي نظر ايلار پر پڑي - ديْکها که آنکهوْں سے اِشاره کرتا هي - اِتنے ميْں ايرانْدُخت نے تاج اُٹها ليا - تا که راجا دوْنوں کي مشورت سے آگاه نهوْ - ايلار نے آنکهه اپني - جِسطرح اِشارے کے واسطے کج کي تهي - اُسيطرح رکهي - تا که بادشاه اِشارے سے واقِف نهوْ * بعد اِسکے چاليس برس تک حُضور ميْں رها - جِسوقت راجا کے دربار ميْں آتا - آنکهه وئيسي هي کج رکهتا - تا که وه گُمان دور هوْ جاوے * جب ايرانْدُخت نے تاج سے سرفرازي پائي بزم‌افروز بهي خِلعتِ ارغواني سے سُرخرو هوئي * ايک دِن راجا ايرانْدُخت کے گهر ميْں بيْٹها تها - وه تاجِ مُرصّع سِر پر رکهے هوئے - اوْر شيرِ برِنج کا طشتِ زرّيں هاته ميْں لئے کهڑي تهي اوْر راجا اُس ميْں سے کها رها تها که اِس ميْں بزم‌افروز ارغواني جوڑا پهن‌کر آئي * وه بے اِختيار هوْ گيا - اوْر کهانے سے هاته اُٹهاکر بزم‌افروز کوْ اپنے پاس بُلايا - اوْر ايرانْدُخت سے کها - يه تاج جوْ تو نے ليا هي بزم‌افروز کے سِر کے لائِق هي * ايرانْدُخت سوْکناپے کے حسد سے برهم هوئي اوْر بے اِختيار هوْکر طباق بادشاه کے سِر پر دے مارا - تمام بدن راجا کا اُسّے بهر گيا * راجا اُس حرکت سے غُصّے هوا - اوْر ايلار کوْ بُلاکر جوْ ماجرا تها بَيان کيا - اوْر کها - اِس بيْوقوف بے ادب کوْ ميْرے سامنے سے ليجا کر اُسکي گردن مار - که اپني اِس گُستاخي کي سزا پاوے - اوْروں کوْ بهي عِبرت هوْوے * ايلار راني کوْ باهر لايا - دِل ميْں اپنے سوْچا که - اِس کام ميْں جلدي نه کيجئے * اوْر راجا کي خفگي کي حالت اوْر اِس عوْرت کي عِزّت کا لِحاظ کرکے يه ٹهرايا که - راجا کوْ بغير اِس کے چيْن نه هوْگا - اوْر اِس کي جان بچا رکهنے ميْں ميْرا بهي بڑا حق ثابت هوْگا * تب اُس کوْ اپنے گهر ليْگيا - اوْر ايک اچّهي جگهه ميْں چهپا رکها که - اگر مهاراج اِس حرکت سے نادِم هوْنگے تو اِسّے کها بِهتر - که ميْں اچّهي خِدمت بجا لايا ؟ نهيں تو اُسي رقت کام اُس کا تمام هوْ سکتا هي * بعد اِس کے آپ لهو بهري تلوار هاته ميْں لئے هوئے مُتفِکّروں کي طرح سر نِهُڑائے هوئے حُضور ميْں آيا اوْر عرض کي که - مهاراج کا حُکم ميْں بجا لايا * بعد ايک ساعت کے مهاراج کا غُصّه دهيما هوا - اچّهي خدمتيْں اُس کي ياد آنے لگيں - اوْر جب صورت و سيرت اُسکي خاطِر ميْں گُذرتي دِل سے دُهواں اُٹهتا - پر مارے شرم کے اُس دردِ دِل کوْ ظاهِر نه کر سکتا - اوْر دِل ميْں اپنے يهي کهتا که - ميْں نے طريق دانِش کا چهوڑ بے سوْچے اُس کے خوں کرنے کا قصْد کيا * غرض هر روْز يه غم زيادَه هوْتا تها - پو کِسي سے

[1] This word is wrongly omitted by Shakespear, who also marks سوْکن *saukan*, 'a rival wife,' as doubtful, though fully established by the derivative here given.

نہ کہتا تھا * ايلار وزير نے اگرچہ راجا کي پشيماني و پريشاني دريافت کي تھي - پر اپني دوراندیشي سے اُس کے مُدّعاے دِل کے درپي تھا کہ - آيا؟ اُسکو ندامت في الحقيقت هي يا اوپري دِل سے؟ يہاں تک کہ ايک دِن وقت پاکر عرض کي کہ - عقلمندونکو چاهئے کہ اُس کام مَيں جو چارۂ پذير نہ هو فِکر نکريں - بيہودہ غم سے اپنے تئيں تصديع مَيں نہ ڈاليں - اِس لئے کہ جو کام هاتھ سے جاتا رها هي اُس کے واسطے مغموم هونا کُچھ فائِدہ نہ کريگا - اور تھوڑے سے عرصے مَيں، راجا کي جان و تن کو اُسے صدمہ پہُنچيگا - اور يہہ بات جو کوئي سُنيگا کہ - مہاراج اپنے کئے سے پچھتاتے هيں - آپ کو پست حوصلہ و سُبک جانيگا - اور يہہ بات حاکِموں کي شان سے بعيد هي * اب جو کام هاتھ سے جاتا رها هي سِواے صبر کے کُچھ چارہ نہيں * چاهئے[1] تھا کہ مہاراج اپنے غضب پر غالِب رهتے تو مُوجب ندامت و خِفّت کا نہ هوتا - اور راے ذو الرِقّاع کے مانند (جِسنے رهبري عقل سے غضب کو مغلوب کيا تھا اور جِسَ سے زيست کي تھي) مہاراج بھي خوش رهتے - يے مِحنتيں اور کُلفتيں نہ اُٹھاتے * راجا نے پوچھا وہ کيونکر هي؟

حِکايت ۳

THE STORY OF PRINCE ZÚ'R-RIḲḲÁ, WHO CONQUERED HIS ANGER.

ايلار نے کہا - نقل هي کہ يمن مَيں ايک حاکِم تھا راے دُرُست و کِردارِ نيک سے موصوف * ايک دِن شِکار کو گيا تھا - بہُتيري دوڑ دھوپ کي - کوئي شِکار هاتھ نہ لگا * بادشاہ اُس بات سے غمگين هوکر حيرت زدوں کي طرح اِدهر اُدهر ديکھتا تھا * اِتّفاقاً ايک غريب بے کس لکڑهارے نے هِرن کے چمڑے کي ٹوپي اور انگرکھا پہن کر اُس جنگل مَيں لکڑياں بہُت سي جمع کي تھيں - اور اُس مِحنت سے ماندہ هو کِسي پتھر سے کمر ٹيکے هوئے دم لے رها تھا * بادشاہ کي نظر دور سے اُس پر پڑي - ازبسکہ نہايت شوق شِکار کا رکھتا تھا اُس کو هِرن جانکر نِدھڑک تيرِ دِل دوز اُس پر مارا - اور جب اُس کے پاس گيا ديکھا کہ - ايک بيچارہ زخمي سينہ مجروح دِلِ پُرخون پڑا هي * نہايت مغموم هوا - اور اپني بے تامّلي پر اپنے تئيں ملامت کرنے لگا - اور اُسے بہُت سي عُذر خواهي کرکے اُسے مرهم بہا مَيں هزار دينار دئے - اور وهاں سے شهر کي طرف مُتوجّہ هوا - اور اپنے دِل مَيں عہد کيا کہ - بعد اِسکے جو کام کروں بے تامّل نہ کروں * اُس شهر کي[2] اطراف مَيں ايک سالِک اپني نفس کُشي کے واسطے ترکِ دُنيا کرکے گوشے مَيں بيٹھا تھا - اور عقلِ معاد سے بہرہ ور هوکر رِضاے الٰهي کي جُستجو مَيں اوقات بسر کرتا تھا * بادشاہ کے دِل مَيں يہہ بات آئي کہ - اُس کے پاس جائے اور اُسے کُچھ نصيحت طلب کيجئے * آخر اِس اِرادے پر اُس کي عِبادت گاہ مَيں گيا - اور جِس طرح کا سُلوک سرداروں کو درويشوں سے لازِم هي بجا لاکر درخواست کي کہ - مَيں چاهتا

[1] Observe this phrase. The respectful imperative is here used as an adjective.

[2] In the original کے *ke*, but I have altered this to the feminine on the authority of the dictionaries.

ھوں کہ کوئي دُرِ یکتا کانِ دانِش سے مُجھے بخشئے - تا کہ وہ وسیلہ ترقّي کا دُنیا مَیں اور مُجرّب دوا واسطے آرامِ دِل کے ھوْوے * اُس صاف دِل صوفي مِزاج فقیر نے عرض کي کہ - اي جہان‌پناہ! وہ خصلت جوْ بادشاھوں کے حقّ مَیں سرمایہ ظاھِر و باطِن کي دوْلت کا ھي - سوْ غُصّے کوْ مارنا اور خفگي کے وقت تحمّل کرنا ھي * بادشاہ نے کہا - اي درویْش! تو نے سچ کہا - پر خفگي کے وقت اِختیار کي باگ کوْ تھانبنا بہُت مُشکِل ھي * اور کوْئي دوْلتخواہ بھي مےْري یہاں ایسا نہیں ھي کہ وےْسے وقت مَیں حقّ بات عرض کرے - غُصب کي باگ تھانبنے کي کوْئي تدبیر بتائے * درویْش نے کہا - بڑے آدمیوں کوْ لازِم ھي کہ اپنے نوْکروں مَیں سے اُس نوْکر کوْ - جوْ سبھوں سے دانِش و دیانت داري اور راستي مَیں مُمتاز ھوْ - محرمِ راز اپنا کرے - اور یہہ اِجازت دے کہ غُصّے کے وقت جِس طرح سے ھوْ سکے بُرے کاموں سے آگاہ کرکے باز رکھّے - لےْکِن جب تلک کہ ایسا شخص ھاتھ لگے عِلاج اُس کا یہہ ھي کہ مَیں تین پُرزے آپ کوْ لِکھ دےْتا ھوں - چاھِئے کہ اُن تینوں پُرزوں کوْ اپنے مُقرّب نوْکروں مَیں سے ایْک کے حوالے کیجئے - اور کہہ دیجئے کہ - ھمےْشہ اِن پُرزوں کوْ اپنے پاس رکھّے - اور آپ کے احوال کوْ دےْکھتا رھے - جب جانے کہ غضب اور خفگي کا وقت آ پہُنچا - یا کِسي کام مَیں تو غُصّے ھوا ھي - اِن مَیں سے ایْک کوْ تےْرے ھاتھ مَیں دے * اُمّےْد ھي کہ جوْ تو دِل ھُشیار و بخت بےْدار رکھتا ھي اِس خط کا پڑھنا تُجھے غضب سے باز رکھّےْگا - اور اگر دےْکھے کہ پہلا خط مُفید نہ ھوا وونہیں دوسرا دےْوے - اگر نفْس بہ سبب اِسکے کہ اُس کي سِرشت مَیں سرکشي ھي دوسرے پُرزے سے بھي کماحقّہٗ ھُشیار نہ ھوْوے - تیسرا پُرزہ آپ کے ھاتھ مَیں دےْوے - خُدا کي درگاہ سے یہہ اُمّےْد رکھتا ھوں کہ اِس مرتبے خفگي کي تاریکي نورِ حِلم سے بدل ھوْوے * بادشاہ اِس بات سے خوش ھوا - اور درویْش نے وے تینوں پُرزے مُقرّب نوْکروں مَیں سے ایْک کے حوالے کئے * پہلے کا مضموں یہہ تھا کہ قُدرت کے وقت اِختِیار کي باگ بداندےْش نفس کے ھاتھ نہ دے - کہ تُجھے خُدا کي نظرِ عِنایت سے گِراکر ھلاک کرےْگا * دوسرے پُرزے کا حاصِل یہہ تھا کہ غُصّے کے وقت زےْر دستوں پر مہرباني کر - تو زبردست تُجھ پر مہربان رھے * تیسرے کاغذ کا مطلب یہہ تھا کہ عقل کا حُکم مان اور اِنصاف سے مُنہہ نہ پھےْر * بادشاہ خُدا کا شُکر بجا لاکر درویْش کے یہاں سے اپنے محل مَیں داخِل ھوا - اور وزیر ھمےْشہ کہا خلوت کہا بارِ عام مَیں جوْ وقت خفگي اور غُصّے ھونے کا ھوْتا بر وقت یے تینوں رُقعے اُسکوْ دِکھلاتا - اِس لئے اُس کوْ لوْگ ذوالرِّقاع کہتے تھے * اُس بادشاہ کي ایْک لوْنڈي ازبسکہ خوب صورت و نےْک سیرت تھي بادشاہ اُسے بہُت چاھتا تھا - اور کمال اُس کي خاطِر کرتا تھا * ملکۂ آفاق ھمےْشہ اپني نارساني و کم حوصلگي سے رشک کھاکر اُس کے دفع کرنے مَیں سعي کرتي تھي - پر کوْئي محرمِ راز نہ رکھتي تھي - یہاں‌تک کہ ایْک دِن اپني خفگي محل سرا کي مشاطہ سے ظاھِر کي - اور کم بختي کے مارے بادشاہ کے مارنے اور لوْنڈي کے دور کرنے کي تدبیر ٹھراتي تھي * بدذات مشاطہ

نے کہا - مُجھہ سے کہہ کہ بادشاہ لونڈي کي کِس چيز کو بہُت دوست رکھتا هي ؟ خاتون نے جواب ديا کہ ٹُھڈّي کو* مشّاطہ نے کہا - صلاح يہہ هي کہ تھوڑا سا زہرِ هلاهل نيل کے ساتھہ مِلاويں اور لونڈي کے يہاں جاکر اُس ميں سے تھوڑا اُس کي ٹُھڈّي اور غبغب پر لگاويں - بادشاہ جب بوسے کے اِرادے سے اُس پر لب رکّھے وُهيں سرد هوجاے - جب وہ مرجاے لونڈي کا دفعيّہ آسان هي * بِلّي بي بي اِس تدبير سے خوش هوئي اور مشّاطہ بدبختي سے ايسے بد کام کے خيال ميں، مشغول هوکر ايک نا ممکن کام کي مُنتظِر رهي * ناگاہ اِس ماجرے کو بادشاہ کے غُلاموں سے ايک غُلام پردے کے اوٹ ميں کھڑا سنتا تھا - پر هرچند اُس نے کوشِش کي کہ اِس آفتِ ناگہاني کو بادشاہ سے کہے - يا لونڈي کو آگاہ کرے - نہ هو سکا * ايکدِن بادشاہ موافِق عادت کے لونڈي کي خواب گاہ ميں آرام کرتا تھا - اور غُلام تو اپنا مارا جانا قبول کرکے اِس کام کي تدبير هي ميں تھا - بيتات هوکر اُسوقت محل سرا ميں چلا گيا * جب بادشاہ کي نظر اُس پر پڑي غضب ميں آيا - اور تلوار کھينچ کر غُلام کي طرف چلا * وہ محل سے نِکل باهر بھاگا اور بادشاہ تلوار کھينچے هوئے اُس کے پيچھے دوڑا * مُعتمدِ خاص پُرے هاتھ ميں لئے ڈيوڑهي پر کھڑا تھا - جب بادشاہ کو غُصے ميں ديکھا آگے آيا اور ايک پُرزے کو دِکھلايا - فائِدہ نہوا - پھر دوسرا ديا - وہ بھي مُفيد نہ پڑا - تيسرا نوِشتہ جب خِدمت ميں گُذرانا بادشاہ کو ذرہ صبر هوا اور غُصّے سے باز آيا * غُلام کو بُلاکر شفقت سے پوچھا کہ - اي بيوقوف! يہہ دِلّيري تو نے کہوں کي؟ غُلام نے سچ سچ ماجرے کو بَيان کيا اور کہا - جب آپ کو خبر نہ کر سکا بيتاب هوکر اپنے تئيں اِس آفت ميں ڈالا - تا کہ ايکدم جہانپناہ ميري طرف مُتوجّہ هوں - شايد کوئي بات کہہ سکوں * بادشاہ ملکہ کو بُلواکر يہہ بات تحقيق کرنے لگا - وہ صاف مُنکِر هوگئي اور بولي - اي جہانپناہ ! ميں نے بارها سُنا هي کہ اِس بے باک غُلام کا اِس لونڈي سے لگا هي - پر ميں جانتي تھي کہ جو يہہ بات کہونگي آپ نہ مانينگے - اور ميں مُفتري مشہور هونگي * اب آپ نے بے باکي اُسکي بچشم ديکھي - قتل ميں اِس کے دير نہ کيجئے - اور عُذر و حيلہ اِسکا نہ سنئے * بادشاہ نے غُلام کي طرف ديکھا - اُسنے عرض کيا - يہہ نيل جو اِسکے زنخدان پر نظر آتا هي ميں نہيں عرض کر سکتا کہ کِسي کو آزمائش کے لئے فرمائے - پر وہ ڈِبيا - کہ جِس ميں مشّاطہ نے زهر تيّار کرکے رکّھا تھا - سو اُسکے جيب ميں هي - اُسکو بُلوائے - غالِب هي کہ حقيقتِ حال کُھل جاويگي * تب بادشاہ نے حُکم کيا کہ - اُسے حاضر کريں * جب وہ آئي ڈِبيا اُسکے پاس پائي - ذرا سا اُس نيل ميں سے مشّاطہ کو ديا کہ کھا جاوے * کھانے کو تو اُسنے ناچار کھايا - پر کھاتے هي مر گئي * بعد ظاهِر هونے اِس کيفيّت کے بادشاہ نے ملکہ کو قيد کيا - اور غُلام کو آزادکر اپنے ارکانِ دولت ميں داخِل کيا * اِس قِصّے کا فائِدہ يہہ هي کہ حِلم کي بدولت بادشاہ آفت سے بچا - بڑے آدميوں کو خُصوص بادشاهوں کو کِسي کام ميں جلدي نہيں لازِم هي * تب

ملّار نے کہا - اي ايلار! تو نے سچ کہا - مُجھ سے اِس کام ميں بڑي چوک ہوئي - پر تو جوْ ايسا دولت خواہ اور دانا تھا - کيوں تُو نے اِس کام ميں خوب تامّل نہيں کيا؟ اور اگر جانتا تھا کہ ميں نے ايران دُخت کے قتل کا حُکم خفگي سے کيا هي - کوئي ايسي تدبير کيوں نہيں ٹھہرائي کہ ميں اِس کام سے باز رهتا؟ مُجھے تُجھ ايسے شخص سے اِس بات ميں بڑا هي تعجّب هي * ايلار نے - جوْ ايران دُخت کے قتل نہ کرنے ميں ايک نوع کي عُدول حُکمي کي تهي - انديشے ميں تها کہ - مبادا يہ افسوس بادشاہ کا فقط ظاهِري هوْ! جواب ديا - اي مہاراج! بندوں کوْ عُدول حُکمي نہ چاهئے - مُجھ پر اِس کام ميں آپ کِس واسطے خفگي کرتے هيں؟ راجا کوْ يقيں هوا کہ صِرف اُسنے ظاهِر حُکم پر عمل کيا هي - اور کُچھ عاقِبت انديشي نہيں کي - دُهواں اُسکے دِماغ سے اُٹّها * تب وزير کي طرف مُتوجّہ هوْ کر کہا کہ - ميں ايران دُخت کے قتل هونے سے کمال آزُردہ هوا هوں - اور تيْرا نہ سمجهنا موجب اُسکے هلاک کا هوا - اب عِلاج اِسکا کيا هي؟ وزير نے کہا - مہاراج! اگلے داناؤں نے کہا هي کہ - تين شخص هميشہ غم و اندوہ ميں رهتے هيں - ايک وہ کہ نيّت جِسکي بُري هوْ - دوسرا وہ کہ مقدور کے وقت اِحسان نہ کرے - تيسرا وہ کہ بِن سوْچے ايسا کام کرے کہ جِس سے آخِر کوْ پشيمان هووے * اب اِس کام ميں سِوائے صبر کُچھ چارہ نہيں * جوْ شخص بے تامّل کام کرے حالت اُسکي وہ هووے جوْ اُس کبوتر کي هوئي * راجا نے پوچها - وہ کيونکر هي؟

حِکايت ۴

THE STORY OF THE PIGEON THAT KILLED ITS FEMALE AND AFTERWARDS REPENTED

ايلار نے کہا - نقل هي کہ ايک کبوتر کے جوڑے نے اوائِلِ گرمي ميں جابجا سے کُچھ دانے چُن کر جاڑوں کے واسطے ايک کونے ميں جمع کئے تهے - وہ دانے تر هونے کے سبب بہُت دِکهائي ديتے تهے - جب گرمي تمام هوئي اور سب سوکھ گئے - آگے جتنے تهے - اُسسے کم هوْ گئے * کبوتر کئي روز کے لئے کہيں گيا تها - جب پِھر آيا دانے تهوڑے ديکھکر کبوتري کوْ ملامت کرنے لگا - اور بوْلا کہ - اِس کوْ جاڑوں کے واسطے رکھّا تها - تو نے کِسلئے اِس ميں سے کهايا - اور جنگل کي چراْئي چهوڑکر کِس واسطے اِس ميں سے خرچ کيا؟ کبوتري نے هرچند اِنکار کيا اور کہا کہ - ميں نے اِس ميں سے هرگِز ايک دانہ نہيں ليا هي - پر نر نے باور نہ کيا - اور اُسے يہاں تک مارا کہ اُس کا کام تمام هوْ گيا * بعد اُسکے برسات کے ايّام ميں دانوں ميں پِھر نمي ائي - اور حالت اصلي پر هوْ گئے * کبوتر سمجها کہ اُن کے تهوڑے دِکهائي دينے کا سبب يہي تها - اور اپني جلدي پر اپنے تئيں ملامت کرنے لگا - اور اپني يارِ جاني کي جُدائي سے زار زار روْنے * فائدہ اِس قِصّے کا يہ هي کہ عقلمند کوْ چاهئے کِسي کام ميں - خُصوص قتل کے باب ميں - جلدي نہ کرے - تا اُس کبوتر کے مانند جُدائي کے درد ميں گِرفتار نہ هووے * راجا نے کہا - اي ايلار! اگرچہ ميں

نے بُرا کيا - پر تو نے مُجھ سے زيادہ بُرا کيا * مَيں اُس وقت غُصّے مَيں تھا - اگر جلدي کي تو کُچھ بعيد نہيں هي - کيونکہ اُس وقت هوش باقي نہ تھے - ليکن تو ميرا مزاج جانتا تھا - اور هُشيار تھا - پھر کيوں تو نے جلدي کي ؟ اي ايلار! مَيں ايرانُدخت کي جُدائي سے بہُت بے قرار هوں * اُسنے عرض کي که - مہاراج کے غضب سے فِکرمند هوں - اور آپ جو اُسکے فِراق سے رنجور هَيں سو بجا هي - اِسلئے که دانا پانچ قِسم کي رنڈي کے واسطے غم کھاتے هَيں * پہلي وہ که نيکذات پاکيزہ خو هو - دوسري وہ جو دانا و بُردبار اور خيرخواہ هو - تيسري وہ جو نصيحت مانے اور ظاهِر و باطِن مَيں مہربان هووے - چوتھي وہ جو شادي و غمي نيکي بدي مَيں ساتھ رهے اور تن‌پروري نہ کرے - پانچويں وہ که اُس کا پڑا خصم کے لئے مُبارک هووے * ايرانُدخت مَيں يے سب صِفتيں تھيں - بغير ايسي يار کے نہ زندگاني کا مزہ هي نہ کامراني کا چين * وزير سچ سچ باتيں جو سرداروں کے مزاج پر گران هوتيں هَيں کہتا تھا - اور راجا سُنکر غُصّہ کھا رهجاتا تھا - اور اپنے دِلمَيں کہتا که - ايک جلدي سے جو مَيں نے کي هميشه کا غم کھانا هوا * اب يہ وزير مُجھے سخت کہتا هي - بہتر يہ هي که سنوں اور برهم نہ هوں * جب ايلار کے دِل پر يقين هوا که - آزُردگي مہاراج کي حد سے گُذري هي اور اپنے کئے سے پچھتاتا هي - تب عرض کيا که - مہاراج ! ايرانُدخت اب تلک جيتي هي - اور مَيں نے آپ کي مزاجداني کرکے اُسے قتل نہيں کيا هي * راجا اِس خبر کے سُنتے هي خوش هوکر سجدہ شُکر کا بجا لايا اور کہا - اي سنگ دِل ! تو کِسلئے ويسي گُفتگو کرتا تھا که اُسے مُجھے يقين هوا تھا که ايرانُدخت کو تو نے قتل کيا هي - اور کِسواسطے ميري اِتني رنجيدگي کو روا رکھتا تھا ؟ شُکر خُدا کا جيسا مُجھے تيري عقلِ دوراندَيش پر اِعتماد تھا ويسا هي ظاهِر هوا * ايلار نے کہا - مہاراج ! يے باتيں اِس لئے تھيں - تا مَيں خوب سمجھوں که آپ کو اِس کام سے ندامت هوئي هي يا نہيں - اگر آپ کو اِس کام سے پشيماني نہ هوئي هو تو مُجھے خواہ مخواہ حُکم آپکا بجا لانا هي * راجا نے اُس کي دانائي پر آفرين کي اور کہا که - تو اچّھي خِدمت بجا لايا - خُدا چاهتا هي تو اِس کے صِلے مَيں تيرے دين و دُنيا کے کام حاصِل هونگے * تب فرمايا که - اي ايلار! ايرانُدخت کے پاس جاکر عُذر خواهي کر - اور اُسے کمال اِعزاز سے ميرے حُضور لا * ايرانُدخت نے يہ خبر سُن نئے سر سے جان پائي - اور راجا کي خِدمت مَيں آکر شرط بندگي و شُکر گذاري کي بجا لا - اِحسانمندي کي زبان کھولي * راجا نے کہا - يہ ايلار کا اِحسان هي * اُسنے عرض کي جو مُجھے مہاراج کي دانائي پر اِعتماد نہ هوتا مَيں يہ گُستاخي هرگز نہ کرسکتا - اور بر خِلاف حُکم کے اُسے جيتا نہ چھوڑتا - پس مہاراج کي شُکر گُذاري کيا چاهئے - مُجھ سے کبا خِدمت هوئي ؟ راجا نے اُس کے سليقے اور عالي فِطرتي سے خوش هوکر درجہ اُس کا بڑهايا - اور تمام کار و بار اُسيکے سپُرد کيا * کاريدوں نے جو نيک و بد هونے کي تعبيريں کہيں تھيں سو ظاهِر هوئيں * تب ايلار اپني طرف سے امالہ اور بادشاہ کے اهل و

عيال کي طرف سے وکالةً بدباطِن برھمنوں سے اِنتِقام لٰينے کے درپے ھوا - اور خواب کي تعبيريں جو کہي تھيں مذکور کيں * راجا کے حُکم سے لوْگوں نے کاريدون حکيم کو (جو خُداداد دانِشِ روزافزون رکھتا تھا اور راست گُفتار و دُرُست کِردار تھا) حاضِر کيا اور سزا اُن نمکٔ حرام برھمنوں کي حکيم کي مرضي پر موْقوف رکھي - کہ اُنکي راے جہان‌آرا مٰيں جو کُچھ ٹھہرے کارپرداز حُضور کے اُنھيں سزا کو پہُنچاويں * کاريدون کي صلاح سے بعضوں کو سولي دي اور بعضوں کو ھاتھي کے پاٹو مٰيں باندھکر کِھنچوايا * راجا نے کاروبار مُلک کا وزير کے حوالے کر خود ايران‌دُخت کے ساتھ ظاھِر و باطِن کے عيش کرنے لگا *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

خُلاصه اِس باب کا يہ ھي کہ - ملّار نامے ايک راجا ھِندوستان کي حُکومت کرتا تھا - اوْر عِنايتِ اِلٰهي شامِلِ حال اُس کے تھي - زمانه اُس کے تابِع تھا * ايک شب سات مرتبے سات خواب پريْشان ديکھے - اور بدباطِن بدذات برھمنوں کو نيک کِردار جانکر خوابوں کو اُنسے بَيان کيا * وے کم‌بخت قديم بُغض کو جي مٰيں رکھکر بدلا لٰينے کے درپے ھوئے - اور خيْرخواھي کے پردے مٰيں آکر کہنے لگے کہ اِن خوابوں سے جان کا خطرہ معلوم ھوْتا ھي عِلاج اُس کا سِوائے اِس کے نہيں کہ مہاراج خون سے بيْٹوں ايران‌دُخت ايلار وزير اور کمال مُنشي کے کہ ھرايک يُکتاے عصر ھي نہروٹيں - اور گھوڑوں ھاتھيوں اُونٹوں مٰيں جو سب سے اچھے ھوں اُنکو بھي ذبح کريں - اور لُھو کو اپنے اُوپر چھڑکيں - اور اُس خاصي تلوار کو اُنھوں کے قتل کے بعد توڑ ڈاليں - تو بھروسا ھي کہ اِس آفت سے جان بچے * يہ سُنتے ھي اُسے اوْر غم ھوا - اپنے مرنے کو اُنکے مارے جانے سے سہج جانا - اور کہا - اي برھمنو ! مگر تُم نے قِصّه سُليمان عليْه السّلام اور بگلے کا نہيں سُنا ھي ؟ کہ جِس وقت آبِ حيات کوئي اُنکے واسطے لايا تھا - اور ارکانِ دوْلت سب بالاتِّفاق اُس کے پينے کے لئے صلاح دٰيتے تھے - بوتيمار نے آکر عرض کي - حضرت ! آپکو اگر اِسقدر صبر ھي کہ دوْستوں کي موْت ديْکھ سکيں - پيجئے - و اِلّا وہ چيں اِس اذيّت کے پرابر نہ ھوْسکيگا * آخِر حضرت سُليمان نے بگلے کي بات پر عمل کيا * برھمنوں نے کہا - اگر مہاراج کي جان سلامت رھيگي دوْست و مُخلِص بہُت سے ملٰينگے - بگلے کے قِصے پر خِلاف عقل کے کام نہ کيجئے * راجا خلوت مٰيں جاکر روْتا تھا اور کُچھ تدبير نہ کر سکتا * ايلار وزير نے دوراندٰيشي سے دريافت کيا کہ کہا سبب ھي کہ مہاراج دو تين روْز سے مغموم ھيں - اور ھم سے بات نہيں کرتے - اور ھميْشه اُن بدباطِن برھمنوں سے جو دوْست‌نُما دُشمن ھيں خلوت کرتے ھيں ؟ وے کوئي فساد ايسا برپا کرينگے جو چارہ پذير نہ ھوْگا * آخِر ايران‌دُخت کي خِدمت مٰيں جاکر اُسے اِس بات پر لايا کہ حقيقتِ حال مہاراج کي دريافت کرے * اُس نے بہر طوْر جب ماجرا رات کے خواب کا اور برھمنوں کے تعبير کہنے کا

STORY I.

STORY II.

سُنا خوش ھوْکر کہا - اِسسے کیا بہتر ھي کہ ھماري جانیں مہاراج کي آفت کي سپریں ھوْویں؟ اگر یقین ھوا ھي کہ برھمن راستي و خیرخواھي سے کہتے ھیں بےرنگ نہ کیجیے - اوْر اگر اِنکي راستي میں کُچھ شُبہہ ھوْ یہاں سے نزدیک کاریدون حکیم رھتا ھي - جوْ راست گُفتار و دُرُست کِردار ھي - اِس خواب کوْ اُسسے کہیے - وہ جوْ کُچھ تعبیر کہے اُس میں شُبہے کي جگہہ نہیں * غرض راجا کاریدون کے پاس گیا اوْر خواب کي تعبیر پوچھي * اُس نے جواب دیا کہ - برھمن جوْ کُچھ کہتے ھیں سب فریب ھي * اوْر کاریدون نے جوْ کُچھ کہا تھا - تھوڑے دِنوں میں ظاھِر ھوا - اوْر وے برھمن اپني سزا کوْ پہُنچے *

خُلاصے کا خُلاصہ یہہ ھي * کہ بڑے آدمیوں خُصوص بادشاھوں کوْ بُردباري و وقار سے بہتر کوْئي چیز نہیں ھي - اوْر یہہ بات بغیر صُحبت دانا دوْست کے مُیسّر نہیں ھوْتي ھي - جیسے راے مّلار اوْر ایلار وزیر کا قِصّہ اِس بات کي خبر دیْتا ھي *

پندرھواں باب

بادشاھوں کے اِحتراز کرنے میں بیوفاؤں اور بداندیشوں سے

CHAPTER XV.—As TO KINGS GUARDING THEMSELVES FROM THE FAITHLESS AND MALEVOLENT.

راے دابشلیم نے بیدپاے برھمن سے کہا ـ فائدہ بُردباري کا اور زیان ھلکاپن کا بیان کرکے میرے دِلِ دانِش پسند کو تُمنے روشن کیا * اب چاھتا ھوں بیان کیجئے کہ بادشاہ کِس گروہ کو مالي و مُلکي کاربار پر تعیین کرے ـ اور کِس فریق کو پسند کرکے اھلِ جہان کے کام پر مُقرّر فرماوے ؟ کہ بہُت سے بد آدمي نیکوں کے لِباس میں ھیں ـ پر نہ وے اندازہ بخشش کا پہچانتے ھیں ـ نہ اپنا رُتبہ جانتے * بیدپاے حکیم نے کہا ـ اي صاحبِ اِقبالِ روشن دِل ! آپ نے بہُت بڑي بات پوچھي ـ اِس کي دریافت کا طریق جِس کے ھاتھ لگا ـ سب کام اُس کے بن آئے ـ اور مُلک اُس کا روز بروز آباد اور خلق آسودہ ھوئي ـ اور یہي زیادتي دولت و زِندگي کا باعِث ھوتا ھي * جہانپناہ ! آدمي کا پہچاننا مُشکِل ھي ـ جب تلک کئي مرتبے طرح بہ طرح کے کاموں میں وہ آزمایا نجاے ـ اِعتماد کے لائق نہیں ھوتا ھي ـ اور سرفراز کرنا اُسکا مُناسِب نہیں * اچھے آدمي کي علامتیں ـ جو سب سمجھیں ـ امانت و دیانت اور راستي و عالي ھِمّتي و بُزرگ منِشي ھي * جو کوئي بے دیانت اور کمینہ و بے ھِمّت ھي ـ وہ خُدا کي درگاہ کا راندہ ھي ـ بادشاھونکي خِدمت کے لائق نہیں ـ اور اگلے لوگوں کے قِصّوں سے معلوم ھوتا ھي کہ ـ جو فِتنہ و بلا مُلک میں ظاھِر ھوئي ھي ـ سو کم ذات جھوٹے خائِن ھي کے سبب تھي ـ اور آدمي کي خوبي کي علامتوں سے ایک یہہ ھي کہ ـ ھِمّت اُس کي یہي چاھتي ھو کہ بد کِرداري راستي سے بدل ھووے ـ اوروں کے غم سے آپ مغموم ھو اور فِعل اُس کا قول پر غالِب رھے ـ اور سبھوں کا خیرخواہ ھوکر بہُتوں سے دوستي نکرے ـ کہ بہُت لوگونسے دوستي کرني اکثر بدباطِنوں کے نِشان ھیں * اي ولے بیدار بخت ! اچھے آدمیوں کي علامتیں بہُت ھیں ـ پر تمام نیک کاموں کا موجِب یہہ ھي کہ عقلمند ھووے ـ اور جو چیز عقل کے خِلاف ھو اُسے ڈرتا رھے ـ کہ نافرماني خُدا کي جو چھوٹے بڑے کي زبان پر جاري ھوتي ھي سو عقل کي مُخالفت ھي ـ اور جو بدي کہ آدمي کرتا ھي عقل کي کوتاھي سے ھي ـ اور جِس کِسي کي عقل کامِل ھي وہ نیک ذات و مردانہ و بُردبار و اھلِ وفا و راست گُفتار و دُرست کِردار ھي * مہاراج ! جو شخص کہ زبان کي چالاکي اور صورتِ ظاھِر سے آراستہ ھي اُس پر اِعتماد نہ کیجئے ـ کہ اُسے اکثروں

نے فريب کھايا هي - اور جب کِسي کے حق مےں گُمان نےکي کا آوے - اُس کي رِعايت و پرورِش مےں جلدي نه کيا چاهئے - که دُنيا بےوُقوف و کمينے کو مغرور و بےهوش کر ديتي هي - هر مرتبے جب درجه اُس کا بڑهائے احوال اُس کا دريافت کيجئے - که کِسطور سے گُذران کرتا هي - اور غريبوں عاجِزوں سے کيا سُلوک رکهتا هي ؟ فائِده اِس بات کا که يکبارگي آدمي کو نه بڑهايا چاهئے يه بهي هي که اِس صورت مےں لوگوں کي نظروں مےں حقير هي رهيگا - اور اِس لئے که عوام سے مُتعلّق اور رِعايت ظاهِر کي منظور هي - سبهوں کي نظروں مےں اُس کا صاحِبِ اِعتِبار هونا ضرور هي - اور جب آهِسته آهِسته بڑهے سبهوں کي نظر مےں رفته رفته بُزُرگ هوجاے - هرچند که آگے مُعزّز نه رها هو * حکيموں نے بادشاهوں کو طبيبِ حاذِق سے تشبيه دي هي - جِس طرح طبيبِ دانا جب تلک بيمار کے مِزاج سے بخوبي واقِف نه هو - اور اُسکي عادت کو خوب دريافت نه کرے - اور بيماري کا سبب نبض و قارورے سے اچهي طرح اُس کے نزديک مُشخّص نه هو - اُس کے مُعالجے مےں هاتهه نهيں ڈالتا هي - اور جب مُداوا شُروع کرے بتدريج دوائيں ديتا هي - که آهِسته آهِسته صِحّت هوتي هي - اُسي طرح سلاطين مُلازِموں کے سرفراز کرنے اور اُنکے بڑهانے مےں بهُت سا تامّل کرتے هيں - اور يکبارگي جلدي کو کام نهيں فرماتے هيں - که مبادا کوئي بدذات نيکوں کے لِباس مےں آکر فريب سے اپنے تئيں دولت خواهوں مےں گِنے - اور مُعزّز و مُعتمد هوکر اِنتِقام لينے کے اِرادے سے اپني غرض کو درميان مےں لاوے - اور رعيّت اور لشکر کي خرابي کے درپي هووے - اور اُس کي شامتِ اعمال کا وبال بادشاه کي جان و مال پر پڑے - اور اکثر تو يه هي که اُنهيں سے بدي پهُنچتي هي * کونسے مخفي بهيد هيں که اُن لوگوں سے ظاهِر نهيں هوئے هيں - اور کونسي اذيّتيں هيں - که ايسے لوگوں سے نهيں پهُنچيں ؟ اُن مثلوں سے جو اِس مقام کے مُناسِب هيں قِصّه ايک سُنو اور مردِ جهان‌ديده کا هي * راے نے پوچها وه کيونکر هي ؟

حِکايت ۱

THE STORY OF THE PRINCE OF ALEPPO, WHO PATRONIZED TOO HIGHLY A BASE-MINDED GOLDSMITH.

برهمن نے کها - نقل هي که حلب کا حاکِم اپنے ايک دوست کي بيٹي کے لئے زيور گڑهايا چاهتا تها - اِس مےں ايک سُنار کي تعريف سُني که بڑا اُستاد هي * تب اُسے بُلوايا اور حُکم کيا که - زيور همارے حُضور بيٹهکر بناوے * تهوڑے سے دِنوں مےں سُنار نے بسبب وجاهت و چالاکي کے - جو اُسکو خُدا نے دي تهي - حاکِم کے دِل مےں جگه کي - يهاں تلک که آهِسته آهِسته محرمِ راز هوا * بادشاه کے ارکانِ دولت مےں سے کِسي دانا نے ايک اچهے وقت فُرصت پاکر عرض کي که - جهان‌پناه نے - بغير اِسکے که اندازه اُسکي دانِش کا اور رُتبه اُسکي شرافت کا آزماويں - اُسے حد سے زياده بڑهايا هي * اگلے دولتمند بازاري آدمي اور کمينوں سے

صُحبت کم رکھتے - اور اُسکو بڑے رُتبے پر نہیں پہُنچاتے تھے * میری خاطِر میں یہہ بات آتي هي که - یہہ شخص بِالفرض بازاري نہیں هي - تو نیکذات بھي نہیں - که هميشه لوگوں کي بدي کے سِوا ذِکر نہیں کرتا هي - اور هميشه مقصد اُسکا لوگوں کا ستانا هي - اور ایسے آدمي میں آئین وفاداري کا نہیں هوتا - اور وہ شیوہ حق گُذاري کا بجا نہیں لاتا هي * میں نے اکثر دیکھا هي که جِسوقت بادشاہ نے کِسي سے اِحسان کیا هي - آثار ناخوشي کے اِسکے تیور سے ظاهِر هوئے هیں * داناؤں نے کہا هي - بدوں کئي علامتوں سے ایک یہہ هي که کِسي پر بخشِش کا رواداره نہو * بڑے آدمیوں کو صُحبت رکھنا اُسي شخص سے لائِق هي جو نیکذاتي و دانِش سے موصوف هووے * بادشاہ نے کہا - اي خیرخواہ ! میں جانتا هوں که تو دِلسوزي سے کہتا هي - پر یہہ جوان وجیہ هي - اور اِسکي وجاهتِ ظاهِري و حُسنِ صورت سے معلوم هوتا هي که اِسکا باطِن بھي گوهرِ دانِش و حُسنِ سیرت سے آراسته هي * وزیر نے کہا - خوبصورتي بیوقوفوں کے حق میں دام هي - اور عقلمند ظاهِر کي صورت پر اِعتِماد نہیں کرتے هیں * جیسے اگلے زمانے میں کوئي حکیم ایک خوبصورت کو دیکھکر اُسکي صُحبت کا مُشتاق هوا - آخِر جب اُسکے باطِن کے سمجھنے کے درپے هوا - تو بدذات پایا - اِسلئے اُسکي طرف سے مُنہہ پھیرکر کہا - گھر تو اچھا تھا جو اُسکے اندر کوئي شخص هوتا * بادشاہ نے فرمایا که - حُسن باطِن کے اِعتِدال پر دلیل هي - اور جِسکا مِزاج اچھا هو پرورِش اُسکي بجا هي - اور اخلاقِ بد جو تو اُس میں دیکھتا هي - سبب اِسکا یہہ هي که اچھي تربیت نہیں پائي هي * اب جو تربیت کیا جائیگا اخلاق اُسکے اچھے هونگے * اُسنے جواب دیا که - جہاں پناہ ! بھلے بُرے کا فرق عقلمندوں پر چھپا نہیں - نا لائِق اگو هزاره برس تربیت کیا جاے بدي کے سِوا اُسسے نیکي هرگز نہوگي * اگر میري بات باور نہو - اگلے داناؤں کي باتوں کو مُلاحظه فرمائے - که مُبادا ویسا نہو جیسا اُس بادشاهزادے کو در پیش هوا * بادشاہ نے پوچھا وہ کیونکر هي ؟

حِکایت ۲

THE STORY OF THE PRINCE OF PERSIA AND THE SHOE-MAKER.

وزیر نے کہا - فارس کے بادشاہ کے یہاں ایک بیٹا پیدا هوا - اُسکے شانے پر هتھیلي کے برابر ایک سیاہ داغ تھا * بادشاہ اُسے دیکھکر حیران هوا - اور داناؤں سے اُسکي خاصیت پوچھي * سبھوں نے جواب دیا که - حکیموں نے یہہ مُقرّر کیا هي که جِسکے اِسطرح کا داغ هو بادشاہ هوتا هي - پر اُسکو بڑے بڑے خطرے پیش آتے هیں * بادشاہ اِس بات سے کُچھ خوش اور کُچھ مغموم - پر هميشه اُسکي حِفاظت کرتا تھا * جب وہ چودہ برس کا هوا - شاهزادے کے محل کے نزدیک ایک پاجي اور بدخو موچي رهتا تھا - بادشاهزاده هميشه اُسکے گھر میں آتا جاتا - اور کھیلا کرتا - یہاں تلک که اُسسے بڑي اُلفت هوگئي - وزیر نے کہا - جہاں پناہ ! لڑکوں کو کمینوں کي

صحبت میں رکھنا خراب کرنا هي - تھوڑے سے عرصے میں اُنکي خو بو لڑکوں میں اثر کرتي هي که آدمي کو جیسي صحبت پڑتي هي ویسا هي اُسکا مزاج هو جاتا هي - چاهئے که شاهزاده موچي کي صحبت سے پرهیز کرے * بادشاه نے فرمایا که وه بچه نادان هي - اور موچي سے اُسے اُلفت هو گئي هي - اگر اُسکي صحبت سے باز رکھوں آزرده هوگا - اور مبادا اِس غم سے بیمار هو جاوے * کتنے روز صبر کیا چاهئے - جب بڑا هوگا نصیحت کرکے اُسکو موچي کي صحبت سے باز رکھینگے * وزیر چپ هو رها * بادشاه نے کفشگر کو بُلوا کر نوازشیں کیں - اور فرمایا که - تو میرا همسایه هي - اور میرے اِس جگر گوشے نے تجھ سے اُلفت پیدا کي هي - چاهئے که اِسکے احوال سے بخوبي خبردار رهے - ایسا نهو که اِسسے کوئي بُرا کام ظاهر هو * اُسنے عرض کي - میرا کیا حوصله که لائق اِس خدمت کے هوں ؟ پر جو جهان پناه توجه فرماتے هیں اُمید هي که آپ کي توجه سے - جو اکسیر کي تاثیر رکھتي هي - جهاں تلک هو سکیگا اچھي خدمت بجا لاونگا * غرض موچي نے اُسکي حفاظت و خدمت میں بهت سي کوشش کي * شاهزادے کو اُسسے اور اُلفت هوئي - اِتفاقًا بادشاه سفر کو گیا اور شهزادیکو اُسکے اِعتماد پر چھوڑا * کِسي جشن میں بادشاهزادے کو قیمتي جواهر پهناکر باغ کي سیر کو لیگئے - اُس بدذات موچي نے دیکھا که ایک تاج مُرصّع اُسکے سر پر هي اور خلعتِ پُر تکلّف جواهر نِگار گلے میں - خباثتِ جبلّي اُس بدذات کي حرکت میں آئي - اور دِل میں سوچا که - یه تاج و خلعت، اور دُر و جواهر هزار سوداگر کي پونجي هو سکتي هي - اب تو بادشاه سفر کو گیا هي صلاح یه هي که اِس لڑکے کو اُٹھا کِسي دور دراز شهر میں لیجا کر زیوز اِسکا بڑے مول کو بیچوں - اور پونجي اپني کروں * آخر اُس کم بخت کمینے نے اِس راز کو اپنے کِسي معتمد غُلام سے کها - اور کُچھ نشا بے هوشي کا بادشاه زادے کو اور اُسکے غُلاموں خدمتگاروں کو (جو حاضر تھے) اِس طرح کا پلایا که سب بے هوش هو گئے - تب شاهزادے کو ایک بڑے سے صندوق کے اندر لِٹاکر ایک جلدرو سانڈني کي پیٹھ پر باندھ دیا * آپ اور کئي غُلام تیز رفتار گھوڑوں پر سوار هوئے - اور دو کوتل گھوڑے ساتھ لے لئے - اور راه کے کھانے پینے کا سرانجام لیکر باغ سے نِکلے * دِن اور رات چلتے تھے - آخر تھوڑے دِنوں میں اُس بادشاه کے ممالکِ محروسه سے نِکل اور مُلک میں پهُنچے * یهاں بادشاه زادے کے غُلام اور خدمتگار دو پهر دِن تلک بیهوش پڑے تھے - اور کِسي کو اُن کے حال پر اِطّلاع نه تھي * آخر باغبان نے سونا اُن کا حد سے زیاده دیکھکر خبر لي - اور احوال سے اُن کے واقف هو - روغنِ بادام پُرانے سِرکے میں مِلاکر هرایک کي ناک میں ڈالا - اُس کے سُنگھاتے هي هوش میں آئے * جو شاهزادے اور موچي کا نِشان نپایا ملکهٔ آفاق سے جاکر عرض کي * وه سوار هو باغ میں آئي اور حُکم کیا که - لوگ اُن کا پیچھا کریں اور کوشش بجا لاویں * مُوافق حُکم کے لوگوں نے بهُتیري جُست و جو کي - پر کهیں نِشان نه پایا - اور ملکه دِن رات آتما کے درد سے روتي - اور زمین پر سر

پتکتي تھي - یہاں تلک کہ اُسي غم میں روتے روتے جان سے گُذر گئي * جب یہہ خبر بادشاہ کو پہُنچي شہر میں اپنے آیا - اور ماتم داري کرکے اُسنے صبر اِختیار کیا - اور دِلمیں اپنے کہا - جو کوئي عقل‌مند دولت خواھوں کي بات نہ سُنیگا یہي اُسے درپیش ھوگا * نمک حرام بیوقوف کم بخت مؤچي نے شاھزادے کو شام کے مُلک میں لیجاکر قیمتي جواھر چھین لئے - اور اُس کو ایک مُسافر سوداگر کے ھاتھ بیچ ڈالا * سوداگر نے غُلام کو مول لیکر دس برس تک تربیت کي * جب اُسنے اچھے آداب سیکھے - تب بطور تُحفے کے فارس کے بادشاہ پاس (کہ شُہرہ اُس کي بخشش کا سُنا تھا) لایا * شاھزادہ جو چھٹپنے میں جُدا ھوا تھا بادشاہ نے اُس کو نہ پہچانا * بہُت سے روپیے دیکر اُسے مول لیا - اور خاص غُلاموں کے زمُرے میں داخِل کیا * جو آثار دولت‌مندي کے اُس کے چہرے اور پیشاني سے ظاھِر تھے - بادشاہ اُسکي تربیت میں کوشش کرنے لگا * تھوڑے سے عرصے میں مُعتمد ھوا - اور حُضوري خِدمت مُیں اُسنے سرفرازي پائي * اِسمیں ایک جوھري سے جو ھمیشہ خِزانے میں رھتا تھا - اور جواھِر خانے کا مُقیم تھا - دوستي ھوئي * اُس بدگُہر جوھري نے اُس غُلام کو - کہ جِسنے کمینوں کے ساتھ پرورش پائي تھي - فریب دیا اور کہا - کہ سوتے وقت بادشاہ کے ھاتھ سے انگوٹھي نِکال کر مُجھے لا دے - تو ایک نیک ساعت تیري اُنگلي میں پہناؤں - لیکِن اِس شرط سے کہ تو مُجھے وزیر اپنا کرے * اُس انگُشتري مَیں ایک نقش ھي - جو کوئي اُسکو اچھي ساعت میں پہنے بادشاہ ھووے * غُلام نے فریب کھاکر رات کے وقت جب بادشاہ سو گیا ھاتھ اُس کي انگوٹھي کي طرف بڑھایا - اور آھستہ آھستہ اُنگلي سے نِکالتا تھا - کہ یکبارگي بادشاہ چونکَ پڑا - اور غُلام سے کہا - اي بیوقوف ! یہہ کیا کام ھي جو تو کرتا ھي ؟ غرض غُصّے ھوکر اُسکے قتل کا حُکم کیا - اُس کے بدن پر سے کپڑے اُتارتے ھي بادشاہ کي نظر اُس داغِ سیاہ پر پڑي * بیہوش ھو گیا اور جلّاد نے اُسکے قتل کرنے میں توقُف کیا * جب بادشاہ ھوش میں آیا لڑکے کو چھاتي سے لگایا اور کہا - اي نورِ چشم ! مَیں نے وزیر کي بات نہ سُني اور تُجھے کمینے مؤچي کي صُحبت میں رکھا - اِس لئے آفتوں میں پڑا اور ایسے غم و الم میں رھا * لڑکے نے بہُت سي معذِرت کي اور کہا - جوھري کي دوستي کے سبب مُجھ سے ایسا بُرا کام ھوا ھي * بادشاہ نے جوھري کو سزا دي - اور اپنے فرزندِ عزیز کو نصیحت کي کہ - پھر کمینوں کي صُحبت کے گِرد نہ پھرنا - اور ھمیشہ عالي منِش دانائوں کے ساتھ گُذران کرنا * اي بادشاہ ! اِس قِصّے کا فائِدہ یہہ ھي کہ کم ذاتوں کي صُحبت آزاد کو غُلام اور غُلام کو خراب کرتي ھي - اور سُنار بھي اُن ھي میں سے ھي - جِنکي صُحبت سے پرھیز ضرور ھي * بادشاہ نے کہا - اِس طرح کي باتیں تو مُجھ سے کیا کہتا ھي ؟ بادشاہ بغیر رھنموني بخت اور اِلھام اِلٰھي کے کوئي کام شُروع نہیں کرتے * آدمي کي شرافت میں ھُنر کو دخل ھي نہ اصلِ نیک کو - اور جب مَیں نے اُسے سرفراز کیا ھي - اُمّید ھي کہ انجام اچھا ھي ھوگا * ھم جو مقبول خُدا کے ھیں بے مرضي اُسکي

کسي کو سرفراز نہيں کرتے * دانا وزير جب سمجھا کہ ميري بات فائدہ نہيں کرتي چپ ہوا * جب کتنے روز گذرے سُنار نے پانو حد سے باہر رکھا - لوگوں کے مال چھيننے اور ستانے پر کمر باندھي * ايک روز بادشاہزادي نے اپنے گہنے کے لئے اُسے جواہر مانگا - اُسنے خبر پائي تھي کہ ايک سوداگر کي بيٹي کے پاس اِس طرح کا جواہر بيش قيمت ہي * سُنار نے اُس کے منگانے کو آدمي بھيجا * سوداگر کي بيٹي نے کہا - ميرے يہاں ايسا جواہر نہيں ہي * آخر اُسکو شاہزادي کے يہاں لے گيا - ہرچند اُس بيچاري نے کہا کہ - ميرے يہاں نہيں - پر مُفيد نہ ہوا - اُس بيوقوف سُنار نے بادشاہزادي سے حُکم شکنجے ميں کھينچنے کا ليا * سوداگرزادي ريزے جواہر کے جو رکھتي تھي حُضور ميں لائي - پر فائدہ نہ کيا - يہاں تلک کہ سُنار کے شکنجے ميں مرگئي * جب يہہ خبر بادشاہ کو پہنچي - بادشاہزادي کو نظر سے گرا ديا - اور سُنار بھاگ کر کہيں چھپ رہا * ملکۂ آفاق نے صلاح يہہ جاني کہ - بادشاہزادي کو ساتھ ليکر شہر سے باہر نِکل چند روز بادشاہي چارباغ ميں رہئے - جب تلک بادشاہ کا غُصّہ دھيما ہو * جب باغ ميں داخِل ہوئيں سُنار نے اپنے تئيں وہاں پہنچايا - جب شاہزادي کي نظر اُس پر پڑي غُصّے ہوکر کہا - اي بدبخت ! پھر آيا تو کہ اور کوئي فساد برپا کرے ؟ يہاں سے دور ہو - تيرا ميرے پاس کُچھ کام نہيں * سُنار پريشان ہوکر باہر نِکلا اور جنگل کي طرف چلا - جب رات ہو گئي اِدھر اُدھر پڑ رہنے کے واسطے جگہہ ڈھونڈھتا پھرتا تھا - پر نہايت اندھيرے کے سبب کہيں ٹھکانے سے پہنچ نہ سکا * اُس جنگل ميں شکار کے واسطے لوگوں نے کوا کھودا تھا - اور ايک شير اور سانپ اور ايک بندر اُس کوئے کے اندر پڑے تھے * وہ ظالِم سُنار بھي اُس ميں گرپڑا - وے موذي جانور اپني گرفتاري کے سبب دوسرے کو ايذا نہ ديتے تھے * کئي دِن اِسي طرح گُذرے - ايک دِن ايک مُسافِر سَيّاح کا گُذر اُس کوئے پر ہوا - اُس حال کے ديکھتے ہي حيران ہو گيا - اور دِلميں اپنے سوچا کہ - يہہ مردِ آدمي اگرچہ اپنے اعمال کي شامت سے قيد ہوا ہوگا - پر شرط مُروّت کي يہہ ہي کہ - جب تلک اِسکو اِس کوئے سے نہ نِکالوں - قدم آگے نہ دھروں * تب ايک رسّي کوئے کے اندر لٹکائي - بندر اُس کو پکڑکر باہر نِکل آيا * دوسري دفع جو ڈالي اُس مرتبے سانپ سبقت کرکے اوپر آيا * تيسري بار شير رسّي کو پنجوں سے تھام کر نِکل آيا - اور تينوں نے اپني زبانِ حال سے اُسے دُعائيں ديکر کہا - ہم سے جِسقدر ہو سکيگا کوشِش کرينگے اور حق اِس اِحسان کا بجا لاوينگے * بندر نے کہا - مُجھہ مکان کو منوّر کرينگے مُجھہ ميں فلانے پہاڑ ميں جو شہر سے نزديک ہي رہتا ہوں - جو آپ ميرے سے جِسقدر خِدمت ہو سکيگي بجا لاونگا * شير نے کہا - فلانے بيشے ميں کہ فلانے شہر کے پاس ہي رہتا ہوں - اگر ميرے کُلبۂ اِحزان کو شرف بخشئيگا جِسقدر مُجھہ سے بھلائي ہو سکيگي اُسکے بجا لانے ميں سعادت اپني سمجھونگا * سانپ نے کہا - شہر ميں فلاني جگہہ ميري بانبي ہي - جو آپکا گُذر وہاں ہووے عِوض اِسکا کرونگا - اور ممنون ہونگا * غرض ہر ايک نے معذِرت کرکے کہا کہ بالفعل ہم

اِس اِحسان کے بدلے ایک نصیحت کرتے ھیں کہ - اِس آدمي کو کوئے سے مت نِکالنا - کیونکہ آدمي زاد بیوفا ھوتے ھیں - اور نیکي کے عِوض بدي ھي کرتے ھیں - علاوہ اِسکے اِس شخص کے ساتھ ھم ایک مُدّت تلک رھے - پر نِشان راستي و دُرُستي کا اِس میں نہیں دیکھا ھي - اور ظاھِر کي وجاھت پر نہ بھولا چاھئے - کہ دُنیادار اکثر ظاھِر کو سنوارتے ھیں - اور باطِن کے دُرُست کرنے سے غافِل رھتے ھیں * مردِ سَیّاح نے اُنکي باتیں نہ مانیں - اور سُنار کو کوئے سے نِکالا * اُسنے تھوڑا ماجرا اپنا بَیان کرکے اِلتِماس کیا کہ - اگر بندے کے فقیر خانے تلک آپ قدم رنجہ فرماویں تو عین نوازِش و توجُّہ ھي - کہ حق اِس اِحسان کا بجا لاؤں * جہاندیدہ نے کہا - اب تو اِرادہ سفر کا کرکے شہر سے نِکلا ھوں - کہ دُنیا کي سَیر کروں - اور زمانے کے بھلے بُرے کو آزماؤں - پر عہد کئے جاتا ھوں کہ - اگر زِندگي باقي رھیگي پِھر تُجھ سے مُلاقات کرونگا * یہہ قَول و قرار کرکر دونوں جُدا ھوئے * شاہِ فارس سُنار کے بڑھانے اور دانا وزیر کي باتیں نمانے سے شرمِندہ تھا - اور امیروں نے شاھزادي کے واسطے بہُتیري سِفارشیں کیں - مُفید نہوئیں - یہاں تلک کہ اِسي قِصّے میں ایک برس گُذرا * وہ مردِ سَیّاح کُچھ مُلکوں کي سَیر کرکے تین سَو اشرفیاں جمع کر اپنے وطن کي طرف پِھرا * جب اپنے شہر کے پاس پہُنچا دامنِ کوہ میں - جہاں وہ بندر رھتا تھا - اُترا * جب رات ھوئي چوٹّے اُس پر آ پڑے - اور نقد و جِنس جو اُسنے جمع کِیا تھا سب کا سب لوٹ کر لیگئے - اور اُسکو گوَلا لاٹھي کرکے ایک غار کے اندر جو راہ سے پلّے پر تھا ڈال دیا * مردِ مُسافِر کبھي تو عقل کي مدد سے صبر کرتا تھا - اور کبھي بیقُوفي سے آہ و نالے کرتا * اِتّفاقاً بندر کا گُذر وھاں ھوا - جو اُسنے اپنے دوست کو بندِ بلا میں بندھا دیکھا مِہرباني سے پیش آیا - اور اُسکے ھاتھ پانو کھول اپنے مکان میں لیگیا * تر و خُشک میوے اُسکے آگے لا رکھے اور کہا - کہ آج یہیں رھیئے - مَیں چوٹّوں کا پیچھا کرکے اسباب کے چھین لانے میں کوشِش کرتا ھوں * آخِر اُنکا پیچھا کیا - وے جو ساري رات رستہ چلے تھے ماندگي سے ایک چشمے کے کِنارے اسباب کو اپنے اپنے کاندھے سے اُتار سو گئے تھے * بندر پہر دن چڑھے اُنکا سُراغ لیتا ھوا اُسوقت وھاں جا پہُنچا - اور گٹھري کو پھاڑکر پہلے اشرفیوں کے توڑے کو نِکال ایک کِنارے چِنیا دیا - پِھر جو کُچھ کپڑے لتّے مُسافِر کے پہننے اوڑھنے کے تھے اُن چوٹّوں کے اسباب سمیت وھاں سے اُٹھاکر ایک نا معلوم جگہہ میں چھپائے - اور آپ ایک درخت کے اُوپر جا بیٹھا - تا کہ اُنکو اِس احوال سے خبر نہو * چوٹّے - جب جاگے اور کِسي آدمي کا نِشان نپایا - اور اسباب ندیکھا - ڈر گئے - اور سمجھے کہ - دیو پري جِنکا قِصّہ لوگوں سے سُنتے تھے - سو اِس میدان میں رھتے ھیں * سیکڑوں خرابي سے گِرتے پڑتے اپنے تئں شہر میں پہُنچایا * بندر خوش ھوکر مُسافِر کے پاس گیا - اور جِس جگہہ اُسنے اسباب چھپاکر رکھا تھا - اُسکو وھاں لیگیا * مردِ سَیّاح نے چوٹّوں کي اور چیزیں وھیں چھوڑیں - فقط اپنا اسباب لے بندر کو دُعائیں دے کر رُخصت ھوا * اِتّفاقاً مُسافِر کا گُذر اُس جنگل میں ھوا - جہاں شیر کي جگہہ تھي -

اُسے ديکھکر ڈر گيا * ببر نے مہرباني سے کہا - کيوں ڈرتا هي ؟ تيرا حق ميري گردن پر هي - اور اِشارہ کيا
کہ - ايکدم ٹھہرجا - تو رسم مہمانداري و حق گُذاري کي بجالاؤں * شير هر طرف دوڑتا پھرتا تھا اِس ميں
اُس باغ کے دروازے پر جہاں بادشاہزادي رهتي تھي جا نِکلا - ديکھا کہ وُہ حوض کے کِنارے بيٹھي هي -
اور قيمتي زيور اُسکے گُلے ميں هي * تب اُسنے ايک هي پنجے سے اُس کو نيست و نابود کرکے گہنا
لے ليا - اور مُسافِر کے آگے لا دھرا - اور بہُت سا عُذر کرکے کہا - کہ مُجھے کمال ندامت هي کہ سِوائے
اِسکے مُجھ سے کُچھ اور خِدمت نہ هو سکي * مردِ مُسافِر وُہ گہنا لےکر شہر کي طرف مُتوجّہ هوا اور
اپنے دِلميں کہتا تھا کہ - جب کہ ناجِنسوں نے ايسي وفا داري و حق گُذاري کي هي - زرگر تو هم جِنس
هي - اگر اُسسے مُلاقات هوگي - غالِب هي کہ بہُت سا سُلوک کريگا - اور کمال مُروّت سے پيش آويگا - اور
اُسکي معرفت يے اشرفياں اچّهي بُهنيگيں[1] - اور يہہ زيور جو گنج جواهر کا هي بڑے مولوں بِکيگا *
صُبح کے وقت مُسافِر شہر ميں داخِل هوا - شُہرہ بادشاہزادي کے مارے جانيکا شہر ميں پڑ رها تھا - اور
لوگ گھبرائے هوئے بادشاہ کي بارگاہ کو چلے جاتے تھے * سُنار بهي اُس بات کي تحقيق کے واسطے
اپنے گھر سے نِکلا تھا - اچانک رستے ميں مردِ مُسافِر سے مُلاقات هوئي * سُنار نے ديکھتے هي گرم جوشي
سے اُس کا احوال پوچھا - اور اُسے اپنے گھر ليگيا * بعد تعظيم و تواضُع اور مہماني کے قِصّہ اپني بيتوائي
کا اوّل سے آخِر تلک بَيان کيا * مُسافِر نے اُسکو اچّهي طرح سمجھايا اور تسلّي ديکر کہا - اي بهائي !
غم نہ کها ! اِس زيور کو ليکر بيچ اِسميں سے - جو کُچھ تُجھے درکار هو لے - اور باقي مُجھے دے * سُنار
نے جب اُس گہنے کو ديکھا پہچانا - اور بہُت سي تعريف کرکے کہا - اِس کو بڑے مولوں بيچونگا -
اور تھوڑا اِسميں سے اپنے واسطے رکّهونگا - کہ سرمايہ ميري زندگي کا هوگا * تب زيور کو ليکر وهاں سے
نِکلا - اور دِلميں اپنے سوچا کہ - اگر اِسکو بادشاہ کي خِدمت ميں پہنچاؤں اور شاهزادي کے قاتِل کتيں
اُسکے حوالے کروں - تو يقين هي کہ جہانپناہ ميري تقصير مُعاف کرينگے اور مُجھے درجۂ عالي کو
پہنچاوينگے * يہہ بات ٹھہرا بادشاہ کي بارگاہ ميں گيا - اور خبر کي کہ - شاهزادي کے کُشندے کو گہنے
سميت ميں نے پکڑا هي - اور مردِ مُسافِر کو زيور سميت لا حاضِر کيا * اُسنے جب سُنار کي بيوفائي
ديکهي کہا - واقعي يہہ ميري سزا هي * بادشاہ نے خيال کيا کہ - يہہ تقصيروار هي - اور يہہ بات اِسلئے
کہتا هي - کہ ايسا بُرا کام کيوں کيجئے ؟ جو آفت ميں پڑئے - اور زيور بهي اُسکي بدکاري پر گواہ هوا *
تب بادشاہ نے فرمايا کہ - اُسے شہر ميں تشہير کريں - اور قيد رکهيں - سياست کے روز قِصاص کيا جائيگا *
سانپ فُرصت پاکر مُسافِر کے پاس گيا - اور داناؤں کي نصيحت نمانے پر ملامت کي * مُسافِر نے کہا -
جو هونا تھا سو اب هو چُکا - اِن باتوں کے کہنے سے سِوائے زيادتي غم کے اب کُچھ حاصِل نہيں - اگر
اِس کام کي کُچھ تدبير کرسکتا هي تو کر * سانپ نے کہا - ميں نے بادشاہ کي ماں کو ڈسا هي - اور

[1] بُهننا *bhunná*, 'to be changed (as money),' a meaning given by Shakespear, but omitted by Forbes, even in his new edition.

شہر کے تمام طبیب اُسکي دوا میں حیران ہئیں - تو اِس بوٹي کو اپنے پاس رکھ - جب عِلاج ڈھونڈھنے تیرے پاس آویں - تو بادشاہ مکي درگاہ میں جائیو - پہلے اپنا قِصّہ کہیئیو - بعد اِسکے اِس گھاس کو بادشاہ کي ماں کے کِھلانے کے لئے دیجیئو - شاید کہ بادشاہ کو تُجھ پر رحم آوے - اور تیري رِہائي ہو سکے * صُبح کو بادشاہ اپني ماں کے سِرہانے بیٹھ کر بیٹي اور ماں کے سوگ میں تھا - کہ سانپ اپني بانبي سے نِکل محل کي چھت پر چڑھا - اور روزن سے پُکارا کہ - اِس سانپ کے ڈسے ہوئے کي دوا اُس بیگُناہ مُسافِر کے پاس ہي - کہ جِس کو جہان‌پناہ نے شاہزادي کے خون کي تُہمت سے پنڈت خانے میں بھیجا ہي * جب یہہ آواز بادشاہ کے کان میں پہُنچي - لوگوں سے کہا کہ - خبر لو - چھت پر کون پُکارتا ہي ؟ سبھوں نے بہُتیري تلاش کي - بولنے والے کو نہ پایا - سمجھے کہ غیب سے آواز آئي ہي * تب مُسافِر کو زِندان سے نِکال لائے - اور سانپ کے کاٹے ہوئے کي دوا اُسسے پوچھي ؟ اُس نے عرض کیا - جہان‌پناہ ! اُسکي دوا میرے پاس ہي - پر میرا عجیب قِصّہ ہي - اُمّیدوار ہوں کہ قِبلۂ عالم پہلے میري داستان سُن لیں - پھر میں دوا دوں * تب بادشاہ نے تمام احوال سُنا - قطعِ نظر اِس بات سے کہ وہ آواز سُني تھي تقریر کي طرز سے راستي و دُرُستي بھي دریافت کي - بعد اِس گُفت گو کے وہ بوٹي نِکالکر دودھ کے ساتھ مِلا بادشاہ کي ماں کو پِلا دي - تُرت آرام ہوگیا * بادشاہ نے مُسافِر کو بھاري خِلعت عِنایت کیا - اور بیوفا ظالِم سُنار کو سولي پر چڑھایا * بیچارہ مُسافِر نیکو کِردار اپنے مطلب کو پہُنچا *

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

خُلاصہ اِس باب کا یہہ ہي کہ بادشاہ کو چاہئے ہر آدمي کو مُعتمد نہ جانے اور ہر ایک کمینے بدذات کو محرمِ راز اپنا نہ کرے - کیونکہ اُسسے بہُت سے فِتنے اور فساد پیدا ہوتے ہئیں * جیسے حلب کے بادشاہ نے سُنار کو مُقرّب اور محرمِ راز

STORY I.

اپنا کیا - اور ہرچند دانا وزیر باتیں دولت خواہي کي درمیان لایا - مُفید نہ ہوئیں - اور قِصّہ فارس

STORY II.

کے حاکِم کے بیٹے کا - جو بدذات موچي کي صُحبت کے سبب آزادي سے نِکل غُلام ہوا بَیان کیا - پر سودمند نہ ہوا - اور اُس سُنار نے بہ سبب کم اصلي کے خطائیں کیں - یہاں تک کہ کوئے کے اندر شیر سانپ اور بندر کے ساتھ رہتا تھا - اور اُس مردِ جہاں دیدہ نے اُسکو نِکالا * پر وہ اصلاً سِوائے بدذاتي کے نیک ذاتي پر نہ آیا - اور ذاتِ ناپاک اُس کي اُسي طرح ظُلم و بیوفائي پر رہي - اور جب کہ مردِ مُسافِر کو جو ویسا مُحسِن اُس کا تھا ایک بیہودہ خیال پر قتل کروانے لیگیا - غیب سے وہ لطیفہ ظاہِر ہوا - کہ سانپ کي مدد سے وہ اُس آفت سے چھوٹا - اور کم‌بخت سُنار ہزاروں رُسوائي و خواري سے سولي دیا گیا * وہ جو آدم‌زاد تھا اُسنے باوُجود عقل کے بیوفائي نہ چھوڑي - اور جانوروں نے اِس

دانِش پو کہا کہا نیکیاں تھیں کہ نہ کیں؟ وگرنہ بندر کہاں اور وہ دست گیري کہاں؟ کہ اُسنے اپني عقل اور تدبیر سے مُسافِر کا گیا ہوا اسباب چوروں سے کبوھکر لیا۔ اور مُسافِر کو دیا؟ اور ببر کِسطور مہربانوں کے مانند اُسکي پُرسِش احوال کو پہُنچا۔ اور سانپ کِسطرح نیکي کا بدلا بجا لایا؟

خُلاصے کا خُلاصہ یہہ ھي کہ حلب کا بادشاہ اُس بدذات کو اگر سرفراز نہ کرتا۔ شاہ زادي کاھیکو ناحق خون کرتي۔ اور کِسلئے شیر کے ھاتھ ماري جاتي؟ پس چاھئے کہ ھمیشہ حاکِم آدمي کے بڑھانے میں کمال اِحتیاط بجا لاویں۔ کمینوں کو اپنا مُقرّب نہ کریں۔ اور دخل بات کرنے کا نہ دیں۔ تو اِقبال اُن کا قائم رھے۔ اور زمانے کے حوادِث کے آسیب نہ دیکھیں *

سوْلهواں باب

زمانے کي گردِش کے اِلتِفات نه کرنے مےْں اِس لئے که جوْ کُچهه هوْتا هي تقديرِ اِلٰهي سے هي

CHAPTER XVI.—On heeding not the vicissitudes of fortune, because whatever happens is by the divine decree.

جب راے دابشليم دانِش‌مند نے اِس دُرِ حِکمت سے گوْشِ هوْش کوْ زيْب دي — حکيمِ عصر و اُستادِ دانا سے کها که — جوْ کُچهه آداب سلطنت کے اوْر آئين حُکومت کے تهے تُو نے بَيان کئے — اوْر بڑا حق هماري گردن پر رکها — قريب هي که ميْرا دِلِ دانِش‌پسند — جوْ خواهان اسرارِ حِکمت کا تها — آرام لے — اوْر سوال و جواب مےْں جاے سُخن نه رهے — اوْر اِس داستان کے سُنے سے که بُروں کي صُحبت اوْر کمينوں کي هم‌زباني سے بادشاهوں کے کارخانهٔ سلطنت مےْں خلل پڑتا هي مےْں اِحسان‌مند هوا * اب چاهتا هوں که اِس گِرِه کوْ رِشتهٔ جان سے کهوْلُوں — که کِسلئے بهُت سے اهلِ سخا و دانا زمانے کي صحبت مےْں پڑتے هےْں — اوْر لئيم بےْوُقوف فراغت سے گُذران کرتے هےْں ؟ نه دانائےْ اُن کي دستگيري کرتي هي — نه بےْوُقوفےْ اِن کوْ گِراتي هي * وه چيز جوْ اِس جان‌گُداز تردّد سے چُهڑاوے کيا هي ؟ اوْر يه بهي کهئے که اپنے مُنتفِعْ هوْنے اوْر غےْر کے ضرر دفع کرنے کا کيا طوْر هي ؟ تو حقيقت سوْلهويں وصيّت کي (که اخير هي) خوب سمجهوں * دانا برهمن نے جواب ديا که — آدم‌زاد کے حق مےْں بِهتر يه هي که خُدا کے کارخانے مےْں خوْض نه کرے — وه دانا قادرِ مِهربان جوْ کُچهه بِهتر جانتا هي کرتا هي — کِسيکوْ چُون و چرا کي لياقت نهيں هي — اوْر جوْ کُچهه دُنيا مےْں ظاهِر هوْتا هي خُدا هي کے حُکم سے هوْتا هي * عقل جوْ سب چيزوں سے لطيف هي — اوْر اُس کے سبب بهلائي بُرائي مےْں تميز کر سکئے — اُس وقت کِسي کام کوْ حُکم کرتي هي — جب تقديرِ اِلٰهي بهي مُوافِق هوْوے — اوْر بے مرضي خُدا کي جب عقل سے کُچهه کام نهيں هوْ سکتا هي ظاهِرکي وجاهت سے کيا هوْ سکے ؟ اوْر پےْشهٔ نےْک کيا دست‌گيري کرے ؟ کام تقدير هي سے هوْتا هي — نه تدبير سے — جےْسے شاهزادهٔ روم نے شهرِ نسطور کے دروازے پر لِکها تها که — ظاهِر کے اسباب اوْر وسيلے نُمائِش سے زيادہ نهيں هےْں اصل کام خُدا کي تقدير پر موْقوف هي — اوْر اُسکوْ کِتابه بناکر اپنے

[1] Forbes gives this word as having a nasal *n*; Shakespear writes the *n* without the nasal dot. I am inclined to the latter method.

[2] The city of Nastúr or Nestorius, the heresiarch.

دولتخانے کي دہليز کے پيش طاق پر لگا ديا تھا - وہ صفحۂ زمانہ پر يادگار تھا - اور اِس بات کے لئے ايک رنگين قصّہ هي جو داناؤں کے دِل نشين هو سکے * راے نے پوچھا وہ کيونکر هي ؟

حکايت ١

THE STORY OF THE PRINCE OF RÚM, WHO ATTAINED HIGH FORTUNE BY RELIANCE ON GOD.

برهمن نے کہا - نقل هي کہ روم کي سرحد ميں ايک بادشاہ عالي همّت بزرگ منش تھا - اُسکے دو بيٹے حسين و خوشخو تھے * جب بادشاہ نے عالمِ بقا کے کوچ کا نقارہ بجايا بڑا بھائي دولتِ بادشاهي بجبر ليکر چھوٹے بڑے سبھوں کے دِل کو هاتھ ميں لايا - اور بطور باپ کے تختِ سلطنت پر بيٹھا - اور خزانے کا مُنہ کھول ديا * چھوٹے بھائي نے اِس ڈر سے کہ - مبادا مُجھ پر کُچھ آفت لاوے - وطن چھوڑکے سفر اِختيار کيا - اور اکيلا راہِ دور دراز کو چلا * تمام دِن چلکر شام کے وقت منزل ميں پہُنچا * شب کي شب وهاں رها - صُبح کو پھر چلا * اِتّفاقاً ايک جوانِ نازنينِ خوبصورت کہ جِسنے زمانے کي گردِش سے سفر کيا تھا اُسکے همراہ هوا * شاهزادے نے - جو اُسکے چہرے سے راست بازي دريافت کي - اُسکي رفاقت سے خوش هوا * دوسري منزل ميں ايک دانا سوداگر بچہ هوشيار کہ جِسنے گھر بار تج کر سفر کيا تھا اُنکو مِلا * تيسري منزل ميں ايک زورآور دهقان بچہ جو کِسي باغبانِ دانا کے لُطف سے تھا اُنکا رفيق هوا * تمام اذيّت سفر کي راحت سے بدل هوئيں - چاروں دوست يکدِل خوشي سے منزل طي کرتے - اور ايک دوسرے کو ديکھکر فارغ بال و آسودہ حال رهتے تھے * دور دراز منزل کو طي کرکے شهرِ نسطور ميں پہُنچے - اور شهر کے ايک کِنارے اچھي جگہ اُترے * کِسي کے پاس کُچھ خرچ کو نرها تھا - اُن ياروں ميں سے ايک نے کہا - اب وہ وقت هي کہ هر کوئي اپنا اپنا هُنر دِکھاوے - اور زورِ بازو سے کُچھ بہم پہُنچاوے - تو چئين سے چند روز اِس شهر ميں رهئيں * بادشاہزادے نے کہا - سب کام خُدا کي تقدير پر موقوف هئيں - آدمي کي کوشش سے سرانجام نہيں هو سکتے - جو لوگ دانا هئيں اُسکي تلاش ميں نہيں دوڑتے هئيں * خوبصورت جوان نے کہا - حُسن دولت کے حاصِل کرنے ميں بڑا ايک وسيلہ هي - جہاں اُسکي نمود هو دولت تابع هوگي * سوداگر بچے نے بھي حال اپنا ظاهِر کرکے کہا - کہ حُسن کي پونجي مُعاملے کے بازار ميں ايک نقدِ بے بقا هي - اور تھوڑے عرصے ميں اُسسے کُچھ منفعت نہيں هوتي هي - راے صواب و تدبيرِ دُرُست اور کارداني و مُعاملہ فهمي کا فائدہ سب چيزوں سے زيادہ هي - جو بے سامان اُسکو اِختيار کرے جلد اپنے مطلب کو پہُنچے * دهقان بچے نے کہا - کہ مُعاملہ فهمي و کارداني سب وقت کام نہيں آتي هي - اکثر ميں نے دانا کو حيران اور نادان کو کامياب ديکھا هي - بہُت سے کسب اور کوششيں هئيں جو آدمي کو کامياب مقصود[1] کرتي هئيں - اور هُنر و حِرفہ عقلمند کے

[1] 'Possessed of one's object.' ور *war* signifies 'possessed of:' as جانور *ján-war*, 'possessed of life' *i.e.*, 'an animal.'

سامانِ دولت کا وسیلہ ہوتا ہي * جب پھر نوبت شاھزادے کي پہنچي یاروں نے اِلتماس کیا کہ کچھ اور اِس باب میں فرمائیے * اُسنے جواب دیا کہ - مَیں اُسي بات پر ہوں جو مَیں نے آگے کہي تھي - اور تُم جو کہتے ہو کہ صورت کے وسیلے اور دانش و کسب کے سبب سے دولت ہاتھ لگتي ہي - مَیں اُسکا مُنکر نہیں - پر غرض میري یہہ ہي کہ یے سب کام قضا و قدر کے سِلسِلے سے مُتعلّق ہیں - حُکمِ اِلٰہي کے تابع رہا چاہئے - اور اپنے کاموں کو تقدیر کے حوالے کیجئے - اور خواہشِ اِلٰہي کے مُنتظِر رہئے - جِسنے ھمکو پیدا کیا ہي ھماري روزي کے اسباب بھي کر دئے ہیں - جیسے اُس بُڈھے زمیندار نے اپنے کاروبار کو عِنایتِ اِلٰہي پر چھوڑ دیا - اور تھوڑے سے عرصے میں مطلب کو پہنچکر محنت کي قید سے چھوٹا * یاروں نے پوچھا - وہ کیونکر ہي ؟

حِکایت ۲

THE STORY OF THE ANDALÚSIAN PEASANT, WHO OBTAINED HIS WISH BY RELIANCE ON GOD.

شاھزادے نے کہا - نقل ہي کہ شہرِ اندلُس[1] میں ایک دِھقان تھا سُکھي - اور زِراعت کے اسباب اُسنے جمع کئے تھے * کِسي وقت میں اُسکي آمد خرچ سے زیادہ ہوئي - تین سو دینار جمع کئے - اُس پونجي سے خوش رہتا - اور کِسي طرح اُس میں سے خرچ نہ کرتا - اور ھمیشہ دینار کي ھِمیاني اپنے آگے منگاتا - اور گِن کر دِلمیں اپنے خوش ہوتا * ایک روز بدستور اُنکو گِن گِنا ھِمیاني میں بھرکر چاھا کہ جہاں رکھتا تھا وھاں رکھے - یکبارگي - دروازے سے کِسي دوست کے پانو کي آھٹ سُني - تب اُس نے اِس ڈر سے کہ - مبادا واقِف ہو - اُسکو پاني کے گھڑے میں ڈال دیا - اور آپ اُسکی آشنا کے ھمراہ کِسي گانو کي طرف چلا * چلتے وقت اپني جورو سے کہا کہ - کھانا پکا رکھیو * جب وہ گیا اُس کي بي بي نے چاھا کہ کھانا پکاوے - گھڑا خُشک دیکھکر اُٹھا لیا - اور ڈیوڑھي میں آکر مُنتظِر کھڑي ہوئي کہ اگر کوئي شخص آ جاوے اُسکے ھاتھ پاني منگا لے * اِتّفاقاً گانو کا کوئي قصائي گلے مول لینے کے واسطے شہر میں آیا تھا - اور اُس زمیندار کے دروازے کي راہ چلا جاتا تھا * تھوڑي سي جان پہچان اُسسے تھي - زمیندارني نے اُسسے کہا - ذرہ پاني مُجھے لا دے - تو حق آشنائي کا مُجھ سے ادا ہو * اُسنے قبول کیا * زمیندارني نے اُس گھڑے کو - کہ جِسکے اندر وے دینار تھے - نادانستہ اُسکے حوالے کیا * وہ گھڑا کاندھے پر رکھ پاني کے لئے چلا * رستے میں دینار کي حرکت گھڑے کے اندر دریافت کي - اُتار کر جو دیکھا تو ھِمیاني نظر آئي - کمال خوشي سے لے لي - اور دِل میں اپنے کہنے لگا کہ - اِسکو پونجي زمانۂ نامُراد کي کیجئے - اور اپنا پیشہ بھي نہ چھوڑئے * غرض قصائي پاني لانے کو طاق پر رکھکے اُس نقد سے - جو اپنے پاس رکھتا تھا - کِتني گائیں موٹي تازي اور جوان مول لیکر گھر

[1] 'Spain,' so called by the Arabians, from Andalusia, the province which was first conquered in the year of the Hijrah 92 (A.D. 710), by Tárik bin Ziyád, under the Khiláfat of Al Walíd, the thirteenth successor to Muhammad.

کي طرف چلا * شہر سے باہر نِکلکر سوچا کہ - جو اِس ہمیاني کو اپنے پاس رکھتا ہوں تو چوٹّوں کا خوف ہي - اور اگر شہر میں کِسي جگہہ گاڑ دیتا ہوں تو طبیعت کو تعلّق رہیگا - اور مارے وسوسے کے نیند نہ پڑیگي - اور کِسي پر اِتنا اِعتماد بھي نہیں کہ جِس کو یہہ امانت سونپوں - صلاح یہہ ہي کہ ہمیاني کو گلے کے مُنہہ میں رکھوں - اور یہہ طور کروں کہ اُسکے حلق کے نیچے اُتر جاے * آخر بیچاري گلے کو اِس محنت میں گرفتار کر گھر کو چلا * اِتّفاقاً بیٹا اُسکا راہ میں مِلا - اور کئي ایک کام جو اُسے شہر میں پیش آئے تھے اور اُن کا انجام دینا قصّاب کو ضرور تھا اُسے کہے * قصائي نے یے گائیں بیٹے کے حوالے کیں - اور آپ شہر کو پھرا * اِسمیں زمیندار اپنے دوست کے ساتھ گانو سے پھرا آتا تھا - اور ایک مُدّت سے اُسنے نذر کي تھي کہ - ایک اچھي گلے خُدا کي نیاز قُرباني کرونگا * جب ایسي اچھي گلے دیکھي مول لینے کا اِرادہ کیا - اور قصائي کے لڑکے کو - جو کُچھ توقّع نفع کي تھي - اُسے زیادہ دیکر گلے کو اپنے گھر میں لایا * اِسمیں دینار اُسے یاد آئے - اور چاہا کہ وہاں سے نِکالکر ایک اچھي جگہہ میں رکھے - ہرچند اِدھر اُدھر دیکھا گھڑے کا نِشان نپایا * اپني جورو سے پوچھا کہ - گھڑا کیا ہوا ؟ عورت نے حقیقتِ حال کہہ سُنائي * زمیندار سوچا کہ - راضي برضاے اِلٰہي ہونے کے سِوا کُچھہ چارہ نہیں * ناچار صبر کیا اور کہا - گلے کو ذبح کریں * لوگ حلال کرکے انتڑیاں اُسکي صاف کرتے تھے کہ یکبارگي اُس کي نظر دیناروں کي ہمیاني پر پڑي - مارے خوشي کے آپ میں نہ رہا * ایکدم کے بعد جب ہوش میں آیا ہمیاني کو اُٹھا دھو دھاکر دیناروں کو نِکالا - اور ہر ساعت ایک ایک اُٹھاکر چومتا - اور آنکھوں کو لگاتا تھا - اور دِل میں اپنے ٹھہرایا کہ - پھر اِس ہمیاني کو سِواے کمر کے اور کہیں نہ رکھوں - اور ایک لحظہ اپنے پاس سے جُدا نہ کروں * غرض وہ ہمیشہ ہمیاني کو اپنے ہي پاس رکھتا - اِس لئے جورو اُسکي ملامت کرتي - اور کہتي کہ - یہہ توکّل سے بعید ہي - یقین جانیو کہ روزِ ازل میں روزي جِسکي جو کُچھہ مُقرّر ہو چُکي ہي اُسے کم و بیش نہوگي * دِھقان نے کہا - اي نیکبخت ! عالمِ اسباب میں کوئي وسیلہ ضرور ہي - بظاہر حِفاظت اسباب کي کیا چاہیئے - اور باطن میں کام توکّل پر چھوڑیے * کِسي بزرگ نے کہا ہي - غافِل نہ رہ - کہ دُنیا عالمِ اسباب ہي - اسباب موجود رکھہ - اور توکّل کر * عورت چُپ ہو رہي * ایک روز ہمیاني کمر سے کھول کے ایک چشمے کے کِنارے رکھہ کر نہانے لگا * جب نہا چُکا کپڑے پہن لئے - اور اُس کو وہیں بھول کر چلا * اُسکے پیچھے ایک چرواہا بکریوں کے پاني پِلانے کو وہاں آیا * ہمیاني کو چشمے کے کِنارے دیکھکر اُٹھا لیا - اور بہت خوشي سے اپنے گھر میں آیا - اور اُسے کھول کر گِنا - تو تین سو دینار تھے * اپنے دِلمیں کہا کہ - یے تین سو اشرفیاں پوري ہیں - اِن میں سے جِتني خرچ کرونگا - اُتني کم ہو جائینگیں - اور شاید پھر پوري نہ ہوں - بہتر یہہ ہي کہ اِنکو روز بد کے لئے رکھوں * غرض اُس بیوقوف نے بھي محبّت سے اُنکو اپنے بغل میں لیکر خاکِ خاموشي مُنہہ پر مل وہ پیشہ نہ چھوڑا * جب زمیندار کو اشرفیاں یاد

آئیں مغموم ہوا ۔ آنکھوں سے آنسو بہانے لگا ۔ اور دھنے بائیں دیکھنا شُروع کیا * آخِر کو ھکّا بکّا غم کھاتا ہوا گھر مٹیں آیا ۔ اور حقیقتِ حال اپنے لڑکے بالوں سے بَیان کي * اُس کي جوٗرو نے بہُت سي لعنت ملامت کرکے کہا ۔ اي بیوُقوف ! زر کي حِفاظت مٹیں اِتني کوٗشش اور بخیلي تو نے کي ۔ اور عیال کوٗ معاش سے تنگ رکھّا ۔ اب اُس کي حسرت سے روٗتا ھي * اُسنے کہا ۔ تیري ملامت بجا ھي ۔ صد افسوس کہ زر کي حِفاظت مٹیں مٹیں نے بیفائدہ کوٗشش کي ۔ اور زن و فرزند کوٗ محروم رکھّا * تب اُسنے عہد کیا کہ ۔ پھر کبھي مال جمع نہ کروں ۔ اور جوٗ کُچھ ھاتھ لگے عیال کے کھانے پہنانے مٹیں خرچ کروں * آخِر مُتوکّل ھوٗکر اپنے کاروبار کوٗ کارسازِ حقیقي کے حوالے کیا * چرواھا ھِمیاني کوٗ بغل مٹیں لئے بکریاں چراتا تھا * ایک دِن کِسي کوٹے کے نزدیک کھڑا تھا کہ یکبارگي کئي سوار دور سے نظر آئے ۔ اُسنے اِس ڈر سے کہ ۔ مبادا اشرفیاں چھین لیں ۔ ھِمیاني کوٗ کوٹے مٹیں ڈال دیا ۔ اور ۔ اِسلئے کہ دِن آخِر ھوا تھا ۔ بکریوں کو لیکے گھر کي طرف چلا آیا * اُسکے جانے کے بعد اُسي زمیندار کا گُذر کوٹے کے کِنارے ھو اچانک ایک تُند ھَوا ایسي بہي کہ پگڑي اُسکے سر سے اُڑکر کوٹے مٹیں جاتي رھي ۔ زمیندار نے کوٹے مٹیں اُترکر پگڑي کي طرف جوٗ ھاتھ پھیلایا تو ھِمیاني اُسکے ھاتھ مٹیں آگئي ۔ نِکالکر جوٗ گِنا تو وھي تین سو اشرفیاں تھیں * اپنے گھر آکے اپني جوٗرو سے کہا کہ ۔ جِسقدر مٹیري اشرفیاں کھو گئیں تھیں اُسي قدر خُدا نے پھر غیب سے مُجھے دیں * مُوافِق اپنے عہدِ کے خرچ کرنے لگا اور اُسکے عیال پر معاش کي فراغت ھوئي * چرواھا جب رات کے وقت بکریوں کي طرف سے خاطِر جمعي کرکے کوٹے کے کِنارے گیا اُسمٹیں اُترکر بہُتیرا ھِمیاني کوٗ ڈھونڈھا ۔ نہ پایا ۔ تب رنجیدہ و پریشان ھوٗ جنگل مٹیں پڑا پھرتا تھا * ایک مُدّت کے بعد شہر مٹیں آیا ۔ اور گُذر اُس کا زمیندار کے گھر ھوا * اُسنے اُسکي مِہماني کي ۔ اور کھانا کھانے کے بعد ھر طرح کي گُفتگو درمیان آئي * چرواھا اِدھر اُدھر کي باتیں کہتا ۔ اور زمانیکي شِکایت کرتا تھا ۔ اور اُسکے بات کرنے مٹیں اُسکي آنکھوں سے آنسو بہتے تھے * زمیندار نے روٗنے کا سبب پوچھا * اُسنے ایک آہ ماري ۔ اور جواب دیا کہ ۔ کیا پوچھتے ھوٗ ؟ تین سو اشرفیاں مٹیرے پاس تھیں ۔ کہ مٹیري زندگي اُسّے بخوبي کٹتي ۔ ایک روز قزاقوں کے ڈر سے مٹیں نے فلانے کوٹے مٹیں وہ ھِمیاني ڈال دي * دوسرے دِن جوٗ مٹیں نے اُس مٹیں اُترکر ڈھونڈھا اُسکا کُچھ نِشان نہ پایا * زمیندار اُس بات کے سُنتے ھي گھبرا کر اُٹھا ۔ اور جاکر اپني جوٗرو سے کہا ۔ اِن دیناروں کوٗ مٹیں نے حلال روٗزي جانا تھي ۔ اور دِل کھوٗل کے بے دریغ خرچ کرتا تھا ۔ معلوم ھوا کہ اِس مِہمان کا حق ھي * اب بِہتر یہہ ھي کہ جوٗ کُچھ باقي ھٹیں بطورِ تُحفے کے اُسے دوں ۔ اور اِس بھید کوٗ چھپاؤں ۔ کہ اِسمٹیں اُسکي خاطِر داري ھوٗگي ۔ اور ھم بھي اِس آفت سے چھوٹینگے * اگر وہ حقیقت معلوم کریگا تو تمام دینار مانگیگا ۔ مٹیں کہونکر دے سکونگا ؟ کہ قُدرت نہیں رکھتا ھوں * عوٗرت نے اِس صلاح مٹیں اُس کي مُوافقت کي ۔ اور کہا ۔ حق حقدار کوٗ دیا چاھئے ۔ اور آپ قناعت سے رھئے ۔ حق تعالےٰ

عِوَض اِس کا پھِر دیگا * غرض زمیندار نے سو اشرفیاں (جو باقي رهگئي تهیں) بطوَر تُحفے کے چرواهے کے آگے رکھیں ۔ اوَر اُس نے ممنوں هوکر اُٹها لیں ۔ اوَر دِلمیں کہنے کہ ۔ یہہ آثار دوَلت کے هیں ۔ اِسے اُمّید پڑتي هي کہ باقي بهي هاتھ لگینگیں * اب اِنکوَ اچّهي طرح سے دیکهئے ۔ تا کہ پھِر ایسي تصدیع مَیں نہ پڑے * تب اُسنے اُس لاٹهي کوَ کہ جِسسے بکریاں چراتا تها اندر سے خالي کر اُسمیں اشرفیاں بھر دیں ۔ توَ کوَئي دریافت نہ کرے * ایکدِن کِسي بڑي ندّي کے کِنارے کهڑا تها ۔ لکڑي هاتھ سے چُهٹ کر ندّي مَیں گِري ۔ هرچند چاها کہ اُٹهاوے ۔ نہ هوَ سکا ۔ اوَر وہ بہکر دور نِکل گئي * اِتّفاقاً زمیندار اُسي ندّي کے کِنارے کہیں نہاتا تها ۔ اُسنے دیکها کہ ایک لاٹهي اُسکي طرف بهي چلي آتي هي * جب نزدیک آئي اُسے اُٹها کر اپنے گهر لیگیا * اُسکي بیبي کهانا پکاتي تهي ۔ اوَر لکڑیاں هوَ چُکي تهیں ۔ زمیندار نے اُس لکڑي کوَ پهاڑا ۔ کہ اُسسے کهانا پکے * اچانک دامن اُسکا اشرفیوں سے بهرگیا ۔ اُنکوَ جوَ گِنا توَ سو تهیں * سِجدہ شُکر کا بجا لاکر پھِر بخشِش کا هاتھ کهوَلا * تین روَز گُذر چُکے تهے کہ چرواها پھِر اُسکے گهر مَیں آیا ۔ پهلي دفع سے زیادہ گهبرایا هوا تها ۔ احوَال اُس لکڑي اوَر اشرفیوں کا بَیان کیا * زمیندار نے کہا ۔ سچ کہہ کہ ۔ پهلي بار وہ اشرفیاں ۔ جوَ تیرے پاس سے گُم هوئي تهیں ۔ کہاں سے پائیں تهیں ۔ اوَر کِسطرح جمع کیں تهیں ؟ اُسنے سچ سچ بَیان کیا کہ ۔ فُلانے چشمے کے کِنارے مَیں نے ایک هِمیاني پائي تهي کہ اُسمیں تین سو اشرفیاں تهیں ۔ اوَر یہہ سو تُمنے آپ مُجهے دیں تهیں * زمیندار نے مُسکراکر کہا ۔ دریافت کر کہ هِمیاني چشمے کے کِنارے مَیں بهول گیا تها ۔ اوَر کوئے کے اندر بهي مَیں نے پائي تهي ۔ اوَر سو اشرفیاں جوَ باقي تهیں تُجهے دیں تهیں ۔ اوَر پھِر لکڑي مَیرے هاتھ لگي ۔ اوَر وہ سو ۔ جوَ اُسکے اندر تهیں ۔ یہي هَیں جوَ مَیں خرچ کرتا هوں * چرواهے نے حَیران هوَکر کہا ۔ اي دِهقان ! تُمنے مُجهے دانِش سِکهائي ۔ مَیں سمجها کہ کوَئي کِسي کي روَزي نہیں کها سکتا هي * غرض اِس قِصّے کے کہنے سے یہہ هي کہ ۔ چاهئے کہ تُم بهي قناعت کوَ هاتھ سے نہ دو ۔ اوَر پائو توکّل کے دائِرے سے باهر نہ رکهو ۔ کہ وہ مِہربانِ روَزي رسان همکوَ بیروَزي نہ رکهیگا * القِصّہ وہ دِن اِنهیں باتوں مَیں تمام هوا * دوسرے روَز دِهقان بچے نے کہا ۔ تُم خاطِر جمع رکهوَ ۔ کہ مَیں اپنا تُخم بوَتا هوں ۔ تُم سب اُسسے پهل پاوَگے ۔ جب ماندگي رفع هوَجاے هرکوَئي نوَبت بنوَبت گُذران کي کوَئي صورت کرے ۔ کہ دُنیا عالمِ اسباب هي ۔ اَسباب کے بهم پہُنچانے مَیں سعي کرنا توکّل کے برخِلاف نہیں * سب یار اِس بات پر مُتّفِق هوئے * پهلے زمیندار بچے نے شهر کے دروازے پر آکر پوچها کہ ۔ اِس شهر مَیں اِندِنوں کِس چیز کي زیادہ خواهِش هي ؟ لوَگوں نے کہا ۔ اِس ایّام مَیں سوکهي لکڑیوں کي بہُت خواهِش هي ۔ اوَر بڑے مولوں بِکتي هَیں * جوان پهاڑ کي طرف گیا ۔ اوَر سوکهي لکڑیوں کے گٹهے باندهکر شهر مَیں لایا ۔ اوَر دس دِرم کوَ بیچ کر نفیس کهانے کي چیزیں مول لیں ۔ اوَر یاروں کے آگے لا دهریں * شهر سے نِکلتے وقت دروازے پر لِکهہ دیا کہ ایکدِن کي مِحنت کا محاصِل دس دِرم هي * القِصّہ اُس روَز دِهقان بچے کي بدوَلت

چئیں سے یاروں نے کھانا کھایا * دوسرے دِن یاروں نے جوانِ حسین سے کہا کہ - آج اپني صورت سے ایک وجہ ایسي ٹھہرا - کہ جسّے یاروں کو مراعت ہو * جوان اُٹھا اور مُتفکّر ہوکر شہر کي طرف چلا - دِلمیں اپنے کہا کہ - مُجھے کوئي کام نہیں آتا ہي - اور بے مطلب حاصِل کئے پھرنا بھي مُناسِب نہیں * اِسي حیص بیص میں شہر میں آیا - اور فِکرمند ہوکر ایک کوچے کے سِرے پر بیٹھا * اِتّفاقاً ایک خوبصورت رنڈي - جو بڑي مالدار تھي - اُدھر کو آ نِکلي - اور اُسپر فریفتہ ہوگئي - اور اپني لونڈي سے کہا کہ - کوئي تدبیر ایسي کر کہ یہہ جوان ہاتھ لگے * کنیزک نے جوان کے پاس آ کر کہا - میاں گبھرو! میري بي بي نے تُمھیں سلام نیاز کہا ہي - اور پوچھا ہي کہ - تُم اِس شہر میں مُسافِر سے نظر آتے ہو - اِسلئے کہ مُسافِر شِکستہ دِل ہوتے ہیں - میرے یہاں جگہہ اچّھي ہي - اگر تشریف لاؤ اور میرے مکان کو اپنے جمال سے زیب دو - تو میں اپني زِندگي کا پھل پاؤنگي - اور تُمھیں بھي کُچھہ زیان نہوگا * جوان اِلتِماس اُسکا قبول کر اُس عورت کا مِہمان ہوا - دِن بھر اُسکے ساتھہ اِختِلاط کرتا رہا * جب شام ہوئي اُسنے آنے کا قصد کیا * عورت نے سو دِرم تواضُع کرکے مغذِرت کي * اُسنے یاروں کے واسطے کھانے کا سرانجام لیا - اور شہر کے دروازے پر لِکّھا کہ - حُسن کے ایک دِن کا مول سو دِرم ہي * تیسرے روز سوداگر بچے سے کہا کہ - آج ہم تُمھاري دانِش و کارداني کے مِہمان ہیں * وہ قبول کرکے شہر میں گیا - اِتّفاقاً دیکھا کہ ایک کِشتي انواع و اقسام کے مال سے لدي ہوئي دریا کے کِنارے لگي ہي - اور شہر کے لوگ - اِسلئے کہ سستي بکے - اُسکے لینے میں ڈھیل کرتے ہیں * سوداگر بچے نے اُسکو مُناسِب قیمت میں مول لیا - اور اُسي روز نقد بیچ کر ہزار دِرم نفع کئے - اور یاروں کے واسطے سامان مول لیکر شہر کے دروازے پر لِکّھا کہ - عقل کے ایک روز کا محاصِل ہزار دِرم ہي * چوتھے روز یاروں نے شاہزادے سے کہا کہ - تُم ہمیشہ توکّل کا دم مارتے ہو - اور کام تسلیم و رِضاے اِلٰہي کے حوالے کرتے ہو - اب اگر تُمھیں اِس وصْف سے بہرہ ہي ہمارے لئے مُتوجّہ ہو * شاہزادہ اُنکي بات مان کر عالي ہِمّتي اور توکّلِ دُرست سے شہر کي طرف چلا * قضارا اُس مُلک کے بادشاہ کي وفات ہوئي تھي - لوگ سوگوار تھے * تماشا دیکھنے کے اِرادے سے بادشاہ کے محل کي طرف گیا - اور ایک طرف چُپکا بیٹھا * دربان نے دیکھا کہ - تمام لوگ روتے ہیں - اور ایک آدمي کونے میں چُپ بیٹھا ہي - اور اُنکے ساتھہ ماتم میں شریک نہیں * سوچا کہ - شاید یہہ کوئي جاسوس ہوگا - اِسلئے اُسے سخت سُست باتیں کہیں * بادشاہزادہ غُصّے کي آگ کو صبر کے پاني سے بُجھے چُپ ہو رہا * جب جنازہ بادشاہ کا لیگئے - اور دیوانِ عام خالي ہوا - وہ اِدھر اُدھر تکنے لگا * دربان پھر اُسکے پاس آیا اور اُسے پکڑکے قید کیا * جب رات ہوئي - اور شاہزادے کي خبر یاروں کو نہ پہُنچي - آپسمیں کہنے لگے کہ - بیچارے نے مدارِ کار اپنا توکّل پر رکّھا تھا - تجرِبے کے وقت جب اُسے کُچھ فائِدہ نہ دیکھا - ہماري رِفاقت سے کِنارہ کیا - کاش ہم اُسکو یہہ تکلیف نہ دیتے ! دوسرے دِن شُرفا اور اہالي موالي شہر کے اور ارکانِ

دولت جمع ہوکر چاہتے تھے کہ کِسي کوٗ تخت پر بيٹھاويں * اِس لئے کہ اُنکے بادشاہ کا کوئي وارث نہ تھا - اور اِس بات مےں ہر طرح کي مشورت کرتے تھے - دربان نے کہا - اِس بھيد کوٗ چھپائے - کہ مےں نے ايک جاسوس کوٗ پکڑا ہي - مبادا کوئي رفيق اُسکا ہو - اور اِس گفتگو کي خبر پاوے - تو ايک خلل پيدا ہوگا - اور ماجرا شاہزادے کا اور حقيقت اپنے ايذا دينے کي بَيان کي * ارکانِ دولت نے اُسے بُلوايا * جب نظر اِنکي اُس پر پڑي سمجھے کہ اِس مےں اطوار جاسوسي کے نہيں ہيں - اور اُسکي پےشاني سے شُکوہ بُزُرگ مِنشي کي دريافت ہوتي ہي * تعظيم کرکے احوال پُوچھا * شاہزادے نے بادشاہوں کا سا جواب ديا - حسب و نسب اپنا بَيان کيا - اور احوال اپنے ماباپ اور بھائي کا کہہ سُنايا * اِتّفاقاً اُس شہر کے بُزُرگوں مےں سے چند اشخاص اُسکے باپ کي مُلازمت کوٗ گئے تھے - اور اُس صدفِ سلطنت کے گوہر کوٗ پلے تخت مےں بيٹھے ديکھا تھا - اُنھوں نے پہچانا - اور شرافت و آئين اُسکے باپ کا بَيان کيا * سبھوں نے اُسکے اطوار پسند کرکے بِالاِتفاق کہا کہ - اِس خطّے کي بادشاہت کے لائق يہي ہي - کيونکہ اُسکي ذات مےں شرافت و پاکيزگي نسب کي ہي - يقين ہي کہ عدل و اِنصاف اور رعيّت کي حِفاظت کريگا * تب اُسي روز شاہزادے کو تخت پر بيٹھالا * اُس نے توکّل کي بدولت ايسي دولت پائي - اور جوٗ کوئي توکّل پر مُستقِل رہے - اور نيک نيتي و راست اِعتِقادي بے نياز کي درگاہ مےں رکھے - يقيناً مطلب اُسکا بر آوے * اُس مُلک مےں ايک رسم تھي کہ بادشاہوں کوٗ پہلے روز ايک سفيد ہاتھي پر سوار کرکے شہر کے گِرد پھراتے تھے * اُسکے لئے بھي يہي رسم بجا لائے - شاہزادہ خجستہ وقت شہر کے دروازے پر پہُنچا - اور باتيں جوٗ ياروں نے لِکھيں تھيں پڑھيں - فرمايا کہ - اِس کے نزديک لِکھہ ديں کہ - ہُنر و صورت اوٗر عقلِ کامِل سے اُس وقت ثمرہ مِلے - کہ جب تقديرِ ايزدي مُوافِق اُس کے حُکم کرے - اور حالت اُس آدمي کي - جوٗ پہلے روز زِندان مےں قيد رہے - اور دوسرے دِن ايوانِ سلطنت مےں تختِ زرنگار پر بيٹھے - عِبرت کے لئے بس ہي - اور دريافت کيا چاہيئے کہ - توکّل کيا ہي بڑا گنج ہي ! پھِر بادشاہي محلوں مےں آيا - اور حُکومت کرنے لگا - اور ياروں کوٗ بُلواکر اُن مےں سے جوٗ دانا تھا - اُسکوٗ وزير کيا - اور دِہقان بچے کوٗ اسباب و اِملاکِ خاص کا داروٗغہ - اور صاحبِ جمال کوٗ خِلعت و مال بہُت سا ديکر فرمايا کہ - اگرچہ جُدائي تُجھ جيسے يار کي ناگوار ہي - پر تُجھے اِس خطّے مےں رہنا صلاح نہيں - مبادا عورتيں تيرے حُسنِ دِل فريب پر عاشِق ہوں - اور فساد برپا ہوئے * تب محفِل کے بُزُرگوں کي طرف مُنہہ کرکے کہا کہ - تُم مےں بہُت لوگ دانِش و کِفايت اور شُجاعت مےں مُجھ سے زيادہ ہيں - پر بادشاہي خُدا کے فضل اور نصيب کي ياوري سے مِلتي ہي - مےرے رفيق ہُنر مےں کوشِش کرتے تھے - اور ہر ايک کوٗ ايک ايک دست آويز حاصِل تھي - پر مےں اپني دانائي و شعور پر اِعتماد نرکھتا تھا - اور کِسي کي ياري و پُشتي پر بھروسا نہ کرتا - بلکہ اپنے کام کي بِنا توکّل پر رکھّي تھي - اور راضي برضاے اِلٰہي تھا * اربابِ مجلِس سے ہوا ايک اُٹھکر

آفرین کرتا تها - اور سنجیده باتیں حسب حال کهتا - اور تمام لوگ هزار طرح سے سراهتے تهے * اِس میں ایک بڈّها صاف دِل خوش تقریر اُٹهکر کهڑا هوا - اور شرطیں دُعا و ثنا کي بجا لاکر اُسنے عرض کي که - اي بادشاهِ کامگار! اگر حُکم عالي هو - تو قضا و قدر کے باب میں (که پهلے اُسکي بات در پیش هوئي تهي) بنده ایک سرگُذشت عرض کرے * بادشاه نے فرمایا - جو کُچهه که تُجهے معلوم هي کهه *

حِکایت ۳

THE STORY OF THE OLD MAN WHO BOUGHT TWO HOOPOOES AND SET THEM FREE, AND WAS SHEWN A TREASURE BY THEM.

بُڈّهے نے کها - میں ایک بڑے آدمي کي خِدمت میں رهتا تها - جب دُنیا کي بےوفائي معلوم هوئي - اور فریب سے اُس مکّار کے واقِف هوا - اهلِ جهان سے کِناره کیا - اور جو کُچهه عقل کے نزدیک واجب هي اُس میں مشغول هوا * ایک روز میں نے بازار میں دیکها که چڑیمار دو هُدهُد بیچتا هي - اور وے دونوں زبانِ حال سے آپسمیں غمِ دِل بَیان کرتے هیں - اور خُدا کي درگاه سے اپني رِهائي مانگتے هیں * مُجهے اُنکے حال پر رحم آیا - اور میں نے چاها که اپني نجات کے لئے اُنکو مول لوں - اور چهوڑ دوں * شِکاري نے اُنکي قیمت دو دِرم کهي - اور میرے پاس بهي دو هي دِرم تهے * میں فِکرمند کهڑا هوا - دِل اُن دِرموں کے خرچ کرنے کي اِجازت نه دیتا تها - اور جي جانوروں کي طرف لگ رها تها * آخِر میں نے توکّل کیا - اور دونوں کو مول لیکر شهر سے نِکل چهوڑ دیا * اُنهوں نے دیوار کے اوپر بیٹهکر مُجهے پُکارا - اور - جیسا آئین حق شِناسي کا هي - معذِرتیں کیں - اور کها - اب تیرے ادائے حق کي طاقت همیں نهیں - پر اِس دیوار کے نیچے ایک صُندوقچه قیمتي جواهر کا گڑا هي - کهودکر نِکال لے * مُجهے اُنکے اِس کهنے سے سخت تعجّب هوا * میں نے کها - طُرفه تماشا هي که صُندوقچه زمین کے نیچے گڑا دیکهتے هو - اور دام سے جو خاک کے تلے بچها رهنا هي غافِل هوتے هو * اُنهوں نے جواب دیا که - جب قضا آتي هي عقل کي آنکهیں سي دیتي هي - اور جو کُچهه تقدیر کا بدا هي کِسي طرح سے نهیں ٹلتا هي * ایسے مقام میں نه دانا کي بصیرت رهے - نه عارِف کي بصارت کام کرے * القِصّه - اي جهان پناه! میں نے دیوار کے تلے کهودا - اور صُندوقچه جواهِر کا نِکال لیا - وه معه جواهِر میرے پاس هي - اِلتماس یه رکهتا هوں که آپ حُکم کیجئے تو اُسکو خزانے میں داخِل کروں * بادشاه نے فرمایا که - تو نے بیج بویا اور پهل اُس کا پایا - کِسي کو اُس میں شرکت نهیں پهُنچتي هي - اور یے جواهِرِ دانِش - جو تو نے نِثار هماري مجلس پر کئے - یهي همارے لئے بس هیں - کوئي گوهرِ قیمتي سُخن کو نهیں پهُنچتا هي * سبهوں نے شاهزادے کے ذِهن و ذکا پر آفرین کي اور اُسکي اِطاعت میں بدل و جان مصروف هوکر اپنے اِختیار کي باگ کو اُس کے حوالے کر اُسکے ظِلِّ رافت[1] میں اوقات کاٹنے لگے *

[1] This word is omitted by the Urdú dictionaries. It signifies 'grace,' 'favor' more of tenderness than رحمة (*rahmat*).

ABSTRACT OF THE CONTENTS OF THE CHAPTER.

خُلاصہ اِس باب کا یہہ هي که آدمي کُو چاهئے که هميشه راضي برِضاے اِلٰهي هوکر جو کُچھ که کام سنوارے کارسازِ حقيقي کي عِنايت سمجھے - که عقل اور حُسن اور هُنر بغير تقديرِ ايزدي کے کُچھ کام نهيں آتے - جيسے روم کا بادشاهزاده اپنے رفيقوں کے ساتھ - که ايک اُن مےں سے عقل پر نازان تھا - اور دوسرا حُسن پر - اور تيسرا اُپني بزرگي پر اِعتماد رکھتا تھا - توکّل کرکے ياروں کُو بهي توکّل پر لاتا تھا - اور اُنکي تسلّي کے لئے قِصّه زميندار کے هِمياني کھوْنے اور توکّل کي بدولت پِھر پانے کا شرحوار کهه سُنايا - يهاں تلک که اُن مےں سے هر ايک کُو مُوافِق نيّت کے ايک دولت مِلي - اور بادشاهزاده توکّل کي بدولت سلطنت کُو پهُنچا - اور بختِ بُلند کي مدد سے اچّهي باتيں - جو دولت کي رهُنما هو سکيں - درميان لايا - اور توکّل کے فائِدے بَيان کئے * اهلِ مجلِس سے هر ايک نے دِل پسند باتيں کهيں - يهاں تلک که ايک دانا بُڈّها نے قِصّه اپنے توکّل اور هُدهُد کے مول لينے کا اور بتانا هُدهُدوں کا جوهر کے صندوقچے کُو بادشاه کي بات کي دليل کے لئے کها - اور عرض کيا که - اُسکُو خزانے مےں داخِل کيجئے * بادشاه نے بوڑھے کي عقل افروز باتوں سے خوش هوکر وه صندوقچه اُسيکے حوالے کيا * حاضِرانِ مجلِس نے بادشاه پر آفرين کي اور يکبارگي اُسکي خِدمت مےں دِل لگايا *

STORY I.

STORY II.

STORY III.

خُلاصے کا خُلاصه يهه هي که دانا کُو چاهئے که دُنيا کے اسباب پر اِعتماد نه کرے - تو ظاهِر و باطِن مےں کامياب هو - جيسے بادشاهزاده اور وه صاف دِل بُڈّها توکّل کي بدولت مطلب کُو پهُنچے - اور آرام سے زِندگاني بسر کي * جب بيدپاے برهمن نے اِن قِصّوں سے فراغت کي - اور هوشنگ کے وصيّت نامے کے مضمون کُو تمام بَيان کيا - راے دابشليم نے شُکر رهُنمائي کا اور تعريف اُسکي دانِش مندي کي کرکے چاها که بِهتر سے بِهتر تُحفے اور هدايا برهمن کي نذر کرے - تا که اُسکے قبول کرنے سے اُسکا جي خوش هوے * برهمن نے کها - جهان پناه ! ايک مُدّت گُذري هي که دُنيا سے هاتھ اُٹها ايک گوشے اور توشے پر مےں نے قناعت کي هي - ايسي چيزيں تُم هي کُو مُبارک هوں - که خُدا نے تُمهيں اِنتِظامِ عالم کے لئے مُقرر کيا هي - اور وه بغير اسباب کے هو نهيں سکتا - اور مُجھے درويشي کے واسطے پيدا کيا هي * مُجھے آپ سے کيا نِسبت هي ؟ جهاں آپکي عقل کام کرے مُجھے کيا رُتبه که اُس درجے کُو پهُنچوں ! برهمن هرچند دِل پسند باتوں سے بَيان کرتا تھا (که اي جهان پناه ! لِباس بادشاهي و مُلک گيري کا اور سامان و سرنجام اُسکا اور هي - اور تلاش فقيري و گوشه نِشيني کي اور سر براهي اُس طريقے کي اور هي - اور اِن چيزوں کُو چھوڑ کے دوسري چيزوں کي طرف مُتوجّه هونا عقل کے نزديک بد هي - که وه آثارِ خُدا کي نارضامندي کے هيں) راے اپني اِلتماس پر مِنّت کرتا تھا - يهاں تلک که برهمن نے کها - اي بادشاه ! جو آپ بهُت بِجد هوتے هيں -

تو کچھ اِس میں سے لیتا ہوں - لیکِن اُمّید ہي کہ دستور العمل دانِش کا - جو آپ سے میں نے کہا - اگر وقت وفا کرے خزانۂ دِل سے نِکال کے کِتاب میں لِکھ رکھیئے - تو وہ رہنُمائي دولتمندي کي کرے - اور شاید کہ اِس وسیلے سے کوئي دِل خوش ہو - اور اُسکي خوشي سے میري مُشکِل آسان ہو - اور اپنے باطِني مطلب کو پہُنچوں - اور جب تیرا دِل شاد ہو میري حاجت روائي خُدا کي درگاہ سے مانگیو - کہ بادشاہوں کا رُتبہ خُدا کي درگاہ میں بڑا ہي - اور یہہ کم اِتّفاق ہوتا ہي کہ آرزو اُنکي نہ بر آوے * تب راے بیدار بخت اِس بات کو قبول کرکے اپنے وطن کو چلا - خُدا کے فضل سے اپنے دار السّلطنت میں پہُنچکر جو کُچھ جواہِر دانِس کے پائے تھے جمع کرکے ایک کِتاب بنائي اور ہمیشہ مدار کاموں کا اُسي پر رکھ بادشاہي کرتا تھا * تھوڑے سے عرصے میں اہلِ جہان ظاہِر و باطِن کي دولت کو پہُنچے - اور عالمِ ظاہِر و باطِن نے کمال اِنتِظام پایا * جب خُجستہ راے نے یہہ دِلچسپ قِصّہ اوّل سے آخِر تلک بَیان کیا فرّخ فال نے خوش ہوکر اُسکو بادشاہي نوازِشوں سے سرفراز فرمایا - اور خُدا کي درگاہ میں عہد کیا کہ - اِس دانائي کے دُستور العمل کے خِلاف (جو کارنامۂ آفرینِش ہي) کوئي کام نہ کرونگا اور کہا - اي وزیر! اگرچہ قبل اِسکے داناؤں کي باتیں میري سمع میں پہُنچي تھیں - پر تاثیر نہ کرتي تھیں - اب جو اُنھوں نے تمام اثر کیا ہي سو تیري پاک دِلي و دُرُست نیّتي کے آثار ہیں * داناؤں کے نزدیک یہہ مُقرّر ہي کہ باتیں - ہرچند ٹھیک ہوں - پر گوینده کي کُدورت سے صفائي کا نتیجہ نہیں بخشتي ہیں - اور نصیحتیں - باوصف اِسکے کہ محض حِکمت ہوں - کہنے والے کي تیرہ دِلي کے سبب تاثیر نہیں کرتیں * وزیر نے عرض کي - جہان پناہ سچ فرماتے ہیں - لیکِن ہزار شُکر کہ جو کُچھ مُجھے حاصِل کیے آپ ہي کي مُلازمت کي بدولت ہي - اور آپ ہي کے دسترخوان کا ریزہ خوار ہوں * جب بات یہاں تلک پہُنچي فرّخ فال اُن نصیحتوں کو ہمیشہ راے دابشلیم کے طور پر عمل میں لاتا - اور روز بروز مرتبہ اُسکا بڑھتا جاتا * اور یہہ قِصّہ جو دیباچۂ دانِش ہي زمانے کے صفحے پر یادگار رہا - اور نیک نامي - کہ جِسکو حُکما زِندگاني کہتے ہیں - زمانے میں باقي رہي *

تمام شُد کِتابِ خِرد افروز

---

* شُکر خُدا کا کہ یہہ کِتابِ خِرد افروز (جو آدابِ سلطنت کے واسطے دُستور العمل - تاجِ سعادت کے لئے دُرِ یکتا - بازوے دانِش کا تعویذ - لڑکوں کي بازي - بُوڑھوں کي موجِبِ سرفرازي ہي) شہر ذي الحِج کي دسویں تاریخ - سنہ ۱۲۱۷ بارہ سو سترہ ہِجري میں - یکشنبے کے دِن - موافِق سنہ ۱۸۰۳ اٹھارہ سو تین عیسوي - و مُطابق تاریخ بائیسویں ماہ چیت سنہ ۱۲۰۹ بنگلہ کے حُسنِ اِنصرام کو پہُنچي * پزرویہ طبیب نے نوشیرواں عادِل کے حُکم سے ہِندوستان میں آکر کِتابِ کرتک دمنک زبان پہلوي میں

ترجمہ کرکے وادي طلب کے پیاسوں کوٗ سیراب کیا تھا * بعد اُسکے ابو منصور دوانقي کے وقت میں۔ جب ابو الحسن عبدالله بن المُقنّع نے اِس پردہ نشین شبستانِ فکر کوٗ لباسِ عربي پہنایا۔ عرب بھي اُسکے جمالِ جہان آرا کوٗ دیکھکر حیران ہوئے * پھر سُلطان محمود غزنوي کي حسبِ فرمائش ابو المعالي نصرُ اللّٰہ مُستوفي نے اُسے زیورِ فارسي سے آراستہ کیا۔ لیکن نقاب اِستعاراتِ عرب کے اُسکے چہرے پر اِسطرح ڈالے۔ کہ دیدار کے طالب جمالِ مقصُود کے نہ دیکھنے سے گھبرائے * اِسواسطے امیر شنجم سُہیلي کے حُکم سے مؤلانا حُسیٰن واعظ نے اُن پردوں کوٗ اُٹھایا۔ لیکن اُسنے آپ نئے سر سے ایسے نقاب ڈالے۔ کہ مُشتاقوں کے ملال کا مُوجب ہوا۔ پھر اگرچہ ابو الفتح جلالُ الدّین مُحمّد اکبر بادشاہِ غازي کے حسبُ الحُکم ابو الفضل بن مُبارک نے اُن نقابوں کوٗ بالکُل اُٹھاکر اُسکے حُسنِ عالم افروز کوٗ جلوہ گر کیا۔ پر صورتِ ہندي کوٗ لباسِ ہندي ہي پہنا ہي۔ شُکر خُدا کا کہ عہدِ میں خُداوندِ عالیشان امیرِ کبیر شاہِ انگلستان کے اِس لعبت ہندي نے لباس ہندي سے آرائش پائي۔ اور۔ جسطرح سے مُسافر اپنے وطن میں پہنچے۔ اپنے وطنِ اصلي میں پہنچکر اُن طالبوں کوٗ جنکے یہہ وردِ زبان تھا

مصرعہ

اُٹھا نقاب کہ ہم مُنتظر ہیں جلوے کے *

تسلي بخشي * سچ کہ یہہ نُسخہ اندھوں کي آنکھ۔ بیناؤں کي آنکھوں کي پُتلي ہي * آگے یہہ فارسیوں کي آنکھوں کا کُحل الجواہر تھا۔ اب ہندیوں کي نظروں میں بھي سُہیلِ یمن سا تابان ہوا * اُمّید ہي کہ بعد میرے یہہ یادگاري زمانے کے صفحے پر باقي رہے

بیت

لِکھا میں اِسے صرف کر روزگار رہیگي مِرے بعد یہہ یادگار

00043936

Digitized with financial assistance from

Hemendra Kothari

on 06 November, 2019